اردو فارسی
امتناع النظیر
مصنف
علامہ فضل حق خیرآبادی
مترجم
مفتی ناظر علی مصباحی
امام احمد رضا اکیڈمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِمتِناعُ النَّظِیر

لحضرۃ خاتم النبیین علیہ الصلاۃ والتسلیم

از:

علامہ فضل حق خیرآبادی علیہ الرحمہ

۱۲۱۲ھ/۱۷۹۷ء.........۱۲۷۸ھ/۱۸۶۱ء

بجواب اقوال:

مولوی حیدر علی رامپوری مولداً، ٹونکی مسکناً

شاگرد شاہ اسماعیل دہلوی م ۱۲۴۶ھ

بتحشیہ راس المحدثین و رئیس المتکلمین مولانا سید شاہ سلیمان اشرف بہاری قادری چشتی

صدر شعبۂ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ (م: ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۳ء)

اردو ترجمہ از:

مولانا محمد ناظم علی رضوی مصباحی، استاذ الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور، ضلع اعظم گڑھ (یوپی)

ناشر:

امام احمد رضا اکیڈمی صالح نگر، رام پور روڈ، بریلی شریف (یوپی)

سلسلہ اشاعت نمبر (......)

کتاب	:	امتناع النظیر (فارسی/اردو)
تصنیف	:	علامہ فضلِ حق خیر آبادی علیہ الرحمۃ
تحشیہ فارسی	:	مولانا سید سلیمان اشرف بہاری علیہ الرحمۃ
اردو ترجمہ	:	مولانا محمد ناظم علی رضوی مصباحی
		استاذ الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور
نظرِ ثانی	:	مولانا محمد احمد مصباحی ناظمِ تعلیمات جامعہ اشرفیہ، مبارک پور
اشاعت اول، فارسی	:	باہتمامِ مولانا سید سلیمان اشرف بہاری علیہ الرحمۃ
		۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء، جادو پریس، جون پور
اشاعت دوم، فارسی، اردو	:	صفر ۱۴۳۸ھ/نومبر ۲۰۱۶ء
کمپیوٹر سیٹنگ	:	پیامی کمپیوٹر گرافکس، مبارک پور
تصحیح	:	مولانا شہروز عالم مصباحی، مولانا اظہار النبی مصباحی، مولانا سعید رضا مصباحی
صفحات	:	۶۶۰
قیمت	:	....
ناشر	:	امام احمد رضا اکیڈمی
		صالح نگر، رام پور روڈ، بریلی شریف

تقدیم

از: مولانا محمد ناظم علی رضوی مصباحی، استاذ جامعہ اشرفیہ، مبارک پور

نبی اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نظیر محال بالذات و ممتنع عقلی ہے یا ممکن بالذات اور محال بالغیر ہے، اس سلسلے میں اہلِ حق کا عقیدہ یہ ہے کہ آپ کی نظیر محال بالذات اور ممتنع عقلی ہے، ممکن بالذات اور محال بالغیر نہیں علامۃ العلما، قطب الاولیا امام تورپشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی کتاب "المعتمد فی المعتقد" (جو ساتویں صدی کی تالیف ہے) میں اس شخص کی تکفیر فرمائی ہے جو حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مثل ممکن مانتا ہے۔ جیسا کہ آپ فرماتے ہیں:

"و آں کس کہ گوید بعد از وے نبی دیگر بود، یا ہست، یا خواہد بود و آں کس نیز کہ گوید امکان دارد کہ باشد کافر است، ایں ست شرط درستی ایمان بر خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم"

یعنی جو شخص یہ کہتا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد دوسرا نبی ہوا، یا ہے، یا ہوگا اور نیز جو شخص آپ کے بعد دوسرا نبی ہونا ممکن مانتا ہے کافر ہے۔ خاتم الانبیا محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درستی ایمان کی یہ شرط ہے۔

اور ملا علی قاری علیہ رحمۃ الباری نے امام قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول:

"و بیان خصائصه التی لم تجتمع قبل فی مخلوق."

(حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ان خصوصیتوں کا بیان جو آپ سے پہلے کسی میں مجتمع نہ ہوئیں۔) کے تحت فرمایا:

"و من المعلوم استحالة وجود مثله بعده."

"اور یہ امر معلوم ہے کہ حضور کے بعد حضور کا مثل موجود ہونا محال ہے۔"[1]

صاحب قصیدہ بردہ علامہ بوصیری رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

---

(۱) المعتقد المنتقد، ص:۱۲۶، الباب الثانی فی النبوات، تکمیل فی تفصیل مایجب فی الإیمان بنبینا صلی اللہ علیہ وسلم رضا اکیڈمی ممبئی

"منزه عن شريك فی محاسنـه فجوهر الحسن فيه غير منقسم."

علامہ نابلسی نے شرح الفوائد میں فرمایا:

"وفساد مذهبهم غنی عن البيان بشهادة العيان، كيف وهو يودی إلى تجويز نبی مع نبينا عليه السلام أو بعده و ذالك يستلزم تكذيب القرآن إذ قد نص على أنه خاتم النبيين و آخر المرسلين و فی السنة: "أنا العاقب لا نبی بعدی" و أجمعت الأمة على إبقاء هذا الكلام على ظاهره و هذه احدى المسائل المشهورة التی كفرنا بها الفلاسفة لعنهم الله تعالىٰ." (۱)

"یعنی علامہ نابلسی نے شرح فوائد میں فرمایا: اور فلسفیوں کے مذہب کا فساد آنکھوں دیکھی گواہی سے ظاہر ہے محتاج بیان نہیں، ان کی بات کیوں کر درست ہوگی حالاں کہ ان کا قول ہمارے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے ساتھ یا ان کے بعد اور نبی کے ممکن ہونے کی طرف پہنچاتا ہے اور اس سے قرآن کا جھوٹا ہونا لازم آتا ہے، اس لیے کہ قرآن نے صاف فرمایا کہ: وہ آخری نبی ہیں۔ اور حدیث میں ہے کہ میں عاقب (سب سے پچھلا) ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں اور امت کا اس پر اجماع ہے کہ یہ کلام اپنے ظاہری معنیٰ پر باقی ہے اور یہ ان مسائل مشہورہ میں سے ایک مسئلہ ہے جن کے سبب ہم نے فلاسفہ کو کافر جانا اللہ تعالیٰ ان پر لعنت کرے۔"

اس سے صاف واضح ہے کہ فلاسفہ اس وجہ سے بھی کافر ہوئے کہ ان کا قول ہمارے نبی ﷺ کے ساتھ یا آپ کے بعد کسی نبی کے ممکن ہونے کا معنیٰ دیتا ہے اور اس سے قرآن کا جھوٹا ہونا لازم آتا ہے اور امکان مثل کے قائلین یہ کہتے ہیں کہ تمام صفاتِ کمالیہ میں آپ کے برابر شخص اگر آپ کے زمانہ میں موجود ہو تو آپ کی خاتمیت میں کوئی فرق نہ آئے گا اور نہ کذبِ الٰہی لازم آئے گا۔

نیز شرح منہاج میں ہے:

"ان القول بجواز النبی ﷺ بعده كفر." (شرح مسلم للنووی)

یعنی نبی پاک ﷺ کے بعد کسی نبی کا ممکن ماننا کفر ہے۔

اور تحفہ شرح منہاج کتاب الردۃ میں ہے:

"أو كذب رسولا، أو نبيا، أو نقصه بأي منقص، كأن صَغَّر اسمه مريدا تحقيره أو جوز نبوة أحد بعد وجود نبينا ﷺ و عيسىٰ عليه السلام نبیٌّ قبل فلا يرد." (۲)

"یا کسی رسول یا کسی نبی کو جھوٹا جانے یا کسی بھی تنقیص کے لفظ سے ان کی تنقیص کرے جیسے ان کے نام کی تصغیر ان کی

---

(۱) المعتقد المنتقد الباب الثانی: النبوات، ص: ۱۰۷، ۱۰۸، رضا اکیڈمی

(۲) المعتقد المنتقد الباب الثانی: النبوات، ص: ۱۲۰، رضا اکیڈمی

تحقیر کے ارادہ سے کرے یا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی نئے نبی کا آنا ممکن بتائے (تو کافر ہے) اور حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے نبی ہوئے تو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے بعد ان کے نزول کی وجہ سے اعتراض وارد نہیں ہوتا۔"

اور علامہ خفاجی نے قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول:

"ومن ادعی النبوۃ لنفسه بعد نبینا علیہ الصلاۃ والسلام کالمختار وغیرہ."

(جو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وجود کے بعد اپنے نبی ہونے کا دعویٰ کرے جیسے کہ مختار وغیرہ۔)

کے تحت فرمایا:

"قال ابن حجر: و به یظهر کفر کل من طلب منه معجزة لأنه یطلب منه مجوزا لصدقه مع استحالته المعلومة من الدین ضرورة نعم إن أراد بذالك تسفیهه و تکذیبه فلا کفر به."[۱]

"ابن حجر نے فرمایا: اور اسی سے ہر اس شخص کا کفر ظاہر ہے جو اس مدعی نبوت سے معجزہ طلب کرے اس لیے کہ وہ اس کی سچائی کو ممکن مانتے ہوئے اس سے معجزہ طلب کرتا ہے باوجودیکہ اس کا محال ہونا دین میں بالضرورت معلوم ہے ہاں اگر اس طلب سے اس کو بے وقوف بتانا اور جھٹلانا مقصود ہو تو کفر نہیں۔"

اس سے صاف ظاہر ہے کہ اہلِ حق کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مثل یعنی تمام صفات کمالیہ میں آپ کا شریک و ہمسر محال ہے اس لیے کہ اللہ عزوجل نے آپ کو خاتم النبیین (سب سے آخری نبی) فرمایا: عقلاً کسی بھی سلسلے کا آخر کوئی ایک ہی ہو سکتا ہے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مثل ممکن ماننے کا مطلب یہ ہے کہ سلسلۂ انبیا کا آخر کوئی دوسرا بھی ہو سکتا ہے، یہ محال عقلی ہے، نیز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اور آپ کے بعد نبی کے موجود ہونے سے نص قرآنی کا کذب لازم آتا ہے اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سب سے آخری نبی ہونا نص قرآنی سے ثابت ہے۔

اہلِ حق کے اس روشن عقیدہ کے خلاف وہابی جماعت کے پیشوا مولوی اسماعیل دہلوی نے یہ کہا:

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن و فرشتہ جبرئیل اور محمد کے برابر پیدا کر ڈالے۔"[۲]

اور رسالہ یک روزی میں اس کی دلیل دیتے ہوئے یہ کہا:

یہ دعویٰ دلیل نقلی سے مزین اور برہان عقلی سے مبرہن ہے لیکن دلیل نقلی کا بیان۔

اولاً یہ ہے کہ حق عزوجل وعلا سورۂ یٰسین میں فرماتا ہے کہ:

---

(۱) المعتقد المنتقد الباب الثانی: النبوات، ص:۱۲۱، رضا اکیڈمی

(۲) تقویت الایمان، ص:۲۸ الفصل الثالث فی رد الاشراك فی التصرف

"اَوَ لَیۡسَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنۡ یَّخۡلُقَ مِثۡلَہُمۡ ؕ۬ بَلٰی ٭ وَ ہُوَ الۡخَلّٰقُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَاۤ اَمۡرُہٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ﴿۸۲﴾"(۱)

اور کیا جس نے آسمان اور زمین بنائے ان جیسے اور نہیں بنا سکتا کیوں نہیں اور وہی ہے بڑا پیدا کرنے والا سب کچھ جانتا اس کا کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے تو اس سے فرمائے ہوجا تو وہ فوراً ہو جاتی ہے۔

تو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے کے معرض بیان میں جمع کی ضمیر "ھُمۡ" کا مرجع تمام انسان ہیں تو آخرت میں مرنے کے بعد جو بھی زندہ ہوگا وہ مذکورہ آیت کریمہ میں داخل ہے۔ اور ظاہر ہے کہ مرنے کے بعد ہر انسان کو آخرت میں زندہ ہونا ہے تو مذکورہ آیتِ کریمہ کے مطابق اس کا مثل اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے۔ تو گویا دلیل مذکور کی ترکیب اس طرح ہوگی کہ:

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخرت میں دوبارہ زندہ ہوں گے اور یہ ضروریات دین سے ہے۔ اور جو آخرت میں زندہ ہوگا مذکورہ آیتِ کریمہ کے مطابق اس کا مثل موجود ہونا اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے۔ تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مثل موجود ہونا اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے اور یہی مطلوب ہے۔

ثانیاً یہ کہ: مثل مذکور کا موجود ہونا ممکن بالذات شئ ہے۔ اور ہر ممکن بالذات شئ اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱۲۰﴾"(۲)

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

"وَ کَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ مُّقۡتَدِرًا ﴿۴۵﴾"(۳)

اور اللہ ہر چیز پر قدرت والا ہے۔

خود معترض نے اس دلیل کو بیان کیا ہے اور اس پر جو اعتراض وارد کیا ہے وہ مدفوع ہے جیسا کہ عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ آئے گا۔

ثالثاً: حق جل وعلا نے اپنے کلام پاک میں متعدد مقامات پر مخلوقات کے وجود سے یہ استدلال فرمایا کہ: وہ ان مخلوقات کا مثل بنانے پر قادر ہے جیسا کہ بہت سی آیتوں میں زمین کے زندہ وشاداب فرمانے اور بارش نازل کرنے سے یہ استدلال فرمایا کہ: وہ آخرت میں مردوں کو دوبارہ زندہ کرنے پر قادر ہے جیسا کہ فرمایا:

---

(۱) پ:۲۳، یسین، آیت:۸۲، ع:۸

(۲) المائدۃ، آیت:۱۲۰

(۳) پ:۱۵، الکھف، آیت:۴۵، ع:۱۸

"وَالَّذِیْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّیْتًا كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝۱۱"(۱)

اور وہ جس نے آسمان سے پانی اتارا، ایک اندازے سے تو ہم نے اس سے ایک مردہ شہر زندہ فرمایا یوں ہی تم نکالے جاؤ گے۔

اور حضرت آدم علیہ السلام کو بے باپ کے پیدا فرمانے سے اس پر دلیل قائم کی کہ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بے باپ کے پیدا فرمانا ممکن ہے جیسا کہ فرمایا:

"اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۝۵۹"(۲)

بے شک عیسیٰ کی کہاوت اللہ کے نزدیک آدم کی طرح ہے انھیں مٹی سے بنایا پھر فرمایا ہو جا وہ فوراً ہو جاتا۔

حاصل یہ ہے کہ قرآن مجید میں مذکورہ اسلوب استدلال شائع و متعارف ہے تو اس صورت میں اللہ کی قدرت کے پیش نظر خود نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وجود اس بات کی دلیل ہے کہ: ان کا مثل بنانا ممکن ہے۔ گویا اس صورت میں دلیل اس طرح سے مرکب ہوگی:

"جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وجود اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے تو ان کا مثل بنانا بھی اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے، اس لیے کہ قرآن کے فرمان کے مطابق اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہونے اور نہ ہونے میں دو مماثل چیزوں کا حکم ایک ہے اور یہی مطلوب ہے۔"

لیکن برہانِ عقلی کا بیان یہ ہے کہ:

"مثل مذکور کا موجود ہونا ممتنع بالغیر ہے، اور ہر ممتنع بالغیر ممکن بالذات ہے، اور ہر ممکن بالذات اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے۔ تو مثل مذکور کا موجود فرمانا اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے اور یہی مطلوب ہے۔

پہلے مقدمہ کی توضیح یہ ہے کہ: مثل مذکور نفس الامر میں معدوم ہے اور ہر معدوم یا تو ممتنع بالذات ہے یا ممتنع بالغیر؟ تو مثل مذکور یا تو ممتنع بالذات ہے یا ممتنع بالغیر؟ لیکن ممتنع بالذات نہیں تو ممتنع بالغیر ہے۔

اس قیاس اول کا صغریٰ و کبریٰ محتاج بیان نہیں لیکن دوسرے قیاس کے قضیہ استثنائیہ کی توضیح یہ ہے کہ: مثل مذکور سے ایسا فرد مراد ہے: جو ماہیت اور اوصاف کمال میں آں جناب کے شریک و برابر ہو۔ تو یا تو وہ بالذات ممتنع ہے یا اس لیے ممتنع ہے کہ ماہیت میں شریک ہونا محال ہے، یا اس لیے کہ نفس ذات کے اعتبار سے مذکورہ اوصاف سے متّصف ہونا محال ہے؟ اور ظاہر ہے کہ آں جناب کی ماہیت انسانیت ہے اور ماہیت انسان میں کروڑوں افراد کا شریک ہونا محال نہیں ہے۔ اور نفس حقیقت و ماہیت کے اعتبار سے مذکورہ اوصاف سے متّصف ہونا بھی محال نہیں ہے ورنہ مذکورہ اوصاف سے آں جناب کا بھی متّصف ہونا

---

(۱) پ:۲۵، الزخرف، آیت:۱۱، ع:۷

(۲) پ:۳، آلِ عمران، آیت:۵۹، ع:۱۴

محال ہوگا کیوں کہ نفس ماہیت کے اعتبار سے جو چیزیں ثابت و مسلوب ہوتی ہیں ان میں دو مماثل چیزوں کا حکم ایک ہوتا ہے ورنہ ان دو مماثل چیزوں کے درمیان ماہیت کا مشترک نہ ہونا لازم آئے گا تو مماثلت و مساوات کا نہ ہونا لازم آئے گا یہ مفروض کے خلاف ہے۔ تو مثل مذکور کا وجود ممتنع بالذات نہ ہوگا بلکہ خارجی موانع کے اعتبار سے محال و ممتنع ہوگا۔ مثلاً: وہ خارجی موانع یہ ہیں کہ: اللہ تعالیٰ نے یہ خبر دی کہ: یہ چیز واقع نہ ہوگی، یا اس لیے کہ اس نے ازل میں اس کے نہ ہونے کا ارادہ فرمالیا ہے اور اس طرح کے دوسرے موانع اور ممتنع بالغیر ہونے کا یہی معنیٰ ہے تو مثل مذکور کا وجود ممتنع بالغیر ہوگا۔" (شیخ نجدی کی بات ختم ہوئی۔)

اس اختراعی عقیدہ کے خلاف جب اہلِ حق نے یہ کہا کہ: اگر حضور اقدس سید عالم ﷺ کا مثل یعنی تمام صفات کمالیہ میں آپ کا شریک من حیث ہو شریک ممکن ہو تو خبر الٰہی کا کذب لازم آئے گا اس لیے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

"مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ" (۱)

محمد ﷺ تم میں سے کسی مرد کے باپ نہیں لیکن وہ اللہ کے رسول اور انبیا کے آخری ہیں۔

تو اس کے جواب میں رسالہ یک روزی میں یہ لکھا کہ:

"بعد اختیار ممکن است کہ ایشاں را فراموش گردانیدہ شود پس قول بامکان وجودِ مثل اصلاً منجر بتکذیبِ نصے از نصوص نگردد و سلب قرآن مجید بوصف انزال ممکن است داخل تحت قدرتِ الٰہیہ کما قال اللہ تعالیٰ:

"لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ۝۸۶" (۲)

"اختیار کے بعد یہ ممکن ہے کہ اس آیتِ کریمہ کی بھول ہو جائے تو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی مثل کے وجود کے امکان والی بات نصوص میں سے کسی نص کی تکذیب بالکل نہ ہوگی جب کہ نازل شدہ قرآن کا سلب کرنا ممکن ہے جو اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"اگر ہم چاہیں تو آپ کی طرف کی ہوئی وحی کو اٹھالیں پھر آپ ہمارے پاس کوئی وکالت کرنے والا نہ پاتے۔"

اس سے صاف ظاہر ہے کہ پیشوائے وہابیہ مولوی اسماعیل دہلوی کے نزدیک حضور اقدس ﷺ کا مثل یعنی تمام صفات کمالیہ میں حضور ﷺ کا شریک و ہمسر ممکن ہے مولوی اسماعیل دہلوی کے اس باطل عقیدہ کا رد جن علمائے اہلِ سنت نے فرمایا ان میں سب سے پہلی شخصیت حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی علیہ الرحمۃ کی ہے آپ نے ایک مختصر تحریر "تقریر اعتراضات بر تقویت الایمان" لکھی اس میں آپ نے یہ ثابت کیا کہ حضور ﷺ کی نظیر ممتنع بالذات ہے اگر اس کو ممکن مانا جائے تو اس

---

(۱) پ:۲۲، الاحزاب، آیت: ۴۰

(۲) رسالہ یک روزی (فارسی) ص:۱۷، فاروقی کتب خانہ ملتان

سے اللہ تعالیٰ کا کذب لازم آئے گا اور کذب باری محال ہے۔[۱] مزید شاہ اسماعیل کی یہ عبارت تنقیصِ شانِ رسالت پر مشتمل ہے اس رسالے کے جواب میں شاہ اسماعیل دہلوی نے "رسالہ یک روزی" تصنیف کیا۔[۲]

یہیں سے مسئلۂ امتناعِ نظیر اور امکانِ نظیر پر بحث کا آغاز ہوا۔

منشی جعفر تھانیسری لکھتے ہیں:

"مولوی فضل حق معقولی خیر آبادی جو اس زمانے میں حاکم اعلیٰ شہر دہلی کے سر رشتہ دار اور علم منطق کے پتلے اور افلاطون و سقراط و بقراط کی غلطیوں کی تصحیح کرنے والے تھے، مولانا شہید کے سخت مخالف ہو گئے، چناں چہ کتاب "تقویت الایمان" کے اس مسئلہ پر کہ: "اللہ رب العزت حضرت محمد ﷺ سا دوسرا پیدا کرنے پر قادر ہے" انھوں نے سخت اعتراض کیا اور لکھا کہ: "اللہ رب العزت محمد ﷺ جیسا دوسرا پیدا کرنے پر ہرگز قادر نہیں" اس کے جواب میں مولانا شہید نے ایک فتویٰ بدلائل عقلی و نقلی نہایت مدلل لکھا ہے، چناں چہ "ایضاح الحق" کے خاتمہ پر وہ فتویٰ بتمامہ چھپ بھی گیا ہے۔"[۳]

مولانا ابوالکلام آزاد لکھتے ہیں:

"مولانا اسماعیل شہید نے جب تحریک اصلاح شروع کی تو اس کے مخالفوں میں یہ (علامہ فضل حق خیر آبادی) سب سے زیادہ نامور ہوئے، مولانا شہید نے "تقویت الایمان" میں یہ لکھ دیا ہے کہ: "خدا چاہے تو ایک پل میں کروڑوں آں حضرت ﷺ کے امثال پیدا کر دے" یہ بات ان (علامہ فضل حق خیر آبادی) پر بہت شاق گزری اور معقولیت کی رنگ آمیزیوں سے ایک تقریر اس کے رد میں لکھ دی، دعویٰ یہ کیا کہ بنظیر خاتم النبیین ﷺ کا پیدا ہونا ممتنع بالذات سے ہے اور پھر قدرت اور مشیت کا فرق فراموش کر کے سارا معاملہ مشیت کے فعل میں لے گئے، ساری تقریر، جدل و مکابرہ کا ایک لفظی گورکھ دھندا تھی، مولانا اسماعیل نماز کے لیے جامع مسجد جا رہے تھے کہ راہ میں انھیں یہ تقریر ملی، نماز کے بعد مسجد ہی میں بیٹھ گئے اور کاغذ و قلم منگوا کر ایک پورا رسالہ اس کے رد میں قلم بند کر دیا، یوں کہ ایک ہی دن میں لکھا گیا تھا اس لیے "یک روزی" کے نام سے مشہور ہو گیا، پھر مولانا صدر الدین نے بھی اس پر ایک تحریر لکھی یہ دونوں رسالے "ایضاح الحق الصریح" کے حاشیہ پر چھپ گئے ہیں۔[۴]

میں مولانا ابوالکلام آزاد کو کیا کہوں کہ علمِ کلام کے اس دقیق مسئلہ کو لفظی گورکھ دھندا قرار دے کر اسماعیل نوائی میں لگ

---

(۱) مواقف میں ہے: انہ تعالیٰ یمتنع علیہ الکذب اتفاقاً" کذب باری بالاتفاق محال ہے۔ المقصد السابع فی انہ تعالیٰ متکلم، ج:۸، ص:۱۰۰.

(۲) سفر اور تلاشِ سفر، ص:۵۶، ۵۷

(۳) سوانح احمدی، ص:۱۴۳

(۴) غالب اور ابوالکلام: ص:۱۱، ۱۲، بحوالہ خیر آبادیات، ص:۱۰۶ اور ۱۰۷

گئے انھیں یہ نہیں معلوم کہ اس اختراعی عقیدہ سے خبر الٰہی کا کذب لازم آتا ہے اور اہلِ حق نے فلاسفہ کی اس وجہ سے تکفیر فرمائی تھی کہ ان کا قول ہمارے نبی کریم سید عالم ﷺ کے ساتھ یا ان کے بعد کسی نبی کے ممکن ہونے کا معنیٰ دیتا ہے اور اس سے قرآن کا جھوٹا ہونا لازم آتا ہے جیسا کہ گزرا اس اختراعی عقیدہ ہی کی بنیاد پر مرزا نے نبوت کا دعویٰ کیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں دشنام طرازیاں کیں اور منھ بھر کر گالیاں دیں۔ اسی مسئلۂ امکانِ نظیر کے بطن سے مسئلۂ امکان کذبِ الٰہی نکلا جس نے دین واسلام کی ساری بنیادیں منہدم کر دیں۔

حضرت علامہ کی دور رس نگاہیں دیکھ رہی تھیں کہ اس سے امکان کذب باری اور انکار ختم نبوت کا ایسا فتنہ کھلے گا جس سے دین و ایمان کی ساری بنیادیں منہدم ہو جائیں گی اور اس کے ساتھ نہ دین باقی رہے گا اور نہ ایمان اہلِ انصاف خوب جانتے ہیں کہ معقولیت کی رنگ آمیزی اور جدل و مکابرہ کس کا حصہ ہے؟ بہر کیف! مجھے بتانا یہ ہے کہ اس مسئلۂ امتناعِ نظیر اور امکان نظیر پر بحث کا آغاز کیسے اور کہاں سے ہوا ہم اس سے پہلے یہ واضح کر چکے کہ مولوی اسماعیل دہلوی کی تقویت الایمان کی اس عبارت: ”اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے الخ“ کے رد میں حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی علیہ الرحمہ نے ”تقریر اعتراضات بر تقویت الایمان“ لکھی جس کے جواب میں مولوی اسماعیل دہلوی نے رسالہ ”یک روزی“ لکھا جس میں انھوں نے ”قولہ“ کے بعد حضرت علامہ کی جو عبارتیں نقل کی ہیں وہ سب علامہ کی تحریر ”تقریر اعتراضات بر تقویت الایمان“ میں موجود ہیں حضرت علامہ کی اس فارسی تحریر کا مولانا عبد الحکیم شرف قادری صاحب نے اردو میں ترجمہ کیا اور تحقیق الفتویٰ (مطبوعہ بندیال ۱۳۹۹ھ/۱۹۷۹ء) کے آخر میں اصل فارسی متن کے ساتھ شائع فرما دیا ہے اور مولانا اسید الحق قادری بدایونی صاحب نے بھی ”خیر آبادیات“ میں حضرت علامہ کی اس فارسی تحریر کا اردو ترجمہ بعنوان ”تقریر اعتراضات بر تقویت الایمان“ از علامہ فضل حق خیر آبادی ترجمہ مولانا عبد الحکیم شرف قادری“ شامل کتاب کر دیا ہے جو تاج الفحول اکیڈمی کے زیر اہتمام شائع ہو چکا ہے۔

حضرت علامہ نے اپنی اس کتاب کے آغاز بحث میں فرمایا:

”صاحب تقویۃ الایمان نے اپنی کتاب کی تیسری فصل میں شرک کا رد کرتے ہوئے وجاہت کا معنیٰ بیان کرنے کے بعد کہا:

”اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن و فرشتہ جبریل اور محمد ﷺ کے برابر پیدا کر ڈالے۔“

یعنی اللہ تعالیٰ اس امر پر قادر ہے کہ: ایک آن میں ایک امر کن سے کروڑوں افراد حضرت محمد ﷺ کے برابر عدم سے وجود میں لے آئے۔ یہ جمہور مسلمانوں کے متفقہ عقیدے کے خلاف ہے کیوں کہ حضرت محمد ﷺ کی مثال ممتنع الوجود ہے (یہ صغریٰ ہے) اور جس چیز کا وجود ممتنع اور محال ہو وہ اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں ہے۔ (یہ کبریٰ ہے)

صغریٰ اور کبریٰ کی توضیح دلائل سے فرمانے کے بعد فرمایا کہ:

”اللہ تعالیٰ ہر اس چیز پر قادر ہے جو ممکن ہو، ممتنع اور واجب اس کی قدرت کے تحت داخل نہیں اس سے (اللہ عزوجل

کا) "عجز" لازم نہیں آتا جو "قدرت" کے مقابل ہے کیوں کہ ممتنع کے ایجاد پر قدرت کا نہ ہونا عجز نہیں اس لیے کہ ممتنع وجود کے قابل ہی نہیں ہے۔ آیتِ کریمہ: "اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" اور "وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا" کا معنیٰ مفسرین نے بہ یک زبان یہی بیان کیا ہے کہ: "ہر شئ سے مراد ہر ممکن ہے۔" کیوں کہ محال بالاتفاق شئ نہیں ہے اور واجب و محال پر قدرت نہیں ہوتی۔ بیضاوی میں ہے کہ: قدرت کا معنیٰ "شئ کو پیدا کر سکنا ہے۔"

صاحب کشاف جو اکابر معتزلہ میں سے ہیں آیتِ کریمہ "اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" کی تفسیر میں کہتے ہیں:

"قادر کے حق میں شرط یہ ہے کہ فعل محال نہ ہو جب تمام اشیا پر قادر کا ذکر ہو تو محال خود مستثنیٰ ہے گویا کہا گیا ہے کہ: ہر اس چیز پر قادر ہے جو ہو سکتی ہے، اس کی نظیر یہ ہے کہ کہا جاتا ہے: فلاں شخص انسانوں کا امیر ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے ماسوا کا امیر ہے وہ شخص بھی اگرچہ انسانوں میں سے ہے لیکن اس وقت وہ ان میں داخل نہیں ہے۔"

اس عبارت سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ: معتزلہ بھی اس امر کے قائل ہیں کہ: "واجب تعالیٰ ممتنع پر قادر نہیں ہے۔" پس ثابت ہوا کہ: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی نظیر ممتنعات میں سے ہے اور اللہ تعالیٰ رحمۃ اللعالمین ﷺ کی مثل ایک شخص کے پیدا کرنے پر بھی قادر نہیں ہے چہ جائے کہ ایک آن میں آپ کی مثل ہزاروں افراد پیدا فرما دے۔"

اس کے بعد آپ نے ایک شبہہ قائم فرمایا کہ: "کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی نظیر ممتنع بالذات نہیں بلکہ ممتنع بالغیر ہے اور ممتنع بالغیر ہونا امکانِ ذاتی کے منافی نہیں۔"

اس شبہہ کا آپ نے شافی جواب تحریر فرمایا جو آپ کی اس مختصر تحریر میں موجود ہے۔ آپ نے بحث کے اختتام پر فرمایا:

"مقامِ حیرت ہے کہ قطع نظر اس بات سے کہ اس مثال سے حضور سید عالم ﷺ کی بارگاہ میں بے ادبی، گستاخی اور زبان درازی لازم آتی ہے اور اس کے سننے سے منکرین نبوت کے بھی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ رسالہ عوام کو سمجھانے کے لیے اردو میں لکھا گیا ہے۔ (سوال یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کی قدرت عامہ شاملہ کے سمجھانے کے لیے یہی مثال رہ گئی تھی کہ: حضرت محمد ﷺ کی مثل کروڑوں افراد کا وجود ممکن ہے۔ اس کے علاوہ کوئی مثال نہیں تھی؟"

حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی علیہ الرحمۃ کی "تقریر اعتراضات بر تقویت الایمان" کے جواب میں جب اسماعیل دہلوی نے رسالہ "یک روزی" لکھا اور اس میں ثابت کرنے کی کوشش کی کہ حضور اقدس سید عالم ﷺ کی نظیر ممکن ہے اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے اور اس کی دلیل قدرت پر دلالت کرنے والی آیتوں مثلاً "اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" "وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا" وغیرہ کو قرار دیا جیسا کہ ہم ذکر کر چکے تو حضرت علامہ نے رسالہ "یک روزی" میں مذکورہ دلیلوں کا جواب اپنی کتاب "تحقیق الفتویٰ" میں دیا۔

"تحقیق الفتویٰ" کے مطالعہ سے عیاں ہے کہ اسماعیل دہلوی نے "تقویت الایمان" میں مسئلۂ شفاعت سے متعلق ایسی نامعقول بات لکھی جس کا درستی اور سچائی کے ساتھ ذرہ برابر تعلق نہ تھا اس نے شفاعت کی تین قسمیں کر کے رسولِ اعظم

ﷺ کی شان رفیع میں تنقیص سے اپنے ایمان کی آبرو ضائع کی اور بے علموں کے تاریک دلوں میں فتنہ و گمراہی کا بیج بویا۔
اسی مسئلۂ شفاعت کے متعلق ایک سائل نے "تقویت الایمان" کی ایک طویل عبارت نقل کی اور بطور استفتا پیش کیا اور یہ سوال کیا کہ: "اس قائل (اسماعیل دہلوی) کا یہ قول حق ہے یا باطل، کچھ بھی ہو حضور سید عالم ﷺ کے بلند مقام کی توہین و تنقیص پر دلالت کرتا ہے یا نہیں؟ اگر اس جرم عظیم اور بہت بڑی جرأت پر دلالت کرتا ہے تو اس کا قائل دینی اعتبار سے کون ہے اور شرعاً اس کا کیا حکم ہے" (۱)

حضرت علامہ نے سائل کے اس سوال کے جواب میں فارسی میں ایک محققانہ کتاب لکھی جس کا نام "تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ" رکھا یہ کتاب رمضان المبارک ۱۲۴۰ھ مطابق اپریل ۱۸۲۵ء میں تصنیف کی گئی۔ اس کتاب میں حضرت علامہ نے سائل کے سوالات کے جوابات لکھے اور تقویۃ الایمان کی عبارت پر سیر حاصل گفتگو فرمائی اور یہ روشن فرمایا کہ اسماعیل دہلوی نے شفاعت کی جو تین قسمیں کیں یہ تقسیم سرے سے صحیح نہیں اس لیے کہ شفاعت محبت اور شفاعت وجاہت، شفاعت بالاذن کی دو قسمیں ہیں، شفاعت بالاذن ان دونوں قسموں کا مقسم ہے ان کے مقابل نہیں شفاعت کی ان دونوں قسموں کا مقبول ہونا کتاب و سنت سے ثابت ہے، حضرت علامہ نے اس موضوع سے متعلق کتاب و سنت سے دلائل کے انبار لگا دیے جو کتاب کے مطالعہ سے ظاہر ہے۔

مسئلۂ شفاعت سے متعلق کامل گفتگو کے بعد آپ نے امکان نظیر اور امتناع نظیر کے حوالے سے ص: ۱۵۲ر سے کلام کا آغاز فرمایا اور عقلی و نقلی دلیلوں سے یہ روشن فرمایا کہ حضور اقدس ﷺ کے برابر کا موجود ہونا کذب الٰہی کو مستلزم ہے جو محال بالذات ہے جس کی توضیح یہ ہے کہ:

"نبی اکرم ﷺ کے برابر نبی کے سوا اور کوئی شخص نہیں ہو سکتا اور حضور ﷺ کے بعد (نئے) نبی کے موجود ہونے سے نص قرآنی کا کذب لازم آتا ہے اس لیے کہ نبی اکرم ﷺ کا خاتم جمیع انبیا ہونا نص قرآنی سے ثابت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ"

لہٰذا اگر حضور ﷺ کے برابر کا تکوین کے تحت داخل ہونا صحیح ہو تو اس نص صریح کا کذب صحیح ہو جائے گا۔ العیاذ باللہ تعالیٰ من ذالک.

رہا یہ امر کہ اللہ تعالیٰ کا کذب محال بالذات ہے تو اس کا بیان یہ ہے کہ کذب صفت نقص اور عیب ہے اور اللہ تعالیٰ کا صفات نقص و عیب سے متصف ہونا محال بالذات ہے۔ (۲)

اس کے بعد حضرت علامہ نے اسماعیل دہلوی کے رسالہ "یک روزی" کے دلائل کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے

---

(۱) تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ، ص: ۷۰، ۷۱، المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور
(۲) تحقیق الفتویٰ، ص: ۱۵۶، ۱۵۷، مقام ثانی، المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور، اعظم گڑھ

فرمایا کہ:

اس قائل نے بعض رسائل (یک روزی) میں یہ لکھا ہے کہ:

"اللہ تعالیٰ کا کذب اور اس کا اس نقص سے متصف ہونا محال بالذات نہیں ہے کیوں کہ ایسا قضیہ بنانا جو واقع کے مطابق نہ ہو اور اس کا ملائکہ اور انبیا پر القا کرنا قدرت الٰہیہ سے خارج نہیں ہے ورنہ لازم آئے گا کہ انسانی قدرت اللہ کی قدرت سے زائد ہو۔ اس لیے کہ ایسا قضیہ بنانا جو واقع کے مطابق نہ ہو اور اسے مخاطبین پر پیش کرنا اکثر انسانوں کی قدرت میں ہے، ہاں کذب مذکور چوں کہ حکمت کے منافی ہے اس لیے کہ عدم کذب کو اللہ تعالیٰ کے کمالات میں سے شمار کرتے ہیں اور اس کے ساتھ اس کی تعریف کرتے ہیں بر خلاف پتھر اور گونگے کہ کوئی شخص عدم کذب سے ان کی تعریف نہیں کرتا اور ظاہر ہے کہ کمال یہی ہے کہ: جو شخص کلام کاذب پر قدرت رکھتا ہے لیکن مصلحت اور تقاضائے حکمت کی بنا پر جھوٹ بولنے کا ارتکاب نہیں کرتا وہ جھوٹ نہ بولنے اور کمال صدق سے متصف ہونے کے سبب مستحق تعریف ہے، بر خلاف اس شخص کے جس کی زبان ماؤف ہے اور وہ جھوٹ بولنے کی طاقت نہیں رکھتا، یا اس کی قوت متفکرہ میں فساد ہے کہ وہ واقع کے خلاف قضیہ تیار نہیں کر سکتا، یا جس وقت وہ سچ کہنا چاہتا ہے کہہ دیتا ہے اور جب جھوٹ بولنا چاہتا ہے اس کی آواز رک جاتی ہے یا اس کی زبان ماؤف ہو جاتی ہے یا کوئی شخص اس کا منہ بند کر دیتا ہے یا اس کا گلا دبا دیتا ہے یا اس شخص نے بہت سے سچے قضایا (اقوال) یاد کر رکھے ہیں اور وہ دوسرے قضایا تیار ہی نہیں کر سکتا اس لیے اس سے کلام کاذب صادر نہیں ہوتا، یہ اشخاص مذکورہ عقلا کے نزدیک مستحق ستائش نہیں۔

حاصل یہ کہ جھوٹ سے بچتے ہوئے اور اس کی آلودگی سے دامن بچاتے ہوئے جھوٹ نہ بولنا صفاتِ مدح سے ہے اور اس لیے جھوٹ نہ بولنا کہ اس کی طاقت ہی نہیں کسی طرح بھی صفات مدح میں سے نہیں ہے۔" (۱)

حضرت علامہ نے اسماعیل دہلوی کی رسالہ "یک روزی" میں مذکورہ عبارت کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے "تحقیق الفتویٰ" میں تحریر فرمایا کہ:

"یہ قائل مانتا ہے کہ جھوٹ نقص اور عیب ہے اس کے باوجود کہتا ہے کہ: اللہ تعالیٰ کا کذب سے متصف ہونا ممکن ہے لٰہذا یہ صریح اعتراف ہے کہ: اللہ تعالیٰ کا ناقص اور عیب دار ہونا ممکن ہے، اللہ تعالیٰ پاک ہے اس سے جو یہ بیان کرتے ہیں اب یہ شکایت ختم ہو جاتی ہے کہ اس نے بد طینتی کی بنا پر حضور سید کائنات ﷺ اور دیگر حضرات انبیا و ملائکہ و اولیا کے بارے میں تنقیص اور توہین آمیز کلمات کہے ہیں کیوں کہ اس کا عقیدہ خالق کائنات کے بارے میں یہ ہے (کہ اس کا جھوٹ اور نقص و عیب سے متصف ہونا ممکن ہے) تو مخلوقات کے بارے میں کیا کچھ نہ کہے گا۔"

اس کا یہ استدلال کہ:

---

(۱) رسالہ یک روزی (فارسی) شاہ محمد اسماعیل، فاروقی کتب خانہ ملتان، ص: ۱۷ و ۱۸

"ایسا قضیہ بنانا جو واقع کے مطابق نہ ہو اور اس کا ملائکہ و انبیا پر القا کرنا قدرتِ الٰہیہ سے خارج نہیں ہے۔"

باعثِ تعجب ہے کیوں کہ ایسا قضیہ بنانا جو واقع کے مطابق نہ ہو اور اس کا مخاطب پر القا کرنا مطلقاً جھوٹ نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اکثر مقامات پر مخلوق سے حکایت کرتے ہوئے قضایا کاذبہ ذکر فرمائے ہیں قائل کے کذب کا معنیٰ یہ ہے کہ: وہ مخالف واقع قضیہ سے خبر دے اور یہ صفت عیب اور نقص ہے اور یہ کہنا کہ: اللہ تعالیٰ کا عیب اور نقص سے موصوف ہونا ممکن ہے۔ اہلِ ایمان کی شان سے بعید ہے۔ ایسا کلام زبان پر لانا اور اس کا سننا مسلمانوں کی سماعت پر بہت گراں ہے۔

اس کا یہ کہنا کہ:

"ورنہ لازم آئے گا کہ قدرت انسانی قدرتِ الٰہیہ سے زائد ہو۔"

تعجب بالائے تعجب کا سبب ہے اور دیکھنے والوں کی نگاہوں میں قائل کی دقیقہ رسی اور زیرکی کی قوت کو ظاہر کرتا ہے سبحان اللہ و تعالیٰ عما یصفون. ظاہر ہے کہ بدترین فواحش اور شنیع قبائح جن سے اللہ تعالیٰ کا متّصف نہ ہونا عقلی و نقلی طور پر بدیہی اور شرعی طور پر ممتنع ذاتی اور محال عقلی ہے، قدرت انسانیہ کے تحت داخل اور قدرتِ الٰہیہ کے تحت داخل نہیں، اس قائل کے زعم پر لازم آئے گا کہ قدرت انسانی، قدرت ربانی سے زائد ہو۔ العیاذ باللہ تعالیٰ.

اس شبہہ کا حل یہ ہے کہ عیوب و نقائص سے اتصاف اور قبائح و فواحش کے ارتکاب کی قدرت خود عیب اور نقص ہے اللہ تعالیٰ تمام نقائص، عیوب، قبائح اور فواحش سے پاک ہے، جو قدرت اللہ تعالیٰ کے اوصاف کاملہ میں سے ہے وہ تمام ممکنات کے ایجاد کی قدرت ہے، گویا **مطلق قدرت دو قسم ہے**: ایک قدرت کاملہ جو اللہ تعالیٰ کے اوصاف مختصہ سے ہے، دوسری قدرت ناقصہ جو صفات مخلوق سے ہے، دوسری قدرت پہلی قدرت سے بہ مراتب غیر متناہیہ ناقص ہے، پس انسان میں دوسری قدرت کے موجود ہونے اور ذات باری تعالیٰ میں اس کے ممکن نہ ہونے سے قدرتِ انسانی کا قدرت ربانی پر زائد ہونا لازم نہیں آتا، شاید زیادتی کا معنیٰ "خیال شریف" میں آیا ہو۔

ایک شی کا دوسری شی پر زائد ہونا یہ ہے کہ: پہلی شی دوسری شی پر مشتمل ہو اور اس کے ماسوا پر بھی۔ اسے چاہیے تھا کہ پہلے ثابت کرتا کہ قدرت انسانی قدرت ربانی پر مشتمل ہے، پھر بیان کرتا کہ قدرت انسانی قدرت ربانی کے ماسوا پر بھی مشتمل ہے تب یہ کہہ سکتا تھا کہ قدرت انسانی کا قدرت ربانی پر زائد ہونا لازم آتا ہے۔ سبحان اللہ! اس مبلغ علم اور اتنی سمجھ کے ساتھ کیا ضروری ہے کہ معقولات میں دخل دیا جائے۔

اسی لیے علما نے کہا ہے:

"من أراد أن يتكلم بالحكمة فليحدث لنفسه فطرةً أخرى."

جو شخص حکمت میں کلام کرنا چاہے اسے اپنے لیے ایک اور فطرت (علوم و فنون میں مہارت) تیار کرنی چاہیے۔ (۱)

(۱) تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ، ص: ۱۵۸ تا ۱۶۰، المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور، اعظم گڑھ

رسالہ یک روزی میں "امکان نظیر" سے متعلق جو عقلی و نقلی دلائل مذکور ہیں حضرت علامہ نے ان دلیلوں کو ذکر فرما کر ان کا تحقیقی جائزہ لیا اور وارد ہونے والے شبہات کے شافی جوابات ارقام فرمائے جو حضرت علامہ کی تحقیقی کتاب "تحقیق الفتویٰ" کے مطالعہ سے عیاں ہے۔

حضرت علامہ شاہ فضل رسول بدایونی علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیف لطیف "سیف الجبار" اور "فوز المبین بشفاعة الشافعين" میں حضرت علامہ کی گراں قدر تصنیف "تحقیق الفتویٰ" کا ذکر فرمایا: "سیف الجبار" میں نہ صرف حضرت علامہ کی کتاب "تحقیق الفتویٰ" کا ذکر ہے بلکہ اس میں "تحقیق الفتویٰ" کے چاروں مقامات کا مختصر تعارف اور تقریباً ایک صفحہ میں خلاصۂ فتویٰ کی عبارت بھی نقل فرمادی ہے جس سے حضرت علامہ کی طرف "تحقیق الفتویٰ" کے انتساب میں شک نہیں کیا جاسکتا۔

حضرت مولانا شاہ فضل رسول بدایونی قدس سرہ فرماتے ہیں:

"مولوی فضل حق خیر آبادی نے (جزاه الله خيرا) کہ علم و فضل میں مولوی اسماعیل وغیرہ کو ان سے کچھ نسبت نہیں، علومِ عقلیہ و نقلیہ اپنے والد ماجد سے کہ یگانۂ عصر تھے حاصل کیے، مولوی اسماعیل کے روبرو ان کا رد و ابطال کیا اور تکفیر کی، نوبت تحریر کی آئی، مسئلہ شفاعت میں مولوی اسماعیل نے مذبوحی حرکت کی، آخر کو عاجز و ساکت ہوگئے اور "تحقیق الفتویٰ فی رد أهل الطغویٰ" کمال شرح و بسط سے مولوی فضل حق صاحب نے لکھا۔" (۱)

"خیر آبادیات" میں ہے:

"تحقیق الفتویٰ کی تصنیف (رمضان ۱۲۴۰ھ) کے چند ماہ بعد جمادی الاخریٰ ۱۲۴۱ھ میں شاہ صاحب سکھوں سے لڑائی کے لیے سرحد کی طرف روانہ ہوگئے اور ۱۲۴۶ھ میں اس دنیا سے رخصت ہوئے اس لیے اس وقت "تحقیق الفتویٰ" کے جواب میں شاہ اسماعیل دہلوی یا ان کے متبعین کی جانب سے کوئی رد عمل سامنے نہیں آیا اور وقتی طور پر یہ معاملہ رفع دفع ہوگیا اس کے تقریباً ۲۰، ۲۵/برس بعد سید حیدر علی ٹونکی "تحقیق الفتویٰ" کے جواب کے ساتھ میدان میں آئے اور اس دبی ہوئی چنگاری کو شعلۂ جوالہ بنادیا، نتیجے کے طور پر اختلاف و انتشار کا بازار گرم ہوا جواب اور جواب الجواب چھپنے لگے اور بالآخر ملتِ اسلامیہ ہند انتشار و افتراق کا شکار ہوکر اپنی اجتماعی قوت اور توانائی سے محروم ہوگئی۔" (۲)

حافظ بخاری مولانا سید عبد الصمد چشتی سہسوانی (ولادت: ۱۲۶۹ھ/۱۸۵۳ء - وفات: ۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء) تحریر فرماتے ہیں:

بعد مدت دراز مولوی حیدر علی نے ایک رسالہ مختصرہ صغیرہ بنام نہاد جواب "تحقیق الفتویٰ" کے لکھا کہ وہ رسالہ بتوسط منشی اظہار حسین صاحب سہسوانی کے بدایوں میں پہنچا اور جواب اس کا لکھا گیا کہ بتوسط اہلِ سہسوان مولوی حیدر علی کے پاس پہنچا اور انھوں نے جواب اس کا تو نہ لکھا مگر بعد مدت پھر "تحقیق الفتویٰ" کا جواب کبیر لکھا اور اس میں اکثر اعتراضات مولوی

---

(۱) سیف الجبار شاہ فضل رسول بدایونی، مکتبہ رضویہ لاہور ۱۹۷۳ء، ص: ۶۰ تا ۸۶

(۲) خیر آبادیات، ص: ۱۳۹، ناشر: تاج الفحول اکیڈمی، بدایوں

فضل حق صاحب سے کلام مولوی اسماعیل پر سکوت کیا، چند اعتراضوں کا جواب پریشان دیا، مولوی عبد الحق صاحب ابن شا
عبد الرسول صاحب کان پوری تلمیذ مولوی فضل حق صاحب نے اس کا جواب نہایت بسط کے ساتھ لکھا اس کا جواب بھی
مولوی حیدر علی یا ان کے اتباع سے نہ ہو سکا۔" (۱)

اس سے صاف ظاہر ہے کہ "تحقیق الفتویٰ" کے معرض وجود میں آنے کے بعد مولوی اسماعیل دہلوی سے اس کا کوئی جواب
نہ بن پڑا جب کہ ان کے قلم سیال نے رسالہ "یک روزی" ایک ہی روز میں جمع کر دیا تھا آخر ان کے قلم سیّال نے کیوں جنبش نہ کی
جب کہ ایک روز نہیں بلکہ انھیں طویل زمانہ ملا جس میں وہ اپنے قلم سیّال کو رواں کر سکتے تھے یہ اس بات کا کھلا ہوا ثبوت ہے کہ
مولوی اسماعیل دہلوی میں جواب دینے کی سکت نہ تھی ورنہ وہ زور قلم دکھاتے جیسا کہ رسالہ "یک روزی" میں دکھایا، آج بھی "تحقیق
الفتویٰ" کا کوئی جواب نہیں جسے اہلِ انصاف خوب جانتے ہیں۔ بہر کیف مولوی حیدر علی ٹونکی نے جب ۲۰/ ۲۵/ بر
میں "تحقیق الفتویٰ" کے جواب ناکام کی کوشش کی تو علمائے اہلِ سنت نے اس کا ایسا قاہر رد فرمایا جس کا جواب مولوی حیدر علی یا ان
کے اتباع سے نہ ہو سکا ان علمائے اہل سنت میں ایک مبارک اور روشن نام حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی کا ہے۔ جنھوں
۱۲۶۵ھ/۱۸۴۵ء اور ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۳ء کے درمیانی عرصے میں ایک محققانہ رسالہ "امتناع النظیر" تصنیف کیا، مولوی حیدر علی ٹونکی
نے فاسد تاویلوں کے ذریعہ اسماعیل دہلوی کو بچانے کی ناکام کوشش کی مگر حضرت علامہ نے ان کی ساری آرزوؤں کو خاک میں ملا
اور ان تاویلوں کو تار عنکبوت سے بھی زیادہ کمزور کر دکھایا اور اس عبارت کے کفری پہلو کو مزید وضاحت سے پیش کیا۔

"باغی ہندوستان" میں ہے:

"علامہ فضل حق خیر آبادی نے یہ کتاب بزبان فارسی مولوی حیدر علی رام پوری کے اقوال کی تردید میں تحریر فرمائی۔

اس کتاب کے سرورق کا عنوان ہے:

"رسالہ امتناع النظیر" (ﷺ)

لفضل حق الخیر أبادی علیه رحمة الباری

فی تردید أقوال: مولوی حیدر علی رام پوری مولدًا والٹونکی مسکناً

بتحشیه و تصحیح: راس المحدثین و رئیس المتکلمین مولانا سید شاہ سلیمان اشرف
صاحب القادری الچشتی." (۲)

نیز اسی میں ہے:

"مولانا سید سلیمان اشرف صاحب کو مدت دراز سے اس کتاب کے دیکھنے کی تمنا تھی بالآخر ان کو یہ نسخہ اپنے است
حضرت العلامہ ہدایت اللہ خاں صاحب سے حاصل ہوا۔ یہ مسوّدہ خود مصنف کتاب علامہ خیر آبادی کے قلم کا لکھا ہوا تھا، اس

---

(۱) افادات صدریہ، ص:۱۹، ۲۰

(۲) باغی ہندوستان تعارف تصانیف، ص:۳۰۸، المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور

محترم نے ان کو اس کی طباعت کی بھی اجازت دے دی اس کے بعد موصوف نے استاذ العلما مولانا برکات احمد ٹونکی اور مولانا عبد المقتدر بدایونی کے نسخوں سے مقابلہ کر کے دوسرے فضلائے عصر کی تصحیح اور اپنی شب و روز سہ سالہ کاوش و تصحیح کے بعد ایک خطیر رقم صرف کر کے اس کی طباعت و اشاعت کا فرض انجام دیا۔ اس کتاب میں مفید حاشیہ کے ساتھ قصیدہ کا حلِّ لغات بھی موجود ہے ۲۰/ اگست ۱۹۰۸ء کو جادو پریس جون پور میں اس کی طباعت عمل میں آئی عرصہ دراز سے یہ بالکل نایاب ہے۔ مکتبہ قادریہ لاہور کے زیر غور اس کی دوبارہ اشاعت ہے۔" (۱)

نیز اسی میں سوانح علامہ فضل حق کے تحت ہے:

"اس مسئلہ (امکان نظیر اور امتناع نظیر) میں شاہ اسماعیل صاحب کی یہ رائے تھی کہ: خاتم النبیین ﷺ کا مثل ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے۔ علامہ ممتنع بالذات مانتے تھے اس مسئلہ پر علامہ کی مستقل کتاب مناظرانہ انداز پر "امتناع النظیر" کے نام سے ۱۹۰۸ء میں موصوف کے تلمیذ التلمیذ مولانا سید سلیمان اشرف بہاری مرحوم سابق صدر دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے زیر اہتمام شائع ہو چکی ہے۔ علامہ کے ہاتھ کا لکھا ہوا اصلی مسوّدہ کتاب خانہ حبیب گنج میں موجود ہے اس کتاب میں رسول اللہ ﷺ کی نظیر کے ممتنع بالذات ہونے پر جو دلائل و براہین قائم کیے ہیں انھیں دیکھ کر بے ساختہ "مرحبا و أحسنت" زبان پر آتا ہے علمی و فنی حیثیت سے وہ وہ گل کاریاں کی ہیں کہ صفحات کتاب تختۂ چمنستان بن گئے ہیں اسی ایک کتاب پر کیا موقوف ہے تمام مصنفات کو دیکھ کر یہی کہنا پڑتا ہے۔

لیس علی اللہ بمستنکر أن یجمع العالم فی واحد (۲)

نیز رسالہ "امتناع النظیر" کے اخیر میں کتاب کے اختتام کے بعد بعنوان "التماس" بقلم محمد بن عبد اللہ قادری چشتی یہ تحریر ہے:

"شرف حضوری آستانۂ عالیہ حضرت شیخ الاسلام والمسلمین، ضیاء الملۃ والدین حضرت استاذی و استاذ الکل فی الکل مولانا العلام حضرت محمد ہدایت اللہ خاں متّع اللہ المسلمین بطول بقائہ سے جون پور میں شرف ہوا تو بعد چند سال اظہار اس تمنائے دلی (رسالہ امتناع النظیر کی اشاعت) کا کیا۔"

حضرت استاذنا العلام مد ظلہ بجہت اس شفقت و محبت بزرگانہ کے جو اس ہیچ میرز کے حال پر مبذول فرماتے تھے اصل مسودہ مصنف علیہ الرحمۃ کے قلم کا مرقومہ عطا فرما کر اجازت طبع کی دی تو اب میرے پاس اصل مسودہ موجود تھا مگر پھر بھی بہ نظر غایت احتیاط دو اور نسخے بہم پہنچائے ایک مولانا برکات احمد صاحب ٹونکی سے ملا اور دوسرا مولانا عبد المقتدر صاحب بدایونی نے مرحمت فرمایا فقیر نے بہ صرف زر کثیر و محنت شاقہ طبع کرانا شروع کیا اور صحت طبع میں خاص اہتمام ملحوظ رکھا اچھے اچھے

(۱) باغی ہندوستان تعارف تصانیف، ص: ۳۱۰، ۳۱۱، المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور

(۲) باغی ہندوستان تعارف تصانیف، ص: ۱۹۲، المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور

مستعد فضلا اس کے مصحح رہے زائد حصے کی تصحیح خود فقیر نے دوبارہ بکمال عرق ریزی کی ہے، تین سال کی محنت و مشقت کا نتیجہ ہے جو یہ علمی گنجینہ آج آپ حضرات کی نگاہوں کے سامنے ہے۔"(۱)

ان شہادتوں سے صاف عیاں ہے کہ مولوی حیدر علی ٹونکی نے شاہ اسماعیل دہلوی کے دعویٰ امکان مثل کی صداقت ظاہر کرنے کے لیے "تحقیق الفتویٰ" کے جواب میں جو تحریر لکھی حضرت علامہ نے اس کے جواب میں ایک دنداں شکن اور لاجواب رسالہ "بنام "امتناع النظیر" تحریر فرمایا جس کا آپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا اصلی مسودہ حضرت علامہ ہدایت اللہ خاں صاحب علیہ الرحمۃ کے پاس موجود تھا مزید اس کتاب کا ایک نسخہ استاذ العلما مولانا برکات احمد ٹونکی اور ایک نسخہ مولانا عبد المقتدر بدایونی علیہما الرحمہ کے پاس موجود تھا خود مصنف کتاب علامہ فضل حق خیر آبادی علیہ الرحمۃ کے قلم کے لکھے ہوئے مسودہ اور ان نسخوں سے مقابلہ کیا گیا حضرت علامہ ہدایت اللہ خاں صاحب علیہ الرحمۃ نے اپنے تلمیذ حضرت مولانا سید سلیمان اشرف بہاری علیہ الرحمۃ کو اس کی طباعت کی اجازت عطا فرمائی۔ ہم نے ماسبق میں حضرت علامہ شاہ فضل رسول بدایونی قدس سرہ کے حوالہ سے یہ واضح کیا ہے کہ "علم و فضل میں مولوی اسماعیل وغیرہ کو علامہ فضل حق خیر آبادی سے کچھ نسبت نہ تھی" چہ جائے کہ سید حیدر علی ٹونکی اور علامہ فضل حق خیر آبادی کے مابین نسبت علم و فضل اس لیے حضرت علامہ نے براہِ راست مولوی حیدر علی ٹونکی کو مخاطب کرنا اپنی شان کے خلاف سمجھا اور اپنے تلمیذ رشید استاذ الکل حضرت علامہ ہدایت اللہ خاں رام پوری کو اپنا وہ قیمتی مسودہ عنایت فرمایا کہ آپ اپنے نام سے اسے مشتہر فرمائیں مگر حضرت علامہ ہدایت اللہ خاں صاحب علیہ الرحمۃ کی دیانت اس کی متقاضی نہ ہوئی اور حضرت علامہ کے علمی مواد کو **قال الاستاذ افاد الاستاذ** وغیرہ عبارتوں کے ذریعہ مرتب فرمایا۔ حکیم نصیر الدین اجمیری (برادر زادہ مولانا معین الدین اجمیری) سلسلۂ خیر آباد کے ایک ثقہ بزرگ اور محرم راز تھے انھوں نے اس سلسلے میں یہ انکشاف کیا ہے کہ:

"یہ کتاب (امتناع النظیر) حضرت علامہ مرحوم نے در اصل اپنے تلمیذ رشید مولانا ہدایت اللہ خاں جون پوری کے نام سے ارقام فرمائی تھی مولانا ہدایت اللہ صاحب کی دیانت اس امر کی متقاضی نہیں ہوئی کہ وہ حضرت علامہ کی کتاب اپنی ذات سے منسوب کریں اس لیے انھوں نے اپنے شاگرد رشید مولانا سلیمان اشرف بہاری کے اصرار پر مصنف کا اصل مسودہ ہی مولانا سلیمان اشرف کے حوالے کر دیا یہ جملہ باتیں مجھے مولانا سلیمان اشرف مرحوم ہی سے معلوم ہوئیں۔"(۲)

سلسلۂ خیر آباد کے ایک ثقہ بزرگ اور محرم راز کی یہ روایت اہمیت کی حامل ہے جو سند کا درجہ رکھتی ہے اس اہم شہادت کو کسی طرح نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، عموماً یہ ہوتا رہا کہ استاذ اپنے کسی قابل فخر تلمیذ اور باپ اپنے کسی سعادت مند بیٹے کے نام اپنے اہم علمی سرمایہ کو مشتہر کر دیتا ہے اس کی ایک دو نہیں درجنوں مثالیں ہیں۔ تحقیق الفتویٰ و امتناع النظیر کے علمی مضامین کا مطالعہ کیا جائے دونوں کا اسلوب زبان و بیان اس پر شاہد عدل ہے کہ یہ علمی مواد حضرت علامہ ہی کا ہے کسی اور کا نہیں۔

---

(۱) امتناع النظیر، ص: ۳۳۴، ۳۳۵

(۲) امتیازِ حق، ص: ۱۷۰

حضرت علامہ نے اپنے اس محققانہ رسالہ "امتناع النظیر" میں رسول اکرم سید عالم ﷺ کی نظیر کے امتناع ذاتی و استحالۂ عقلی کے حوالے سے جو تحقیقی گفتگو فرمائی اور روشن دلائل و براہین کے ذریعہ اس موضوع کو محقق و مبرہن فرمایا ہے اور تمام صفاتِ کمالیہ میں آپ کی نظیر کا ممتنع بالذات ہونا آفتاب روز روشن سے زیادہ واضح فرمایا ہے وہ آپ کا خاص حصہ ہے۔

آپ نے یہ روشن فرمایا کہ اللہ عزوجل کی قدرت پر دلالت کرنے والی آیتوں مثلاً: "اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" اور "وَ کَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا" وغیرہ سے نبی پاک ﷺ کے امکان مثل پر منکر کا استدلال تام نہیں ہے اس لیے کہ صرف شی ممکن ہی زیر قدرت داخل ہو سکتی ہے، واجب بالذات اور محال بالذات کا قدرتِ الٰہی کے تحت داخل ہونا محال ہے۔ اس سلسلے میں علم کلام کی اہم کتابوں سے روشن شہادتیں پیش کیں جن سے صاف صاف واضح ہے کہ مقدوریت کی صحت کا دارومدار صرف امکان پر ہے اس لیے کہ قدرت صرف ممکن چیزوں ہی کے ساتھ خاص ہے تمام صفاتِ کمالیہ میں حضور اقدس سید عالم ﷺ کی نظیر ممکن بالذات اور محال بالغیر ہے یا ممتنع بالذات اور محال عقلی ہے؟ اس کی توضیح کے لیے آپ نے ایک مقدمہ پیش فرمایا:

"(۱)- اثبات و نفی نہ جمع ہو سکتے ہیں اور نہ ہی برطرف ہو سکتے ہیں۔

(۲)- اور اجتماع نقیضین محال ہے۔ "اس مقدمہ کے معنیٰ یہ نہیں کہ: اثبات و نفی کا مفہوم تصور میں جمع نہیں ہوتا (ایک ساتھ متصور نہیں ہوتا) یا تصور سے دونوں ایک ساتھ مرتفع نہیں ہوتے۔ اور نہ یہ معنیٰ ہیں کہ: اجتماع نقیضین کا مفہوم (جو ذہن میں متصور ہے) محال ہے: اس لیے کہ نفس الامر میں نفی و اثبات تصور میں مجتمع ہوتے ہیں۔ اور اجتماع نقیضین کا مفہوم بھی نفس الامر میں موجود ہوتا ہے اسے محال نہیں کہا جا سکتا بلکہ اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ: "اجتماعِ نقیضین اور اثبات و نفی کا مصداق (جو بھی ہو) محال بالذات اور ممتنع عقلی ہے۔ مثلاً ایک ہی شی سفید و غیر سفید، کاتب و غیر کاتب اور بینا و نابینا (دونوں نقیضوں) کا مصداق ہو یہ محال بالذات اور ممتنع عقلی ہے۔ اس کے سوا اور بھی بہت سی مثالیں ہیں۔ کوئی قاصر الذہن انسان یہ گمان نہ کرے کہ: سفید و غیر سفید، کاتب و غیر کاتب اور بینا و نابینا متناقض مفہوموں کا مصداق ممتنع بالذات اور محال عقلی نہیں بلکہ ممتنع بالغیر ہے: اس لیے کہ ان پر اجتماع نقیضین صادق آتا ہے۔ اس وہم کی گنجائش اس لیے نہیں ہے کہ: اجتماع نقیضین کا مفہوم محال بالذات نہیں صرف اس مفہوم ذہنی کا مصداق محال بالذات ہے وہ مصداق جو بھی ہو۔ تو مساوی و غیر مساوی (ان دو متناقض مفہوموں) کا مصداق جسے بھی فرض کیا جائے گا وہ محال بالذات ہوگا؛ اس لیے کہ وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

(۳)- جو شی اپنی نقیض کو مستلزم ہو اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ ممتنع بالذات ہے، مثلاً اگر غیر متناہی کو بالفعل موجود مانا جائے تو اس سے اس کا متناہی ہونا لازم آئے گا، اسی طرح جزو لا یتجزی (غیر منقسم جز) کو موجود مان لینے سے اس کا متجزی و منقسم ہونا لازم آتا ہے تو اگر مساوی کے موجود مان لینے سے اس کا معدوم ہونا لازم آئے تو وہ مساوی ممتنع بالذات ہوگا۔" (امتناع النظیر مترجم، ص: ۷و۸)

اس مقدمہ کی تمہید کے بعد حضرت علامہ نے خود مخالف کی پیش کردہ حدیثوں کی روشنی میں یہ واضح فرمایا کہ نبی پاک ﷺ کے تمام کمالات میں جس شخص کو بھی مساوی مانا جائے وہ مساوی اور لا مساوی (اجتماع نقیضین) کا مصداق ہے نیز اگر اس مساوی کو موجود مانا جائے تو اسے موجود ماننے کی صورت میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات اور ممتنع عقلی ہے نہ کہ ممکن بالذات اور محال بالغیر جیسا کہ مخالف کا عقیدہ ہے آپ اس مطلوب کی تحقیق و توضیح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ان تمہیدی کلمات کے بعد میرا کہنا یہ ہے کہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کردہ حدیث پاک سے یہ ثابت ہے کہ قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام اور آپ کے علاوہ تمام انسان حضور سرورِ دین و دنیا علیہ و علیٰ آلہ الصلاۃ والسلام کے لواء الحمد کے نیچے ہیں تو اگر حضور اقدس ﷺ کے تمام اوصاف کمال میں کوئی برابر شخص ممکن ہو تو اس کے موجود ہونے کی صورت میں یہ صفت یا تو اس میں موجود ہوگی یا نہیں۔

بر تقدیر ثانی یعنی یہ صفت اس میں موجود نہ ہو تو جسے برابر مانا گیا وہ برابر نہ رہا بلکہ وہ برابر شخص قیامت کے دن حضور اقدس ﷺ کے لواء الحمد کے نیچے ہے تو اس صورت میں جسے برابر مانا گیا اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ برابر ہے اور برابر نہیں تو وہ محال بالذات ہوا، اور نیز اسے موجود ماننے کی صورت میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اور بر تقدیر اول یعنی یہ صفت اس مساوی مفروض میں موجود ہو تو حضور اقدس ﷺ "من سواہ" (آدم علیہ السلام کے سوا تمام لوگوں) کے عموم میں والعیاذ باللہ داخل ہوں گے تو آپ اس خاص صفت کے مصداق نہ ہوں گے تو جسے آپ کے برابر مانا گیا تھا آپ اس کے برابر نہ ہوں گے تو جسے حضور ﷺ کا مساوی مانا گیا تھا وہ حضور ﷺ کا مساوی نہ ہوا تو وہ مساوی اور لا مساوی (اجتماعِ نقیضین) کا مصداق ہوا تو وہ ممتنع بالذات ہے۔ اور نیز اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔ حاصل یہ کہ وجود مساوی دونوں تقدیروں پر اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور دونوں تقدیروں پر اپنے عدم کو مستلزم ہے تو وہ دونوں تقدیروں پر محال بالذات ہے۔

نیز اس حدیث سے ثابت ہے کہ: حضور اقدس ﷺ "اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ" (سب سے پہلے زمین سے باہر تشریف لانے والے) ہیں تو اگر آپ کے برابر شخص ممکن ہو تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں یا تو "مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ" کے عموم میں داخل ہوگا یا نہیں؟ دوسری صورت میں وہ برابر شخص سب سے پہلے زمین سے باہر آنے والا نہیں ہو سکتا تو اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ آپ کے برابر ہے اور برابر نہیں۔ اور پہلی صورت میں یا تو سب سے پہلے زمین سے باہر آنے والا ہوگا تو اس صورت میں حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے باہر آنے والے نہیں ہو سکتے حالاں کہ یہ مفروض و مسلم کے خلاف ہے؛ اس لیے کہ یہ مانا جا چکا ہے کہ: حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے زمین سے باہر تشریف لانے والے ہیں تو اس برابر شخص کا برابر نہ ہونا لازم آیا کیوں کہ اس صورت میں اس برابر شخص میں ایک ایسی صفت پائی گئی جو حضور اقدس ﷺ میں نہیں ہے۔

یا وہ برابر شخص "اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ" نہ ہوگا؟ تو جسے برابر فرض کیا گیا تھا وہ برابر نہ رہا یہ خلاف مفروض

ہے، بہر تقدیر برابر شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ ممتنع بالذات ہو گا اور ان تمام صورتوں میں وہ برابر اور غیر برابر کا مصداق ہے تو وہ اجتماعِ نقیضین کا مصداق ہے تو وہ ممتنع بالذات ہو گا۔

اور نیز اسی حدیث شریف میں یہ ہے کہ: حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے شفاعت فرمائیں گے۔ اور آپ کی شفاعت سب سے پہلے مقبول ہوگی یعنی آپ کی شفاعت تمام شفاعت کرنے والوں کی شفاعت پر مقدم ہے۔ اور آپ کی قبولیتِ شفاعت تمام مقبولانِ شفاعت کی قبولیتِ شفاعت سے پہلے ہے تو اگر آپ کے برابر شخص ممکن ہو تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں اگر وہ تمام شافعین اور مقبولانِ شفاعت کے عموم میں داخل نہ ہو تو وہ برابر شخص برابر نہیں۔ اور اگر ان کے عموم میں داخل ہو تو اگر وہ سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلے مقبولِ شفاعت نہ ہو تو وہ برابر شخص برابر نہ رہا اور اگر ان دونوں صفتوں سے موصوف ہو تو ہمارے فرض کے اعتبار سے یہ برابر شخص سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلے مقبولِ شفاعت ہو گا اور بحکم حدیث سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلے مقبول شفاعت نہ ہو گا۔ تو اس صورت میں وہ برابر شخص برابر ہو گا اور برابر نہ ہو گا تو وہ اجتماعِ نقیضین کا مصداق ہے تو وہ ممتنع بالذات ہے اور بہر صورت اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ ممتنع بالذات ہے۔

حضرت علامہ نے متعدّد طریقوں سے اس مسئلے کی تحقیق و توضیح فرمائی اور یہ روشن فرمایا کہ نبی پاک ﷺ کی تمام صفات کمال میں جسے آپ کے مساوی مانا گیا وہ اپنے موجود ہونے کی صورت میں، بہر تقدیر مساوی ولا مساوی (اجتماع نقیضین) کا مصداق ہے اور نیز اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ ممتنع بالذات اور محال عقلی ہے اس لیے کہ قطع نظر از غیر یہ اپنے نفس مفہوم کے اعتبار سے محال ہے، ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں فرمایا:

"إن مايمتنع بنفس مفهومه كجمع الضدين وقلب الحقائق وإعدام القديم لايدخل تحت القدرة القديمة والباعث لهم على هذا الاجتراء الجهل أو التجاهل بمعنى الممتنع الذاتى والمستحيل العقلى فإن معناه مالا يتصور فى العقل وجوده مع قطع النظر عن الغير."

"یعنی جو اپنے نفس مفہوم کے اعتبار سے ممتنع ہے جیسے دو نقیضوں کو اکٹھا کرنا اور قلب حقیقت اور قدیم کو معدوم کرنا قدرت قدیمہ کے تحت داخل نہیں اور اس جرأت پر باعث ان کا ممتنع ذاتی و مستحیل عقلی کے معنیٰ سے جہل یا تجاہل (دانستہ انجان بننا) ہے اس لیے کہ **مستحیل عقلی کا معنیٰ:** وہ مفہوم ہے کہ غیر سے قطع نظر کرتے ہوئے جس کا وجود عقل میں متصور نہیں۔"

اور شیرازی نے شرح ہدایت الحکمت میں کہا:

"يتصوره العقل عنوانا لأمر باطل الذات ويجزم بعدمه بحسب تصوره مع قطع النظر عن غيره وإن كان الحكم بعدمه لأجل وسط فى الحكم لا فى نفس المحكوم به له، بخلاف الممتنع بالغير، فإن مجرد ماهيته المعقولة ليست محكومة بالعدم بوسط وغير وسط، بل بحسب الغير."

محال عقلی وہ ہے: جسے عقل امر باطل بالذات کا عنوان تصور کرے اور اس کے محض تصور کے اعتبار سے غیر سے قطع نظر کرتے ہوئے اس مفہوم کے معدوم ہونے کا یقین کرے، اگرچہ اس کے معدوم ہونے کا حکم، حکم میں واسطہ ہونے کی وجہ سے ہو اس کے نفس محکوم بہ میں نہ ہو بخلاف ممتنع بالغیر کے اس لیے کہ اس کی محض ماہیت معقولہ محکوم بالعدم نہیں نہ بواسطہ نہ بغیر واسطہ بلکہ محکوم بالعدم بحسب الغیر ہے۔"

اس کے بعد آپ نے مخالف کے اس کلام کے تنقیدی و تحقیقی جائزہ کے تحت فرمایا:

"یہ صرف ممکن ہے، وقوع میں آنے والا نہیں، اس لیے کہ وہ ممتنع بالغیر ہے۔"

یہ قول اس لیے باطل ہے کہ متعدّد طریقوں سے دلائل کے ذریعہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ: آپ کا برابر و مساوی ممتنع بالذات ہے۔

اور بر سبیل تنزّل بھی یہ قول بے ربط و بے معنیٰ ہے اس لیے کہ یہ نافہم یہ کہتا ہے کہ:

"اس حدیث کے الفاظ میں تامل صادق کرنے سے آں حضرت ﷺ سے اعلیٰ شخص پر اللہ کی قدرت ثابت ہوتی ہے۔"

اور **قدرت** فعل اور ترک فعل کی صحت کا نام ہے جیسا کہ علمِ کلام کی کتابوں میں اس کی تصریح ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کتابوں کی عبارتیں عنقریب نقل کریں گے۔

اور پھر کہتا ہے کہ: "یہ وقوع میں آنے والا نہیں، اس لیے کہ وہ ممتنع بالغیر ہے۔"

واضح رہے کہ **ممتنع بالغیر کی دو قسمیں ہیں:**

(۱)- وہ ممتنع بالغیر جو ممتنع بالذات کو مستلزم ہو۔ مثلاً اللہ سبحانہ کی قدرت کا عدم، اس کی حیات کا عدم اور اس کے علم کا عدم عامۂ متکلّمین کے نزدیک جو یہ کہتے ہیں کہ: اللہ تعالیٰ کی صفتیں اس کی ذات پر زائد ہیں اور ان کا عدم ممتنع بالغیر ہے اور جیسا کہ فلاسفہ کے نزدیک "عقل اول کا عدم" کہ ان کے نزدیک عقل اول کا عدم، واجب سبحانہ کے عدم کو مستلزم ہے۔

(۲)- وہ ممتنع بالغیر جو ممتنع بالذات کو مستلزم نہ ہو، صرف فاعل مختار کے ارادے سے واقع نہ ہو اور اس کا وقوع کسی محال کو مستلزم نہ ہو۔

اس نافہم نے اپنے اس قول: "ممتنع بالغیر ہے" میں ممتنع بالغیر سے کیا مراد لیا ہے؟ اگر یہ مراد لیا ہے کہ: آپ کا مساوی یا آپ سے اعلیٰ مخلوق ممتنع بالغیر از قسم ثانی ہے تو یہ باطل ہے: اس لیے کہ آپ سے اعلیٰ یا آپ کے برابر و مساوی کا موجود ہونا محال بالذات کو مستلزم ہے۔ وہ محال بالذات یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ کا جھوٹا ہونا لازم آئے گا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب آئے گا کہ اس قائل کو بھی اس بات کا اعتراف ہے تو یہ شق باطل ہے۔

اور اگر یہ مراد لیا ہے کہ: حضور اکرم ﷺ کے برابر و مساوی یا آپ سے اعلیٰ کا ممتنع ہونا از قسم اول ہے تو اس صورت

میں آپ کا مساوی یا آپ سے اعلیٰ اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہی نہیں ہو سکتا جیسا کہ متکلّمین کے نزدیک اللہ سبحانہ کے اوصاف کمال کا عدم اس کی قدرت کے تحت داخل نہیں ہے تو اس شق پر اس کا یہ قول باطل ہے کہ:

''آں حضرت ﷺ سے اعلیٰ شخص پر اللہ کی قدرت ثابت ہوتی ہے۔''

مولوی حیدر علی ٹونکی نے امکان مثل کی صورت کی توضیح کرتے ہوئے کہا:

''یہ احتمال ہے کہ حضور ﷺ اور آپ کے برابر و مماثل شخص کی نبوت کا زمانہ ایک ہو تو اس صورت میں دونوں برابر خاتم الانبیا ہوں گے۔''

حضرت علامہ نے اس کا رد کرتے ہوئے فرمایا:

''یہ اس کی غایت حماقت اور نافہمی کی دلیل ہے، اس لیے کہ **خاتم الانبیا وہ ہوتا ہے:** جو تمام انبیا کے آخر میں مبعوث ہو، جس کا دین تمام انبیا کے دین کا ناسخ ہو، جس کا دین ہمیشہ باقی رہے، جو ساری مخلوق کا رسول بن کر مبعوث ہوا اور جو شخص اس کے زمانہ میں یا اس کے زمانے کے بعد ہو اس کا امتی رہے؛ اس لیے کہ اگر خاتم النبیین تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں نہ ہو تو ''ختم به النبوة'' اور ''خاتم النبيين'' کا معنیٰ متصور ہی نہ ہو گا؛ اس لیے کہ کتاب و سنت کے اس روشن نص میں جمع معرف باللام ہے۔ اور ختم نبوت کا معنیٰ اس وقت تک متصور ہی نہ ہو گا جب تک کہ خاتم الانبیا تمام انبیا کے آخر میں نہ ہو۔ اگر اس کے زمانہ میں کوئی دوسرا نبی ہو تو اس کا دین تمام انبیا کے دینوں کا ناسخ نہ ہوا، اس کا دین دائمی و ہمیشہ نہ ہوا تو اس نافہم نے خاتم الانبیا کا معنیٰ سمجھے بغیر غایت حماقت کے سبب جو احتمال قائم کیا اس پر دونوں شخص خاتم الانبیا نہیں ہو سکتے۔ جیسا کہ اس کی تفصیل انشاء اللہ تعالیٰ آئے گی۔ لہٰذا مذکورہ حدیثوں سے جس طرح اس بات کی دلیل فراہم ہوتی ہے کہ: آپ کا شریک و مثل موجود نہیں اسی طرح ان سے یہ حقیقت بھی آشکار ہوتی ہے کہ: آپ کا مساوی مذکور ممکن بالذات نہیں۔ آپ کے مساوی کے ممتنع بالذات ہونے پر ان حدیثوں کی دلالت نہ سمجھنا انتہائی بے وقوفی اور جہالت و گمرہی کی پیداوار ہے؛ اس لیے کہ ان حدیثوں سے آپ کے مساوی کے ممتنع بالذات ہونے کی دلیل خوب خوب روشن ہے۔ ''وَلٰكِنْ مَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ'' خدا جسے نور نہ دے اس کے پاس کوئی نور نہیں۔

اس گمراہ گر بے دین شخص کی زبان ضلالت ترجمان سے جو گمراہ کن کلمات نکلے، جن کے سبب وہ جہنم رسید ہوا اس سے پہلے کسی بے دین نے ایسی بے معنیٰ بات نہ کہی اس لیے کسی عالم دین کو اس تصریح کی ضرورت پیش نہ آئی کہ: ''آپ کا مساوی ممتنع بالذات ہے۔'' اور قرآنِ حکیم کے نصوص قطعیہ محالات ذاتی کو شامل نہیں ہیں اور اس مساوی کے ممکن بالذات ہونے کی کوئی عقلی و نقلی دلیل موجود نہیں یہاں تک کہ یہ وہم ہو سکے کہ: وہ شریک و مساوی ان نصوص قطعیہ کے عموم و شمول کے تحت داخل ہے۔

اور رہا اصحاب معرفت کا معاملہ تو ان کے مشاہدات سے کہیں یہ ثابت نہیں کہ: ''آپ کا مساوی ممکن بالذات ہے۔''

شیطان الانس کے مرید اس بے دین شخص کا عارفانِ حق سے کیا رشتہ وعلاقہ؟ اس کے مقتدا اور پیشوا نے عارفانِ حق کا سخت رد کیا۔ اس بے دین نے عوام کو دھوکا اور فریب دینے کے لیے عارفانِ حق کا ذکر کیا"۔ (امتناع النظیر مترجم)

مخالفین اس مقام پر یہ کہتے ہیں کہ اگر مثل مذکور اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہ ہو تو اللہ سبحانہ کا عاجز ہونا لازم آئے گا اور اللہ سبحانہ عجز سے پاک ومنزہ ہے۔

حضرت علامہ نے عجز کی حقیقت واشگاف کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"عجز یہ ہے کہ جو چیز اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہونے کی صلاحیت رکھے اس پر وہ قادر نہ ہو اور ممتنع بالذات اس کی قدرت کے تحت داخل ہونے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا تو اس پر اس کے قادر نہ ہونے سے اس کا عاجز ہونا لازم نہیں آتا۔" (۱)

اس کی مزید توضیح کرتے ہوئے افادہ فرمایا کہ:

"مثلاً اگر کوئی شخص یہ کہے کہ: اللہ سبحانہ اپنا شریک ومماثل یا اجتماع نقیضین یا ارتفاع نقیضین پیدا کرنے پر قادر نہیں تو یہ نہیں کہا جاسکتا کہ: وہ اللہ سبحانہ کو عاجز وبے بس اور مجبور اعتقاد کرتا ہے۔"(۲)

حاصل یہ کہ حضور اقدس سید عالم ﷺ کے صفات کمال میں کسی شخص کا مساوی ہونا اجتماعِ نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق اور جس شئ کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو اس کا مصداق محال بالذات ہے۔ اور کوئی بھی محال بالذات وجود کی صلاحیت نہ رکھنے کے سبب اللہ سبحانہ کا مقدور بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا، محالات عقلیہ کو اللہ سبحانہ کی قدرت، اس لیے شامل نہیں کہ وہ وجود پذیر ہونے سے قاصر ہیں، نہ اس لیے کہ اللہ سبحانہ عاجز ہے۔

حضرت علامہ نے بار بار اس حقیقت کو روشن فرمایا کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کا مصداق اجتماعِ نقیضین کا مصداق ہے تو اس کے ممکن ہونے کا قول کرنا اجتماع نقیضین کے ممکن ہونے کا قول کرنا ہے اور یہ باطل ہے۔ پوری امتناع النظیر اور تحقیق الفتویٰ مطالعہ کر ڈالیں تو یہ حقیقت روشن ہوگی کہ حضرت علامہ نے ان دونوں کتابوں میں بار بار اس حقیقت کو متعدّد طریقے سے روشن فرمایا حقیقت کے روشن ہو جانے کے بعد اعتراف حقیقت کر لینا چاہیے یا کم از کم خاموش ہو جانا چاہیے شاید شاہ صاحب پر یہ حقیقت روشن ہوگئی تھی اسی لیے "تحقیق الفتویٰ" کے بعد انھوں نے کوئی تحریر قلم بند نہ کی جب کہ اس سے قبل ان کے قلم سیّال نے ایک ہی دن میں رسالہ یک روزہ تالیف کر دیا تھا اور قلم کی جولانیت یا کرامت کے اظہار کے لیے اس کا نام "یک روزہ" رکھا ان کا سارا زور قلم حضرت علامہ کی تحقیق انیق کے بعد جاتا رہا حق اسی وقت واضح ہو چکا تھا مگر مولوی حیدر

---

(۱) امتناع النظیر، ص:۲۰

(۲) امتناع النظیر، ص:۲۲

علی ٹونکی انجام سے بے خبر ہو کر اس میدان میں کود پڑے ان کا جو حشر ہوا وہ آنکھوں کے سامنے ہے، پوری کتاب میں وہ کہیں یہ واضح نہ کر سکے کہ مساوی مفروض کا مصداق اجتماعِ نقیضین کا مصداق نہیں اور اس کے امکان کا قول کرنا اجتماعِ نقیضین کے امکان کا قول کرنا نہیں حضرت علامہ نے بار بار مختلف طریقوں سے اسے روشن فرمایا اور یہ بھی روشن فرمایا کہ محالاتِ عقلیہ کے داخل قدرت نہ ہونے سے اللہ سبحانہ کا عاجز ہونا لازم نہیں آتا جب کہ مساوی خاتم رسالت کے ممکن ہونے سے محال لازم آتا ہے وہ محال یہ ہے کہ اللہ سبحانہ کا کاذب ہونا لازم آتا ہے اس لیے کہ اس نے ارشاد فرمایا:

"مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ"

کذب الٰہی محالات عقلیہ میں سے ہے جسے علامہ نے روشن فرمایا۔

شرح مقاصد میں ہے:

"الكذب وهو محال بإجماع العلماء لأن الكذب نقص باتفاق العقلاء وهو على الله تعالىٰ محال." (۱)

کذبِ الٰہی باجماع علما محال ہے کہ وہ باتفاق عقلا عیب ہے اور عیب اس پاک بے عیب پر قطعاً محال ہے۔

اس مقام پر حضرت علامہ نے صحیحین کی حدیث پاک ذکر کی اور اس کی روشنی میں جو گراں قدر استدلال فرمایا ہے وہ آپ ہی کا خاص حصہ ہے، آپ نے اس حدیثِ پاک کی روشنی میں یہ روشن فرمایا کہ یہ مخالف بار بار یہ کہتا ہے کہ مساوی مفروض پر اللہ عزوجل کے قادر نہ ہونے سے اس کی قدرت کا انکار لازم آتا ہے خود مخالف کو بھی اللہ عزوجل کی قدرت کے انکار سے مفر نہیں آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"مثلی و مثل الأنبياء كمثل قصر أحسن بنيانه ترك منه موضع لبنة فطاف به النظار يتعجبون من حسن بنيانه إلا موضع تلك اللبنة ، فكنت أنا سددتُّ موضع اللبنة ختم بى البنيان وختم بى الرسل." (۲)

ترجمہ: میری اور تمام انبیا کی مثال اس خوب صورت محل کی ہے جس میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی گئی تو ناظرین اور مشاہدین نے اس کی سیر کی تو وہ اس عمارت کی دل کشی سے محو حیرت ہو رہے تھے بجز اس اینٹ کی جگہ کے۔ تو میں نے ہی اس ایک اینٹ کی جگہ کو پُر کیا اس قصرِ نبوت کی تکمیل مجھی سے کی گئی اور مجھے سب سے آخری نبی و رسول بنایا گیا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ:

---

(۱) شرح المقاصد المبحث الثالث فی انه متكلم دار المعارف النعمانیه، لاهور، ج:۲، ص:۱۰۴

(۲) مشكاة المصابيح، ص:۵۱۰، باب بدأ الخلق و ذكر الأنبياء عليهم السلام، مجلس بركات، جامعه اشرفيه، مبارك پور، اعظم گڑھ

"وَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ" اور میں ہی وہ آخری اینٹ ہوں، اور میں ہی سب سے آخری نبی ہوں۔ [1]

اس کور باطن کی نظر میں اس قصر نبوت و رسالت سے دو اینٹ (خشت رسالت) کی جگہ باقی رہ گئی تھی اور صرف حضور اقدس ﷺ کے وجود باجود سے وہ خالی جگہ پُر نہ ہوئی اس لیے کہ ایک اینٹ (خشت رسالت) سے دو اینٹ (خشت رسالت) کی جگہ پُر ہونا متصور نہیں۔ اس حدیث سے واضح ہے کہ: اس قصر نبوت سے صرف ایک ہی اینٹ (خشت رسالت) کی جگہ باقی رہ گئی تھی اس میں دوسری اینٹ کی قطعاً گنجائش نہ تھی، اللہ سبحانہ نے آپ کے وجود باجود سے اس خالی جگہ کو پُر فرما کر قصر رسالت کو کامل و تام فرمایا اگر وہ دوسری خشت رسالت بھی فرض کی جائے تو حضور اقدس ﷺ وہ خشت رسالت نہیں ہو سکتے۔ اور جب وہ خشت رسالت حضور اقدس ﷺ ہی ہیں جیسا کہ خود ارشاد فرمایا:

"وَأَنَا اللَّبِنَةُ" اور میں ہی وہ خشت رسالت ہوں۔

تو دوسری خشت رسالت ممکن ہی نہیں۔ جب شیخ نجدی اور اس بے علم کی طرح اس کے متبعین اس بات کے قائل ہیں کہ: "کروڑوں انسان آپ کے تمام کمالات میں برابر ہو سکتے ہیں۔" تو ان کے علم میں قصر نبوت و رسالت میں کروڑوں بلکہ بے شمار اینٹیں باقی ہیں تو ان بے ایمانوں کے اعتقاد میں یہ حدیث چند جھوٹ پر مشتمل ہے:

(۱)- ان کے عقیدے میں حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد: "إِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةُ" (ایک خشت رسالت و نبوت کی جگہ کے سوا) بھی جھوٹا ہے؛ اس لیے کہ ان کے اعتقاد میں اس قصرِ نبوت و رسالت میں کروڑوں بلکہ بے شمار خشت نبوت و رسالت ابھی تک باقی ہیں اور ہمیشہ ہمیش باقی رہیں گی۔

(۲)- اور ان کے اعتقاد میں آپ کا یہ ارشاد پاک بھی جھوٹا ہے:

"فَكُنْتُ أَنَا سَدَدْتُ مَوْضِعَ اللَّبِنَةِ" تو میں نے ہی اس خشت رسالت کی خالی جگہ پُر فرما دی۔

اس لیے کہ جس قصر نبوت و رسالت میں بے شمار خشتِ رسالت کی جگہیں خالی ہوں محض ایک خشت رسالت و نبوت سے اس میں کیا ہوگا۔

(۳)- اور ان ملحدوں کے اعتقاد میں آپ کا یہ ارشاد پاک بھی جھوٹا ہے:

"فَطَافَ بِهِ النُّظَّارُ يَتَعَجَّبُونَ مِنْ حُسْنِ بُنْيَانِهِ إِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ" تو ناظرین و مشاہدین نے اس قصر نبوت و رسالت کی سیر کی تو وہ اس کی تعمیر کی دل کشی سے محو حیرت ہو رہے تھے۔ بجز اس ایک اینٹ کی جگہ کے، یعنی وہ خالی جگہ انھیں پسند نہ آرہی تھی۔

اس لیے کہ ان کے عقیدہ میں اس قصر نبوت و رسالت میں بے شمار خشت رسالت کی جگہیں باقی ہیں تو اس محل میں بے شمار اینٹوں کے باقی رہتے ہوئے یہ کہنا جھوٹ ہے کہ:

---

(۱) مشکاۃ المصابیح، ص: ۵۱۰، باب بدء الخلق و ذکر الانبیاء علیہم السلام، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ

''اس قصر رسالت میں صرف ایک ہی خشت رسالت کی جگہ باقی تھی۔''

اور جس قصر رسالت میں بے شمار خشت رسالت کی جگہیں باقی ہوں اس کی تعمیر کی دل کشی سے ناظرین و مشاہدین کا محو حیرت ہونا بھی بے معنیٰ ہے۔ یہ ان بے دینوں کی انتہائی مکر سازی ہے کہ: ''تمام صفاتِ کمالیہ میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلیٰ شخص کے ممتنع بالذات ہونے سے اللہ سبحانہ کی قدرت کا انکار لازم آتا ہے۔'' اس لیے کہ خود ان بے دینوں کو اس لازم (انکار قدرت باری) کے التزام سے مفر نہیں اس لیے کہ یہاں دو صورتیں ہیں:

(۱)- یا تو ان کے نزدیک منصب نبوت و رسالت کو کامل و تام فرمانا، اسے اس کے آخری درجہ تک پہنچانا اور قصر نبوت کو اس طرح مکمل فرمانا کہ اس میں ایک بھی خشت نبوت کی جگہ باقی نہ رہے، اللہ سبحانہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہے یا نہیں؟ اگر اللہ سبحانہ اس پر قادر نہ ہو تو انھیں بھی اللہ سبحانہ کی قدرت کے انکار سے قطعاً مفر نہیں۔ اور اگر اللہ سبحانہ اس پر قادر ہو تو جب اس نے قصر نبوت و رسالت کو اس کے سب سے بلند و بالا اور آخری درجہ تک پہنچا دیا ہے تو اب اس کے برابر یا اس سے کوئی بلند درجہ ممکن ہی نہیں ورنہ سب سے بلند و بالا درجہ، سب سے بلند و بالا درجہ نہ رہے گا اور یہ محال ہے تو اس سب سے بلند و بالا اور آخری درجہ کے برابر یا اس سے اعلیٰ پر اللہ تعالیٰ قادر نہ ہو تو اس صورت میں ان نافہموں کو اس التزام سے کسی طرح مفر نہیں کہ: ''اللہ سبحانہ اس خاتم الانبیا والرسل کے برابر یا اس سے اعلیٰ پر قادر نہیں جو نبوت و رسالت کو کامل و تام فرمانے والے ہیں۔''

اور نبی پاک ﷺ نے اپنی اور دیگر انبیاے کرام کی صفت ذکر کرتے ہوئے حدیث شریف میں جو ارشاد فرمایا اس میں بھی یہی گفتگو جاری ہوگی کہ: کیا اللہ تعالیٰ اس قصر نبوت و رسالت کو اس طرح مکمل فرمانے پر قادر ہے کہ: اس میں کسی خشت رسالت کی جگہ باقی نہ رہے یا قادر نہیں؟ اگر قادر نہ ہو تو اس قصر رسالت کو مکمل فرمانے پر اللہ سبحانہ تعالیٰ کا قادر نہ ہونا لازم آیا۔ اور اگر قادر ہو تو جب اللہ سبحانہ تعالیٰ کے اس قصر رسالت کو کامل و تام فرما دینے کے بعد اس میں کسی خشت رسالت کی جگہ باقی نہیں تو جس کامل قصر رسالت میں کسی خشت رسالت کی جگہ باقی نہیں اس میں کسی دوسری اینٹ کا رکھنا محال ہے تو وہ قدرت کے تحت داخل ہی نہیں۔ اس اشتباہ کا سبب یہ ہے کہ: یہ لوگ محال بالذات کو ممکن بالذات ثابت کر کے اللہ رب العزت کی قدرت کے عموم و شمول کا بہانہ بنا کر ملحدانہ فکر کو رائج کرنا چاہتے ہیں: ''وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝۸''

مخالف نے بار بار یہ کہا کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا مساوی اپنی نفس ذات کے اعتبار سے محال کو مستلزم نہیں بلکہ نفس ذات کے علاوہ دوسری شی کے اعتبار سے محال کو مستلزم ہے اس لیے وہ ممکن بالذات اور محال بالغیر ہے محال بالذات نہیں۔ حضرت علامہ نے اس حقیقت کو روشن فرمایا کہ وہ مساوی اپنی نفس ذات کے اعتبار سے اجتماع نقیضین کو مستلزم ہے کسی کے واسطہ سے نہیں کیوں کہ اگر وہ مساوی موجود ہو تو یا تو خاتم النبیین ہو گا یا نہ ہو گا؟ اگر خاتم النبیین یعنی بعثت کے اعتبار سے آخری نبی ہو تو لامحالہ اس کی نبوت حضور اقدس ﷺ کی نبوت کے بعد ہو گی اور

حضور اقدس ﷺ معاذ اللہ خاتم النبیین نہ ہوں گے تو وہ مساوی، مساوی نہ ہو گا تو اجتماعِ نقیضین لازم آئے گا۔

اور اگر وہ مساوی خاتم النبیین نہ ہو تو حضور اقدس ﷺ کا مساوی نہ ہو گا تو بھی اجتماع نقیضین لازم آئے گا اور محال کا مستلزم ہونا خود اس مساوی کی ذات کے اعتبار سے ہے، ذات کے علاوہ اور کسی خارجی شی کے اعتبار سے نہیں، بر خلاف معلول موجب کا عدم، علت موجبہ واجبہ کے عدم کو مستلزم ہونا کہ یہ استلزام، نفس ذاتِ معلول کے اعتبار سے نہیں بلکہ ذاتِ معلول کے سوا ایک دوسری شی علاقۂ علیت کے اعتبار سے ہے۔

حاصل یہ کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا مفروض مساوی اپنی نفس ذات کے اعتبار سے اجتماعِ نقیضین کو مستلزم ہے۔

مولوی حیدر علی ٹونکی نے "فتوحات مکیہ" کی ایک عبارت اور "جواہر القرآن" وغیرہ میں مذکور حدیث: "إن لله أرضا بیضاء مسیرة الشمس فیھا ثلاثون یوما الخ" سے استدلال کرتے ہوئے یہ کہا کہ:

"یہ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ جن وانس کی طرح دوسری دو نوعیں پیدا فرما کر انھیں مکلف فرمائے، ان دونوں نوعوں میں سے ایک میں انبیا کو مبعوث فرمائے اور اس ایک نوع میں ایک شخص کو خاتم النبیین بنائے تو خاتم النبیین کی صفت میں اس نوع کا وہ شخص حضور اقدس ﷺ کے برابر ہو گا۔"

حضرت علامہ نے اس استدلال کا روشن رد کرتے ہوئے فرمایا:

یہ چند وجوہ سے لغو اور بے فائدہ ہے:

(۱)- اس قائل نے اپنے جس مقتدا شیخ نجدی کی خواہش کی اتباع میں اپنی عقل اور اپنا دین برباد کیا اور برباد کر رہا ہے اس نے یہ کہا ہے کہ:

"آں حضرت ﷺ کے برابر شخص سے ایسا فرد انسان مراد ہے جو ماہیت اور اوصاف کمال میں آں جناب علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ الصلوٰۃ والسلام کے برابر ہو۔"

تو جنات وانس کے سوا دوسری دو نوع کا پیدا ہونا، ان دو نوعوں کا مکلف ہونا، ان میں انبیا کا مبعوث ہونا اور ان دونوں نوعوں میں سے ایک نوع میں خاتم النبیین ہونا۔ اس قائل کی یہ ساری بے ہودہ باتیں اگر مان بھی لیں تو اس سے شیخ نجدی کو کوئی فائدہ نہ ہو گا؛ اس لیے کہ وہ انسانی افراد میں سے کسی فرد انسان کا خاتم النبیین ہونا ممکن مانتا ہے اور اپنے زعم وخیال کے مطابق اس کی دلیل بھی دیتا ہے۔ جنات وانسان کے سوا کسی دوسری نوع میں خاتم النبیین کا پیدا ہونا اسے کار آمد نہیں اور اس کی دلیل اس پر منطبق نہیں ہوتی۔ اس قائل نے اپنی بد عقلی کے سبب اپنے مقتدا شیخ نجدی کی بھی اتباع اس جگہ چھوڑ دی۔

(۲)- اگر وہ دونوں نوعیں پیدا ہوں اور ان دو نوعوں میں سے ایک نوع میں انبیا مبعوث ہوں تو وہ انبیا یا تو "النبیین" یعنی تمام انبیا کے عموم میں داخل ہیں تو اس صورت میں حضور ﷺ تمام انبیا کے خاتم ہیں جن کے زمرہ میں اس نوع۔

انبیا بھی داخل ہیں تو آپ تمام انبیا کے آخر میں مبعوث ہونے والے ہوں گے جیسا کہ بار بار گزرا- یا "النبیین" یعنی تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہوں گے تو وہ انبیا ہی نہیں اور ان کا خاتم، خاتم الانبیا نہیں انھیں انبیا اور ان کے خاتم کو خاتم الانبیا کہنا سراسر جہالت ہے۔

اس مقام پر یہ وہم ساقط ہے کہ:

"حضور اقدس ﷺ کو جس جگہ "خاتم النبیین" فرمایا گیا وہاں "النبیین" سے افراد انسان کے انبیا مراد ہیں اور جس مقام پر اس دوسری نوع کے انبیا کا مبعوث ہونا مانا گیا ہے وہاں اس دوسری نوع کے افراد انبیا مراد ہیں۔"

اس لیے کہ "النبیین" اسم مشتق ہے اور مشتق کے مفہوم میں کوئی خاص ذات داخل نہیں تو "خاتم النبیین" میں "النبیین" کا مفہوم تمام انبیا کو عام ہے اس کی دلالت کسی ذات پر ہو اور کسی ذات پر نہ ہو ایسا نہیں ہو سکتا۔

(۳)- اس قائل نے ماسبق میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ حدیث خود نقل کی ہے کہ:

"فُضِّلْتُ عَلَي الْأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ أُعْطِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَّطَهُوْرًا وَأُرْسِلْتُ إِلَي الْخَلْقِ كَافَّةً وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّوْنَ." (۱)

"مجھے چھ چیزوں کے سبب تمام انبیا پر فضیلت بخشی گئی: مجھے جوامع الکلم عطا کیے گئے، رعب و خوف کے ذریعہ میری مدد فرمائی گئی، میرے لیے غنیمت کے مال حلال کیے گئے، زمین میرے لیے مسجد اور پاک کرنے والی بنائی گئی، مجھے تمام مخلوق کا رسول بنا کر بھیجا گیا اور مجھے سب سے آخری نبی بنایا گیا۔"

تو اگر یہ دونوں نوعیں پیدا ہوں تو تمام مخلوق کے تحت داخل ہوں گی تو وہ ساری نوعیں حضور اقدس ﷺ کی امت ہوں گی تو ان دونوں نوعوں کے موجود ہونے کی صورت میں بھی یہ زعم و خیال بالکل ساقط ہے کہ کوئی شخص تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر ہو۔ یا وہ دونوں نوعیں تمام مخلوق کے عموم میں داخل نہ ہوں گی تو اس صورت میں العیاذ باللہ تعالیٰ حضور اقدس ﷺ تمام مخلوق کے رسول نہ ہوں گے، تو یہ احتمال ظاہر کرنا حضور اقدس ﷺ کی اس خاص صفت یعنی تمام مخلوق کے رسول ہونے کا انکار کرنا ہے نہ کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ثابت کرنا۔" (امتناع النظیر)

حضرت علامہ نے اس مقام کی مزید تحقیق و توضیح کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"یہ کہنا کہ "اللہ کی قدرت محالات ذاتیہ کو شامل نہیں" عین ایمان ہے مثلاً مساوی اور غیر مساوی، موجود اور غیر موجود، سفید اور غیر سفید، سیاہ اور غیر سیاہ کے مصداق۔ مختصراً یہ کہ بے شمار متناقض مفہوموں کے مصداق کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل مانا جائے تو "تمام محالاتِ ذاتیہ کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل ماننا پڑے گا۔ بلکہ یہ کہنا لازم آئے

---

(۱) مشكاة المصابيح، ص:۵۱۲، باب فضائل سيد المرسلين، ترمذی كتاب السير، باب ماجاء فی الغنيمة، مجلس بركات، جامعه اشرفيه، مبارك پور، اعظم گڑھ

گا کہ: اللہ سبحانہ اپنے شریک، اپنے عدم، تمام حادث وممکن چیزوں کے ساتھ اتحاد اور اس کے علاوہ بے شمار چیزوں پر قادر ہے کیوں کہ تمام محالات ذاتیہ محال بالذات ہونے میں برابر ہیں ان کے درمیان محال ہونے میں کوئی فرق نہیں کہ: ان میں سے بعض محال بالذات پر اللہ سبحانہ قادر ہو اور بعض پر قادر نہ ہو۔

مقامِ حیرت یہ ہے کہ: یہ ایمان فروش جاہل اور ناحق کوش متجاہل اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ: سفید وغیر سفید، سیاہ وغیر سیاہ، کاتب وغیر کاتب وغیرہ بے شمار متناقض مفہوموں کے مصداق محال بالذات ہیں جو اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں تو تمام کمالات میں آپ کے مساوی کا مصداق جو مذکورہ بالا متعدّد وجوہ سے اس (اجتماعِ نقیضین) کا مصداق ہے کہ: وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر ہے اور تمام کمالات میں آپ کے برابر نہیں تو اسے محال بالذات ماننے سے کیوں ان کا جگر خراشیدہ، رگِ دل تراشیدہ اور زخمِ دروں نمک پاشیدہ ہونے لگتا ہے؟ جب ان بے شمار متناقض مفہوموں کا مصداق اللہ سبحانہ کے زیرِ قدرت داخل نہ ہونے سے اس کی قدرت کے عموم وشمول میں کوئی فرق نہ آیا تو اس مصداق مذکور کا قدرت باری کے تحت داخل نہ ہونا اس کی قدرت کے عموم وشمول میں کیوں کر خلل انداز ہو سکتا ہے؟ یہ کج فہمی اور کج روی نجدیت کا وبال ہے ایسی بے دینی اور بد عقیدگی سے اللہ کی پناہ۔" (امتناع النظیر)

جب مخالف کے سارے راستے بند ہو گئے اور کوئی چارہ نہ رہا تو یہ کہا کہ حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص سے شیخ نجدی کی یہ مراد نہیں کہ وہ تمام کمالات میں برابر ہے۔ یہ کہنا کہ شیخ نجدی کی مراد یہ ہے کہ: "تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہے۔" سراسر بہتان ہے۔

بالفرض اگر اس کا یہی دعویٰ ہو تو یہ احتمال ہے کہ: جس شخص کو حضور اقدس ﷺ کے برابر فرض کیا گیا ہے اس میں آپ کے وصف خاتم النبیین کے مقابل دوسرا خاص وصف کمال موجود ہو جو حضور اقدس ﷺ میں نہ ہو تو اس صورت میں وہ شخص تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا مساوی بایں معنیٰ ہو گا کہ: آپ میں ایک خاص وصف کمال "خاتم النبیین" موجود ہے جس کے مقابل دوسرا خاص وصف کمال اس شخص میں ہے اور دونوں میں دوسرے کمالات بالاشتراک موجود ہیں تو مساوات اور برابری پائی گئی اور اس طرح خاتم النبیین کی جس صفت میں شرکت کا احتمال نہیں اس میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا شریک ہونا لازم نہ آیا۔

حضرت علامہ نے اس کا تحقیقی وتفصیلی رد کرتے ہوئے فرمایا:

اس قائل نے اپنی نادانی وبے ایمانی کے سبب جس شیخ نجدی کو عالم ربانی کا لقب دیا جب اس (شیخ نجدی) نے خود یہ تصریح کر دی ہے کہ:

"حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص سے ایسا فرد انسان مراد ہے جو آپ کی ماہیت اور اوصاف کمال میں شریک ہو۔"

اور اس مساوی شخص کے ممکن ہونے کی یہ دلیل دی ہے کہ:

وہ مساوی یاتو اس لیے محال بالذات ہے کہ آپ کی ماہیت میں شریک ہونا محال ہے یا اس لیے کہ: نفس ذات کے اعتبار سے ان اوصاف مذکورہ سے متصف ہونا محال ہے۔ ظاہر ہے کہ انسان کے کروڑوں افراد میں آپ کی حقیقت انسانیہ کا مشترک ہونا محال نہیں ہے ورنہ آں جناب ﷺ کا ان اوصاف سے متصف ہونا محال ہوتا کیوں کہ دو مماثل چیزوں کا حکم ان میں ایک ہوتا ہے جو نفس ماہیت و حقیقت کے اعتبار سے ثابت و مسلوب ہوتی ہیں ورنہ ان دونوں میں ماہیت کا مشترک نہ ہونا لازم آئے گا تو ان دونوں کا مماثل نہ ہونا لازم آئے گا اور یہ مفروض و مسلم کے خلاف ہے تو مساوی مذکور کا موجود ہونا محال نہ ہوگا۔" (شیخ نجدی کی دلیل ختم ہوئی)

شیخ نجدی کے اس کلام سے صاف صاف ظاہر و آشکارا ہے کہ اس کا دعویٰ یہی ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کی ماہیت اور تمام اوصاف کمال میں آپ کا شریک و مساوی محال بالذات نہیں۔ آپ جن اوصاف کمال سے متصف ہیں سب میں اس کی یہ دلیل جاری ہے۔ اس گمراہ پیشوا کی دلیل پر اس متبع کو مکمل وثوق و اعتماد ہے بلکہ اس نے اس کی دلیل کی تائید و تقویت کے لیے نہ صرف عرق ریزی بلکہ جاں فشانی کی ہے اگرچہ اس کی عرق ریزی و جاں فشانی کا انجام نامرادی و ناکامی اور نقصان و محرومی کے سوا کچھ نہیں جیسا کہ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب ظاہر ہوگا تو یہ دونوں چیزیں شیخ نجدی کے لیے کار آمد نہ ہوں گی اور اس سے اس کے کار سربستہ کی گرہ کشائی نہ ہوگی۔ اس کے گمراہ کن اور ضلالت آمیز کلام کی تصحیح اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ یہ ثابت نہ کر دیا جائے کہ: ذات افضل ممکنات علیہ افضل الصلوات والتسلیمات کا خاص وصف خاتم النبیین اور آپ کے دیگر خاص اوصاف کمال قابل اشتراک ہیں۔ یہ ماننا کہ: "جس شخص کو آپ کے مماثل مانا گیا ہے اس شخص میں خاتم النبیین کی صفت محال بالذات ہے اور تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا مساوی ممکن نہیں اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں۔" شیخ نجدی کا دعویٰ باطل کردے گا اور اس سے نجدیت کی بیخ کنی اور اس کے دیوانہ سر کی سر کوبی ہوگی اور اس سے اس کی دلیل منہدم ہو جائے گی۔ حاصل یہ ہے کہ: شیخ نجدی کے لیے یہ دونوں چیزیں نفع بخش اور سود مند نہیں اگر ہو سکے تو اس کی نفع رسانی کے لیے کوئی دوسرا چارہ تلاش کرنا چاہیے ان بے ہودہ باتوں کے سبب وہ جن تنگ نائیوں میں گرفتار ہے ان سے رستگاری ممکن نہیں۔

اس کے بعد آپ نے مختلف وجوہ سے اس کلام کا جائزہ لیا اور اسے باطل قرار دیتے ہوئے فرمایا:

(۶)- وہ کمال یا تو نبوت و رسالت کے مقام و مرتبہ کے شایاں ہے یا نہیں؟ دوسری صورت میں وہ وصف خاتم النبیین کا مقابل و معادل نہیں ہو سکتا اور پہلی صورت میں وہ کمال کبھی کسی نبی و رسول میں تھا یا نہیں؟ اگر وہ کسی نبی و رسول میں تھا تو یہ وہم کرنا کہ: "حضور اقدس ﷺ میں نہیں ہے" بے ایمانی کے سوا کچھ نہیں، اس لیے کہ مروی ہے کہ:

"إن النبی ﷺ حاز خصال الأنبیاء واجتمعت فیه إذ هو عنصر ها و منبعها."

(تمام انبیاے کرام جن خصلتوں کے جامع ہیں آپ کی ذات شریفہ میں وہ ساری خصلتیں موجود و مجتمع ہیں، اس لیے کہ آپ ہی کی ذات پاک ان تمام خصلتوں کی اصل اور مبدا و سرچشمہ ہے) انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مزید تفصیل جلد آئے گی۔

اور اگر مقام نبوت و رسالت کے شایاں وہ کمال انبیاعلیہم السلام میں سے کسی نبی میں کبھی نہ تھا اور نہ ہے اور نہ کبھی ہوگا تو وہ انیاب اغوال (بھوت کے دانت یعنی محض وہمی اور خیالی شی) کے قبیل سے ہے، فضل و کمال کی جنس سے نہیں، اور یہ خیال محض جنون اور پاگل پن ہے کہ: ''رب جلیل نے وصف خاتم النبیین کے مقابل و موازن جس وصف کمال سے تمام انبیا و رسل علیہم السلام کو محروم رکھا ہے اسے ایسے کروڑوں لاشئ محض کے لیے محفوظ کر رکھا ہے جنھیں شیخ نجدی اور اس کے ریزہ خواروں نے حضور اقدس ﷺ کا مساوی گمان کیا جسے اللہ عزوجل نے ازلاً و ابداً محض معدوم کر رکھا ہے تو جاہل کو گمراہ کرنے کے لیے ایسا احتمال ظاہر کرنا خیال محال کے سوا کچھ نہیں۔ یہ ساری چیزیں بدانجام نجدی کی اتباع کا وبال ہیں۔

(۷)- خاتم النبیین کی صفت کے مقابل وصف کمال سے موصوف آپ کا مساوی مفروض اگر ممکن ہو اور سے موجود مانا جائے تو یا تو نبی ہوگا یا نہیں؟ اگر نبی نہ ہو تو آپ کا مساوی ہونا محال ہے اگرچہ نبوت کے سوا لاکھوں کمال اس میں ہوں اور اگر نبی ہو تو آپ کے زمانہ میں یا آپ کے زمانہ کے بعد صفت نبوت سے موصوف ہوکر موجود ہو تو آپ کا خاتم النبیین نہ ہونا لازم آئے گا جب کہ یہ ساری گفتگو یہ تسلیم کر لینے کے بعد ہے کہ: ''خاتم النبیین'' کی صفت حضور اقدس ﷺ ہی کے ساتھ خاص ہے اور آپ کی اس صفت میں کسی کا شریک ہونا محال بالذات ہے تو آپ کے زمانۂ نبوت میں اور آپ کے زمانۂ نبوت کے بعد اس مساوی کو موجود ماننا جو مسلم و مفروض کے خلاف کو مستلزم ہے دو نقیضوں کو فرض کرنا ہے تو اسے موجود ماننا محال کو موجود ماننا ہے۔

اور اگر آپ کے زمانۂ نبوت سے پہلے موجود ہو تو وہ اگرچہ فضل و شرف کا لاکھوں کمال رکھتا ہو اس کا پایۂ کمال حضور اقدس ﷺ کے پایۂ کمال سے فروتر ہوگا؛ اس لیے کہ آپ کی نبوت جو آپ کا اعلیٰ وصف کمال ہے کمال کی اعلیٰ حد پر فائز ہے۔ کوئی غیر کامل، کامل کے مقام و مرتبہ تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا اگرچہ لاکھوں اوصاف کا حامل ہو، غیر کامل، بہر حال غیر کامل ہے۔

اس کے بعد آپ نے حضور اقدس سید عالم ﷺ کی ایسی صفتوں کا احاطہ و استقصا فرمایا جو آپ کے وصف خاتم النبیین کی طرح دو شخصوں کے درمیان قطعاً قابل اشتراک نہیں ان صفتوں میں دو شخصوں کو برابر ماننا اجتماعِ نقیضین کا مصداق ممکن ماننا ہے ان غیر قابل اشتراک صفتوں میں سے چند صفتیں یہ ہیں:

(۱)- سارے عالم کا رسول ہونا۔ (۲)- رحمۃ للعالمین ہونا۔ (۳)- آپ کا نور اول ہونا۔ (۴)- سب سے پہلے قبر سے باہر تشریف لانا۔ (۵)- سب سے پہلے صعقۂ قیامت سے ہوش میں آنا۔ (۶)- سب سے پہلے آپ کو سجدہ کی اجازت حاصل ہونا۔ (۷)- سب سے پہلے سجدہ سے اپنا سرِ اقدس اٹھانا۔ (۸)- سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا آپ پر نظر کرم فرمانا۔ (۹)- سب سے پہلے شفاعت فرمانا۔ (۱۰)- سب سے پہلے آپ کی شفاعت کا مقبول ہونا۔ (۱۱)- سب سے پہلے دروازۂ جنت کی زنجیروں کو ہلانا۔ (۱۲)- سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹانا۔ (۱۳)- سب سے پہلے آپ کے لیے جنت کا کھولا جانا۔ (۱۴)- سب سے پہلے اپنی امت کو پل صراط سے گزارنا۔ (۱۵)- وسیلہ کی خاص فضیلت سے سرفراز ہونا۔ (۱۶)-

اللہ رب العزت کے حضور تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ عزت و کرامت و وجاہت والا ہونا۔ (۱۷)- قیامت کے دن تمام لوگوں کا سردار ہونا۔ (۱۸)- قیامت کے دن تمام انبیا کا امام و شفیع ہونا۔ (۱۹)- تمام مکارم اخلاق اور محاسن افعال کو کامل و تام فرمانا وغیرہ۔

یہ وہ صفتیں وہ ہیں جن میں کوئی آپ کے شریک و برابر کوئی نہیں ہو سکتا ان غیر قابل اشتراک صفتوں میں اگر آپ کا کوئی شریک موجود ہو تو اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے نیز وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ شریک محال بالذات ہے۔

مولوی حیدر علی ٹونکی نے جابجا یہ کہا کہ: یہ احتمال ہے، یہ ممکن ہے، ہو سکتا ہے یہ مراد ہو۔ حضرت علامہ نے ہر احتمال پر کلام فرمایا اور یہ روشن فرمایا کہ اللہ عزوجل نے حضور اقدس ﷺ کو اپنے عظیم فضل سے ایسے فضائل و کمالات سے نوازا ہے جن میں کوئی نبی و رسول آپ کا شریک نہیں ہے چہ جائے کہ کوئی نبی و رسول حضور اقدس ﷺ سے افضل ہو، آپ نے کتاب و سنت اور تفاسیر معتمدہ اور شارحین حدیث کے اقوال مستندہ کی روشنی میں ایسے خاص فضائل و کمالات کا ذکر فرمایا جو قابل اشتراک نہیں، آپ نے یہ واضح فرمایا کہ ان غیر قابل اشتراک صفتوں میں دو شخصوں کا شریک ہونا محال بالذات ہے اس لیے کہ وہ دو شخصوں کے درمیان شرکت کی صلاحیت نہیں رکھتیں ان صفتوں اور ان کے موصوف کو پیدا نہ فرمانا تو ممکن ہے مگر دو شخصوں کے درمیان ان کا مشترک ہونا ممکن نہیں مثلاً خاتم النبیین، اول النبیین کی صفت غیر قابل اشتراک ہے کہ سب سے پہلا نبی اور سب سے آخری نبی ایک ہی شخص ہو سکتا ہے کہ اول و آخر غیر قابل اشتراک صفتیں ہیں کہ اول حقیقی اور آخر حقیقی ایک سے زائد نہیں ہو سکتے تو یہ کہنا کسی طرح ممکن نہیں کہ ایک زمانہ میں دو شخص ہوں تو دونوں برابر خاتم النبیین ہوں گے اس لیے کہ ان دونوں میں سے کوئی بھی آخری نبی نہ ہوا اس لیے کہ **خاتم النبیین کا معنیٰ** ہے: آخری نبی یعنی جو تمام انبیا کے آخر میں ہو اور جب ایک زمانہ میں دو نبی ایک ساتھ ہوئے تو ان دونوں میں کوئی بھی سب سے آخر میں نہ ہوا بلکہ بعض نبی کے ساتھ ہوا حضرت علامہ نے **بار بار مختلف طریقوں سے اسے روشن فرمایا اور یہ واضح فرمایا کہ خاتم النبیین کا ہونا اور نہ ہونا تو ممکن ہے لیکن دو شخصوں کا خاتم النبیین ہونا ممکن نہیں** آج بھی اسماعیلی جماعت کو چیلنج ہے کہ وہ اس بات کو ثابت کر دے کہ دو شخص ایک ساتھ خاتم النبیین بمعنیٰ آخر النبیین ہو سکتے ہیں اسی طرح دو شخص حضور اقدس ﷺ کے ان خاص فضائل و کمالات سے ایک ساتھ متّصف ہو سکتے ہیں جو دو شخصوں کے درمیان قابل شرکت نہیں مثلاً یہ کہ وہ اول النبیین ہوں، أول من تنشق عنه الأرض ہوں، وسیلہ جو حضور اقدس ﷺ کی خاص صفت ہے اس سے متّصف ہوں۔ شاہ صاحب پر یہ حقیقت عیاں ہو گئی تھی اس لیے وہ اس طرف متوجہ نہ ہو کر دوسرے کام میں مصروف ہو گئے اور مولوی حیدر علی ٹونکی بے سوچے سمجھے اس میدان میں کود پڑے بالآخر جب سارا زور قلم ختم ہو گیا تو چپ چاپ بیٹھ گئے۔ مولوی قاسم نانوتوی نے مولوی اسماعیل دہلوی اور ان کے ہم نواؤں کا حشر دیکھ لیا تھا اس لیے انھوں نے ایک دوسری راہ اختیار کی اور قرآنِ کریم کے نص قطعی اور

احادیث متواترۃ المعنیٰ اور اجماع امت سے ثابت شدہ معنیٰ کے خلاف ایک نیا معنیٰ گڑھا اور ایک اسرائیلی روایت کا سہارا لیا جسے علما نے موضوع وغیر مقبول اور ماخوذ عن الاسرائیلیات قرار دیا۔ امام اہلِ سنت مجددِ دین وملت سیدنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ نے "جزاء اللہ عدوہ بِاِبَائِہٖ ختمَ النبوۃ" لکھ کر قاسم نانوتوی اور ان کے ہم نواؤں کے کفر کے تابوت میں وہ آخری کیل ٹھونک دی ہے کہ آج تک ان سے کوئی جواب نہیں بنتا اور توجیہ القول بما لا یرضیٰ بہ القائل کرتے اور قاسم نانوتوی کی مراد کے خلاف معنیٰ بیان کرتے ہیں کلام کی تاویل نہیں کرتے، بلکہ مسخ وتغییر کرتے ہیں یہ کہاں کا انصاف ہے؟ یہ کس قدر بے حیائی ہے کہ قائل کی مراد کے خلاف ایک نیا معنیٰ گڑھا جائے۔ مولوی اسماعیل دہلوی اور قاسم نانوتوی دونوں نے امکانِ مثل کی راہ کھولی مگر ان کا ناطقہ ایسا بند کیا گیا کہ مجال دم زدن نہیں، پوری "امتناع النظیر" پڑھ ڈالیں یہ روشن ہو گا کہ حق کس کے ساتھ ہے میں کسی جوش عقیدت کی بنیاد پر نہیں کہتا بلکہ یہ حقیقت ہے الحق یعلو ولا یعلی۔ **مولوی حیدر علی ٹونکی کو بھی اس بات کا اعتراف کرنا پڑا کہ "خاتم النبیین" کی صفت میں برابر ہونا محال بالذات ہے اسی لیے** انھوں نے یہ احتمال ظاہر کیا کہ:

"خاتم النبیین کی صفت کے مماثل ومشابہ صفت حضور اقدس ﷺ کے مساوی میں موجود ہو اور آپ میں نہ ہو۔"

"اور ان کا مساوی وصف خاتم النبیین کے ہمسر اور برابر کسی اور وصف سے مختص ہو، اس طرح دونوں میں تساوی ہو جائے گی۔"

"خاص وصف خاتمیت میں برابر نہ ہونے کے سبب حضور اقدس ﷺ کے شریک ومساوی کی نفی اس بنا پر ہے کہ: قائل تفضیل کے قاعدہ سے غافل ہے اور اس کا شیوہ گمراہ گری ہے۔"

حضرت علامہ نے بار بار یہ واضح فرمایا کہ ایسے بے شمار مفہوم ہیں جن کے مصداق ممکن نہیں اور ان کے ممکن نہ ہونے سے اللہ عزوجل کی قدرت کاملہ کے عام ہونے پر کوئی اثر مرتب نہیں ہوتا تو تمام کمالات میں آپ کے مساوی کے مفہوم کا مصداق ممکن نہ ہونے سے اللہ عزوجل کی قدرت کاملہ کے عموم میں کیوں کر خلل متصور ہو سکتا ہے؟

جب ہر طرف سے راستے بند ہو گئے تو صحیح بخاری شریف میں مذکورہ حدیثوں کا سہارا لیا اور ان سے فاسد استدلال کیا حضرت علامہ نے استدلال کی حقیقت کو واشگاف فرماتے ہوئے اور اس کا محققانہ جائزہ لیتے ہوئے فرمایا کہ:

صحیح بخاری کی مذکورہ دونوں حدیثوں سے یہ لازم نہیں آتا کہ کوئی دوسری امت فضیلت وکمال میں حضور اقدس ﷺ کی امت کے برابر ہو۔ ان دونوں حدیثوں سے صرف اتنا ثابت ہے کہ: تھوڑے عمل پر زیادہ اجر دینا اللہ عزوجل کے فضل پر موقوف ہے۔ اور ہم اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ: جس شخص کے پاس ناقص عمل بھی نہیں اس پر فضل فرمانا، اللہ عزوجل کی عنایت وعطا پر موقوف ہے، استحقاق وقابلیت پر نہیں لیکن یہ اعتقاد نہیں رکھتے کہ: جو خاص اوصاف وکمالات دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں دو شخصوں کے درمیان ان کا مشترک ہونا ممکن ہے۔ ایسا اعتقاد سوفسطائیت پر موقوف ہے۔ صحیح

اعتقاد یہ ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کا وجود باجود آپ کی نبوت و رسالت، آپ کی ذات ستودہ صفات، آپ کے تمام فضائل و کمالات اور آپ کے قرب و ثواب کے درجات ممکن ہیں جن کا ہونا اور نہ ہونا ضروری نہیں۔ اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل اور خاص عطا سے آپ کو پیدا فرمایا اور آپ کو تمام ممکنات سے اعلیٰ درجہ کی فضیلت "ختم نبوت و رسالت" اور دوسرے بے شمار فضائل و کمالات سے نوازا ہے جن میں سے بعض ایسے فضائل و کمالات ہیں جو دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں اور آپ کی امت کو دوسری تمام امتوں سے افضل بنایا۔ اگر وہ چاہتا تو آپ کو پیدا نہ فرماتا، آپ کو ان فضائل و کمالات سے بہرہ ور نہ کرتا، آپ کی امت کو پیدا نہ کرتا اور اسے تمام امتوں سے افضل نہ بناتا، ان تمام فضائل و کمالات سے سرفراز نہ کرنا ممکن تھا مگر جو فضائل و کمالات دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں ان میں آپ کا شریک و مثل ممکن ہونا اس سے لازم نہیں آتا، آپ کے جو خاص فضائل و کمالات دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں جو اس سے پہلے مذکور ہو چکے ان سے آپ کا سرفراز ہونا اور نہ ہونا ممکن ہے مگر دو شخصوں کے درمیان ان کا مشترک ہونا ہرگز ممکن نہیں اور آپ کے طفیل اللہ سبحانہ نے آپ کی امت کو بھی بعض ایسے فضائل و کمالات سے نوازا ہے جو دو امتوں کے درمیان صالح اشتراک نہیں۔

جب صحیح بخاری کی مذکورہ حدیثوں سے مطلوب حاصل نہ ہوا تو حضرت شیخ شرف الدین احمد بن یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ سے مدد مانگی اور آپ کی اس عبارت کی پناہ لی پھر بھی مقصد بر نہ آیا:

"اگر وہ چاہے ہر لمحے میں محمد ﷺ کی طرح لاکھوں کو پیدا فرمائے اور ان کے انفاس میں سے ہر نفس کو "قاب قوسین" کا مقام قرب عطا فرمائے اس کے جلال میں ایک ذرہ زیادتی نہ ہوگی۔"

مولوی حیدر علی ٹونکی اس سے یہ دکھانا چاہتے تھے کہ حضرت شیخ کی عبارت بالا اور شاہ اسماعیل کی اس عبارت میں کچھ فرق نہیں:

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم "کن" سے چاہے تو کروڑوں نبی و ولی و جن و فرشتے جبریل اور محمد ﷺ کے برابر پیدا کر ڈالے۔" (تقویۃ الایمان)

حضرت علامہ نے اس کا بار بار جواب دیا مگر مخالف کو سمجھ میں نہ آیا آپ نے اپنی خداداد علمی صلاحیت سے اس شبہہ کو بھی حل کیا اور اس مغالطہ کو دفع کرتے ہوئے فرمایا کہ: **صفتیں دو طرح کی ہوتی ہیں ایک وہ جو قابل اشتراک ہیں، دوسری وہ جو غیر قابل اشتراک ہیں۔ حضرت شیخ نے جس صفت کا ذکر فرمایا ہے وہ قابل اشتراک ہے اور ہماری بحث غیر قابل اشتراک صفتوں میں ہے** جن میں کوئی شخص حضور اقدس ﷺ کے برابر نہیں ہو سکتا۔ حضرت شیخ نے جس صفت کو ذکر فرمایا ہے وہ "قاب قوسین" کا قرب ہے جو چند افراد و اشخاص کے درمیان مشترک ہونے سے مانع نہیں اس لیے کہ اللہ سبحانہ کا اس مقام قرب پر دوسروں کو فائز فرمانا ممکن ہے جب اس طرح کی صفتیں متعدّد افراد و اشخاص کے درمیان قابل اشتراک ہیں جن میں آپ کے شریک و مماثل ہو سکتے ہیں تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ:

"اگر اللہ سبحانہ چاہے ہر آن میں محمد ﷺ کی طرح لاکھوں انسان پیدا فرمائے اور ان میں سے ہر ہر فرد وہر ہر شخص کو "قاب قوسین أو أدنیٰ" کا مقام قرب عطا فرمائے اس لیے کہ مقام "قاب قوسین أو أدنیٰ" بے شمار افراد کے درمیان مشترک ہونے کے قابل ہے۔"

اور جو صفت قابل اشتراک نہیں کسی کے لیے اس کا ثبوت اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ دوسرے سے اس صفت کا سلب نہ کرلیا جائے اور حضور اقدس ﷺ کا اس صفت سے متصف ہونا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ آپ کے سوا دوسرے تمام افراد سے اس کا سلب نہ کرلیا جائے اور آپ کے سوا کسی دوسرے شخص کا اس صفت سے متصف ہونا اس وقت تک عقلاً ممکن نہیں جب تک کہ آپ سے اس صفت کا سلب نہ کرلیا جائے اس قسم کی صفتوں میں سے "خاتم النبیین" کی صفت ہے اور اس کے علاوہ یہ صفتیں بھی ہیں:

"اللہ رب العزت کا سب سے پہلے آپ کا نور پیدا فرمانا، تمام انبیا میں آپ کو سب سے پہلی مخلوق بنانا، سب سے پہلے آپ کا قبر سے باہر تشریف لانا الخ۔"

اس طرح کی غیر قابل اشتراک صفتوں میں آپ کا شریک و مساوی محال بالذات و ممتنع عقلی ہے لہٰذا دو شخصوں کا خاتم النبیین ہونا ممکن ہی نہیں چہ جائے کہ ایک ایک لمحہ میں لاکھوں پیدا ہونے والے انسانوں میں سے ہر ہر شخص تمام انبیا کی جماعت کا ایک آخری فرد ہو اس لیے کہ ہر ایک لمحہ میں پیدا ہونے والے ان لاکھوں بلکہ بے شمار انسانوں میں سے ہر ہر شخص یا تو نبی ہو گا یا نہیں؟ اگر ان میں سے بعض نبی ہو اور بعض نبی نہ ہو تو ان میں سے ہر ایک کا خاتم النبیین ہونا محال ہے اس لیے کہ غیر نبی، خاتم النبیین نہیں ہو سکتا اور اگر ان میں سے ہر ایک نبی ہو تو ان میں سے ہر ایک تمام انبیا کا سب سے آخری نبی اور تمام انبیا کی جماعت کا ایک آخری فرد نہیں ہو سکتا تو ان میں سے ہر ایک خاتم النبیین نہیں ہو سکتا۔

حاصل یہ ہے کہ: خاتم النبیین کی صفت دو شخصوں کے درمیان مشترک نہیں ہو سکتی، چہ جائے کہ دو سے زائد افراد کے درمیان مشترک ہو، اسی طرح دوسرے اوصاف مذکورہ دو شخصوں کے درمیان مشترک نہیں ہو سکتے۔ کوئی عاقل بلکہ فہم سے بہرہ رکھنے والا انسان یہ فرض نہیں کر سکتا کہ: لاکھوں انسانوں میں سے ہر ہر شخص ہر ہر لمحہ میں اُن غیر قابل اشتراک اوصاف سے موصوف ہو جن سے آپ سب سے پہلے موصوف ہیں جن کا ذکر بار بار گزرا۔

اس کے علاوہ آپ نے دوسرے جوابات ارقام فرمائے ہیں جن سے یہ واضح ہوتا ہے کہ مکتوب کی عبارت سے تمام کمالات بلکہ صرف مقام "قاب قوسین" کے حصول میں بھی آپ کے شریک و مثل کا ممکن بالذات ہونا مستنبط نہیں ہوتا اور شیخ نجدی نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ: "تمام کمالات میں آں حضرت ﷺ کے برابر کروڑوں انسان ہو سکتے ہیں" مکتوب کی عبارت کو سراپا گم رہی، گمراہ گری اور بدانجام شخص کے اقوال کے موافق وہم آہنگ جاننا حد درجہ جہالت و گمراہی ہے۔

حضرت علامہ کی یہ کتاب اپنے موضوع پر ایک لاجواب کتاب ہے جو تحقیقات و تدقیقات کا بے بہا خزانہ ہے مخالف

آپ کی گرد راہ کو نہیں پہنچ سکتے اس کتاب میں علم کلام، علم حدیث، علم تفسیر، علم اصول، علم تصوف، علم نحو و ادب و منطق و فلسفہ کے وہ گراں قدر موتی ہیں جن تک اسی کی رسائی ہو سکتی ہے جس نے ان علوم کے بحر بیکراں میں غوطہ زنی کی ہو حضرت علامہ اپنے پوری کتاب میں عالمانہ، فاضلانہ، محققانہ شان کے ساتھ جلوہ گر نظر آتے ہیں اس موضوع سے متعلق کوئی گوشہ تشنہ نہ چھوڑا بلکہ ہر ہر گوشہ کو خوب خوب اجاگر فرمایا اور اس کی ایسی تحقیق و توضیح فرمائی کہ طبیعت جھوم اٹھتی ہے اور زبان حال یہ پکار اٹھتی ہے:

ع کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا ایں جاست

آج بھی اہلِ انصاف کو دعوت ہے کہ بنظر انصاف مطالعہ کریں اور ٹھنڈے دل سے فیصلہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حق واضح ہوگا اور اس بات کا اذعان تام ہوگا کہ حق اہلِ سنت کے ساتھ ہے اور سچائی یہ ہے کہ نبی اعظم سید عالم ﷺ کے تمام کمالات میں کسی شخص کا برابر ہونا محال بالذات ہے۔

اس موضوع کے حوالہ سے اگرچہ بہت سی کتابیں معرض وجود اور منصۂ شہود پر آئیں اور باطل کی بیخ کنی میں ایک نمایاں کردار ادا کیا مگر حضرت علامہ کی اس محققانہ کتاب کی ایک الگ شان ہے گویا وہ اس کا مصداق ہے:

ع لیکن تو چیزے دیگری

حضرت علامہ کی اس محققانہ کتاب نے ایوانِ باطل میں زلزلہ پیدا کر دیا اور انھیں ان کے آخری انجام تک پہنچا دیا۔ حضرت علامہ کی اس گراں قدر علمی و تحقیقی اہم دینی خدمت کو جتنا بھی سراہا جائے کم ہے، حضرت علامہ نے فتنۂ اسماعیلیہ کی بیخ کنی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی ہمارے ان علمائے اہلِ سنت کی خدمات بھی لائق صد تحسین ہیں جنھوں نے اس فتنہ کا سر کچلنے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے مگر سب سے پہلے جس شخص نے اس فتنہ کا قلع قمع فرمایا اور آنکھ میں آنکھ ملا کر بلا خوف لومۃ لائم باتیں کیں اور تحریری و تقریری مناظرے کیے وہ آپ ہی کی ذاتِ گرامی ہے۔

حضرت علامہ شاہ فضل رسول بدایونی قدس سرہ فرماتے ہیں:

”والنظر الی الاختصار منعنا من التفصیل، ومن شاء فلیرجع الی افادات الفاضل الکامل الأجلّ الأبجل المولی فضل حق الخیر اٰبادی وھو بأرض الھند أول من جرح مبتدعات النجدیۃ و مفاسدھم و اٰخر من بیّن شرح فساد عقائدھم فاطمأنّ قلوب أھل الیقین، و حصل الیقین للشاکین والمترددین وھدی اللہ بہ کثیرا من الضالین ولہ منّۃ علی کافۃ المسلمین و أجر جزیل عند رب العالمین.“[1]

”اور اختصار کے لحاظ نے ہم کو تفصیل سے باز رکھا جو تفصیل چاہے وہ فاضل کامل معظم محترم مولانا ”فضل حق خیر

(۱) المعتقد المنتقد، ب:۲، النبوات، ص:۱۲۳، رضا اکیڈمی، ممبئی

آبادی" کے افادات کی طرف مراجعت کرے۔ وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے سرزمین ہند میں نجدیوں کی بدعتوں اور ان کے مفاسد کو مجروح کیا اور آخری شخص ہیں جنھوں نے ان کے عقائد کے کھلے فساد کو بیان کیا تو اہلِ یقین کے دل مطمئن ہوئے اور شک و تردُّد والوں کو یقین حاصل ہوا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے سبب بہت سے گمراہوں کو ہدایت دی اور ان کا احسان تمام مسلمانوں پر ہے اور ان کے لیے رب العالمین کے پاس بڑا اجر ہے۔"

حضرت علامہ کا یہ گنج گراں مایہ فارسی زبان میں تھا اس کی افادیت کو عام و تام کرنے کے لیے اس بات کی ضرورت تھی کہ اسے اردو زبان میں منتقل کیا جائے۔ حضرت علامہ یٰسین اختر مصباحی بانی دار القلم ذاکر نگر، دہلی نے اس ضرورت کا احساس کیا اور یہ کام مناسب آدمی کو سپرد کرنے کی فکر میں رہے۔ آپ استاذ العلما، جلالۃ العلم ابو الفیض سید نا سرکار حافظ ملت علامہ شاہ **عبد العزیز مراد آبادی** ثم مبارک پوری علیہ الرحمۃ والرضوان کے عرس زرّیں کے موقع پر ملک کی عظیم ترین دانش گاہ جامعہ اشرفیہ مبارک پور تشریف لائے میرے شفیق استاذ خیر الاذکیا، عمدۃ المحققین، صدر العلما حضرت علامہ محمد احمد مصباحی صدر المدرسین جامعہ اشرفیہ مبارک پور و صدر مجلس شرعی جامعہ اشرفیہ مبارک پور نے فون پر اس بے مایہ سے فرمایا کہ: آپ مولانا یٰسین اختر مصباحی صاحب سے دار التجوید میں ملاقات کرلیں وہ آپ سے بات کریں گے حضرت کا حکم پاکر میں حاضر ہوا حضرت نے میرے ناتواں کندھے پر یہ عظیم بار رکھا میں اس لائق نہ تھا مگر بزرگوں کی عنایتوں کے سہارے اس خدمت کو قبول کرلیا اس کتاب کا ایک نسخہ استاذ گرامی حضرت صدر العلما صاحب قبلہ نے مجھے اپنے دست خاص سے اس کام کے لیے عنایت فرمایا۔ اللہ عزوجل کا نام لے کر اس کام کا آغاز کیا، بحمدہ تعالیٰ و بکرم حبیبہ الاعلیٰ یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا کتاب کی کمپوزنگ اور تصحیح کے بعد اسے اپنے استاذ گرامی حضرت صدر العلما دامت برکاتہ کی خدمت میں بغرضِ اصلاح پیش کیا، حضرت نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود غائرانہ نظر سے مطالعہ فرمایا اور جہاں جہاں اصلاح کی ضرورت محسوس کی اصلاح فرمائی یہ حضرت کی غایت درجہ شفقت و محبت ہے آپ کا شکریہ ادا کرنے کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں، پوری کتاب پڑھنا، اصل سے مقابلہ کرنا اور کتاب کے اصل ماخذ کی طرف مراجعت کرنا وغیرہ کس قدر دشوار گزار ہے اس کا اندازہ اسی کو ہے جسے اس سے کام پڑتا ہے میری طبیعت بار بار اکتائی کہ اس کام کو نہ کروں، چھوڑ دوں، اس سے فرصت مل جائے کیوں کہ میرے پاس موانع ہیں جنھیں میرا رب جانتا ہے، اللہ عزوجل کی توفیق اس کے حبیب اعظم سید عالم ﷺ کا کرم شامل حال نہ ہوتا تو یہ کام مجھ سے بن نہ پڑتا۔

جہاں تک ہوسکا تصحیح میں کوئی کوتاہی نہ کی گئی حضرت علامہ نے جہاں کہیں کتابوں کا حوالہ دیا ہے اصل ماخذ تلاش کر کے ان سے مقابلہ کیا گیا اور ان کے موافق کیا گیا حوالوں کی تخریج کی گئی، بعض عبارتوں کے حوالے نہ مل سکے اس لیے ان کی تخریج نہ کی گئی، حضرت علامہ نے مخالف (مولوی حیدر علی ٹونکی) کا کلام اصل کتاب میں جہاں کہیں نقل فرمایا ہے: "قال" کے بعد کوئی وصف ذکر کر کے نقل فرمایا ہے ترجمہ میں اس کے لیے ایک لفظ خاص کر دیا گیا: "مخالف نے کہا" اور اس کو جلی قلم

میں کر دیا گیا تاکہ مخالف کی عبارت واضح رہے اور علامہ کی عبارت اور مخالف کے کلام سے التباس نہ ہو، حضرت علامہ کا کلام "اقول" "قال الاستاذ، أفاد الاستاذ" وغیرہ کے عنوان سے تھا جسے ترجمہ میں "اُقول" "استاذ نے فرمایا" "استاذ نے افادہ فرمایا" رکھا گیا اور اسے بھی جلی کر دیا گیا ہے۔ قرآن کریم کی آیتوں پر اعراب اور رسم قرآنی کی موافقت کا خاص اہتمام کیا گیا ہے کتاب کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش کی گئی۔ پیرا گراف بدل کر کتاب کی افادیت کو عام کرنے کی کوشش کی گئی۔ ان سب کے باوجود کچھ نہ کچھ کوتاہیاں خامیاں رہ جاتی ہیں جن سے ہمارے بزرگوں کا دامن پاک ہے اگر کوئی کمی نظر آئے آگاہ فرمائیں، انشاء اللہ القدیر اس کو دور کرنے کی کوشش کی جائے گی میں اخیر میں اپنے محسن وشفیق استاذ صدر العلما، خیر الاذکیا **حضرت علامہ محمد احمد مصباحی** کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اس کتاب کی اصلاح وتحسین میں کوئی کوتاہی نہ فرمائی اور حضرت علامہ **یٰسین اختر مصباحی** بانی دار القلم دہلی اور حضرت علامہ **محمد حنیف خاں بریلوی** کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ ان حضرات کی تحریک پر یہ علمی سرمایہ معرضِ وجود میں آیا اور جامعہ اشرفیہ مبارک پور کے ان اساتذہ وطلبہ کا بے حد شکر گزار ہوں جنھوں نے اس کام میں ہر طرح میرا تعاون فرمایا۔ اللہ رب العزت اپنے حبیب اعظم سید عالم ﷺ کے صدقے ان سبھی حضرات کو دارین کی سعادتوں سے مالا مال فرمائے اور علم وادب کے عظیم گلشن **جامعہ اشرفیہ** مبارک پور کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور صبح قیامت تک اسے پھلتا پھولتا، چمکتا دمکتا اور مہکتا رکھے اور اس خدمت کو میری اور تمام مسلمانانِ عالم کی نجات کا ذریعہ بنائے۔ " أسأل الله تعالىٰ أن ينفع به الطالبين ويجعله خالصا لوجهه الكريم إلى يوم الدين. " آمين يا رب العالمين بجاه سيد المرسلين عليه و علىٰ آله أفضل الصلاة وأزكى التسليم.

محمد ناظم علی رضوی مصباحی
خادم الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ
۱۰ / محرم الحرام ۱۴۳۵ھ جمعہ مبارکہ

☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

امتناع النظیر

لحضرۃ خاتم النبیین علیہ الصلاۃ والتسلیم

از:

علامہ فضل حق خیرآبادی علیہ الرحمہ

۱۲۱۲ھ/۱۷۹۷ء.........۱۲۷۸ھ/۱۸۶۱ء

اردو ترجمہ از:

مولانا محمد ناظم علی رضوی مصباحی

استاذ الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور، ضلع اعظم گڑھ (یوپی)

ناشر:

امام احمد رضا اکیڈمی صالح نگر، رام پور روڈ، بریلی شریف (یوپی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِلّٰہِ حَامِدًا وَ إِلَیْہِ مُتَضَرِّعًا وَ بِحَبِیْبِہِ الْوَجِیْہِ الَّذِیْ ھُوَ أَفْضَلُ مَاسِوَاہُ وَ بِحَوْلِ اللّٰہِ وَ قُوَّتِہِ لِمَکَائِدِ الشَّیْخِ النَّجْدِیِ وَ أَتْبَاعِہِ النَّجْدِ مُسْتَدْفِعًا۔

ہمارے استاذ علام فضل حق خیر آبادی نے افادہ فرمایا کہ: اس وقت میرا دعوی یہ ہے کہ:

"حضور اقدس ﷺ کے کمالات میں کسی شخص کا برابر ہونا محال بالذات ہے۔" (صغری) اور جو چیز محال بالذات ہے اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں۔ (کبری)

مخالف نے کہا:

تفصیلی جواب سے انشاء اللہ تعالی معلوم ہو گا کہ: صغری محض کاذب ہے اور کبریٰ بھی محل کلام ہے۔ حاصل یہ ہے کہ یہ ساری چیزیں آیات و صفات باری میں فاسد بلکہ ملحدانہ اعتقاد کا نتیجہ ہیں۔ "إِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْ اٰیٰتِنَا لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا "[1] (بے شک جو ہماری آیتوں میں ٹیڑھے چلتے ہیں ہم سے چھپے نہیں)

آیت کریمہ: "إِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"[2] (بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے) میں مساوی مذکور "ہر چیز" کے تحت داخل ہے۔ مدعی معاند نے ممتنع بالذات کی تاویل کر کے یہ کہا کہ: مساوی مذکور اس آیت سے خارج ہے۔ انشاء اللہ یہ روشن ہو گا کہ: آیات و صفات باری میں مدعی کی یہ تاویل ملحدانہ تاویل ہے۔

اقول: اگر اس مخالف کو اپنے کمال گمرہی اور بے وقوفی کے سبب صغری میں تردد ہے تو اس کی غباوت و نافہمی اس کی عذر خواہ ہو سکتی ہے لیکن اس کا کبریٰ کو محل کلام کہنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اسے نوع انسانی سے شمار کرنا مجازات کے قبیل سے ہے۔ علاقہ مجازیہ ہے کہ: اس کی ظاہری شکل و صورت انسانوں جیسی ہے۔ اس لیے کہ کسی شئ پر قدرت کی صحت کے لیے اس شئ کا ممکن ہونا ضروری ہے۔ یہ حقیقت تو روشن بدیہیات سے ہے مگر اس مخالف کو اس میں کلام ہے اور اس کا قاصر ذہن اسے قبول نہیں کرتا تو جن نافہموں کی ساری توجہ کا مرکز و محور محض ترجمہ و عبارت خوانی، اور ان کتابوں کی عبارتوں کی زیارت ہے ایسے لوگوں کے لیے بعض عبارتوں کا پیش کرنا ضروری ہے۔ شرح مواقف میں ہے:

"اَلْمُصَحِّحُ لِلْمَقْدُوْرِیَّۃِ ھُوَ الإِمْکَانُ لِأَنَّ الْوُجُوْبَ وَالامْتِنَاعَ الذَّاتِیَیْنِ یُحِیْلَانِ

---

(۱) پ ۲۴، حم السجدہ: ۴۰

(۲) پ: ۱، البقرہ

اَلْمَقْدُوْرِیَّۃَ"[۱]

یعنی صرف شئ ممکن ہی زیر قدرت داخل ہو سکتی ہے؛اس لیے کہ واجب بالذات اور محال بالذات کا قدرت کے تحت داخل ہونا محال ہے۔

اور اسی میں ایک دوسری جگہ ہے:

"عِلْمُہٗ یَعُمُّ الْمَفْھُوْمَاتِ کُلَّھَا الْمُمْکِنَۃَ وَ الْوَاجِبَۃَ وَ الْمُمْتَنِعَۃَ فَھُوَ أَعَمُّ مِنَ الْقُدْرَۃِ لِأَنَّھَا تَخْتَصُّ بِالْمُمْکِنَاتِ دُوْنَ الْوَاجِبَاتِ وَالْمُمْتَنِعَاتِ "[۲]

یعنی تمام مفہومات ممکنہ، واجبہ اور ممتنعہ اللہ تعالی کے علم میں داخل ہیں تو علم، قدرت سے عام ہے؛اس لیے کہ قدرت صرف ممکن چیزوں ہی سے متعلق ہوتی ہے واجب اور ممتنع سے نہیں۔

اور شرح عقائد عضدیہ میں ہے:

"اَلْمُصَحِّحُ لِلْمَقْدُوْرِیَّۃِ ھُوَالإِمْکَانُ "[۳] یعنی مقدوریت کی صحت کا دارومدار صرف امکان پر ہے۔"

اس کلام سے مخالف کے اس قول کا الحاد خوب خوب روشن ہے کہ:"کبریٰ بھی محل کلام ہے "اس لیے کہ تمام محالات ذاتیہ محال بالذات ہونے میں برابر ہوتے ہیں، ان کے مابین امتناع ذاتی میں تفاوت واختلاف نہیں ہوتا کہ بعض میں امتناع ذاتی زیادہ اور بعض میں کم ہو لہذا یہ ہرگز متصور ہی نہیں ہو سکتا کہ بعض محال بالذات قدرت کے تحت داخل ہوں اور بعض داخل نہ ہوں۔

مخالف کے اس کلام سے ظاہر ہے کہ: اس کے نزدیک باری تعالی کا شریک ہونا، واجب الوجود کا معدوم وفنا ہونا، جاہل وعاجز اور جسم وحیز والا ہونا سب اس کی قدرت کے تحت داخل ہو سکتا ہے۔اب جو بھی صاحب فہم ہے وہ جان سکتا ہے کہ: بدعقیدگی اور الحاد کیا چیز ہے اور بدعقیدہ وملحد کون ہے۔ ہزار ہا ہزار مفہوم ایسے ہیں جن کے مصداق اور معنون محال بالذات ہیں انہیں قدرت الٰہیہ کے تحت داخل نہ ماننا کیوں کر الحاد ہو سکتا ہے ہاں قدرت کے تحت ممتنع بالذات کا دخول ممکن ماننا (جیسا کہ اس قائل کے نزدیک یہ ممکن ہے) کفر والحاد کی طرف لے جانے والا ہے۔ انشاء اللہ تعالی عنقریب یہ واضح ہو گا کہ: آیت مذکورہ میں محال بالذات ہر چیز کے عموم میں داخل نہیں ہے۔اس قائل کی کم عقلی کی علامت یہ ہے کہ: اس کے نزدیک واجب الوجود سبحانہ کا کمال اور عیب ونقص کی صفتوں سے متّصف ہونا ممکن بالذات ہے۔اور اس کے ساتھ وہ اس

(۱) شرح مواقف، ص:۵۸۷، المرصد الرابع فی الصفات الوجودیة، المقصد الثانی فی قدرته، مطبع:منشی نول کشور لکھنؤ

(۲) ۵۹۲ ،المرصد الرابع فی الصفات الوجودیة، المقصد الثانی،ص:۵۹۲، مطبع:منشی نول کشور لکھنؤ

(۳) الدوانی علی العقائد العضدیه ص ۵۶۰ مکتبه رحیمیه

بات کا قائل ہے کہ:

"وہ ممکنات ذاتیہ اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں"۔

تو اس کے علم و اعتقاد میں بعض ممکن بالذات بھی ایسے ہیں جو اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں ۔ اور اس مقام پر محالات ذاتیہ کا اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہونا ممکن مانتا ہے اور انہیں ہر شئ کے عموم کے تحت داخل سمجھتا ہے۔ اس کی ایسی بے تکی باتوں کے بارے میں کیا کہا جاسکتا ہے؟ اس شخص کے اس سیاہ نامے میں اس کی ایسی بہت سی حماقتیں ہیں یہ بھی اس کی بے شمار فطری حماقتوں کے سامنے "مشتے نمونہ از خروارے ہیں"۔

مخالف نے کہا کہ:

مدعی کے گمراہ کن کلام کا رد کرنے سے پہلے حضرت حبیب رب العالمین سید الاولین و الآخرین ﷺ کے دفتر تعریفات کے کچھ حوالجات وحی غیر متلو سے قلم بند کیے جاتے ہیں۔ قرآن مجید میں موجود وحی متلو ثابت کا حوالہ نہ ہوگا اس لیے کہ اس کا ذکر اتنا ضروری نہیں، قرآن مجید اور تفسیر مظہری میں ہے کہ:

"تلكَ الرُّسُلُ" إشارة إلى جماعة المرسلين التى علمت بقوله: "وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ" واللام للاستغراق والموصوف مع الصفة مبتدأ، خبره "فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ" الفضل: هو زيادة أحد الشيئين على أخر فى وصف مشترك بينهما، وفى العرف و الاصطلاح: يختص ذلك بوصف الكمال وهو مايقتضى مدحا فى الدنيا وثوابا فى الأخرة، فإن كان أحدهما مختصا بوصف كمال والأخر بوصف كمال أخر فلكل واحد منهما فضل جزئى على الأخر فى مطلق الكمال أعنى فى استحقاق المدح و الثواب، والفضل الكلى لمن له زيادة الثواب و مزيّة القرب عند الله تعالى، فالرسل والأ نبياء عليهم السلام شركاء فى درجة الرسالة أو النبوة و موجبات الأجر والثواب وفيما بينهم تفاضل عند الله تعالى بناء على كثرة الثواب ومزيد القرب لايعلمه كما هو إلا الله تعالى. وقد يدرك بعض ذلك بتعليمه تعالى كقوله: "مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللهُ" قال أهل التفسير: هوموسى عليه السلام لقوله تعالى: "وَلَمَّا جَاءَ مُوسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهُ رَبُّهُ" (الأعراف، ۱۴۳) وهذه الا ية لاتقتضى تخصيصه عليه السلام بتلك الفضيلة فقيل: "إنه موسى و محمد عليهما الصلاة والسلام كلم الله موسى على الطور ومحمدا ليلة المعراج حين كان "قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهِ مَا أَوْحٰى" (النجم، ۱۰،۹) وشتان مابينهما "وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ" على بعضهم أو على كلهم، أما رفع درجات بعضهم على بعض ففى كثير من الأ نبياء والرسل حيث فضل الرسل على الأنبياء وأولى العزم من الرسل على غيرهم ونحو ذلك. و

أما رفع درجات بعضهم علی کلهم فذالك مختص بنبینا محمد ﷺ ثابت ذلك بوحی غیر متلو و انعقد علیه الإجماع.[۱]

"تِلْكَ الرُّسُلُ" (وہ رسول ہیں) اس سے رسولوں کی اس جماعت کی طرف اشارہ ہے جن کا علم اس سے پہلے اللہ کے اس ارشاد میں ہوا: "وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ" (بے شک آپ رسولوں میں سے ہیں) "الرُّسُلُ" پر لام استغراق داخل ہے اور "تِلْكَ" اسم اشارہ موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا واقع ہے۔ اس کی خبر "فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ" ہے۔ (ہم نے ان تمام رسولوں میں سے ایک کو دوسرے سے افضل کیا) دو چیزوں کے درمیان مشترک صفت اگر ان دونوں میں سے کسی ایک میں زیادہ ہو تو وصف کی اس زیادتی کو فضیلت کہتے ہیں۔ اور عرف و اصطلاح میں فضیلت کا اطلاق وصف کمال کے ساتھ خاص ہے۔ اور **وصف کمال** وہ ہے: جو دنیا میں تعریف اور آخرت میں اجر و ثواب کا مقتضی ہوتا ہے۔ تو اگر دو میں سے کسی ایک کے ساتھ ایک خاص وصف کمال ہو اور دوسرے کے ساتھ دوسرا خاص وصف کمال ہو تو مطلق کمال (استحقاق مدح و ثواب) میں ایک کو دوسرے پر جزئی فضیلت حاصل ہے۔ اور کلی فضیلت اسے حاصل ہوگی جس کا اجر و ثواب زیادہ ہے اور جسے اللہ کا قرب زیادہ حاصل ہے۔ رسالت و نبوت کے درجات اور اجر و ثواب کی موجب چیزوں میں تمام انبیا و رسل علیہم السلام باہم ایک دوسرے کے شریک و برابر ہیں۔ اور ان کے درمیان اللہ کے نزدیک باہمی فضیلت، ثواب کی کثرت اور مزید قرب و منزلت کی بنا پر ہے جس کی حقیقت صرف اللہ ہی کو معلوم ہے۔ اور کبھی اللہ کی تعلیم سے ان میں سے بعض امور کا علم ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ اللہ نے فرمایا ہے: "مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللّٰهُ" ان میں سے بعض وہ ہیں جن سے اللہ نے کلام کیا۔ مفسرین نے فرمایا: اس سے حضرت موسی مراد ہیں، اس لیے کہ اللہ نے فرمایا:

"فَلَمَّا جَاءَ مُوسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ"[۲]

(تو جب موسیٰ ہمارے وعدے پر حاضر ہوئے اور ان سے ان کے رب نے کلام فرمایا)

اس آیت کا یہ تقاضا نہیں کہ: یہ خصوصیت صرف حضرت موسی علیہ السلام ہی کو حاصل ہو؛ اس لیے ایک قول یہ ہے کہ: اس سے حضرت موسی اور محمد علیہما السلام دونوں مراد ہیں۔ اللہ نے حضرت موسی علیہ السلام سے طور پر کلام فرمایا اور سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شب معراج میں جس وقت رب اور آپ کے درمیان دو کمانوں کا بلکہ اس سے زیادہ قرب ہوا تو رب نے اپنے خاص بندے کو وحی فرمائی جو وحی فرمائی، ان دونوں کے مقام و مرتبہ میں کتنا عظیم فرق ہے۔ "اور اللہ نے بعض کا درجہ بعض یا تمام رسولوں سے بلند فرمایا" لیکن بعض حضرات کو بعض سے بلند مقام و مرتبہ عطا فرمانا، یہ فضل و شرف بہت سے انبیا و رسل کو حاصل ہے کیوں کہ رسولوں کو انبیا اور اولوالعزم رسولوں کو غیر اولوالعزم رسولوں پر فضیلت حاصل ہے وغیرہ۔ رہا

---

(۱) تفسیر مظهری: ۱/ ۳۸۹ سورۂ بقره

(۲) الأعراف، ۱۴۳

بعض کو تمام انبیا و رسل سے بلند مقام عطا فرمانا تو وحی غیر متلو سے ثابت ہے کہ: یہ خاص فضل و شرف ہمارے نبی سیدنا محمد ﷺ ہی کو حاصل ہے اور اس پر اجماع بھی منعقد ہو چکا ہے۔

سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"أنا سيّدُ ولد آدم يوم القيامة ولا فخر وبيدى لواءُ الحمد ولا فخر ومامن نبى يومئذ آدمُ فمن سواه إلا تحت لوائى وأنا أوّلُ منْ تنشقُّ عنه الأرضُ ولا فخر." رواه أحمد و الترمذى وابن ماجة.(۱)

یعنی میں قیامت کے دن تمام اولاد آدم کا سردار ہوں گا، مجھے اس پر کوئی فخر نہیں، میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا، مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ:

" جلس ناسٌ من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فخرج حتى إذا دنا منهم سمعهم يتذاكرون قال بعْضُهُمْ: إن الله عز وجل اتخذ إبراهيم خليلا وقال اٰخر: موسى كلّمه تكليما وقال اٰخرُ: فعيسى كلمةُ الله وروحه وقال اٰخرُ: اٰدم اصطفاه الله فَخَرَجَ عليهم رسول الله ﷺ وقال: قد سمعت كلامكم وعجبكم إن إبراهيم خليل الله وهو كذلك وموسى نجي الله وهو كذلك وعيسٰى روح الله وكلمته وهو كذلك وآدم اصطفاه الله وهو كذلك ألا وأنا حبيب الله ولا فخر وأنا حامل لواء الحمد يوم القيامة تحته آدمُ فمن دونه ولا فخر وأنا أول شافع وأول مشفع يوم القيامة ولا فخر وأناأول من يحرك حلق الجنة فيفتح الله لي فيدخلنيها ومعي فقَرَاءالمؤمنين ولا فخر وأناأكرم الأولين والاٰخرين على الله ولافخر، رواه الترمذى والدارمى.(۲)

یعنی نبی پاک ﷺ کے کچھ اصحاب بیٹھ کر باہم مذاکرہ فرما رہے تھے اتنے میں آپ باہر تشریف لائے جب ان کے قریب پہنچے تو ان کا مذاکرۂ کلام سنا، بعض صحابہ نے یہ کہا: کہ اللہ نے ابراہیم کو خلیل بنایا۔ کسی نے یہ کہا کہ: اللہ نے موسی سے

(۱) ترمذی، ج:۲ ص:۲۰۲ باب ماجاء فی فضل النبی ﷺ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ،
مشكاة المصابيح، ص:۵۱۳ باب فضائل سيد المرسلين صلوات الله وسلامه عليه، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) ترمذی ج:۲ ص:۲۰۲ باب ماجاء فی فضل النبی ﷺ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ،
مشكاة المصابيح، ص:۵۱۴،۵۱۳ باب فضائل سيد المرسلين، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

کلام فرمایا اور کسی نے کہا کہ: عیسیٰ اللہ کا کلمہ اور اس کی روح ہیں۔ کسی نے کہا کہ: آدم کو اللہ نے صفی بنایا۔ اتنے میں رسول اللہ ﷺ ان کے سامنے تشریف فرما ہوئے اور فرمایا کہ: میں نے تمہارا کلام اور تمہارا اظہار تعجب سنا: ابراہیم اللہ کے خلیل ہیں یقیناً ان کا مقام یہی ہے۔ اور موسیٰ اللہ کے نجی اور اس سے کلام کرنے والے ہیں اور ان کی شان یہی ہے۔ اور عیسیٰ اللہ کی روح اور اس کا کلمہ ہیں، یقیناً ان کا مقام و مرتبہ یہی ہے۔ اور آدم کو اللہ نے صفی بنایا اور ان کا مقام یہی ہے۔ سنو: میں اللہ کا حبیب ہوں اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں، قیامت کے دن لواء الحمد میرے ہاتھوں میں ہوگا، آدم اور ان کے سوا سارے لوگ اس کے تلے ہوں گے اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔ اور قیامت کے دن سب سے پہلے میں ہی شفاعت کروں گا اور میری ہی شفاعت سب سے پہلے مقبول ہوگی اور یہ میں فخر سے نہیں کہتا۔ اور سب سے پہلے میں باب جنت کی زنجیروں کو ہلاؤں گا تو اللہ میرے لیے اسے کھول دے گا اور مجھے اور میرے ساتھ فقرائے مؤمنین کو اس میں داخل فرمائے گا اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔ اور میں اللہ عزوجل کے حضور تمام اگلوں اور پچھلوں میں سب سے زیادہ عزت و شرافت والا ہوں اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا کہ:

"أَناقائدُالمرسلينَ ولا فخرَو أناخاتمُ النبيينَ ولافخرَ وَأنا أولُ شافع و مشفع ولَا فَخْرَ" رواه الدارمی.[1]

یعنی میں تمام رسولوں کا قائد ہوں اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔ اور میں خاتم النبیین ہوں اور مجھے کوئی فخر نہیں۔ اور میں سب سے پہلے شفاعت کروں گا اور میری شفاعت سب سے پہلے مقبول ہوگی اور اس سے کوئی فخر مقصود نہیں۔ اس حدیث کو دارمی نے روایت کیا ہے۔

سیدنا ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:

"إذا کا ن یو م القیا مة کنت إما م النبیین وخطیبهم وصاحب شفا عتهم غیر فخر" رواه الترمذی.[2]

یعنی جب قیامت قائم ہوگی میں تمام نبیوں کا امام و پیشوا اور ان کا خطیب و شفیع ہوں گا میں اسے فخر سے نہیں کہتا۔ (امام ترمذی نے اسے روایت کیا۔)

---

(۱) مشکاة المصابیح، ص: ۵۱۴ باب فضائل سید المرسلین، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) ترمذی ج: ۲ ص: ۲۰۱ باب ماجاء فی فضل النبی ﷺ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ، مشکاة المصا بیح ص: ۵۱۴، با ب فضا ئل سید المر سلین صلوات اللہ وسلامه علیه مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"أنا أولُ من تنشقُّ عنه الأرضُ فأ كسى حلةمن حلل الجنة ثمّ أقوم عن يمين العرْشِ ليس أحد من الخلا ئق يقوم ذلك المقام غيرى. رواه التر مذى.[1]

یعنی میں سب سے پہلے قبر سے باہر نکلوں گا تو میں جنت کا جوڑا زیب تن کر کے عرش کی داہنی جانب ایسے مقام پر کھڑا ہوں گا جو میرے سوا کسی کو حاصل نہ ہوگا۔ امام ترمذی نے اسے روایت کیا ہے۔

اور آپ سے یہ بھی مروی ہے کہ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"سلو الله لى الوسيلة قالوا: يا رسو ل الله! صلى الله تعالى عليه وسلم وما الو سيلة؟ قا ل: أعلى درجة فى الجنة لا ينا لها إلا رجل واحد أرجو أن أكو ن أنا هو "رواه الترمذى.[2]

یعنی اللہ سے میرے لیے وسیلہ مانگو۔ صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! وسیلہ کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: جنت کا اعلی درجہ ہے جو صرف ایک ہی شخص کو حاصل ہوگا مجھے امید ہے کہ وہ مرتبہ صرف مجھے ہی حاصل ہوگا۔

یعنی یہ مقام و مرتبہ اعلی مخلوق ہی کو حاصل ہوگا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ سچی خبر دی کہ: آپ ہی کی مقدس و مبارک ذات کو یہ اعلی مقام و مرتبہ حاصل ہوگا۔ اس حدیث کے الفاظ میں تامل صادق کرنے سے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اعلی شخص پر اللہ تعالی کی قدرت ثابت ہوتی ہے اور اس اعلی شخص کا ممکن ہونا بھی ثابت ہوتا ہے۔ اعلی کا امکان ثابت ہونے کے بعد، مساوی کا امکان بدرجہ اولی ثابت ہو جاتا ہے جیسا کہ پوشیدہ نہیں لیکن یہ صرف ممکن ہے، وقوع میں آنے والا نہیں؛ اس لیے کہ وہ ممتنع بالغیر ہے۔

اقول: واضح رہے کہ میرا دعوی یہ ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ جن اوصاف کمال اور صفات جلال کی مصداق ہے ان تمام صفتوں میں آپ کے برابر شخص کا موجود ہونا ممتنع بالذات اور محال عقلی ہے۔ ہمارا دعوی ان احادیث سے ثابت ہے جنھیں اس مخالف نے عوام کالانعام کو فریب دینے کے لیے ذکر کیا ہے۔ یہ شخص ان حدیثوں کو ذکر کر کے عوام کی نظروں میں خود کو مومن ظاہر کرنا چاہتا ہے اور دجال شیطانوں کی پیروی کے سبب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اہانت شان کے جس گڈھے میں گرا اس سے نادانوں کی نظروں میں نکلنے کا اظہار کرنا چاہتا ہے۔ یہ شخص ان حدیثوں کو ذکر کرنے میں اپنی موت کا سامان اپنی ہی گھر سے کریدنے والے اور اپنے ہی ہاتھ سے اپنی ناک کاٹنے والے انسان کی طرح ہے۔

---

(۱) ترمذی ج:۲ ص:۲۰۱ باب ماجاء فی فضل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ، مشكاة المصابيح ص:۵۱۴، با ب فضا ئل سيد المر سلين مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) ترمذی ج:۲ ص:۲۰۱ باب ماجاء فی فضل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ، مشكاة المصا بيح ص:۵۱۴، با ب فضا ئل سيد المر سلين مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

اس کلام کی توضیح اور اس اجمال کی تفصیل کے لیے ایک مقدمہ درکار ہے تاکہ کسی کو مجال انکار نہ رہے مقدمہ یہ ہے کہ:
" (۱) اثبات ونفی نہ جمع ہوسکتے ہیں اور نہ ہی برطرف ہوسکتے ہیں۔ (۲) اور اجتماع نقیضین محال ہے " اس مقدمہ کے معنی یہ نہیں کہ: اثبات ونفی کا مفہوم تصور میں جمع نہیں ہوتا (ایک ساتھ متصور نہیں ہوتا) یا تصور سے دونوں ایک ساتھ مرتفع نہیں ہوتے۔ اور نہ یہ معنی ہیں کہ: اجتماع نقیضین کا مفہوم (جو ذہن میں متصور ہے) محال ہے؛ اس لیے کہ نفس الامر میں نفی واثبات تصور میں مجتمع ہوتے ہیں۔ اور اجتماع نقیضین کا مفہوم بھی نفس الامر میں موجود ہوتا ہے اسے محال نہیں کہا جا سکتا بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ: " اجتماع نقیضین اور اثبات ونفی کا مصداق (جو بھی ہو) محال بالذات اور ممتنع عقلی ہے۔ مثلاً ایک ہی شی سفید وغیر سفید، کاتب وغیر کاتب اور بینا و نابینا (دونوں نقیضوں) کا مصداق ہو یہ محال بالذات اور ممتنع عقلی ہے۔ اس کے سوا اور بھی بہت سی مثالیں ہیں۔ کوئی قاصر الذہن انسان یہ گمان نہ کرے کہ: سفید وغیر سفید، کاتب وغیر کاتب اور بینا و نابینا وغیرہ متناقض مفہوموں کا مصداق ممتنع بالذات اور محال عقلی نہیں بلکہ ممتنع بالغیر ہے؛ اس لیے کہ ان پر اجتماع نقیضین صادق آتا ہے۔ اس وہم کی گنجائش اس لیے نہیں ہے کہ: اجتماع نقیضین کا مفہوم محال بالذات نہیں صرف اس مفہوم ذہنی کا مصداق محال بالذات ہے وہ مصداق جو بھی ہو۔ تو مساوی وغیر مساوی (ان دو متناقض مفہوموں) کا مصداق جسے بھی فرض کیا جائے گا وہ محال بالذات ہوگا؛ اس لیے کہ وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

(۳) جو شئ اپنی نقیض کو مستلزم ہو اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ ممتنع بالذات ہے، مثلاً اگر غیر متناہی کو بالفعل موجود مانا جائے تو اس سے اس کا متناہی ہونا لازم آئے گا، اسی طرح جزو لایتجزی (غیر منقسم جز) کو موجود مان لینے سے اس کا متجزی و منقسم ہونا لازم آتا ہے تو اگر مساوی کے موجود مان لینے سے اس کا معدوم ہونا لازم آئے تو وہ مساوی ممتنع بالذات ہوگا۔

ان تمہیدی کلمات کے بعد میرا کہنا یہ ہے کہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث پاک سے یہ ثابت ہے کہ قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام اور آپ کے علاوہ تمام انسان حضور سرور دین ودنیا علیہ وعلی آلہ الصلاۃ والسلام کے لواء الحمد کے نیچے ہیں تو اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام اوصاف کمال میں کوئی برابر شخص ممکن ہو تو اس کے موجود ہونے کی صورت میں یہ صفت یا تو اس میں موجود ہوگی یا نہیں؟

بر تقدیر ثانی یعنی یہ صفت اس میں موجود نہ ہو تو جسے برابر مانا گیا وہ برابر نہ رہا بلکہ وہ برابر شخص قیامت کے دن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لواء الحمد کے نیچے ہے تو اس صورت میں جسے برابر مانا گیا اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ برابر ہے اور برابر نہیں تو وہ محال بالذات ہوا۔ اور نیز اسے موجود ماننے کی صورت میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اور بر تقدیر اول یعنی یہ صفت اس مساوی مفروض میں موجود ہو تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم " من سواہ " (آدم کے سوا تمام لوگوں) کے عموم میں والعیاذ باللہ داخل ہوں گے تو آپ اس خاص صفت کے مصداق نہ ہوں گے تو جسے آپ کے برابر مانا گیا تھا آپ اس کے برابر نہ ہوں گے تو جسے حضور کا مساوی مانا گیا تھا وہ حضور کا مساوی نہ ہوا تو وہ مساوی اور

لا مساوی (اجتماع نقیضین) کا مصداق ہوا تو وہ ممتنع بالذات ہے۔ اور نیز اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔ حاصل یہ کہ وجود مساوی دونوں تقدیروں پر اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور دونوں تقدیروں پر اپنے عدم کو مستلزم ہے تو وہ دونوں تقدیروں پر محال بالذات ہے۔

نیز اس حدیث سے ثابت ہے کہ: حضور اقدس ﷺ "أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ" (سب سے پہلے زمین سے باہر تشریف لانے والے) ہیں تو اگر آپ کے برابر شخص ممکن ہو تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں یا تو " مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ " کے عموم میں داخل ہو گا یا نہیں؟ دوسری صورت میں وہ برابر شخص سب سے پہلے زمین سے باہر آنے والا نہیں ہو سکتا تو اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ آپ کے برابر ہے اور برابر نہیں۔ اور پہلی صورت میں یا تو سب سے پہلے زمین سے باہر آنے والا ہو گا تو اس صورت میں حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے باہر آنے والے نہیں ہو سکتے حالاں کہ یہ مفروض ومسلم کے خلاف ہے؛ اس لیے کہ یہ مانا جا چکا ہے کہ: حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے زمین سے باہر تشریف لانے والے ہیں تو اس برابر شخص کا برابر نہ ہونا لازم آیا کیوں کہ اس صورت میں اس برابر شخص میں ایک ایسی صفت پائی گئی جو حضور اقدس ﷺ میں نہیں ہے۔

یا وہ برابر شخص "أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ " نہ ہو گا؟ تو جسے برابر فرض کیا گیا تھا وہ برابر نہ رہا یہ خلاف مفروض ہے، بہر تقدیر برابر شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ ممتنع بالذات ہو گا اور ان تمام صورتوں میں وہ برابر اور غیر برابر کا مصداق ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ ممتنع بالذات ہو گا۔

اور نیز اسی حدیث شریف میں یہ ہے کہ: حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے شفاعت فرمائیں گے۔ اور آپ کی شفاعت سب سے پہلے مقبول ہو گی یعنی آپ کی شفاعت تمام شفاعت کرنے والوں کی شفاعت پر مقدم ہے۔ اور آپ کی قبولیت شفاعت تمام مقبولان شفاعت کی قبولیت شفاعت سے پہلے ہے تو اگر آپ کے برابر شخص ممکن ہو تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں اگر وہ تمام شافعین اور مقبولان شفاعت کے عموم میں داخل نہ ہو تو وہ برابر شخص برابر نہیں۔ اور اگر ان کے عموم میں داخل ہو تو اگر وہ سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلے مقبول شفاعت نہ ہو تو وہ برابر شخص برابر نہ رہا اور اگر ان دونوں صفتوں سے موصوف ہو تو ہمارے فرض کے اعتبار سے یہ برابر شخص سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلے مقبول شفاعت ہو گا اور بحکم حدیث سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلے مقبول شفاعت نہ ہو گا۔ تو اس صورت میں وہ برابر شخص برابر ہو گا اور برابر نہ ہو گا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ ممتنع بالذات ہے اور بہر صورت اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ ممتنع بالذات ہے۔

اور اسی طرح سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا ممتنع بالذات ہونا خود آپ کے اس ارشاد سے ثابت ہے:

"قیامت کے دن میں اس لواء الحمد کا اٹھانے والا ہوں جس کے نیچے آدم اور ان کے سوا سب ہوں گے اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔ اور قیامت کے دن میں ہی سب سے پہلے شفاعت کروں گا اور میری ہی شفاعت سب سے پہلے مقبول ہوگی۔"

اور نیز آپ کے ارشاد: "میں سب سے پہلے دروازۂ جنت کی زنجیر ہلاؤں گا۔" سے آپ کے مثل کا محال بالذات ہونا ثابت ہے کیوں کہ اگر آپ کا مثل ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو "مَنْ یُّحَرِّكُ حَلْقَ الْجَنَّةِ" یعنی دروازۂ جنت کی زنجیر ہلانے والوں کے عموم میں داخل ہوگا یا نہیں؟ اگر داخل نہ ہو تو یہ برابر شخص برابر نہ رہا۔ اور اگر داخل ہو تو بحکم حدیث حضور اقدس ﷺ اس برابر شخص سے پہلے دروازۂ جنت کی زنجیر ہلانے والے ہیں اور آپ کا مثل ماننے کی صورت میں یہ برابر شخص اس صفت میں آپ کے برابر ہے تو وہ اپنی ذات سے پہلے جنت کی زنجیر ہلانے والا ہوگا اور یہ تقدم الشیٔ علی نفسہ ہے یعنی وہ اپنے جنت کی زنجیر ہلانے سے پہلے جنت کی زنجیر ہلانے والا ہے۔

اور نیز بحکم حدیث اس صورت میں وہ سب سے پہلے دروازۂ جنت کی زنجیر ہلانے والا نہیں ہو سکتا تو وہ برابر شخص برابر نہ ہوا۔ اور اگر وہ سب سے پہلے جنت کی زنجیر ہلانے والا ہو تو حضور اقدس ﷺ "مَنْ یُّحَرِّكُ حَلْقَ الْجَنَّةِ" (جس کی طرف اول کی اضافت کی گئی ہے) کے عموم میں داخل ہوں گے تو اس صورت میں بھی وہ برابر شخص برابر نہ ہوا تو اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور نیز وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ ممتنع بالذات ہے۔

اور حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد پاک: "وَأَنَا أَكْرَمُ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ عَلَى اللهِ" (میں اللہ کے حضور تمام اگلوں اور پچھلوں میں سب سے زیادہ عزت والا ہوں۔) جو آپ کی فضیلت اور اللہ کے حضور تمام اگلوں اور پچھلوں پر آپ کی کرامت و شرافت میں نص صریح ہے اس سے بھی واضح طور پر آپ کے برابر شخص کا ممتنع بالذات ہونا ثابت ہوتا ہے؛ اس لیے کہ اگر آپ کے برابر شخص ممکن ہو تو اس کے موجود ہونے کی صورت میں یہ لازم ہے کہ: وہ اللہ کے حضور تمام اگلوں اور پچھلوں میں سب سے زیادہ عزت والا ہو؛ اس لیے کہ اسے حضور کے برابر مانا گیا ہے۔ اور یہ بھی لازم ہے کہ: وہ اللہ کے حضور تمام اگلوں اور پچھلوں میں سب سے زیادہ عزت والا نہ ہو؛ اس لیے کہ حضور اقدس ﷺ کے ارشاد: "وَأَنَا أَكْرَمُ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ" میں یہ مساوی ان تمام اولین و آخرین میں داخل ہے جن سے حضور اقدس ﷺ زیادہ مکرم و معظم ہیں۔

اور اگر یہ برابر شخص اپنے موجود ہونے کی صورت میں ان تمام اولین و آخرین کے عموم میں داخل نہیں ہے تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں معدوم ہوگا اور ان تمام صورتوں میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ اور نیز وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ ممتنع بالذات ہوگا۔

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں حضور اقدس ﷺ کے اس ارشاد: "أنا خاتم النبيين وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ و مشفَّعٍ" سے بھی آپ کے برابر شخص کا ممتنع بالذات ہونا ثابت ہوتا ہے؛ کیوں کہ یہ برابر شخص اپنے موجود ہونے کی

صورت میں اگر ان تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہو تو برابر نہ ہو گا تو وہ برابر ہو گا اور برابر نہ ہو گا۔ اور اگر ان کے عموم میں داخل ہو تو یقیناً خاتم النبیین نہیں ہو سکتا تو برابر نہیں ہو سکتا جیسا کہ اس کی توضیح آ رہی ہے ۔ اور اس نافہم کے اس قول کا بھی روشن رد آ رہا ہے کہ:

"چند خاتم النبیین ہو سکتے ہیں اور ایک زمانہ میں دو شخص خاتم النبیین ہو سکتے ہیں۔"

اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث پاک جس میں آپ نے یہ فرمایا کہ:

"إذا كان يوم القيامة كنت إمام النبيين" (مشکاۃ المصابیح ص: ۵۱۴، باب فضائل سید المرسلین مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ۔) "جب قیامت قائم ہو گی تو میں تمام انبیا کا امام ہوں گا۔"

اس سے بھی آپ کے برابر شخص کا ممتنع بالذات ہونا ثابت ہوتا ہے؛ اس لیے کہ اگر آپ کے برابر شخص ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو تمام انبیا کے عموم میں داخل ہو گا؟ تو اس صورت میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو تمام انبیا کے امام ہیں اس برابر شخص کے بھی امام ہوں گے تو اس کا امام النبیین ہونا ممکن نہ ہو گا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر شخص ناممکن ہے۔ یا تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہو گا؟ تو اس صورت میں بھی آپ کے برابر ہونا ممکن نہ ہو گا تو ان دونوں صورتوں میں یہ برابر شخص تمام کمالات میں آپ کے برابر ہوا اور برابر نہ ہوا یعنی اجتماع نقیضین کا مصداق ہوا اور نیز اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ ممتنع بالذات ہے جیسا کہ مقدمہ کی تمہید میں گذر چکا۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث جس میں یہ ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میں عرش کے دائیں جانب ایسے مقام پر کھڑا ہوں گا جو میرے سوا کسی کو حاصل نہ ہو گا"

اس سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ: آپ کے تمام صفات کمال میں کسی شخص کا برابر و ہمسر ہونا محال بالذات ہے؛ اس لیے کہ اگر یہ مساوی ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو وہ اس صفت سے موصوف نہ ہو گا؟ تو وہ برابر شخص برابر نہ ہوا۔ اور اگر اس صفت سے موصوف ہو تو لازم آئے گا کہ: حضور کے اس مقام پر قائم ہو اور قائم نہ ہو؛ اس لیے کہ صادق و مصدوق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا کہ:

"میرے سوا کسی کو یہ مقام و مرتبہ حاصل نہ ہو گا"

تو وہ برابر شخص اجتماع نقیضین کا مصداق ہوا اور نیز اس برابر شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو ممتنع بالذات ہے۔

اور دوسری حدیث جس میں آپ نے یہ ارشاد فرمایا:

"أعلى درجة فى الجنة لا ينالها إلا رجلٌ واحدٌ أرجو أن أكون أنا هو"(۱)

یعنی وسیلہ جنت میں ایک اعلی درجہ ہے جو ایک شخص کے سوا کسی کو حاصل نہ ہو گا مجھے امید ہے کہ میں ہی وہ شخص ہوں

(۱) مشكاة المصابيح ص: ٥١٤، باب فضائل سيد المرسلين مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

جسے وہ مقام حاصل ہو گا۔

اس سے بھی آپ کے برابر شخص کا ممتنع بالذات ہونا ثابت ہوتا ہے؛ اس لیے کہ بلا شبہ اس مقام و مرتبہ پر وہی ذات اقدس فائز ہوگی جو اللہ کی مخلوق میں سب سے بلند مخلوق ہے۔ اور اس قائل کو بھی اس حقیقت کا اعتراف ہے۔ اور نیز اسے اس بات کا اعتراف ہے کہ آپ نے یہ خبر صادق دی کہ: اس مقام و مرتبہ پر آپ ہی فائز ہوں گے۔ تو اگر آپ کے برابر شخص ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو اسے یہ مقام و مرتبہ حاصل ہو گا یا نہیں؟ اگر حاصل نہ ہو تو حضور اقدس ﷺ کے برابر نہ ہوا حالاں کہ اسے برابر مانا گیا تھا، تو یہ تسلیم شدہ امر کے خلاف ہے۔ اور اگر اسے یہ مقام و مرتبہ حاصل ہو تو ہمارے فرض کے اعتبار سے یہ لازم ہے کہ: اسے وہ درجہ حاصل ہو اور اس اعتبار سے کہ وہ درجہ صرف ایک ہی ذات یعنی حضور اقدس ﷺ ہی کی ذات مقدسہ کو حاصل ہو گا اس برابر شخص کو حاصل نہ ہو گا تو وہ برابر شخص اجتماع نقیضین کا مصداق ہوا۔ اور نیز اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ ممتنع بالذات ہوا اور یہی ہمارا مقصود ہے۔ اور دوسرے قول کے تحت جو حدیثیں آئیں گی ان سے بھی یہ محقق و مبرہن ہے کہ: تمام صفات کمال میں آپ کا مماثل شخص ممتنع بالذات ہے۔ اور جن حدیثوں میں اس بات کی روشن تصریح ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کی یہ خاص صفتیں ہیں اس سے بھی یہ ظاہر و باہر ہے کہ: ان خاص صفتوں میں دو شخص شریک نہیں ہوسکتے اور اگر کسی دوسرے کو ان خاص صفتوں سے متصف مانا جائے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہو گا اور ایک ایسا شخص ماننا ہو گا جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے جس سے یہ ظاہر و باہر ہے کہ: آپ کے خاص اوصاف و کمالات میں کسی کا مماثل و مساوی ہونا محال بالذات ہے مگر جب یہ مخالف حد درجہ بے وقوف ہے تو مجبوراً اس طویل تفسیر کی ضرورت پیش آئی۔ اس شخص کی حد درجہ گمرہی، کور بینی اور جہالت و سرکشی یہ ہے کہ: خود اس نے یہ حدیث پاک ذکر کی:

"لیس أَحدٌ من الخلائقِ یقومُ ذٰلكَ المقامَ غیری".[1]

اور نیز یہ حدیث پاک ذکر کی:

"لاینالُها إلّا رجلٌ واحدٌ"[2]

اور اس نے اس بات کا بھی اعتراف کیا کہ: یہ بلند مقام و مرتبہ صرف اعلی مخلوق ہی کو حاصل ہو گا اور حضور اقدس ﷺ ہی اس بلند مقام و مرتبہ پر فائز ہوں گے۔ اور یہ بات روشن ہے کہ: یہ مان لینے کے بعد کہ: "جو بلند درجہ صرف ایک ہی شخص کو حاصل ہو گا، جس پر حضور اقدس ﷺ ہی فائز ہوں گے اور آپ کے سوا کوئی فائز نہ ہو گا" تمام کمالات و صفات میں آپ کے مماثل و مساوی شخص کا ممکن ماننا، یہ ممکن ماننا ہے کہ: وہ مماثل و مساوی ان دونوں صفتوں سے موصوف ہو اور موصوف نہ ہو۔ اور ایک ایسی چیز ممکن ماننا ہے جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ یہ شخص اپنے کمال غباوت و نادانی اور

---

(۱) مشکاۃ المصابیح ص: ۵۱۴، باب فضائل سید المرسلین مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) مشکاۃ المصابیح ص: ۵۱۴، باب فضائل سید المرسلین مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ۔

غایت جہل و بے ایمانی کے سبب اس حدیث سے آپ کے برابر اور آپ سے افضل شخص کا ممکن ہونا سمجھتا ہے اور ایمان سے دور رفتہ یہ شخص اس کج فہمی کو تامل صادق کا نام دیتا ہے اور حضور اقدس ﷺ نے از راہِ تواضع جو لفظ "سلُوْا" (مانگو) اور "أَرْجُوْ" (مجھے امید ہے) فرمایا۔ اسے شک و شبہ کے معنی پر محمول کرتا ہے۔

علامہ طیبی نے اس کی شرح میں فرمایا:

"سلوا اللہ لی الوسیلۃ" "و إنما طلب ﷺ من أمته الدعاء له بطلب الوسيلة افتقاراً إلى الله تعالى و هضمًا لنفسه أولينتفع أمته و يثاب به، أو يكون إرشاداً لهم في أن يطلبَ كلٌّ منهم مِنْ صاحِبِه الدُّعَاءَ له "(۱)

تم لوگ میرے لیے اللہ عزوجل سے وسیلہ مانگو۔ اور حضور اقدس ﷺ نے "اپنی امت سے صرف از راہِ تواضع اور کسرِ نفسی اور برائے اظہار احتیاج الی اللہ تعالی یہ فرمایا کہ: کہ اللہ عزوجل سے یہ دعا کریں کہ: وہ آپ کو وسیلہ عطا فرمائے اور تاکہ آپ کی امت کو نفع اور اجر و ثواب حاصل ہو، یا آپ نے اپنی امت کو یہ تعلیم دینے کے لیے فرمایا کہ امت کا ہر ہر فرد اپنے ساتھی سے اپنے لیے دعا کی درخواست کرے۔

اگر یہ مخالف صاحب عقل و ایمان ہوتا تو اسی حدیث سے اس بات پر ایمان لاتا: کہ آپ کا مماثل و مساوی ممتنع بالذات ہے، اور اس جھوٹے دجال کی دُم چھوڑ دیتا، کیوں کہ آپ ایسے بلند درجہ پر فائز ہیں جس میں دو شخص شریک نہیں ہو سکتے؛ اس لیے کہ وہ مقام و مرتبہ صرف ایک ہی ذات کو حاصل ہوگا تو یہ مان لینے کے بعد کہ: "جو مقام و مرتبہ صرف ایک ہی شخص کو حاصل ہوگا وہ صرف حضور اقدس ﷺ ہی کو حاصل ہے" اس صفت میں آپ کے برابر شخص ممکن ماننا اجتماع نقیضین کو ممکن ماننا ہے۔ اور جب اسی حدیث سے آپ کے مماثل و مساوی شخص کا ممتنع بالذات ہونا ثابت ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو آپ سے اعلی اور بلند و بالا شخص کا محال ہونا بدرجہ اولی ثابت ہے۔

اس شخص کی انتہائے حماقت یہ ہے کہ اس نے اس مقام پر دو مقدمے بطور تمہید پیش کیے:

پہلا یہ کہ: یہ اعلی درجہ و مرتبہ اعلی مخلوق ہی کو حاصل ہوگا۔

دوسرا یہ کہ: صرف حضور اقدس ﷺ ہی کو یہ بلند درجہ حاصل ہے۔

اس کے انھیں دونوں مقدموں سے یہ ثبوت فراہم ہوتا ہے کہ: حضور اقدس ﷺ ہی ساری مخلوق سے افضل و اعلی ہیں اور آپ ہی کو وہ اعلی درجہ حاصل ہے اور اس اعلی درجہ کو پانے والا ساری مخلوق سے افضل و اعلی ہے اور اس نص رسالت: "لا ينالها إلّا رجلٌ واحد" (یہ درجہ صرف ایک ذات کو حاصل ہوگا) سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ: جس مقام و مرتبہ

(۱) مرقاۃ المفاتیح، ج: ۱۰ ص: ۳۸ باب فضائل سید المرسلین صلوات اللہ تعالی وسلامہ علیہ الفصل الثانی انوار بکڈپو غازی آباد یوپی

سے کوئی دوسرا متّصف نہ ہو گا حضور اقدس ﷺ ہی اس مقام و مرتبہ سے متّصف ہیں۔ جب اس نے یہ حقیقت تسلیم کرلی کہ: حضور اقدس ﷺ ہی اس صفت سے متّصف ہیں تو پھر اس خاص صفت میں آپ کا شریک و مماثل ممکن ماننا اس بات کو ممکن ماننا ہے کہ اس برابر شخص کا اجتماع نقیضین کا مصداق ہونا ممکن ہے، ہاں یہ قائل شاید یہ مانے کہ وہ دوسرا اس صفت سے موصوف ہے اور حضور اقدس ﷺ اس صفت سے خالی و عاری ہیں۔ میں کہتا ہوں: اس صورت میں بھی برابری نہیں رہتی۔ اور اس صورت میں بھی اس برابر شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو اس صورت میں بھی وہ ممتنع بالذات ہے۔ حضور اقدس ﷺ کا مساوی بلکہ آپ سے بھی اعلی شخص ثابت کرنے کے لیے اس بے عقل نے جو ناکام کوشش کی اس سے یہ معلوم ہوا کہ: یہ مخالف جہل و کذب میں اس جھوٹے دجال سے بھی آگے بڑھنا چاہتا ہے۔ یہ اس کے تامل صادق کا حال ہے۔

اس قائل کا یہ قول بھی باطل ہے کہ:

"یہ صرف ممکن ہے، وقوع میں آنے والا نہیں، اس لیے کہ وہ ممتنع بالغیر ہے۔"

یہ قول اس لیے باطل ہے کہ متعدّد طریقوں سے دلائل کے ذریعہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ: آپ کا برابر و مساوی ممتنع بالذات ہے۔

اور بر سبیل تنزّل بھی یہ قول بے ربط و بے معنی ہے اس لیے کہ یہ نافہم یہ کہتا ہے کہ:

"اس حدیث کے الفاظ میں تامل صادق کرنے سے آں حضرت ﷺ سے اعلی شخص پر اللہ کی قدرت ثابت ہوتی ہے"

اور **قدرت** فعل اور ترک فعل کی صحت کا نام ہے جیسا کہ علم کلام کی کتابوں میں اس کی تصریح ہے۔ انشاء اللہ تعالی ان کتابوں کی عبارتیں عنقریب نقل کریں گے۔

اور پھر یہ کہتا ہے کہ: یہ وقوع میں آنے والا نہیں، اس لیے کہ وہ ممتنع بالغیر ہے"

واضح رہے کہ **ممتنع بالغیر کی دو قسمیں ہیں**:۔ (۱) وہ ممتنع بالغیر جو ممتنع بالذات کو مستلزم ہو۔ مثلاً اللہ سبحانہ کی قدرت کا عدم، اس کی حیات کا عدم اور اس کے علم کا عدم عامۂ متکلّمین کے نزدیک جو یہ کہتے ہیں کہ: اللہ تعالی کی صفتیں اس کی ذات پر زائد ہیں اور ان کا عدم ممتنع بالغیر ہے اور جیسا کہ فلاسفہ کے نزدیک "عقل اول کا عدم" کہ ان کے نزدیک عقل اول کا عدم، واجب سبحانہ کے عدم کو مستلزم ہے۔

(۲) وہ ممتنع بالغیر جو ممتنع بالذات کو مستلزم نہ ہو، صرف فاعل مختار کے ارادے سے واقع نہ ہو اور اس کا وقوع کسی محال کو مستلزم نہ ہو۔ اس نافہم نے اپنے اس قول: "ممتنع بالغیر ہے" میں ممتنع بالغیر سے کیا مراد لیا ہے؟ اگر یہ مراد لیا ہے کہ: آپ کا مساوی یا آپ سے اعلی مخلوق ممتنع بالغیر از قسم ثانی ہے تو یہ باطل ہے: اس لیے کہ آپ سے اعلی یا آپ کے برابر و مساوی کا موجود ہونا محال بالذات کو مستلزم ہے۔ وہ محال بالذات یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ کا جھوٹا ہونا لازم آئے گا۔ اور انشاء

اللہ تعالیٰ عنقریب آئے گا کہ اس قائل کو بھی اس بات کا اعتراف ہے تو یہ شق باطل ہے۔

اور اگر یہ مراد لیا ہے کہ: حضور اکرم ﷺ کے برابر و مساوی یا آپ سے اعلیٰ کا ممتنع بالغیر ہونا از قسم اول ہے تو اس صورت میں آپ کا مساوی یا آپ سے اعلیٰ اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہی نہیں ہو سکتا جیسا کہ متکلمین کے نزدیک اللہ سبحانہ کے اوصاف کمال کا عدم اس کی قدرت کے تحت داخل نہیں ہے تو اس شق پر اس کا یہ قول باطل ہے کہ:

"آں حضرت ﷺ سے اعلیٰ شخص پر اللہ کی قدرت ثابت ہوتی ہے"۔

مخالف نے کہا: "یہ ساری حدیثیں اس بات کی دلیل ہیں کہ: حضور کا مساوی موجود نہیں، اس کی نہیں کہ: اس کا موجود ہونا ممکن بالذات نہیں۔ اور علمائے محدثین "جزاھم اللہ العزیز عنا و عن سائر المسلمین" نے حضرت سید المرسلین ﷺ کے فضائل و تعریفات کی تدوین میں بلیغ کوشش فرمائی ہے، بہت کم ایسی حدیثیں ملیں گی جن میں حضور کی فضیلت مذکور ہو اور علمائے محدثین نے انھیں مدون نہ فرمایا ہو لیکن ان میں سے کسی نے نہ ایسی حدیث کی تصریح کی اور نہ ایسی حدیث کی طرف اشارہ فرمایا جو آپ کے مساوی کے ممتنع بالذات ہونے پر دلالت کرے۔ اور نہ ان میں سے کسی نے قرآن کے نصوص قطعیہ کے عموم و شمول سے اس مساوی مذکور کو خاص فرمایا بلکہ خاص کرنے کے بجائے قرآن مجید وغیرہ سے ماخوذ قطعی عقلی دلیلوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ: مساوی مذکور ممکن ہے۔ اور قرآن کے ان نصوص قطعیہ کے عموم و شمول کے تحت داخل ہے جو اللہ کی قدرت کے عموم و شمول پر دلالت کرتے ہیں۔ اور اصحاب معرفت کے مشاہدات سے بھی یہی حکم ماخوذ ہوتا ہے کہ: آپ کا مساوی ممکن بالذات اور اللہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہے۔ انشاء اللہ یہ ساری تفصیلات آئیں گی"۔

اقول: یہ بات پہلے گزر چکی کہ: گذشتہ حدیثوں سے یہ ثابت شدہ ہے کہ: حضور اکرم ﷺ کا مساوی ممتنع بالذات ہے۔ نیز حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی متفق علیہ حدیث:

"وَ بُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ عَامَّةً"(۱)

سے آپ کے مساوی کا ممتنع بالذات ہونا ثابت ہے؛ اس لیے کہ اگر آپ کا مساوی ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو وہ تمام مخلوق کی طرف مبعوث ہو گا یا نہ ہو گا؟ اگر تمام مخلوق کی طرف مبعوث نہ ہو تو آپ کا مساوی نہ ہو گا۔ اور اگر تمام مخلوق کی طرف مبعوث ہو تو حضور اکرم ﷺ۔ معاذ اللہ۔ اس کے امتی ہوں گے تو اس صورت میں آپ تمام مخلوق کی طرف مبعوث نہ ہوں گے تو وہ مساوی، مساوی نہ ہوا۔ اور جب حضور اقدس ﷺ اس صفت (تمام مخلوق کی طرف مبعوث ہونے) سے موصوف ہیں تو آپ کو اس صفت سے موصوف مان لینے کے بعد یہ لازم ہے کہ: وہ مساوی اپنے موجود ہونے کی صورت میں حضور اقدس ﷺ کا امتی ہو تو آپ کا مساوی نہیں ہو سکتا تو بہر صورت اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ ممتنع بالذات ہے۔

---

(۱) مشکاۃ المصابیح ص: ۵۱۲، باب فضائل سید المرسلین مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

امام مسلم نے سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ: حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا:

" أُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً وَ خُتِمَ بِيَ النَّبِيُّوْنَ "(۱) مجھے ساری مخلوق کا رسول اور خاتم النبیین بنا کر بھیجا گیا۔

اس حدیث سے بھی اس بات کا ثبوت فراہم ہوتا ہے کہ: آپ کے اوصاف کمال میں کسی شخص کا برابر و مماثل ہونا ممتنع بالذات ہے؛ اس لیے کہ اگر آپ کا مساوی ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو وہ ان دونوں صفتوں سے متصف ہو گا یا نہیں؟ اگر متصف نہ ہو تو وہ مساوی، مساوی نہ ہوا۔ اور اگر متصف ہو تو وہ مساوی ساری مخلوق کا رسول ہو گا تو حضور اقدس ﷺ اس مساوی کے امتی ہوں گے تو حضور اقدس ﷺ اس کے مساوی نہ ہوں گے۔ اور نیز اس صورت میں کہ وہ مساوی تمام انبیا میں سب سے آخری نبی ہو تا کہ " ختم بہ النبیون " (اسے سب سے آخری نبی بنایا گیا) کے معنی اس میں حاصل ہوں اس صورت میں حضور اکرم ﷺ کا اپنی اس صفت کمال سے خالی ہونا لازم آیا، تو حضور اقدس ﷺ اس کے مساوی نہ ہوئے تو وہ مساوی آپ کا مساوی نہ ہوا۔ بہر کیف اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے۔

اور اس نافہم کا یہ خیال کرنا کہ: " یہ احتمال ہے کہ: حضور ﷺ اور آپ کے برابر و مماثل شخص کی نبوت کا زمانہ ایک ہو تو اس صورت میں دونوں برابر خاتم الانبیا ہوں گے " ۔ اور اسے ابتدائی کلام میں انتہائی شدّ و مد کے ساتھ اپنی مہمل گو زبان سے بیان کرنا اس کی غایت حماقت و نافہمی کی دلیل ہے؛ اس لیے کہ خاتم الانبیا وہ ہوتا ہے: جو تمام انبیا کے آخر میں مبعوث ہو، جس کا دین تمام انبیا کے دین کا ناسخ ہو، جس کا دین ہمیشہ باقی رہے، جو ساری مخلوق کا رسول بن کر مبعوث ہو اور جو شخص اس کے زمانہ میں یا اس کے زمانے کے بعد ہو اس کا امتی رہے؛ اس لیے کہ اگر خاتم الانبیا ان تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں نہ ہو تو "ختم بہ النبیون" اور " خاتم النبیین " کا معنی متصور ہی نہ ہو گا؛ اس لیے کہ کتاب و سنت کے اس روشن نص میں جمع معرف باللام ہے۔ اور ختم نبوت کا معنی اس وقت تک متصور ہی نہ ہو گا جب تک کہ خاتم الانبیا تمام انبیا کے آخر میں نہ ہو۔ اگر اس کے زمانہ میں کوئی دوسرا نبی ہو تو اس کا دین تمام انبیا کے دینوں کا ناسخ نہ ہوا، اس کا دین دائمی و ہمیشہ نہ ہوا اور وہ ساری مخلوق کا رسول نہ ہوا اور جو شخص اس کے زمانہ میں یا اس کے زمانہ کے بعد ہوا اس کا امتی نہ ہوا تو اس نافہم نے خاتم الانبیا کا معنی سمجھے بغیر غایت حماقت کے سبب جو احتمال قائم کیا اس پر دونوں شخص خاتم الانبیا نہیں ہو سکتے۔ جیسا کہ اس کی تفصیل انشاء اللہ تعالیٰ آئے گی۔ لہذا مذکورہ حدیثوں سے جس طرح اس بات کی دلیل فراہم ہوتی ہے کہ: آپ کا شریک و مثل موجود نہیں اسی طرح ان سے یہ حقیقت بھی آشکارا ہوتی ہے کہ: آپ کا مساوی مذکور ممکن بالذات نہیں۔ آپ کے مساوی کے ممتنع بالذات ہونے پر ان حدیثوں کی کی دلالت نہ سمجھنا انتہائی بے وقوفی اور جہالت و گمرہی کی پیداوار ہے؛ اس لیے کہ ان حدیثوں سے آپ کے مساوی کے ممتنع بالذات ہونے کی دلیل خوب خوب روشن ہے "وَلٰكِنْ مَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْ

---

(۱) مشکاۃ المصابیح: ۵۱۲، باب فضائل سید المرسلین، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ۔

رَا فَمَالَهٗ مِنْ نُّوْرٍ "خدا جسے نور نہ دے اس کے پاس کوئی نور نہیں۔

اس گمراہ گرو بے دین شخص کی زبان ضلالت ترجمان سے جو گمراہ کن کلمات نکلے، جن کے سبب وہ جہنم رسید ہوا اس سے پہلے کسی بے دین نے ایسی بے معنی بات نہ کہی اس لیے کسی عالم دین کو اس تصریح کی ضرورت پیش نہ آئی کہ: "آپ کا مساوی ممتنع بالذات ہے۔" اور قرآن حکیم کے نصوص قطعیہ محالات ذاتی کو شامل نہیں ہیں اور اس مساوی کے ممکن بالذات ہونے کی کوئی عقلی و نقلی دلیل موجود نہیں یہاں تک کہ یہ وہم ہو سکے کہ: وہ شریک و مساوی ان نصوص قطعیہ کے عموم و شمول کے تحت داخل ہے"

اور رہا اصحاب معرفت کا معاملہ تو ان کے مشاہدات سے کہیں یہ ثابت نہیں کہ: "آپ کا مساوی ممکن بالذات ہے" شیطان الانس کے مرید اس بے دین شخص کا عارفان حق سے کیا رشتہ و علاقہ؟ اس کے مقتدا اور پیشوا نے عارفان حق کا سخت رد کیا۔ اس بے دین نے عوام کو دھوکا اور فریب دینے کے لیے عارفان حق کا ذکر کیا۔

ہمارے استاذ علامہ فضل حق خیر آبادی نے فرمایا کہ: کبریٰ کی توضیح وتشریح یہ ہے کہ:

"اگر کوئی ممتنع بالذات اللہ عزوجل کی قدرت کے تحت داخل ہو تو ممکن بالذات ہو گا، (صغری)

اور کسی ممتنع بالذات کا ممکن بالذات ہونا محال بالذات ہے۔ (کبری) تو کسی ممتنع بالذات کا اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہونا ممکن نہیں۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: "بلا شبہ ممتنع بالذات میں یہ استعداد و صلاحیت اور لیاقت و قابلیت نہیں کہ مفیض الخیر والجود (اللہ) سے اپنے وجود کا استفادہ و استفاضہ کرے اور گفتگو اس میں نہیں، گفتگو اس میں ہے کہ: فلسفی یا متفلسفی کی ناقص اور کھوٹی عقل جس چیز کو ممتنع بالذت جانتی ہے وہ نفس الامر میں ممتنع بالذات ہے یا نہیں؟ مشاہدہ اس بات پر شاہد ہے کہ: فلاسفہ جواہر عنصریہ (آگ، پانی، مٹی، ہوا) میں صورت نوعیہ کے کون وفساد (تغیُّر وانقلاب) کے اعتبار سے تغیُّر وانقلاب ممکن مانتے ہیں۔ اور مشاہدہ بھی اس تبدیلی پر شاہد ہے مگر اعراض وافعال بدل کر جوہر ہو جائیں اسے فلاسفہ محال بالذات اعتقاد کرتے ہیں جب کہ صحیح حدیثوں سے یہ ثابت ہے کہ: نیک و بد اعمال، میت کے پاس اس کی قبر میں انسانی شکل و صورت میں پیش ہوں گے۔ نیز وزن اعمال میں مختلف اقوال ہیں جن میں سے ایک قول یہ ہے کہ: اعمال کو اجسام میں تبدیل کر کے وزن کیا جائے گا۔ اور نیز موت جس کے بارے میں یہ اختلاف ہے کہ: "وہ وجودی ہے یا عدمی؟" اسے مینڈھے کی شکل میں کر کے ذبح کیا جائے گا جسے ہر شخص سر کی آنکھوں سے دیکھے اور پہچانے گا۔ فلاسفہ کے فاسد اعتقادات کے بطلان کے بہت سے شواہد ہیں طوالت کے خوف سے انہیں چند مثالوں پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اس متفلسفی کے پیشواؤں کا حال یہ ہے اسی سے خود اس کا حال قیاس کر لینا چاہیے ع

قیاس کن زگلستان من بہار مرا

اور ان شاء اللہ روشن ہوگا کہ: جو مساوی رسالت متنازع فیہ ہے وہ بھی اسی قبیل سے ہے یعنی ممکن بالذات اور اللہ کے زیر قدرت داخل ہے مگر مدعی معترض کے نزدیک ممتنع بالذات ہے۔

اقول: اس مخالف نے اس سے پہلے یہ کہا کہ: "کبریٰ محل کلام ہے "اب کبریٰ کے بیان میں کلام نقل کر کے یہ ظاہر کررہا ہے کہ وہ کبریٰ تسلیم کررہا ہے اور اس بات پر ایمان رکھتا ہے کہ: ممتنع بالذات قدرت کے تحت داخل نہیں ہے۔ اور یہ کہتا ہے کہ: "اس میں گفتگو نہیں گفتگو اس میں ہے کہ: "فلسفی یا متفلسفی کی ناقص عقل جس چیز کو ممتنع بالذات جانتی ہے وہ نفس الامر میں ممتنع بالذات ہے یا نہیں "۔ یہ گفتگو کبریٰ میں نہیں بلکہ صغری میں ہے، تو اس مخالف نے اس سے پہلے یہ کیوں کہا کہ: "کبریٰ محل کلام ہے"۔ لیکن "دروغ گو را حافظہ نہ باشد "ہم نے صغری کو قطعی دلیلوں سے ثابت کر دیا ہے اور آئندہ بھی اس کے اثبات کے محکم دلائل ذکر کریں گے انشاء اللہ تعالی۔

اس مخالف نے بیان کبریٰ کی عبارت نقل کر کے صغری میں کلام کیا اور دوسری بے ہودہ گوئی شروع کی تاکہ لوگوں کو یہ وہم ہو کہ کبریٰ ہی میں کلام کررہا ہے۔

اس شخص کا یہ کلام کہ:

"فلاسفہ جواہر عنصریہ میں صورت نوعیہ کے کون و فساد کے اعتبار سے تغیر و انقلاب ممکن مانتے ہیں مگر اعراض و افعال بدل کر جوہر ہو جائیں اسے فلاسفہ ممتنع بالذات اعتقاد کرتے ہیں" اِلی آخرہ۔

پاگلوں کی بکواس سے بھی زیادہ بیہودہ ہے؛ اس لیے کہ تمام عقلا اور متکلمین و فلاسفہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ: ممتنع بالذات کا ممکن بالذات ہونا محال بالذات ہے۔

شرح مواقف میں ممکن کی بحثوں کے تحت ہے کہ:

"إن الإمكان لازمة للماهية الممكنة لايجوز انفكاكها عنه وإلا لجاز خلوُّ الماهية عنه فينقلب الممكن ممتنعا أو واجبا إن كان خلو ها عنه بزواله عنها أو بالعكس أى ينقلب الممتنع أو الواجب ممكنا إن كان خلو ها عنه بحدوثه لها بعد ما لم يكن و إنه اى جواز خلوها عنه على أحد الوجهين ينفى الأمان عن الضرور يات فيرتفع الوثوق عن حكم العقل بوجوب الواجب واستحالة المستحيلات و جواز الجائزات لجواز انقلاب بعضها إلى بعض حينئذ و ذالك سفسطة ظاهرة البطلان انتهى"[1]

---

(۱) شرح مواقف ،المرصد الثالث، المقصد الرابع فى ابحاث الممكن لذاته،۳/ ۱۷۳-۱۷۴ ،دار الكتب العلمية بيروت لبنان

ماہیت ممکنہ کے لیے وصف امکان لازم ہے جس سے اس کا جدا ہونا محال ہے ورنہ جائز ہوگا کہ ماہیت امکان سے خالی ہو تو ممکن، ممتنع یا واجب ہو جائے گا اگر ماہیت کا وصف امکان سے خالی ہونا اس طرح ہو کہ پہلے اس کے ساتھ امکان تھا پھر زائل ہو گیا۔ یا اس کے برعکس ہوگا، یعنی ممتنع یا واجب ممکن ہو جائے گا اگر یہ مانیں کہ ماہیت میں وصف امکان پہلے نہ تھا، بعد میں حادث ہوا۔ اور اگر ماہیت کا اپنے لازم سے خالی ہونا (دونوں صورتوں میں سے کسی ایک صورت میں) ممکن ہو تو بدیہیات سے امان اٹھ جائے گی اور واجب کے وجوب اور محالات کے استحالہ اور ممکنات کے امکان کا عقل نے جو فیصلہ دیا ہے اس پر اعتماد قائم نہ رہے گا؛ اس لیے کہ اس وقت واجب کا محال، محال کا واجب یا ممکن کا واجب یا ممتنع ہونا ممکن ہوگا یہ ایسا سفسطہ ہے جس کا بطلان ظاہر ہے۔

یہ مخالف اس حقیقت سے بالکل بے بہرہ ہے وہ صاف کہہ رہا ہے کہ: "ممتنع بالذات کا ممکن بالذات ہونا محال بالذات نہیں ہے"۔ عناصر کے تغیرات وانقلاب اور اعراض وافعال کی جواہر سے تبدیلی کا ذکر اس مقام سے کوئی ربط نہیں رکھتا؛ اس لیے کہ ہماری گفتگو یہ ہے کہ: "ممتنع بالذات کا ممکن بالذات ہونا محال بالذات ہے" اس ہرزہ سرائی اور بے ہودہ گوئی کا اس مقام سے کیا تعلق ہے؟ یہ شخص ربط و تعلق بھی نہیں سمجھتا، مطالب علمیہ تک اس کی رسائی کیا ہوگی۔ ہمارے استاذ کے پیشوا ائمۂ مجتہدین ہیں اور اس بے دین کے پیشوا دجّال شیاطین ہیں جو نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی چیزوں سے خدائے تعالیٰ کا متّصف ہونا، دو نقیضوں کا اکٹھا ہونا ممکن اور زیر قدرت مانتے ہیں اسی طرح اور ایسی چیز کو بھی ممکن اور اللہ عزوجل کے زیر قدرت داخل جانتے ہیں جس کا وجود خود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ "أعاذ اللہ المؤمنین من مکائد هم و نجّا هم من مفاسد هم و عقائد هم۔" (اللہ عزوجل ان کے مکر وفریب اور برے عقائد سے مؤمنوں کو اپنی خاص پناہ میں رکھے۔)

استاذ الاساتذہ نے افادہ فرمایا کہ:

عجز یہ ہے کہ جو چیز اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہونے کی صلاحیت رکھے اس پر وہ قادر نہ ہو۔ اور ممتنع بالذات اس کی قدرت کے تحت داخل ہونے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا تو اس پر اس کے قادر نہ ہونے سے اس کا عاجز ہونا لازم نہیں آتا۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: جو چیز نفس الامر میں ممتنع بالذات ہے وہ مقدور نہیں ہے لیکن جس ممکن بالذات کو غلط طور پر ممتنع بالذات سمجھ لیا گیا (جیسا کہ مسئلۂ دائرہ میں ہے اور ان شاء اللہ آئے گا) بلا شبہ وہ مقدور ہے۔ واضح رہے کہ اس علامۂ یگانۂ زمانہ نے مذکورہ عبارت کے ذریعہ عجز کی جو تعریف کی ہے وہ عجیب وغریب تعریف ہے؛ اس لیے کہ "عدمُ القدرت" کی ترکیب میں قدرت کا لفظ یا تو مقدور ہونے کے معنی میں ہے تو عدم قدرت اس شئ کی صفت ہوگی جو مقدور نہ ہو جب کہ عاجز

ہونا فاعل کی صفت ہے، اور اگر اس کا معنی "قادر ہونا" ہے تو یہ پہلے سے بھی زیادہ فاسد ہے جیسا کہ اہل علم پر پوشیدہ نہیں۔

اقول: ہم قطعی ویقینی دلیلوں سے واضح طور پر یہ ثابت کر چکے کہ: "حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمالات وصفات میں آپ کے برابر شخص کا موجود ہونا ممتنع بالذات ہے" اس لیے کہ یہ مساوی اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ اب اگر کوئی معاند اپنی حماقت وجہالت کے سبب نہ سمجھے اور اس کا انکار کرے تو وہ خود اپنی ذلت و خواری میں اضافہ کر رہا ہے۔ تو دوسری محال بالذات چیزوں کی طرح وہ مساوی بھی داخل قدرت نہیں۔

رہ گیا اس کا یہ کہنا کہ: "واضح رہے الخ" تو یہ حد درجہ عجیب وغریب ہے۔ یہ تو پہلے ہی سے معلوم تھا کہ یہ مخالف علوم حقیقیہ کے مسائل کے فہم سے بے بہرہ ہے اب اس قول سے یہ بھی معلوم ہوا کہ: یہ بے چارہ عربی زبان سے بھی بے بہرہ ہے؛ اس لیے کہ لفظ "علیٰ" جسے ناقل نے "عنْ" کی شکل میں لکھ دیا اسے اس نے "عنْ" قرار دے کر اعتراض کا ذریعہ بنایا۔ اور اگر یہ مان بھی لیں کہ ناقل سے ایسا نہ ہوا تو اگر لفظ "عنْ" لفظ "علیٰ" کی جگہ مستعمل ہو تو کیا مضائقہ ہے۔ قاموس میں ہے:

"عن المخففة على ثلاثة أوجه يكون حرفاً جاراً ولها عشرة معان: "المجاوزة" سافر عن البلد "البدل"، "لا تجزى نفس عن نفس"، "الاستعلاء"، "فإنما يبخل عن نفسه" انتهى ما أردنا نقله.

"وفى الصحاح: وقد يقع "عن" موضع "على" نحو "لا أفضلت فى حسب عنى" أى على.

و قال أيضا: حروف الجر تنوب بعضها عن بعض إذا لم يلتبس المعنى"

''عن'' مخففہ تین طرح سے مستعمل ہوتا ہے: حرف جار ہوتا ہے اور اس کے دس معنی ہیں: ۱۔ مجاوزت، مثلاً "سافرت عن البلد" ۲۔ اور عوض وبدل مثلاً "لَا تَجۡزِىۡ نَفۡسٌ عَنۡ نَّفۡسٍ" ۳۔ استعلا مثلاً "فإنما يبخل عن نفسه" (یعنی وہ اپنے ہی اوپر بخل کرتا ہے)

اور صحاح میں ہے کہ: کبھی "عنْ" علی "کی جگہ آتا ہے جیسے "لا أفضلت فى حسب عنى أى على" اور یہ بھی کہا کہ: حروف جار باہم ایک دوسرے کی جگہ مستعمل ہوتے ہیں جب کہ معنی میں اشتباہ نہ ہو۔

عربیت سے ناواقف مخالف کو اس طرح کے اعتراضات میں معذور رکھا جاسکتا ہے۔

میرے استاذ نے افادہ فرمایا کہ:

مثلاً اگر کوئی شخص یہ کہے کہ: اللہ سبحانہ اپنا شریک ومماثل یا اجتماع نقیضین یا ارتفاع نقیضین پیدا کرنے پر قادر نہیں تو یہ نہیں کہا جاسکتا کہ: وہ اللہ سبحانہ کو عاجز وبے بس اور مجبور اعتقاد کرتا ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: اپنے شریک ومماثل اور مذکورہ چیزوں کے خلق پر اللہ سبحانہ کو قادر نہ ماننا اسے عاجز ماننا نہیں، لیکن ایسا امر جس کے خلاف خبر الٰہی واقع ہوگئی اس لیے وہ محال ہوگیا، مثلاً ابولہب کا ایمان لانا، جنت میں کافروں کا داخل کرنا، اور

ہمارے مسئلۂ دائرہ میں شریک و مساوی معلوم کا پیدا کرنا (جیسا کہ مدعی معترض کا قول و عقیدہ ہے اور اس کی تفصیل انشاءاللہ آگے آئے گی) ایسے امر کی تخلیق پر خدا کی قدرت نہ ماننا بلاشبہ اللہ سبحانہ کو عاجز ٹھہرانا ہے۔" تعالی اللہ عما یقول الظلمون علوا کبیرا."

اقول: دلائل سے یہ روشن ہو چکا ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کے صفات کمال میں کسی شخص کا مساوی ہونا اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق اور جس شئ کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو اس کا مصداق محال بالذات ہے۔ اس لیے اس مخالف کی یہ بے ہودہ گوئی بے جا ہے۔

استاذ نے افادہ فرمایا کہ:

اللہ سبحانہ کی قدرت عامہ پر دلالت کرنے والی آیتیں مثلاً اللہ عزوجل کا ارشاد: "وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"(۱) اور "وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا"(۲) اور اس کے سوا دوسری آیتیں محالات عقلیہ کو شامل نہیں؛ اس لیے کہ محال عقلی شئ نہیں کہ "ہر شئ" کے عموم میں داخل ہو۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: جو محال عقلی نفس الامر میں محال عقلی ہے بلاشبہ وہ "کُلّ شیء" کے عموم میں داخل نہیں، لیکن غلط فہمی سے جس ممکن بالذات کو محال عقلی سمجھ لیا گیا (جیسا کہ مسئلۂ دائرہ میں آں حضرت کے مساوی و برابر شخص) بلاشبہ "کُلّ شیء" کے عموم میں داخل ہے تو "ہر شئ" کے عموم سے اسے خارج کرنا اللہ کی آیتوں میں الحاد و بے دینی ہے۔ اور ان تمام چیزوں کو خارج کرنے والا اس آیت کریمہ: "إِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْ اٰیٰتِنَا لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا"(۳) بے شک جو ہماری آیتوں میں ٹیڑھے چلتے ہیں ہم سے چھپے نہیں) کا مصداق ہے جیسا کہ انشاءاللہ تفصیل آرہی ہے۔

اقول: دلائل قطعیہ سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص محال بالذات ہے تو وہ "ہر شئ" کے عموم میں داخل نہیں ہے اور جو چیز اجتماع نقیضین کا مصداق ہو اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو اسے "وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" کے عموم میں داخل کرنا الحاد و بے دینی ہے جیسا کہ گزرا اور عنقریب آئے گا۔ اور علاوہ ازیں جو ممکن بالذات ازلاً و ابداً معدوم ہوں انہیں مطلقاً شے کے تحت داخل ماننا اشاعرۂ اہل سنت کے مذہب کے خلاف ہے۔ شرح مواقف میں ہے:

"المقصد السادس فی أن المعدوم شیء أم لا و إنها من أمهات المسائل الكلامية فقال

---

(۱) پ:۱، البقرہ

(۲) پ:۱۵، الکھف

(۳) پ۲۴، حم السجدہ: ۴۰

غیرأبی الحسن البصری وأبی الهذیل العلاف والکعبی من المعتزلة: إن المعدوم الممکن شئ فإن الماهیة عندهم غیر الوجود و معروضة له و قد تخلو عنه مع کونهامتقررًا فی الخارج و إنما قید والمعدوم بالممکن لأن الممتنع منه منفی لا تقرر له اصلاً اتفاقا و منعه الأشاعرة مطلقاً أی فی المعدوم الممکن والممتنع جمیعًا فقالوا: المعدوم الممکن لیس بشئ کالمعدوم الممتنع لأن الوجود عندهم نفس الحقیقة فرفعه رفعها" و به أی بما ذهب إلیه الأشاعرة قال الحکماء أیضا انتهی." (۱)

چھٹا مقصد: اس بارے میں ہے کہ معدوم شئ ہے یا نہیں؟ یہ علم کلام کے اہم بنیادی مسائل سے ہے، ابوالحسن بصری، ابوالھذیل علّاف اور کعبی کے سوا دیگر معتزلہ نے یہ کہا کہ: "معدوم ممکن "شئ ہے کیوں کہ ان کے نزدیک ماہیت وجود کے مغایر ہے، دونوں ایک نہیں، وجود ماہیت کو عارض ہے اور ماہیت اس کی معروض ہے اور کبھی ماہیت وجود کے بغیر خارج میں ثابت ہوتی ہے۔ اوران لوگوں نے معدوم کو ممکن سے صرف اس لیے مقید کیا کہ: "معدوم ممتنع "بالکل منفی ہوتا ہے، اس کے لیے کچھ بھی تقرّر و ثبوت نہیں ہوتا۔ اس پر سب کا اتفاق ہے۔ اور اشاعرہ نے معدوم ممکن و ممتنع دونوں میں اسے ممنوع قرار دیا توانھوں نے یہ کہا کہ: "معدوم ممکن شئ نہیں جیسے معدوم ممتنع شئ نہیں"؛ اس لیے کہ ان کے نزدیک وجود عین حقیقت اورنفس ماہیت ہے۔ وجود حقیقت و ماہیت کے سوا کوئی دوسری شئ نہیں تو ان کے نزدیک وجود کے عدم سے ماہیت کا عدم ہوا۔ حکما بھی اشاعرہ ہی کے مذہب کے قائل ہیں۔

تو اس شخص کا یہ کلام کہ: "غلط فہمی سے جس ممکن بالذات کو محال عقلی سمجھ لیا گیا جیسا کہ مسئلۂ دائرہ میں آں حضرت کے مساوی و برابر شخص) بلا شبہ "کُلّ شیئ" کے عموم میں داخل ہے۔ "معلوم نہیں کس مذہب پر مبنی ہے؟ اس لیے کہ اس ملحد کو بھی اس بات کا اعتراف ہے کہ: جس مساوی مذکور میں ہماری گفتگو ہے وہ ازلاً و ابداً معدوم ہے۔ تو معلوم نہیں کہ یہ لا مذہب کس مذہب کی بنیاد پر اسے ہر شئ کے عموم میں داخل جانتا ہے۔ شاید یہ بے چارہ اپنی جہالت سے معذور ہے۔ اس کے ناقص ذہن میں جو کچھ آتا ہے بک دیتا ہے۔

میرے استاذ علام نے افادہ فرمایا کہ:

"اگر کوئی شخص محالات عقلی اور ممتنع بالذات چیزوں پر اللہ عزوجل کی قدرت کے انکار سے احتراز کرے اور اسے اللہ جل شانہ وعز مجدہ کی بلند بارگاہ میں سوئے ادب شمار کرے تو ایسا شخص توحید و ایمان کو کنارے ڈالنے والا ہے۔

---

(۱) شرح مواقف، المرصد الاول، المقصد السادس: المعدوم شیئ أم لا، ص:۱۸۹، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: جس طرح حضرت ذوالجلال الکبیر المتعال" جلّ جلالہ و عم نوالہ" کی بے ادبی جان کر محالات ذاتیہ نفس الامریہ پر کسی شخص کا اللہ کی قدرت کے انکار سے احتراز توحید وایمان سے خارج ہونے کا باعث ہے، اسی طرح حضرت واجب الوجود مفیض الخیر والجود کی ذات پاک اور صفات کمال کے سواوہ ممکنات ذاتیہ جو خبر الٰہی یا علم الٰہی وغیرہ کے باعث محال ہو گئے ہیں ان کی ایجاد پر اللہ کی قدرت کاملہ شاملہ کے اثبات سے کسی کا احتراز اسے ایمان وتوحید سے خارج کر دیتا ہے جیسا کہ آں حضرت خیر البریات، افضل الموجودات، حبیب رب العالمین، سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین کے مثل اور مساوی شخص جو کہ ممکن بالذات ممتنع بالغیر ہے اور اللہ کا علم وخبر اس کے پیدا نہ کرنے سے متعلق ہے جس کے سبب وہ ممتنع بالغیر ہو گیا تو یہ قسم، عقلی اور نقلی دلیلوں کی روشنی میں ممکن اور اللہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہے۔ تو اگر کوئی شخص باطل ونا تمام شیطانی وسوسوں اور نفسانی خواہشوں کے سبب اسے محال بالذات قرار دے کر اللہ کی قدرت سے خارج مانے تو یہ دونوں شخص ایمان فراموش، ایک دوسرے کے ہم دوش اور اپنے الحاد محبوب کے ساتھی ہیں۔ اگر تائب نہ ہوں تو جہنم میں بھی ہم آغوش ہوں گے۔ انشاء اللہ اس کی تفصیل آرہی ہے۔

اقول: تحقیق سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے اور آئندہ بھی مزید تحقیق آئے گی کہ: حضور اقدس ﷺ کے صفات کمال میں آپ کا مساوی محال بالذات ہے؛ اس لیے کہ وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ اس کو ممکن بالذات جاننا حماقت ونادانی یا تعنُّت وبے ایمانی ہے۔ اور یہ اعتقاد بھی مُنجرّ الی الکفر ہے کہ: "ہر ممکن بالذات اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے اگرچہ وہ ممتنع بالذات کو مستلزم ہو" اس لیے کہ اللہ جل شانہ کی قدرت وغیرہ صفات کمالیہ عامۂ متکلّمین اور نیز اس بے ایمان بے وقوف کے پیشواؤں کے نزدیک ممکن بالذات ہیں اور ان کا عدم جو ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے متکلّمین کے نزدیک اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں۔ اور یہ اعتقاد کرنا کہ: "وہ اللہ عزوجل کی قدرت کے تحت داخل ہیں" کفر والحاد ہے جیسا کہ تفصیل آرہی ہے۔ اس بے ایمان نے اگر شیطان دجّال کی اتباع سے توبہ کر کے اس کا پیچھا نہ چھوڑا تو عنقریب اس کا انجام برا ہوگا اور اس کے پہلو میں جہنم کے اندر اس کا ٹھکانا ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تفصیل آرہی ہے۔

میرے استاذ محقق نے افادہ فرمایا کہ:

"اس شخص کا عقیدہ یہ ہے کہ: "اللہ عزوجل کا شریک ونظیر اور اس کا عدم ممکن ہے اور نقص وعیب، بے حیائی وبرائی کی باتوں اور تجسیم وتمکن وغیرہ چیزوں سے اس کا متصف ہونا ممکن ہے جب کہ یہ ساری چیزیں ممتنع بالذات ہیں۔ اگر اس کی قدرت کے تحت داخل ہوں تو بلاشبہ ممکن ہوں گی" تعالَی اللہ عمّا یصفون۔"

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: "مذکورہ عبارت میں "ان ساری چیزوں" کے لفظ سے جن چیزوں کی طرف اشارہ کیا گیا ان میں سے

ایک چیز عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ہے۔ یہ بلا شبہ ممتنع ہے لیکن گفتگو اس میں ہے کہ یہ اتصاف ممتنع بالذات ہے جیسا کہ معترض نے اپنے کلام میں اس کی تصریح کی یا ممتنع لذات الواجب؟ یہ معنی و مفہوم تدقیق نظر سے واضح و روشن ہوگا تو میں کہتا ہوں کہ:

"ہمارے اس کلام میں کہ:" یہ ممکن بالذات ہے یا واجب بالذات یا ممتنع بالذات "حکمت و فلسفہ کی اصطلاح کے مطابق ذات سے ایسی ذات مراد ہے: جو ان تینوں مفہوموں سے موصوف ہو جس کی تعبیر علما کے عرف میں لفظ "یہ" سے کی گئی ہے تو میرا کہنا یہ ہے کہ: اتصاف ایک معنی اسمی نسبی ہے جو طرفین (موصوف و صفت) کو چاہتا ہے یعنی ایک شئ کا دوسری شئ سے متّصف ہونا اور طرفین (موصوف و صفت) تحقق اور تصور میں حقیقت اتصاف اور اس کے لازم ذاتی سے خارج ہوتے ہیں۔ تو جس وقت میرے ذہن میں اتصاف کا معنی متصور ہوتا ہے ان دونوں (موصوف و صفت) کا تصور بالتبع لازم آتا ہے جیسا کہ لفظ ابتدا کا معنی جب متصور ہوتا ہے تو اس کے طرفین (ذوابتدا و مبدأ) کا تصور لازم آتا ہے یعنی ایک شئ کی دوسری شئ سے ابتدا لیکن اس کے لیے مطلق دو شئ بالذات لازم ہیں، نہ کہ خاص دو شئ۔

اور جب اتصاف ایک معنی مصدری ہے تو اس کے افراد، افراد حصص ہوں گے اور کوئی بھی کلی بہ نسبت اپنے افراد حصصی کے نوع ہوتی ہے تو مطلق اتصاف نوع واحد ہوگا۔ اور یہ نوع واحد (مطلق اتصاف) قضیہ منفصلہ حقیقیہ کے طریقہ پر یا تو واجب بالذات یا ممکن بالذات یا ممتنع بالذات ہوگی۔ تو اس مقام پر عقلی احتمالات چھ ہیں۔ وہ اس طرح کہ دوسری شئ (منسوب، صفت) کی تخصیص میں دو احتمال ہیں: (۱) صفت کمال اور (۲) صفت نقصان، اور پہلی شئ (موصوف، منسوب الیہ) کی تخصیص میں تین احتمال ہیں: (۱) واجب، (۲) ممکن، (۳) ممتنع۔ اور چوں کہ ممتنع بالذات کے کسی صفت سے متّصف ہونے میں کافی طویل کلام ہے اور ہمارے مسئلہ دائرہ سے اس کا کوئی زیادہ تعلق بھی نہیں ہے تو اسے ساقط کر کے صرف دو احتمال باقی رکھے جس کی وجہ سے چھ احتمالات میں سے چار احتمال باقی رہے: (۱) ممکن کا صفت کمال سے متّصف ہونا (۲) اور صفت نقصان سے متّصف ہونا یہ دونوں احتمال ممکن بالذات اور واقع ہیں جیسا کہ: زید کا علم اور جہل سے متّصف ہونا (۳) واجب کا صفت کمال سے متّصف ہونا یہ واجب و ضروری ہے اور (۴) واجب و تقدس (عن جمیع صفات النقص) کا عیب کی صفتوں سے متّصف ہونا کہ یہ بلا شبہ محال و ممتنع ہے۔ لیکن اول کا اتصاف واجب ہونا اور ثانی کا اتصاف ممتنع ہونا ذات واجب کے سبب ہے، اس لیے کہ وجوب وجود جس طرح تمام صفات کمال کے استجماع کا منبع و سرچشمہ ہے، عیب و نقص کی تمام صفتوں اور ان سے اتصاف سے پاک ہونے کا منشا و مدار بھی ہے۔ نیز جب طرفین کی خصوصیت کے سبب وجوب یا امتناع ہو تو اتصاف کے واجب بالغیر اور ممتنع بالغیر ہونے کا یہی معنی ہے کیوں کہ طرفین کی خصوصیت نہ تو اتصاف کا مقوّم ہے اور نہ ہی اس کا لازم ذاتی اور نہ ہی مذکورہ وجوب و امتناع، ذات اتصاف کے سبب ہے، اس لیے کہ ذات اتصاف تو زید کے علم و جہل سے اتصاف میں بھی متحقق ہے اور یہاں اتصاف بلا شبہ ممکن بالذات ہے۔ اور جو ذاتیں ممکن بالذات ہوں

ان کا واجب بالذات یا ممتنع بالذات ہونا بلا شبہ باطل ہے؛ اس لیے کہ ان تینوں مفہوموں (واجب، ممکن، ممتنع) سے حاصل شدہ قضیہ حقیقیہ ہے تو یہ کہنا کہ: "عیب و نقص کی صفتوں سے واجب و تقدس کا اتصاف ممتنع لذات الواجب و تقدس نہیں بلکہ خود ذات اتصاف کی وجہ سے ہے، یا یہ کہنا کہ: یہ اتصاف محال و ممتنع ہے مگر ذات واجب و تقدس کے سبب نہیں بلکہ نفس اتصاف کے سبب" یہ دور کی آواز ہے جو عقلا کی شان نہیں چہ جائے کہ فضلا"۔

اقول: اس کلام سے یہ بات مبرہن ہوگئی کہ: یہ مخالف مسائل علمیہ کے فہم وادراک سے کوسوں دور ہے۔ اس نے دھوپ میں اپنی داڑھی سفید کی ہے اور کتابیں صرف اٹھانے رکھنے میں اپنی زندگی برباد کی ہے۔ اس کور چشم، بے بصیرت انسان نے جس تدقیق فکر کی تکلیف گوارا کی اس نے اس کا عیب خود بے نقاب کر دیا۔ اس اجمال کی توضیح یہ ہے کہ:

جس مفہوم کی نسبت کسی دوسری شئ کی طرف کی جائے حکایت کرنے والے کی نقل و حکایت اور منتزع کے انتزاع سے صرف نظر کرتے ہوئے واقع اور نفس الامر میں اس کی نسبت ان تین کیفیتوں سے خالی نہیں ہوگی: ۱۔ یا تو وہ واجب بالذات ہوگا ۲۔ یا ممکن بالذات ۳۔ یا ممتنع بالذات ؟ اور نسبت کی ان کیفیات ایجابیہ نفس الامریہ کو مادہ (مادۂ قضیہ) کہتے ہیں تو واقع اور نفس الامر میں کسی مفہوم کی دوسری شئ کی طرف نسبت کی ایک ایسی حالت ہے جو ذہن کے انتزاع اور حکایت کرنے والے کے اعتبار کے تابع نہیں۔ جب یہ حکم کیا جائے کہ: فلاں شئ کے لیے فلاں صفت ثابت ہے تو واقع اور نفس الامر میں ایک خاص حالت ہوگی جو اس حکم کا مصداق اور اس حکایت کا محکی عنہ ہوگی اسی حالت واقعیہ کا نام اتصاف ہے مثلاً یہ کہتے ہیں کہ: جسم سیاہی، زید کور چشمی، اور آسمان بلندی سے متّصف ہے اور ان تمام اتصافات کا ظرف خارج ہے۔ دو اور چار جفت ہونے سے متّصف ہیں اور تین اور پانچ طاق ہونے سے متّصف ہیں اور ان اتصافات کا ظرف نفس الامر ہے اور کلی جنس و فصل ہونے سے متّصف ہے اور اس اتصاف کا ظرف خاص ذہن ہے۔ اور جو اتصاف واقعی نفس الامری حکایت و حمل کا مصداق اور محکی عنہ ہے وہ معنی مصدری انتزاعی نہیں ہے۔ یہ خود مختلف حقیقتیں ہیں، کسی معنی مصدری کے حصص نہیں ہیں۔ مثلاً واجب شانہ کا وجود سے اتصاف یعنی اس حکایت کا مصداق کہ: "اللہ نفس الامر میں موجود ہے" واجب ہے۔ اور واجب سبحانہ وتعالی کا امکان ذاتی سے اتصاف یعنی اس حکایت کا مصداق کہ: "اللہ نفس الامر میں ممکن بالذات ہے" ممتنع بالذات ہے۔ اور انسان کا کتابت سے اتصاف یعنی اس حکایت کا مصداق کہ: "انسان نفس الامر میں کاتب ہے" ممکن بالذات ہے۔ اور جن مصادیق کو اتصاف کہتے ہیں وہ کسی میں ذاتی مشترک نہیں، یہاں تک کہ ایک حقیقت میں اس ذاتی کے مشترک ہونے سے حقیقت نوعیہ واحدہ حاصل ہو یہ مقدمات مبتدی طلبہ پر واضح ہیں۔ اور یہ حقیقت روشن ہے کہ: اس معنی کے اعتبار سے نفس الامر میں ہر شئ کا ہر مفہوم سے اتصاف ممکن نہیں مثلاً حقیقت انسان کا حماریت سے اتصاف ممکن نہیں (جو اگرچہ اس مخالف کے مادہ میں موجود ہے) یا سفیدی کی حقیقت کا مثلاً کپڑے سے اتصاف یا اُبُوّت کی حقیقت کا حجریّت (پتھر ہونے) سے اتصاف، بلکہ بعض اشیا کا بعض مفہومات سے اتصاف واجب بالذات ہے اور بعض اشیا کا بعض مفہومات سے اتصاف ممتنع بالذات ہے تو

واجب الوجود جل شانہ کا عیب ونقص اور بے حیائی وبرائی کی باتوں اور تجسیم وتمکن اور تحیز سے متصف ہونا ممتنع بالذات ہے جیسا کہ انسان کا لاانسانیت سے متصف ہونا ممتنع بالذات ہے۔ یہ مخالف واجب سبحانہ کا عیب ونقص اور بے حیائی وبرائی کی چیزوں سے متصف ہونا، حیز ومکان میں ہونے اور جسم، پتھر، نبات، حیوان، آگ، پانی اور ہوا ہونے سے متصف ہونا ممکن بالذات جانتا ہے اور ان سب کے باوجود وہ خود کو اہل ایمان سے شمار کرتا ہے۔ اس پر طرفہ یہ ہے کہ تدقیق نظر سے اس کی دلیل بھی لاتا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ:

"اتصاف ایک اسمی ونسبی معنی ہے جس کے افراد متفقۃ الحقیقت حصے ہیں جن میں ممکن بالذات اور ممتنع بالذات ہو نے کے اعتبار سے فرق واختلاف نہیں ہو سکتا اور اس کے بعض حصے ممکن بالذات ہیں تو اس کے تمام حصے ممکن بالذات ہوں گے اگرچہ طرفین کی خصوصیتوں کے اعتبار سے اس کے بعض حصے واجب اور بعض حصے محال وممتنع ہوتے ہیں مگر یہ وجوب وامتناع بالذات نہیں بلکہ یہ وجوب وامتناع بالغیر ہے"۔

یہ استدلال اس کی جہالت وحماقت کی پیداوار ہے۔ عیب ونقص اور تجسیم وتمکن وغیرہ سے اللہ سبحانہ کا متصف ہونا اس لیے ممتنع بالذات ہے کہ: وہ اتصاف جو حالت نفس الامر کا مصداق ہو اس کے معنی یہ ہوں گے: "ذات واجب سبحانہ وتعالیٰ اور نقائص وقبائح واقع میں متحد ہیں۔" یہ مصداق نفس الامری ممتنع بالذات ہے اور یہ اتصاف کے معنی مصدری کے حصص سے نہیں۔ اور یہ اتصاف اس لیے بھی ممتنع بالذات ہے کہ مختلف متبائن حقیقتوں کا متحد ہونا ممتنع بالذات ہے مثلاً سیاہی کی حقیقت وماہیت کا حقیقت انسان یا کاتب کے ساتھ متحد ہونا اور یہ کسی علت کے سبب محال وممتنع نہیں۔

اور جب واجب بالذات کی حقیقت حقہ تمام حوادث وممکنات کی حقیقتوں کے مغایر ومباین ہے تو اس کا ان حادث وممکن ذاتوں اور ماہیتوں سے اتحاد ممتنع بالذات ہے تو انسانیت اور اس کے خاص لوازم، حیوانیت اور اس کے خاص لوازم، جسمیت اور اس کے خاص لوازم اور دوسری حادث وممکن حقیقتوں سے (جن میں نقائص وقبائح بھی داخل ہیں) واجب سبحانہ کا اتصاف ممتنع بالذات ہے جو اس کی قدرت کے تحت داخل نہیں اور یہ امتناع کسی علت کے سبب نہیں۔ اگر ان ساری چیزوں سے واجب سبحانہ کا متصف ہونا ممتنع بالذات نہ ہو بلکہ ممکن ہو تو اللہ سبحانہ کا انسان، کاتب، مستقیم القامۃ ہونا، حیوان ہونا، جسم ہونا، کھانا پینا، بڑھنا پھیلنا، پیشاب و پاخانہ کرنا، حیز ومکان میں ہونا، خاص شکل و مقدار پر ہونا، ممکن بالذات ہو گا۔ کوئی عاقل ایسی جسارت نہیں کر سکتا کہ اللہ سبحانہ کے حق میں ان ساری چیزوں کو ممکن بالذات کہے۔ اس شخص نے انتہائی بے باکی کے ساتھ ان ساری چیزوں کو ممکن بالذات کہا اور غایت جہالت کے سبب اس پر دلیل بھی پیش کر رہا ہے۔ اسے یہ نہیں معلوم کہ: "اتصاف بمعنی مصدری اور اس کے ان حصوں میں کلام نہیں جو مفہوم ذہنی ہیں۔"

جہاں کہیں یہ کہا جاتا ہے کہ: "فلاں چیز سے فلاں چیز کا اتصاف، مثلاً سیاہی سے انسانیت کا اتصاف ممتنع ہے"۔ اس کا معنی یہ ہے کہ: نفس الامر میں اس کے مصداق کا عدم ضروری ہے۔ اس کا معنی یہ نہیں کہ: جو معنی مصدری موجودات ذہنی

سے ہے اس کا معدوم ہونا ضروری ہے۔ مثلاً سیاہی کے انسانیت سے اتصاف کا مفہوم موجودات ذہنی سے ہے نہ ممتنع بالذات ہے اور نہ ممتنع بالغیر اور اس کا مصداق ممتنع بالذات ہے نہ کہ ممتنع بالغیر۔

یہ مخالف چند وجہوں سے یہاں قعر جہالت وضلالت میں گرا:

(۱) تینوں مادے یعنی وجوب، امتناع اور امکان، مصداق نفس الامری کی کیفیت ہیں جسے اتصاف سے تعبیر کرتے ہیں، اتصاف بمعنی مصدری کی کیفیت نہیں جو کہ موجود ذہنی ہے، مثلاً اگر کوئی یہ کہے کہ: سیاہی کا انسانیت وکتابت سے متّصف ہونا محال بالذات ہے تو اس سے یہ نہیں سمجھا جا سکتا کہ یہ مفہوم ذہنی محال ہے بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ: اس کا مصداق ممتنع ہے۔ اس نافہم نے اتصاف سے اس کا معنی اسمی نسبی سمجھ لیا اور ان ساری بے ہودہ گوئیوں کا مرتکب ہوا۔

(۲) اس کی اس تقریر سے یہ لازم آتا ہے کہ: ذات حقہ واجبہ بالذات کا حدوث اور امکان ذاتی سے متّصف ہونا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے؛ اس لیے کہ یہ اتصاف بھی مطلق اتصاف کے حصوں میں سے ایک حصہ ہے، مطلق اتصاف نوع واحد ہے اور نفس مطلق اتصاف ممتنع بالذات نہیں ہے، اس لیے کہ ذات اتصاف علم و جہل دونوں سے زید کے متّصف ہونے میں متحقق ہے جو یہاں بلا شبہ ممکن بالذات ہے۔ اور جو ذاتیں ممکن بالذات ہوں ان کا واجب بالذات یا ممتنع بالذات ہونا باطل ہے الی آخر ما قال۔

اس سے یہ واضح ہے کہ: اس کے اعتقاد میں واجب سبحانہ کا امکان ذاتی اور حدوث سے متّصف ہونا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے تو اس کے اعتقاد میں واجب بالذات، ممکن بالذات ہے۔

(۳) "عدم" معنی اسمی اضافی ہے جس کے افراد اس کے حصے ہیں، جیسا کہ زید کا عدم اور عمرو کا عدم، تو "عدم" نوع واحد ہے جس کے بعض حصے ممکن بالذات ہیں تو اس نافہم کے علم میں اس کی تدقیق فکر کی بنا پر، واجب سبحانہ کا عدم ممکن بالذات، ممتنع بالغیر ہے اور جس کا عدم ممتنع بالغیر ہے وہ ممکن بالذات ہے تو اس کی اس تدقیق فکر پر واجب سبحانہ کا ممکن بالذات ہونا لازم ہے۔

(۴) اس نے اپنے آغاز کلام میں یہ کہا کہ: "اتصاف جزئی وشخصی" ممتنع بالذات ہے اور "اتصاف کلی" جو اس "اتصاف جزئی وشخصی" کی نوع ہے ممکن بالذات ہے، اس لیے کہ امکان ذاتی کلی اور امتناع ذاتی شخصی میں منافات نہیں۔ جب کہ اس نے اپنی تدقیق فکر سے جو قاعدہ استخراج کیا ہے بالفرض اگر وہ صحیح ہو تو وہ اس قول کے منافی ہے اور یہ قول اس قاعدہ کے منافی ہے۔ تو اس کے ان دونوں قولوں میں کھلا ہوا تضاد ہے مگر اس کی حماقت وجہالت اس کی عذر خواہ ہے۔

(۵) اس کے استخراج کردہ قاعدہ پر اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہونا لازم آتا ہے۔ اس نے آغاز کلام میں اس اعتراض کا احساس کر کے خود اس کے جواب میں جو کچھ کہا ہے عنقریب اس کا رد آئے گا۔

(۶) یہ شخص اس بات کا قائل ہے کہ: "یہ خاص حصہ یعنی واجب کا عیب ونقص اور بے حیائی وبرائی کی چیزوں سے

متّصف ہونا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے"۔ حالاں کہ یہ حصہ ایک موجود ذہنی ہے اور موجودات ذہنی ممتنع بالغیر بھی نہیں ہوسکتے۔ انھیں ممتنع بالغیر کہنا بلادت و نافہمی کا کرشمہ ہے۔ اس کے اس کلام میں اور دوسری بہت ساری خرابیاں ہیں: مثلاً یہ کہ: وجود معنی مصدری ہے جس کے افراد حصص ہیں اور اس کے بعض حصص ممکن ہیں تو اس کی رائے پر شریک باری وغیرہ محالات ذاتیہ کا وجود ممکن بالذات ہوگا زیادہ سے زیادہ ممتنع بالغیر ہوگا۔ اس کی اس تدقیق فکر کا حال یہ ہے۔ ایسی غیر معقول بکواس بے وقوف عوام کی شان سے بھی بعید ہے چہ جائے کہ عقلا، چہ جائے کہ فضلا۔

مخالف نے کہا:

پھر میں یہ کہتا ہوں کہ: "یہ بات واضح ہے کہ: واجب شانہ کے صفت کمال مثلاً علم سے متّصف ہونے اور اس صفت کمال کی مقابل صفت نقص مثلاً جہل سے اس کے متّصف نہ ہونے میں تلازم اور معیت و مصاحبت ذاتیہ ہے کہ اس درجہ میں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوسکتے، بر خلاف زید کہ اس کے صفت علم سے متّصف ہونے اور جہل سے متصف نہ ہونے میں تلازم نہیں اس لیے کہ زید اپنے عدم کی حالت میں نہ جاہل ہے نہ عالم تو ان دونوں یعنی صفت علم سے واجب کے متّصف ہونے اور صفت جہل سے متّصف نہ ہونے میں ذاتی علاقہ اور معیت و مصاحبت ہے۔ محض اتفاقی مقارنت و مصاحبت نہیں؛ اس لیے کہ واجب الوجود جل وعلا کی ذات جیسے صفت کمال سے اپنے اتصاف کی مقتضی ہے اسی طرح اس صفت کی مقابل صفت سے اپنے سلب اتصاف کی مقتضی ہے۔"

اقول: "واضح رہے کہ یہ مخالف ہر آن بے وقوفی میں ترقی کرتا رہتا ہے۔ ہم یہ پہلے بیان کر چکے کہ: حق تعالی کی ذات واجب بالذات، ماہیات ممکنہ، ان کے خسائس وخصائص اور عیوب ونقائص سے محض مباین ہے اور اس کے مرتبۂ ذات حقہ واجبہ سے ان سبھی حوادث وممکنات اور ان تمام نقائص وخصائص کا سلب ضروری ہے۔ سلب ضروری ہونے کا معنی یہ ہے کہ: ان کا ثبوت اس کی ذات کے لیے ممتنع بالذات ہے اور مباین شئ کا اس کی مباین ذات سے سلب ضروری ہے کیوں کہ اگر یہ سلب ضروری نہ ہو تو دو مباین چیزوں کا اتحاد ممکن بالذات ہوگا اور عامۂ متکلّمین کے مذہب پر جو صفات کمال ذات حقہ پر زائد ہیں ان سے وہ سلب بسیط مراد نہیں جو ضروری ہے بلکہ وہ امور وجودیہ مراد ہیں جو ان کے مذہب پر ذات حقہ کے ساتھ قائم ہیں اور سلب بسیط نہ تو امور وجودیہ سے ہے اور نہ ہی ذات حق کے ساتھ قائم کیوں کہ قیام از قسم وجود ہے اور سلب بسیط کا وجود نہیں اور رجہل، علم کا سلب بسیط نہیں اور اسی طرح عجز سے قدرت کا سلب بسیط مراد نہیں ہے توجہل وعجز اور ممکنات کے دیگر خصائص وخسائس اور اسی طرح فسق وفجور اور چوری وغیرہ کا مرتبۂ ذات احدیہ سے سلب کرنا ضروری ہے اور قضایا سالبہ: "اللہ سبحانہ لیس بجاھل و لیس بعاجز ولیس بفاسق و لیس بفاجر" (اللہ سبحانہ جاہل، عاجز، فاسق وفاجر نہیں وغیرہ) مرتبہ ذات واجب میں صادق ہیں۔

العیاذ باللہ تعالی اگر یہ قضایا سالبہ صادق نہ ہوں تو ان کے موجبات (یعنی اللہ سبحانہ کا جاہل، عاجز، فاسق وفاجر ہونا)

صادق ہوں گے اور اس کا التزام سخت ترین کفر و الحاد ہے۔ اور علم و قدرت وغیرہ صفات کمالیہ کا ثبوت ان عامۂ متکلّمین کے نزدیک جو ذات واجب پر انھیں زائد اور اس کی ذات کے ساتھ قائم مانتے ہیں مرتبہ ذات احدیہ میں نہیں کیوں کہ یہ ضروری ہے کہ: ذات موصوف کا مرتبہ پہلے ہو پھر اس کے ساتھ اس کی صفتیں قائم ہوں اور ان لوگوں کے نزدیک ذات واجب اپنے اوصاف کمال کی علت موجبہ ہے اور ذات علت کا معلول سے پہلے ہونا لازم و ضروری ہے۔ اسی سے یہ بات مدلل و مبرہن ہوگئی کہ: صفت کمال سے واجب شانہ کے اتصاف اور اس صفت کمال مذکور کی مقابل صفت مثلاً "جہل" سے اس کے متّصف نہ ہونے میں معیت و مصاحبت ذاتیہ نہیں ہے؛ اس لیے کہ معیت ذاتیہ کا معنی مثلاً یہ ہے کہ: دونوں کے دونوں ایک ہی مرتبہ عقلیہ میں ہوں حالاں کہ دلیل سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ: اس سلب کا مصداق، نفس ذات احدیہ امر زائد کے قیام کے بغیر ہے۔ اور ان صفات وجودیہ کا مصداق، ذات احدیہ کے مرتبہ کے بعد ہے، ہاں مرتبۂ ذات اور ان صفات کے مرتبۂ قیام کے درمیان تخلُّف و انفکاک نہیں ہے؛ اس لیے کہ علت موجبہ اور اس کے معلولات موجبہ کے درمیان واقع اور نفس الامر میں تخلُّف و انفکاک نہیں ہوتا ہے (یعنی یہ نہیں ہو سکتا کہ علت موجبہ موجود ہو اور اس کا معلول موجود نہ ہو) لیکن ان دونوں کے درمیان علاقہ معیت و مصاحبت ذاتیہ نہیں ہے تو ان دونوں یعنی صفت علم سے اللہ کے متّصف ہونے اور صفت جہل سے متّصف نہ ہونے میں علاقۂ معیت ذاتیہ نہیں ہے اور نہ ہی محض مقارنت و مصاحبت اتفاقی ہے؛ اس لیے کہ جہل سے اس کے سلب اتصاف کے مصداق کا مرتبہ، مرتبۂ ذات حقہ ہے اور عامۂ متکلّمین کے نزدیک ذات حقہ، صفت علم سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کی علت موجبہ ہے۔ اور علت و معلول میں محض مقارنت و مصاحبت اتفاقی نہیں ہوتی۔

اور اس کا یہ کہنا کہ:

"واجب الوجود جل وعلا کی ذات جیسے صفت کمال سے اپنے اتصاف کی مقتضِی ہے اسی طرح اس صفت کی مقابل صفت سے اپنے سلب اتصاف کی مقتضِی ہے"

ایسی عجیب بات ہے جسے کوئی مؤمن اپنی زبان پر نہیں لا سکتا؛ اس لیے کہ اگر واجب سبحانہ کی ذات، صفت نقص کے سلب کی مقتضی ہو تو مرتبۂ ذات حقہ میں اس کا سلب صادق نہیں آسکتا کیوں کہ مقتضا کا مقتضِی سے مؤخر ہونا ضروری ہے۔ تو مرتبۂ ذاتِ حقہ میں صفت نقص کا ثبوت صادق ہوگا؛ اس لیے کہ ارتفاع نقیضین کا محال ہونا ضروری ہے۔ یعنی دو نقیضوں میں سے کوئی بھی نقیض صادق نہ ہو یہ بدیہی طور پر محال ہے۔ کوئی انسان ایسی جرأت نہ کرے گا چہ جائے کہ مؤمن۔ تو اس کے اس تمہیدی مقدمے کی بیخ کنی ہوگئی۔ "فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔"

مخالف نے کہا:

اس جگہ دو قاعدے متحقق ہیں: (۱) "ایک نقیض کا وجوب ذاتی دوسری نقیض کے ممتنع بالذات ہونے کو مستلزم ہے

اور بر عکس (ایک نقیض کا ممتنع بالذات ہونا دوسری نقیض کے واجب بالذات ہونے کو مستلزم ہے) اور مدعی معترض کو بھی اس قاعدے کا اعتراف و اقرار ہے جیسا کہ قرآن مجید سے ماخوذ تیسرے عقلی استدلال کے مقام پر جسے عالم ربانی نے ذکر کیا مدعی مذکور نے ذکر کیا۔

اگر کوئی یہ کہے کہ: "دور" (مناطقہ کی اصطلاح میں دور کا معنی یہ ہے: کسی شئی کا اپنی ذات پر موقوف ہونا یعنی ایک ہی شئی کا موقوف اور موقوف علیہ ہونا) ممتنع بالذات ہے تو "لادور" واجب بالذات ہوگا۔ حالاں کہ تسلسل، اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین بھی "لادور" ہیں۔ اور یہ بھی ممتنع بالذات ہیں اور زید بھی "لادور" ہے اور یہ ممکن خاص ہے تو "لادور" واجب ذاتی نہ ہوگا اور یہ قاعدہ کہ: "دو نقیضوں میں سے کسی ایک کا ممتنع بالذات ہونا اپنی نقیض کے واجب بالذات ہونے کو مستلزم ہے" باطل ہوگیا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ: "لادور" عام ہے اور تسلسل اور اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین اس سے اخص ہیں اور خاص کا محال ہونا عام کے محال ہونے کو مستلزم نہیں۔

اور نیز زید "لادور" سے اخص ہے اور امر خاص کا امکان، امر عام کے امکان کا ملزوم نہیں ہے، ہاں خاص کا وجوب، عام کے وجوب کو مستلزم ہے اور اس مقام پر یہی متحقق ہے؛ اس لیے کہ واجب الوجود شانہ کی ذات پر "لادور" صادق ہے اور ذات مقدس اس مفہوم کا منشأ انتزاع ہے اور "لادور" کا مفہوم اس اعتبار سے کہ وہ تمام مفہوموں میں سے ایک مفہوم ہے اگر چہ ممکن ہے کیوں کہ تمام مفہومات، اپنے حصول ذہنی کے سبب اور ذہن کے ان کے وجود ذہنی کی علت ہونے کے سبب ممکن بالذات ہیں۔ اور نیز تمام مفہومات، ذہن میں انتزاع کے بعد حاصل ہوتے ہیں تو ضرور اپنے منتزع کا معلول ہوں گے لیکن (مفہوم لادور) اپنے منشأ انتزاع، ذات واجب الوجود شانہ کے اعتبار سے واجب بالذات ہے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ: ایک فرد کا واجب بالذات ہونا اپنے مفہوم کلی کے وجوب کا موجب ہے اور کسی فرد کا ممتنع یا ممکن ہونا امکان کلی یا امتناع کلی کو مستلزم نہیں ہے مثلاً دو نقیضوں میں سے کوئی ایک غیر معین نقیض واجب ہے اور کوئی معین نقیض یا تو ممکن ہے۔ جیسا کہ زید کا عدم یا ممتنع ہے جیسا کہ واجب (تعالی عن العدم و سائر النقائص) کا عدم ممتنع ہے۔ مُسلّم اور اس کی شرح میں ہے:

"قلنا الواجب المبهم و المخير فيه المتعينات التى هى أفراده جائز لأن محل الوجوب غير محل التخيير وكوجوب أحد النقيضين و إلاجاز ارتفاعهما"

ہم کہیں گے کہ: واجب مبہم اور مخیر جس میں اس کے افراد متعیّنہ ہوتے ہیں وہ ممکن ہے، اس لیے کہ وجوب اور تخییر کا محل الگ الگ ہے اور جیسا کہ دو نقیضوں میں سے کسی ایک کا واجب ہونا ورنہ دونوں نقیضوں کا ارتفاع ممکن ہوگا۔

پھر اگر کوئی یہ کہے کہ: جس طرح "دور" محال بالذات ہے تسلسل، اجتماع نقیضین، ارتفاع نقیضین، شریک باری، فلک

اور کرۂ محوی جس کا قطر فلک اور کرۂ حاوی کے قطر سے بڑا ہو، خلا اور جوہر فرد مشائین کے مذہب کے مطابق یہ ساری چیزیں ممتنع بالذات ہیں تو لازم آئے گا کہ: لاتسلسل، لااجتماع نقیضین، لاارتفاع نقیضین اور اس کے علاوہ مذکورہ چیزوں کی نقیضیں سب کی سب واجب بالذات ہوں تو واجب بالذات کلی کے افراد میں تعدد لازم آیا۔ جب کہ دلیل توحید سے متعدّد واجب بالذات کا بطلان ہو چکا ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ: جس چیز کا ثبوت ضروری ہو اور جاعل کے جعل اور فاعل کی تاثیر و ایجاد سے مستغنی ہو علمائے معقول کے کلام میں فی الجملہ اس امر ضروری الثبوت پر واجب بالذات کا اطلاق کثرت سے منقول ہے۔ مثلاً زید کے لیے انسانیت و حیوانیت کو واجب بالذات کہتے ہیں جس کا معنی یہ ہے کہ: اگرچہ زید کے ضمن میں (انسانیت و حیوانیت) دونوں مجعول ہیں لیکن وہ دونوں مستقل جعل (تاثیر) سے مستغنی ہیں۔ لہذا ان سے منعقد ہونے والے قضایا ضروری ہوں گے اور واجب بالذات بمعنی مذکور کے مصداق میں تعدد واقع ہے اور جس واجب بالذات کے مصداق میں تعدد محال ہے اور برہان توحید سے جس کا بطلان ہوا ہے وہ واجب بالذات ہے: "جو مطلقاً جعل جاعل سے مستغنی ہو" اور اس قاعدہ میں کہ ": ایک نقیض کا ممتنع بالذات ہونا دوسری نقیض کے واجب بالذات ہونے کو مستلزم ہے "واجب بالذات بمعنی اول ہے۔ لیکن مدّعی معترض پر جس واجب بالذات کے تعدد کا الزام ہم نے وارد کیا ہے وہ واجب بالذات بمعنی ثانی ہے۔" کما لا یخفی علی من تعمّق النظر فی ما ذکرہ وما ذکرناہ."

اور نیز جن مفہوموں پر سلب وارد ہوا ہے ان کے اصل و عین میں دو جہتیں ہیں: (۱) ان تمام مفاہیم میں سے ہر ایک، ایک مفہوم ہے مثلاً تسلسل تمام مفہوموں میں سے ایک مفہوم ہے جیسا کہ انسان تمام مفہوموں میں سے ایک مفہوم ہے۔ (۲) ان تمام مفہوموں میں سے ہر ایک ایسا مفہوم ہے جو مصداق کے اعتبار سے ممتنع بالذات ہے۔ تو ان مفہومات کی طرح ان کی نقیضوں کی بھی دو حیثیتیں ہیں: (۱) ہر ایک تمام مفہوموں میں سے ایک مفہوم ہے (۲) ان تمام مفہوموں میں سے ہر ایک مصداق کے اعتبار سے واجب بالذات ہے۔ اور اعتبار اول کی نقیض میں اعتبار اول معتبر ہے اور اعتبار ثانی کی نقیض میں اعتبار ثانی (مصداق) معتبر ہے۔ تو لادور اور لاتسلسل وغیرہ میں تعدد باعتبار اول (مفہوم) ہے اور اس میں کوئی استحالہ نہیں لیکن باعتبار ثانی (مصداق) تو سرے سے ان میں تعدد ہی نہیں ہے؛ اس لیے کہ ان میں کسی کا وجوب ذاتی نہیں مگر مصداق ہی کے اعتبار سے اور مصداق صرف ایک ہی ذات مقدس حضرت واجب الوجود صانع جمیع عالم جل وعلاہٗ ہے تو اعتراض رفع ہو گیا۔

اقول: اس بے علم کو اس کے شیطانِ وہم نے اس جگہ ضلالت و جہالت کے بھنور میں طرح طرح غوطہ زن کیا جس سے یہ بے چارہ ہاتھ پاؤں مارنے کے باوجود بھی باہر نہ آسکا۔ یہ بات واضح رہے کہ: ان تینوں مادوں: وجوب ذاتی، امکان ذاتی اور امتناع ذاتی میں باہم تقابل ہے۔

(۱) کسی شئی کے **وجوب ذاتی کا معنی** یہ ہے کہ: اس کا ثبوت ووجود ضروری ہو، جاعل کے جعل اور فاعل کی تاثیر وایجاد کا محتاج نہ ہو۔

(۲) کسی شئی کے **امتناع ذاتی کا معنی** یہ ہے کہ: اس کا عدم ضروری ہو، کسی علت کا معلول نہ ہو۔

(۳) کسی شئی کے **امکان ذاتی کا معنی** یہ ہے کہ: اس کا وجود وعدم اور ثبوت ولا ثبوت اس کی نفس ذات کے اعتبار سے ضروری نہ ہو۔

تو ممتنع ذاتی کا عدم ضروری ہونے کا معنی یہ نہیں ہے کہ: کوئی چیز واجب بالذات ہو بلکہ اس کے عدم کا ضروری ہونا اس کے ممتنع بالذات ہونے کی تفسیر ہے۔ اگر کسی مفہوم کا مصداق ممتنع بالذات ہے تو یہ لازم وضروری ہے کہ: اس کا عدم ضروری ہو، نہ یہ کہ کسی ذات کا ثبوت واجب ہو۔ اور ممتنع بالذات کا عدم کوئی ذات نہیں ہے کہ اس عدم کا ضروری ہونا اس ذات کا وجوب ذاتی ہو۔ اور امتناع ذاتی، مطلق ضرورت کا مقابل نہیں ہے ، بلکہ مطلق ضرورت کی قسم ہے؛ اس لیے کہ عدم کا ضروری ہونا جو امتناع ذاتی کا معنی ہے ضرورت کی ایک قسم ہے تو اگر کوئی چیز واجب بالذات ہے تو اس کا عدم ممتنع بالذات ہے۔ اور اگر کسی مفہوم کا مصداق ممتنع بالذات ہے تو اس مصداق کا عدم ضروری ہے نہ یہ کہ کسی ذات کا وجود واجب اور ضروری ہے۔ یہ قاعدہ محقق اور مسلم ہے، تو اس قاعدہ پر یہ اعتراض کرنا کہ: "دور ممتنع بالذات ہے تو لا دور واجب بالذات ہوگا" اس قائل کی محض کج فہمی ہے؛ اس لیے کہ "دور" کے ممتنع بالذات ہونے کا معنی یہ ہے کہ: دور کا موجود و متحقق ہونا محال بالذات ہے۔ اور اس سے یہ لازم آتا ہے کہ: دور کا عدم لازم اور ضروری ہو، نہ یہ کہ کوئی ذات واجب الوجود ہو۔ اس مخالف نے دور کے ممتنع بالذات ہونے کا معنی ہی نہ جانا یہاں تک کہ اس قسم کا اعتراض کر کے اس کے جواب کے لیے سرگرداں ہوا۔

اگر اس کے وہم میں یہ خطرہ گذرا کہ: "دور" کی نفس حقیقت ممتنع بالذات ہے؛ اس لیے کہ جعل بسیط کے قائلین تینوں مادوں کو نفس ماہیت کی کیفیت کہتے ہیں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ: اس تقدیر پر دور کی حقیقت کے ممتنع ہونے کا معنی دور کی نفس حقیقت کی لیسیت یعنی سلب ضروری ہونا ہے۔ اور دور کی نفس حقیقت کی لیسیت کا ضروری ہونا سلب ساذج ہے، کوئی ذات نہیں ہے کہ اس کی لیسیت کے ضروری ہونے سے کسی ذات کا واجب بالذات ہونا لازم ہو۔ اور جواب میں اس قائل نے جو کچھ ذکر کیا محض لغو ہے؛ اس لیے کہ "ذات واجب الوجود بالذات" نہ تو دور کے عدم کا فرد ہے اور نہ ہی دور کی نفس حقیقت کی لیسیت یعنی (سلبِ حقیقت دور) کا فرد ہے اور "لا دور" مفہوم دور کی نقیض ہے۔ اور مفہوم دور ممتنع بالذات نہیں کہ اس کی نقیض یعنی "لا دور" واجب بالذات ہو یہ دونوں مفہوم ممکن بالذات ہیں اور "لا دور" کا مصداق دور کی نقیض نہیں ہے یہاں تک کہ دور کے امتناع ذاتی کے بالمقابل ذات واجب الوجود سبحانہ کا وجوب ذاتی قرار دیا جائے تو اس مخالف نے جو تکلفات کیے ہیں اس کا سبب اس کی جہالت وغلط فہمی ہے۔

اس قائل نے اس بیان میں ایک جگہ احد النقیضین لا علی التعیّن کو واجب کہا اور احد النقیضین علی التعیّن کی دو قسمیں

بتائیں: ممکن اور ممتنع۔ ممکن کی مثال میں اس نے "عدم واجب تعالیٰ" کو ذکر کیا۔ اس کا یہ قول اس کی "سابقہ تدقیق فکر" کی رُو سے راست نہیں آتا؛ اس لیے کہ عدم، معنی اسمی نسبی ہے جس کے افراد حصے ہیں اور اس کے بعض حصے ممکن بالذات ہیں" تو اس کی دقیق فکر کے مطابق یہ لازم ہے کہ اس کے اعتقاد میں واجب کا عدم ممکن بالذات ہو۔

اس شخص نے آگے جو یہ کہا کہ:

"پھر اگر کوئی یہ کہے کہ: جس طرح دور محال بالذات ہے إلی آخرہ"

یہ بھی اس کی کوتاہ بینی اور نافہمی کے سبب ہے؛ اس لیے کہ مذکورہ تمام چیزوں کے محال و ممتنع بالذات ہونے کا معنی یہ ہے کہ: "ان کا ثبوت و وجود ممتنع ہے۔ اور اس سے یہ لازم آتا ہے کہ واقع میں ان کا عدم ضروری ہو اور ان کی حقیقتوں کا سلب واقع میں ضروری ہو، نہ یہ کہ واقع میں کسی ذات کا ثبوت و وجود ضروری ہو۔ اور ان کا سلب و عدم، نفی محض ہے کوئی ذات نہیں تو متعدّد ذات کا واجب بالذات ہونا لازم نہیں بلکہ اس مقام پر ان تمام مذکورہ چیزوں کا سلب ضروری ہونا لازم ہے۔ اور برہان توحید سے متعدّد ذاتوں کا واجب بالذات ہونا باطل ہے، نہ کہ مذکورہ چیزوں کا سلب و عدم ضروری ہونا باطل ہے۔

اور اس قائل نے اپنے اعتراض کے جواب میں جو کچھ کہا ہے پاگلوں کی بکواس سے بھی زیادہ بیہودہ ہے؛ اس لیے کہ اعتراض مذکور کا حاصل یہ ہے کہ: "تسلسل وغیرہ مذکورہ چیزیں ممتنع بالذات ہیں۔ اور مذکورہ قاعدہ کے مطابق ممتنع بالذات کی نقیض واجب بالذات ہے، تو مذکورہ چیزوں کی نقیضوں کا واجب بالذات ہونا لازم آیا۔ اور مذکورہ چیزیں متعدّد ہیں تو واجب بالذات کا متعدّد ہونا ہونا لازم آیا۔

اس قائل نے اس کے جواب میں جو کچھ کہا اس کا حاصل یہ ہے کہ: "واجب بالذات کے دو معنی ہیں: (۱) مستقل جعل (تاثیر) سے مستغنی ہو اگرچہ دوسرے کے ضمن میں مجعول ہو جیسے زید کی انسانیت و حیوانیت۔ (۲) جعل سے مطلقاً بے نیاز ہو جیسے واجب الوجود سبحانہ کہ تاثیر سے مطلقاً بے نیاز ہے خواہ مستقل ہو یا غیر مستقل۔ اور اس قاعدہ: "ایک نقیض کا ممتنع بالذات ہونا دوسری نقیض کے واجب بالذات ہونے کو مستلزم ہے" میں واجب بالذات بمعنی اول معتبر ہے اور جس واجب بالذات کا متعدّد ہونا محال و ممتنع ہے اور برہان توحید سے جس کا متعدّد ہونا باطل ہے وہ واجب بالذات بمعنی ثانی ہے" - یہ عجیب و غریب بکواس ہے جو بچوں کے لیے بھی مضحکہ خیز ہے، اس لیے کہ واجب بالذات بمعنی اول ممکن بالذات ہے اور اسی لیے جعل سے مطلقاً مستغنی اور بے نیاز نہیں ہے اور ممتنع بالذات کی نقیض ممکن بالذات نہیں ہو سکتی؛ اس لیے کہ دو نقیضوں میں سے کسی ایک کا ممکن ہونا دوسری نقیض کے ممکن ہونے کو مستلزم ہے تو یہ کہنا کہ: "قاعدہ مذکورہ میں واجب بالذات بمعنی اول معتبر ہے" بکواس سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتا؛ اس لیے کہ واجب بالذات سے جعل مطلقاً متعلق نہ ہونے کی صورت میں وہ معدوم ہوگا اور اس کے معدوم ہونے کی صورت میں مطلقاً جعل کے متعلق نہ ہونے کا سبب موجود ہونا ضروری ہے تاکہ واجب بالذات کی نقیض ممتنع بالذات موجود ہو کیوں کہ دونوں نقیضوں کا ارتفاع بدیہی طور پر محال ہے اور جب ممتنع بالذات موجود ہوگا تو ممتنع بالذات نہ رہے گا۔

واضح رہے کہ: اہل معقول کے عرف میں معنی اول پر واجب بالذات کا اطلاق متعارف نہیں ہے، مناطقہ موجہات کی بحث میں ضرورت کی تقسیم کے وقت ضرورت کی ایک قسم ضرورت ذاتیہ کو ضرورت وصفیہ اور ضرورت وقتیہ کے بالمقابل ذکر کرتے ہیں اور اس ضرورت ذاتی پر مشتمل قضیہ کو یہ لوگ **ضروریہ مطلقہ** کہتے ہیں۔ اس نافہم نے موضوع کے لیے محمول کے ثبوت بضرورت ذاتیہ کو واجب بالذات سمجھ لیا اور اپنی غلط فہمی کے سبب واجب بالذات بمعنی اول کے اطلاق کو اہل منطق کی طرف منسوب کر دیا۔ یہ شخص اپنی غباوت کے باوجود مسائل عقلیہ میں دخل و دست اندازی کرنا چاہتا ہے۔ اس سے بھی زیادہ تعجب خیز اس کا یہ کلام ہے:

"لیکن مدعی پر جس تعدد واجب بالذات کا الزام ہم نے وارد کیا ہے وہ واجب بالذات بمعنی ثانی ہے۔" کما لا یخفی علی من له تعمق النظر فیما ذکره و ما ذکرناه" (جیسا کہ اس پر مخفی نہیں جسے ہمارے اور اس کے مذکورہ کلام میں تعمّق نظر حاصل ہے۔)

اس شخص نے اس سے پہلے اپنے کلام میں مدعی معقولی پر کہیں بھی تعدد واجب بالذات کا الزام وارد نہیں کیا ہے شاید اپنی حماقت اور خبط الحواسی کے سبب یہ مان لیا ہے کہ:

"اگر اللہ سبحانہ کا نقص و عیب اور برائی کی چیزوں سے متّصف ہونا محال بالذات ہو تو اس کا ان نقص و عیب کی نقیضوں سے متّصف ہونا واجب بالذات ہوگا اور یہ نقیضیں نقائص و قبائح کی تعداد کے مطابق متعدّد ہوں گی تو واجب بالذات کا متعدّد ہونا لازم آئے گا"۔

اس بے وقوف کو یہ نہیں معلوم کہ نقص و عیب سے اتصاف کی نقیض نقص و عیب سے اتصاف کا سلب ہے نہ کہ صفات کمالیہ وجودیہ سے اتصاف، یہاں تک کہ ان سب کا واجب بالذات ہونا لازم آئے۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ نقص و عیب سے واجب سبحانہ کا سلب اتصاف ضروری ہوگا اور نقص و عیب سے واجب سبحانہ کے سلب اتصاف کے ضروری ہونے کا معنی یہ ہے کہ: نقص و عیب سے اس کا متّصف ہونا ممتنع بالذات ہے، اس سے کسی ذات اور حقیقت کا واجب بالذات ہونا لازم نہیں آتا؛ اس لیے کہ سلب کوئی ذات اور حقیقت نہیں ہے، یہ نفی محض ہے، وہ کوئی ایسی ذات نہیں جسے سلب سے تعبیر کیا جائے۔ بے چارہ پیر فرتوت ہو کر عمر کی آخری منزل کو پہنچ گیا ہے مگر اب تک اسے یہ بھی نہیں معلوم کہ سلب کوئی ذات نہیں ہے کہ سلب کے ضروری ہونے سے کسی ذات کا واجب بالذات ہونا لازم آئے۔ اور اگر اس کے علم میں ان سلبوں سے ذاتیں مراد ہیں تو اس پر یہ لازم آتا ہے کہ: واجب سبحانہ بلکہ ہر ایک موجود کے ساتھ ذوات غیر متناہی بالفعل قائم ہوں اور ہر ایک موجود میں غیر متناہی ذاتیں موجود ہوں؛ اس لیے کہ ہر ایک موجود سے غیر متناہی امور مسلوب ہیں۔ تو ان غیر متناہی امور میں سے ہر ایک کا سلب جو اس کے زعم میں ذات ہے ہر ایک موجود کے ساتھ قائم و موجود ہے بلکہ یہ لازم آتا ہے کہ: محالات ذاتیہ میں غیر متناہی ذاتیں قائم و موجود ہوں؛ اس لیے کہ ان محالات ذاتیہ سے غیر متناہی چیزوں کا سلب صادق ہے۔

اس نادان نے علم معقول میں دخل اندازی کر کے اپنی ذلت وخواری کا سامان فراہم کیا۔

علاوہ ازیں جب الزام کی بنیاد یہ ہے کہ قاعدۂ مذکورہ (ایک نقیض کا ممتنع بالذات ہونا دوسری نقیض کے واجب بالذات ہونے کو مقتضی ہے) کے موافق مدعی معترض پر متعدّد واجب بالذات ہونا لازم آتا ہے۔ اور اس کے علم میں اس قاعدۂ مذکورہ میں واجب بالذات بمعنی اول معتبر ہے تو مدعی معترض پر متعدّد واجب بالذات بمعنی ثانی ہونا کس طرح لازم آتا ہے؟ اس شخص کا یہ کلام اس کی دوسری حماقت ہے۔ اور اس نے اسے اس لیے تعمق نظر کے حوالہ کیا کہ: وہ اس کی توضیح سے قاصر ہے۔ اور اس کے اس کلام (ایک نقیض کا ممتنع بالذات ہونا دوسری نقیض کے واجب بالذات ہونے کو مقتضی ہے) میں "مقتضی" کا لفظ فتنۂ لسانی ہے۔

پھر اس شخص نے دوسرا جواب دیتے ہوئے جو یہ کہا:

"اور نیز ان مفہومات کے اصل و عین میں الخ"

یہ بھی اس کی نافہمی کی دلیل ہے اس لیے کہ ان مفہومات کے مصداق کا ثبوت و وجود محالات ذاتیہ سے ہے تو ان کا ثابت و موجود نہ ہونا ضروری ہے۔ اور ان کے سلب و عدم کے ضروری ہونے کا معنی یہ ہے کہ: وہ ممتنع بالذات ہیں۔ اور اللہ سبحانہ کی ذات ان کے سلب و عدم کا مصداق نہیں ہے، بلکہ ان کا سلب و عدم کوئی ذات نہیں ہے یہاں تک کہ اس ذات کا واجب بالذات ہونا لازم آئے۔ اور "لا دور" اور "لا تسلسل" وغیرہ ان مفہومات کی نقیض ہیں اور یہ دونوں ممکن بالذات ہیں ان میں سے کوئی بھی نہ ممتنع بالذات ہے نہ واجب بالذات، ان کے مفہومات کو مصداق کے اعتبار سے ممتنع بالذات کہنا تناقض کا قول کرنا ہے جس کی بنیاد غباوت و نافہمی ہے۔

مخالف نے کہا:

دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ: جن دو متلازم چیزوں کے درمیان معیت ذاتی کا علاقہ ہوتا ہے اور ان میں سے کسی ایک کا دوسرے سے جدا ہونا ناممکن ہوتا ہے ایسی دو متلازم چیزیں واجب و ممکن ہونے میں ایک دوسرے کے مخالف نہیں ہوتیں۔ اگر ایک واجب ہے تو دوسری بھی واجب الوجود ہوگی اور اگر ایک ممکن ہے تو دوسری بھی ممکن ہوگی جیسا کہ فلاسفہ "فلک محوی" کے لیے "فلک حاوی" کی معیت کی نفی کے مقام پر یہ کہتے ہیں کہ:

"إن عدم المحوی و تحقق الخلاء داخل الحاوی متلازمان لأن اعتبار أحد هما یوجب اعتبار الأخر عقلا بحیث لا یمکن انفکاکه کما لا یمکن الانفکاك بین وجود المحوی و عدم الخلاء داخل الحاوی والشیئان اللذان تحققت بینهما المعیة الذاتیه والعلاقة الطبعیة من الجانبین لا مجرد المصاحبة الاتفاقیة فإنهما لا یتخالفان فی الوجوب والإمکان، لأن تخالفهما فی ذالك یوجب إمکان انفکاك أحد هما عن الأخر."

"یعنی محوی کا عدم اور حاوی کے اندر خلا کا وجود دو متلازم چیزیں ہیں؛ اس لیے کہ ان دونوں میں سے ایک چیز کا اعتبار دوسری چیز کے اعتبار کو اس طرح عقلاً مستلزم ہے کہ اس کا جدا ہونا ایسا ہی ناممکن ہے جیسا کہ "محوی" کے وجود اور "حاوی" کے اندر خلا کے عدم کے درمیان انفکاک ناممکن ہے۔ اور جن دو چیزوں کے درمیان جانبین سے ذاتی معیت اور طبعی علاقہ موجود ہو، محض مصاحبت اتفاقی نہیں، تو وہ دونوں چیزیں وجوب وامکان میں ایک دوسرے کے مخالف نہیں ہوتیں ؛اس لیے کہ وجوب وامکان میں ان کا ایک دوسرے کے مخالف ہونا اس بات کو مستلزم ہے کہ ان دونوں میں سے ایک کا دوسرے سے جدا ہونا ممکن ہے"۔

اس توضیح کے بعد میں کہتا ہوں کہ: مدعی معترض نے یہ کہا ہے کہ:

"نقص وعیب کی چیزوں سے متّصف ہونا ممتنع بالذات ہے نہ کہ ممتنع لذات الواجب شانہ"

صفت نقصان مثلاً جہل سے سلب اتصاف (جو اتصاف مذکور کی نقیض ہے) بحکم مقدمۂ اولی واجب بالذات ہوگا اور جہل سے متّصف نہ ہونے اور صفت علم سے متّصف ہونے کے درمیان تلازم ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔ تو جب صفت جہل سے متّصف نہ ہونا واجب بالذات ہو گیا تو بحکم مقدمۂ ثانیہ صفت علم سے بھی متّصف ہونا واجب بالذات ہوگا۔ اور یہ مفروض کے خلاف ہے؛ اس لیے کہ حضرت واجب الوجود شانہ کے صفات کمالیہ زائد ہونے کی تقدیر پر جیسا کہ متکلّمین کا مذہب ہے فی نفسہ ممکن بالذات ہیں جیسا کہ شرح عقائد نسفی کے حوالے سے اس کی تصریح آئے گی۔ تو ان صفتوں سے کا متّصف ہونا بدرجۂ اولی ممکن بالذات ہوگا، نہ کہ واجب بالذات جیسا کہ خیال کیا گیا۔ ہاں ان صفتوں سے اتصاف واجب لذات الباری ہے جیسا کہ نقص وعیب کی صفت سے متّصف ہونا ممتنع لذات الواجب ہے۔

اقول: جب ماسبق میں دلیل سے یہ ثابت ہو چکا کہ: صفات کمالیہ سے متّصف ہونے اور عیب ونقص کی صفتوں سے متّصف نہ ہونے کے درمیان ذاتی معیت اور طبعی علاقہ نہیں ہے تو پھر اس مخالف کا یہ کلام سراسر بکواس ہے۔ واضح رہے کہ اس اندھے پن کی نقاب کشائی اور اس گمرہی کی پردہ دری اس کے کلام: "پھر میں کہتا ہوں" کے رد کے مقام پر تفصیل سے گذر چکی جسے دوبارہ ذکر کرنے کی حاجت نہیں۔

مخالف نے کہا:

اگر کوئی یہ کہے کہ: ممتنع بالذات سے شخص اور جزئی کا اتصاف مراد ہے کہ یہ اتصاف محال بالذات ہے اور اتصاف کلی جو اس جزئی اور شخص کی نوع ہے وہ ممکن بالذات ہے؛ اس لیے کہ اس میں کوئی منافات نہیں کہ کلی ممکن بالذات ہو اور اس کا جزئی ممتنع بالذات ہو جیسا کہ انسان کلی (نوع) ممکن بالذات ہے اور زید ناہق ممتنع بالذات ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ: عیب ونقص سے متّصف ہونا بھی مفہوم کلی ہے اور جب عیب ونقص سے جزئی کا متّصف ہونا مراد ہے تو عیب ونقص سے ان اتصافات کا سلب بحکم تناقض واجب بالذات ہوگا جیسا کہ گزرا۔ اور ایسے کمالات سے متّصف ہونا جو ان سلبوں

کے ملازم ہیں بحکم تلازم واجب بالذات ہوگا جیسا کہ ہم نے ذکر کیا اور یہ باطل ہے؛ اس لیے کہ عیب و نقص سے انصاف کے سلب اور کمالات سے اتصاف میں واجب بالذات ہونے کی صلاحیت نہیں؛ اس لیے کہ یہ معانی نسبیہ ہیں جو طرفین کے محتاج ہیں۔ اور تلازم کے قول سے صرف نظر کرتے ہوئے جس طرح واجب شانہ کی ذات کا عیب و نقص سے متصف ہونا ممتنع ہے اسی طرح ذات واجب کا کمالات سے متصف ہونا ضروری ہے۔ تو اول کو ممتنع بالذات کہنا اور دوسرے کو واجب بالذات نہ کہنا محض تحکم اور خالص ادعا ہے۔ تو دوسرے کا واجب بالذات نہ ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ اول ممتنع بالذات نہیں۔ اور نیز اہل علم پر مخفی نہیں کہ مذکورہ دونوں مقدموں کے ذریعہ عیب و نقص سے اتصافِ باری کے ممکن بالذات ہوتے ہوئے ذات واجب کے سبب اس کا امتناع ثابت ہے؛ اس لیے کہ کمالات سے اتصاف باری تعالیٰ ممکن بالذات ہوتے ہوئے ذات واجب تعالیٰ کے سبب اس کا وجوب ثابت ہے۔ تو یہ حقیقت ظاہر و آشکارا ہوگئی کہ: عیب و نقص سے اتصاف کے ممکن بالذات ہونے سے پہلوتہی اور اس کے ممتنع بالذات ہونے کا اعتقاد محض تعسُّف ہے جس کا سبب علوم فلسفہ میں استعداد کا فقدان اور اصول اسلامیہ میں اعتقاد کا فساد ہے۔

اقول: ماسبق میں ہم یہ ذکر کر چکے کہ اس مخالف کی حماقت میں ہر آن اضافہ ہوتا رہتا ہے اور اس کے اقوال سے وقتاً فوقتاً اس کی سفاہت کے مختلف جلوے رونما ہوتے ہیں؛ اس لیے کہ اس کے نزدیک یہ ممکن ہے کہ: جزئی شخصی کا اتصاف ممتنع بالذات ہو اور جو کلی اس جزئی شخصی کی نوع ہے اس کا اتصاف ممکن بالذات ہو اور یہ کہ: کلی کے ممکن بالذات ہونے اور اس کے جزئی شخصی کے ممتنع بالذات ہونے میں کوئی منافات نہیں، تو اس نے اپنی تدقیق فکر و نظر سے جو ضابطہ اس سے پہلے شدّ و مد کے ساتھ بیان کیا تھا اگر وہ ضابطہ صادق ہے تو یہ ممکن ماننا باطل ہے کہ: "کلی ممکن بالذات ہو اور اس کا جزئی شخصی ممتنع بالذات ہو"۔ اور اگر کلی کو ممکن بالذات اور اس کے جزئی شخصی کو ممتنع بالذات ماننا صحیح ہو تو اس کا تدقیق فکر سے برآمد کیا ہوا وہ ضابطہ باطل ہے۔ اور نیز کلی کو ممکن بالذات اور اس کے فرد کو ممتنع بالذات ماننے کو جزئی شخصی فرد کے ساتھ خاص کرنا جیسا کہ اس کے کلام سے مترشح ہو رہا ہے بلاوجہ ہے؛ اس لیے کہ اگر کلی ممکن کو اس عام قید کے ساتھ لیں جو حقیقت کلیہ کے منافی ہے تو وہ فرد عام بھی ممتنع بالذات ہے جیسا کہ انسان ناہق انسان کا فرد جزئی شخصی نہیں ہے، مگر انسان کا فرد ہے اور محال بالذات ہے گو اس قائل کو اس کا مصداق کہا جا سکتا ہے۔ تو اس قائل کا جواب میں یہ کہنا کہ:

"عیب و نقص سے اتصاف مفہوم کلی ہے" سراسر بے معنی بکواس ہے۔

اس لیے کہ عیب و نقص سے اتصاف اگرچہ مفہوم کلی ہے لیکن مطلق اتصاف کا فرد ہے تو کلی کے ممکن بالذات ہونے کے باوجود فرد کو ممتنع بالذات ماننے کی صورت میں یہ ممکن ہے کہ مطلق اتصاف ممکن بالذات ہو اور یہ فرد ممتنع بالذات ہو۔ یہ باطل کلام، اشکال کا جواب اسی وقت بن سکتا ہے جب کہ یہ ثابت کر دیا جائے کہ: امکان میں

فرد کا کلی کے مخالف ہونا صرف فرد شخصی جزئی کے ساتھ خاص ہے۔" ودونہ خرط القتاد۔" یہ بے چارہ تو کوئی بات ثابت نہیں کر پاتا اس بکواس کو کیا ثابت کر سکے گا۔

اور بر تقدیر تنزّل جب ایک ایک عیب ونقص سے تمام جزئی شخصی اتصافات ممتنع بالذات ہوئے تو عیب ونقص سے اتصاف اگرچہ مفہوم کلی ہے ممتنع بالذات ہوگا تو اتصافات جزئیہ شخصیہ کو ممتنع بالذات مان لینے کے بعد یہ کہنا محض لغو ہے کہ:"عیب ونقص سے اتصاف کلی ہے"۔

اور اس شخص نے جو یہ کہا کہ:

"جب عیب ونقص سے جزئی کا متّصف ہونا مراد ہے "الخ

اگر اس سے یہ مراد ہے کہ:"عیب ونقص سے جزئی اتصافات کے محال ہونے کا معنی یہ ہے کہ:ان اتصافات کا سلب ضروری ہے"تو یہ معنی تسلیم ہے؛کیوں کہ ان اتصافات کے محال بالذات ہونے کا معنی یہی ہے کہ:ان اتصافات کا سلب ضروری ہے۔اور ان اتصافات کا سلب ضروری ہونے سے ان سلبوں کا واجب بالذات یعنی ان سلبوں کا واجب الوجود ہونا لازم نہیں آتا؛اس لیے کہ سلب کوئی ایسی ذات نہیں جو موجود ہو یہاں تک کہ اس ذات کا واجب الوجود ہونا لازم آئے۔ اور امتناع ذاتی کا قسیم و مقابل وجوبِ وجود ہے نہ کہ وجوبِ عدم۔وجوب عدم، تو بعینہ امتناع ہے نہ کہ اور کوئی شئی۔اور سلب واجب الوجود بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا،ہاں اس میں ضروری اور واجب ہونے کی صلاحیت ہے۔ضرورت و وجوب کا صالح ہونا اور شئی ہے اور وجوبِ وجود کا صالح ہونا اور شئی ہے۔ وجوب وجود کا صالح ہونا اس وقت تک متصور ہی نہیں جب تک کہ ذات نہ ہو جب کہ وجوب کا صالح ہونے کے لیے ذات ضروری نہیں،سلب و عدم،ضروری اور واجب ہوتا ہے اور سلب و عدم ذات نہیں ہے۔

اور اگر اس سے اس کی یہ مراد ہے کہ:"جزئی نقص وعیب سے اتصاف کا ممتنع بالذات ہونا،اس اتصاف کے سلب کے واجب الوجود بالذات ہونے کو مستلزم ہے۔"تو یہ ممنوع ہے کیوں کہ ان اتصافات کا ممتنع بالذات ہونا ان اتصافات کے سلب کے واجب اور ضروری ہونے کو ضرور مستلزم ہے،ان اتصافات کے سلب کے واجب الوجود ہونے کو مستلزِم نہیں،یہ شخص سلب و عدم کو ذات موجود گمان کرتا ہے اور یہ خیال کرتا ہے کہ:" جب سلب واجب ہوگیا تو واجب الوجود ہوگیا" حالاں کہ سلب،محض انتفا ہے، نہ کہ کوئی ذات موجود جس کا نام انتفا ہے۔ اور اگر اس کے علم میں ممتنع بالذات کا امتناع ذاتی،اس کے سلب کے واجب الوجود بالذات ہونے کو مستلزم ہونا ہے تو مدعی معترض پر اس شخص نے جو الزام وارد کیا ہے اس سے اسے نجات حاصل نہیں ہو سکتی؛اس لیے کہ ذات حقہ واجب الوجود سبحانہ سے انسانیت، حیوانیت، جسمیت، عرضیت وغیرہ کا سلب جوان بے شمار سوالب:" اللہ لیس بإنسان، اللہ لیس بحیوان ، اللہ لیس بجسم، اللہ لیس بعرض" وغیرہ کا مصداق ہے اس کے علم میں یا تو یہ

سلب واجب بالذات ہیں یا نہیں؟ یہ قائل یہ نہیں کہہ سکتا کہ: یہ سلب اس کے علم میں واجب بالذات ہیں؛ اس لیے کہ اس کے علم میں سلب واجب بالذات ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے تو اس کے علم میں یہ سلب واجب بالذات نہیں ہیں، تو اللہ سبحانہ کا انسان، حیوان، جسم و عرض وغیرہ بے شمار چیزوں کا ہونا ممکن بالذات ہوا اور یہ کفر صریح ہے۔ علاوہ ازیں یہ سوالب: "اجتماع نقیضین انسان نہیں، جسم نہیں اور معبود نہیں وغیرہ" اس کے علم میں صادق ہیں یا کاذب؟ اگر کاذب ہیں، تو لا محالہ اس کے علم میں ان کے سوالب کے موجبات (یعنی: اجتماع نقیضین انسان ہے، جسم ہے اور معبود ہے) صادق ہوں گے تو اس صورت میں اس کا حال سوفسطائیہ سے بھی بدتر ہے۔ اور اگر اس کے علم میں صادق ہیں تو یہ سلب اس کے علم میں یا تو واجب بالذات ہیں یا ممکن بالذات؟ پہلی شق اس کے علم میں باطل ہے، اس لیے کہ سوالب اس کے علم میں واجب بالذات ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے تو لامحالہ اس کے علم میں دوسری شق متعین ہے تو اس کے علم میں اجتماع نقیضین: انسان و حیوان اور جسم والہ اور دیگر حقائق کا ہونا ممکن بالذات ہے اور یہ بھی کفر و شرک اور الحاد و سوفسطائیت ہے۔

اور اسی طرح: "انسان لاانسان نہیں، سیاہی نہیں، سفیدی نہیں، فوقیت نہیں، تحتیت نہیں" وغیرہ بے شمار سوالب یا تو اس قائل کے علم میں صادق ہیں یا کاذب؟ اگر کاذب ہوں تو اس کے علم میں ان سوالب کے موجبات (انسان لاانسان ہے، سیاہی ہے، سفیدی ہے فوقیت ہے تحتیت ہے وغیرہ۔) صادق ہیں تو اس کا حال سوفسطائیہ سے بھی زیادہ برا ہوگا۔ اور اگر صادق ہوں تو یا تو یہ سلب واجب بالذات ہوں گے یا ممکن بالذات، اس کے علم میں پہلی شق باطل ہے، اس لیے کہ اس کے علم میں سلب واجب بالذات ہونے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتے، تو اس کے علم میں دوسری شق متعین ہے تو اس کے علم میں انسان کا لاانسان ہونا، سیاہی و سفیدی، فوقیت و تحتیت وغیرہ بے شمار چیزوں کا ہونا ممکن بالذات ہے اور یہ سوفسطائیت اور کفر و الحاد ہے۔

اس کا یہ کلام:

"کمالات سے متصف ہونا جو ان سلبوں کے ملازم ہے بحکم تلازم واجب بالذات ہوگا"

اس کے سوئے فہم کی پیداوار ہے؛ اس لیے کہ: ماسبق میں ہم یہ واضح کر چکے کہ: عیب و نقص سے اتصاف کے سلب کا مصداق، نفس ذات حقہ واجبہ بالذات ہے اور عامۂ متکلّمین جو صفات کمالیہ کے زائد ہونے کے قائل ہیں ان کے نزدیک کمالات سے اتصاف کا مصداق، ذات حقہ کے اقتضا سے ذات حقہ کے ساتھ ان صفات کا قیام ہے۔ اور یہ مصداق، اُس مصداق کے بعد ہے اور یہ دونوں مصداق بالذات ایک ساتھ نہیں تو اُس کے واجب ہونے سے اِس کا واجب ہونا لازم نہیں آتا۔ اور جن دو مصداقوں کے درمیان تلازم اس معنی کے اعتبار سے ہے کہ: وہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں اور جن دو متلازم چیزوں کے درمیان جدائی نہ ہو مگر معیت و مصاحبت ذاتیہ بھی نہ ہو تو

ان کا حکم وجوب و امکان میں یکساں نہیں ہے جیسا کہ ذات حقہ اور وہ کمالات جو عامۂ متکلّمین کے نزدیک ذات حقہ کے معلول بالایجاب ہیں اور ان میں اور ذات حقہ میں ایسا تلازم ہے کہ ان صفات و کمالات کا ذات سے تخلّف وانفکاک نہیں مگر ذات حقہ واجب بالذات ہے اور کمالات ممکن بالذات ہیں۔

اس کا درج ذیل کلام بھی اس کی حد درجہ غباوت کی بنا پر ہے:

"عیب ونقص سے اتصاف کے سلب اور کمالات سے اتصاف میں واجب بالذات ہونے کی صلاحیت نہیں؛ اس لیے کہ یہ معانی نسبیہ ہیں جو طرفین کے محتاج ہیں۔"

اس لیے کہ واجب بالذات اور ضرورت ذاتی سلب واقعی ہیں اور سلب واقعی، نسبی معنی نہیں جو ذہن میں طرفین کے محتاج ہوتے ہیں، سلب کے معانی جو نسبی اور طرف کے محتاج ہیں، موجودات ذہنی اور ممکنات ذاتی سے ہیں اور وہ مفہومات ذہنیہ درحقیقت وہ سلب نہیں جو مذکورہ بالا قضایا سالبہ کے مصداق ہیں، اس لیے کہ ان قضایا کا صدق نہ تو ذہن کا مرہون ہے اور نہ اس کا کہ ذہن ان نسبی معنوں اور ان کے اطراف کا تصور کرے۔

اور اسی طرح کمالات سے اتصاف کا مفہوم ذہنی ان کمالات کے صدق کا مصداق واقعی نہیں ہے۔ مثلاً ہمارے قول: "اللہ سبحانہ انسان نہیں" کا صدق اس پر موقوف نہیں کہ: ذہن اللہ سبحانہ سے انسان کے سلب کا تصور کرے، ورنہ اللہ سبحانہ کا انسان نہ ہونا، ذہن اور تصور ذہن پر موقوف ہوگا تو ذہن اور تصور ذہنی سے پہلے یہ قضیہ سالبہ کاذب ہوگا اور اس کا موجبہ صادق ہوگا اور اس کا التزام صریح کفر ہے۔ اور اسی طرح ہمارے قول: "اللہ سبحانہ قادر ہے" کا صدق اس پر موقوف نہیں ہے کہ: ذہن اللہ سبحانہ کے لیے ثبوت قدرت اور قدرت سے اس کے متّصف ہونے کے معنی کا تصور کرے۔ ورنہ تصور اور تصور ذہنی سے پہلے یہ قضیہ موجبہ کاذب اور اس کا سالبہ (اللہ سبحانہ قادر نہیں) صادق ہوگا۔ اور اس کا التزام کھلا ہوا کفر والحاد ہے۔ یہ مخالف اپنے اندھے پن میں ایسی باتوں پر اقدام کرتا ہے جو کفر والحاد کو مستلزم ہیں اور کچھ خوف بھی نہیں رکھتا۔

اور اس کا یہ کلام کہ:

"تلازم کے قول سے صرف نظر کرتے ہوئے الخ"

اس کی جہالت و حماقت کی دلیل ہے؛ اس لیے کہ نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ممتنع بالذات ہے۔ اور اس کا سلب بالذات ضروری ہے ورنہ اس کی نفس ذات کے مرتبہ میں ان سوالب: "اللہ سبحانہ لیس بحادث، ولیس بجاهل، ولیس بعاجز، ولیس بإنسان، ولیس بحیوان، ولیس بجسم" کے موجبات (اللہ سبحانہ حادث، جاہل، عاجز، انسان، حیوان اور جسم ہے) کا صادق ہونا لازم آئے گا۔" العیاذ باللہ تعالی من اعتقاد ذالک۔"

اورعامۂ متکلّمین کے نزدیک کمالات سے متّصف ہونا ممکن بالذات اور اللہ سبحانہ کی ذات حقہ کا مقتضا ہے۔ تو اول کو ممتنع بالذات کہنا اور دوسرے کو واجب بالذات نہ کہنا تحکم نہیں، بلکہ عین عقیدہ عامۂ متکلّمین ہے۔ شرح عقائد عضدیہ میں ہے:

"الکذب نقص والنقص علیه محال، فلا یکون من الممکنات ولا تشمله القدرة کسائر وجوه النقص علیه کالجهل والعجز ونفی صفة الکلام وغیرها من الصفات الکمالیة"[1]

وقال بعد أسطر:

"والنقص علیه تعالی محال عقلاً."[2]

وقال فی المتن:

"ولا یصح علیه الحرکة والانتقال ولاالجهل والکذب."[3]

وقال الشارح:

"لأنهما نقص، والنقص علیه تعالی محال"۔[4]

"کذب عیب ہے جو اللہ سبحانہ کے حق میں محال ہے؛ اس لیے اس کے حق میں ممکن نہ ہوگا اور اللہ سبحانہ کی قدرت اسے شامل نہ ہوگی جیسا کہ اللہ سبحانہ کے حق میں نقص وعیب کی دوسری چیزیں محال ہیں۔ مثلاً جہل، عجز اور صفت کلام وغیرہ کمالات کی نفی۔"

اور چند سطروں کے بعد کہا:

"اللہ سبحانہ کے حق میں نقص وعیب محال ہے"

اورمتن میں کہا:

"حرکت وانتقال اور جہل وکذب اللہ سبحانہ کے حق میں ممکن نہیں"

شارح نے کہا:

"اس لیے ممکن نہیں کہ یہ سب نقص وعیب ہیں اورنقص وعیب اللہ سبحانہ کے حق میں محال ہیں۔"

اس کا یہ قول کہ: "اہل علم پر مخفی نہیں کہ مذکورہ دونوں مقدموں کے ذریعہ الخ" سراسر بکواس ہے۔

---

(۱) الدوانی علی العقائد العضدیه ص: ۷۳ مکتبه رحیمیه

(۲) الدوانی علی العقائد العضدیه ص: ۷۴ مکتبه رحیمیه

(۳) الدوانی علی العقائد العضدیه ص: ٦٦،٦٧ مکتبه رحیمیه

(۴) الدوانی علی العقائد العضدیه ص: ٦٧ مکتبه رحیمیه

اس نے کہا: "تو ظاہر و روشن ہو گیاالخ" بلکہ یہ ظاہر وروشن ہوگیا کہ: اس بے ایمان نادان کوعلوم فلسفہ کے فہم میں استعداداوراسلامی اصولوں کا اعتقادنہیں ہے۔وہ علوم عقلیہ کی معمولی کتابیں بھی نہیں سمجھ سکتا اور اللہ سبحانہ کو مرتبۂ ذات احدیہ میں نقص وعیب، بے حیائی وبرائی کی باتوں اور ممکنات کے ساتھ اتحاد سے پاک و منزہ نہیں جانتا۔

مخالف نے کہا:

اس جگہ اس کے کلام میں اس کی ایک دوسری غلطی رہ گئی ہے جو اس کی گمرہی اور گمراہ گری بلکہ روحانی بیماری کا سبب ہے وہ یہ ہے کہ: اس کا اعتقاد یہ ہے کہ: اگر عیب ونقص سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ممکن بالذات ہوتواللہ سبحانہ کے لیے نقص وعیب سے اتصاف ممکن ہونالازم آتا ہے۔ والعیاذباللہ تعالیٰ۔

میں کہتا ہوں کہ: نقص وعیب سے اللہ سبحانہ کااتصاف ممکن بالذات ماننے پر نقائص سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا امکان لازم آنے کاوسوسہ اس بنیاد پر پیدا ہوتا ہے کہ اعتبارات اور حیثیات کو برباد کردیاجاتاہےاورذات واجب تعالیٰ کے سبب امتناع اور اس کے مصداق کی حیثیت کی جگہ امکان ذاتی اور اس کے مصداق کی حیثیت لے لی جاتی ہے۔ حالاں کہ کہاگیاہے کہ: "اگر اعتبارات نہ ہوتے تو فنِّ حکمت بربادہو جاتا" اس لیے کہ اس اتصاف سے امتناع بالذات کی نفی کا مطلب یہ ہے کہ: مذکورہ دونوں طرفوں کی خصوصیت کے اعتبار سے اگرچہ یہ اتصاف ممتنع ہے، لیکن جب طرفین کی خصوصیت سے صرف نظر کرکے اس اتصاف کی نفس ذات کو دیکھیں تو یہ اتصاف ممکن بالذات ہے ممتنع نہیں ہے، اس لیے کہ خاص طرفین نہ تو ذات اتصاف ہیں اور نہ ہی اس کے ذاتیات ولوازم، اس کے لوازم مطلق طرفین بلالحاظ خصوصیت ہیں۔

اقول: ہم یہ پہلے بیان کر چکے کہ یہ مخالف ہر آن اپنی جہالت و ضلالت میں ترقی کرتا رہتا ہےاور جہالت کے سبب اپنی زبان ایسے کلمات سے آلودہ کرتا رہتا ہے جو کفروالحاد کو مستلزم ہیں۔اس سے پیشتر یہ گذر چکا کہ: یہ سوالب: "اللہ سبحانہ جاہل، عاجز، کاذب، انسان اور حیوان نہیں" مرتبۂ ذات احدیہ میں صادق ہیں۔اوراگر یہ سوالب مرتبۂ ذات احدیہ میں صادق نہ ہوں تو ان کے موجبات صادق ہوں گے جس کا التزام کفروالحاد ہے۔اور یہ سلب ضروری اورواجب بالذات ہے، ممکن بالذات اور واجب بالغیر نہیں، اس لیے کہ اگر واجب بالغیر ہوتو مرتبۂ ذات احدیہ میں صادق نہ ہوگا؛ اس لیے کہ مقتضَا کا مقتضِی کے بعد ہونا ضروری امر ہے۔اور جب سلب مرتبۂ ذات احدیہ میں صادق نہ ہوگا تو لا محالہ اس کا ایجاب صادق ہوگا۔اوراسی وجہ سے اس سلب کے ممکن بالذات ماننے کاقول الحاد کو مستلزم ہے۔تو یہ قائل یاتو اس سلب کو ممکن بالذات جانتاہے یاممتنع بالذات؟ اگر ممکن بالذات جانتا ہے تویہ لازم آتاہے کہ: اس کے اعتقاد میں اللہ سبحانہ کاجاہل، عاجز، کاذب، انسان وحیوان ہونا ممکن ہے۔اور یہ کفرو

الحاد ہے۔ اور اگر ممتنع بالذات جانتا ہے تو اسے ممکن ثابت کرنے کی ساری کوشش رائیگاں ہے۔ اور ممتنع ذاتی وہ اتصافِ واقعی ہے جو مرتبۂ مصداق میں ہوتا ہے، نہ کہ اس مصداق کا مفہوم ذہنی۔ اس مصداق کا مفہوم ذہنی موجودات ذہنی سے ہے جو نہ ممتنع بالذات ہے نہ ممتنع بالغیر، جیسا کہ اجتماع نقیضین اور شریک باری وغیرہ کا مفہوم، مفہومات ذہنی سے ہے اور ان کا مصداق ممتنع بالذات ہے، اور اس اتصاف کا سلب واقعی کاذب نہیں ہے۔ یہ قائل اپنی نافہمی کے سبب نقص وعیب سے واجب سبحانہ کے اتصاف کے ممتنع بالذات ہونے سے مصداق کے معنی کا ممتنع بالذات ہونا سمجھتا ہے پھر اس کے ذہن میں جو کچھ آتا ہے بکتا رہتا ہے اور ہاتھ پاؤں مارنے کے باوجود ورطۂ شناعت سے باہر نہیں آپاتا؛ اس لیے کہ اس کے اس کلام میں کہ:

"مذکورہ دونوں طرفوں کی خصوصیت کے اعتبار سے یہ اتصاف اگرچہ ممتنع ہے"

ممتنع سے اگر ممتنع بالذات مراد ہے تو اس کی ساری کوشش رائیگاں چلی گئی اور آخر کار اسے اس اتصاف کے ممتنع بالذات ہونے کے اعتراف سے مفر نہ ہوسکا۔ اور اگر اس سے ممتنع بالغیر مراد ہے تو اس کے علم میں طرفین کی خصوصیت کی طرف نظر کرتے ہوئے بھی یہ اتصاف ممکن بالذات ہوگیا۔ تو اسے طرفین کی خصوصیت کی طرف نظر کرتے ہوئے بھی نقص وعیب سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کے ممکن ہونے کے التزام سے مفر نہ رہا۔ اس کے جہل مرکب نے اسے الحاد تک پہنچا دیا۔ علم کلام کی مختصر کتابوں میں صراحت ہے کہ:

"لَا يَصِحُّ عَلَيهِ الحَرْكَةُ و الانتِقَالُ و لا الجَهْلُ و الكِذْبُ"(۱)

اللہ سبحانہ کی ذات کا متحرک ومنتقل اور جاہل و کاذب ہونا صحیح نہیں۔

اس نے اس مصرح عقیدہ: "اللہ سبحانہ کا نقل وحرکت کرنا، جاہل اور جھوٹا ہونا ممکن نہیں۔" سے اپنے آپ کو بر طرف کر لیا؛ اس لیے کہ "لَا يَصِحُّ" (صحیح نہیں) کا معنی "لَا يُمْكِنُ" (ممکن نہیں) ہے۔ اور اس نے نقص و عیب، اور برائی کی تمام چیزوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کو ممکن مان لیا اور اس امکان کو ثابت کرنے کے لیے بزعم خویش بڑی عرق ریزیاں کیں۔

مخالف نے کہا:

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ: جب مفہوم نسبی طرفین کے مطلق ہونے کے اعتبار سے ممکن ومتحقق اور ان کی خصوصیت کے اعتبار سے محال وممتنع ہوتا ہے، تو اس بنا پر لازم آتا ہے کہ اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہوں؛ اس لیے کہ نقیضین کی خصوصیت جو نسبت اضافی کا طرف ہے جب اس کی جگہ ہم مطلق دو چیزوں کو لیں جو اس نسبت کا لازم ذاتی ہے اور دو نقیضوں کے اجتماع اور ارتفاع کے بجائے مطلق دو چیزوں کا اجتماع

(۱) الدوانی علی العقائد العضدیہ ص: ۶۶، ۶۷ مکتبہ رحیمیہ

اور ارتفاع کہیں یعنی یہ کہیں کہ:ایک شئ کا دوسری شئ کے ساتھ مجتمع ہونا،اور ایک شئ کا دوسری شئ سے مرتفع ہونا تو اس اجتماع شیئین اور ارتفاع شیئین کے بہت سے افراد موجود ہیں حالاں کہ تمام علما اسے ممتنع بالذات کہتے ہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ:ممتنع بالغیر ہونااس صورت میں لازم آتا ہے جب ہم قید کو خارج مانیں جیسا کہ حصہ اور شخص کی حقیقت میں ہوتا ہے۔اور اگر قیداور تقیید دونوں کے داخل ہونے کااعتبار کریں جیسا کہ افراد کے تقوّم میں ہوتا ہے تو مجموع مرکب پر امتناع ذاتی کا حکم صحیح ہوگا،امتناع بالغیر کا نہیں؛اس لیے کہ وہ غیر،محکوم علیہ میں داخل ہے اور اس کا جز ہے۔اور تمام عیوب سے پاک ومنزہ حضرت واجب الوجود کی طرف صفت نقصان کی اضافت پھراس ذات پراس صفت کے امتناع ذاتی کا حکم کرنے میں مثلاً یہ کہنے میں کہ:"واجب کا عاجز ہونا ممتنع بالذات ہے۔"یہ وجہ جاری نہیں ہے؛اس لیے کہ یہ وجہ اس امر کو مستلزم ہے کہ مضاف الیہ ،مرکب کا جز ہو اور حضرت واجب الوجود تعالی وتقدس کلّیت و جزئیت اور عیب ونقص کی تمام چیزوں سے پاک و منزہ ہے؛اس لیے کہ یہ ممکنات کے خواص سے ہے تو امتناع بالذات کا حکم صحیح قرار دینے کی بنا پر واجب تعالی وتقدس کو محکوم علیہ مرکب کا جز قرار دینا پھر اس مجموعۂ مرکب پر امتناع بالذات کا حکم لگانا جس میں واجب داخل ہے جیسا کہ اجتماع نقیضین و ارتفاع نقیضین میں امتناع بالذات کا حکم ہے اس کی جسارت کوئی مؤمن بلکہ کوئی عاقل نہ کرے گا؛اس لیے کہ واجب الوجود شانہ کوکسی کا جز مانے بغیر ہر عیب ونقص سے اس کی تقدیس و تنزیہ حاصل ہے وہ اس طرح کہ صفت نقصان اور صفت نقصان سے اتصاف دونوں کو ممکن بالذات اور ممتنع لذات حضرت واجب الوجود تعالی و تقدس قرار دے کر یہ کہیں کہ:واجب تعالی و تقدس کا عاجز ہونا ممتنع لذات الواجب تعالی وتقدس ہے اور واجب الوجود کے سواکسی دوسرے کا عاجز ہونا ممکن ہے،اس غیر کی ذات کے سبب اس کا عجز محال وممتنع نہیں بلکہ واقع ہے مثلاًزید وعمرو کا عاجز ہوناممکن ہے۔اور ان کی ذات کے سبب ان کاعاجز ہونا محال و ممتنع نہیں۔

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ:جس ترکیب اضافی میں اضافت بیانیہ نہ ہواس میں مضاف الیہ نہ محکوم علیہ کا جز ہوتا ہے اور نہ اس کے لیے کوئی حکم ثابت ہوتا ہے جیسا کہ یہ ترکیب:"زید کاغلام کاتب ہے"صادق ہے اگرچہ زید مردہ ہوتومذکورہ جرأت سے مانع کیاہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ:"اس طرح کی ترکیبوں میں ترکیب اضافی در حقیقت ترکیب توصیفی ہوتی ہے اور ترکیب توصیفی میں موصوف و صفت دونوں مثبت لہ اور محکوم علیہ فی الجملہ ہوتے ہیں اور جرأت مذکورہ سے مانع یہی چیز ہے۔مثلاً اجتماع نقیضین وارتفاع نقیضین (مضاف، مضاف الیہ) کے معنی "دو مجتمع نقیضیں اوردو مرتفع نقیضیں"(موصوف وصفت) تو"اجتماع النقیضین ممتنعٌ بالذات"اور"ارتفاعُ النقیضین ممتنعٌ بالذات" کے معنی "دو مجتمع نقیضیں ممتنع بالذات ہیں۔ اور دو مرتفع نقیضیں ممتنع بالذات ہیں۔اور زید کاعاجز ہوناممکن بالذات ہے اور عمرو کا

جاہل ہونا ممکن بالذات ہے۔ اس ترکیب اضافی کا معنی یہ ہے کہ: عاجز زید ممکن بالذات ہے اور جاہل عمرو ممکن بالذات ہے۔ یہ ترکیب مضمون جملہ کے اعتبار سے ہے یا اس اعتبار سے کہ مصدر مشتق کے معنی میں ہے۔ اور یہ ترکیب موصوف کی طرف صفت کی اضافت کے قبیل سے ہے جیسا کہ "حصول صورۃ الشیء فی العقل" (ذہن میں شئ کی صورت کے حاصل ہونے) کا معنی "الصورۃ الحاصلۃ فی العقل" (ذہن میں حاصل شدہ صورت) ہے تو "قیام زید" (زید کے کھڑے ہونے) اور "ضرب زید" (زید کے مارنے) کا معنی، "زید قائم" اور "زید ضارب" یعنی کھڑا ہونے والا اور مارنے والا زید ہے اور "قیام زید کذا" اور "ضرب زید" کذا" (زید کا کھڑا ہونا، زید کا مارنا ایسا ہے) کا معنی "زید القائم کذا" اور "زید الضارب کذا" ہے (کھڑا ہونے والا زید اور مارنے والا زید ایسا ہے) اس لیے کہ علم کے بعد خبریں صفت ہوتی ہیں جیسے علم سے پہلے صفتیں خبر ہوتی ہیں۔ تو حضرت واجب الوجود تعالی وتقدس کی تنزیہ وتقدیس کے ایمان کے ساتھ مذکورہ وجوہ کا ملاحظہ جرأت مذکورہ سے مانع قوی متیقن ہے۔ واللہ اعلم و احکم۔

اقول: اس مقام پر اس قائل کی بے ہودہ باتوں سے یہ معلوم ہوا کہ وہ غباوت و گمرہی کے اعلی درجہ پر فائز ہے اس لیے کہ ماسبق میں ہم نے یہ ذکر کیا ہے کہ: عیب و نقص سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا مصداق ممتنع بالذات ہے اور مصداق کو اتصاف بھی کہتے ہیں اور عیب و نقص سے اتصاف کا معنی مصدری جو کہ مفہومات ذہنی سے ہے نہ ممتنع بالذات ہے نہ ممتنع بالغیر، اس لیے کہ وہ موجودات ذہنی سے ہے۔ اور اسی طرح اجتماع نقیضین کا معنی مصدری نہ ممتنع بالذات ہے اور نہ ممتنع بالغیر؛ اس لیے کہ وہ موجودات ذہنی سے ہے، ممتنع بالذات اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ اس نافہم نے ہمارے استاذ محقق (علامہ فضل حق) کے کلام میں عیب و نقص سے اللہ عز و جل کے اتصاف کا معنی مصدری سمجھا وہ اس طرح کہ یہ مفہوم، مطلق اتصاف بمعنی مصدری کا حصہ ہے پھر اسے ممکن بالذات ثابت کرنے میں لگ گیا جب کہ خود یہ شخص مانتا ہے کہ: "جو نوع ممکن بالذات ہے اس کا فرد ممتنع بالذات ہو سکتا ہے" یہ شخص اپنی بے ایمانی کے سبب اپنے اس قول سے باز نہیں آتا کہ: "عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ممکن بالذات ہے۔" اور جب یہ سوال پیدا ہوا کہ: اس کے اس عقیدہ پر اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کا ممتنع بالذات نہ ہونا لازم آتا ہے؛ اس لیے کہ اجتماع نقیضین اجتماع کا حصہ ہے اور ارتفاع واجتماع اور ارتفاع شیئین مطلقاً ممکن بالذات ہیں تو اس کے نزدیک ان دونوں حصوں کا ممکن بالذات ہونا لازم آیا تو اس اعتراض سے سراسیمہ ہو کر اس کے جواب میں ایسی ذلّت انگیز اور فضیحت آمیز بات کہی جو شیر خوار بچوں، عام بازاری لوگوں اور بات چیت کی اہلیت رکھنے والے طلبہ کے لیے خندہ انگیز اور مضحکہ خیز ہے اور وہ اس کا یہ کلام ہے کہ:

"اس کا جواب یہ ہے کہ: (اس کے اس کلام تک) اس لیے کہ وہ غیر، محکوم علیہ میں داخل ہے اور اس کا جز ہے"

یہ اس کی عجب بکواس ہے جو اس کی زبان سے نکل کر اسے رسوا کر رہی ہے۔ ہم یہاں چند وجہوں سے اس بیہودہ گوئی کی مضحکہ خیزی عیاں کر رہے ہیں:

(۱) اجتماع اور ارتفاع معنی مصدری ہے تو اس کے افراد حصص ہوں گے، جیسا کہ اس قائل نے اپنے ابتدائی کلام میں کہا ہے تو معنی مصدری کے افراد میں قید اور تقیید کو داخل ماننا بے معنی ہے۔

(۲) قید اور تقیید کے داخل ماننے کی صورت میں بھی اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کا مفہوم موجودات ذہنیہ سے ہے جو ممتنع بالذات نہیں بلکہ ممتنع بالغیر بھی نہیں تو اس صورت میں بھی اسے ممتنع بالذات کہنا صحیح نہیں۔

(۳) اس کے اس کلام: "اور اگر قید اور تقیید دونوں کے داخل ہونے کا اعتبار کریں" سے یہ ظاہر ہے کہ اس میں قید اور تقیید کا دخول معتبر کے اعتبار پر ہے (ماننے والے کے ماننے پر ہے) اور اجتماع نقیضین اس بنیاد پر ممتنع بالذات ہے کہ اس میں قید اور تقیید کو داخل مانا جائے جو معتبر کے اعتبار کے تابع ہے تو اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کا ممتنع بالذات ہونا اس قائل کے خیال میں اعتبارِ معتبر کے تابع ہے۔

(۴) اس قائل نے جس مرکب کو ممتنع بالذات قرار دیا۔ ہے اس میں قید "دونوں نقیضیں ہیں" اور ان دونوں نقیضوں سے تقیید "اضافت" ہے اور وہ دونوں نقیضیں ممکن بالذات ہیں تو اضافت بھی ممکن بالذات ہے۔ اور نفس اجتماع و ارتفاع بھی ممکن بالذات ہیں تو ممتنع بالذات ہونے کا سبب نقیضین کی طرف اجتماع اور ارتفاع کی اضافت کی خصوصیت کے سوا کوئی چیز نہیں اور اضافت کی یہ خصوصیت اُس صورت میں بھی حاصل ہے جب اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین، اجتماع اور ارتفاع کا حصہ ہوں تو اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کے ممتنع بالذات ہونے میں قید اور تقیید کے داخل ماننے کا کوئی دخل متصوّر نہیں۔

(۵) اس مخالف نے مرکب کو ممتنع بالذات قرار دیا ہے حالاں کہ یہ قاعدہ مقررہ ہے کہ:

"كُلُّ مُرَكَّبٍ مُمْكِنٌ، وَالتَّرْكِيبُ أَسَاسُ الإِمْكَانِ" ہر مرکب ممکن ہے اور مرکب ہونا ممکن ہونے کی جڑ و بنیاد ہے۔

اس لیے کہ مرکب اجزا کا محتاج ہوتا ہے۔ اور احتیاج ممکن بالذات کا خاصہ ہے، واجب بالذات اور ممتنع بالذات کو کوئی احتیاج نہیں ہوسکتی۔

(۶) یہ شخص اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کے حصہ کو ممکن ذاتی کہتا ہے اور قید اور تقیید کے دخول کے اعتبار سے ان کے فرد کو ممتنع بالذات کہتا ہے۔ حصہ اور فرد میں یہ تفریق اس کی انتہائی حماقت و نادانی پر مبنی ہے؛ اس لیے کہ دونوں کا مفہوم موجودات ذہنیہ سے ہے اور دونوں کا مصداق ممتنع بالذات ہے۔

(۷) اس شخص کا یہ کہنا بے معنی ہے کہ:

"تو مجموع مرکب پر امتناع کا حکم صحیح ہوگا، امتناع بالغیر کا نہیں؛ اس لیے کہ وہ غیر، محکوم علیہ میں داخل اور اس کا جز ہے"

اس لیے کہ اس کے اس کلام کا مدلول یہ ہے کہ: اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کو اگر اجتماع اور ارتفاع کا حصہ مانا جائے تو ممتنع بالغیر ہے۔ اور اگر فرد مانا جائے تو ممتنع بالذات ہے؛ اس لیے کہ جس غیر کی وجہ سے امتناع ہے محکوم علیہ کا جز ہو گیا۔ اور غور و فکر کے وقت یہ کلام بے معنی نظر آتا ہے؛ اس لیے کہ وہ غیر جس کے جز ہونے کا فرد میں اعتبار ہے، دو ہے: ایک تقیید دوسرے قید۔ اور تقیید، تقیید کی حیثیت سے داخل ہے، قید کی حیثیت سے نہیں۔ اور اگر تقیید کو قید ہونے کے لحاظ سے داخل مانا جائے تو فرد میں دو قید کا داخل ماننا لازم آتا ہے۔ اور تقیید اس اعتبار سے کہ وہ تقیید ہے نہ کہ قید، حصے میں بھی داخل ہے جیساکہ اس فن کی مختصر کتابوں میں اس کی تصریح موجود ہے تو جس غیر کے داخل ہونے سے مجموع مرکب کا ممتنع بالذات ہونا لازم آیا یا تو تقیید بما ھو تقیید ہے؟۔ تو اس صورت میں اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کو اگر اجتماع اور ارتفاع کا حصہ مانا جائے تو ممتنع بالذات ہوں گے؛ اس لیے کہ وہ غیر اس میں داخل ہے۔ یا قید ہے یعنی دونوں نقیضیں؟۔ اور ظاہر ہے کہ دونوں نقیضیں ممکن ہیں۔ اور ممکن کا داخل ہونا مرکب کے ممتنع بالذات ہونے کو مستلزم نہیں ہوسکتا۔ تو ظاہر ہوا کہ امتناع ذاتی کا مدار، قید یعنی دونوں نقیضوں کی جانب اجتماع و ارتفاع کی اضافت اور تقیید ہے۔ یہ تقیید حصہ میں بھی معتبر ہے تو حصہ بھی ممتنع بالذات ہوگا۔

اس قائل سے جس بنیاد پر ایسی حماقتیں سرزد ہوئیں وہ اس امر سے اس کی غفلت ہے کہ ممتنع بالذات عیب و نقص کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا مصداق اور اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کا مصداق ہے نہ کہ ان کے معانی مصدر یہ چاہے وہ بطور حصص ہوں یا بطور افراد۔ اس قائل نے اس حد تک جہالت و غباوت کے باوجود اپنے کو تنگ اور دقیق علمی مقامات و مباحث میں ڈال کر خود کو ارباب فہم کی نظروں میں رسوا کیا۔

اور اس کے درج ذیل احمقانہ کلام سے معلوم ہوا کہ اس کی بے وقوفی کے درجات غیر متناہی لَا تَقِفُ عِنْدَ حَدٍّ ہیں:

"اور تمام عیوب سے پاک و منزہ حضرت واجب الوجود کی طرف صفت نقصان کی اضافت میں یہ وجہ إلى قوله: واللہ أعلم و أحکم".

سب سے پہلے یہ جاننا چاہیے کہ ذات حق واجبۃ الوجود جو نفس الامر اور خارج میں متحقق ہے وہ کسی مرکب کا جز نہیں۔ اور نہ وہ اجزا سے مرکب ہے۔ اللہ سبحانہ کا کسی مرکب کا جز ہونا اور کسی جز سے اس کا مرکب ہونا ممتنع بالذات ہے۔ اور اس کے ممتنع بالذات ہونے پر بہت سی دلیلیں قائم ہیں۔ ترکُّب اور جزئیت نقائص سے ہیں۔ اور اللہ سبحانہ کا کسی نقص و عیب سے متّصف ہونا ممتنع بالذات ہے۔ اور خارج میں اللہ سبحانہ کی ترکیب اور اس کے جز

کے محال بالذات ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا متصور ذہنی، مرکب ذہنی کا جز نہ ہو؛اس لیے کہ یہ ظاہر ہے کہ: "اللہ سبحانہ موجود ،اللہ سبحانہ قادر، " اللہ سبحانہ علیم "، " اللہ سبحانہ حکیم "، "اللہ سبحانہ سمیع"، "اللہ سبحانہ بصیر" وغیرہ قضایا عقلیہ ذہنیہ صادق ہیں اور "وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ"، "وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"، "وَاللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ" اور "وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ" وغیرہ آیتیں قرآن مجید میں موجود ہیں۔اور یہ قضایا ذہنیہ مصدقہ یقینیہ، محکوم علیہ، محکوم بہ اور نسبت خبریہ سے مرکب ہیں۔اور تمام علمائے عربیہ، متکلمین، مفسرین و محدثین اس بات پر متفق ہیں کہ: یہ قضایا کلام ہیں۔اور کلام مرکب تام کو کہتے ہیں۔اور مرکب اسے کہتے ہیں: جس کے لفظ کا جز اس کے معنی کے جز پر دلالت کرے اور یہ دلالت مقصود ہو۔اور اسم جلالت "اللہ" ان قضایا مرکبہ کے لفظ کا جز ہے۔اور ان مرکبات کے معانی کے جز پر ضرور دلالت کر رہا ہے توکسی مؤمن بلکہ کسی عاقل سے یہ متصور نہیں کہ وہ ان مرکبات ذہنیہ کے جز "اسم جلالت" کے معنی متصور ذہنی ہونے کا انکار کرے ورنہ یہ سارے مرکبات محال بالذات ہوں گے اور قضایا ذہنیہ اور اخبار صادقہ نہ ہوں گے اور ان سے تصدیق متعلق نہ ہوگی۔اور اس لازم کا التزام، صریح کفر اور قبیح الحاد ہے۔اور اسم جلالت کے معنی متصور ذہنی سے جو قضیہ مرکبہ ذہنیہ حاصل ہوا اس قضیہ مرکبہ ذہنیہ کی ترکیب سے ذات حقہ متحققہ فی الخارج کا کسی مرکب کا جز ہونا لازم نہیں آتا۔ظاہر ہے کہ معانی مصدریہ کا حصہ اور ان کا فرد یعنی جس میں قید اور تقیید کے دخول کا اعتبار کیا جاتا ہے، جیسا کہ اس قائل نے اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین میں قید اور تقیید کے دخول کا اعتبار کیا ہے مفہومات ذہنیہ سے ہیں اور معنی مذکور کے فرد کے اجزا، معانی ذہنیہ ہیں، موجودات خارجیہ نہیں، تو ان معانی مصدریہ کا فرد ہونا لازم آئے گا جو اسم جلالت یا دیگر اسمائے حسنیٰ کے متصور ذہنی کی طرف مضاف ہیں۔اور یہ قبیح نہیں، ذات حقہ موجودہ متحققہ کا جز ہونا جو قبیح اور محال ہے وہ لازم نہ آئے گا۔ جو شخص اتنا بھی نہ سمجھ سکے وہ خطاب کے لائق نہیں۔ظاہر ہے کہ اس ترکیب اضافی: "واجب تعالیٰ کے عجز" میں مضاف الیہ "واجب" کا مفہوم متصور ذہنی ہے۔موجودات خارجیہ، مرکبات ذہنیہ کی کسی ترکیب کا جز نہیں ہیں اور حضرت واجب الوجود یعنی ذات حقہ مقدسہ متحققہ فی الخارج، کلیت و جزئیت اور تمام عیوب سے پاک ہے۔ اور بلا شبہ اسمائے حسنیٰ کے معانی متصورہ ذہنیہ، مرکبات ذہنی مثلاً مذکورہ قضایا معقولہ کی ترکیب کے اجزا ہیں، ورنہ وہ قضایا نہ ہوں گے اور ان سے تصدیق متعلق نہ ہوگی۔شاید یہ بے ایمان ان قضایا ذہنیہ کو نہیں مانتا۔اور ان سب کے باوجود اس بے عقل کو خود اس کے اقوال کی بنا پر یہ ماننے سے مفر نہیں کہ: واجب الوجود بعض معانی مصدریہ کے فرد کا جز ہو؛اس لیے کہ واجب سبحانہ کا عدم اور اس کا امکان اس کے نزدیک یا تو ممتنع بالذات ہے، یا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر؟ دوسری صورت میں اسے ایمان کا دعوی زیب نہیں دیتا۔اور پہلی تقدیر پر عدم اور امکان دونوں مصدر ہیں اور واجب سبحانہ کا عدم اور امکان اگر ان دونوں مصدروں کے دو حصے ہیں تو اس کے

نزدیک اس صورت میں ممکن بالذات کے یہ دونوں حصے ممکن بالذات ہیں؛ اس لیے کہ یہ دونوں مصدر ممکن بالذات
ہیں۔ اور اگر یہ دونوں اس کے نزدیک ان دونوں مصدروں کے فرد ہیں تو اس پر واجب سبحانہ کو ان دونوں فردوں
کا جز ماننا لازم آتا ہے تو واجب سبحانہ کے عجز کے فرد ہونے میں اسے جس قباحت کا اندیشہ تھا اس سے مفر نہ رہا۔

اور اس کا یہ کلام اس کی بے ہودہ گوئی اور بے ایمانی ہے:

"اس لیے کہ واجب شانہ کو کسی کا جز مانے بغیر ہر عیب ونقص سے اس کی تقدیس و تنزیہ حاصل ہے۔(اس
کے اس کلام تک)" جیسا کہ زید و عمر کا عاجز ہونا مثلاً"

اس لیے کہ یہ شخص اس بات کا التزام کر رہا ہے کہ واجب سبحانہ کا ناقص و عیب دار ہونا اور اس کے ساتھ
نقص و عیب ہونا ممکن ہے۔ اور واجب سبحانہ کے لیے ان عیوب و نقائص کا ممکن ہونا بھی عیوب و نقائص سے
ہے۔ ان عیوب و نقائص کو ممکن مانتے ہوئے تمام عیوب و نقائص سے اس کی پاکی کا دعویٰ محض زبانی جمع وخرچ
ہے۔ علاوہ ازیں وہ اوہام جنھوں نے اس کے ایمان اور عقل کو برباد کیا ان کی بنا پر اسے عیب ونقص سے اللہ
سبحانہ کی پاکی کے انکار سے مفر نہیں؛ اس لیے کہ اس کے علم میں اللہ سبحانہ کا مرکب ہونا یا تو ممتنع بالذات ہے یا ممکن
بالذات اور ممتنع بالغیر؟ پہلی شق اس کے نزدیک باطل ہے؛ اس لیے کہ ترکیب مصدر ہے اور اللہ سبحانہ کا مرکب
ہونا یا تو اس مصدر کا حصہ ہے یا اس کا فرد؟ اگر اس مصدر کا حصہ ہے تو اس کے نزدیک ممکن بالذات ہے۔ اور اگر
اس کا فرد ہے تو اس کے نزدیک واجب سبحانہ کا اس فرد کا جز ہونا لازم آئے گا اور یہ اس کے نزدیک بہت بڑی
خرابی ہے تو اس شخص کے نزدیک اللہ سبحانہ کی ترکیب لامحالہ ممکن بالذات، ممتنع بالغیر ہے۔

علاوہ ازیں ترکیب بھی ممکنات کے جملہ عیوب و خواص سے ہے اور اس قائل کے اعتقاد میں اللہ سبحانہ کا
ممکنات کے خواص و عیوب سے متّصف ہونا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے تو اس کے علم میں اللہ سبحانہ کی ترکیب
لامحالہ ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر اور ممتنع لذات الواجب سبحانہ ہے۔ کوئی عاقل اس قول کی جسارت نہیں کر سکتا
ہے: "اللہ سبحانہ کا مرکب ہونا ممکن اور ممتنع بالغیر یعنی ممتنع لذات الواجب سبحانہ ہے" اس لیے کہ اگر واجب سبحانہ کا
مرکب ہونا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہو تو اللہ سبحانہ کی ذات اپنی ذات کے مرکب نہ ہونے کی علت ہوگی اور
علت کا معلول سے پہلے ہونا ضروری ہے تو اللہ سبحانہ اپنی ذات کے مرتبہ میں یا تو مرکب ہے یا نہیں؟ اگر مرکب
ہے تو ترکیب سے اس کی پاکی کا قول بے معنی ہے۔ اور اگر مرکب نہیں ہے تو اللہ سبحانہ کا مرکب نہ ہونا اس کی
ذات (جو علت ہے) کا معلول نہ ہوا، ورنہ وہ ذات حقہ سے مؤخر ہوتا لہٰذا کسی مؤمن کو اس اعتقاد سے مفر نہیں
ہے: ترکیب اور ممکنات کے تمام خواص سے اتصاف باری سبحانہ کا سلب اور تمام ممکنات سے خواہ وہ جواہر ہوں یا
اعراض، ذوات ہوں یا اوصاف، اتحاد باری سبحانہ کا سلب، ضروری بالذات ہے۔ اور اس سلب کا ضروری ہونا سلب کی

ہوئی چیزوں کا ممتنع بالذات ہونا ہے۔ جو شخص اسے نہ مانے اسے اس اعتقاد سے مفر نہیں کہ: اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات حقہ میں مرکب، جز، انسان، حیوان و نبات وغیرہ غیر متناہی امور ہے۔ اگر یہ سوالب: "اللہ سبحانہ حیوان، انسان، حجر، مرکب و جز نہیں۔ اوراس کے علاوہ بے شمار سلب مرتبۂ ذات حقہ میں صادق ہیں تو یہ سلب بالذات ضروری ہوں گے۔ اوران کے ایجابات (اللہ سبحانہ حیوان، انسان، حجر، مرکب اور جز وغیرہ ہے) ممتنع بالذات ہوں گے۔ اور اگر یہ سلب مرتبۂ ذات حقہ میں صادق نہیں تو لامحالہ ان کے ایجابات صادق ہوں گے؛ اس لیے کہ ارتفاع نقیضین بدیہی طور پر محال ہے۔ معلوم نہیں یہ قائل ان سوالب کو صادق جانتا ہے یا ان کے موجبات کو؟ اگر سوالب کو صادق جانتا ہے تو اس پر واجب ہے کہ ان بیہودہ باتوں سے سچی توبہ کرے۔ اوراگر ایجابات کو صادق جانتا ہے تو اس کا حال ملحدوں اور سوفسطائیوں کے حال سے بھی برا ہے۔ اور نیز اس کے اقوال کی بنا پر اس کے نزدیک شریک باری کا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہونا لازم آرہا ہے؛ اس لیے کہ شریک کا مفہوم ایک مشتق کا مفہوم ہے، تو شریک باری اگر اس کا حصہ ہے تو اس قائل کے علم میں یہ حصہ ضرور ممکن بالذات ہوگا۔ اور اگر اس کا فرد ہے تو اس کے علم و اعتقاد میں یہ لازم آتا ہے کہ: باری تعالی اس کا جز ہو۔ اور اس کے نزدیک یہ بہت بڑی خرابی ہے تو اس قائل کو شریک باری کے امکان کے قول سے مفر نہیں۔ اور اسی طرح "تولُّد" مصدر ہے اگر اللہ سبحانہ کی طرف اسے مضاف مانیں تو "تولُّد" مضاف یا تو حصہ ہے؟ تو اس قائل کے قول و اعتقاد کے مطابق ممکن بالذات ہے۔ یا فرد ہے؟ تو مضاف الیہ اس کا جز ہے اور اس قائل کے علم میں یہ بھی قبیح ہے۔

یہ ساری قباحتیں اس قائل پر اس کے سُوئے فہم کے سبب لازم آئیں، اس نے یہ نہ جانا کہ: عیب و نقص سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا مصداق محال بالذات ہے نہ کہ معنی مصدری۔ اس نے یہ نہ سمجھا کہ اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کا مفہوم خواہ حصہ ہو یا فرد محال بالذات نہیں، محال بالذات اس کا مصداق ہے نہ کہ اس کا حصہ و فرد۔ اوراسی طرح عدمِ واجب، امکان واجب اور شریک باری تعالی کا مفہوم محال بالذات نہیں، محال بالذات ان کا مصداق ہے۔ اس قائل نے اپنی حماقت و بے ایمانی کے سبب نقص و عیب اور بے حیائی وبرائی کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا امکان ثابت کرنے کے لیے ایسا قاعدہ استخراج کیا جس نے اس کی عقل اوراس کا ایمان سب برباد کر دیا۔ یہ شیطان دجال کی اتباع کا وبال ہے۔ "أعاذنا الله تعالى من ذالك."

رہ گیا یہ سوال جو "اگر کوئی شخص یہ کہے" سے شروع ہوتا ہے اوراس کے اس قول: "تو مذکورہ جرأت سے مانع کیا ہے؟" تک پہنچتا ہے تو اس کے اس کلام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص فہم سے حد درجہ بے گانہ ہے؛ اس لیے کہ اس قائل کا مدّعا یہ ہے کہ: "اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین جو کہ محال بالذات ہے اجتماع اور ارتفاع کا فرد ہے جس میں قید اور تقیید داخل ہے، نہ کہ اس کا حصہ۔ اور اللہ سبحانہ کی طرف عیب و نقص کی اضافت و نسبت میں یہ معنی ممکن

نہیں،اس لیے کہ اس اضافت و نسبت میں قید اور تقیید کو داخل ماننا اللہ سبحانہ کے جز ہونے کو مستلزم ہے۔

اس مدّعا پر یہ سوال وارد ہی نہیں ہوتا کہ: ترکیب اضافی میں مضاف الیہ جز نہیں ہوتا؛ اس لیے کہ مضاف الیہ اُس صورت میں جز نہیں ہوتا جب مرکب اضافی کو فرد نہ مانیں۔ اور اگر مرکب اضافی کو فرد مانیں تو اس مرکب میں مضاف الیہ کو داخل ماننے سے مفر نہیں۔ "غلام زید" مرکب اعتباری کو جب فرد مان لیا گیا تو زید کا مردہ ہونا زید متصور ذہنی کو مذکورہ مرکب میں داخل ماننے سے مانع نہیں ہو سکتا۔ اس قائل کا یہ خیال ہے کہ: زید کا خارج میں موجود بدن اس مرکب اضافی ذہنی کا جز ہے۔ اس کا یہ کلام اس شخص کے کلام جیسا ہے جو یہ کہے کہ: "آدم علیہ السلام تمام انسانوں کے باپ ہیں" یہ جملہ قضیہ نہیں بن سکتا؛ اس لیے کہ آدم علیہ السلام وفات پا چکے ہیں وہ اس قضیہ کا جز کیسے بن سکتے ہیں؟ مضاف الیہ اس صورت میں مرکب اضافی ذہنی کا جز نہیں بن سکتا جب مرکب اضافی کو فرد نہ مانیں۔ اور اگر اسے فرد مانیں تو مضاف الیہ کو جز ماننے سے مفر نہیں۔

اور اس شخص نے اس سوال کے جواب میں جو کچھ کہا وہ بچوں کا مضحکہ ہے؛ اس لیے کہ ترکیب اضافی کا مفہوم اور ہے اور ترکیب توصیفی کا اور۔ اور مرکب اضافی کا مفہوم کیفیتوں یعنی تینوں مادوں سے خالی نہیں ہو سکتا۔ اور "عجز زید ممکن بالذات" (زید کا عاجز ہونا ممکن بالذات ہے) کا معنی اور ہے اور "زیدن العاجز ممکن" (عاجز زید ممکن ہے) کا معنی اور ہے۔ "جھل عمرو ممکن" (عمرو کا جاہل ہونا ممکن ہے) کا معنی اور ہے اور "عمرو ن الجاھل ممکن" (جاہل عمرو ممکن ہے) کا معنی اور ہے۔ ترکیب اضافی کو ترکیب توصیفی قرار دینے کی کوئی وجہ نہیں۔

اور یہ قائل "شریك الباری ممتنع بالذات" (باری تعالی کا شریک محال بالذات ہے) کی ترکیب میں ترکیب اضافی کو ترکیب توصیفی کس طرح ممکن بنا پائے گا۔ امتناع ذاتی کا حکم شریک باری پر ہے نہ کہ ذات باری پر اور "عدم الواجب ممتنع بالذات" (واجب کا عدم ممتنع بالذات ہے) جیسی ترکیب میں امتناع ذاتی کا حکم "عدم" پر ہے نہ کہ "واجب" پر اور دو مجتمع نقیضوں اور دو مرتفع نقیضوں کا مفہوم (جو موجودات ذہنیہ سے ہے) محال بالذات نہیں جیسا کہ اجتماع نقیضین کا مفہوم اور ارتفاع نقیضین کا مفہوم محال بالذات نہیں، محال بالذات اس کا مصداق ہے۔ یہ قائل اس حقیقت سے غافل ہے اس لیے اس کے ذہن میں جو کچھ آتا ہے بکتا چلا جاتا ہے۔

اور "قیامُ زید" (زید کا کھڑا ہونا) اور "ضربُ زید" (زید کا مارنا) کے معنی "زید قائم (زید کھڑا ہے) اور "زید ضارب" (زید مارنے والا ہے) نہیں ہیں۔ "قیام زید" اور "ضرب زید" مرکب ناقص ہے۔ اور "زید قائم وزید ضارب" مرکب تام ہے۔ مرکب ناقص میں تصدیق کا متعلق بننے کی صلاحیت نہیں۔ اور مرکب تام میں تصدیق کا متعلق بننے کی صلاحیت ہے۔ ہر جگہ ایسی تاویل (جو کہ مجاز ہے) جاری نہیں ہو سکتی، مثلاً "قیام زید" مقولۂ وضع سے ہے اور "ضرب زید" مقولۂ فعل سے ہے۔ (یہاں ترکیب اضافی کو ترکیب توصیفی بنانا ممکن نہیں) اور یہ جملہ: "لأَنَّ الأَخْبَارَ بَعْدَ العِلْمِ اَوْصَافٌ كَمَا أَنَّ الأَوْصَافَ قَبْلَ الْعِلْمِ أَخْبَارٌ" (اس لیے کہ علم کے بعد خبریں صفت ہوتی ہیں

ہوئی چیزوں کا ممتنع بالذات ہونا ہے۔جو شخص اسے نہ مانے اسے اس اعتقاد سے مفر نہیں کہ: اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات حقہ میں مرکب، جز، انسان، حیوان و نبات وغیرہ غیر متناہی امور ہے۔اگر یہ سوالب: "اللہ سبحانہ حیوان، انسان، حجر، مرکب وجز نہیں۔اوراس کے علاوہ بے شمار سلب مرتبۂ ذات حقہ میں صادق ہیں تو یہ سلب بالذات ضروری ہوں گے۔اوران کے ایجابات (اللہ سبحانہ حیوان، انسان، حجر، مرکب اور جز وغیرہ ہے) ممتنع بالذات ہوں گے۔اور اگر یہ سلب مرتبۂ ذات حقہ میں صادق نہیں تو لامحالہ ان کے ایجابات صادق ہوں گے؛اس لیے کہ ارتفاع نقیضین بدیہی طور پر محال ہے۔معلوم نہیں یہ قائل ان سوالب کو صادق جانتا ہے یا ان کے موجبات کو؟اگرسوالب کو صادق جانتا ہے تو اس پر واجب ہے کہ ان بیہودہ باتوں سے سچی توبہ کرے۔اوراگر ایجابات کو صادق جانتا ہے تو اس کا حال ملحدوں اور سوفسطائیوں کے حال سے بھی برا ہے۔اور نیز اس کے اقوال کی بنا پر اس کے نزدیک شریک باری کا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہونا لازم آرہا ہے؛ اس لیے کہ شریک کا مفہوم ایک مشتق کا مفہوم ہے،تو شریک باری اگر اس کا حصہ ہے تو اس قائل کے علم میں یہ حصہ ضرور ممکن بالذات ہوگا۔اور اگر اس کا فرد ہے تو اس کے علم و اعتقاد میں یہ لازم آتا ہے کہ:باری تعالی اس کا جز ہو۔اور اس کے نزدیک یہ بہت بڑی خرابی ہے تو اس قائل کو شریک باری کے امکان کے قول سے مفر نہیں۔ اور اسی طرح "تولُّد"مصدر ہے اگر اللہ سبحانہ کی طرف اسے مضاف مانیں تو"تولُّد" مضاف یا تو حصہ ہے؟تو اس قائل کے قول و اعتقاد کے مطابق ممکن بالذات ہے۔یا فرد ہے؟تو مضاف الیہ اس کا جز ہے اور اس قائل کے علم میں یہ بھی قبیح ہے۔

یہ ساری قباحتیں اس قائل پر اس کے سُوئے فہم کے سبب لازم آئیں،اس نے یہ نہ جانا کہ:عیب و نقص سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا مصداق محال بالذات ہے نہ کہ معنی مصدری۔اس نے یہ نہ سمجھا کہ اجتماع نقیضین اورارتفاع نقیضین کا مفہوم خواہ حصہ ہویا فرد محال بالذات نہیں، محال بالذات اس کا مصداق ہے نہ کہ اس کا حصہ وفرد۔اوراسی طرح عدمِ واجب،امکان واجب اور شریک باری تعالی کا مفہوم محال بالذات نہیں، محال بالذات ان کا مصداق ہے۔اس قائل نے اپنی حماقت و بے ایمانی کے سبب نقص و عیب اور بے حیائی وبرائی کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا امکان ثابت کرنے کے لیے ایسا قاعدہ استخراج کیا جس نے اس کی عقل اوراس کا ایمان سب برباد کر دیا۔یہ شیطان دجال کی اتباع کا وبال ہے۔"أعاذنا اللہ تعالی من ذالك."

رہ گیا یہ سوال جو"اگرکوئی شخص یہ کہے" سے شروع ہوتا ہےاوراس کے اس قول:"تو مذکورہ جرأت سے مانع کیا ہے؟"تک پہنچتا ہے تواس کے اس کلام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص فہم سے حد درجہ بے گانہ ہے؛ اس لیے کہ اس قائل کامدّعایہ ہے کہ:"اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین جوکہ محال بالذات ہے اجتماع اورارتفاع کا فرد ہے جس میں قید اور تقیید داخل ہے،نہ کہ اس کا حصہ۔اور اللہ سبحانہ کی طرف عیب ونقص کی اضافت و نسبت میں یہ معنی ممکن

نہیں،اس لیے کہ اس اضافت و نسبت میں قید اور تقیید کو داخل ماننا اللہ سبحانہ کے جز ہونے کو مستلزم ہے۔

اس مدّعا پر یہ سوال وارد ہی نہیں ہوتا کہ: ترکیب اضافی میں مضاف الیہ جز نہیں ہوتا؛ اس لیے کہ مضاف الیہ اُس صورت میں جز نہیں ہوتا جب مرکب اضافی کو فرد نہ مانیں۔ اور اگر مرکب اضافی کو فرد مانیں تو اس مرکب میں مضاف الیہ کو داخل ماننے سے مفر نہیں۔ "غلام زید" مرکب اعتباری کو جب فرد مان لیا گیا تو زید کا مردہ ہونا زید متصور ذہنی کو مذکورہ مرکب میں داخل ماننے سے مانع نہیں ہو سکتا۔ اس قائل کا یہ خیال ہے کہ: زید کا خارج میں موجود بدن اس مرکب اضافی ذہنی کا جز ہے۔ اس کا یہ کلام اس شخص کے کلام جیسا ہے جو یہ کہے کہ: "آدم علیہ السلام تمام انسانوں کے باپ ہیں" یہ جملہ قضیہ نہیں بن سکتا؛ اس لیے کہ آدم علیہ السلام وفات پا چکے ہیں وہ اس قضیہ کا جز کیسے بن سکتے ہیں؟ مضاف الیہ اس صورت میں مرکب اضافی ذہنی کا جز نہیں بن سکتا جب مرکب اضافی کو فرد نہ مانیں۔ اور اگر اسے فرد مانیں تو مضاف الیہ کو جز ماننے سے مفر نہیں۔

اور اس شخص نے اس سوال کے جواب میں جو کچھ کہا وہ بچوں کا مضحکہ ہے؛ اس لیے کہ ترکیب اضافی کا مفہوم اور ہے اور ترکیب توصیفی کا اور۔ اور مرکب اضافی کا مفہوم کیفیتوں یعنی تینوں مادوں سے خالی نہیں ہو سکتا۔ اور "عجز زید ممکن بالذات" (زید کا عاجز ہونا ممکن بالذات ہے) کا معنی اور ہے اور "زیدٌ العاجز ممکن" (عاجز زید ممکن ہے) کا معنی اور ہے۔ "جهل عمرو ممکن" (عمرو کا جاہل ہونا ممکن ہے) کا معنی اور ہے اور "عمروٌ الجاهل ممکن" (جاہل عمرو ممکن ہے) کا معنی اور ہے۔ ترکیب اضافی کو ترکیب توصیفی قرار دینے کی کوئی وجہ نہیں۔

اور یہ قائل "شريك الباري ممتنع بالذات" (باری تعالی کا شریک محال بالذات ہے) کی ترکیب میں ترکیب اضافی کو ترکیب توصیفی کس طرح ممکن بنا پائے گا۔ امتناع ذاتی کا حکم شریک باری پر ہے نہ کہ ذات باری پر اور "عدم الواجب ممتنع بالذات" (واجب کا عدم ممتنع بالذات ہے) جیسی ترکیب میں امتناع ذاتی کا حکم "عدم" پر ہے نہ کہ "واجب" پر اور دو مجتمع نقیضوں اور دو مرتفع نقیضوں کا مفہوم (جو موجودات ذہنیہ سے ہے) محال بالذات نہیں جیسا کہ اجتماع نقیضین کا مفہوم اور ارتفاع نقیضین کا مفہوم محال بالذات نہیں، محال بالذات اس کا مصداق ہے۔ یہ قائل اس حقیقت سے غافل ہے اس لیے اس کے ذہن میں جو کچھ آتا ہے بکتا چلا جاتا ہے۔

اور "قیامُ زید" (زید کا کھڑا ہونا) اور "ضربُ زید" (زید کا مارنا) کے معنی "زید قائم (زید کھڑا ہے) اور "زید ضارب" (زید مارنے والا ہے) نہیں ہیں۔ "قیام زید" اور "ضرب زید" مرکب ناقص ہے۔ اور "زید قائم و زید ضارب" مرکب تام ہے۔ مرکب ناقص میں تصدیق کا متعلق بننے کی صلاحیت نہیں۔ اور مرکب تام میں تصدیق کا متعلق بننے کی صلاحیت ہے۔ ہر جگہ ایسی تاویل (جو کہ مجاز ہے) جاری نہیں ہو سکتی، مثلاً "قیام زید" مقولۂ وضع سے ہے اور "ضرب زید" مقولۂ فعل سے ہے۔ (یہاں ترکیب اضافی کو ترکیب توصیفی بنانا ممکن نہیں) اور یہ جملہ: "لأنَّ الأَخْبَارَ بَعْدَ العِلْمِ اَوْصَافٌ كَمَا أَنَّ الأَوْصَافَ قَبْلَ الْعِلْمِ أَخْبَارٌ" (اس لیے کہ علم کے بعد خبریں صفت ہوتی ہیں

جیسے علم سے پہلے صفتیں خبر ہوتی ہیں۔) جو اس قائل نے کہیں سن رکھا تھا اس کا معنی سمجھے بغیر اسے یہاں بے محل جڑ دیا۔ اس مقام پر اسے ذکر کرنا بے فائدہ ہے؛ اس لیے کہ اس سے مرکب اضافی اور مرکب توصیفی دونوں کے معنی کا ایک ہونا لازم نہیں آتا۔

مخالف نے کہا:

اب ہم اصل کی طرف رجوع کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں کہ: مذکورہ عیوب ونقائص سے متّصف ہونے میں جب امکان کی حیثیت معتبر ہو اور ایک کا مصداق دوسرے کا مصداق نہ ہو؛ اس لیے کہ امتناع وجود کی حیثیت میں طرفین کی خصوصیت معتبر ہے اور امکان ذاتی کی حیثیت میں طرفین کی اس خصوصیت کا اعتبار نہیں ہے تو مدعی کا یہ کہنا کہ: "مذکورہ عیب ونقص سے اتصاف کے ممکن بالذات ماننے کی صورت میں عیب ونقص سے باری کے اتصاف کا ممکن ہونا لازم آتا ہے۔ حیثیتوں کو ضائع کرنے کے باوجود ایک حکم (عیب ونقص سے حق تعالی کے اتصاف کا امکان "تَعَالَى اللهُ عَنْ ذٰلِكَ عُلُوًّا كَبِيرًا") کے وجود کی علیت میں ایک ہی شئی کے وجود وعدم کا اعتبار کرنا ہے، تو وہ محض باطل وغلط ہوگا۔

اس کی توضیح کے لیے یہ جملے دیکھیں: (۱) عنصر، گرم وسرد، خشک وتر ہوتا ہے۔ (۲) عدد، جفت اور طاق ہوتا ہے۔ (۳) کلمہ، اسم، فعل اور حرف ہوتا ہے۔ ان جملوں میں حرارت وبرودت اور رطوبت ویبوست سے عنصر کا اتصاف اور زوجیت وفردیت سے عدد کا اتصاف اور اسمیت وفعلیت وحرفیت سے کلمہ کا اتصاف ممکن بالذات ہے؛ اس لیے کہ ان اقوال میں تمام محمولات، موضوع کا عرض مفارق ہیں۔ اور جب عام موضوع (عنصر، عدد اور کلمہ) کی جگہ ہم خاص موضوع (آگ، چار اور ضرب یضرب) کو لے کر اس طرح کہیں کہ: "آگ سرد اور تر ہے۔ اور چار طاق ہے۔ اور "ضرب یضرب "حرف ہے" تو محمول سے موضوع کا اتصاف ممتنع ہوگا۔ لیکن یہ امتناع، موضوع کی خصوصیت کی وجہ سے ہے؛ اس لیے کہ جب آگ کی صورت نوعیہ حرارت اور خشکی کو چاہتی ہے اور برودت ورطوبت اس کی ضد ہے اور چار کا عدد، برابر برابر منقسم ہونے کو چاہتا ہے اور طاق ہونا اس کے مقابل ہے اور "فعل" کا معنی مستقل بالمفہومیت ہے اور "حرف" کا معنی غیر مستقل ہے تو ان وجہوں سے یہ مذکورہ اتصافات ممتنع بالغیر ہوئے۔ تو کسی کو یہ کہنے کا حق نہیں کہ: اگر عنصر کا برودت ورطوبت اور عدد کا فردیت اور کلمہ کا حرفیت سے اتصاف ممکن بالذات ہو تو آگ میں برودت ورطوبت اور چار میں فردیت اور "ضرب یضرب" میں حرفیت کا ممکن بالذات ہونا لازم آئے گا۔ عیب ونقص کی چیزوں سے حضرت واجب الوجود شانہ کے اتصاف کا ممتنع ہونا اسی پر قیاس کر لیجیے۔

اقول: اس کرّہٗ خاسرہ (گھاٹے والے رجوع) نے اس قائل کے خُسران میں اضافہ کیا۔ اس نے گزشتہ حماقت کی طرف پلٹ کر اپنی حماقت میں مزید ترقی کی۔ ہم نے ماسبق میں یہ روشن کر دیا ہے کہ: یہ قضایا محال بالذات ہیں:

"اللہ سبحانہ عاجز ہے، اللہ سبحانہ جاہل ہے، اللہ سبحانہ انسان ہے، اللہ سبحانہ نبات ہے، اللہ سبحانہ پتھر ہے، اللہ سبحانہ درخت ہے"

اور ان کے علاوہ دیگر قضایا کا مصداق ہے۔ اور ان قضیوں کا مصداق سلب بسیط ہے اور وہ سلب بسیط بالذات ضروری ہے۔ اور اس سلب کے بالذات ضروری ہونے کا معنی یہ ہے کہ: اس کا محمولِ مسلوب ممتنع بالذات ہے۔

اس نافہم نے میرے استاذ محقق (**علامہ فضل حق خیر آبادی**) کے اس کلام: عیب ونقص سے اللہ سبحانہ کا اتصاف محال بالذات ہے" میں اتصاف سے بجائے مصداقِ اتصاف کے، مفہومِ اتصاف کا محال بالذات ہونا سمجھا اور اپنی بے ایمانی کے سبب اس مفہوم کا امکان ثابت کرنے کے درپے ہو کر اپنی عقل اور اپنا دین برباد کیا۔ میرے استاذ محقق کے کلام کا حاصل صرف یہ ہے کہ: ان قضایا سالبہ کا مصداق بالذات ضروری ہے۔ اور ان سوالب کے مصداق کے بالذات ضروری ہونے کا معنی یہ ہے کہ: ان سوالب کے موجبات کا مصداق محال بالذات ہے۔ اس بے عقل نے "اتصاف" سے معنی مصدری سمجھ کر ورطۂ جہالت وضلالت میں خوب خوب غوطہ خوری کی اور کر رہا ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر ان قضایا سالبہ کا مصداق ضروری نہیں ہے تو ان کے موجبات ممکن بالذات ہوں گے تو ان سوالب کے ضروری نہ ہونے کی صورت میں اسے ان کے موجبات کے ممکن بالذات ہونے کا قول ضروری ہے۔ اس قائل نے اس حقیقت سے غافل رہ کر اتصاف کو معنی مصدری پر محمول کیا اور اس اتصاف کو ممتنع بالغیر اور ممکن بالذات قرار دیا۔ اس کے اس کلام کی بنا پر اللہ سبحانہ کا عیب ونقص سے متّصف ہونا لازم آتا ہے۔

یہ شخص اس مہمل بیان کے ذریعہ اس شناعت سے اپنی رہائی چاہتا ہے اور اس کے دل میں جو کچھ آتا ہے کہتا ہے۔ "وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ" (اور اسے اس سے خلاص ونجات نہیں مل سکتی)

بر سبیل تنزّل اس کے فہم کے مطابق میں کہتا ہوں کہ: اس شخص کو اس بات کا اعتراف ہے کہ: طرفین کی خصوصیت کے اعتبار سے اللہ سبحانہ کا عیب ونقص سے متّصف ہونا محال ہے۔ اگر اس کلام میں محال سے اس کی مراد محال بالذات ہے تو معترض کا مدعا حاصل ہے؛ اس لیے کہ اس کا یہی دعوی ہے کہ: "اللہ سبحانہ کا عیب ونقص سے متّصف ہونا محال بالذات ہے۔ اس قائل نے اس کے ممکن بالذات ثابت کرنے کی جو کوشش کی تھی رائیگاں گئی۔ اور اگر اس کی مراد محال بالذات نہیں بلکہ محال بالغیر ہے؟ تو طرفین کی خصوصیت کے اعتبار سے اس اتصاف کے محال بالغیر ہونے کا اعتراف واقرار اس بات کا اعتراف واقرار ہے کہ: طرفین کی خصوصیت کے اعتبار سے یہ اتصاف ممکن بالذات ہے؛ اس لیے کہ ممتنع بالغیر کا ممکن بالذات ہونا ضروری ہے۔ طرفین کی خصوصیت کے اعتبار سے یہ اتصاف امکان ذاتی سے خارج نہیں ہو سکتا۔ تو اس شخص کا یہ قول محض بے معنی ہے کہ:

"امکان ذاتی حیثیت میں طرفین کی اس خصوصیت کا اعتبار نہیں ہے"

اس تقدیر پر طرفین کی خصوصیت کے اعتبار سے بھی یہ اتصاف ممکن بالذات ہے۔ اس نافہم نے "تضییع" یعنی ضائع کرنے کا لفظ بول کر اپنی عقل اور عمر کو ضائع کیا ہے اور عیب ونقص سے اللہ سبحانہ کا اتصاف ممکن بالذات قرار دینے کے باوجود

اس کا " تَعَالَی اللهُ عَنْ ذٰلِكَ عُلُوًّا کَبِیْرًا " کہنا محض نفاق ہے۔ تو اس کی ساری بے ہودہ گوئی محض باطل اور سراسر غلط ہے۔
اور اس کا یہ قول اس کی ذلت و خواری کے لیے کافی ہے:

"اس کی توضیح کے لیے یہ جملے دیکھیں: "عنصر گرم و سرد" الخ

اس لیے کہ "عنصر سرد و گرم اور خشک و تر ہوتا ہے۔" اس کلام میں عنصر کی ان چاروں قسموں کی طرف تقسیم ہے اور عنصر کی ایک نوع مثلاً "پانی" کے ضمن میں برودت و رطوبت سے طبعی طور پر اس کا متّصف ہونا ممکن ہے اور دوسری نوع مثلاً "آگ" کے ضمن میں اس کا برودت و رطوبت سے متّصف ہونا ممکن نہیں بلکہ محال بالذات ہے؛ اس لیے کہ جو عنصر بالذات بارد و رطب ہے وہ پانی ہے۔ اور آگ اور پانی دونوں متبائن حقیقتوں کا متحد ہونا محال بالذات ہے۔ اور عدد کا اپنی بعض نوعوں مثلاً "چار" کے ضمن میں زوجیت سے متّصف ہونا ممکن ہے اور اپنی دوسری بعض نوعوں مثلاً "تین" کے ضمن میں زوجیت سے متّصف ہونا ممتنع بالذات ہے۔ اور اسی طرح کلمہ کا اپنی ایک نوع "حرف" کے ضمن میں حرفیت سے متّصف ہونا ممکن بالذات ہے اور اپنی دوسری نوع مثلاً اسم و فعل کے ضمن میں حرفیت سے متّصف ہونا محال بالذات ہے۔ اسی طرح مطلق اتصاف، زید کے عجز و جہل سے اتصاف کے ضمن میں ممکن بالذات ہے۔ اور عیب و نقص سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کے ضمن میں محال بالذات ہے۔ ان نظائر سے اس کی بے ہودہ گوئیوں کی بیخ کنی ہو جاتی ہے اور اس کی توضیح خود اس کی فضیحت و خواری کی شکل میں نمودار ہوتی ہے۔ اور اس قائل نے خود اس سے پہلے یہ اعتراف کیا ہے کہ: اس میں کوئی منافات نہیں کہ کلی ممکن بالذات ہو اور اس کا فرد ممتنع بالذات ہو۔ مطلق اتصاف کے امکان کے باوجود عیب و نقص سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کے ممتنع بالذات ہونے کا انکار کرنا اور ان بے ہودہ باتوں کا سہارا لینا جہالت و گمراہی کا نتیجہ ہے۔

مخالف نے کہا:

ہمارا کہنا یہ ہے کہ: اتصاف مذکور کے امکان ذاتی سے اعراض و انکار کرنا یعنی عیب و نقص سے اتصاف اور اس اتصاف کے ممتنع بالذات ہونے کا قول و اعتقاد ایسے قول و اعتقاد والے کو مجوسیوں کے شرک سے بدتر شرک کی طرف لے جاتا ہے؛ اس لیے کہ حضرت واجب الوجود جل شانہ کا صفات کمال سے متّصف ہونا واجب لذات حضرت واجب الوجود شانہ ہے۔ لیکن جب ہم ان صفات کی ذات کی طرف نظر کرتے ہیں تو یہ صفتیں اور ان صفتوں سے متّصف ہونا ممکن بالذات ہے جیسا کہ محققین متکلمین نے اس کی تصریح فرمائی ہے اور مزید عنقریب انشاء اللہ آئے گا۔

اور ممکن بالذات معدوم ایسا ہے جس کا وجود ممکن ہے اسی لیے عیب و نقص سے اتصاف کے مقام پر مدعی معترض نے اتصاف مذکور کے امکان ذاتی سے گریز کر کے اس کے ممتنع بالذات ہونے کا قول کیا۔ اسی طرح ممکن بالذات موجود اپنے امکان ذاتی کی طرف نظر کرتے ہوئے ممکن العدم اور ممکن الزوال ہے۔ تو عیب و نقص سے اتصاف کے امکان ذاتی کے انکار کی بنا پر معترض پر لازم آتا ہے کہ وہ اس بات کا قائل ہو کہ: "حضرت واجب الوجود جل و علا کا صفات کمال سے متّصف

ہوناواجب بالذات ہے "اس لیے کہ اس اتصاف کے ممکن بالذات ہونے کے قول واحتمال پر معترض کے نزدیک حضرت واجب الوجود قدوس سے کمال کی صفتوں کا ممکن الزوال ہونالازم آئے گاجیساکہ عیب ونقص سے اتصاف کے ممکن بالذات ہونے کے قول واحتمال پر عیب ونقص سے اتصاف میں یہ کہاکہ: حضرت واجب الوجود جل وعلامیں عیب ونقص کاموجود ہونالازم آئے گااور جیساکہ اس جگہ حضرت واجب میں نقائص کے ثبوت ووجود کے امکان کے سلب ورفع میں امتناع بالغیر کوکافی نہ جانا، صفات کمال میں بھی اس پر یہ لازم آیاکہ: وہ حضرت واجب الوجود تعالی شانہ سے کمال کی صفتوں کے زوال و عدم کے امکان کے سلب ورفع میں وجوب بالغیر کوکافی نہ جان کران صفتوں کے واجب بالذات ہونے کاقول کرے اوراسی کامحکم عقیدہ رکھے۔ اور جب اتصاف، طرفین کامحتاج ہونے کے سبب وجوب ذاتی کی صلاحیت نہ رکھنے کے باوجود معترض کے اعتقاد کے موافق واجب بالذات ہوگیاتومعترض کے اعتقاد کے موافق کمال کی آٹھ صفتوں کاوجود بطریق اولی واجب بالذات ہوگا؛اس لیے کہ یہ صفاتِ کمال، اتصاف سے اقوی ہیں۔اور کمال کی یہ صفتیں بھی واجب بالذات ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتیں؛اس لیے کہ کمال کی یہ صفتیں موصوف (حق تعالی و تقدس) کی محتاج ہیں تومعترض کے اعتقاد کے مطابق سترہ الٰہ لازم آئے۔آٹھ اتصافات اور آٹھ صفات اور ایک "واجب الوجود تعالی شانہ عن کل سوء" کی مقدس ذات۔ اور جب الوہیت،واجب الوجود کے لیے لازم بالذات ہے۔ تومدعی کے لیے سترہ واجب الوجود لازم آئے۔مجوس دوخداکے قائل تھے اوراس مدعی معترض پرسترہ معبودوں کاقول لازم آیا۔العیاذ باللہ تعالی۔

اوربعض متکلّمین سے جویہ منقول ہے کہ:

"اَلْوَاجِبُ الْوُجود لِذَاتِہٖ ھُوَاللہُ تعالی وَ صِفَاتُہٗ".

واجبُ الوجود لذاتہ، اللہ تعالیٰ اوراس کی صفتیں ہی ہیں۔

تواس کی یہ تاویل کی جاتی ہے کہ:

"وَاجِبَۃٌ لِذَاتِ اللہِ تعالی و تقدَّس"۔یہ صفتیں اللہ تعالی وتقدس کی ذات کے سبب واجب ہیں۔

جیساکہ انشاءاللہ تعالی آئے گا۔اور مدعی معترض کے قول کی بناپر بغیر کسی تاویل کے واجب بالذات ہونالازم ہے؛اس لیے کہ اس کے نزدیک عیب ونقص سے اتصاف کاممتنع بالغیر یعنی ممتنع لذات الواجب ہوناکافی نہیں بلکہ ممتنع بالذات ہوناضروری ہے۔تواس پرکمال کی صفتوں کاواجب بالذات ہونالازم آتاہے جیساکہ گزرابرخلاف بعض متقدمین مذکور کے کہ ان سے یہ منقول نہیں کہ: عیب ونقص سے باری تعالی کامتّصف ہوناممتنع بالذات ہے یہاں تک کہ ان متقدمین کاکلام بھی تاویل مذکور کے قابل نہ ہو۔

اقول: ہم یہ واضح کر چکے ہیں کہ: "اللہ سبحانہ انسان نہیں، کاتب نہیں، متحرک نہیں، عاجز نہیں اور جاہل نہیں وغیرہ" ان قضایاسالبہ کے سلب بسیط کامصداق بالذات ضروری ہے۔اوران سلبوں کے بالذات ضروری ہونے کامعنی یہ

ہے کہ: یہ سلب کی ہوئی چیزیں ممتنع بالذات ہیں۔ جو بے ایمان سوالب بسیطہ کو ذات احدیہ کے مرتبہ میں صادق نہیں جانتا ہے وہ ضرور ان کے موجبات کو صادق جانتا ہے جن کا مفاد یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ کی ذات کے ساتھ بالذات موجود و متحد ہوں۔ یہ بے شمار چیزیں (انسان، کاتب، متحرک وغیرہ) جب کہ اپنی ذات اور حقیقت کے لحاظ سے یہ سب نیست و نابود ہیں۔ اور اس کی ذات کے ساتھ ان چیزوں کا موجود و متحد ہونا باطل ہے۔ اور عیوب و نقائص کے سوالب بسیطہ، صفات کمالیہ وجودیہ نہیں ہیں۔ سلب کوئی ذات نہیں جس میں وجود کی صلاحیت ہو اور عامۂ متکلّمین کے نزدیک صفات کمالیہ کا مصداق نفس ذات احدیہ نہیں ہے بلکہ ان کا مصداق ذات حقہ کے ساتھ صفات زائدہ کا قیام ہے۔ اور کوئی مسلمان یہ نہیں کہہ سکتا کہ: مذکورہ سلوب بسیطہ کا مصداق نفس ذات احدیہ نہیں ہے۔ "عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی چیزوں سے اتصاف کی نقیض" "عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی چیزوں سے متّصف نہ ہونا ہے" نہ کہ "کمال کی صفتوں سے متّصف ہونا" یہ شخص جہالت و بے وقوفی کے سبب عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کے امکان ذاتی کے انکار کو یہ گمان کرتا ہے کہ: "صفات کمال سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا واجب بالذات ہے"۔ اور یہ گمان کرتا ہے کہ: "صفات کمال سے اللہ سبحانہ کا اتصاف "عیب و نقص سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کی نقیض ہے جب کہ ایسا نہیں، بچے اور پاگل بھی جانتے ہیں کہ: "عیب و نقص سے متّصف ہونے کی نقیض" "عیب و نقص سے متّصف نہ ہونا ہے۔" اور عیب و نقص سے متّصف نہ ہونے کا مصداق اور صفات کمال سے متّصف ہونے کا مصداق "عامۂ متکلّمین کی رائے پر ایک نہیں۔ عیب و نقص سے متّصف نہ ہونے کا مصداق نفس ذات احدیہ ہے۔ اور کمال کی صفتوں سے متّصف ہونے کا مصداق ذات حقہ کے ساتھ صفات کا قیام ہے۔ اور متکلّمین کے علم و اعتقاد میں یہ اتصاف مرتبۂ ذات کے بعد ہے۔

اس شخص کا یہ کہنا اس کی مکر سازی کے قبیل سے ہے:

"اسی طرح ممکن بالذات موجود، ممکن العدم اور ممکن الزوال ہے"

اس لیے کہ اگر اس کی مراد یہ ہے کہ: "ہر ممکن بالذات موجود اپنی نفس ذات کے اعتبار سے ممکن العدم ہے، اگرچہ موجب بالذات کے ایجاب کے سبب واجب بالغیر ہو، تو یہ قاعدہ مسلم ہے، لیکن عامۂ متکلّمین کی رائے پر اس امکان سے اللہ کی ذات حقہ سے اس کے کمال کی صفتوں کا زوال ممکن ہونا لازم نہیں آتا، اس لیے کہ متکلّمین کے علم میں اللہ سبحانہ کے کمال کی صفتیں اگرچہ ممکن بالذات ہیں مگر اللہ سبحانہ کی ذات ان صفات کی علت موجبہ ہے اور معلول کا اپنی علت موجبہ سے مؤخر ہونا ممتنع بالذات ہے۔

اور اگر اس کی مراد یہ ہے کہ: "ہر ممکن بالذات موجود، نفس الامر میں ممکن العدم اور ممکن الزوال ہے اگرچہ اس کی علت موجبہ موجود ہو" تو یہ کلیہ ممنوع بلکہ کاذب و غلط ہے۔ اور "عیب و نقص سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ممتنع بالذات ہے" اس کلام سے مدعی معترض "حضرت استاذی المحقق" (علامہ فضل حق خیر آبادی) کی مراد وہ نہیں جو اس قائل کا گمان ہے بلکہ آپ کی

مراد یہ ہے کہ: اگر عیب ونقص سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ممکن ہو تو عیب ونقص سے اس کے اتصاف کا سلب مرتبۂ ذات احدیہ کے بعد ہوگا تو مرتبۂ ذات میں اس کے اتصافِ عیب ونقص سے سلب کا مرتبہ مقدم ہے ورنہ مرتبۂ ذات حقہ میں اس کے لیے نقص وعیب کے ایجابات کا صدق لازم آئے گا۔ اور نفس ذات حقہ سے صفات کمال کے مؤخر ہونے کی صورت میں جیساکہ عامۂ متکلّمین کی رائے ہے یہ خرابی لازم نہیں آتی۔ زیادہ سے زیادہ متکلّمین کی رائے پر مرتبۂ ذات احدیہ میں صفات کمال کا سلب لازم آتا تھا اور عامۂ متکلّمین اس کا التزام کرتے ہیں جیساکہ وہ صفات زائدہ سے اس کے استکمال کا التزام کرتے ہیں۔ اس مخالف نے اس فرق کو جانے بغیر یہ دعوی کیا کہ مدعی معترض کے قول پر یہ لازم آتا ہے کہ "وہ اللہ سبحانہ کی ذات سے صفات کے زوال کے امکان کے رفع میں وجوب بالغیر کو کافی نہیں جانتا اور اللہ سبحانہ کی صفات کمال کو واجب بالذات مانتا ہے۔

حالاں کہ متکلّمین کی رائے پر اللہ سبحانہ کی صفات کمال کے ممتنع الزوال ہونے کے لیے صفات کمال کا اس سے بالایجاب صادر ہونا کافی ہے۔ اور مرتبۂ ذات احدیہ سے عیب ونقص کے سلب کے لیے، عیب ونقص سے اتصاف کا ممتنع بالغیر ہونا کافی نہیں بلکہ اس بات کا قول کہ: "عیب ونقص سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ممتنع بالغیر ہے" عیب ونقص سے اس کے اتصاف کے قول کو مستلزم ہے کسی طرح لازم نہیں آتا۔ تو اس نافہم نے اس لزوم پر جو کچھ متفرع کیا ہے سب باطل ہو گیا۔ ہاں یہ قائل نقص وعیب، ہر طرح کی بے حیائی وبرائی کی باتوں سے سلبِ اتصاف اور حیوانیت، جمادیت اور عرضیت سے اللہ سبحانہ کا سلبِ اتصاف، معلول اور مرتبۂ ذات سے مؤخر جانتا ہے تو اسے یہ قول کرنا لازم آتا ہے کہ: اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات احدیہ میں بے شمار ممکنات کی ذاتوں اور ان حوادث کے خواص وخصائص کا عین ہے۔ تو اس قائل کا حال مجوسیوں، ملحدوں، دیگر کافروں، فاجروں اور سوفسطائیوں کے حال سے بھی بدتر ہے۔ "و العیاذ باللہ تعالی من ذالك"۔

مخالف نے کہا:

اب ہم اصل مطلب کا خلاصہ پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ: حضرت واجب تعالی کے کمال کی صفتیں اور ان سے اتصاف واجب لذات حضرت واجب الوجود عزاسمہ وتعالی شانہ ہیں اور فی نفسہ، ممکن بالذات ہیں، جیساکہ انشاء اللہ ہم اسے ذکر کریں گے تو عیب ونقص سے اتصاف ممتنع لذات حضرت واجب الوجود جل شانہ ہوگا اور فی نفسہ ممکن بالذات ہوگا مثلاً جب علم وقدرت کی صفت ممکن بالذات ہے تو ان دونوں صفتوں کا وجود وعدم ممکن ہوگا اور یہ ظاہر ہے۔ اور جب حضرت الموصوف جل شانہ کے لیے ان دونوں کا وجود واجب ہوگیا تو اس کی ذات سے ان دونوں صفتوں کا عدم ممتنع ہوگا اور جس ذات مقدس کی شان علم وقدرت سے متّصف ہونا ہے اس سے ان دونوں صفتوں کا عدم بعینہ عجز وجہل ہے جیساکہ ظاہر ہے تو یہ بات ثابت ہوگئی کہ: جہل وعجز اور ان دونوں سے اتصاف ممتنع لذات حضرت الموصوف تعالی شانہ ہے۔ اس سے یہ روشن ہوا کہ: عیب ونقص کی باتوں سے اتصاف ممتنع لذات الواجب اور فی نفسہ ممکن بالذات ہے جیساکہ اس کے کمال کی صفتیں واجب لذاتہ

اور فی نفسہ ممکن بالذات ہیں۔ اشیائے عالم میں اس کی نظیر اجسام کثیفہ میں تاریکی اور آفتاب میں روشنی کا امکان ہے۔ تاریکی ممکن بالذات ہے۔ اور اجسام کثیفہ کا ظلمت سے اتصاف واقع ہے۔ اور جرم شمس کا روشنی سے متّصف ہونا ضروری ہے۔ جب ہم اس جرم شمس کا تاریکی سے قیاس اور موازنہ و مقابلہ کرتے ہیں تو ظلمت (مقیس) کو مضمحل پاکر ہم یہ کہتے ہیں کہ: جرم شمس کا تاریک ہونا ممتنع ہے۔ کیا کوئی عاقل آفتاب کی روشنی کے لازم بالذات ہوتے ہوئے ظلمت کے امکان ذاتی کے اعتبار سے آفتاب میں ظلمت کا تحقق ممکن ہونا روا رکھتا ہے؟ اسی طرح حضرت واجب الوجود تعالی شانہ کا کمال کی صفتوں سے اتصاف واجب لذاتہ تعالی ہے۔ جب ہم اس کی ذات کا عیب ونقص کی چیزوں سے قیاس و مقابلہ کرتے ہیں تو اس کی ذات میں عیب ونقص کی تمام چیزوں کو معدوم ومضمحل بلکہ محال وممتنع پاتے ہیں، لیکن حضرت واجب الوجود کی ذات کے لیے یہ استحالہ وامتناع اس کی ذات کے سبب ہے، امتناع بالذات نہیں ہے کیوں کہ عیوب ونقائص اپنی نفس ذات کے اعتبار سے ممکن بالذات ہیں، اس لیے کہ جن کلیوں کے بعض افراد موجود ہوتے ہیں ان کلیوں کے ممتنع بالذات ہونے کا حکم نہیں کیا جا سکتا، ممتنع بالذات کا کوئی فرد موجود نہیں ہوتا۔

اقول: یہ پہلے گزر چکا کہ: عامۂ متکلّمین کے نزدیک واجب الوجود سبحانہ کے اوصاف وکمالات، اس کی ذات حقہ پر زائد ہیں۔ اور عالم وقادر ہونے اور دیگر صفات کمالیہ کا مصداق، ذات حقہ کے ساتھ ان صفات کے مبادی کا قائم ہونا ہے۔ اور یہ صفات ذات کی طرف منسوب ہیں اور معلول کا ذاتِ علت اور صفت کا ذاتِ موصوف سے مؤخر ہونا ضروری ہے۔ اور تمام ذواتِ ممکنہ اور ان کے خواص وخسائس، قبائح وخصائص اور عیوب ونقائص کے سلب کا مصداق خود حق تعالی کی ذات ہے نہ کہ ذات سے مؤخر کوئی مرتبہ، ورنہ مرتبۂ ذات حقہ میں ان سوالب کے موجبات کا صادق ہونا لازم آئے گا، اس لیے کہ ارتفاع نقیضین ضرور محال ہے اور لازم (سوالب کے موجبات کا صادق ہونا) صریح البطلان ہے۔ اور صفاتِ کمال کے ممکن ہونے کے معنی یہ ہیں کہ: نفس ذات کے اعتبار سے ان کا موجود و معدوم ہونا برابر ہے۔ اور ان صفات کمال سے اتصاف کا عدم بسیط، نقائص سے متّصف ہونا نہیں، یہاں تک کہ صفات کمال سے اتصاف کے ممکن ہونے سے عیب ونقص سے اتصاف کا ممکن ہونا لازم آئے۔ تو عامۂ متکلّمین کے نزدیک صفات کمالیہ سے اتصاف واجب لذات الواجب سبحانہ ہے اور مرتبۂ ذات حقہ کے بعد ہے۔ اور اتصافِ عیوب ونقائص کا سلب، ذات حقہ کا معلول نہیں ہے بلکہ بالذات ضروری ہے تو یہ لازم نہیں آتا کہ صفات کمال کا وجوب، ذاتِ واجب سبحانہ کے سبب ہو تو نقائص سے اتصاف کا امتناع بھی ذاتِ واجب سبحانہ کے سبب ہو۔ اور جب اللہ تعالی کا علم اور اس کی قدرت عامۂ متکلّمین کے نزدیک ممکن بالذات ہے تو ان دونوں صفتوں کا وجود وعدم ممکن ہے اور ان متکلّمین کے نزدیک ان دونوں صفتوں کا وجود واجب لذاتہ سبحانہ ہے اور ان کا عدم ممتنع لذات الواجب سبحانہ ہے اور صفت علم کا عدم بسیط، جہل نہیں بلکہ جہل: "عدم ملکۂ علم" کا نام ہے۔ اور عدم ملکہ کا مطلب یہ ہے کہ: "کسی محل قابل میں ایسی صفت کا عدم ہو جس سے اتصاف کی قوتِ استعدادی وہ محل رکھتا ہو" "قوت استعدادی کے

بغیر " عدم ملکہ نہیں ہوسکتا۔ اور جہاں کہیں یہ کہتے ہیں کہ: " عدم ملکہ: کسی صفت کا اس محل سے معدوم ہونا ہے جو محل اس صفت سے متّصف ہونے کی استعداد رکھتا ہے " وہاں " ما من شانہ " سے وہ محل قابل مراد ہوتا ہے: جس میں اس صفت سے متّصف ہونے کی قوت استعدادی ہوتی ہے۔ مواقف میں متقابلین کی تقسیم کے تحت ہے:

" إما أن لا يكون أحدهما سلباً للآخر أو يكون " یا تو ان دو متقابل میں سے کوئی ایک دوسرے کا سلب ہوگا یا نہیں۔

پھر اس کے بعد یہ کہا کہ:

" والثانى إن اعتبر فيهمانسبتهما إلى قابل الأمر الوجودى فعدم و ملكة " (۱)

ثانی یعنی دو متقابل اگر ایک دوسرے کا سلب نہ ہوں تو اگر متقابلین میں کسی قابل امر وجودی کی جانب ان دونوں کی نسبت کا اعتبار ہے تو یہ تقابل عدم وملکہ ہے۔

اور قبول: قوت استعدادی کا نام ہے۔ اور " ابہری " نے شرح مواقف میں تقابل کی قسموں میں سے تضایف وتضاد کو ذکر کرنے کے بعد یہ کہا کہ:

" الثالث تقابل العدم و الملكة و هو ينقسم إلى حقيقى و مشهورى لأنه إن اعتبر ارتفاع الأمر الوجودى عن المادة المتهيّئة لقبوله بحسب الشخص فى هذا الوقت فهو المشهورى كالالتحاء و الكوسجية فإنها ليست عدم الالتحاء مطلقا بل عدمه عما من شانه التحاء فى ذالك الوقت حتى أن الأمرد لا يقال له كوسج و كالبصر و العمى فإن العمى ليس عدم البصر مطلقا بل عدمه عما من شانه البصر فى ذالك الوقت فإن الجزء الذى لم يفتح تمام البصر لايقال له أعمى و إن لم يعتبر لذالك فحقيقى بل اعتبر قبول المادة له إما بحسب جنسه القريب كالعمى للعقرب أو البعيد كالسكون أى عدم الحركة للجبل لأنه يقال له ساكن و عديم الحركة لأنه يقبلهما بحسب جنسه البعيد الخ ".

تیسری قسم: تقابل عدم و ملکہ کی دو قسمیں ہیں: **حقیقی** اور **مشہوری**؛ اس لیے کہ اگر امر وجودی کا ارتفاع مانا گیا ہو اس مادہ سے جو شخص کے اعتبار سے اِس وقت امر وجودی کے قبول کی استعداد وصلاحیت رکھتا ہے تو یہ مشہوری کہلاتا ہے جیسا کہ داڑھی والا ہونا اور کوسج (معمر ہونے کے باوجود جسے داڑھی نہ آئے) ہونا کیوں کہ کوسج ہونا مطلقاً داڑھی نہ ہونے کو نہیں کہتے بلکہ جس محل میں اس وقت داڑھی ہونے کی استعداد ہو اس وقت اس کا بے داڑھی کے ہونا یہاں تک کہ امرد کو کوسج نہیں کہا جاتا۔ اور جیسا کہ " بصر " اور " عمی " کیوں کہ " عمی " مطلقاً عدم بصر کو نہیں کہتے بلکہ ایسی ذات کے عدم بصر کو کہتے ہیں جو اس وقت

(۱) شرح مواقف المرصد الرابع، المقصد الحادی عشر ص: ۲۰۲ مطبع منشی نول کشور لکھنو

قابل بصر ہو، کیوں کہ جس جز نے تمام بصر کو نہ کھولا اسے اعمیٰ نہیں کہا جاتا۔ اور اگر امر وجودی کا ارتفاع ایسے مادہ سے نہ مانا گیا جو اس وقت "بلحاظ شخص" اس امر وجودی کے قبول کی صلاحیت رکھتا ہو تو تقابل حقیقی ہے بلکہ اس میں مادہ کا امر وجودی کے قابل ہونا یا تو اس کی جنس قریب کے اعتبار سے ہو جیسا کہ "عمی" بچھو کے لیے یا جنس بعید کے اعتبار سے ہو جیسا کہ "سکون" یعنی عدم حرکت پہاڑ کے لیے؛ اس لیے کہ پہاڑ کو اس لیے ساکن وغیر متحرک کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی جنس بعید کے اعتبار سے ان دونوں کے قابل ہوتا ہے۔

یہ کلام اس بات پر روشن نص ہے کہ: "ما من شانہ" سے وہ مادہ مراد ہے: جس میں کسی صفت کے قبول کی استعداد ہو۔ اور جب ذات حقہ سبحانہ مادہ اور قوت استعدادی سے پاک ہے۔ اور اس کا مادی ہونا ممتنع بالذات ہے اور اس سے قوت استعدادی کا سلب بالذات ضروری ہے تو اللہ سبحانہ کا جہل سے متصف ہونا ممکن بالذات نہیں ہے۔ جہل کا معنیٰ یہ ہے کہ: "جس محل میں علم کی قوت استعدادی ہو وہ علم سے خالی ہو" اور یہ معنی ذات حقہ میں ممکن نہیں جیسا کہ ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں نقل فرمایا:

"وَعِنْدَنَا أَنَّ كلَّ ما وُصِفَ به لا يجوزُ أَن يُوْصَفَ بِضِدِّہ". یعنی ہمارے نزدیک یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ جن صفتوں سے موصوف ہے ان کی ضد سے اس کا متصف ہونا ممکن نہیں۔

اور اسی بنا پر "ابہری" نے شرح مواقف میں دوسری نوع کے مقصد ثالث کے شروع میں کیفیات نفسانیہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ:

"العِلْمُ الْحَادِثُ يُقَابِلُه الْجَهْلُ" جہل علم حادث کا مقابل ہے۔

تو اس سے یہ ظاہر ہوا کہ: عامۂ متکلّمین کی رائے پر اللہ سبحانہ کا علم ممکن بالذات ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ: جہل سے اس کا متصف ہونا ممکن ہو۔ " تَعَالَى اللهُ عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ "۔

اور یہ بھی معلوم ہوا کہ اس قائل کے اس کلام کی بنیاد یہ ہے کہ: وہ جہل کے معنی سے جاہل ہے۔ اور اگر جہل کا معنی وہ ہو جو اس نے سمجھا تو عامۂ متکلّمین کے نزدیک اللہ سبحانہ کا مرتبۂ ذات حقہ میں جاہل ہونا لازم آتا ہے۔ العیاذ باللہ۔ اس لیے کہ جب عامۂ متکلّمین کے نزدیک علم کی صفت اللہ سبحانہ کی معلول ہے تو یہ صفت معلولہ مرتبۂ ذات حقہ میں) جو اس صفت کا موصوف اور اس کی علت ہے (عامۂ متکلّمین کے نزدیک معدوم اور مسلوب ہوگی؛ اس لیے کہ ذاتِ موصوف سے صفت کا اور علت سے معلول کا مؤخر ہونا ضروری ہے۔ اور اس قائل کے علم میں ذاتِ حقہ سے اس صفت کا عدم، جہل ہے تو یہ لازم ہے کہ: عامۂ متکلّمین اس بات کے قائل ہوں کہ: مرتبۂ ذات حقہ میں اللہ سبحانہ جاہل ہے۔ "العياذ بالله تعالى من ذالك"۔

رہا "عجز": اشاعرہ کے نزدیک ایک وجودی صفت ہے جو قدرت کی ضد ہے۔

شرح مواقف آٹھویں مقصد میں ہے:

"العجز عرض موجود مضادٌّ للقدرة باتفاق من الأشاعرة و جمهور المعتزلة"۔ [1]

و قال الأَبهری فی شرح المواقف:

"اتفقت الأَشاعرة و کل من أثبت الأعراض علی: أن العجز عرض ثابت مضاد للقدرة".

تمام اشاعرہ اور جمہور معتزلہ اس پر متفق ہیں کہ: عجز ایک عرض موجود ہے، جو قدرت کی ضد ہے۔

اور ابہری نے شرح مواقف میں کہا کہ:

اشاعرہ اور جو لوگ اعراض کو ثابت مانتے ہیں ان کا اس پر اتفاق ہے: کہ عجز ایک عرض موجود ہے، جو قدرت کی ضد ہے۔

اس قائل نے حقائق کے ادراک سے اپنی عاجزی کے سبب عجز کی تفسیر: "عدم القدرة عما من شانه القدرة" نہ سمجھ کر عجز کو بعینہ عدم قدرت سمجھا اور عامۂ متکلّمین کے مذہب پر اللہ سبحانہ کے عدم قدرت کے امکان کو اس کے عجز کا امکان قرار دے کر اس قول شنیع پر اقدام کیا کہ: "اللہ سبحانہ کا عجز سے متّصف ہونا ممکن ہے"۔ ایسی بد فہمی سے اللہ کی پناہ۔

اسی طرح صفت "سمیع و بصیر" صفاتِ کمال سے ہے۔ اور عامۂ متکلّمین کی رائے پر یہ دونوں صفتیں ممکن بالذات ہیں اور ان کا عدم، ذات حقہ سے ممکن ہے۔ بصر، سمع اور کلام، باری تعالیٰ کی صفات ہیں۔ ان کا مقابل: عمی، صمم اور بکم ہے۔ (یعنی اندھا ہونا، بہرا ہونا اور گونگا ہونا) **اندھا** وہ ہے: "جس میں دیکھنے کی قوت استعدادی ہو اور دیکھ نہ سکے" اور اسی طرح **بہرا** وہ ہے: "جس کے پاس سننے کی قوت استعدادی ہو اور سن نہ سکے۔" اور **گونگا** وہ ہے: "جس کے پاس کلام کا ملکہ ہو اور کلام نہ کر سکے۔" تو اس مخالف کے اعتقاد میں اللہ سبحانہ کا اندھا، بہرا اور گونگا ہونا ممکن ہے، بلکہ اس کے اعتقاد میں مرتبۂ ذات حقہ میں اللہ سبحانہ کا اندھا، بہرا اور گونگا ہونا ضروری ہے۔ ایسی بے دینی اور بد عقیدگی سے اللہ کی پناہ۔

اور اسی طرح "موت" ایک مذہب پر "عدم ملکۂ حیات" کا نام ہے۔ اور عامۂ متکلّمین کے نزدیک "حیات" "ذات حقہ پر ایک زائد صفت اور ممکن بالذات ہے، تو متکلّمین کی رائے پر اللہ سبحانہ کے عدم حیات کا امکان اس قائل کے عقیدے میں اللہ سبحانہ کی موت کا امکان ہوگا، بلکہ اس کے اعتقاد میں اللہ سبحانہ مرتبۂ ذاتِ حقہ میں میّت ہے، اس لیے کہ عامۂ متکلّمین کے نزدیک مرتبۂ ذات حقہ میں حیات کا سلب (جو کہ ذات حقہ کی صفت معلولہ ہے) ضروری ہے؛ اس لیے کہ صفت کا موصوف سے اور معلول کا اپنی علت سے مؤخر ہونا ضروری ہے، تو اس کے زعم کے مطابق مرتبۂ ذات حقہ میں اس ذات حقہ سے حیات کا عدم ضروری ہو جس کی شان حی ہونا ہے۔ "سبحان الحی الذی لا یموت عما یقول الظالمون"۔

اور اگر موت کو صفت وجودی کہا جائے جیسا کہ دوسرے متکلّمین کا مذہب ہے تو اس قائل کے باطل اعتقاد کے مطابق

(۱) شرح مواقف، النوع الرابع، المقصد الثامن: العجز عرض مضاد للقدرة، ج:٦ ص:١١٢ دار الكتب العلميه بيروت لبنان

اسے اللہ سبحانہ کی موت کو ممکن بالذات کہنے سے مفر نہیں؛اس لیے کہ اللہ سبحانہ کی موت، خاص موت ہے، تو وہ (مطلق) موت کا حصہ ہے۔اور ظاہر ہے کہ موت کے دوسرے حصے ممکن ہیں تو اس کے زعم کی بنا پر موت کا یہ حصہ بھی ممکن ہوگا اور وہ اس خاص موت کو فرد نہیں قرار دے سکتا؛اس لیے کہ اس کے علم کے مطابق موت کو فرد ماننے کی صورت میں اللہ سبحانہ کا اس فرد موت کا جز ہونا لازم آتا ہے جو اس قائل کے نزدیک ناجائز و محذور ہے۔

اور اگر وہ یہ کہے کہ:اللہ سبحانہ کی موت، خصوصیت کے اعتبار سے ممتنع ہے اور خصوصیت سے قطع نظر کرتے ہوئے ممکن ہے۔تو اس سے یہ پوچھا جائے کہ:اللہ سبحانہ کی موت، خصوصیت کے اعتبار سے ممتنع بالذات ہے یا ممتنع بالغیر؟اگر ممتنع بالذات ہے تو اس کے سارے اقوال باطل ہو گئے۔اور اگر ممتنع بالغیر ہے تو اللہ سبحانہ کی موت، خصوصیت کے اعتبار سے بھی ممکن بالذات ہوئی؛اس لیے کہ ممتنع بالغیر لامحالہ ممکن بالذات ہے۔تو بہر حال اسے اپنے باطل عقائد کی بنیاد پر اللہ سبحانہ کی موت کو ممکن بالذات ماننے سے چارہ نہیں۔

اور اس شخص نے اجسام کثیفہ کی تاریکی اور آفتاب کی روشنی سے جو نظیر پیش کی اس سے اصحاب نظر کی نظروں میں اس کی تیرہ دلی اور ارباب بصیرت کے نزدیک اس کی کور بینی واضح و روشن ہوگئ؛اس لیے کہ اجسام کثیفہ کا روشن ہونا اور آفتاب کا تیرہ و تاریک ہونا اللہ سبحانہ کی قدرت سے ممکن ہے۔اور نقص و عیب اور خسیس چیزوں اور ممکنات و حوادث کے حوادث و خصائص سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ہر مؤمن کے نزدیک ممتنع بالذات ہے۔اسی طرح ممکنات کا اللہ سبحانہ کے کمال کی صفتوں سے متّصف ہونا محال بالذات ہے۔

اس شخص کا یہ کہنا اس کی عجیب مکر سازی ہے:

"عیوب و نقائص اپنی نفس ذات کے اعتبار سے ممکن بالذات ہیں، اس لیے کہ جن کلیوں کے بعض افراد موجود ہوتے ہیں ان کلیوں کے ممتنع بالذات ہونے کا حکم نہیں کیا جا سکتا، ممتنع بالذات کا کوئی فرد موجود نہیں ہوتا۔"

عیب و نقص کی چیزوں کا ممکن ہونا بایں معنی درست ہے کہ:ہر ایک نقص میں جس وجود کی صلاحیت ہے وہ وجود ممتنع بالذات نہیں ہے، اور نہ واجب بالذات ہے۔عیب و نقص کی چیزوں کے ممکن ہونے کا یہ معنی نہیں کہ:ہر ایک نقص کے لیے ہر قسم کا وجود ممکن ہے مثلاً یہ ممکن نہیں کہ:حادث اعراض، وجود مستقل قدیم کے ساتھ موجود ہوں اور تجسیم و تحیز اللہ سبحانہ کی ذات کے ساتھ قائم ہو کر موجو قدیم ہو جائے اور عدم کے بعد حدوث، اللہ سبحانہ کی ذات کے ساتھ قائم ہو اور نجاست جو قاذورات کا خاصہ ہے ذات مقدسہ میں حلول کرے۔

اور یہ کہنا کفر و الحاد اور سوفسطائیت سے بدتر ہے کہ:"عیب و نقص کی صفتوں کے ممکن بالذات ہونے کا معنی یہ ہے کہ:ذات واجب الوجود سبحانہ کے ساتھ عیب و نقص کی صفتوں کا قائم ہونا، ان کا قدیم ہونا اور صفات کمال کی طرح ان کا ذات حقہ کے لوازم سے ہونا ممکن بالذات ہے"۔

یہ امر واضح رہے کہ جس طرح نفس حقیقت کی خصوصیت کے اعتبار سے وجود کی بعض قسموں کا ممتنع بالذات ہونا وجوب ذاتی کے منافی نہیں جیساکہ حقیقت حقہ واجبہ پر ممکن کا وجود، حادث کا وجوداور وجود فی المحل ممتنع بالذات ہے۔اور حقیقت حقہ واجبہ پر ان خاص وجودوں کا ممتنع بالذات ہونا اس کے وجوب ذاتی کے منافی نہیں بلکہ اس کے وجوب ذاتی کے مساوی ہے۔اسی طرح نفس حقیقت کی خصوصیت کے اعتبار سے وجود کی بعض قسموں کا ممتنع بالذات ہونا اس حقیقت کے ممکن بالذات ہونے کے منافی نہیں ہے؛اس لیے کہ ذوات ممکنہ پر وجود واجبی اور وجود قدیم اور اعراض پر وجود لا فی المحل اور حقائق غیر قارہ پر وجود آنی ممتنع بالذات ہے۔اور وجود کی ان قسموں کا ممتنع بالذات ہونا ان اشیا کے ممکن بالذات ہونے کے منافی نہیں۔ان اشیا کے ممکن بالذات ہونے کا معنی یہ ہے کہ:ان اشیا میں سے ہر ایک میں جس وجود کی صلاحیت ہے وہ وجود نہ واجب بالذات ہے اور نہ ممتنع بالذات۔یہ نافہم عیب ونقص کی حقیقتوں کے ممکن بالذات ہونے سے یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ:ذات حقہ مقدسہ واجبہ میں ان کا حلول کرنا،اس کے ساتھ ان کا قائم ہونا اور ان کے قدم کا ممکن ہونا اور ان کا ذات حقہ کے لوازم سے ہونا ممکن ہے۔سبحان اللہ کیا بوالعجبی ہے۔اس مخالف نے اپنی اس کم مائیگی اور کند ذہنی کے سبب جسے دقیق فکر گمان کرتا ہے اپنا چہرہ ونامۂ اعمال سیاہ کیا،اپنی عقل اور اپنا دین وایمان تباہ وبرباد کیا اور علوم میں مداخلت کر کے خود کو ایسی بلاؤں میں ڈالا جنہوں نے اس کا دین اور اس کی دنیا سب تباہ وبرباد کر دیا یہ سب بدانجام نجدیوں کی اتباع کا وبال ہے۔"والعیاذ باللہ المتعال"۔

مخالف نے کہا:

شرح عقائد نسفی میں ہے:

"فالأولى أن يقال:المستحيل تعدّد ذوات قديمة، لا ذات وصفات، وأن لا يجترأ على القول بكون الصفات واجبة الوجود لذاتها، بل يقال: هي واجبة لا لغيرها بل لِمَاليس عينها ولا غيرها،أعني: ذات الله تعالى وتقدّس، و يكون هذا مراد من قال:الواجب الوجود لذاته هو الله تعالى وصفاته، يعني: أنهاواجبة لذات الواجب تعالى وتقدس، وأمّا في نفسها فهي ممكنة، ولا استحالة في قدم الممكن إذا كان قائماً بذات القديم ، واجباً به غير منفصل عنه، فليس كلّ قديم إلٰها حتى يلزم من تعدد القدماء وجود الألهة، لكن ينبغي أن يقال: إنّ الله تعالى قديم بذاته، موصوف بصفاته ولا يطلق القول بالقدماء لئلاّ يذهب الوهم إلى أنّ كلّا منها قائم بذاته، موصوف بصفات الألوهية، ولصعوبة هذاالمقام ذهبت المعتزلةُ والفلاسفةُ إلى نفي الصفات، والكراميّةُ إلى نفي قدمها، والأشاعرةُ إلى نفي غيريّتها وعينيّتها". (۱)

(۱) شرح عقائدنسفی ص:٦٦-٦٧ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

یعنی بہتر یہ کہنا ہے کہ: متعدّد ذات کا قدیم ہونا محال ہے، نہ کہ ایک قدیم ذات اور متعدّد صفات کا۔ تو بہتر یہ ہے کہ: یہ کہنے کی جرأت نہ کی جائے کہ: صفتیں واجب الوجود لذاتہا ہیں بلکہ یہ کہا جائے کہ: وہ صفتیں واجب ہیں لیکن اپنے غیر کے سبب نہیں بلکہ اس کے سبب جو نہ ان صفتوں کا عین ہے اور نہ غیر۔ یعنی اللہ تعالی و تقدس کی ذات کے سبب واجب ہیں۔ اور جن لوگوں نے یہ کہا کہ: واجب الوجود لذاتہ خود اللہ تعالی اور اس کی صفتیں ہی ہیں ان کی یہی مراد ہے کہ: وہ صفات، ذات واجب تعالی و تقدس کے سبب واجب ہیں اور لیکن فی نفسہ تو وہ صفتیں ممکن ہیں اور ممکن کا قدیم ہونا کوئی محال امر نہیں جب کہ وہ ممکن، قدیم ذات کے ساتھ قائم اور اس کے سبب واجب ہو، اس سے جدا اور منفصل نہ ہو۔ ہر قدیم معبود نہیں ہوتا یہاں تک کہ چند قدیم کے موجود ہونے سے چند معبود کا موجود ہونا لازم آئے۔ لیکن یہ کہنا چاہیے کہ: اللہ تعالی بذاتہ قدیم ہے اور اپنی صفات سے موصوف ہے۔ اور صفات کو مطلقاً قدیم کہنا چاہیے تاکہ یہ وہم نہ ہو کہ (متعدّد قدماہیں اور) ان میں سے ہر ایک قائم بذاتہ، الوہیت کی صفت کے ساتھ متّصف ہے۔ اس مقام کی صعوبت ہی کے سبب معتزلہ اور فلاسفہ نے صفات کمالیہ کے انکار کا راستہ اختیار کیا۔ اور کرامیہ اس طرف گئے کہ: صفات کمالیہ قدیم نہیں۔ اور اشاعرہ نے یہ مذہب اختیار کیا کہ: اللہ عزوجل ان صفتوں کا نہ عین ہے نہ غیر"۔

اس منقولہ عبارت کا مضمون ملاحظہ کرنے کے بعد ہماری ذکر کردہ باتوں میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا۔ حاشیہ خیالی میں ہے کہ:

"قوله وأمافی نفسها فهی ممكنة قد سبق مافيه من: أنه يخالف مااشتهر بينهم من: أن كل ممكن محدث أی مسبوق بالعدم". (۱)

قولہ "اور لیکن فی نفسہ تو وہ صفتیں ممکن ہیں" اس سے پہلے یہ گزر چکا ہے کہ: یہ متکلّمین کے اس مشہور مذہب کے خلاف ہے کہ: ہر ممکن حادث ہے یعنی عدم کے بعد ہے۔

حاشیہ مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی میں ہے کہ:

"قوله: "قد سبق ما فيه" أی قد سبق فی الشرح أن القول بإمكان الصفات ينافی قولهم: "إن كل ممكن حادث بمعنى أنه مسبوق بالعدم" و لا يخفى عليك أن القول بهذه المخالفة أهون من القول بعدم إمكانها لأنه يستلزم تعدد الواجب لذاته بخلاف انتقاض تلك الكلية ولذا خصصها المحققون بأن كل ممكن مسبوق بالقصد و الاختيار فهو حادث. و فی عبارة الشرح إشعار بذالك حيث قال: و لااستحالة فی قدم الممكن ". (۲)

---

(۱) حاشیۃ خیالی علی شرح العقائدالنسفی ص: ۶۷ مطبع یوسفی

(۲) حاشیہ مولانا عبدالحکیم علی حاشیۃ الخیالی علی شرح العقائدالنسفی ص: ۶۷ مطبع یوسفی

قولہ: "اس سے پہلے گزر چکا ہے" یعنی شرح میں یہ توضیح گذر چکی کہ: صفات کے ممکن ہونے کا قول متکلّمین کے اس قول کے منافی ہے کہ: "ہر ممکن حادث ہے یعنی عدم کے بعد ہے" واضح رہے کہ اس مخالفت کا قائل ہونا صفات کا عدمِ امکان ماننے سے زیادہ آسان ہے، اس لیے کہ عدمِ امکان ماننے پر تعدد واجب لذاتہ لازم آتا ہے۔ جب کہ ممکن ماننے پر صرف یہ لازم آتا ہے کہ: متکلّمین کے قول: "ہر ممکن حادث ہے" کی کلیت ٹوٹ جاتی ہے) اس لیے کہ صفات ممکن ہوکر بھی حادث نہیں بلکہ قدیم ہیں (اسی لیے محققین نے اس قضیہ کلیہ کو اس قید زائد کے ساتھ خاص کیا کہ: جو ممکن قصد واختیار کے بعد ہو وہ حادث ہے۔اور شرح کی عبارت میں بھی اس کا اشارہ ہے کیوں کہ شارح نے کہا ہے کہ: "ممکن کا قدیم ہونا کوئی محال بات نہیں"۔

اگر کوئی کہے کہ: جب قول مذکور (صفات کا وجوب لذاتہا ہے) کی عدم جرأت اولی ہے جیسا کہ شرح میں اس کی صراحت ہے تو صفات کو واجب الوجود لذاتہا کہنا جائز اور خلاف اولی ہوگا اور یہ صفات مذکورہ کے ممکن بالذات ہونے کے منافی ہے۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ: معترض اس اعتراض میں لفظ "قول" کی خصوصیتوں سے غافل ہے یعنی شرح کی عبارت سے یہ مراد ہے کہ: ایسی بات کہنا اگرچہ جائز و خلاف اولی ہے لیکن یہ عقیدہ رکھنا کہ: "صفات واجبۃ الوجود لذاتہا ہیں" باطل و ناجائز ہے۔اور وجہ فرق یہ ہے کہ: قائل کا یہ قول قابلِ تاویل ہے جیسا کہ شارح نے اس کی تاویل کرتے ہوئے یہ کہا کہ: جن لوگوں نے یہ کہا کہ: "واجب الوجود لذاتہ اللہ تعالی اور اس کی صفتیں ہی ہیں" ان کی مراد یہ ہے الخ اور قائل کا یہ اعتقاد قابلِ تاویل نہیں جیسا کہ ظاہر ہے، شرح اور حاشیہ کے حاشیہ سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ: "حضرت واجب الوجود جل شانہ کا صفات کمالیہ سے متّصف ہونا واجب لذات حضرت باری تعالی ہے لیکن اس اتصاف کی ذات یعنی کسی چیز کا مثلاً علم وحیات وغیرہ صفتوں سے متّصف ہونا تو یہ ممکن بالذات ہے۔اور اسی طرح حضرت قدّوس شانہ کا صفات نقص سے متّصف ہونا محال لذات حضرت واجب الوجود ہے اور محال عقلی ہے۔ لیکن ذاتِ اتصاف یعنی کسی بھی شئ کا نقص سے متّصف ہونا تو یہ ممکن بالذات اور متحقق الوقوع ہے۔اور علم کلام کی دوسری کتابوں مثلاً شرح عقائد جلالی اور اس کے حواشی اور شرح مواقف اور اس کے حواشی وغیرہ میں اس کی مزید تحقیق موجود ہے مگر شرح عقائد نسفی اور اس کے حواشی چوں کہ کثرت سے دستیاب ہیں اس لیے انہیں عبارتوں کی نقل پر اکتفا کیا گیا۔

اقول: اس قائل نے شرح عقائد اور اس کے حواشی سے جو کچھ نقل کیا اس کا خلاصہ یہ ہے کہ: "اللہ سبحانہ کی صفات کمالیہ، عامۂ متکلّمین کے نزدیک ممکن بالذات اور قدیم ہیں، اللہ سبحانہ سے بالایجاب صادر ہیں"۔اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ: عیب ونقص کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا بھی ممکن بالذات ہو جیسا کہ اس کی تفصیل گذر چکی تو اس کا یہ کہنا بے ہودہ گوئی ہے کہ:

"اس منقولہ عبارت کا مضمون ملاحظہ کرنے کے بعد ہماری ذکر کردہ باتوں میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا۔"

ہاں صفات کمالیہ کا عدم ممکن بالذات ہونے سے عیب ونقص کی باتوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا ممکن بالذات ہونا

ان عبارتوں سے وہی سمجھ سکتا ہے جسے فہم وادراک کا کوئی حصہ نہ ملا ہو، ساتھ ہی اس جہل مرکب میں بھی مبتلا ہو جس میں یہ قائل گرفتار ہے۔ اور اس سے زیادہ تعجب خیز اس کا یہ قول ہے کہ:

شرح اور حاشیہ کے حاشیہ سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ: حضرت واجب الوجود جل شانہ کا صفات کمالیہ سے متصف ہونا واجب لذات حضرت باری تعالی ہے۔ لیکن خود یہ اتصاف یعنی کسی چیز کا مثلاً علم وحیات وغیرہ صفتوں سے متصف ہونا تو یہ ممکن بالذات ہے۔

اس کے اس کلام سے واضح ہے کہ: وہ اپنے کلام میں بھی غور وفکر نہیں کرتا اور جو کچھ اس کے باطل خیال میں آتا ہے بک دیتا ہے اس لیے کہ حضرت واجب الوجود جل شانہ کا صفات کمالیہ سے متصف ہونا خاص نفس الامر کے اعتبار سے ان تین مادوں سے خالی نہیں ہوسکتا:

(۱) وجوب ذاتی (۲) امکان ذاتی (۳) امتناع ذاتی

اگر یہ اتصاف واجب بالذات ہے تو یہ لازم ہے کہ: اس اتصاف کا مصداق مرتبۂ نفس ذات حقہ، کسی امر زائد کے بغیر ہو۔ اس صورت میں جو متکلمین اللہ کی صفتوں کو اس کی ذات پر زائد مانتے ہیں ان کا مذہب باطل ہوگیا۔ اور اگر ممتنع بالذات ہے تو یہ اتصاف واجب لذات حضرت باری نہیں ہوسکتا تو لا محالہ ممکن بالذات واجب بالعلت ہوگا اور جو چیز علت کے سبب واجب ہوتی ہے وہ لا محالہ ممکن بالذات ہوتی ہے تو اس کا یہ کہنا محض لغو ہے کہ:

"لیکن خود یہ اتصاف یعنی کسی چیز کا مثلاً علم وحیات وغیرہ صفتوں سے متصف ہونا تو یہ ممکن بالذات ہے"

اس لیے کہ یہ اتصافِ خاص جب کسی علت کی وجہ سے واجب ہوا تو لا محالہ ممکن بالذات ہوا۔ اور اس سے زیادہ تعجب خیز یہ ہے کہ: خود اس نے صفات کمالیہ کے ممکن بالذات ہونے کی تصریح کی ہے اور جن کتابوں کا حوالہ دیا ہے ان میں بھی صفات کمالیہ کے ممکن بالذات ہونے کی تصریح ہے اور جس وقت صفات کمال ممکن بالذات کی طرف اللہ سبحانہ کا اتصاف منسوب ہوگا لا محالہ ممکن بالذات ہوگا اس لیے کہ منسوب اور منسوب الیہ میں سے کسی ایک کے ممکن بالذات ہوتے ہوئے اتصاف کا واجب بالذات ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا۔

علاوہ ازیں خود اس قائل نے اس سے پہلے یہ کہا ہے کہ: "اتصاف میں واجب بالذات ہونے کی صلاحیت نہیں" تو اس خاص اتصاف پر ممکن بالذات کے اطلاق سے اعراض وانحراف کیوں ہے؟ اس کا سبب کوتاہ بینی اور قصور فہمی کے سوا کچھ نہیں۔ اور اس سے زیادہ تعجب خیز اس کی یہ بات ہے:

"اسی طرح حضرت قدوس تعالی شانہ کا عیب ونقص کی چیزوں سے متصف ہونا محال لذات حضرت واجب الوجود ہے اور محال عقلی ہے لیکن ذاتِ اتصاف یعنی کسی بھی شئی کا نقص سے متصف ہونا تو یہ ممکن بالذات بلکہ متحقق الوقوع ہے"۔

اس لیے کہ اللہ سبحانہ کا عیب ونقص کی چیزوں سے متصف ہونا نفس الامر میں تین مادوں سے خالی نہیں ہوسکتا۔ اور

ظاہر ہے کہ یہ اتصاف واجب بالذات نہیں ہے تو اگر ممتنع بالذات ہے تو یہی ہمارا مطلوب ہے جس سے اس مخالف کا زعم باطل ہو جاتا ہے۔ اور اگر ممکن بالذات ہے تو اس خاص اتصاف پر ممکن بالذات کے اطلاق سے اعراض و انحراف کیوں ہے؟ اس اتصاف کو ممتنع لذات الواجب سبحانہ کہنا یہ کہنا ہے کہ: یہ اتصاف علت کے سبب ممتنع ہے۔ اور علت کی وجہ سے اتصاف کے ممتنع ہونے کا قول کرنا اس کے ممکن بالذات ہونے کا قول کرنا ہے۔

علاوہ ازیں اس کے نزدیک صفات کمالیہ سے اللہ سبحانہ کا اتصافِ خاص یا تو واجب بالذات ہے؟ تو اس کے علم کے مطابق یہ لازم ہے کہ: نقص و عیب سے اللہ سبحانہ کا اتصافِ خاص ممتنع بالذات ہو؛ اس لیے کہ اس کے نزدیک عیب و نقص کی چیزوں سے اتصاف کے سلب اور صفات کمال سے اتصاف کے درمیان ذات کے اعتبار سے معیت و مصاحبت ہے۔ اور جو دو چیزیں اپنی ذات کے اعتبار سے ایک ساتھ ہوتی ہیں وجوب و امکان میں ان کا ایک ہی حکم ہوتا ہے جیسا کہ خود اس نے اس سے پہلے کہا ہے۔ اور عیب و نقص کی چیزوں سے اتصاف کے سلب کا واجب بالذات ہونا، عیب و نقص کی چیزوں سے اتصاف کا ممتنع بالذات ہونا ہے۔ اور اگر اس کے نزدیک اللہ سبحانہ کا کمال کی صفتوں سے اتصافِ خاص ممکن بالذات ہے تو اس اتصافِ خاص کا عدم ممکن بالذات ہے۔ اور اس کے نزدیک صفات کمال سے اتصاف خاص کا عدم بعینہ اللہ سبحانہ کا عیب و نقص کی چیزوں سے متصف ہونا ہے تو اس کے نزدیک اللہ سبحانہ کا عیب و نقص کی باتوں سے اتصافِ خاص ممکن بالذات ہوگا۔

اس شخص کا خیال یہ ہے کہ: صفات کمالیہ سے اللہ سبحانہ کا اتصافِ خاص، واجب لذاتہ، مطلق اتصاف، ممکن بالذات، عیب و نقص کی چیزوں سے اس کا خاص اتصاف ممتنع لذاتہ اور عیب و نقص کی چیزوں سے مطلق اتصاف، ممکن بالذات ہے۔ اس کے خیال میں صفات کمال سے اتصاف کا وجوب لذاتہ صفات کمال سے اتصاف کے امکان ذاتی کا مقابل ہے۔ اور عیب و نقص کی چیزوں سے اتصاف کا امتناع لذاتہ عیب و نقص کی چیزوں سے اتصاف کے امکان ذاتی کا قسیم و مقابل ہے حالاں کہ امکان ذاتی کا قسیم و مقابل وجوب ذاتی اور امتناع ذاتی ہے، وجوب لذاتہ اور امتناع لذاتہ نہیں؛ اس لیے کہ کسی علت کی وجہ سے کسی شئ کا واجب اور اس کا محال و ممتنع ہونا اس لیے ہے کہ وہ شئ ممکن بالذات ہے۔ اصطلاح میں ممتنع عقلی، ممتنع بالذات کو کہتے ہیں۔ یہ شخص نقائص سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کو ممکن بالذات اور ممتنع لذات الواجب سبحانہ مانتا ہے پھر اسے "ممتنع عقلی" بھی کہتا ہے حالاں کہ اس کے اعتقاد کی رُو سے اس پر "ممتنع عقلی" کا اطلاق درست نہیں۔ اور شرح عقائد اور اس کے حواشی سے ان بے ہودہ گوئیوں کا استنباط اور زیادہ تعجب خیز ہے البتہ ان عبارتوں سے اتنا ضرور ظاہر ہے کہ جو عامۂ متکلمین اللہ سبحانہ کے اوصاف کمال اس کی ذات پر زائد مانتے ہیں ان کے نزدیک وہ صفتیں اور ان صفتوں سے اس کا اتصاف ممکن بالذات اور اللہ سبحانہ کا معلول بالایجاب ہیں نہ یہ کہ وہ خاص اتصاف ممکن بالذات نہیں ہے اور نہ یہ کہ عیب و نقص سے اللہ سبحانہ کا متصف ہونا ممکن ہے اور نہ یہ کہ اس کا عدم اللہ سبحانہ کا معلول ہے۔ اس استنباط کا سبب صرف اس کا جہل مرکب اور اس کی کج فہمی ہے۔ اور اس سے زیادہ حیرت انگیز اس کا یہ تلبیس آمیز کلام ہے:

"اور علم کلام کی دوسری کتابوں مثلاً شرح عقائد جلالی اور اس کے حواشی میں ہے الخ"

اس بے چارے نے شرح عقائد جلالی دیکھی نہ ہوگی ورنہ اس پر یہ حقیقت روشن ہوتی کہ: اللہ سبحانہ کا عیب ونقص کی چیزوں سے متّصف ہونا محال بالذات ہے۔ اس میں ہے:

"قال: الكذبُ نقصٌ، والنقصُ عليه تعالى محالٌ فلا يكونُ من الممكناتِ ولا تشمله القدرةُ كسائرِ وجوهِ النقصِ عليه كالجهلِ وَالعجزِ".

یعنی جھوٹ عیب ہے اور عیب اللہ سبحانہ کے حق میں محال ہے توکذب الٰہی ممکنات سے نہیں اور نہ ہی اللہ سبحانہ کی قدرت اسے شامل جیسے تمام اسباب عیب مثلاً جہل وعجز الٰہی نقص وعیب کی دوسری صفتیں اس کے لیے ممکن نہیں۔ (۱)

اور مصنف کے کلام: "ولا الجهل ولا الكذب" (اور نہ ہی جاہل اور جھوٹا ہونا ممکن ہے) کے بعد فرمایا:

"لأنها نقص والنقص عليه محال" اس لیے کہ اللہ کا جاہل اور جھوٹا ہونا نقص و عیب ہے اور نقص و عیب اس کے حق میں محال ہے۔ (۲)

اور مصنف کے کلام: "لا يتحد بغيره" (یعنی وہ کسی شئ کے ساتھ متحد نہیں) کے تحت فرمایا:

" يطلق الاتحاد على ثلاثة أنحاء: الأول: أن يصير الشيء بعينه شيئا آخر وهذا محال مطلقًا سواء كان في الواجب تعالى أو في غيره، و الثاني: أن ينضم إليه شيء فيحصل منه حقيقة واحدة بحيث يكون المجموع شخصًا واحدًا أخر كما يقال صار التراب طينًا، والثالث: أن يصير الشيئ شيئا أخر بطريق الاستحالة في جوهره أو عرضه كما يقال: صار الماء هواءً او صار الأبيض أسود والكل في حقه تعالى محال". (۳)

"یعنی **اتحاد کا اطلاق تین معنوں پر ہوتا ہے** :۱: کوئی چیز بعینہ دوسری شئ بن جائے۔ اور یہ مطلقاً محال ہے چاہے واجب تعالی میں ہو یا کسی دوسری شئ میں۔ ۲: کوئی شئ دوسری شئ میں اس طرح مل جائے کہ اس سے کوئی حقیقت واحدہ بن جائے اور مجموعہ ایک دوسرا شخص ہو جائے مثلاً یہ کہا جاتا ہے کہ: "مٹی گارا بن گئی۔ ۳: کوئی شئ دوسری شئ اس طرح بن جائے کہ اس کا جوہر یا عرض تبدیل ہو جائے جیسا کہ یہ کہا جاتا ہے کہ: پانی ہوا ہو گیا اور سفید شئ کالی ہو گئی۔ اتحاد کے یہ سارے معانی اللہ سبحانہ کے حق میں محال ہیں۔"

اور مصنف کے کلام: "ليس بجوهر" (وہ جوہر نہیں) کی شرح کے تحت فرمایا:

---

(۱) شرح عقائد جلالی ص: ۷۳ مطبع مجتبائی دھلی

(۲) شرح عقائد جلالی ص: ۶۶، ۶۷ مطبع مجتبائی دھلی

(۳) الدوانی علی العقائد العضدیه ص: ۶۶، ۶۵ مکتبه رحیمیه

"إذا الجوهر هو الممكن المستغني عن المحل أو هو المتحيز بالذات وهو تعالى منزه عن الإمكان والتحيز ".[۱]

"یعنی جوہر ایسا ممکن ہے جو محل سے بے نیاز ہو یا جو بالذات کسی حیز میں ہو اور اللہ ممکن ہونے اور حیز میں ہونے سے پاک ہے۔"

اور مصنف کے کلام "و لا بعرض" (اور عرض نہیں) کی شرح کے تحت فرمایا:

"لأن العرض محتاج إلى المحل المقوم له و الواجب مستغن عن الغير ."[۲]

"اس لیے کہ عرض ایسے محل کا محتاج ہوتا ہے جو اسے قوام بخشتا ہے اور واجب غیر سے بے نیاز ہے۔"

اور مصنف کے قول: "ولا جسم" (اور جسم نہیں) کی شرح کے تحت فرمایا:

"لأن الجسم مركب فيحتاج إلى الجزء فلا يكون واجبا "[۳]

"اس لیے کہ جسم مرکب ہے تو جز کا محتاج ہوگا تو وہ واجب نہ ہوگا۔"

اور ان کے قول: "ولا في حيز و جهة" (وہ کسی حیز اور جہت میں نہیں) کی شرح کے تحت فرمایا:

" لأنهما من خواص الأجسام والجسمانيات "[۴]

"اس لیے کہ حیز اور جہت اجسام اور جسمانیات کے خواص سے ہیں۔"

اور ان کے اس قول: "ولا يشار إليه بِهٰهنا وهناك" (اس کی طرف "یہاں اور وہاں" کے ذریعہ اشارہ نہیں ہوتا) کے تحت فرمایا:

"ولا يصح عليه الحركة والانتقال لما سبق"[۵]

"اور اس کا متحرک و منتقل ہونا ممکن نہیں جس کی وجہ بیان کی جا چکی۔"

اور علم کلام کی دوسری کتابوں میں بھی ایسا ہی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ جو ذکر ہوا کہ: اللہ سبحانہ کا کسی چیز سے متحد ہونا، جوہر و عرض اور جسم ہونا، حیز اور جہت میں ہونا محال ہے اور اس کا متحرک و منتقل ہونا ممکن نہیں۔ اس سے یہ مراد ہے کہ: نقص و عیب کی ان باتوں سے اس کا متصف ہونا محال بالذات ہے نہ کہ ممتنع بالغیر۔ اور ذات حقہ مقدسہ کے حق میں عیب و نقص

---

(۱) الدوانی علی العقائد العضدیہ ص:٦٦ مکتبہ رحیمیہ

(۲) الدوانی علی العقائد العضدیہ ص:٦٦ مکتبہ رحیمیہ

(۳) الدوانی علی العقائد العضدیہ ص:٦٦ مکتبہ رحیمیہ

(۴) الدوانی علی العقائد العضدیہ ص:٦٦ مکتبہ رحیمیہ

(۵) الدوانی علی العقائد العضدیہ ص:٦٧،٦٦ مکتبہ رحیمیہ

کی ان تمام باتوں کے محال ہونے کی وجہ یہ ہے کہ: ذات حقہ، واجب بالذات ہے، اس کی ذات، ماہیات ممکنہ اور ان ممکنات کی خصوصیتوں کے بالذات مبائن ہے۔ اور جو چیزیں ممکنات کے خواص سے ہیں اللہ سبحانہ کی ذات ان کے اتصاف سے بالذات ناموافق ہے۔ تو ذات حقہ واجبہ کو ممکنات و حوادث کے خواص سے متصف ماننا اور ان ممکنات و حوادث کے ساتھ اسے متحد ماننا اس کی ذات میں وجوب و امکان (دو متضاد چیزوں) کا اجتماع فرض کرنا ہے اور ذات حقہ میں وجوب ذاتی اور امکان ذاتی کا مجتمع ہونا ممتنع بالذات ہے۔ تو ان تمام چیزوں کے مصداقات جو وجوب ذاتی اور امکان ذاتی کا محل اجتماع ہوں محال بالذات ہیں۔ یہ نافہم چوں کہ اس سے غافل ہے کہ: عیب و نقص کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا مصداق محال بالذات ہے اس لیے اپنی جہالت و گمراہی کے سبب مفہومات انتزاعیہ ذہنیہ کی گفتگو شروع کی اور عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا امکان ثابت کرنے کے لیے عرق ریزی کی اور ذلت و خواری کی خاک سے اپنا سر آلودہ کیا اور چاہ ظلمت میں گر کر اپنی عقل اور اپنا دین و ایمان برباد کیا۔ اس کی ساری کوششیں رائیگاں ہوئیں اور بالکل خائب و خاسر، نامراد و ناکام واپس ہوا۔ "خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةَ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ. فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ."

مخالف نے کہا:

اب یہ جان لینا چاہیے کہ: اللہ سبحانہ کے کمال کی صفتیں اور ان صفات کمال اور ان کی مقابل صفتوں سے اس کا اتصاف اس کلیہ: "ہر ممکن بالذات سے قدرت متعلق ہے۔" سے مستثنیٰ ہے؛ اس لیے کہ صفات کے زائد ہونے کی صورت میں، صفات کمال کا بطریق ایجاب صادر کہنا ضروری ہے، اس لیے کہ صفات کے زائد ہونے کی صورت میں انھیں واجب بالذات کہنا متصور ہی نہیں، کیوں کہ یہ توحید کے منافی ہے۔ اور نیز وہ صفتیں موصوف اور محل کی طرف محتاج ہونے کی وجہ سے واجب بالذات ہونے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتیں؛ اس لیے کہ موصوف کی طرف ان صفتوں کے محتاج ہونے کا انکار محض مکابرہ ہے تو وہ صفتیں ممکن بالذات ہوں گی۔ اور قدرت باری سے ان کا صدور متعلق نہ ہونا ظاہر ہے؛ اس لیے کہ متکلمین کے نزدیک قدرت: فعل اور ترک فعل کی صحت کا نام ہے۔ تو ان کے بالایجاب صادر ہونے کا قول لازم آیا اور صفات کمال، مذکورہ کلیہ سے مستثنیٰ ہوں گی۔ اور اسی طرح ان صفتوں کے ممکن بالذات ہونے کے باوجود ان صفات کمال کی مقابل "صفات نقص و عیب" کے اتصاف سے اللہ سبحانہ کی قدرت متعلق نہیں، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ شانہ کی طرف نظر کرتے ہوئے صفات نقص سے اس کا اتصاف ممتنع ہے، اور حضرت واجب الوجود تعالیٰ شانہ کے سوا کوئی دوسرا جو ممکنات سے ہو صفات نقص سے متصف ہو سکتا ہے اور اس اتصاف سے اس کی قدرت متعلق ہو سکتی ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔

اور اگر کوئی یہ کہے کہ: بالایجاب صادر ہونے کا قول فلاسفہ کا مذہب ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ: فلاسفہ عقول مفارقہ مباینہ کو بالایجاب صادر مانتے ہیں، قائم بالغیر صفتوں کو نہیں۔ اور محققین متکلمین منفصل اشیا کو بالایجاب صادر نہیں مانتے، بلکہ یہ

حضرات صفات کو اس وقت بالایجاب صادر مانتے ہیں جب کہ انھیں ذات پر زائد مانا جائے تو دونوں میں فرق ہے۔

شرح عقائد جلالی میں ہے کہ:

"أنت تعلم بأن هذا ينساق إلى القول بكونه تعالى فاعلا موجبا لتلك الصفات إذ إيجادها بالاختيار غير متصور ولا محذور فيه من حيث كونه مخصصًا للقاعدة الكلية، كما توهم؛ لأن القاعدة لاتشملها ولوسلم فالعقل يخصص القاعدة كما يخصص الحكم بزيادة الوجود والتشخص وسائر الصفات الكمالية على الماهيات إلا الواجب حسبَ مَاتقرر عند الحكماء" (۱)

"یعنی یہ بات واضح رہے کہ: اس سے واجب کا ان صفات کا فاعل موجب ہونا لازم آتا ہے؛ اس لیے کہ ارادہ واختیار سے ان صفتوں کی ایجاد متصور نہیں۔ اور اس میں اس حیثیت سے کوئی خرابی نہیں کہ یہ قاعدہ کلیہ سے خاص ہے جیساکہ اس کا وہم ہوا؛ اس لیے کہ قاعدہ کلیہ اسے شامل ہی نہیں۔ اور اگر یہ مان لیا جائے کہ قاعدۂ کلیہ اسے شامل ہے تو عقل سے اس قاعدے کی تخصیص ہوتی ہے جیساکہ وجود و تشخص اور دیگر صفات کمال کے بارے میں عقل یہ فیصلہ کرتی ہے کہ: وہ واجب کی حقیقت کے سوا تمام حقیقتوں پر زائد ہیں۔ یہ حکما کے مقررہ اصول سے ہے۔"

اور قاعدۂ کلیہ: "کل ممکن بالذات حادث" (ہر ممکن بالذات حادث ہے) سے بھی صفات کمال مستثنیٰ ہیں۔ اسی لیے بعض محققین نے اس قاعدۂ کلیہ کے موضوع کو اس زائد قید کے ساتھ مقید کیا: "کل ممکن مسبوق بالقصد والاختیار فھو حادث" کہ جو ممکن قصد و اختیار کے بعد صادر ہو وہ حادث ہے جیساکہ گذر چکا۔ اور صفات کمال زائد ہونے کی صورت میں جب بالایجاب صادر ہیں تو قصد و اختیار کے بعد نہ ہوئیں۔ اور اسی طرح اعدام اصلیہ اس قاعدہ کلیہ سے مستثنیٰ ہیں۔

خلاصۂ کلام اور حاصل مرام یہ ہے کہ: معترض کے نزدیک اللہ سبحانہ محالات ذاتیہ پر قادر نہیں اور عیب و نقص کی صفتوں سے اس کا متّصف ہونا ممکن بالذات نہیں۔ اور اس کا یہ عقیدہ ہے کہ: "عیب و نقص کی صفتوں سے اللہ سبحانہ کا متصف ہونا محال بالذات ہے۔ یہ سب شرک کی نجاستوں سے آلودگی ہے جو فنون فلسفہ میں اس کے سوئے اعتقاد اور اصول اسلامیہ میں اس کے فساد اعتقاد کی پیداوار ہے جس کی تفصیل گزر چکی۔

اقول: اب یہ جان لینا چاہیے کہ: حضرت واجب الوجود سبحانہ کے صفات کمالیہ کے باب میں اختلاف ہے: معتزلہ، فلاسفہ، حضرات صوفیۂ کرام اور محققین متکلّمین کے نزدیک صفات کمالیہ عین ذات ہیں اور عامۂ متکلّمین کے نزدیک صفات کمالیہ ذات حقہ کا غیر ہیں۔ اور عامۂ اشاعرہ کا مذہب یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ کی صفتیں نہ اس کی عین ہیں نہ غیر۔

شرح عقائد جلالی میں اس کی تحقیق و تفصیل اس طرح ہے:

---

(۱) الدوانی علی العقائد العضدیہ ص:٦٦ مکتبہ رحیمیہ

"اعلم أن مسئلة زيادة الصفات و عدم زيادتها ليست من الأصول التى يتعلق بها تكفير أحد الطرفين و قد سمعت بعض الأصفياء أنه قال: عندى أن زيادة الصفات و عدم زيادتها وأمثالها مما لا يدرك إلا بالكشف و من أسنده إلى الكشف فإنما تراءى له ما كان غالبا على اعتقاده بحسب النظر الفكرى و لا أرى باسا فى اعتقاد أحد طرفى النفى و الإثبات فى هذه المسئلة". [1]

"واضح رہے کہ: صفات کے زائد ہونے اور نہ ہونے کا مسئلہ ایسے اصول سے نہیں جن سے طرفین میں سے کسی ایک کی تکفیر متعلق ہو۔ میں نے بعض اصفیا سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ: میرے نزدیک صفات کا زائد ہونا اور نہ ہونا وغیرہ ایسا مسئلہ نہیں جسے کشف کے بغیر جانا جائے اور جنھوں نے اسے غیر کشف کی طرف منسوب کیا تو ان کے سامنے وہی رونما ہوا جو نظر فکری کے لحاظ سے ان کے اعتقاد پر غالب تھا اور میرے نزدیک اس مسئلہ میں نفی و اثبات کے دونوں طرفوں میں سے کسی ایک طرف کا اعتقاد رکھنے میں کوئی حرج نہیں۔"

شرح مواقف میں ہے کہ:

"واعلم أن قولهم أى قول مشايخنا فى الصفة مع الموصوف و فى الجزء مع الكل: "لا هو و لا غيره" مما استبعده الجمهور جدا فإنه إثبات للواسطة بين النفى و الإثبات إذ الغيرية تساوى نفى العينية فكل ما ليس بعين فهو غير كماأن كل ما هو غير فليس بعين. و منهم من اعتذرعن ذلك بأنه نزاع لفظى لا تعلق له بأمر معنوى و ذلك أن هٰؤلاء خصصوا لفظ الغير بأن اصطلحوا على أن الغيرين: مايجوز الانفكاك بينهما، و على هذا فالشئ بالقياس إلى آخر قد لا يكون عينا و لا غيرا و إذا أجرى لفظ الغير على معناه المشهور بلا تخصيص فكل شئ بالقياس إلى الآخر إما عين و إما غير و لا شك أنه لا يمنع التسمية بل لكل أحد أن يسمى أى معنى شاء بأى اسم أراد و هذا الاعتذار ليس بمرضى لانهم ذكروا ذلك فى الاعتقادات المتعلقة بذات الله وصفاته فكيف يكون أمرا لفظيا محضا متعلقا بمجرد الاصطلاح مع أن بعضهم قد تصدى للاستدلال عليه و الحق: أنه بحث معنوى و أن مرادهم بما ذكروه: أنه لا هو بحسب المفهوم و لا غيره بحسب الهوية و معناه: أنهما متغايران مفهوما و متحدان هوية كما يجب أن يكون الحال كذالك فى الحمل على ما مر فى تحقيق معناه. و لما لم يكونوا أى المشايخ قائلين بالوجود الذهنى لم يصرحوا بكون التغاير بين الصفة و الموصوف و بين

(۱) الدوانى على العقائد العضديه ص: ۴۱ مکتبه رحیمیه

الجزء و الكل فى الذهن و الاتحاد فى الخارج كما صرح به القائلون بالوجود الذهنى نعم المعلوم المحقق الثبوت فيما بين المحمول و الموضوع هو الاتحاد من وجه و الاختلاف من وجه آخر فعبروا عن هذا المعلوم بتلك العبارة التى لا إشعارلها بالوجود الذهنى الذى اختلف فيه و هذا الكلام لا غبار عليه و فيه بحث: لأن كلام المشايخ فى أجزاء غير محمولة كالواحد من العشرة و اليد من زيد كما أوردوها فى تمثيلاتهم و فى صفات هى مبادئ المحمولات كالعلم و القدرة والإرادة لا فى المحمولات كالعالم و القادر و المريد، و الظاهر: أنهم فهموامن التغاير جواز الانفكاك من الجانبين فأقدمواعلى ما قالوا.

وأيضا لما أثبتواصفات موجودة قديمة زائدة على ذاته لزم كون القدم صفة لغيرالله تعالى فدفعوه بذالك. وأيضا لزمهم أن يكون تلك الصفات مستندة إلى الذات إما بالاختيار فيلزم التسلسل فى القدرة و العلم و الحياة و الإرادة. و يلزمهم أيضا كون الصفات حادثة وأما بالايجاب فيلزم كونه موجبا بالذات و لو فى بعض الأشياء فتبرءوا عن هذا بأنها إنما تكون محتاجة مستندة إلى علة إذا كانت مغايرة للذات. انتهى"[1]

"یہ بات واضح رہے کہ ہمارے مشائخ نے موصوف کے ساتھ صفت اور کل کے ساتھ جز کے بارے میں یہ فرمایا کہ: وہ نہ عین ہیں نہ غیر، جمہور نے مشائخ کے اس قول کو نہایت مستبعد قرار دیا کیوں کہ اس سے نفی واثبات کے درمیان واسطہ ثابت ہوتا ہے؛ اس لیے کہ غیریت اور نفیِ عینیت کے درمیان مساوات ہے؛ اس لیے کہ جو شئ کسی شئ کا عین نہیں وہ اس کا غیر ہے جیسا کہ جو شئ غیر ہے وہ عین نہیں۔ اور بعض لوگوں نے اس کا عذر یہ بیان کیا کہ: یہ نزاع لفظی ہے اس کا تعلق کسی معنوی شئ سے نہیں اور وہ یہ ہے کہ: ان لوگوں نے لفظ غیر کے متعلق یہ خاص اصطلاح قائم کی ہے کہ: دو غیر: انھیں کہتے ہیں جن میں سے ایک کا دوسرے سے جدا ہونا جائز وممکن ہو۔ اور اس اصطلاح کی بنا پر بسا اوقات ایک شئ دوسری شئ کے لحاظ سے نہ عین ہوتی ہے اور نہ غیر۔ اور جب یہی لفظ "غیر" اس خاص اصطلاح کے برخلاف اپنے مشہور معنی پر بلا تخصیص جاری ہو تو ہر شئ دوسری شئ کے اعتبار سے یا تو عین ہے یا غیر۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ایسی اصطلاح قائم کرنے سے کوئی چیز مانع نہیں بلکہ ہر ایک کو یہ اختیار ہے کہ جو اصطلاح چاہے بنائے۔ یہ بیان کردہ عذر پسندیدہ نہیں؛ اس لیے کہ اللہ تعالی کی ذات وصفات سے متعلق اعتقاد کے بارے میں متکلّمین نے اسے ذکر کیا ہے تو یہ کس طرح محض نزاع لفظی ہوگا جس کا تعلق محض اصطلاح سے ہو جب کہ بعض لوگوں نے اس پر دلیل لانے کی بھی کوشش کی ہے۔ اور حق یہ ہے کہ: یہ ایک معنوی بحث ہے

(۱) شرح مواقف ج:٤ ص:٥٩ تا ٦١، المرصد الرابع، المقصد السابع: الإثنان هما الغيران، دار الكتب العلميه بيروت لبنان.

اور متکلّمین کے اس کلام مذکور کا معنی یہ ہے کہ: وہ مفہوم کے اعتبار سے عین نہیں اور ہویت (تشخص وتعین) کے اعتبار سے غیر نہیں۔ اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ: دونوں کا مفہوم الگ الگ ہے اور تشخص وتعین کے اعتبار سے دونوں متحد ہیں جیساکہ حمل میں یہی ہونا واجب ہے کہ: دو الگ الگ مفہوم وجود کے اعتبار سے ایک ہوتے ہیں اس معنی کی تحقیق اس سے پہلے گزر چکی۔ اور مشائخ متکلّمین چونکہ وجود ذہنی کے قائل نہیں اس لیے انھوں نے یہ تصریح نہ کی کہ: موصوف وصفت اور جزو کل وجود ذہنی کے اعتبار سے الگ الگ اور وجود خارجی کے اعتبار سے ایک ہیں جیساکہ وجود ذہنی کے قائل حضرات نے اس کی تصریح کی۔

ہاں محمول وموضوع کے درمیان تحقیق ویقین سے یہ معلوم ہے کہ: من وجہ دونوں متحد اور من وجہ دونوں مختلف ہوتے ہیں تو جو بات تحقیق ویقین سے معلوم تھی اس کی تعبیر ان حضرات نے اس عبارت سے کی جس سے اس وجود ذہنی کا اشعار نہیں ہوتا جس کے بارے میں اختلاف ہے اور یہ کلام بے غبار ہے، مگر اس میں بحث ہے، اس لیے کہ مشائخ کی گفتگو ایسے اجزا سے متعلق ہے جو محمول نہیں ہوتے۔ مثلاً دس میں سے ایک دس پر اور زید کا ہاتھ زید پر محمول نہیں ہوتا جیساکہ انھوں نے بطور تمثیل اسے پیش بھی کیا ہے۔ مشائخ کی گفتگو ایسی صفتوں سے متعلق ہے جو محمولات کے مبادی ہیں مثلاً علم و قدرت و ارادہ، خود محمولات مثلاً عالم و قادر اور مرید سے گفتگو متعلق نہیں۔ اور ظاہر یہ ہے کہ: ان حضرات نے تغایر سے یہ سمجھا کہ: دونوں طرف سے جدا ہونا ممکن ہو تو انھوں نے ایسی بات کہنے پر اقدام کیا۔

نیز متکلّمین جب ایسی قدیم صفتیں موجود مانتے ہیں جو اللہ سبحانہ کی ذات پر زائد ہیں تو انہیں یہ لازم آیا کہ: قدیم ہونا اللہ سبحانہ کے سوا کسی اور کی صفت ہو تو ان لوگوں نے اسے اس طریقہ سے دفع کیا۔ اور نیز ان پر یہ لازم آیا کہ: یہ صفتیں یا تو ذات کی طرف بالاختیار منسوب ہیں تو علم، حیات، قدرت اور ارادہ میں تسلسل لازم آئے گا۔ اور نیز ان پر صفات کا حادث ہونا بھی لازم آئے گا۔ اور یا تو وہ صفتیں ذات کی طرف بالایجاب منسوب ہیں تو اللہ سبحانہ کا موجب بالذات ہونا لازم آئے گا اگرچہ بعض ہی چیزوں میں تو انھوں نے ان خرابیوں سے اس طرح چھٹکارا حاصل کیا کہ: یہ صفتیں اس وقت کسی علت کی محتاج اور اس کی طرف منسوب ہوں گی جب کہ ذات کا غیر ہوں۔"

ان عبارتوں کے نقل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ صفات کمال کا ذات حقہ کا عین نہ ہونا ضروریات دین سے نہیں۔ اور اس مسئلہ میں اشاعرہ کو اضطراب ہے، ان لوگوں نے صفات کے عین ہونے کی نفی صرف اس لیے کی ہے کہ ذات اور صفات کا مفہوم الگ الگ ہے اور صفات کے غیر ہونے کی نفی اس لیے کی ہے کہ: ذات حقہ کی طرف ان صفتوں کا منسوب ہونا معرض خفا میں ہے۔ اور اس مسئلہ میں حق یہ ہے کہ: صفات کمالیہ کا مصداق نفس ذات حقہ ہے، ذات پر کسی امر کی زیادتی کے بغیر۔ اور صفات کے انتزاعی مفہومات، ذات حقہ کا عین نہیں۔ اگر اشاعرہ کی مراد یہ ہے کہ: صفات مفہوم کے اعتبار سے عین ذات حقہ نہیں اور مصداق کے اعتبار سے غیر نہیں تو یہ کلام بالکل بے غبار ہے اور ان لوگوں پر کوئی اشکال وارد نہیں

ہوتا۔ اور ان لوگوں پر یہ اعتراض بھی لازم نہ آئے گا کہ: "قدرت وعلم اور حیات وارادہ اگر اللہ سبحانہ کی ذات حقہ کی طرف بالاختیار مستند ہوں تو اس صورت میں استکمال بالغیر، تعدد قدما، تسلسل اور صفات کا حادث ہونا لازم آئے گا۔ اور اگر بالایجاب منسوب ہوں تو واجب تعالی شانہ کا موجب بالذات ہونا اور مرتبۂ ذات حقہ سے کمال کی صفتوں کا مسلوب ہونا نہ لازم آئے گا۔ اور اگر ان کی مراد یہ ہے کہ: یہ صفتیں نفس الامر میں ذات حقہ کے ساتھ ایسے وجود کے ساتھ قائم ہیں جو نفس ذات حقہ کے وجود کا غیر ہے تو انہیں مذکورہ خرابیوں سے مفر نہیں اور اس صورت میں صفات کے غیر ہونے کی نفی بے معنی ہے اور اشاعرہ کی زبان سے نکلے ہوئے ہر لفظ میں ان کی اتباع ضروریات دین سے نہیں۔ مولوی شاہ عبد العزیز جن کا یہ شخص مرید ہے نے اپنے رسالہ عقائد میں تحریر فرمایا کہ:

"و صفاتہ عینہ" اللہ سبحانہ کی صفتیں عین ذات ہیں۔

اور صفات کمالیہ کے عین ہونے کی بنیاد پر اس شخص کی ساری بکواسیں سرے سے ساقط ہو جاتی ہیں لیکن ہم نے ذات حقہ پر صفات کمال کی زیادتی تسلیم کرنے کی تقدیر پر تنزُّلاً کلام کیا اور اس قائل کی شناعتوں کو بے نقاب کیا اس وقت ہمیں عینیت صفات کا قول ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی۔

اب اس کی اور اس کے پیشوا کی عیب کشائی کی لیے ہم یہ کہتے ہیں کہ اس شخص نے یہ کہا کہ:

"ان صفتوں کے ممکن بالذات ہونے کے باوجود ان صفات کمال کی مقابل صفات نقص وعیب کے اتصاف سے اللہ سبحانہ کی قدرت متعلق نہیں؛ اس لیے کہ اللہ تعالی شانہ کی طرف نظر کرتے ہوئے صفات نقص سے اس کا اتصاف محال ہے۔"

جب کہ شیخ نجدی جسے اس سرگشتۂ تیہ نادانی نے بے ایمانی کے سبب عالم ربانی کا لقب دیا ہے اس بات کا قائل ہے کہ: جھوٹ، عیب ونقص اور بے حیائی وبرائی کی چیزوں سے اللہ سبحانہ کی قدرت متعلق مانتے ہوئے اس پر دلیل لایا ہے۔ وہ اپنے ایک رسالہ میں لکھتا ہے کہ:

"کذب او سبحانہ واتصاف او سبحانہ بایں نقیصہ محال بالذات نیست؛ چہ عقد قضیۂ غیر مطابقہ للواقع والقائے آں بر ملائکہ وانبیا خارج از قدرت الٰہی نیست والا لازم آمد کہ قدرت انسانی زیادہ تر از قدرت ربانی باشد؛ چہ عقد قضیۂ غیر مطابق للواقع والقائے آن بر مخاطبین در قدرت اکثر افراد انسانی است۔ آری کذب منافی حکمت است پس ممتنع بالغیر است۔ ولہذا عدم کذب را از کمالات حضرت حق شمارند واو اجل شانہ بآں مدح می کنند بخلاف فرس وحمار کہ ایشاں را کسے بعدم کذب مدح نمی کند۔ و پر ظاہر است کہ صفت کمال ہمیں است کہ: شخصے کہ قدرت تکلم بکلام کاذب می دار دبنا بر رعایت مصلحت ومقتضائے حکمت تنزہاً از تلوّثِ کذب تکلم بکلام کاذب نمی نماید ہماں شخص ممدوح می گردد بسلب عیب کذب واتصاف بکمال صدق، بخلاف کسے کہ لسان او ماؤف شدہ باشد و تکلم بکلام کاذب نمی تواند کرد یا قوت متفکرہ او فاسد شدہ باشد کہ عقد قضیۂ غیر مطابقہ للواقع نمی تواند کرد، یا شخصے کہ ہر گاہ کہ کلام صادق می گوید کلام مذکور از و صادر می گردد و ہر گاہ کہ ارادۂ تکلم بکلام کاذب می نماید آوازِ او بند می گردد، یا زبان

اوماؤف می شود، یاکسے دیگر دہن او بند می نماید، یا حلقوم او را حقہ می کنند، یا کسے کہ چند قضایا صادقہ رایاد گرفتہ است واصلاً بر ترکیب قضایائے دیگر قدرت نمی دارد بنائے علیہ کلام کاذب از وصادر نمی گردد۔ ایں اشخاص مذکورین نزد عقلا قابل مدح نیستند۔ بالجملہ عدم تکلم بکلام کاذب ترفعًا عن عیب الکذب وتنزھاً عن التلوث بہ از صفات مدح است۔ وبنا برآں عجز از تکلم بکلام کاذب ہیچ گونہ از صفات مدح نیست، یامدح بآں اودن است از مدح باول انتہیٰ بلفظہ۔"(۱)

"اللہ سبحانہ کا کذب اور اس عیب سے اس کا متّصف ہونا محال بالذات نہیں ہے؛ اس لیے کہ واقع کے خلاف قضیہ بنانا اور انبیا اور ملائکہ پر اسے القاکرنا اللہ کی قدرت سے خارج نہیں ورنہ اللہ کی قدرت سے انسان کی قدرت کا زیادہ ہونالازم آئے گا؛ اس لیے کہ واقع کے خلاف قضیہ بناکر مخاطب کے سامنے پیش کرنا اکثر انسانوں کی قدرت میں ہے۔ ہاں جھوٹ بولنا حکمت کے منافی ہونے کے سبب ممتنع بالغیر ہے اور اسی لیے جھوٹ نہ بولنے کو حضرت حق کے کمالات سے شمار کرتے ہیں اور اللہ جل شانہ کی اس سے تعریف کرتے ہیں بر خلاف گھوڑے اور گدہے کے کہ کوئی انسان جھوٹ نہ بولنے سے ان کی تعریف نہیں کرتا۔ اور ظاہر ہے کہ کمال کی صفت یہی ہے کہ: جو شخص جھوٹ بولنے کی قدرت رکھے اور مصلحت کی رعایت کرتے ہوئے حکمت کے مطابق جھوٹ کی آلائش سے بچنے کے لیے جھوٹ نہ بولے وہی شخص اس تعریف کے لائق ہے کہ: وہ جھوٹا نہیں اور کمالِ صدق کی صفت سے متّصف ہے۔ بر خلاف اس انسان کے جو زبان ماؤف ہونے کے سبب جھوٹ بولنے کی قدرت نہیں رکھتا، یا اس کی قوت فکریہ فاسد ہوگئی ہے کہ واقع کے خلاف قضیہ نہیں بنا سکتا یا وہ شخص کہ جب سچ بولنا چاہے تو اس سے سچا کلام صادر ہو اور جب جھوٹ بولنا چاہے تو اس کی آواز بند ہو جائے، یا اس کی زبان پر آفت طاری ہو جائے، یا کوئی دوسرا آدمی اس کی زبان بند کر دے، یا اس کے گلے میں حقہ کر دے، یا کوئی شخص چند قضایا صادقہ یاد کیے ہوئے ہے اور دوسرے قضایا کی ترکیب پر بالکل قادر ہی نہیں اس بنا پر وہ جھوٹ نہیں بول پاتا تو ایسے اشخاص عقلا کے نزدیک قابل تعریف نہیں۔ حاصل یہ ہے کہ: جھوٹ کے عیب سے دور رہنے اور اس کی آلائش سے بچنے کی خاطر جھوٹ نہ بولنا صفات مدح سے ہے اور اس بنا پر جھوٹ نہ بولنا کہ جھوٹ بولنے سے عاجز ہے صفات مدح سے نہیں، یا یہ تعریف پہلی تعریف سے کم درجہ ہے"۔

اس شخص نے جسے عالم ربانی کا لقب دیا ہے اس کی ذکر کردہ دلیل اللہ سبحانہ کے دیگر نقص وعیب اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے متّصف ہونے میں بھی جاری ہے؛ اس لیے کہ اکثر انسان ان کے کرنے پر قدرت رکھتے ہیں تو اگر اللہ سبحانہ انہیں کرنے پر قادر نہ ہو تو انسان کی قدرت کا اس کی قدرت سے زیادہ ہونالازم آئے گا اور کمال کی صفت یہی ہے کہ: جو شخص بری باتوں کے کرنے پر قادر ہوتے ہوئے مصلحت کی رعایت کی بنا پر حکمت کے مطابق بری چیزوں کی آلائش سے بچنے کے لیے انہیں نہ کرے وہی اس تعریف کے لائق ہوتا ہے کہ: اس نے برے کام نہ کیے اور کمال عفت و پارسائی سے متّصف ہے بر خلاف اس شخص کے جو انھیں کرنے پر قادر نہ ہو یا جس وقت انھیں کرنا چاہے کوئی مانع حائل ہو جائے تو عقلا کے نزدیک ایسا شخص قابل تعریف نہیں۔ حاصل یہ

(۱) رسالہ یک روزی فارسی، شاہ محمد اسمٰعیل، فاروقی کتب خانہ ملتان صفحہ ۱۴۵۔

ہے کہ: بری چیزوں کے عیب وآلائش سے بچنے اور دور رہنے کے لیے انھیں نہ کرنا صفات مدح سے ہے۔ اور اس بنا پر انھیں نہ کرنا کہ: ان کے کرنے سے عاجز ہے صفات مدح سے نہیں یا پہلی تعریف سے کم درجہ ہے۔

اس سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ: اس شخص کے مقتدا کے نزدیک: جھوٹ بولنا اور بے حیائی وبرائی وغیرہ کی چیزیں کرنا اللہ سبحانہ کے زیر قدرت داخل ہے۔ اور اس مقتدی کے نزدیک: ان کا کرنا اللہ سبحانہ کے لیے ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے ان سے اس کی قدرت متعلق نہیں ہے۔ اس قائل کے مقتدا کو اس پر یہی فضیلت ہے کہ: وہ اللہ سبحانہ کی ذات حقہ پر جھوٹ وغیرہ عیب ونقص کی چیزوں کا ممکن ہونا جائز مانتا ہے اور خود اسے اپنے مقتدا پر یہ فضیلت ہے کہ: وہ اللہ سبحانہ کا معدوم وفنا ومردہ ہونا، حادث وممکن، جاہل وعاجز، اندھا، گونگا، بہرا، جسم ہونا، متحرک ومنتقل ہونا، کسی حیز ومکان وغیرہ میں ہونا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر جانتا ہے۔ اور یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ: یہ چیزیں اللہ کی قدرت سے متعلق ہونے کے قابل نہیں۔ پیشوا کو پیرو پر من وجہٍ فضیلت حاصل ہے۔ اور پیرو کو پیشوا پر من وجہٍ برتری حاصل ہے۔ اس کو کمال رشد کہا جاسکتا ہے۔ معلوم نہیں اسلامی اصولوں کے بارے میں خود یہ شخص سوئے اعتقاد رکھتا ہے یا اس کا مرشد ورہنما؟ ظاہر یہ ہے کہ اس کا مرشد جو لقبِ عالم ربانی کا مستحق ہے اس کا اعتقادِ اس مرید کی نظر میں برا نہ ہوگا۔ ہم نے شرح وبسط کے ساتھ اس قائل کے عقیدے کا بطلان واضح کر دیا ہے جسے دوبارہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ رہ گیا اس کے شیخ کے عقیدے کا بطلان تو وہ بھی ظاہر ہے اس لیے کہ اسے خود اس بات کا اعتراف ہے کہ: جھوٹ نقص وعیب ہے۔ اور اس اقرار کے باوجود وہ اس بات کا قائل ہے کہ: اللہ سبحانہ کا جھوٹ بولنا اس کی قدرت کے تحت داخل ہے تو یہ اس بات کا کھلا ہوا اعتراف ہے کہ: اس کے نزدیک اللہ سبحانہ کا ناقص وعیبی ہونا ممکن ہے اور اس کی قدرت کے تحت داخل ہے۔

اور اس کا یہ استدلال بھی عجیب ہے کہ:

"واقع کے خلاف قضیہ بنانا اور انبیا اور ملائکہ پر القا کرنا اللہ کی قدرت سے خارج نہیں"

اس لیے کہ جھوٹ مطلقاً اسے نہیں کہتے کہ: واقع کے خلاف قضیہ بنا کر مخاطب کے سامنے پیش کیا جائے۔ اللہ سبحانہ نے اپنے کلام معجز نظام کے اکثر مقام پر مخلوق کی حکایت کرتے ہوئے قضایا کاذبہ کا ذکر فرمایا جیسا کہ اس کا ارشاد ہے:

"وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَأْتِيْنَا السَّاعَةُ" (پ:۲۲، سبا:۳) (اور کافر بولے ہم پر قیامت نہ آئے گی)

بلکہ قائل کے کذب کا معنی: اس کا خلاف واقع قضیہ کے ذریعہ خبر دینا ہے۔ اور یہ خود عیب ونقص ہے۔ اور انبیا اور ملائکہ پر جھوٹا کلام القا کرنا یہ دوسرا عیب ونقص ہے۔

اور اس کا یہ کہنا باعثِ تعجب بالائے تعجب ہے کہ:

"ورنہ اللہ کی قدرت سے انسان کی قدرت کا زیادہ ہونا لازم آئے گا۔

اس لیے کہ انتہائی قبیح وشنیع اور بری چیزوں کا کرنا انسان کی قدرت کے تحت تو داخل ہے مگر قدرت ربانی کے تحت

داخل نہیں ہے تو اس کے زعم و خیال کے مطابق انسان کی قدرت کا اللہ سبحانہ کی قدرت سے زیادہ ہونا لازم آتا ہے مگر ممکن ہے کہ جس طرح اس کا پیرو کار ان قبائح و شنائع کے ممکن بالذات ہونے کا التزام کرتا ہے اس کا مرشد ان کے مقدور (تحت قدرت) ہونے کا التزام کرتا ہو۔

اس شبہ کا حل یہ ہے کہ: عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی باتوں کے کرنے پر قادر ہونا حدوث کی علامتوں اور حوادث کی صفتوں سے ہے۔ اور اللہ سبحانہ حدوث کی علامتوں اور حوادث کی خاصیتوں سے پاک و منزہ ہے۔ اور قدرت کاملہ جو حضرت باری تعالیٰ جل شانہ کی صفت ہے وہ یہ ہے کہ: وہ تمام ممکنات اور ساری کائنات کی تخلیق و ایجاد پر قادر ہے۔ گویا **قدرت کی دو قسمیں ہیں:** (۱) قدرت کاملہ: جو اللہ جل شانہ کی خاص صفت ہے۔ (۲) قدرت ناقصہ: جو مخلوقات کی صفت ہے۔ اور قدرت کی یہ دوسری قسم، قدرت کی پہلی قسم سے بے شمار درجہ ناقص ہے۔ تو انسان میں دوسری قدرت کے موجود ہونے اور ذات حقہ میں اس کے ممکن نہ ہونے سے انسان کی قدرت کا اللہ سبحانہ کی قدرت سے زیادہ ہونا لازم نہیں آتا ہے۔ اس قائل کا شیخ انسان کی قدرت کے زائد ہونے کا معنی نہیں سمجھ سکا۔ **ایک شئ کی دوسری شئ پر زیادتی یہ ہے** کہ: دوسری جن چیزوں پر مشتمل ہے پہلی بھی ان چیزوں پر مشتمل ہو اور زائد پر بھی مشتمل ہو۔ اس قائل پر لازم ہے کہ: سب سے پہلے یہ ثابت کرے کہ: اللہ عزوجل کی قدرت جن چیزوں کو شامل ہے بندہ کی قدرت ان سب کو شامل ہے۔ اس کے بعد یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ انسان کی قدرت اللہ سبحانہ کی قدرت پر مشتمل ہونے کے ساتھ ساتھ اس سے زائد کو بھی شامل ہے۔ یہ دونوں باتیں ثابت کر لینے کے بعد ہی یہ کہہ سکتا ہے کہ: "اللہ کی قدرت سے انسان کی قدرت کا زائد ہونا لازم آتا ہے"۔

سبحان اللہ بادیۂ نادانی کے اس سرگشتہ کا پیشوا جسے اس نے عالم ربانی کا لقب دیا ہے نہ زیادتی کا معنی جان سکا اور نہ ہی قدرت کا معنی سمجھ سکا اور صراحۃً یہ کہا کہ: "اللہ سبحانہ کا جھوٹا ہونا ممکن ہے جو کہ جھوٹ سے اس کی قدرت کے متعلق ہونے کا معنی ہے۔ اور صراحۃً یہ بھی کہا کہ: "انبیا اور ملائکہ پر اللہ کا جھوٹی بات القا فرمانا ممکن ہے۔ اور اپنی ذکر کردہ دلیل کی رُو سے اس بات کا قائل ہوا کہ: اللہ سبحانہ شنیع و قبیح باتوں کا مرتکب ہو سکتا ہے" اور اس جہالت و گمراہی کے باوجود اصول کلامیہ اور فروع فقہیہ کے تمام دینی مسائل میں اجتہاد کرتا تھا بلکہ اس نے حرف سے ناآشنا عام بازاری لوگوں کو مجتہد بنا کر دین اسلام کا محکم نظام درہم برہم کر دیا۔

اور اس نے جو یہ گمان کیا کہ: جھوٹ نہ بولنے کو اسی لیے اللہ کی تعریفات میں شمار کرتے ہیں کہ: "اللہ سبحانہ جھوٹ بولنے پر قدرت رکھتے ہوئے جھوٹ نہیں بولتا" اور اس بات کو ایسی طویل عبارتوں میں بیان کیا جن کے الفاظ زیادہ اور معانی کم ہیں جن طویل عبارتوں کے لانے کا مقصد ان مٹھی بھر عوام کالانعام کو فریب دینا ہے جو ایسی فضول اور بے ہودہ باتوں کو خوش بیانی اور چرب زبانی کا نام دیتے ہیں حالاں کہ اس کی حقیقت ایک بکواس سے زیادہ نہیں؛ اس لیے کہ عیب و نقص، بے حیائی و برائی کی تمام باتوں اور خسیس و کمتر چیزوں سے اللہ سبحانہ کی تقدیس و تنزیہ اللہ سبحانہ کی تعریفات میں شمار کی جاتی

ہے۔ نصوص میں اس کی تعریف و توصیف کے مقام پر تقدیس و تنزیہ کے یہ کلمات موجود ہیں۔ اللہ سبحانہ کا ان عیوب سے متّصف ہونا اس کی قدرت کے تحت داخل نہیں اگر چہ اس کا مرید مخلص اسے ممکن بالذات بلکہ اللہ سبحانہ کے مرتبۂ ذات میں ثابت مانتا ہے جیسا کہ اس کی تفصیل گذر چکی۔ اللہ عز و جل کی اعلیٰ درجہ کی تعریف و توصیف یہ ہے کہ: ممکنات و حوادث کی کسی خصوصیت اور عیب و نقص کی کسی صفت سے اس کا متّصف ہونا عقلاً بھی جائز و ممکن نہیں ہے یہی کمال تقدیس و تنزیہ ہے۔ اور عیب و نقص کی صفتوں سے اس کا اتصاف ممکن نہ ہونے کے سبب جھوٹ بولنے سے اس کی تقدیس و تنزیہ کو اس کا عجز نہیں کہا جا سکتا جیسا کہ اس کی عبارت سے سمجھا جاتا ہے؛ اس لیے کہ اللہ سبحانہ کا عاجز ہونا اس وقت متصور ہوتا جب کہ عیب کذب سے اس کا اتصاف مقدور بننے کی صلاحیت رکھتا۔ جب جھوٹ کے عیب سے اس کا متّصف ہونا ممکن نہیں ہے تو جھوٹ بولنا اس کی قدرت کے تحت داخل نہیں ہے تو اس کا اس اتصاف پر قادر نہ ہونے سے اس کا عاجز ہونا لازم نہیں آتا جیسا کہ دوسرے تمام محالات و ممتنعات پر قادر نہ ہونے سے اس کا عاجز ہونا لازم نہیں آتا۔

اس سے یہ بات روشن ہوگئی کہ: یہ بے چارہ عاجز ہونے کا معنی بھی نہیں جانتا۔ اس کے شیخ مرشد کا یہ حال ہے اور مرید مسترشد کا حال تو اس سے بھی ناگفتہ بہ ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ: حق سے دور رفتہ اس مرید نے عقائد میں یہ تحریر کیا ہے کہ:

"ولا یصحُّ علیه الحرکةُ و الانتقالُ و التبدلُ فی ذاته و صفاته و لا الجهلُ والکذبُ"

اللہ کی ذات کا متحرک و منتقل، متغیر و متبدل اور جاہل و کاذب ہونا صحیح نہیں۔

معلوم نہیں اس کے فہم میں "لَا یَصِحُّ" (صحیح نہیں) کا کیا معنی ہے؟ اگر اس کا معنی "لَا یُمْکِنُ" (ممکن نہیں) ہے تو یہ لازم آئے گا کہ: وہ اس بات کا قائل ہے کہ: "اللہ سبحانہ کا جاہل و کاذب ہونا ممکن نہیں" حالاں کہ اس نے پوری جدّ و جہد اور عرق ریزی کے ساتھ اپنی دانست میں یہ ثابت کیا ہے کہ: اللہ سبحانہ کا جاہل و عاجز ہونا ممکن ہے۔ اور اگر "لَا یَصِحُّ" کا معنی ممتنع بالغیر ہے تو یہ لازم آتا ہے کہ: اس کے علم میں اللہ سبحانہ کی ذات و صفات کا متحرک و منتقل اور متغیر و متبدل ہونا ممکن بالذات ہے حالاں کہ جسمیت کے بغیر حرکت و انتقال کا ممکن ہونا اور حدوث کے بغیر ذات و صفات کا تغیر و تبدل ممکن ہونا متصور نہیں۔ اس صورت میں اس مرید کے علم میں اللہ سبحانہ کا جسم اور حادث ہونا ممکن بالذات ہوگا بلکہ حق سے دور رفتہ اس مرید کو اس کے التزام سے مفر نہیں؛ اس لیے کہ اللہ سبحانہ کا متحرک و منتقل ہونا، اس کی ذات حقہ اور کمال کی صفتوں کا متغیر و متبدل ہونا اور اس کا جسم اور حادث ہونا ممکنات ذاتیہ کے حصص کلیہ ہیں۔ تو اس کے مقررہ اصول و ضابطہ کے مطابق لا محالہ ممکن بالذات ہوں گے، شاید وہ اپنے مقررہ قاعدہ کے تحفظ کے لیے اس لازم کا التزام کرے تاکہ یہ قاعدہ اس کے ہاتھ سے نہ جائے اگر چہ اس کا ایمان برباد ہو جائے۔ اس کے علم میں اس لازم کے التزام میں کوئی خرابی نہیں مگر اس کے علم میں سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ: اس کا یہ قول کہ: "اللہ سبحانہ کا صفات کمال سے متّصف نہ ہونا، اسی طرح عیب و نقص کی صفتوں سے متّصف ہونا اس کے زیر قدرت داخل نہیں" اس کے شیخ مرشد کے خلاف ہے۔ اس کے شیخ مرشد نے جھوٹ کو

عیب ونقص مان کر یہ کہا کہ: "جھوٹ سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا اس کی قدرت کے تحت داخل ہے" بلکہ وہ تمام ممتنع بالغیر چیزوں کو اللہ سبحانہ کے زیر قدرت داخل جانتا ہے بلکہ وہ تمام واجبات بالغیر کو اس کی قدرت کے تحت داخل اعتقاد کرتا ہے جن کے عموم میں عامۂ متکلّمین کے مذہب پر اللہ سبحانہ کی صفاتِ کمال بھی داخل ہیں؛ اس لیے کہ خود اس نے اپنے رسائل میں کہا ہے کہ:

"مناطِ صحت تعلقِ قدرت الٰہیہ امکان ذاتی است۔ وہر ممکن ذاتی در ہمہ اوقات بر جمیع تقدیرات یعنی در وقت وجود علل موجبہ وموانع عائقہ وبر تقدیر وجوب بالغیر یا امتناع داخل تحت قدرت الٰہیہ است در عین نسبتش بموجبات یا موانع انتہی بعبارتہ"

"اللہ کی قدرت کے تعلق کے صحیح ہونے کا دار و مدار شیٔ کے ممکن بالذات ہونے پر ہے، اور ہر ممکن بالذات تمام اوقات میں تمام تقدیروں پر یعنی علل موجبہ اور موانع عائقہ کے موجود ہونے کے وقت بھی اور امتناع یا وجوب بالغیر کی تقدیر پر بھی، موجبات یا موانع کی جانب نسبت کی عین حالت میں بھی، اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے"۔

پھر اس نے یہ کہا کہ:

"از یں بیان واضح گردید کہ دخول شی تحت قدرت الٰہیہ منافی امتناع یا وجوب او کہ بنظر امور خارجیہ باشد نیست بلکہ آں چہ منافی اواست دخول آں تحت تکوین۔ ونیز واضح گشت کہ: لزوم محال بر تقدیر وجود شی مانع دخولِ آں شی تحت قدرت الٰہیہ نمی تواند شد؛ زیرا کہ لزوم محال مانع وجود اوست نہ منافی امکان ذاتی۔ ومناطِ تعلق قدرت الٰہیہ امکان ذاتی است نہ عدم مانع خارجی۔ آری لزوم محال مانع از تعلق تکوین است انتہی"

"اس بیان سے یہ واضح ہوگیا کہ: اللہ کے زیر قدرت کسی چیز کا داخل ہونا اس بات کے منافی نہیں کہ: وہ خارجی چیزوں کے اعتبار سے واجب یا محال ہو بلکہ تکوین وایجاد کے تحت اس کا داخل ہونا اس کے منافی ہے۔ اور یہ بھی واضح ہوگیا کہ: کسی شیٔ کے موجود ہونے کی صورت میں محال لازم آنا اللہ کی قدرت کے تحت اس شیٔ کے داخل ہونے سے مانع نہیں ہوسکتا: اس لیے کہ محال کا لازم آنا اس شیٔ کے موجود ہونے سے مانع ہے، اس شیٔ کے ممکن بالذات ہونے کے منافی نہیں۔ اور کسی شیٔ سے اللہ کی قدرت کے تعلق کے صحیح ہونے کا مدار اس شیٔ کے ممکن بالذات ہونے پر ہے نہ کہ مانع خارجی کے معدوم ہونے پر۔ ہاں محال کا لزوم تکوین وایجاد کے متعلق ہونے سے مانع ہے" انتہی۔

ان دونوں عبارتوں سے صاف ظاہر ہے کہ: اللہ سبحانہ کے کمال کی صفتیں اور کمال کی ان صفتوں سے اس کا متّصف ہونا اور نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی وغیرہ کی باتوں سے اس کا متّصف ہونا (جو حق سے دور رفتہ اس مرید کے علم میں ممکن بالذات ہیں) اس کے شیخ مرشد کے علم میں اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہیں۔ اور اس شیخ کے اس مرید کے علم میں اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں تو اس شخص پر لازم ہے کہ وہ اپنے جس شیخ مرشد کو عالم ربانی کہتا ہے اس کی تجہیل کرے اور اس

کے لیے یہ بہت بڑی مصیبت ہے۔

اب اس شخص کے شیخ مرشد کے کلام پر نظر کرنا ضروری ہے۔ قدرت کا معنی جیسا کہ اس کے مرید نے بیان کیا: "فعل و ترک کا صحیح ہونا ہے"۔ تو اگر ممکن بالذات کی علت موجبہ موجود ہو تو اس کی علت موجبہ موجود ہونے کے وقت، علت موجبہ کی جانب اس کی عین نسبت کی حالت میں صحت ترک یعنی عدم تکوین کو جائز کہنا یہ کہنا ہے کہ: معلول بالایجاب کا تخلُّف اپنی علت موجبہ سے ہو سکتا ہے۔ اور معلول بالایجاب کا علتِ موجبہ سے تخلّف جائز کہنا ایجاب کے معنی اور علت موجبہ کے معنی سے غفلت کے بغیر متصور نہیں۔ تو یہ کہنا کہ: معلول بالایجاب اپنی علت موجبہ کے موجود ہونے کے وقت اپنی علت موجبہ کی طرف منسوب ہونے کی عین حالت میں اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے" یہ کہنا ہے کہ: معلول بالایجاب کا اپنی علت موجبہ کے موجود ہونے کے وقت اپنی علت موجبہ کی طرف منسوب ہونے کی عین حالت میں تخلُّف صحیح الفعل والترک ہے تو اس کی علت موجبہ، علت موجبہ نہیں ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ بے چارہ علت موجبہ اور ایجاب کا معنی بھی نہیں جانتا تھا اور فعل اور ترک فعل جو تکوین وایجاد اور تکوین وایجاد کے عدم کا نام ہے اسے بھی نہیں جانتا تھا؛ اس لیے کہ وہ یہ کہتا ہے کہ:

"کسی شئ کے موجود ہونے کی صورت میں محال کا لازم آنا اللہ کی قدرت کے تحت اس شئ کے داخل ہونے سے مانع نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ محال کا لازم آنا اس شئ کے موجود ہونے سے مانع ہے، اس شئ کے ممکن بالذات ہونے کے منافی نہیں ہے۔ اور کسی شئ سے اللہ کی قدرت کے تعلق کے صحیح ہونے کا مدار اس شئ کے ممکن بالذات ہونے پر ہے، نہ کہ معنی خارجی کے معدوم ہونے پر، ہاں محال کا لزوم تکوین وایجاد کے متعلق ہونے سے مانع ہے"۔

اس شخص کو یہ خیال نہ آیا کہ جب محال کا لزوم تکوین وایجاد کے متعلق ہونے سے مانع ہوا تو تکوین وایجاد کی صحت متحقق نہ ہوئی؛ اس لیے کہ صحتِ تکوین، صحت فعل کا نام ہے، تو تعلق قدرت جو فعل اور ترک فعل کی صحت کا نام ہے اس کا کیا معنی ہے؟ معلوم ہوا کہ: یہ بے چارہ قدرت، فعل اور ترک فعل کی صحت کے معنی بھی نہیں جانتا تھا مثلاً اللہ سبحانہ کی قدرت اور اس کی حیات جو اس کے صفات کمال سے ہے، اور عامۂ متکلّمین کے نزدیک ممکن بالذات ہے اور ذات حقہ اس کی علت موجبہ ہے اس کے اعتقاد کے مطابق اللہ عزوجل کی قدرت کے تحت داخل ہے اور اللہ سبحانہ کا اس کی علت موجبہ ہونے کی عین حالت میں اس کا فعل اور ترک فعل (اسے موجود فرمانا اور موجود نہ فرمانا) تسلسل لازم آنے کے باوجود صحیح ہے تو اس کے اعتقاد میں اللہ سبحانہ اس پر قادر ہے کہ: قادر نہ ہو۔ اور اس پر قادر ہے کہ عاجز ہو اور اس پر قادر ہے کہ زندہ یا مردہ ہو۔ اور اس کے لیے صفت حیات کا واجب ہونا اور صفت موت وعجز کا اس لیے محال ہونا کہ "اس کے موجود ہونے کی تقدیر پر محال لازم آتا ہے" اس کے علم میں اللہ کی قدرت اور اس کے عجز کے ساتھ اللہ کی قدرت کے متعلق ہونے سے مانع نہیں ہے؛ اس لیے کہ اللہ سبحانہ کی قدرت اس کی قدرت اور عجز دونوں سے متعلق ہو سکتی ہے، یعنی وہ قادر وعاجز دونوں ہو سکتا ہے تعلق قدرت ہمیشہ صحت فعل وترک کے ساتھ ہوتا ہے۔ ایسا اعتقاد بچوں اور پاگلوں سے بھی متصور نہیں۔ اسی سے یہ بات بھی

معلوم ہوگئی کہ: وہ بے چارہ اپنے مرید کے خیال میں بھی قدرت، عیب، کذب و نقص، زیادتی، فعل اور ترک فعل کی صحت ،وجوب، علت موجبہ، ایجاب، امتناع، مانع اور محال کے معانی نہیں جانتا تھا۔ یہ عالم ربانی کے علم کا حال ہے۔ اور اس کے ربانی ہونے کا حال اس سے ظاہر ہے کہ: اس کے علم میں اللہ سبحانہ کا ناقص و عیبی اور جھوٹا ہونا اس کی قدرت میں ہے اور ان کا فعل و ترک صحیح ہے (یعنی وہ ناقص، عیبی اور جھوٹا ہو سکتا ہے اور نہیں بھی ہو سکتا ہے) اور اپنے مریدوں کو اس عقیدہ کی تلقین کے لیے اس کی دلیل بھی دیتا ہے۔

اب اس شیخ کے مرید کے کلام میں بھی نظر کرنا ضروری ہے، اس شیخ کے مرید نے اس مقام پر اس کی بیعت توڑ کر شدّ و مد کے ساتھ اس بات کی تصریح کی ہے کہ: "صفات کمال اور ان کے مقابل صفاتِ نقص کے اتصاف سے اللہ کی قدرت متعلق نہیں ہے"۔

یہ امر واضح رہے کہ اس شخص نے اس کلام سے کچھ پہلے یہ کہا ہے کہ:

"حضرت واجب الوجود جل شانہ کا صفات کمالیہ سے متّصف ہونا، واجب لذات حضرت باری ہے، لیکن نفس اتصاف یعنی کسی چیز کا مثلاً علم و حیات وغیرہ صفتوں سے متّصف ہونا تو یہ ممکن بالذات ہے۔ اور اسی طرح حضرت قدوس تعالیٰ شانہ کا صفات نقص سے متّصف ہونا محال لذات حضرت واجب الوجود ہے اور محال عقلی ہے لیکن ذاتِ اتصاف یعنی کسی شیٔ کا نقص سے متّصف ہونا تو یہ ممکن بالذات اور متحقق الوقوع ہے"۔

اور اب اس بات کا اقرار کر رہا ہے کہ: "صفات کمال اور ان سے متّصف ہونا اور صفات کمال کے مقابل نقص و عیب کی صفتوں سے متّصف ہونا اس کلیہ: "کُلُّ مُمْکِن بالذاتِ متعلقٌ بالقُدْرَۃِ" (ہر ممکن بالذات سے قدرت متعلق ہے) سے مستثنیٰ ہے الخ"۔ تو اس مقام پر وہ اس بات کا اعتراف کر رہا ہے کہ: "صفات کمال اور اللہ سبحانہ کا ان سے متّصف ہونا ممکن بالذات اور واجب بالغیر ہے۔ اور نقص و عیب کی صفتوں سے متّصف ہونا ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے"۔ اور اس سے پیشتر یہ کہا تھا کہ: "کسی شیٔ کا متّصف ہونا ممکن بالذات ہے" یا تو اس کی پہلی گفتگو ہرزہ سرائی تھی یا اس کا یہ کلام؟ اس سے پیشتر یہ گذر چکا کہ: "اس بات کا اعتراف کرنا کہ: اللہ تعالیٰ کی صفات کمالیہ اور ان سے اس کا اتصافِ خاص واجب لذاتہ تعالیٰ شانہ ہے۔ اور نقص و عیب کی صفتوں سے اس کا متّصف ہونا ممتنع لذاتہ تعالیٰ ہے" اس بات کا اعتراف و اقرار کرنا ہے کہ: "اللہ سبحانہ کی صفات کمالیہ اور ان سے اس کا خاص اتصاف اور صفات نقص اور ان سے اس کا خاص اتصاف ممکن بالذات ہے"۔ اس قائل کا اس سے انکار اس کی حد درجہ جہالت و غباوت کے سبب ہے۔ اب قطعی و یقینی طور پر یہ بات ثابت ہوگئی کہ: اس قائل کا مرشد شیخ نجدی یہ اعتقاد رکھتا تھا کہ: اللہ سبحانہ کا جھوٹا، ناقص و عیبی ہونا، اور اس کا اپنی قدرت و حیات وغیرہ صفات کمال اور عیب نقص و بے حیائی اور برائی کی تمام باتوں سے متّصف ہونا اس کی قدرت کے تحت داخل ہے اور ان چیزوں کا فعل و ترک اس کے لیے صحیح ہے (یعنی وہ ان تمام چیزوں کو کر سکتا ہے اور نہیں بھی کر سکتا ہے) وہ اللہ سبحانہ کا اپنی

موت و حیات اور قدرت و عجز پر قادر ہونا ممکن مانتا تھا اور الفاظ کے معانی بھی نہیں جانتا تھا تو معانی کے ادراک تک رسائی کیوں کر حاصل ہوتی ۔اور یہ قائل اللہ سبحانہ کا معدوم و فنا، مردہ و حادث، فاسق و فاجر، جسم و متحیز، متحرک و منتقل ، بہرا، اندھا، گونگا، جاہل و عاجز ہونا، ممکن بالذات جانتا ہے، بلکہ یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ: مرتبۂ ذات حقہ میں عیب و نقص کی یہ ساری صفتیں اس کی ذات حقہ کے لیے ثابت ہیں اور عمر کی آخری منزل تک پہنچنے کے باوجود وجوب، امکان، امتناع اور علوم میں مستعمل ہونے والے دوسرے الفاظ کے معانی نہیں سمجھتا۔ اب فنون فلسفہ کے فہم میں اس شیخ نجدی اور اس کے مرید کی استعداد اور اصول اسلامیہ کے اعتقاد کی حالت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

استاذ نے افادہ فرمایا کہ: حق یہ ہے کہ اللہ سبحانہ ہر ممکن بالذات پر قادر ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: حضرت واجب الوجود تعالی شانہ کی صفات کمال کے بارے میں مدعی کیا اعتقاد رکھتا ہے؟ اگر انھیں واجب بالذات جانتا ہے تو وہ مشرک ہے اور اگر یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ: ممکن بالذات اس کے زیر قدرت داخل ہیں اور اہل حق کے نزدیک قدرت فعل اور ترک فعل کی صحت کا نام ہے تو اس پر لازم آیا کہ: اس کے نزدیک اللہ عزوجل ان صفات کمال سے جدا ہو سکتا ہے اور اسے یہ بھی لازم آیا کہ اس کے نزدیک واجب الوجود تعالی شانہ نقص و عیب کی صفتوں سے متّصف ہو سکتا ہے، اس لیے کہ صفات کمال سے انفصال ممکن ماننا جو مقدور ہونے کے لیے لازم و ضروری ہے صفات نقص سے اتصاف ممکن ماننے کو مستلزم ہے؛ اس لیے کہ حضرت موصوف جل شانہ سے علم کا عدم اس کے جاہل ہونے کو مستلزم ہے؛ اس لیے کہ موضوع کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط، سلب عدولی کو مستلزم ہے، جیسا کہ منطقی پر پوشیدہ نہیں۔اور یہ مدعی اپنے کلیہ سے صفات کمال کو مستثنیٰ نہیں کر سکتا؛ اس لیے کہ اس صورت میں یہ کہنا بھی ممکن ہوگا کہ: نقص و عیب کی صفتوں سے متّصف ہونا ممکن ہے، اس لیے کہ ایسا ہو سکتا ہے کہ کوئی چیز ممکن ہو اور مقدور نہ ہو، صفات کمال کی طرح صفات نقص سے اتصاف قدرت کے بغیر متحقق نہیں؛ اس لیے کہ صفات کمال سے متّصف واجب تعالیٰ کی ذات کے سبب یہ ممتنع ہیں تو ان کے ممتنع بالذات ہونے کا قول کیسے لازم آئے گا اور جو شخص انھیں ممکن بالذات مانتا ہے اس کا کافر ہونا کیسے لازم آتا ہے بلکہ خود قائل کا مشرک یا ملحد ہونا لازم آتا ہے جیسا کہ واضح ہے تو مدعی کا یہ کہنا کہ: "حق یہ ہے کہ" الخ، حق یہ ہے کہ یہ ناحق ہے۔

اقول: استاذ مدعی (علامہ فضل حق خیر آبادی) اس بات کے قائل ہیں کہ: اللہ سبحانہ کے کمال کی صفتیں اس کی ذات کا عین ہیں اس لیے آپ پر وہ اعتراضات وارد نہیں جو عامۂ متکلّمین پر وارد ہوتے ہیں مثلاً مرتبۂ ذات حقہ سے کمال کا سلب ،ایسی صفتوں سے کمال حاصل کرنا جو اس کی ذات کا عین نہیں، اللہ سبحانہ کا کامل بذاتہ نہ ہونا، قدیم کا متعدّد ہونا اور قاعدہ: "ہر ممکن بالذات داخل قدرت ہے اور ہر ممکن بالذات حادث ہے" کو خاص کرنا لازم نہیں آتا جیسا کہ عامۂ متکلّمین پر لازم آتا ہے اور اس مسئلہ میں عامۂ متکلّمین کی تقلید ضروری نہیں جیسا کہ شرح عقائد عضدیہ کے حوالہ سے گذر چکا۔اور جب استاذ

مدظلہ کے نزدیک اللہ سبحانہ کی صفات کمالیہ اس کی ذات کا عین ہیں تو آپ کمال کی صفتوں کو ذات حقہ واجبہ کا عین جانتے ہیں اور یہ عین توحید ہے؛ اس لیے کہ اس صورت میں قدیم کا متعدّد ہونا بھی لازم نہیں آتا اور عامۂ متکلّمین کو اس کے ارتکاب سے مفر نہیں، تو اس شخص کا یہ کہنا حد درجہ غباوت وجہالت اور نادانی و بے ایمانی ہے کہ:

"اگر انھیں واجب بالذات جانتا ہے تو مشرک ہے۔"

مشرک ہونے کا وہم اس وقت ہو سکتا تھا جب حضرۃ الاستاذ اس کے قائل ہوتے کہ: صفات کمال ذات حقہ پر زائد ہیں، صفات کے عین ذات ہونے کی صورت میں شرک کا وہم بچوں اور پاگلوں کو بھی نہیں ہوتا، صفات کی عینیت کے قائل شخص پر شرک کا الزام وارد کرنا انتہائی جہالت و غباوت کے سبب ہے۔ استاذ مدظلہ صفات کو ممکن، مقدور اور ذات حقہ پر زائد نہیں مانتے یہاں تک کہ صفات کمال کے ممکن و مقدور ہونے کی شق پر اس نے جو اعتراض وارد کیا ہے آپ پر وارد ہو۔ ہاں اس کے مرشد و مقتدا بے چارہ شیخ نجدی کی چارہ جوئی کیا ہوگی؟ وہ خود ذات حقہ پر صفات کمال کو زائد، ممکن بالذات اور اللہ سبحانہ کا مقدور مانتا ہے؛ اس لیے کہ اہل حق کے نزدیک قدرت فعل اور ترک فعل کی صحت کا نام ہے تو ذات حقہ سے صفات کمال کو جدا ماننا نیز صفات نقص سے اسے متّصف ماننا اس پر لازم ہے وہ بے خوف و خطر ان ساری باتوں کا التزام کرتا ہے بلکہ اپنے زعم میں ان پر دلیلیں بھی دیتا ہے جیسا کہ گذرا۔

اور اس قائل کو بھی اپنا چارہ ڈھونڈنا چاہیے، کیوں کہ وہ: اللہ سبحانہ کا عیب ونقص اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے متصف ہونا ممکن بالذات اور ممتنع لذاتہ جانتا ہے تو اس قائل کے نزدیک اللہ سبحانہ سے عیب ونقص اور بے حیائی و برائی کی باتوں کے سلب و رفع کا صدق، اس کے مرتبۂ نفس ذات حقہ سے متاخر بالذات ہے جو اس سلب کی علت موجبہ ہے تو اس قائل کے نزدیک مرتبہ ذات حقہ میں ذات حقہ کے لیے عیب ونقص اور بے حیائی و برائی کی تمام باتوں کا صادق ہونا ضروری ہے؛ اس لیے کہ دو نقیضوں میں سے کسی کا صادق نہ ہونا بدیہی طور پر محال ہے تو اس کا یہ اعتقاد لازم آیا کہ: اللہ سبحانہ مرتبہ ذات حقہ میں بے شمار عیوب کا مصداق ہے یعنی وہ جاہل، عاجز، مردہ، اندھا، گونگا، بہرا، فاسق و فاجر اور حادث ہے۔ وہ حیز و مکان والا ہے اور نقل و حرکت کرنے والا ہے؛ اس لیے کہ اگر اس کے اعتقاد میں یہ ساری چیزیں مرتبۂ ذات حقہ میں صادق و ثابت نہ ہوں تو مرتبۂ ذات حقہ میں ان بے شمار عیوب کا سلب صادق ہوگا تو ان بے شمار عیوب کا سلب ذات حقہ کا معلول نہ ہوگا، اور یہ اس کے مذہب کے خلاف ہے بلکہ اس پر اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات حقہ میں بے شمار حادث و ممکن چیزوں کے ساتھ متحد ہونا لازم آتا ہے یعنی یہ لازم آتا ہے کہ وہ حیوان اور اس کی تمام نوع، نبات اور اس کی تمام نوع، جماد اور اس کی تمام نوع اور جوہر و عرض کے تمام مقولے اور ان کی تمام نوع ہو؛ اس لیے کہ اللہ سبحانہ کا حیوان و انسان، نبات و جماد، جوہر و عرض ہونا ان معانی مصدریہ کے حصص ہیں۔ اور اس کے مقررہ قاعدہ کے مطابق یہ تمام خاص حصے ممکن بالذات ہیں، اس لیے کہ ان کے معانی کلیہ ممکن بالذات ہیں، اور جب یہ حصے ممکن بالذات ہوئے تو اس کے علم میں ان کا عدم اللہ سبحانہ کا

معلول ہوگا تو ان کا عدم مرتبۂ ذات حقہ سے بالذات مؤخر ہوگا تو یہ ساری چیزیں مرتبۂ ذات حقہ میں موجود و متحقق ہوں گی ورنہ مرتبۂ ذات حقہ میں ان کا سلب صادق ہوگا، تو ان کا سلب، ذات حقہ کا معلول نہ ہوگا تو ضروری بالذات ہوگا اور یہ اس کے مذہب کے خلاف ہے۔

بلفظ دیگر اس قائل کو اس کے مقررہ عقائد کی بنا پر اس التزام سے چارہ و مفر نہیں: کہ "مرتبۂ ذات حقہ میں اللہ سبحانہ کے لیے عیب ونقص اور بے حیائی و برائی کی تمام باتیں ثابت ہیں" اس لیے کہ کمال کی صفتیں اور ان سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا اس کے عقیدہ میں ممکن بالذات ہے اور اس کے عقیدہ میں صفات کمال سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا عیب ونقص سے اتصاف کے سلب کے ساتھ ساتھ ہے۔ اور اس کا یہ عقیدہ ہے کہ: کمال کی صفتوں سے متّصف ہونے اور صفات نقص سے اتصاف کے سلب میں ذات کے اعتبار سے معیت و مصاحبت اور اتصال و مقارنت ہے جیسا کہ اس سے پہلے بیان کیا ہے اور اس کا اعتراف و اقرار بھی کیا ہے اور معیت ذاتیہ رکھنے والے دو فرد واجب، ممکن اور ممتنع ہونے میں یکساں حکم رکھتے ہیں جیسا کہ خود اس نے اس سے پہلے کہا اور کمال کی صفتیں اور ان سے اتصاف ممکن، ذات حقہ کے معلول اور مرتبۂ ذات حقہ سے بالذات مؤخر ہیں؛ اس لیے کہ خود اس نے یہ کہا ہے کہ: صفات، موصوف کی محتاج ہیں۔ اب اس کا انکار کرنا اور یہ کہنا کہ: "صفتیں موصوف کی محتاج نہیں" محض مکابرہ ہے۔ تو صفتیں لامحالہ موصوف (ذات حقہ) سے مؤخر ہیں تو اس کے عقیدہ کے مطابق عیب ونقص کی صفتوں سے متّصف نہ ہونا لامحالہ مرتبۂ ذات حقہ کے بعد ہے تو اس کے عقیدہ کے مطابق اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات حقہ میں عیب ونقص کی صفتوں سے لامحالہ متّصف ہوگا، اس لیے کہ دو نقیضوں میں سے کسی کا بھی صادق نہ ہونا بدیہی طور پر محال ہے۔

بلفظ دیگر اس قائل نے اس جگہ یہ کہا کہ: "حضرت موصوف جل شانہ سے علم کا عدم اس کے جہل کو مستلزم ہے؛ اس لیے کہ موضوع کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط، سلب عدولی کو مستلزم ہے جیسا کہ منطقی پر پوشیدہ نہیں۔" اور اس قائل کے عقیدہ میں اللہ سبحانہ کا علم مرتبۂ ذات حقہ سے مؤخر ہے، تو اس کے نزدیک مرتبۂ ذات حقہ میں علم کا سلب بسیط (اللہ سبحانہ کا عالم نہ ہونا) صادق ہے۔ اور اس کے نزدیک موضوع (اللہ سبحانہ) کے موجود ہونے کے وقت جو یہاں ذات حقہ ہے سلب بسیط، سلب عدولی (اللہ سبحانہ کے بے علم ہونے) کو مستلزم ہے اور اس کے نزدیک علم کا سلب عدولی (بے علم ہونا) جہل ہے تو اس کے عقیدہ میں اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات حقہ میں جاہل ہے۔ تو یہ قائل اپنے مقررہ عقائد و قواعد کے مطابق شرک کی سخت ترین قسم میں مبتلا ہے یعنی وہ اس شرک کا اعتقاد رکھتا ہے کہ: اللہ سبحانہ پر مرتبۂ ذات حقہ میں بے شمار حوادث میں سے ہر حادث کا ایجاب صادق ہے اور وہ مرتبۂ ذات حقہ میں عیب ونقص اور بے حیائی و برائی کی تمام باتوں اور خسیس و کمتر چیزوں سے متّصف ہے۔ "وہ بہت ہاتھ پاؤں مار رہا ہے مگر ان ہلاکت گاہوں سے نکل نہیں سکتا۔ " كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا "۔

اگر اپنے مقرر کردہ قواعد سے حاصل ہونے والے باطل عقائد سے توبہ نہ کی تو "ذوقوا عذاب الحریق" کے مخاطب افراد کے زمرہ میں داخل ہے۔

اب یہ بات بغور سننے کے لائق ہے کہ: عامۂ متکلمین اس کے قائل ہیں کہ: اللہ سبحانہ کے کمال کی صفتیں ذات حقہ پر زائد، اس سے بالایجاب صادر ہیں۔ اس کے ساتھ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ: اللہ سبحانہ تمام ممکن چیزوں پر قادر ہے۔ شرح عقائد عضدیہ میں ہے کہ:

"قَادِرٌ عَلٰی جمِیْعِ الْمُمْکِنَاتِ" اللہ سبحانہ تمام ممکن چیزوں پر قادر ہے۔[۱]

اور شرح مواقف میں ہے کہ:

"ان قدرته تعم الممكنات أى جميعها والدليل عليه أن المقتضى للقدرة هو الذات لوجوب استنادصفاته إلى ذاته والمصحح للمقدورية هو الإمكان، لأن الواجب و الامتناع الذاتيين يحيلان المقدورية و نسبة الذات إلى جميع الممكنات على السواء فإذا ثبت قدرته على بعضها ثبت على كلها."[۲]

"یعنی بلا شبہ اللہ سبحانہ کی قدرت تمام ممکن چیزوں کو عام ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ: مقتضی قدرت، ذات حقہ ہی ہے؛ اس لیے کہ اللہ سبحانہ کی ذات کی طرف صفات کا استناد واجب ہے اور مقدوریت کی صحت کا دارومدار صرف امکان ہی پر ہے؛ اس لیے کہ واجب اور ممتنع بالذات اشیا کا زیر قدرت داخل ہونا محال ہے اور ذات حقہ کی نسبت تمام ممکن چیزوں کی طرف برابر ہے توجب بعض ممکن چیزوں پر قادر ہے تو تمام پر قادر ہے۔

اور اس سے کچھ پہلے شرح مواقف میں یہ ہے کہ:

"القدرة القائمة بذاته تعالى قديمة وإلا كانت حادثة فيلزم قيام الحوادث بذاته تعالى و قد مر بطلانه و كانت أيضاواقعة أى صادرة عن الذات بالقدرة لما مر فى هذا المقصد: من أن الحادث لا يستند إلى الموجب القديم إلا بتسلسل الحوادث و هو باطل و إذا كانت واقعة بالقدرة لزم التسلسل لأن القدرة الأخرى حادثة أيضاإذالمقدر حدوث القدرة القائمة بذاته تعالى فيستند إلى قدرة أخرى فيلزم تسلسل القدرة إلى ما لا يتناهى و هوأيضا محال."[۳]

یعنی اللہ سبحانہ کی ذات کے ساتھ جو قدرت قائم ہے وہ قدیم ہے ورنہ یہ قدرت حادث ہوگی، تو اللہ کی ذات کے ساتھ حادث چیزوں کا قائم ہونا لازم آئے گا اور اس سے پہلے اس کا بطلان گذر چکا۔ اور قدرت حادث ہوگی تو وہ ذات باری

---

(۱) الدوانی علی العقائد العضدیه ص:٥٦ مکتبه رحیمیه

(۲) شرح مواقف ص ٥٨٧، المرصدالرابع فى الصفات الوجودية، المقصد الثانى فى قدرته، مطبع منشى نول كشور لكهنؤ

(۳) شرح مواقف ج:٨ص:٦٦ المرصد الرابع المقصد الثانى فى قدرته دار الكتب العلميه بيروت لبنان

سے بذریعہ قدرت صادر ہوگی (یہ بھی باطل ہے)؛ اس لیے کہ اس مقصد میں یہ گذر چکا کہ: حادث، موجب قدیم کی طرف مستنِد نہیں ہوتا مگر حوادث کے تسلسل سے اور یہ باطل ہے۔ اور جب قدرت بذریعۂ قدرت صادر ہوگی تو قدرتوں کا غیر متناہی سلسلہ لازم آیا؛ اس لیے کہ دوسری قدرت بھی حادث ہے کیوں کہ مفروض یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ کی ذات کے ساتھ قائم قدرت حادث ہے تو یہ دوسری قدرت کی طرف مستنِد ہوگی تو قدرتوں کا غیر متناہی سلسلہ لازم آئے گا جو کہ محال ہے۔

اور یہ دونوں قول (۱۔ زیادتی صفات مع صدور بالایجاب ۲۔ ہر ممکن کی مقدوریت) باہم متناقض ہیں تو جو لوگ صفات کمالیہ کو ذات حقہ پر زائد مانتے ہیں یا تو صفات کمال کو واجب بالذات مانیں اور یہ واضح طور پر باطل ہے یا جمیع ممکنات پر اللہ سبحانہ کی قدرت کے عموم سے ان صفات کو خارج و مستثنیٰ قرار دیں اور یہی دوسری شق ظاہر ہے، توان کے نزدیک اللہ سبحانہ کے اوصاف کمال اس قاعدے سے خارج و مستثنیٰ ہیں کہ: "اللہ سبحانہ ہر ممکن بالذات پر قادر ہے" اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ عامۂ متکلّمین کے نزدیک عیب و نقص کی صفتوں سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ممکن بالذات ہو، بلکہ ہر مومن بلکہ ہر عاقل کو اس بات پر ایمان لانا واجب و لازم ہے کہ: "عیب و نقص کی صفتوں سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا محال بالذات ہے؛ اس لیے کہ نقائص و قبائح سب کے سب حادث ہیں اور ان سے اتصاف باری سبحانہ کے سلب کا مصداق خود مرتبۂ ذات احدیہ ہے اور وہ سلب مرتبۂ ذات احدیہ سے مؤخر نہیں ہے۔ اور عامۂ متکلّمین کے نزدیک کمال کی صفتوں سے اللہ سبحانہ کے متّصف ہونے کا مصداق اللہ سبحانہ کے ایجاب سے اس کی ذات حقہ کے ساتھ ان صفتوں کا قائم ہونا ہے۔ توصفات کمال سے اس کے اتصاف کا مصداق سلب اتصاف بنقائص و قبائح کے مصداق کے مرتبہ کے بعد ہے۔ اور اگر اس سلب کا مصداق ذات احدیہ سے مؤخر ہو تو مرتبۂ ذات میں ان تمام سلب کی ہوئی چیزوں کا صادق ہونا لازم آتا ہے (یعنی اللہ سبحانہ کا ناقص و عیب دار وغیرہ ہونا لازم آتا ہے) اور اس کا التزام کفر ہے تو عیب و نقص کی صفتوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کے ممکن بالذات ہونے کا قول بھی کفر تک لے جانے والا ہوگا۔ اور عقائد کی کتابوں میں یہ تصریح ہے کہ: "نقص و عیب اللہ سبحانہ کے حق میں محال ہے، ممکنات سے نہیں ہے جیساکہ شرح عقائد عضدیہ کے حوالہ سے گذر چکا"۔

معلوم نہیں کہ فہم سے بے بہرہ یہ قائل کس ضرورت کی بنیاد پر عامۂ متکلّمین کی مخالفت روا رکھتے ہوئے یہ کہ رہا ہے کہ: عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی تمام باتوں سے اللہ سبحانہ کا متّصف ہونا ممکن بالذات ہے۔ اس کی ضرورت داعیہ اس کی یہی جہالت یعنی اس کا یہ وہم ہے کہ: جب معنی مصدری کو اللہ سبحانہ کی طرف منسوب کرتے ہیں تو وہ حصہ ممکن بالذات ہے اور یہ کہ: صفات کمالیہ سے اللہ سبحانہ کا اتصاف، عیب و نقص کی صفتوں سے اس کے اتصاف کے سلب کا لازم و مساوق (ساتھ ساتھ) ہے اور عیب و نقص کی صفتوں سے اتصاف کا سلب، کمال کی صفتوں سے اس کے اتصاف کا لازم و مساوق (ساتھ ساتھ) ہے۔ ان باطل وہموں کی بنیاد پر اس نے اپنا ایمان برباد کر کے خود کو چاہ ضلالت میں ڈالا اور شرک والحاد کی سخت ترین قسموں میں مبتلا ہوا۔ ایسی کج فہمی اور بد عقیدگی سے اللہ کی پناہ۔

اس نے یہ کہا کہ:

"حضرت موصوف جل شانہ سے علم کا عدم اس کے جہل کو مستلزم ہے؛ اس لیے کہ موضوع کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط، سلب عدولی کو مستلزم ہے جیسا کہ منطقی پر پوشیدہ نہیں"

اس سے معلوم ہوا کہ یہ شخص جہل اور عدم ملکہ کے معنی سے جاہل ہے۔ اس کا گمان یہ ہے کہ: "عدم ملکہ سلب عدولی کا نام ہے جو موضوع کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط کا مساوی ہوتا ہے" جب کہ ایسا نہیں، دیوار کے موجود ہونے کے وقت علم کا سلب بسیط (دیوار عالم نہیں) اور سلب عدولی (دیوار بے علم ہے) دونوں صادق ہیں اور "دیوار جاہل ہے" صادق نہیں بلکہ "جہل یہ ہے کہ: "علم کی قوت و استعداد رکھنے والا علم سے خالی ہو" اسی لیے جہل کو علم حادث کے مقابل شمار کیا گیا جیسا کی ابہری کی شرح مواقف سے اس کی نقل گذر چکی ہے۔ اور صفت علم زائد ماننے کی صورت میں بھی اللہ سبحانہ کی ذات میں اس معنی کا موجود و متحقق ہونا ممکن نہیں۔ ہاں اس شخص کے قول پر اس کا یہ عقیدہ لازم آتا ہے کہ: "مرتبۂ ذات حقہ میں اللہ سبحانہ جاہل ہے" اس لیے کہ اس کے نزدیک علم زائد صفت ہے اور صفت موصوف کا محتاج ہے جیسا کہ اس نے اس کا اعتراف کیا ہے۔ اور محتاج، محتاج الیہ سے بالضرورۃ مؤخر ہوتا ہے تو اس کے نزدیک مرتبۂ ذات حقہ میں علم کا سلب، ضروری اور موضوع کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط اور سلب عدولی دونوں برابر ہیں، تو اس کے نزدیک مرتبۂ ذات حقہ میں علم کا سلب عدولی متحقق ہے۔ اور اس کے علم میں علم کا سلب عدولی جہل ہے، تو اس کے عقیدہ کے مطابق مرتبۂ ذات حقہ میں اللہ سبحانہ کا جاہل ہونا لازم ہے۔ یہ لزوم بنیاد اس قائل کے اپنے مسلمات ہیں۔

اس تفصیلی گفتگو سے یہ بات مدلل و مبرہن ہوگئی کہ: استاذ مدظلہ کا یہ عقیدہ توحید و تنزیہ کا سب سے اعلی درجہ ہے کہ:

"اللہ سبحانہ کے اوصاف کمال اس کی ذات کا عین ہیں اور نقص و عیب کی صفتوں سے اس کا متصف ہونا محال بالذات ہے"۔

• اور اس قائل کے اختراع کردہ قواعد کے مطابق اس کا یہ عقیدہ شرک و الحاد کی سخت ترین قسموں سے ہے کہ:

"اللہ کا جوہر و عرض، ممکن و حادث و محتاج اور جسم و حیز والا ہونا اور عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی تمام باتوں سے متصف ہونا ممکن بالذات ہے"۔

تو یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ: حق کیا ہے اور ناحق کیا ہے اور موحد کون ہے اور ملحد کون ہے۔ "والله الهادی إلى الرشاد و الملهم للصدق و السداد۔"

استاذ نے فرمایا کہ: جو بھی محال بالذات ہے وہ وجود کی صلاحیت نہ رکھنے کے سبب اللہ سبحانہ کا مقدور بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ محالات عقلیہ کو اللہ سبحانہ کی قدرت اس لیے شامل نہیں کہ وہ وجود پذیر ہونے سے قاصر ہیں، نہ اس لیے کہ اللہ سبحانہ عاجز ہے۔ "العياذ بالله تعالى من ذالك"

رہا صغری تو اس کی توضیح کی دو صورتیں ہیں:

(۱) یہ قضیہ سالبہ کلیہ دائمہ صادق ہے:

"لا شیء من ممکن ذاتی بمساوٍ لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات دائما" (کبھی بھی کوئی ممکن بالذات سیدنا محمد ﷺ کے کمالات میں برابر نہیں) تو اس کا یہ عکس بھی ضرور صادق ہوگا:

"لا شیء من مساوٍ لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات بممکن ذاتی دائما"

(حضور اقدس ﷺ کے تمام کمالات میں کوئی برابر شخص کبھی بھی ممکن بالذات نہیں)

اس عکس کی اصل کے صدق کی توضیح یہ ہے کہ: اگر ہمارا قول: "لا شیء من ممکن ذاتی بمساو لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات دائما" صادق نہ ہو تو اس کی نقیض صادق ہوگی؛ اس لیے کہ دو نقیضوں میں سے کسی نقیض کا صادق نہ ہونا بالضرورۃ محال ہے۔ اس اصل کی نقیض یہ موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ ہے:

"بعض الممکن الذاتی مساوٍ لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات بالفعل أی فی أحد الأزمنة الثلاثه" (بعض ممکن بالذات سیدنا محمد ﷺ کے کمالات میں بالفعل برابر ہیں)

ہر مسلمان کے نزدیک یہ قضیہ موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ کاذب ہے۔ اور جب اصل صادق ہے تو اس کا عکس یقیناً صادق ہے، تو ثابت ہوا کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ممکن بالذات نہیں۔ جب یہ ممکن بالذات نہیں تو دو حال سے خالی نہیں: یا تو واجب بالذات ہوگا "العیاذ باللہ تعالی" یا ممتنع بالذات، پہلی شق بداہۃً باطل ہے تو ممتنع بالذات ہونا متعین ہو گیا اور یہی ہمارا مطلوب ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: "کُلُّ مُمکِن کذا أو بعضُ ممکن کذا" (ہر ممکن ایسا ہے یا بعض ممکن ایسے ہیں) قضیہ حقیقیہ ہے؛ اس لیے کہ اس میں ممکن کے تمام یا بعض افراد پر حکم ہے اور ممکن (موضوع) کا وصف عنوانی اپنے افراد پر جس طرح افراد کے موجود ہونے کی حالت میں بالفعل صادق ہے ان افراد کے معدوم ہونے کی حالت میں بھی صادق ہے ورنہ انقلاب (محال) لازم آئے گا، اس لیے کہ ممکن بالذات کے افراد، حالت عدم میں اگر ممکن بالذات نہ ہوں تو یا تو واجب بالذات ہوں گے یا ممتنع بالذات اور اپنے وجود کے بعد ممکن بالذات ہوں گے تو انقلاب (واجب بالذات یا ممتنع بالذات کا ممکن ہونا) کا لازم آنا ظاہر ہے۔ اور جب حکم معدوم افراد کو شامل ہے تو قضیہ حقیقیہ ہوگا تو قائل کا یہ قول:

"بعض الممکن الذاتی مساوٍ لسیدنا محمد صلی اللہ تعالی علیه وسلم فی الکمال بالفعل أی فی أحد الأزمنة الثلاثة" (بعض ممکن بالذات سیدنا محمد ﷺ کے تمام کمالات میں بالفعل برابر ہیں۔)

اگر قضیہ خارجیہ مانا جائے تو ہر مسلمان کے نزدیک کاذب ہے۔ لیکن اگر اسے قضیہ حقیقیہ مانا جائے تو کذب لازم نہیں

اور یہ ممنوع ہے؛ اس لیے کہ قضیہ خارجیہ کا کذب، قضیہ حقیقیہ کے کذب کو مستلزم نہیں ہے مثلاً "کُلُّ عنقاءٍ طائرٌ بالفِعْلِ" ہر عنقا پرندہ بالفعل ہے "قضیہ خارجیہ کاذب ہے اور قضیہ حقیقیہ صادق ہے؛ اس لیے کہ اس قضیہ حقیقیہ کا معنی یہ ہے کہ: اگر عنقا کا کوئی فرد موجود ہو تو اس کے موجود ہونے کی صورت میں اس کے لیے بالفعل پرواز کا حکم ثابت ہوگا۔ منطق کے رسائل تہذیب و شمسیہ وغیرہ پڑھنے والوں سے یہ معنی پوشیدہ نہیں۔ جیسا کہ قضایائے ہندسیہ مثلاً:

"کل مثلث زوایاہ الثلاث تساوی قائمتین" و کل خط قام علی خط حدثت فی جنبیہ قائمتان" (ہر مثلث کے تینوں زاویے دو قائمہ کے برابر ہوتے ہیں۔ اور جو خط کسی خط پر قائم ہو اس خط مستقیم کے دونوں جانب دو قائمہ پیدا ہوں گے۔) میں مساوات و حدوث کا حکم مذکور مثلث اور خط مذکور کے تمام افراد کو شامل ہے، اگر چہ موجود نہ ہو بلکہ لوگوں نے یہاں تک کہا ہے کہ: اگر چہ خارج میں اس کا موجود و متحقق ہونا ممتنع ہو مثلاً یہ کہا جائے کہ:

"کل مثلث حدث علی کرۃ ھی أعظم من کرۃ الفلک الأعظم فھو کذا" (فلک اعظم کے کرہ سے بڑے کرہ پر جو مثلث حادث ہو وہ ایسا ہے)۔ اور "کل خط وقع علی خط ھو أعظم من قطر العالم فھو کذا" (جو خط قطر عالم سے عظیم تر خط پر واقع ہو وہ ایسا ہے۔)

اس لیے کہ ان لوگوں کے خیال میں مذکورہ کرہ اور خط اعظم کا موجود ہونا محال ہے۔ اور جب موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ حقیقیہ مذکورہ یعنی قائل کا یہ قول کہ: "بعض ممکن بالذات سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام کمالات میں بالفعل یعنی تینوں زمانوں میں سے کسی زمانہ میں برابر ہیں" حقیقیہ کے طور پر صادق ہے تو اس کا یہ عکس بھی صادق ہوگا: "بعض مساوی ممکن بالفعل ہیں" تو اس کی یہ نقیض کاذب ہوگی:

"لا شیئ من ممکن ذاتی بمساو لسیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الکمالات دائما"۔
(کبھی بھی کوئی ممکن بالذات سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمالات میں برابر نہیں۔)

اور اسی طرح اس کا یہ عکس بھی کاذب ہوگا:

"لا شیئ من مساو لسیدنا محمد صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم فی الکمالات بممکن ذاتی دائما"۔ (سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام کمالات میں کوئی برابر شخص کبھی بھی ممکن بالذات نہیں۔)

اس لیے کہ موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ حقیقیہ اور اس کا عکس دونوں اُن دو سالبہ کلیہ دائمہ حقیقیہ کی نقیض ہیں جنھیں معترض نے ذکر کیا ہے، تو بحکم تناقض دونوں مطلقہ عامہ حقیقیہ کا صدق دونوں دائمہ حقیقیہ کے کذب کو مستلزم ہے۔ اور جب قائل کا یہ قول صادق ہے: "بعض المساوی ممکن ذاتی" (بعض مساوی ممکن بالذات ہیں۔) تو اس کا موضوع لامحالہ قدرت کاملہ کے تحت داخل ہوگا اور یہی مطلوب ہے۔ سبحان اللہ یہ طمطراق اور آسمان کے ساتوں طبقات تک ترفُّع اور تعلّی کا دعوی اور وہ بھی تمام مسلمان اور جملہ اہل ایمان کے متفقہ عقیدہ کے بر خلاف کہ ان میں سے کسی نے اب تک ایسی

جسارت نہ کی اور نہ ایسی بات کہی کہ: "حق تعالی مساوی مذکور پر قادر نہیں" اس قسم کا ادعا۔

اقول: اس شخص کی فلسفہ دانی اور کلام فہمی کا حال اس سے پہلے دلیل و برہان سے ثابت ہو چکا ہے اب اس کی منطق فہمی کی نقاب کشائی کی جاتی ہے۔

تو کار زمیں رانکو ساختی کہ بر آسماں نیز پرداختی

(تو نے زمین کا کام خوب بنایا کہ اب آسمان کے کام میں بھی لگ گیا۔)

سب سے پہلے یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ: اولاً قضیہ حملیہ کی تین قسمیں ہیں: (۱) خارجیہ (۲) ذہنیہ (۳) حقیقیہ ؛اس لیے کہ قضیہ حملیہ موجبہ میں موضوع کے لیے ثبوتِ محمول کا حکم ہوتا ہے۔ اور حملیہ سالبہ میں موضوع سے سلبِ محمول کا حکم ہوتا ہے تو اگر موجبہ میں موضوع کے لیے محمول کے ثبوت اور سالبہ میں موضوع سے محمول کے سلب کا حکم خارج کے اعتبار سے ہو تو وہ قضیہ خارجیہ ہے۔ جیسا کہ ہمارا قول: "زید کاتب ہے اور عمرو کاتب نہیں" اور اگر موجبہ میں موضوع کے لیے محمول کے ثبوت اور سالبہ میں موضوع سے محمول کے سلب کا حکم صرف ذہن کے اعتبار سے ہو تو قضیہ ذہنیہ ہے۔ اور اگر موجبہ میں موضوع کے لیے محمول کے ثبوت اور سالبہ میں موضوع سے محمول کے سلب کا حکم مطلق نفس الامر کے اعتبار سے ہو تو قضیہ حقیقیہ ہے جیسا کہ ہمارا قول: "چار جفت ہے۔ اور چار طاق نہیں" اور ان تینوں قسموں کی دو دو قسمیں ہیں، اس لیے کہ اگر قطعی و یقینی طور پر موضوع اور محمول کے اتحاد یا اس کے سلب کا حکم بالفعل ہو تو اس کو قضیہ بتّیہ کہتے ہیں۔ اور اگر موضوع و محمول کے اتحاد یا اس کے سلب کا حکم فرد پر وصف عنوانی کے منطبق ہونے کی صورت میں اس کے ثبوت و وجود کی تقدیر پر ہو تو اس کو قضیہ غیر بتّیہ کہتے ہیں۔ تو محققین کے نزدیک قضیہ کی چھ قسمیں ہیں:

خارجیہ بتّیہ، خارجیہ غیر بتّیہ، ذہنیہ بتّیہ، ذہنیہ غیر بتّیہ، حقیقیہ بتّیہ، حقیقیہ غیر بتّیہ۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ: اگر قضیہ میں عالم نفس الامر اور واقع کی حکایت ہو تو قضیہ بتّیہ ہے۔ تو اگر اس میں خاص ظرف خارج کی حکایت ہو تو بتّیہ خارجیہ ہے۔ اور اگر خاص ظرف ذہن کی حکایت ہو تو بتّیہ ذہنیہ ہے۔ اور اگر ظرف خارج و ذہن سے صرف نظر کر کے مطلق ظرف نفس الامر کی حکایت ہو تو بتّیہ حقیقیہ ہے۔ اور اگر قضیہ میں عالم فرض و تقدیر کی حکایت ہے تو قضیہ غیر بتّیہ ہے۔ تو اگر خارج کے اعتبار سے عالم فرض و تقدیر کی حکایت بایں معنی ہے کہ: فرد پر وصف عنوانی کے منطبق ہونے کی صورت میں اس کے موجود ہونے کی تقدیر پر خارج میں اس کے لیے محمول ثابت یا اس سے مسلوب ہو تو قضیہ غیر بتّیہ خارجیہ ہے۔ اور اگر ذہن کے اعتبار سے عالم فرض و تقدیر کی حکایت اس طرح ہے کہ: فرد پر وصف عنوانی کے منطبق ہونے کی صورت میں اس کے موجود ہونے کی تقدیر پر ذہن میں موضوع کے لیے محمول ثابت یا اس سے مسلوب ہو تو قضیہ غیر بتّیہ ذہنیہ ہے۔ اور اگر مطلق عالم نفس الامر کے اعتبار سے عالم فرض و تقدیر کی حکایت بایں معنی ہو کہ: وصف عنوانی فرد پر منطبق ہونے کی صورت میں مطلق نفس الامر میں اس کے موجود ہونے کی صورت میں خاص ظرف خارج و ذہن سے صرف نظر کر کے

موضوع کے لیے محمول ثابت یا اس سے مسلوب ہو تو قضیہ غیر بتّیہ ہے۔ "الافق المبین میں ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ:

"ان الحکم با لاتحاد إن کا ن بحسب حال الموضوع فی الأعیان کانت الحملیة **خارجیة** وإن کان بحسب خصوص التقرر والوجود الذهنی للموضوع کانت **ذهنیة** .وإن کان بحسب مطلق التقرر أو الوجود للموضوع مع عزل النظر عن خصوصیات الظروف والأوعیة من الأعیان والأذهان سمیت **حقیقیة**.ثم الحکم فی الحملیة إن کان با لاتحاد علی البتّ سمیت الحملیة **بتّیة** وإن کان با لفعل علی تقدیر انطباق طبیعة العنوان علی فرد وهو إنما یحصل بتقرُّر ماهیة الموضوع و وجودها سمیت حملیة **غیر بتّیة** وهی مسا وقة الصدق للشرطیة لا را جعة إلیه کما یظن".

یعنی موضوع کے ساتھ محمول کے اتحاد کا حکم اگر خارج میں موضوع کی حالت کے اعتبار سے ہو تو حملیہ **خارجیہ** ہے۔ اور اگر موضوع کے خاص وجود ذہنی کے اعتبار سے ہو تو قضیہ **ذہنیہ** ہے۔ اور اگر موضوع کے مطلق ثبوت و وجود کے اعتبار سے حکم ہو، ظرف خارج و ذہن کا اعتبار و لحاظ نہ ہو تو **حقیقیہ** ہے۔ پھر حملیہ میں اگر اتحاد کا حکم قطعی و یقینی طور پر ہو تو حملیہ **بتّیہ** ہے۔ اور اگر کسی فرد پر وصف عنوانی کی حقیقت کے منطبق ہونے کی تقدیر پر بالفعل حکم ہو اور یہ صرف موضوع کی ماہیت کے تحقق و وجود کے اعتبار سے ہوتا ہے تو اس کا نام حملیہ **غیر بتّیہ** ہے۔ اور یہ صدق میں شرطیہ کے مساوق (ہمیشہ اس کے ساتھ) ہوتا ہے نہ کہ اس کی طرف راجع جیسا کہ اس کا وہم ہوتا ہے۔

تو یہ بات مدلل و مبرہن ہو گئی کہ: خارجیہ، ذہنیہ اور حقیقیہ کی طرف قضیہ کی تقسیم کا مدار وصف عنوانی نہیں ہے بلکہ اس کی تقسیم محکی عنہ کے اعتبار سے ہے۔

اگر محکی عنہ خارج ہے تو قضیہ خارجیہ ہے۔ اور اگر ذہن ہے تو قضیہ ذہنیہ ہے۔ اور اگر نفس الامر ہے تو قضیہ حقیقیہ ہے۔ وصف عنوانی جو بھی ہو۔

اور یہ بھی جان لینا ضروری ہے کہ: خارجیہ بتیہ کا عکس مستوی خارجیہ بتیہ ہے۔ اور ذہنیہ بتیہ کا عکس مستوی ذہنیہ بتیہ ہے۔ اور حقیقیہ بتیہ کا عکس مستوی حقیقیہ بتیہ ہے؛ اس لیے کہ اصل قضیہ اور اس کے عکس مستوی کا مصداق اور محکی عنہ واقع میں ایک ہے۔ اور موجبہ بتیہ کی نقیض سالبہ بتّیہ ہے۔ اور اس کے برعکس بتّیہ کی نقیض غیر بتّیہ نہیں ہو سکتی؛ اس لیے کہ سلب تقدیری نفس الامر میں بتّیہ کے ثبوت کے منافی نہیں ہے۔ اور اس کے برعکس (ثبوت تقدیری نفس الامر میں بتّیہ کے سلب کے منافی نہیں ہے۔)

اور یہ بھی جان لینا ضروری ہے کہ: کوئی مفہوم اور کوئی مصداق نفس الامر میں ان تین مادوں: "وجوب، امکان اور امتناع" سے خالی نہیں ہے۔

ان مقدمات کی تمہید کے بعد ہم یہ کہتے ہیں کہ: ہمارا قول: "لا شیئ من ممکن ذاتی بمساو لسیدنا محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فی جمیع الکمالات دائما" سالبہ کلیہ حقیقیہ بتیہ دائمہ ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ: کبھی بھی کوئی ممکن بالذات حضور اقدس ﷺ کے تمام کمالات میں قطعی طور پر برابر نہیں ہے اور یہ سالبہ کلیہ حقیقیہ بتیہ دائمہ صادق ہے؛ اس لیے کہ اگر صادق نہ ہو تو اس کی نقیض یعنی موجبہ جزئیہ حقیقیہ بتیہ مطلقہ عامہ: "بعض الممکن الذاتی مساو لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات فی نفس الأمر بتة بالفعل أی فی أحد الأزمنة الثلاثة" (بعض ممکن بالذات حضور اقدس ﷺ کے تمام کمالات میں نفس الامر میں بالفعل قطعی طور پر برابر ہیں) صادق ہوگی تو نفس الامر میں بالفعل یعنی تینوں زمانوں میں سے کسی زمانے میں کسی شخص کا حضور اقدس ﷺ کے تمام کمالات میں برابر ہونا لازم ہے حالاں کہ تمام مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ:

نفس الامر میں تینوں زمانوں میں سے کسی زمانے میں کوئی شخص تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر نہیں ہے۔

اگر کوئی بے ایمان اس نقیض کو صادق جانتا ہے تو وہ اس کی نشان دہی کرے کہ: فلاں چیز اور فلاں شخص کے لیے فلاں زمانے میں نفس الامر میں تمام کمالات میں آپ کے برابر ہونا قطعی طور پر ثابت ہے اور جب یہ نقیض (موجبہ جزئیہ حقیقیہ بتیہ مطلقہ عامہ) کاذب ہے تو اس کی اصل لامحالہ صادق ہے تو اس کا یہ عکس صادق ہے:

"لا شئی من المساوی لسیدنا محمد ﷺ فی جمیع الکمالات بممکن ذاتی" جس کے معنی یہ ہیں کہ: حضور اقدس ﷺ کے تمام کمالات میں کوئی برابر شخص نفس الامر میں کبھی بھی قطعی طور پر ممکن بالذات نہیں۔ اور نفس الامر میں جو چیز کبھی بھی ممکن بالذات نہیں یا تو واجب بالذات ہے یا ممتنع بالذات؟ واجب بالذات ہونا بدیہی طور پر باطل ہے تو ممتنع بالذات ہونا متعین ہو گیا اور یہی مطلوب ہے۔ یہ استدلال کا حاصل ہے اب اس قائل کی بیہودہ باتوں کا حال سماعت فرمائیں اس نے یہ کہا کہ:

"کُلُّ مُمْکِنٍ کَذَا وَ بَعْضُ مُمْکِنٍ کَذَا" قضیہ حقیقیہ ہے؛ اس لیے کہ اس میں ممکن کے تمام یا بعض افراد پر حکم ہے۔"

اس کے اس کلام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے علم میں قضیہ حقیقیہ ہونے کا مدار اس پر ہے کہ: کوئی مفہوم ممکن، موضوع کا وصف عنوانی ہو، تو جس قضیہ کے موضوع کا وصف عنوانی مفہوم ممکن ہو اس کے علم میں قضیہ حقیقیہ ہے حالاں کہ قضیہ حقیقیہ ہونے کا مدار اس پر ہے کہ: موضوع کے لیے محمول کے ثبوت یا موضوع سے محمول کے سلب کا حکم مطلق نفس الامر کے اعتبار سے ہو، تو اگر وہ حکم قطعی اور یقینی طور پر ہے تو قضیہ حقیقیہ بتّیہ ہے۔ اور اگر وہ حکم وصف عنوانی کے فرد پر منطبق ہونے کی صورت میں اس کے وجود کی تقدیر پر ہو تو قضیہ حقیقیہ غیر بتیہ ہے۔ حقیقیہ، خارجیہ اور ذہنیہ کی طرف قضیہ کی

تقسیم میں اس سے بحث نہیں کہ موضوع کا وصف عنوانی ممکن ہے یا اور کوئی شئ۔ اس شخص کی عقل پر پردہ پڑا ہوا ہے، اس نے ابھی تک قضیہ حقیقیہ کا مفہوم ہی نہیں سمجھا ہے۔ جس قضیہ کے موضوع کا وصف عنوانی مفہوم ممکن ہو اس کی تینوں قسمیں ہو سکتی ہیں مثلاً ہمارا قول: "بعض ممکن جفت ہے" حقیقیہ بتیہ ہے اور ہمارا قول: "بعض ممکن کلی اور جنس ہیں" قضیہ ذہنیہ بتیہ ہے۔ اور "بعض ممکن آج کے دن کاتب ہیں" اور "بعض ممکن یہ کند ذہن احمق (بکواس کرنے والا) ہے" قضیہ خارجیہ بتّیہ ہے۔

اور اس کا یہ کہنا عجب استدلال ہے: "اس لیے کہ اس میں ممکن کے تمام یا بعض افراد پر حکم ہے"۔

اس لیے کہ اگر ممکن کے تمام یا بعض افراد پر ایسے محمولات کا حکم ہے جن کے مصداق خارج میں ہیں تو انہیں قضایا خارجیہ کہیں گے۔ اور اگر ایسے محمولات کا حکم ہے جن کے مصداق ذہن میں ہیں تو انہیں قضیہ ذہنیہ کہیں گے۔ اور اگر ایسے محمولات کا حکم ہے جن کے مصداق ظرف خارج و ذہن سے خاص نہیں تو انہیں قضیہ حقیقیہ کہیں گے جیسا کہ ہم ذکر کر چکے۔ تو اگر حکم قطعی و یقینی طور پر ہے تو اسے قضیہ بتّیہ کہیں گے اور اگر افراد پر وصف عنوانی کے منطبق ہونے کی تقدیر پر حکم ہو تو قضیہ غیر بتّیہ کہیں گے۔ قضیہ کے موضوع کو ممکن کے وصف عنوانی سے تعبیر کرنا اس بات کو مستلزم نہیں کہ وہ قضیہ حقیقیہ ہے۔ اس پیر نابالغ نے اب تک قضیہ حقیقیہ، خارجیہ اور ذہنیہ کے معنی ہی نہ سمجھے۔ اس کی اس غلطی کا سبب یہ ہے کہ: امکان معقولات ثانیہ سے ہے اس کا یہی معنی عام علم مابعد الطبیعہ میں مستعمل ہے اور سُلّم کے شارحین نے صاحب "الافق المبین" کی موافقت میں لکھا ہے کہ:

"ان معقولات ثانیہ سے مرتب ہونے والے قضایا، حقیقیہ ہوتے ہیں"

اس سے مراد یہ ہے کہ: جن قضایا کے محمول معقولات ثانیہ بہ معنی مستعمل فی علم مابعد الطبیعۃ ہوں، قضایا حقیقیہ بتیہ ہوتے ہیں جیسا کہ ہمارا قول: "الإنسان موجود" اور "الإنسان ممکن مثلاً" کہ یہ قضیہ حقیقیہ بتیہ ہیں؛ اس لیے کہ اس سے کوئی بحث نہیں کہ: ان محمولات کا ثبوت موضوع کے لیے خاص وجود خارجی یا ذہنی کے اعتبار سے ہے بلکہ مطلق نفس الامر کے اعتبار سے ان محمولات کا ثبوت معتبر ہے، یہ معقولات ثانیہ بہ معنی خاص (جو فن منطق کا موضوع ہے) کے برخلاف ہیں مثلاً کلی، ذاتی اور جنس و فصل ہونا کہ ان سے مرتب ہونے والے قضایا جن کے محمول معقولات ثانیہ بمعنی اخص ہوتے ہیں، قضایا ذہنیہ ہوتے ہیں؛ اس لیے کہ ان محمولات کا ثبوت خاص ظرف ذہن کے اعتبار سے ہے۔ اس شخص نے اپنی ناقہمی کے سبب یہ سمجھا کہ:

جس قضیہ کے موضوع کا وصف عنوانی مفہوم ممکن ہو، قضیہ حقیقیہ ہے۔ "ایسا قضیہ جس کے موضوع کا وصف عنوانی ممکن ہو، وہ حقیقیہ ہے" قائل کا درج ذیل کلام اس دعوی کے اثبات سے کوئی ربط نہیں رکھتا:

"ممکن کا وصف عنوانی اپنے افراد پر جس طرح افراد کے موجود ہونے کی حالت میں بالفعل صادق ہے، افراد کے معدوم ہونے کی حالت میں بھی صادق ہے"۔

کسی بھی قضیہ کو حقیقیہ یا خارجیہ یا ذہنیہ ثابت کرنے کے لیے یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ: موضوع کے لیے محمول کے

ثبوت کا مصداق کیا ہے؟ مطلق نفس الامر یا خاص ظرف خارج یا ذہن ؟اس نافہم نے صاحب "الافق المبین" اور شارحین سُلّم کا یہ کلام دیکھا کہ:

"معقولات ثانیہ بمعنی عام سے مرتب ہونے والے قضایا، حقیقیہ ہوتے ہیں"

اس سے اسے یہ وہم ہوا کہ: جس قضیہ کا مفہوم ممکن ہو وہ قضیہ حقیقیہ ہے چاہے وہ مفہوم ممکن، موضوع کا وصف عنوانی ہو یا محمول کا۔اور ان لوگوں کے کلام کا معنی نہ سمجھ سکا۔ اور یہ شخص اس مقام پر ایک دوسرے بہت بڑے اشتباہ میں گرفتار ہوگیا ہے جس کا بیان تفصیل طلب ہے وہ یہ ہے کہ: کتب منطق کے مصنفین کی اصطلاح میں قضیہ حقیقیہ کا اطلاق تین طرح سے ہوتا ہے: **ایک** وہ ہے جسے بعض مصنفین مثلاً صاحب شمسیہ اور اس کے شارح علامہ قطب الدین رازی اور صاحب تہذیب نے بتیہ اور غیر بتیہ سے عام قضیہ خارجیہ کو قضیہ حقیقیہ سے موسوم کیا ہے۔رسالہ شمسیہ میں ہے:

قولنا:"کل ج ب" یستعمل تارةً بحسب الحقیقة ومعناه:أن کل ما لو وجد کان "ج" من الأفراد الممکنة فهو بحیث لو وجد کان "ب" أی کل ما هو ملزوم "ج" فهو ملزوم "ب" و تارةً بحسب الخارج و معناه:کل ج فی الخارج سواء کان حال الحکم أو قبله أو بعده فهو "ب" فی الخارج".

"ہمارا قول:"کل ج ب" کبھی حقیقت کے اعتبار سے مستعمل ہوتا ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ:"ج" کے جتنے افراد ممکنہ موجود ہوں گے وہ اپنے وجود کی تقدیر پر "ب" ہوں گے یعنی جو "ج" کا ملزوم ہے وہ "ب" کا ملزوم ہے۔اور کبھی یہ قول خارج کے اعتبار سے مستعمل ہوتا ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ: جو خارج میں "ج" ہے چاہے حکم کی حالت میں یا اس کے پہلے یا اس کے بعد وہ خارج میں "ب" ہے۔"

شارح شمسیہ علامہ قطب الدین رازی نے کہا کہ:

قولنا:"کل ج ب" یعتبر تارةً بحسب الحقیقة و یسمی حینئذ حقیقیةً کأنها حقیقة القضیة المستعملة فی العلوم وأخری بحسب الخارج و یسمی خارجیةً. و المراد بالخارجِ الخارجُ عن المشاعر.

أما الأول: فنعنی به کل ما لو وجد کان "ج" من الأفراد الممکنة فهو بحیث لو وجد کان "ب" فا لحکم فیه لیس مقصورا علی ما له وجود فی الخارج فقط بل کل ما قدّر وجوده سواء کان موجودا فی الخارج أو معدوما فا لحکم لیس مقصورا علی أفراده الموجودة بل علیها و

على أفراده المقدّرة الوجود أيضا كقولنا: "كل إنسان حيوان". (۱)

یعنی ہمارا قول: "کل ج ب" کبھی باعتبار حقیقت معتبر ہوتا ہے اس وقت اس کا نام حقیقیہ ہوتا ہے گویا کہ علوم میں مستعمل قضیہ کی وہ حقیقت ہے اور کبھی خارج کے اعتبار سے مستعمل ہوتا ہے اور اس کا نام خارجیہ رکھا جاتا ہے اور خارج سے مراد ذہن سے خارج ہے۔

قضیہ حقیقیہ سے ہماری مراد یہ ہے کہ: "ج" کے جتنے ممکن افراد موجود ہوں گے وہ اپنے وجود کی تقدیر پر "ب" ہوں گے۔ اس میں صرف خارج میں موجود افراد پر حکم نہیں ہوتا بلکہ ان تمام افراد پر حکم ہوتا ہے جنھیں موجود مان لیا جاتا ہے چاہے وہ خارج میں معدوم ہوں یا موجود تو اس میں موضوع کے صرف موجود افراد ہی پر حکم نہیں ہوتا بلکہ خارج میں موجود اور مفروض سبھی افراد پر حکم ہوتا ہے۔ مثلاً ہمارا قول: ہر انسان حیوان ہے۔

پھر ماتن نے کہا:

"والفرق بين الاعتبارين ظاهر فأنه لو لم يوجد شئ من المربعات فى الخارج يصح أن يقال: كل مربع شكل باعتبار الأول دون الثانى ولو لم يوجد شئ من الأشكال فى الخارج إلا المربع يصح أن يقال: كل شكل مربع باعتبار الثانى دون الأول. (۲)

یعنی "حقیقیہ اور خارجیہ کے درمیان فرق ظاہر ہے؛ کیوں کہ اگر خارج میں کوئی مربع موجود نہ ہو تو حقیقیہ کے اعتبار سے یہ کہنا صحیح ہے کہ: "ہر مربع شکل ہے" خارجیہ کے اعتبار سے نہیں۔ اور اگر خارج میں صرف مربع ہی کی شکل ہو تو خارجیہ کے اعتبار سے یہ کہنا صحیح ہے کہ: "ہر شکل مربع ہے" حقیقیہ کے اعتبار سے نہیں۔"

شارح نے اسے تفصیلاً اس طرح ذکر کیا:

"قد ظهر لك مما بيناه أن الحقيقية لا تستدعى وجودالموضوع فى الخارج بل يجوز أن يكون موجودا فى الخارج و أن لا يكون و إذا كان موجودا فى الخارج فا لحكم فيه لا يكون مقصوراعلى الأفراد الخارجية فالموضوع إن لم يكن موجودا فقد تصدق القضية باعتبار الحقيقة دون الخارج كما إذا لم يكن شئ من المربعات موجودا فى الخارج تصدق بحسب الحقيقة: " كل مربع شكل"أى كل ما لو وجد كان مربعا فهو بحيث لو وجد كان شكلا و لا تصدق بحسب الخارج لعدم وجود المربع فى الخارج على ما هو المفروض وإن كان

---

(۱) رسالہ شمسیہ مع شرح قطبی: تصدیقات، ص ۱۰۱ مطبوعہ، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) رسالہ شمسیہ مع شرح قطبی: تصدیقات ص: ۱۰۷ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

الموضوع موجودا لم يخل إما أن يكون الحكم مقصورا على الأفراد الخارجية أو متناولاً لها و للأ فراد المقدرة فإن كان مقصوراعلى الأفراد الخارجية تصدق الكلية الخارجية دون الكلية الحقيقية كما إذا انحصر الأشكال فى الخارج فى المربع فيصدق: "كل شكل مربع" بحسب الخارج و هو ظاهر و لا يصدق بحسب الحقيقة أى لا يصدق كل ما لو وجد كان شكلا فهو بحيث لو وجد كان شكلا فهو بحيث لو وجد كان مربعا لصدق قولنا: بعض ما لو وجد كان شكلا فهو بحيث لو وجد كان ليس بمربع وإن كان الحكم متناولاً لجميع الأفرادالمحققة والمقدرة فيصدق الكليتان معا كقولنا: "كل إنسان حيوان" فإذن يكون بينهما خصوص و عموم من وجه". (۱)

"یعنی ہمارے اس بیان سے روشن ہو گیا کہ: قضیہ حقیقیہ کا موضوع خارج میں موجود ہونا ضروری نہیں بلکہ ممکن ہے کہ خارج میں موجود ہو اور موجود نہ ہو۔ اور جب موضوع خارج میں موجود ہو گا تو اس میں صرف خارجی افراد ہی پر حکم نہ ہو گا بلکہ خارج میں موجود اور مفروض دونوں افراد کو حکم عام ہو گا، بر خلاف خارجیہ کیوں کہ اس میں موضوع کے افراد کا خارج میں موجود ہونا ضروری ہے اور اس میں صرف خارجی افراد ہی پر حکم ہوتا ہے تو اگر موضوع موجود نہ ہو تو قضیہ حقیقیہ صادق ہے خارجیہ نہیں مثلاً اگر خارج میں کوئی مربع موجود نہ ہو تو قضیہ حقیقیہ کے اعتبار سے یہ صادق ہے: "ہر مربع شکل ہے" یعنی اگر مربع موجود ہو تو اپنے موجود ہونے کی تقدیر پر شکل ہو گا اور قضیہ خارجیہ صادق نہ ہو گا، اس لیے کہ ہمارے فرض کے اعتبار سے موضوع (مربع) خارج میں موجود نہیں۔ اور اگر موضوع موجود ہو تو دو حال سے خالی نہیں: یا تو صرف خارجی افراد پر حکم ہے یا خارج میں موجود اور مفروض دونوں افراد کو حکم عام ہے؟ تو اگر صرف خارجی افراد پر حکم ہو تو کلیہ خارجیہ صادق ہو گا، کلیہ حقیقیہ نہیں، مثلاً جب خارج میں صرف مربع ہی کی شکل ہو تو خارج کے اعتبار سے یہ صادق ہے: "ہر شکل مربع ہے" اور یہ ظاہر ہے۔ اور حقیقیہ کے اعتبار سے صادق نہیں یعنی یہ صادق نہیں کہ: اگر کوئی چیز موجود ہو تو وہ شکل ہو تو وہ اپنے موجود ہونے کی صورت میں صرف مربع ہی ہو گی، اس لیے کہ اس کی نقیض سالبہ جزئیہ صادق ہے: "یعنی بعض موجود اگر شکل ہوں تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں مربع نہ ہوں گے۔ اور اگر حکم تمام افراد محققہ اور مقدرہ کو شامل ہو تو کلیہ حقیقیہ و خارجیہ دونوں صادق ہوں گے مثلاً ہمارا یہ قول: "ہر انسان حیوان ہے" اس سے معلوم ہوا کہ ان دونوں میں عام خاص من وجہ کی نسبت ہے۔

اور متن "تہذیب" میں ہے:

"لابُدَّ فى الموجبة من وجودالموضوعِ محققاًو هى الخارجيةُ أو مقدراً فالحقيقيةُ أو ذهناً فالذهنيةُ." (۲)

---

(۱) قطبی تصدیقات ص: ۱۰۷، ۱۰۸ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) تہذیب المنطق ص: ۲۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

"موجبہ میں موضوع یا تو تحقیقاً موجود ہونا ضروری ہے اور یہ قضیہ خارجیہ ہے، یا تقدیراً تو یہ قضیہ حقیقیہ ہے، یا ذہناً تو یہ قضیہ ذہنیہ ہے"

شرح تہذیب میں ہے:

"القضايا الحملية المعتبرة باعتبار وجود موضوعها لها ثلاثة أقسام : لأن الحكم فيها إما على الموضوع الموجود فى الخارج محققا نحو كل إنسان حيوان بمعنى أن كل إنسان موجود فى الخارج حيوان فى الخارج و إما على الموضوع الموجود فى الخارج مقدرا نحو كل إنسان حيوان بمعنى أن كل ما لو وجد فى الخارج كان إنسانا فهو على تقدير وجوده حيوان و هذا الموجود المقدر إنما اعتبروه فى الأفراد الممكنة لا الممتنعة كأفراد اللاشئ و شريك البارى و إما على الموضوع الموجود فى الذهن كقولك :شريك البارى ممتنع بمعنى أن كل ما لو وجد فى الذهن و يفرضه العقل شريك البارى فهو موصوف فى الذهن بالامتناع و هذا إنما اعتبروه فى الموضوعات التى ليست لها أفراد ممكنة التحقق فى الخارج."[1]

موضوع کے وجود کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی تین قسمیں ہیں: اس لیے کہ ان میں حکم یا تو ایسے موضوع پر ہوگا جو خارج میں تحقیقاً موجود ہوگا جیسا کہ "ہر انسان حیوان ہے" جس کا معنی یہ ہے کہ: خارج میں جو انسان موجود ہے وہ خارج میں حیوان ہوگا، یا ایسے موضوع پر حکم ہوگا جو خارج میں فرضاً و تقدیراً موجود ہے جیسا کہ "ہر انسان حیوان ہے" یعنی خارج میں موجود ہونے کی صورت میں جو انسان ہوگا تو وہ اپنے موجود ہونے کی تقدیر پر حیوان ہوگا۔ مناطقہ نے اس تقدیری وجود کا اعتبار صرف ممکن افراد ہی میں کیا ہے، محال اور ممتنع افراد میں نہیں، مثلاً لاشئ اور شریک باری کے محال و ممتنع افراد۔ یا ایسے موضوع پر حکم ہوگا جو ذہن میں موجود ہے جیسا کہ شریک باری محال ہے، یعنی ذہن میں جو موجود ہو اور عقل اسے شریک باری فرض کرے تو وہ ذہن میں محال و ممتنع ہوگا۔ مناطقہ نے اس کا اعتبار صرف انھیں موضوعات میں کیا ہے جن کے افراد خارج میں موجود نہیں ہوسکتے۔

ان عبارتوں سے صاف ظاہر ہے کہ ان کتابوں کے مصنفین حقیقیہ: اس خارجیہ کو کہتے ہیں جس میں خارجی افراد پر حکم ہو اور صرف خارج میں موجود افراد ہی پر حکم نہ ہو بلکہ خارج میں مفروض افراد کو بھی حکم شامل ہو۔ ان مصنفین نے ان قضایا کو ذکر نہ کیا جن میں نفس الامر میں موجود افراد پر مطلقاً حکم ہوتا ہے جو ظرف خارج اور ذہن سے عام ہوتا ہے علامہ میر سید شریف رحمہ اللہ تعالی نے شرح شمسیہ کے حاشیہ میں اس فروگذاشت پر تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا:

"إن مثل قولنا: "كل ممتنع معدوم" قضية لا يمكن أخذها خارجية وهو ظاهر "إذ ليس

(۱) شرح تہذیب ص:۲۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

أفراد الموضوع موجودة فی الخارج محققا ولا حقيقية إذ لا يمكن وجود أفراده فی الخارج و قد اعتبر فی الحقيقية إمكان الأفراد كما مرّ.

و أجابَ (أی الشارحُ) بأن المقصود ضبط القضايا المستعملة فی العلوم فی الأغلب وما ذكرتم مما يستعمل نادرا فلم يلتفتوا إليه إذ لم يمكنهم إدراجه فی القواعد بسهولة. و منهم من جعل أمثال هذه القضايا ذهنية فقال: معنی قولك: كل ممتنع معدوم إن كل ما يصدق عليه فی الذهن أنه ممتنع فی الخارج يصدق عليه فی الذهن أنه معدوم فی الخارج فجعل القضايا ثلاثة أقسام: **حقيقية**: يتناول الحكم فيها جميع الأفراد الخارجية المحققة و المقدرة، و **خارجية**: يتناول الأفراد الخارجية المحققة فقط و **ذهنية**: تتناول الأفراد الموجودة فی الذهن فقط فالأولی أن يقال: أحوال الأشياء علی ثلاثة أقسام: قسم: يتناول الأفراد الذهنية و الخارجية المحققة و المقدرة وهذا القسم يسمی لوازم الماهيات كالزوجية للأربعة و الفردية للثلاثة و تساوی الزوايا الثلاث للقائمتين للمثلث و قسم: يختص بالموجود الخارجی كالحركة و السكون و الإضاءة و الإحراق و قسم: يختص بالموجود الذهنی كالكلية والجزئية والجنسية و غيرها فينبغی أن يعتبر ثلاث قضايا: **إحداها**: أن يكون الحكم فيها علی جميع أفراد الموضوع ذهنيا كان أو خارجيا، محققا كان أو مقدرا كالقضايا الهندسية و الحسابية و تسمی هذه حقيقيةً. و **ثانيتها**: أن يكون الحكم فيها مخصوصا بالأفراد الخارجية مطلقا محققا كان أو مقدرا كالقضايا الطبعية و يسمی هذه قضية خارجية. **وثالثتها**: أن يكون الحكم فيها مخصوصا بالأفراد الذهنية و يسمی قضية ذهنية كالقضايا المستعملة فی المنطق".(۱)

یعنی بلا شبہ ہمارے قول: "ہر محال شئ معدوم ہے" کے مثل قضیہ کو خارجیہ نہیں قرار دیا جاسکتا اور یہ ظاہر ہے؛ اس لیے کہ اس قضیہ کے موضوع کے افراد خارج میں تحقیقاً موجود نہیں اور اسے حقیقیہ بھی نہیں کہا جاسکتا؛ اس لیے کہ خارج میں اس کے افراد کا موجود ہونا ممکن نہیں جب کہ قضیہ حقیقیہ میں یہ معتبر ہے کہ: خارج میں افراد کا موجود ہونا ممکن ہو جیسا کہ گذرا۔

اور شارح نے اس کا یہ جواب دیا کہ: یہاں صرف ان قضایا کو قید تحریر میں لانا مقصود ہے جو علوم میں عام طور پر مستعمل ہیں اور تم نے جس قضیہ کا ذکر کیا اس کا استعمال نادر ہے تو مناطقہ نے اس کی طرف التفات نہ کیا؛ اس لیے کہ آسانی سے قواعد میں انہیں درج نہیں کیا جا سکتا۔ اور کچھ لوگوں نے ایسے قضایا کو ذہنیہ کہا ہے تو انھوں نے یہ کہا کہ: "ہر ممتنع معدوم ہے" اس قضیہ کا معنی یہ ہے کہ: جس پر ذہن میں یہ صادق آتا ہے کہ وہ خارج میں ممتنع ہے اس پر ذہن میں یہ صادق آتا ہے

(۱) میر قطبی ص: ۱۲۲-۱۲۳ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

کہ خارج میں معدوم ہے تو ان لوگوں نے قضیہ کی تین قسمیں کیں:

۱۔ **حقیقیہ**: جس میں حکم تمام افراد خارجیہ محققہ اور مقدرہ کو شامل ہوتا ہے۔ ۲۔ **خارجیہ**: جس میں حکم صرف افراد خارجیہ محققہ پر حکم ہوتا ہے۔ ۳۔ **ذہنیہ**: جس میں صرف ذہن میں موجود افراد پر حکم ہوتا ہے۔

تو یہ کہنا بہتر ہے کہ: اشیا کی حالتیں تین طرح کی ہیں: **ایک**: وہ جو افراد ذہنیہ و خارجیہ، محققہ و مقدرہ سب کو شامل ہے اور اس قسم کو لوازم ماہیات کہا جاتا ہے مثلاً چار کے لیے جفت اور تین کے لیے طاق اور مثلث کے لیے تینوں زاویوں کا دونوں قائموں کے برابر ہونا لازم ہے۔ اور **دوسری قسم**: موجود خارجی کے ساتھ خاص ہے مثلاً حرکت و سکون اور روشن کرنا اور جلانا۔ اور **تیسری قسم**: موجود ذہنی کے ساتھ خاص ہے مثلاً کلی، جزئی، جنس وغیرہ ہونا تو تین قضایا کا اعتبار کرنا مناسب ہے ایک وہ: جس میں موضوع کے تمام افراد پر حکم ہوتا ہے خواہ وہ افراد ذہنی ہوں یا خارجی، تحقیقی ہوں یا تقدیری مثلاً قضایا ہندسیہ و حسابیہ- اس کا نام حقیقیہ ہے۔ اور دوسری قسم وہ ہے: جس میں صرف خارجی افراد پر مطلقاً حکم ہوتا ہے تحقیقی افراد ہوں یا تقدیری جیسا کہ قضایا طبعیہ- اس کا نام خارجیہ ہے۔ اور تیسری قسم وہ ہے: جس میں صرف افراد ذہنیہ پر حکم ہوتا ہے اور اس کا نام قضیہ ذہنیہ ہے جیسا کہ منطق میں مستعمل قضایا۔" انتھی

علامہ میر سید شریف نے جس قضیہ حقیقیہ کو بیان فرمایا ہے وہ حقیقیہ کا ایک **دوسرا اطلاق** ہے اور اس کا ایک تیسرا اطلاق وہ ہے جسے "الافق المبین" سے نقل کیا گیا اس اطلاق کے اعتبار سے حقیقیہ کی دو قسمیں ہیں: بتیہ اور غیر بتیہ۔

تو معلوم نہیں کہ اس قائل کے قول: "کُلُّ مُمْکِنٍ کَذَا وَ بَعْضُ مُمْکِنٍ کَذَا" قضیہ حقیقیہ ہے" اس کے اس قول تک: "اور جب حکم معدوم افراد کو شامل ہے تو حقیقیہ ہوا" سے حقیقیہ کا کون سا اطلاق مراد ہے اگر اس سے وہ خارجیہ مراد ہے: جس میں حکم خارج میں موجود افراد اور خارج میں مفروض الوجود افراد کے ساتھ خاص ہوتا ہے جیسا کہ تہذیب، شرح تہذیب، شمسیہ اور شرح شمسیہ میں اس خارجیہ پر حقیقیہ کا اطلاق ہوا ہے تو وہ قضیہ جس کے موضوع کا وصف عنوانی مفہوم ممکن ہو اس کے حقیقیہ ہونے کی یہ علت بتانا کہ:

"ممکن کا وصف عنوانی اپنے افراد پر جس طرح افراد کے موجود ہونے کی حالت میں بالفعل صادق ہے ان افراد کے معدوم ہونے کی حالت میں بھی صادق ہے" اور یہ کہ: "جب حکم معدوم افراد کو شامل ہے تو قضیہ حقیقیہ ہوگا" محض بے معنی ہے اس کی چند وجہیں ہیں:

۱۔ قضیہ کا خارجیہ مقدرہ ہونا اپنے موضوع کے وصف عنوانی پر موقوف نہیں ہے۔

۲۔ جس قضیہ کے موضوع کا وصف عنوانی مفہوم ممکن ہو خارجیہ محققہ ہو سکتا ہے جیسا کہ گذرا۔ کسی قضیہ کے موضوع کا وصف عنوانی مفہوم ممکن ہونے سے اس قضیہ کا خارجیہ مقدرہ ہونا لازم نہیں آتا۔

۳۔ افراد موجودہ و معدومہ پر ممکن کے وصف عنوانی کے بالفعل صادق آنے کا بیان اس دعوی سے بالکل بے ربط ہے کہ:

"جس قضیہ کے موضوع کا وصف عنوانی مفہوم ممکن ہو وہ خارجیہ مقدرہ ہے"۔

اس لیے کہ خارجیہ مقدرہ میں وصف عنوانی کا اپنے موضوع کے افراد پر بالفعل نفس الامر میں صادق ہونا شرط نہیں ہے بلکہ اس کا مفاد یہ ہے کہ: موضوع کے افراد کے لیے محمول کے ثبوت کا حکم اس تقدیر پر ہے کہ وصف عنوانی ان افراد پر منطبق ہو۔ اور خود اس قائل نے حقیقیہ بمعنی خارجیہ مقدرہ کی مثال یہ ذکر کی ہے: "ہر عنقا پرندہ ہے" ظاہر ہے کہ عنقا کا وصف عنوانی بالفعل کسی شئ پر صادق نہیں، تو کسی قضیہ حقیقیہ بمعنی خارجیہ مقدرہ ہونے کا بیان اس بیان سے کوئی ربط نہیں رکھتا کہ: "موضوع کا وصف عنوانی اس کے افراد پر بالفعل نفس الامر میں صادق آتا ہے۔"

۴۔ اس شخص نے موجود و معدوم افراد کے لیے ممکن کے وصف عنوانی کا عموم بیان کر کے یہ کہا کہ:

"جب حکم معدوم افراد کو شامل ہے تو قضیہ حقیقیہ ہو گا۔"

اس کے اس کلام سے معلوم ہوا کہ اس بے چارے کو ابھی حکم کا معنی معلوم نہیں۔ وصف عنوانی دوسری چیز ہے اور حکم دوسری چیز ہے۔ اس جہالت کے باوجود معقولات میں دخل اندازی چہ معنی؟

۵۔ اس شق پر کہ: اس قائل کی مراد حقیقیہ سے وہ خارجیہ ہو جس کا حکم خارج میں موجود افراد اور مفروض الوجود افراد کے ساتھ خاص ہوتا ہے۔ اس کا یہ کہنا محض بے معنی ہے کہ:

جیسا کہ قضایائے ہندسیہ مثلاً: كُلُّ مُثَلَّث زَوَايَاهُ الثَّلَاثُ تُسَاوِيْ قَائِمَتَيْنِ "ہر مثلث کے تینوں زاویے دونوں قائموں کے برابر ہوتے ہیں"۔ اس کے اس کلام تک "اس لیے کہ ان لوگوں کے زعم وخیال میں مذکورہ کرہ اور خط اعظم کا موجود ہونا محال ہے۔"

اس لیے کہ مثلث کے تینوں زاویوں کا برابر ہونا مثلث کی ماہیت کے لیے لازم ہے اور اس خط مستقیم کے بغل میں دو قائمہ کا پیدا ہونا جو دوسرے خط پر قائم ہو اس کی ماہیت کے لوازم سے ہے تو یہ قضایائے حقیقیہ اس خارجیہ کے معنی میں نہیں جس میں مطلقاً صرف افراد خارجیہ پر حکم ہوتا ہے چاہے وہ افراد تحقیقی ہوں یا تقدیری بلکہ اس حقیقیہ کا ایک دوسرا معنی ہے جیسا کہ میر سید شریف قدس سرہ نے بیان فرمایا۔ اس قائل نے حقیقیہ کے ان دونوں معنوں میں خلط کر دیا شعور و تمیز سے عاری ہونے کے باعث ان دونوں معنوں کا فرق نہ جان سکا۔

۶۔ جب اس قائل کے زعم میں قضیہ حقیقیہ: "كُلُّ مُمْكِنٍ كَذَا أَوْ بَعْضُ مُمْكِنٍ كَذَا" (ہر ممکن ایسا ہے یا بعض ممکن ایسے ہیں) "اس خارجیہ کے معنی میں ہے: جس میں صرف خارجی افراد پر مطلقاً حکم ہوتا ہے افراد تحقیقی ہوں یا تقدیری۔ تو یہ دو حال سے خالی نہیں: یا تو اس کے نزدیک اس قضیہ کے صدق کے لیے محکوم علیہ کے افراد کا ممکن الوجود ہونا شرط ہے یا نہیں پہلی صورت میں اس کا یہ کلام محض لغو اور باطل ہے:

"لوگوں نے یہاں تک کہا کہ: اگرچہ خارج میں اس کا موجود و متحقق ہونا ممتنع ہو" اس کلام تک: "اس لیے کہ ان

لوگوں کے خیال میں مذکورہ کرہ اور خط اعظم کا موجود ہونا محال ہے۔"

اور دوسری صورت میں قضیہ: "كُلُّ مُمْكِنٍ كَذَا أَو بَعْضُ المُمْكِنِ كَذَا" (ہر ممکن ایسا ہے یا بعض ممکن ایسے ہیں) حقیقیہ ہونا اس قائل کے لیے مفید اور کار آمد نہیں ہے؛ اس لیے کہ اس صورت میں محال اور ممتنع چیزیں اس حقیقیہ کے حکم میں داخل ہوں گی تو اس حقیقیہ کے صدق سے تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا ممکن ہونا ثابت نہیں ہو سکتا۔

اور اگر اس قائل کے اس کلام: "كُلُّ مُمْكِنٍ كَذَا أَو بَعْضُ المُمْكِنِ كَذَا" (ہر ممکن ایسا ہے یا بعض ممکن ایسے ہیں) قضیہ حقیقیہ ہے: اس کلام تک: "اور جب حکم معدوم افراد کو شامل ہے تو قضیہ حقیقیہ ہوگا" میں قضیہ حقیقیہ سے اس کی مراد وہ قضیہ حقیقیہ ہے: "جس میں افراد خارجیہ و ذہنیہ، محققہ و مقدرہ سب کو حکم شامل ہو جیسا کہ علامہ میر سید شریف کے کلام میں گذرا تو اس صورت میں بھی اس قائل کے اقوال بے معنی ہیں:

اولاً: اس لیے کہ حقیقیہ بمعنی مذکور میں یہ معتبر ہے کہ: محمول افراد خارجیہ و ذہنیہ، محققہ و مقدرہ کو شامل ہو موضوع کے، وصف عنوانی کا عام ہونا معتبر نہیں تو اس دعوی کو ثابت کرنے کے لیے کہ قضیہ: "كُلُّ مُمْكِنٍ كَذَا أَو بَعْضُ المُمْكِنِ كَذَا" (ہر ممکن ایسا ہے یا بعض ممکن ایسے ہیں) حقیقیہ ہے یہ بیان بالکل بے ربط ہے کہ: ممکن کا وصف عنوانی موجود و معدوم افراد کو شامل ہوتا ہے۔ اور نیز اس صورت میں اس کا یہ کلام کہ: "جب حکم معدوم افراد کو شامل ہے تو قضیہ حقیقیہ ہوگا" اس بات کی دلیل ہے کہ اسے حکم کا معنی اور حکم اور وصف عنوانی کے درمیان فرق معلوم نہیں۔

ثانیاً: اس صورت میں اس قائل کا یہ کہنا بے معنی ہے کہ: "كُلُّ عَنْقَاءَ طَائِرٌ بِالْفِعْلِ" (ہر عنقا بالفعل پرندہ ہے) قضیہ خارجیہ کاذب ہے اور قضیہ حقیقیہ صادق ہے" اس کے اس قول تک: "بالفعل پرواز کا حکم ثابت ہوگا" اس لیے کہ قضیہ: "كُلُّ عَنْقَاءَ طَائِرٌ بِالْفِعْلِ" (ہر عنقا بالفعل پرندہ ہے) اس معنی کے لحاظ سے حقیقیہ نہیں ہے، یہ حقیقیہ بمعنی خارجیہ مقدرہ ہے۔

ثالثاً: اس صورت میں اس کا یہ کلام:

"اور منطق کے رسائل تہذیب و شمسیہ پڑھنے والوں سے یہ معنی پوشیدہ نہیں ہے"

اس بات کی دلیل ہے کہ وہ تہذیب و شمسیہ کی عبارت کے معنی نہیں جانتا ہے؛ اس لیے کہ تہذیب و شمسیہ میں حقیقیہ کا اطلاق اس معنی مذکور کے اعتبار سے نہیں ہے، تہذیب و شمسیہ میں حقیقیہ کا اطلاق اس خارجیہ پر ہے جس کا حکم صرف افراد خارجیہ کے اعتبار سے ہو اور خارج میں موجود افراد ہی پر حکم منحصر نہ ہو۔

رابعاً: اگر اس قائل کے نزدیک اس حقیقیہ کے صدق میں محکوم علیہ کے افراد کا ممکن الوجود ہونا شرط ہو تو اس کا یہ کلام بے معنی ہے کہ:

"لوگوں نے یہاں تک کہا ہے کہ: اگرچہ خارج میں اس کا موجود و متحقق ہونا ممتنع ہو" اس کے اس کلام تک: "اس لیے کہ ان لوگوں کے خیال میں مذکورہ کرہ اور خط اعظم کا موجود ہونا محال ہے۔"

اور اگر اس حقیقیہ کے صدق میں محکوم علیہ کے افراد کا ممکن الوجود ہونا شرط نہ ہو تو قضیہ: "كُلُّ مُمْكِنٍ كَذَا أَو بَعْضُ المُمْكِنِ كَذَا" (ہر ممکن ایسا ہے یا بعض ممکن ایسے ہیں) کا حقیقیہ ہونا اس کے لیے نفع بخش نہیں جیسا کہ ابھی گذرا۔

اور اگر حقیقیہ سے اس کی مراد وہ قضیہ حقیقیہ ہو: "جس میں موضوع و محمول کے اتحاد کا حکم نفس الامر میں موضوع کے مطلق ثبوت و وجود کے لحاظ سے ہو ظرف خارج و ذہن کی خصوصیتوں کا اعتبار و لحاظ نہ ہو" جیسا کہ "الافق المبین" میں ہے تو اس حقیقیہ کی دو قسمیں ہیں: (۱) بتّیہ (۲) غیر بتّیہ۔ اگر اس جگہ حقیقیہ سے حقیقیہ بتیہ مراد ہو تو اس شق پر یہ معنی درست ہے کہ: "جس قضیہ کا محمول مفہومِ ممکن ہو اس پر قضیہ حقیقیہ بتیہ صادق آسکتا ہے۔ اور جس قضیہ کے موضوع کا وصف عنوانی مفہومِ ممکن ہو جیسا کہ اس قائل کا زعم ہے اس کا حقیقیہ بتیہ ہونا ضروری نہیں۔ اور نیز اس تقدیر پر اس کا یہ قول باطل ہے:

"لیکن اگر اسے قضیہ حقیقیہ مانا جائے تو کذب لازم نہیں اور یہ ممنوع ہے"

اس لیے کہ نفس الامر میں بالفعل تینوں زمانوں میں سے کسی زمانے میں کسی ممکن کا حضور اقدس ﷺ کا مساوی ہونا قطعًا ثابت نہیں ہے؛ اس لیے کہ نفس الامر میں بالفعل تینوں زمانوں میں سے کسی زمانہ میں قطعی طور پر آپ کا کسی شئ کے برابر ہونا یا تو ظرف خارج میں ہوگا یا ظرف ذہن میں؟ پہلی شق باطل ہے جیسا کہ خود اس قائل کو اس کا اعتراف ہے اور دوسری شق بھی واضح طور پر باطل ہے؛ اس لیے کہ کمالات میں آپ کے برابر ہونا اوصاف ذہنیہ سے نہیں ہے یہاں تک کہ اس کے اتصاف کا ظرف ذہن ہو اور نفس الامر، صرف خارج اور ذہن ہے۔ خارج اور ذہن کے سوا کوئی اور شئ نہیں۔ اور جب خارج اور ذہن میں بالفعل تینوں زمانوں میں سے کسی زمانہ میں کوئی شئ کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر نہیں تو نفس الامر میں بالفعل تینوں زمانوں میں سے کسی زمانہ میں کوئی شئ کمالات میں آپ کے برابر نہیں تو یہ حقیقیہ بتّیہ یعنی قائل کا یہ قول کاذب ہوگیا:

"بعض الممكن الذاتى مساوٍ لسيدنا و شفيعنا ﷺ فى الكمالات بتة فى نفس الأمر بالفعل أى فى أحد الأزمنة الثلاثة" (یعنی بعض ممکن بالذات قطعی اور یقینی طور پر نفس الامر میں تینوں زمانوں میں سے کسی زمانہ میں حضور اقدس ﷺ کے کمالات میں برابر ہیں)

اور جب یہ حقیقیہ بتّیہ موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ کاذب ہوگیا تو اس کی نقیض یعنی سالبہ کلیہ دائمہ حقیقیہ بتّیہ یعنی ہمارا یہ قول صادق ہے: "لا شئ من الممكن الذاتى بمساوٍ لسيدنا محمد ﷺ فى الكمالات بتة فى نفس الأمر دائما" (یعنی یہ حقیقت قطعی طور پر ثابت ہے کہ: کوئی ممکن بالذات نفس الامر میں کبھی بھی حضور اقدس ﷺ کے کمالات میں برابر نہیں) تو اس کا عکس مستوی یعنی ہمارا یہ قول صادق ہے:

"لا شئ من المساوی لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات بممکن ذاتی بتة فی نفس الأمر دائما"
(یعنی نفس الامر میں کبھی بھی حضور ﷺ اقدس کا کوئی بھی مساوی قطعاً ممکن بالذات نہیں) تو ہمارا مطلوب ثابت رہا۔

اور نیز اس شق پر اس کا یہ قول بے معنی ہے: جیسا کہ "کل عنقاء طائر" اس لیے کہ قضیہ مذکورہ: حقیقیہ بتّیہ نہیں ہے وہ حقیقیہ خارجیہ ہے۔

اور اس کا یہ قول محض بے معنی ہے:

"اور منطق کے رسائل تہذیب و شمسیہ پڑھنے والوں پر یہ معنی پوشیدہ نہیں۔"

اس لیے کہ تہذیب و شمسیہ میں حقیقیہ بتیہ کا ذکر ہی نہیں ہے، صاحب تہذیب و صاحب شمسیہ نے خارجیہ حقیقیہ کا نام حقیقیہ رکھا ہے اور اس حقیقیہ کو سرے سے ذکر ہی نہیں کیا ہے جس میں ظرف خارج و ذہن کی خصوصیتوں کا اعتبار کیے بغیر نفس الامر میں موضوع کے مطلق ثبوت و وجود کے لحاظ سے موضوع و محمول کے اتحاد کا حکم ہوتا ہے۔

نیز اس شق پر اس کا یہ قول محض بے معنی ہے:

"جیسا کہ قضایاے ہندسیہ "اس کے اس قول تک:" اس لیے کہ ان لوگوں کے خیال میں مذکورہ کرہ اور خط اعظم کا موجود ہونا محال ہے۔"

اس لیے کہ یہ قضایا حقیقیہ بتّیہ نہیں ہیں۔ اور اس شق پر اس کا یہ قول محض باطل و بے ہودہ ہے:

"تو موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ حقیقیہ مذکورہ قائل کا یہ قول اس کے اس قول تک: اور یہی مطلوب ہے۔"

اس لیے کہ قائل کا قول:" بعض الممکن الذاتی مساوٍ لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات بالفعل أی فی أحد الأزمنة الثلاثة "حقیقیہ بتیہ کے طور پر کاذب ہے؛ اس لیے کہ بلاشبہ نفس الامر یعنی خارج یا ذہن میں بالفعل یعنی تینوں زمانوں میں سے کسی زمانہ میں کوئی شئ کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے قطعاً مساوی نہیں ہے۔ یعنی یہ موجبہ جزئیہ حقیقیہ بتیہ مطلقہ عامہ کاذب ہے تو اس کا عکس مستوی بھی کاذب ہے اور اس کی نقیض یعنی: "لا شئ من ممکن ذاتی بمساوٍ لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات دائما" (کوئی بھی ممکن بالذات ہمارے سرکار محمد مصطفیٰ ﷺ کے کمالات میں کبھی بھی برابر نہیں) لا محالہ صادق ہے۔ اور جب یہ سالبہ کلیہ حقیقیہ بتیہ دائمہ صادق ہے تو اس کا یہ عکس مستوی لا محالہ صادق ہے: "لا شئ من المساوی لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات بممکن ذاتی بتة فی نفس الأمر دائما" (یعنی تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کوئی بھی شخص نفس الامر میں کبھی بھی قطعاً ممکن بالذات نہیں۔)

اور اگر حقیقیہ سے اس کی مراد حقیقیہ غیر بتیہ ہو تو اس شق پر بھی اس قائل کا کلام بے معنی ہے اس لیے کہ کسی قضیہ کے

موضوع کا وصف عنوانی مفہوم ممکن ہونے سے اس قضیہ کا حقیقیہ غیر بتیہ ہونا لازم نہیں ہے جیسا کہ اس قائل کا خیال ہے۔

نیز اس شق پر اس کا یہ قول بے معنی ہے:

"ہر عنقا بالفعل پرندہ ہے" اس کے اس قول تک: "اس کے لیے بالفعل پرواز کا حکم ثابت ہوگا"

اس لیے کہ "کلُّ عنقاءَ طائرٌ" خارجیہ غیر بتیہ ہے، حقیقیہ غیر بتیہ نہیں۔ اور اسی طرح اس کا یہ کہنا اس شق پر بالکل بے معنی ہے:

"منطق کے رسائل تہذیب و شمسیہ وغیرہ پڑھنے والوں پر یہ معنی پوشیدہ نہیں"

اس لیے کہ تہذیب و شمسیہ میں حقیقیہ غیر بتیہ مذکور ہی نہیں ہے، ان دونوں کتابوں میں خارجیہ غیر بتیہ کو حقیقیہ کہا ہے اور ان سب کے باوجود اس صورت میں نہ تو مستدل کا کوئی نقصان ہے اور نہ ہی اس قائل کا کوئی فائدہ اس لیے کہ حقیقیہ غیر بتیہ شرطیہ کا مساوق (ہمیشہ ساتھ ساتھ) ہے۔ اور یہ نفس الامر کی حکایت نہیں، عالم فرض کی حکایت ہے تو قائل کا یہ قول: "بعض الممکن مساو لسیدنا محمد ﷺ فی الکمالات بالفعل ای فی أحد الأزمنة الثلاثة" یعنی بعض ممکن سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے کمالات میں بالفعل یعنی تینوں زمانوں میں سے کسی زمانے میں برابر ہیں قائل کے اس قول کا مساوق ہے: "بعض ما لو وجد کان ممکنا ذاتیا فھو بحیث لو وجد کان مساو یالسیدنا ﷺ في أحد الأزمنة الثلاثة المفروضة" یعنی بعض ممکن بالذات اگر موجود ہوں تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں مفروضہ تینوں زمانوں میں سے کسی ایک زمانے میں سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے برابر ہوں گے۔ اور اس کا عکس یعنی "بعض المساوی ممکن بالفعل" (بعض مساوی ممکن بالفعل ہیں) قائل کے اس قول کا مساوق ہے: "بعض ما لو وجد کان مساو یافھو بحیث لو وجد کان ممکنا فی أحد الأزمنة الثلاثة المفروضة" (بعض مساوی اگر موجود ہوں تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں مفروضہ تینوں زمانوں میں سے کسی ایک زمانے میں ممکن ہوں گے) اور ان دونوں قضیہ حقیقیہ غیر بتّیہ کو (جس میں عالم فرض کی حکایت ہے) صادق مان لینے کی صورت میں نفس الامر میں مساوی کا ممکن ہونا لازم نہیں آتا جس طرح "کل لا شیٔ لا ممکن" یعنی ہر لاشئ، لاممکن ہے جو قضیہ حقیقیہ غیر بتیہ ہے جس میں عالم فرض کی حکایت ہے اور اس قول کا مساوق ہے: "کلُّ ما لو وجد کان لا شیئا فھو بحیث لو وجد کان لا ممکنا" اس کے صدق سے لاممکن کے ساتھ موضوع "لاشئ" کے حمل کا صدق نفس الامر میں بالفعل لازم نہیں آتا۔

حاصل یہ ہے کہ اس قائل کا کلام از اول تا آخر حقیقیہ کے اطلاقات میں سے کسی اطلاق پر کوئی معنی نہیں رکھتا چہ جائے کہ مستدل کو کوئی نقصان یا اس قائل کا کوئی فائدہ ہو، یہ پیر نابالغ اپنے کلام میں غور و فکر نہیں کرتا اور بے سوچے سمجھے جو کچھ زبان پر آتا ہے بک دیتا ہے اور اس بے عقلی کے باوجود معقولات میں لب کشائی کرتا ہے۔

کلاغے تگ کبک در گوش کرد تگ خویشتن رافراموش کرد

(کوّا چلا ہنس کی چال، اپنی چال بھول گیا۔)

اگر پختہ مغز جنون اپنا دیوانہ سر، پر شکوہ پہاڑ پر اس سودائے خام اور ناقص جنون میں مارے کہ اسے اکھاڑ کر پھینک دے گا تو اپنا دیوانہ سر توڑے گا اور اس پر شوکت پہاڑ کے مضبوط پتھر میں کوئی اثر نہ ہوگا۔

یَا نَاطِحَ الْجَبَلِ الرَّاسِي لِتَصْدَعَه ارْحَمْ عَلَى الرَّأْسِ لَاتَرْحَمْ عَلَى الْجَبَل

اے محکم پہاڑ کو توڑنے کی خاطر اس پر سر مارنے والے اپنے سر پر رحم کھا پہاڑ پر نہیں۔

اس شخص کا یہ کلام بے معنی ہے:

"تمام مسلمان اور جملہ اہل ایمان کے متفقہ عقیدہ کے بر خلاف الخ"

تمام مسلمان اور جملہ اہل ایمان ان حدیثوں پر ایمان رکھتے ہیں جنھیں اس قائل نے از راہ نفاق ملمع سازی کے ارادے سے ذکر کیا ہے اس کی ان ذکر کردہ حدیثوں سے یہ ثابت ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص فرض کرنا اجتماع نقیضین کا مصداق فرض کرنا ہے اور ایک ایسی چیز فرض کرنا ہے جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ تو تمام مسلمان اور جملہ اہل ایمان کا اس بات پر ایمان ہے کہ: حضور اقدس ﷺ تمام ممکنات سے برتر اور تمام ماسوی اللہ سے افضل ہیں کسی مؤمن و مسلم کا یہ عقیدہ نہیں کہ: کوئی ممکن اور کوئی ماسوی اللہ حضور اقدس ﷺ کے کمالات میں برابر ہے۔ اس قائل نے فہم و ایمان سے بے بہرہ، شیخ نجدی کی پاسداری میں اپنے باطل خیال کے اعتبار سے حضور اقدس ﷺ کے مساوی کا مصداق تراشا جو ازلاً و ابداً خارجاً وذہناً کسی شئ پر صادق نہیں۔ ہزار ہا ہزار اختراعی لاشئ کو بے ایمانی کے سبب حضور اقدس ﷺ کا مساوی قرار دے کر محال اور ممتنع چیزوں کا امکان ثابت کرنے کے مخمصہ میں خود کو ڈال کر ارباب فہم اور اہل ایمان کی نظروں میں اپنے آپ کو ذلیل و رسوا کیا۔ اگر مٹھی بھر عوام کالانعام جو ممکن اور محال ہونے کے معنی نہیں سمجھتے اور محال بالذات چیزوں کو اللہ سبحانہ کا مقدور گمان کر لیتے ہیں، شیخ نجدی کے دامِ تزویر میں گرفتار ہو کر محال بالذات چیزوں پر اللہ سبحانہ کو قادر گمان کریں تو ان عوام کالانعام کے اوہام وخیالات کو اجماع نہیں کہا جا سکتا۔ اور اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت ممتنع بالذات کے داخل نہ ہونے کا قول جرأت و بے باکی نہیں، جسارت و بے باکی اور الحاد و بے دینی وہ ہے جس کی طرف شیخ نجدی نے اقدام کر کے عیب ونقص پر اللہ سبحانہ کو قادر گمان کیا اور اس کا فعل اور ترک فعل صحیح جان کر اپنے باطل خیال کے اعتبار سے اس کی دلیلوں کو ذکر کیا اور اس قائل نے اس کی تقلید کے نتیجہ میں اپنی عقل اور اپنا دین وایمان برباد کیا اور یہاں تک کہہ ڈالا کہ: "تمام ممکنات و حوادث کے ساتھ اللہ سبحانہ کا متحد ہونا اور ان تمام خسیس اور عیب دار چیزوں سے اس کا متصف ہونا ممکن بالذات ہے"، جو مرتبۂ ذات احدیہ مقدسہ میں اللہ سبحانہ کے تمام ممکنات و حوادث کے ساتھ متحد ہونے اور مرتبۂ ذات میں عیب ونقص اور بے حیائی و برائی

کی تمام چیزوں سے متّصف ہونے کو مستلزم ہے۔

مخالف نے کہا:

مدعی کو اتنی بھی سمجھ نہیں کہ عالم ربانی نے کب اور کہاں یہ فرمایا کہ: حضور کے برابر ممکن شخص اللہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہوکر موجود ہے یہاں تک کہ دو سالبہ کلیہ دائمہ خارجیہ کے صدق اور ایک موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ خارجیہ کے کذب کے سبب اس کا دعوی باطل کرے۔ **عالم ربانی نے یہ فرمایا ہے کہ: "اگر حق چاہے تو بہت سے امثال مذکور پیدا کر ڈالے"** عالم ربانی کے اس کلام سے صاف صاف واضح ہے کہ: امثال مذکور موجود نہیں، مگر ممکن اور اللہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہیں۔ اور ارباب معرفت نے عالم ربانی کے اس کلام کے موافق تصریح بھی فرمائی ہے جیسا کہ انشاء اللہ آئے گا اور جو ممکن معدوم، شئ موجود بالفعل کے بالفعل مساوی ہوتا ہے، اور کوئی شخص اس مساوات و برابری کا حکم کرتا ہے تو یہ حکم مساوات و برابری اس معدوم ممکن کے موجود ہونے ہی کی صورت میں ہے اور یہی قضیہ حقیقیہ کا مدلول ہے، مثلاً کوئی شخص یہ کہے کہ: "عمرو بالفعل زید کے برابر ہے" اور عمرو معدوم ہے تو اگر اس کی یہ مراد ہے کہ: اگر عمرو موجود ہو تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں زید کے برابر ہے تو یہ صادق ہے، ورنہ کاذب۔ تو عالم ربانی نے جس برابری کا دعوی کیا ہے اس کا ابطال متصور نہیں یہاں تک کہ معترض کے ذکر کردہ قضایا خارجیہ کے مادہ میں دو سالبہ کلیہ دائمہ حقیقیہ صادق اور ایک موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ حقیقیہ کاذب نہ ہوگا حالاں کہ معاملہ بالکل برعکس ہے؛ اس لیے کہ موجبہ جزئیہ مطلقہ عامہ حقیقیہ صادق ہے اور عکس بھی صادق، تو دونوں سالبہ کلیہ دائمہ حقیقیہ (اصل اور اس کا عکس) تناقض کے قاعدہ کے رو سے کاذب ہوں گے۔ اور جب قائل کے قیاس کا صغری کاذب و باطل ہے تو اس کے قیاس کی بنیاد ہی منہدم ہوگئی اور اس کے الحاد کی جڑ ہی کٹ گئی۔

اقول: ایسے بے علم و بے ایمان نجدی کو عالم ربانی کہنا الحاد و بے دینی اور سراسر زندیقی ہے جس کے علم و اعتقاد میں اللہ سبحانہ کا عیب و نقص سے متّصف ہونا اور نہ ہونا دونوں ممکن ہے، جس نے اپنی کج فہمی اور بے ایمانی کے سبب بزعم خویش اس کی دلیلیں بھی ذکر کیں اور حضور افضل الخلق ﷺ کے استخفاف شان کی کوشش کر کے ایک مخلوق کو بے دین کیا، عوام اور بازاری لوگوں کو حضور اقدس ﷺ اور بزرگان دین کی تنقیص شان کا حوصلہ دیا، عام جاہلوں کو حضرات ائمۂ مجتہدین کی تقلید سے برگشتہ کیا، علم فقہ کے عظیم الشان سرمایہ کو ان جاہلوں کی نظر میں بالکلیہ غیر معتبر اور غیر معتمد قرار دیا اور اس کی جہالت اس درجہ عروج پر تھی کہ وہ کذب، قدرت اور تکوین وغیرہ کے معنی نہ جان سکا اور شفاعت کا معنی مسخ کرکے بے

ہودہ گوئی کی اور غایت بے ایمانی کے سبب سفر روضۂ اطہر، زیارت اقدس اور امن بخشنے والے حرم مدینہ مقدسہ کی تعظیم و تکریم کو شرک فی العبادت گمان کیا جیسا کہ تفویت الایمان بنام تقویت الایمان میں ایسے باطل خیالات ذکر کیے۔

جب سالبہ کلیہ دائمہ حقیقیہ بتیہ یعنی: "لا شئ من المساوی لسیدنا محمد ﷺ بممکن ذاتی فی نفس الأمر بتة دائما" عکسِ سالبہ کلیہ دائمہ حقیقیہ بتیہ یعنی: "لا شئ من الممکن الذاتی بمساوٍ لسیدنا

ﷺ فی نفس الأمر بتة دائما" کا صدق دلیل و برہان سے ثابت ہو چکا تو یہ بات بھی متحقق ہو گئی کہ: نفس الامر میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ممکن بالذات نہیں، تو شیخ نجدی کا قول باطل ہے اور حقیقیہ تقدیریہ میں نفس الامر کی حکایت نہیں ہوتی بلکہ عالم فرض و تقدیر کی حکایت ہوتی ہے اور عالم فرض و تقدیر میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا ممکن ہونا اگر مان لیا جائے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ: وہ نفس الامر میں بھی ممکن ہو۔ اور وہ معدوم جس کے موجود ہونے کی تقدیر پر کسی شئ موجود بالفعل سے اس کی مساوات کا حکم کیا جائے وہ معدوم ممکن ہوتا ہے تو یہ یہاں لازم نہیں آتا (اس لیے کہ جس معدوم کو حضور اقدس ﷺ کا مساوی فرض کیا جا رہا ہے وہ معدوم ممکن نہیں بلکہ معدوم محال ہے۔) اور کسی شخص کا یہ کہنا بہر حال کاذب ہے کہ: "جو عمرو ازلاً و ابداً اور ذہناً و خارجاً معدوم ہے وہ زید کے باپ بکر کا بیٹا ہونے میں زید کے برابر ہے یا کسی ایسی دوسری صفت میں دونوں برابر ہیں جس میں اس معدوم ازلی ابدی کا زید کے ساتھ اشتراک متصور نہ ہو"۔

جب دونوں سالبہ کلیہ دائمہ حقیقیہ بتّیہ کا صدق مبرہن ہو گیا تو نافہم نجدی کا قول سرے سے باطل ہو گیا اور اس قائل کی کج عقلی اور نافہمی بھی روشن ہو گئی اور اس افترا پرداز قائل کا جہلا و عوام کی فریب دہی کے لیے ارباب معرفت کی روشن تصریح کو بے ایمان نجدی کے موافق قرار دینا محض افترا پردازی اور بہتان تراشی ہے۔ یہ جاہل نجدی ارباب معرفت کو بدعتی اور کافرو مشرک گمان کرتا تھا اور علی رؤس الاشہاد اپنے متبعین کو اولیائے کبار کی اتباع سے روکتا اور ان سے نفرت کی تاکید و تلقین کرتا۔ اس کا اور اس کے پیروکاروں کا اہل عرفان سے کیا علاقہ، تعجب خیز اور حیرت انگیز امر یہ ہے کہ: یہ قائل ہر باب میں خواہ وہ عقائد سے متعلق نہ ہو متکلّمین کی اتباع پر جان دے دیتا ہے مگر اس مقام پر اس جاہل نجدی کی پیروی کی خاطر متکلّمین کی پیروی کو بالائے طاق رکھ دیا؛ اس لیے کہ متکلّمین قضیہ حقیقیہ کو مانتے ہی نہیں، نجدی کے کلام مذکور کی تائید و حمایت کی خاطر اس بے شعور و بے لگام شخص نے اشعریت کا شعار چھوڑنا بھی روا رکھا تو بر تقدیرِ تنزّل، متکلّمین کے مسلمات کی بنیاد پر اس کی ساری گفتگو بے فائدہ بکواس ہے۔

مخالف نے کہا:

اب یہ بات قابل سماعت ہے کہ علمائے کرام و اولیائے عظام کا قول و اعتقاد جیسا کہ آئے گا یہ ہے کہ: خیر البریہ و اکمل الخلیقہ علیہ و علی آلہ الف الف الصلوۃ والتحیۃ کا شریک و مساوی اور نظیر و مثل میدان وجود میں، لباس ہستی پہن کر، موجود نہ ہوا اور ساحت شہود میں مشہود و معہود نہ ہوا لیکن ملک قدرت الٰہی یعنی خدا کی غیر متناہی طاقت و قوت کی وسیع آبادی میں اس مماثل و مساوی کا موجود ہونا ممکن ہے اگرچہ دائمی طور پر ملک عدم میں خانہ نشیں اور خلوت گزیں رہے؛ اس لیے کہ شریعت مطہرہ کی خبر سے یہی ثابت ہے کہ: "رب العالمین جلّت قدرتہ کی بارگاہ میں حضرت خاتم النبیین سید المرسلین، شفیع المذنبین علیہ الصلوات والتحیات تمام مخلوقات سے افضل و بہتر ہیں۔ اور اس کے لیے لازم ہے کہ: آپ سے افضل اور آپ کے برابر

کسی مخلوق کو پیدا نہ فرمائے، نہ یہ کہ آپ کے برابر شخص کا پیدا فرمانا ممکن بالذات ہی نہیں، تو خدائے قدیم کا علم وارادۂ قدیم اس سے متعلق ہوا کہ آپ کے برابر اور آپ سے افضل پیدا نہ فرمائے گا، جس کے سبب اس برابر وافضل شخص کا وجود محال ہوا، لیکن جو چیز اس بنا پر محال وممتنع ہو کہ اللہ کا علم وارادہ اس شئ کے عدم یا اس شئ کے خلاف سے متعلق ہو، وہ انسان کی طرف نسبت کرتے ہوئے بھی اس بات کو مستلزم نہیں کہ: اس کا وجود انسان کی قوت وقدرت میں نہ ہو، چہ جائے کہ حضرت واجب الوجود شانہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اس کا وجود اس کی قدرت میں نہ ہو۔

شرح عقائد نسفی میں ہے:

"ولا يكلّف العبدبما ليس في وسعه سواء كان ممتنعاً في نفسه كجمع الضدّين أو ممكناً كخلق الجسم،وأمّا ما يمتنع بناء على أنّ الله تعالى علم خلافه أ و أراد خلافه كإيمان الكافر وطاعة العاصي فلا نزاع في وقوع التكليف به؛لكونه مقدوراً للمكلّف بالنظر إلى نفسه، ثُمَّ عدم التكليف بما ليس في الوسع متّفق عليه،بقوله تعالى :"لَا يُكَلِّفُ اللهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا" (البقرة:٢٨٦)والأمر في قوله تعالى :"أَنۢبِـُٔونِي بِأَسْمَاءِ هٰؤُلَاءِ" (البقرة:٣١) للتعجيز دون التكليف. وقوله حكايةً:"رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ" (البقرة:٢٨٦) ليس المراد بالتحميل هو التكليف، بل إيصال ما لا يطاق من العوارض إليهم، وإنما النزاع في الجواز فمنعته المعتزلة بناء على القبح العقليّ، وجوّزه الأشعريّ؛ لأنه لا يقبح من الله تعالى شيء.

وقد يستدلّ بقوله :"لَايُكَلِّفُ اللهُ نَفْسًا إِلَّاوُسْعَهَا"(البقرة:٢٨٦)على نفي الجواز. و تقريره: أنه لو كان جائزاً لَمَا لزم من فرض وقوعه محال،ضرورة أنّ استحالة اللازم توجب استحالة الملزوم تحقيقاً لمعنى اللزوم لكنّه لو وقع لزم كذب كلام الله تعالى وهو محال. وهذه نكتة في بيان استحالة كلّ ماتعلّق علم الله وإرادته واختياره بعدم وقوعه، وحلّها:أنّا لا نسلّم كلّ ما يكون ممكناً في نفسه لا يلزم من فرض وقوعه محال، وإنّما يجب ذلك لو لم يعرض له الامتناع بالغير،وإلاّ لجاز أن يكون لزوم المحال بناء على الامتناع بالغير، ألا ترى أنّ الله تعالى لَمَّا أوجد العالم بقدرته واختياره، فعدمه ممكن في نفسه مع أنه يلزم من فرض وقوعه تخلّف المعلول عن علّته التامّة وهو محال. والحاصل:أنّ الممكن لا يلزم من فرض وقوعه محال بالنظر إلى ذاته، وأمّا بالنظر إلى أمر زائد على نفسه فلا نسلّم أنه لا يستلزم المحال".[1]

---

(۱) شرح عقائد نسفی ،ص:۱۰۴-۱۰۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ.

"یعنی اللہ تعالی بندہ کو ایسی چیز کی تکلیف نہیں دیتا جو اس کی وسعت سے باہر ہو چاہے وہ نفس الامر میں محال ہو جیسا کہ اجتماع ضدین یا ممکن ہو جیسا کہ جسم کا پیدا فرمانا، لیکن جو چیز اس بنا پر محال ہے کہ اللہ کا علم و ارادہ اس کے خلاف سے متعلق ہے مثلاً کافر کا ایمان لانا اور نافرمان شخص کا مطیع و فرمانبردار ہونا تو ایسی شئ کی تکلیف کے واقع ہونے میں کوئی اختلاف نہیں، اس لیے کہ وہ شئ اپنی نفس ذات کے اعتبار سے مکلف کی قدرت میں ہے۔ پھر اس پر سب کا اتفاق ہے کہ: جو چیز بندہ کے بس میں نہیں واقع یہی ہے کہ اللہ نے بندہ کو اس کا مکلف نہ بنایا؛ اس لیے کہ اللہ تعالی نے فرمایا: "جو چیز بندہ کے بس سے باہر ہے اسے اس کی تکلیف نہیں دیتا" اور اللہ سبحانہ کا اپنے اس ارشاد میں فرشتوں کو یہ حکم فرمانا کہ: "مجھے ان چیزوں کے نام بتاؤ" فرشتوں کی عاجزی اور بے بسی ظاہر کرنے کے لیے ہے، انہیں اس کا مکلف بنانے کے لیے نہیں۔ اور اللہ تعالی نے اپنے بندوں کے قول کی حکایت کرتے ہوئے فرمایا کہ: "اے ہمارے رب! ہم پر وہ بار نہ رکھ جس کی ہم میں طاقت نہیں" اس آیت کریمہ میں "بار رکھنے سے" تکلیف دینا مراد نہیں بلکہ بندوں تک ایسے عوارض پہچانا مقصود ہے جن کی وہ طاقت نہیں رکھتے۔ نزاع صرف جائز و ممکن ہونے میں ہے۔ تو معتزلہ نے صرف اس بنیاد پر اسے ممنوع کہا کہ: وہ عقلاً قبیح ہے۔ اور امام ابوالحسن اشعری نے اسے اس لیے جائز رکھا کہ: اللہ سے کوئی شئ قبیح نہیں ہوتی۔

اور اس جواز کی نفی پر کبھی اللہ تعالی کے اس ارشاد سے استدلال کیا جاتا ہے کہ: "اللہ " کسی جان کو اس کی طاقت و وسعت بھر ہی تکلیف دیتا ہے۔

اور اس استدلال کی تقریر یہ ہے کہ: اگر تکلیف جائز ہو تو اسے واقع مان لینے سے محال لازم نہ آئے گا؛ اس لیے کہ یہ چیز بدیہی ہے کہ لازم کا محال ہونا ملزوم کے محال ہونے کو مستلزم ہوتا ہے تاکہ لزوم کا معنی ثابت و قائم رہے لیکن اگر ایسی تکلیف واقع ہو تو اللہ عزوجل کے کلام کا کاذب ہونا لازم آئے گا اور یہ محال ہے۔ یہ نکتہ ان تمام چیزوں کے محال ہونے میں جاری ہے جن کے واقع نہ ہونے سے اللہ عزوجل کا علم یا اس کا ارادہ یا اس کا اختیار متعلق ہے۔ اور اس کا حل یہ ہے کہ: ہم یہ نہیں مانتے کہ: "جو چیز فی نفسہ ممکن ہے اسے واقع مان لینے سے کوئی محال لازم نہ آئے گا" یہ صرف اس وقت لازم ہے جب کہ امتناع بالغیر عارض نہ ہو۔ کیا آپ دیکھتے نہیں کہ: اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت و اختیار سے عالم کو وجود بخشا تو اس کا عدم فی نفسہ ممکن ہے حالاں کہ عدم ماننے سے معلول کا اپنی علت تامہ سے مؤخر ہونا لازم آتا ہے اور یہ محال ہے۔ حاصل یہ ہے کہ: ممکن کی نفس ذات کے اعتبار سے اسے واقع مان لینے سے محال لازم نہیں آتا، لیکن نفس ذات کے سوا دیگر چیزوں کے اعتبار سے اس کا محال کو مستلزم نہ ہونا ہمیں تسلیم نہیں"۔

متاخرین ارباب اصول و کلام کی دیگر کتابوں میں اس سے زیادہ تحقیق موجود ہے جیسا کہ علما پر پوشیدہ نہیں۔

اقول: بلکہ اب یہ بات قابل سماعت ہے کہ تمام علمائے کرام، اولیاے عظام اور جمیع اہل اسلام کا اعتقاد یہ ہے کہ:

حضور اقدس ﷺ تمام ممکنات اور اللہ سبحانہ کے سوا ساری چیزوں سے افضل ہیں اور آپ کا شریک ومثل جو اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے، محال بالذات ہے۔اور آپ کا خاتم النبیین ہونا جو قرآن کریم کے روشن نص اور تمام مسلمانوں کے اجماع قطعی سے ثابت ہے اس بات کی محکم دلیل ہے کہ: تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص کا ہونا محال بالذات ہے، جیسا کہ عنقریب انشاء اللہ تعالی آئے گا، تو اس گمراہ بے وقوف کا کلام بکواس اور بے معنی ہے جو مبحث سے بالکل خارج ہے۔ محال کی تکلیف کے جواز یا عدم جواز کی بحث کا اس مقام سے کوئی ربط و تعلق ہی نہیں۔

اس برگشتۂ راہ حق نے اپنے منتہائے علم شرح عقائد نسفی کی عبارت اس لیے نقل کی، تاکہ جاہل عوام اسے صفِ علما سے شمار کریں، ایسی بے ربط عبارت نقل کرنے سے ارباب فہم وبصیرت پر اس کی ذلت و خواری خود بخود ظاہر ہو جاتی ہے۔ اس کی نقل کردہ عبارت کے آخر میں یہ ہے کہ:

"وَالْحَاصِلُ أَنَّ الْمُمْكِنَ لَا يَلْزَمُ مِنْ فَرْضِ وُقُوْعِهِ مُحَالٌ بِالنَّظَرِ إِلٰى ذَاتِهِ، وَأَمَّا بِالنَّظَرِ إِلٰى أَمْرٍ زَائِدٍ عَلٰى نَفْسِهِ فَلَا نُسَلِّمُ أَنَّهُ لَا يَسْتَلْزِمُ الْمُحَالَ"(۱)

"حاصل یہ ہے کہ ممکن کی نفس ذات کے اعتبار سے اسے واقع مان لینے سے محال لازم نہیں آتا، لیکن نفس ذات کے سوا دیگر چیزوں کے اعتبار سے اس کا محال کو مستلزم نہ ہونا ہمیں تسلیم نہیں"۔

یہ منقولہ عبارت خود اس بات کی روشن دلیل ہے کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ممکن نہیں ہے، اس لیے کہ اسے واقع مان لینے سے اس کی ذات کے اعتبار سے محال لازم آتا ہے، اس لیے کہ تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص اگر واقع ہو تو یا تو آپ کے تمام کمالات سے متصف ہو گا یا نہیں؟ اگر متصف نہ ہو تو تمام کمالات میں برابر مان لینے کی صورت میں برابر نہ ہونا لازم آتا ہے یہ مفروض کے خلاف ہے۔ اور اگر متصف ہو تو یہ لازم ہے کہ وہ مساوی تمام انسانوں کا سردار ہو، آدم اور آپ کے سوا تمام لوگ اس کے لواء الحمد کے نیچے ہوں، وہی سب سے پہلے زمین سے باہر آنے والا، سب سے پہلے شفاعت کرنے والا، سب سے پہلے دروازۂ جنت کی زنجیر ہلانے والا ہو، سب سے پہلے اسی کی شفاعت مقبول ہو، اکرم الاولین والآخرین علی اللہ، خاتم النبیین، امام النبیین، ان سب کا شفیع اور ایسے مقام پر فائز ہو جس پر اس کے سوا کوئی دوسرا قائم نہ ہو گا، اسی کو وہ درجہ حاصل ہو جو ایک شخص کے سوا کسی کو حاصل نہ ہو گا۔

اور جب اس صورت میں حضور اقدس ﷺ کا ان خاص اوصاف و کمالات سے متصف ہونا مسلم ہے تو آپ کے برابر شخص کا ان سے متصف نہ ہونا لازم ہے تو اس صورت میں یہ لازم آیا کہ: آپ کے برابر شخص آپ کے برابر ہو اور برابر نہ ہو، تو ان دونوں صورتوں میں اس مساوی کو واقع مان لینے سے اس مساوی کے نفس معنی کے اعتبار سے یہ لازم آتا ہے کہ: وہ

(۱) شرح عقائد نسفی، ص: ۱۰۴-۱۰۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ.

برابر ہے اور برابر نہیں اور یہ اجتماع نقیضین کا مصداق اور محال بالذات ہے تو آپ کے برابر شخص ممکن نہیں ہو سکتا اس لیے کہ ممکن کو واقع مان لینے سے اس کی نفس ذات کے اعتبار سے محال لازم نہیں آتا (جب کہ سرکار کا مساوی ممکن مان لینے پر اس کی نفس ذات کے اعتبار سے محال لازم آرہا ہے) اور یہ **"عقل اول" کے عدم کے بر خلاف ہے جو فلاسفہ کے نزدیک اللہ سبحانہ کا معلول بالایجاب ہے اور جس کا عدم فلاسفہ کے نزدیک اللہ سبحانہ کے عدم کو مستلزم ہے؛ اس لیے کہ عقل اول کا عدم اس کی نفس ذات کے اعتبار سے محال کو مستلزم نہیں، وہ اس لیے محال بالذات کو مستلزم ہے کہ معلول موجب کا اپنی علت موجبہ سے مؤخر ہونا لازم آتا ہے جو کہ محال ہے، اور ہمارے مسئلہ دائرہ میں تمام کمالات مذکورہ میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا مصداق خود اپنے برابر نہ ہونے کو مستلزم ہے اور جس شی کا وجود خود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے۔**

مقام حیرت یہ ہے کہ اس سراپا نفاق شخص نے عوام اور بے علموں کو دھوکا دینے کے لیے حضور اقدس ﷺ کی یہ صفت ذکر کی: "حضرت خاتم النبیین، سید المرسلین اور شفیع المذنبین" تا کہ جاہل عوام اسے مؤمن مخلص جانیں، ورنہ یہ شخص یا تو خاتم النبیین، سید المرسلین اور شفیع المذنبین کے معنی سے جاہل وغافل ہے یا جاہل وغافل بن رہا ہے۔ اگر یہ شخص فہم وایمان سے بہرہ رکھتا تو جانتا کہ آپ کا شریک و مثل ممکن اور واقع ماننے کی صورت میں یا تو وہ تمام انبیا و مرسلین کے عموم میں داخل ہوگا، تو اس صورت میں یہ برابر شخص کم رتبہ اور مفضل علیہ ہوگا، نہ کہ خاتم النبیین اور سید المرسلین، تو برابر نہیں ہو سکتا۔ اور اگر تمام انبیا اور مرسلین کے عموم میں داخل نہ ہو تو اسے واقع ماننے کی صورت میں تمام انبیا اور مرسلین میں سے نہ ہوگا تو وہ مساوی مفروض الوقوع آپ کے برابر نہیں ہو سکتا، تو ان دونوں مذکورہ شقوں پر جس برابر شخص کو واقع مانا گیا، برابر نہ ہو سکا اور نیز اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے، تو وہ ممتنع بالذات ہے۔

نیز آپ کے برابر شخص ممکن اور واقع ماننے کی صورت میں یا تو وہ سید المرسلین ہوگا تو اس شق پر حضور اقدس ﷺ کا سید المرسلین نہ ہونا لازم آتا ہے۔ العیاذ باللہ تعالی۔ اس لیے کہ "المرسلین" جمع کا صیغہ معرف باللام ہے جس پر "لام استغراق" داخل ہے اور **سید المرسلین کا معنی:** "سب رسولوں سے بزرگ تر رسول ہے" "سب رسولوں سے بزرگ تر رسول لا محالہ صرف ایک ہی رسول ہے۔ دو رسول "سید المرسلین" نہیں ہو سکتے۔ اس شق پر یا تو آپ اس مساوی مفروض الوقوع کے برابر نہ ہوں گے تو جس برابر شخص کو واقع مانا گیا تھا وہ برابر نہ ہوا یا وہ شخص مساوی سید المرسلین نہ ہوگا تو وہ برابر نہ ہوا۔ تو ان دونوں صورتوں میں اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے۔

اور اسی طرح "النبیین" جمع معرف باللام ہے جس پر "لام استغراق" داخل ہے اور **"خاتم النبیین" کا معنی: "تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہے۔ جو لامحالہ صرف ایک ہی نبی ہیں۔ دو شخص تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی نہیں ہو سکتے۔** تو حضور اقدس ﷺ کے جس شریک و مساوی کو واقع مانا گیا، یا تو وہ خاتم النبیین،

یعنی تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہوگا۔ تو اس صورت میں آپ کا خاتم النبیین نہ ہونا لازم ہے۔ العیاذ باللہ تعالی۔ تو آپ اس مساوی کے شریک و مساوی نہ ہوئے جسے واقع مانا گیا، توجس مساوی کو واقع مانا گیا تھا وہ آپ کا شریک و مساوی نہ ہوا۔ یا وہ مساوی خاتم النبیین یعنی تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی نہ ہوگا، تو حضور اقدس ﷺ کے برابر نہ ہوگا اور ان دونوں شقوں پر اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو، وہ ممتنع بالذات ہے۔ اگر یہ شخص فہم و ایمان سے بہرہ رکھتا تو اس بات پر ایمان لاتا کہ: "صرف حضور اقدس ﷺ ہی سید المرسلین اور خاتم النبیین ہیں۔ اور اس جاہل نجدی کی تقلید میں اس کے بے معنی خرافات کو صحیح قرار دینے کے لیے اس قدر عرق ریزیاں نہ کرتا، اس کی اتباع میں اپنا دین اور اپنی عقل برباد نہ کرتا اور ایسی سطحی اور غیر معقول بات سے طالبان علم کے درمیان خود کو ذلیل و خوار نہ کرتا۔

رہ گیا اس کا حضور اکرم ﷺ کی یہ صفت بیان کرنا کہ: "آپ شفیع المذنبین ہیں۔ واضح ہے کہ یہ بھی اس کے نفاق کی بنا پر ہے؛ اس لیے کہ باب شفاعت میں اس کا وہی اعتقاد ہے جو اس کے مقتدا نے "تفویت الایمان" بنام "تقویت الایمان" میں بیان کیا، جس کی قباحت و شناعت محتاج بیان نہیں۔

استاذ نے فرمایا کہ: "دوسری وجہ یہ ہے کہ: ایسا شخص جو تمام کمالات میں حضور اکرم ﷺ کے برابر ہو اس کے ممکن ہونے کا قول، اجتماع نقیضین کے ممکن ہونے کا قول ہے اور یہ باطل ہے۔"

مخالف نے کہا:

"دونوں قولوں کے درمیان اتحاد و عینیت کا قول کرنا بالبداہۃ باطل ہے چاہے قول بمعنی مصدری ہو یا بمعنی مقول؛ اس لیے کہ معنی مصدری کی تقدیر پر لفظ قول کے افراد ایسے افراد حصص ہیں جو باہم متغائر و متبائن ہوتے ہیں، جیسا کہ اس کے مقام پر ثابت ہو چکا ہے۔ تو دونوں قول باہم متبائن ہوں گے، پھر حمل و اتحاد کہاں؟ اور دوسری صورت میں **پہلے قول** کا حاصل یہ ہوگا کہ: "تمام کمالات میں برابر شخص ممکن ہے" اور **دوسرے قول** کا حاصل یہ ہے کہ: "اجتماع نقیضین ممکن ہے" اس حاصل کلام کی بنا پر دونوں قولوں کے درمیان اتحاد کا نہ ہونا ظاہر ہے۔ اور اگر اس کی مراد یہ ہے کہ: "پہلا قول دوسرے قول کو مستلزم ہے" تو اگر قائل کی دلیل تام ہے تو استلزام ثابت ہوگا، لیکن یہ استلزام مدعی کے مطلوب کے لیے مفید و کارآمد نہیں؛ اس لیے کہ اجتماع نقیضین کا ملزوم، لازم نہیں ہے کہ محال بالذات ہو؛ اس لیے کہ ملزوم کبھی محال بالذات، اور کبھی محال بالغیر اور ممکن بالذات ہوتا ہے، جیسا کہ زید کا وجود اس کے معدوم ہونے کی صورت میں اجتماع نقیضین کو مستلزم ہے اس کے باوجود ممکن بالذات ہے۔ اور ان شاء اللہ اس کی مزید تفصیل آئے گی۔

اقول: تمام انسانوں یہاں تک کہ بے وقوفوں اور بچوں پر بھی یہ بات واضح و روشن ہے کہ: "ایسا شخص جو تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر ہو محال بالذات نہیں "اس جملے کے الفاظ اور اسی طرح ان الفاظ کے معانی محال بالذات

نہیں ،اس لیے کہ یہ الفاظ اپنے بولنے والوں کی زبانوں کے ساتھ قائم و موجود ہیں اوران الفاظ کے معانی اذہان میں حاصل اور معقول و متصور ہیں اور اسی طرح اجتماع نقیضین کالفظ جوزبانوں پر جاری اور جس کامعنی ذہنوں میں قائم ہے یہ لفظ اور اس کامعنی محال بالذات نہیں ہے، محال بالذات اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔یعنی جس شئی پر اجتماع نقیضین صادق ہے اور جو اجتماع نقیضین کامصداق ہے وہ محال بالذات ہے تو ہمارے **استاذ مدظلہ** کے کلام کاحاصل یہ ہے کہ:

"جو شخص تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کا مصداق ہے وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ یعنی اس برابر شخص پر یہ صادق ہے کہ:وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر ہے اور برابر نہیں۔اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے تو تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص محال بالذات ہے۔اور تمام کمالات میں آپ کے برابر کے مصداق کو ممکن ماننا، اجتماع نقیضین کے مصداق کو ممکن ماننا ہے؛اس لیے کہ تمام کمالات میں آپ کے برابر کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے، تو اس کا ممکن ہونا اجتماع نقیضین کے مصداق کا ممکن ہونا ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہونا اس برابر شخص کا محال بالذات ہونا ہے۔

جب قول وعبارت اور قضیہ سے مقصود اس کا مضمون اور مفاد ہوتا ہے تو جہاں ایک قول کا مفاد دوسرے قول کا مفاد ہو وہاں یہ کہا جاسکتا ہے کہ:"یہ قول وہ قول ہے۔اگرچہ ان دونوں قولوں کے الفاظ اور ذہن میں حاصل شدہ ان الفاظ کے معانی متغائر ہوں مثلاً اگر کوئی یہ کہے کہ:"زید انسان ہے "اور زید انسان نہیں "بیک وقت دونوں کا صدق ممکن ہونے کا قول کرنا اس بات کا قول کرنا ہے کہ:"اجتماع نقیضین "ممکن ہے تو کوئی عاقل اس شخص پر یہ اعتراض نہیں کرسکتا کہ:"پہلا قول دو قضیہ ملفوظہ پر مشتمل ہے اور دوسرا قول اس پر مشتمل نہیں ہے تو مذکورہ دونوں قول یکساں اور عین نہیں، خواہ قول بمعنی مصدری ہو یا بمعنی مقول؛اس لیے کہ ہر عاقل کو معلوم ہے کہ قائل کا مقصود یہ ہے کہ:زید انسان ہے اور زید انسان نہیں۔ ان دونوں قضیوں کا صدق ممکن ماننے کا مفاد اجتماع نقیضین کو ممکن ماننے کا مفاد ہے۔اس کا مفاد یہ نہیں کہ:قول بمعنی مصدری کے دونوں حصے یا اس مقولہ کے الفاظ یا ان الفاظ کے معانی ایک ہیں جیسا کہ یہ کہتے ہیں کہ:یہ کہنا کہ:"وجود عین ماہیات ہے۔یہ کہنا ہے کہ:"وجود مشترک لفظی ہے "حالاں کہ قول بمعنی مصدری کے دونوں حصے اور ان دونوں قولوں کے مقولہ کے الفاظ متبائن و متغائر ہیں اور جیسے ابن تیمیہ کی ایک عبارت ایسی ہی ہے۔ابن تیمیہ اس فرقۂ نجدیہ کا معلم اول ہے۔اسی کی تعلیم سے اس قائل کے مقتدا) مصنف تقویت الایمان (نے روضۂ فائض الانوار جناب سید الابرار علیہ ازکی صلوات الملک الحنان الغفار کی زیارت کی نیت سے طیبۂ طیّبہ کا سفر کرنا،اس بارگاہ خلائق پناہ کے آداب زیارت بجالانا اور حرم مکرم مدینہ منورہ کا احترام کرنا شرک فی العبادت میں شمار کیا ہے۔ابن تیمیہ کی عبارت یہ ہے کہ:

"إِنَّهُ لَا فَرْقَ بَيْنَ بَدِيْهَةِ الْعَقْلِ بَيْنَ أَنْ يُقَالَ:هُوَأَيِ اللهُ سُبْحَانَهُ مَعْدُوْمٌ وَأَنْ يُقَالَ:طَلَبْتُهُ فِيْ جَمِيْعِ الْأَمْكِنَةِ فَلَمْ أَجِدْهُ"

"بداہت عقل کے نزدیک ان دونوں قولوں کے درمیان کوئی فرق نہیں کہ:"وہ یعنی اللہ سبحانہ معدوم ہے"اور یہ کہ"میں نے اسے تمام جگہوں میں تلاش کیا تو نہ پایا"

حالاں کہ دونوں قول بمعنی مصدری اور مذکورہ دونوں قولوں کے اداشدہ الفاظ کے درمیان کھلا ہوا فرق ہے مگر چوں کہ ابن تیمیہ مجسمہ میں سے تھا اس لیے اس کے علم واعتقاد میں دونوں قولوں کا مفاد ایک ہے۔عقل سے دور رفتہ اس نجدی نے اپنی حماقت وضلالت کے سبب استاذ مد ظلہ کے کلام پر جو اعتراض کیا ہے ٹھیک وہی اعتراض اس کے **شیخ الشیوخ نجدی جماعت کے معلم** ابن تیمیہ کے اس کلام پر بھی وارد ہے۔یہ قائل اپنے شیخ الشیوخ کے کلام کا جو معنی بیان کرے گا اسی طریقہ پر ہمارے استاذ کے کلام کا معنی سمجھ لے اور اس قسم کی بے ہودہ باتیں جو ایسے کند ذہن نافہموں کا منتہائے ہمت ہوتی ہیں، ان سے باز آئے.ظاہر ہے کہ الفاظ اور ان کے معانی ذہنیہ کے ممکن ہونے کی گفتگو نہیں ہے،**اصل گفتگو** یہ ہے کہ:تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا مصداق ممکن ہے یا نہیں؟ اور **مقصود کلام** یہ ہے کہ:اس مساوی کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔بلحاظ مفاد اس مصداق کا ممکن ماننا اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ماننا ہے۔ اس کم عقل نے اس کلام کو اس پر محمول کیا کہ:قول بمعنی مصدری کے دونوں حصے اور بولے ہوئے الفاظ دونوں متحد اور عین ہیں۔اس کے بعد ایسی بے کار اور بے معنی باتیں کیں۔اس نے یہ نہ جانا کہ:اس کلام کے الفاظ اور ان کے معانی ذہنیہ کے ممکن ہونے کی گفتگو نہیں ہے۔"و ما هو أول قارورةٍ کسرت فی الإسلام۔"

رہا یہ ثابت کرنا کہ:"تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے"۔ تو انشاء اللہ العزیز عنقریب اس کی گفتگو آئے گی اور اس شخص کی اس بدعقلی اور کج فہمی کا علاج بھی آئے گا جس کی وجہ سے اس کی عقل میں بے معنی اوہام پیدا ہوئے۔

اور اسی سے یہ بات مبرہن ہوگئی کہ اس قائل کا سارا کلام بے معنی بکواس ہے۔ہمارے ذکر کردہ کلام سے یہ روشن ہوگیا کہ:دونوں قولوں کے اتحاد کا اعتراض بے ہودہ پن ہے۔

آگے اس نے کہا ہے کہ:

اور اگر اس کی مراد ہے کہ:"یہ پہلا قول دوسرے قول کو مستلزم ہے اس کے اس کلام تک "کبھی محال بالغیر اور ممکن بالذات ہوتا ہے"

اس کا یہ کلام چند وجوں سے بے معنی ہے:

(۱) یہ شخص اس بات کا قائل ہے کہ:"اگر مدعی (یعنی ہمارے استاذ مد ظلہم العالی) کی دلیل تام ہو تو پہلے قول کا دوسرے قول کو مستلزم ہونا ثابت ہوگا"اور اس کے فہم کے مطابق پہلا اور دوسرا قول یا تو بمعنی مصدری ہے یا بمعنی مقول؟ پہلی صورت میں اس کے کلام کا معنی یہ ہے کہ:"تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ممکن ہے" ان

الفاظ کو بولنا، یہ تین الفاظ - یعنی امکان، اجتماع ، نقیضین - بولنے کو مستلزم ہے اور یہ واضح طور پر باطل ہے ؛ اس لیے کہ کسی شخص کا چند مخصوص الفاظ کو بولنا اس شخص کے دوسرے مخصوص الفاظ بولنے کو مستلزم نہیں ہو سکتا، بولنا بولنے والے کے اختیار میں ہوتا ہے۔ ایک بولنا دوسرے بولنے کو لازم نہیں ہو سکتا۔ خواہ کوئی دلیل تام ہو یا نہ ہو۔

اور دوسری صورت میں اس کے کلام کا معنی یہ ہے کہ: "مقولہ اول کے الفاظ مقولہ دوم کے الفاظ کو مستلزم ہیں" اور اس کا بطلان بھی واضح ہے، اس لیے کہ کسی بولنے والے کے ساتھ ایک لفظ کا قائم و موجود ہونا اس بات کو مستلزم نہیں کہ اس بولنے والے (لافظ) کے ساتھ دوسرا لفظ بھی قائم و موجود ہو خواہ کوئی دلیل تام ہو یا نہ ہو۔

اور اگر اس کے کلام: " پہلا قول دوسرے قول کو مستلزم ہے "۔ میں پہلے اور دوسرے قول کا معنی قول بمعنی مصدری اور قول بمعنی مقول کے سوا اور کچھ ہے تو ہمارے استاذ کے کلام میں واقع دونوں لفظ قول کو قول بمعنی مصدری اور بمعنی مقول کے ساتھ خاص کرنا باطل ہے اور اس سے پہلے جو کچھ کہا بے فائدہ ہے۔

(۲) اس کا یہ قول کہ:

" اجتماع نقیضین کا ملزوم لازم نہیں ہے کہ محال بالذات ہو اس لیے کہ ملزوم کبھی محال بالذات اور کبھی محال بالغیر اور ممکن بالذات ہوتا ہے "

اس کے فہم کے مطابق محض بے معنی ہے؛ اس لیے کہ اس کے فہم کے مطابق اس کے اس کلام کا یا تو یہ معنی ہے کہ: مقولہ اول کے الفاظ کا کہنا مقولہ ثانی کے الفاظ کہنے کو مستلزم ہے، یا یہ معنی ہے کہ: مقولہ اول کے الفاظ مقولہ ثانی کے الفاظ کو مستلزم ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ یہ تینوں الفاظ: امکان، ۲: اجتماع اور ۳: نقیضین اور ان کا کہنا محال بالذات نہیں ہے۔

اور اگر اس کی مراد یہ ہے کہ:

پہلے مقولہ کے مفہوم کا وجود ذہنی، مقولہ ثانی کے مفہوم کے وجود ذہنی کو مستلزم ہے۔ یعنی یہ کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کے امکان کے مفہوم کے معنی کا وجود ذہنی اور ذہن میں اس معنی و مفہوم کا حصول اجتماع نقیضین کے امکان کے مفہوم کے معنی کے وجود ذہنی اور ذہن میں اس کے حصول کو مستلزم ہے۔ تو اس تقدیر پر اس کی یہ گفتگو صحیح نہیں ہے، اس لیے کہ اجتماع نقیضین کا مفہوم محال نہیں ہے۔

اور اگر اس کی یہ مراد ہے کہ "اس قضیے کا مصداق کہ ": "تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا مصداق ممکن ہے "اس قضیے کے مصداق کو مستلزم ہے کہ: " اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ہے "تو اس تقدیر پر بھی اس کا کلام بے معنی ہے "اس لیے کہ تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے، اس لیے کہ اس کے موجود ہونے کی صورت میں اس پر یہ صادق آتا ہے کہ: "وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر ہے اور برابر نہیں۔ اور اس مساوی کے مصداق کا ممکن ہونا اجتماع نقیضین کے مصداق کا ممکن ہونا ہے۔ تو پہلے قضیہ کا مصداق

دوسرے قضیہ کا مصداق ہے، نہ یہ کہ پہلے قضیہ کا مصداق دوسرے قضیہ کے مصداق کو مستلزم ہے۔ اور جب پہلے قضیے کا مصداق دوسرے قضیے کا مصداق ہے تو اس بنا پر یہ کہنا صحیح ہے کہ: ان دونوں قضیوں کا مفاد ایک ہے۔ اور عبارت کے فرق و تغایر سے اس پر کوئی اثر مرتب نہیں ہوتا۔ استاذ کی ذکر کردہ دلیل کی تمامیت تسلیم کر لینے کے بعد اس قائل کو یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ: "پہلے اور دوسرے قضیہ کا مصداق ایک نہیں، بلکہ الگ الگ ہے اور پہلے قضیہ کا مصداق دوسرے قضیہ کے مصداق کو مستلزم ہے۔" یہاں تک کہ اس کا یہ کلام صحیح ہو جب کہ استاذ کی دلیل مذکور کا مقتضا یہ ہے کہ: جس پر مساوی صادق ہے اس پر یہ صادق ہے کہ: وہ مساوی نہیں ہے، تو مساوی کے مصداق کا ممکن ہونا دو نقیضوں کے مصداق کا ممکن ہونا ہے۔ یعنی یہ کہ: "وہ مساوی ہے اور مساوی نہیں ہے" اور دو نقیضوں کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے تو مساوی کا مصداق محال بالذات ہے۔ پوری دلیل مان لینے کے بعد اس قائل کو اپنے کلام کی تصحیح کے لیے یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ: "جس پر مساوی صادق ہے اس پر مساوی نہ ہونا صادق نہیں بلکہ دو نقیضوں کا مصداق اور ہے، اور مساوی کا مصداق اور ہے۔ اور مساوی کا مصداق دو نقیضوں کے مصداق کو مستلزم ہے۔

اور بر سبیلِ تنزّل یہ مان بھی لیا جائے کہ: مساوی کا مصداق اجتماع نقیضین کے مصداق کا ملزوم ہے تو یہ مان لینے کے بعد یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ: "مساوی کا مصداق واقع مان لینے سے اس کی ذات کے اعتبار سے اجتماع نقیضین لازم نہیں" کیوں کہ اس مساوی کو واقع مان لینے سے اس کی ذات کے اعتبار سے اجتماع نقیضین لازم آنے کی صورت میں مساوی کا مصداق ممکن بالذات نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ خود اس قائل نے شرح عقائد سے یہ نقل کیا ہے کہ:

"أَنَّ الْمُمْكِنَ لَا يَلْزَمُ مِنْ فَرْضِ وُقُوْعِهٖ مُحَالٌ بِالنَّظَرِ إِلٰى ذَاتِهٖ"(۱)

یعنی ممکن کو واقع مان لینے سے اس کی ذات کے اعتبار سے کوئی محال لازم نہیں آتا۔

اور اس مساوی کا اجتماع نقیضین کو مستلزم ہونا اس پر قیاس نہیں کیا جا سکتا کہ: معلول اول کا عدم (جو کہ ممکن ہے) واجب سبحانہ کے عدم کو (جو کہ ممتنع بالذات ہے) مستلزم ہے، اس لیے کہ معلول اول کا عدم اپنی ذات کے اعتبار سے واجب سبحانہ کے عدم کو مستلزم نہیں بلکہ علاقۂ علیت کی وجہ سے اور مساوی کے وقوع کا اجتماع نقیضین کو مستلزم ہونا تمام کمالات میں نفس مساوات کے اعتبار سے ہے۔ نفس مساوات کے سوا کسی دوسری وجہ سے نہیں ہے۔

اور اگر اس قائل کی کج فہمی کے مطابق بطور تنزّل ثانی یہ کہا جائے کہ: "اس دلیل کے تام ہونے کی تقدیر پر جس مساوی کا وقوع اجتماع نقیضین کو مستلزم ہے وہ ممکن بالذات ہے۔" پھر بھی اس قائل کے مقتدا کا مدعا اور اس بے علم غافل کا یہ عقیدہ باطل ہے کہ: "تمام کمالات میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مساوی اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے" اور اس کے امتناع ذاتی کی نفی کی کوشش بے

(۱) شرح عقائد نسفی، ص: ۱۰۴-۱۰۵، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ۔

فائدہ ہے اس لیے کہ یہ قائل اتنا مان لینے کے بعد کہ: "مساوی کا وقوع اجتماع نقیضین کو مستلزم ہے جو کہ محال بالذات ہے" یہ مساوی کے عدم وقوع کو علت موجبہ کا معلول اور اس کی طرف مستنِد مانتا ہے یا نہیں؟ ثانی کی طرف کوئی راہ نہیں۔ ورنہ یہ عدم جو کہ ممکن ہے واقع نہ ہوتا اور پہلی تقدیر پر اس مساوی کا عدم وقوع یا تو علت موجبہ کی طرف بالایجاب مستنِد ہے یا بالاختیار؟ دوسری شق باطل ہے، اس لیے کہ اس تقدیر پر فاعل کے اختیار سے نفس الامر میں اس عدم کا رفع واقع ہو سکتا ہے۔ اور جب اس عدم کا رفع اجتماع نقیضین کا ملزوم ہے اور ملزوم، لازم کے بغیر نفس الامر میں واقع نہیں ہو سکتا تو اس تقدیر پر یہ کہنا لازم ہے کہ: فاعل کے اختیار سے نفس الامر میں اجتماع نقیضین واقع ہو سکتا ہے اور یہ لازم واضح طور پر باطل ہے تو پہلی شق متعین ہو گئی یعنی یہ کہ اس مساوی کا واقع نہ ہونا علت واجبہ کی طرف بالایجاب مستنِد ہے۔ اور جو چیز واجب کی طرف بالایجاب مستنِد ہوتی ہے وہ قدرت (صحت فعل و ترک) کا متعلق نہیں ہو سکتی (کہ اس کا ہونا اور نہ ہونا دونوں ممکن ہو) ورنہ واجب کی طرف بالایجاب مستنِد نہ ہوگی۔

خود اس قائل نے ماسبق میں واجب کی صفات کمالیہ کی بحث میں اس بات کی تصریح کی ہے کہ: جو چیز واجب کی طرف بالایجاب مستنِد ہے وہ قدرت کے تحت داخل نہیں ہے۔ اور اگر اس قائل کے علم میں محال بالذات کا ملزوم واجب کی طرف بالاختیار مستنِد ہو سکتا ہے تو اسے یہ کہنے کی کیا ضرورت تھی کہ: "اللہ سبحانہ کی صفات کمالیہ اس کی طرف بالایجاب مستنِد ہیں۔" تو ہماری طرف سے یہ دو تنزل ہونے کے بعد بھی اس قائل کی کوشش بے کار اور رائیگاں ثابت ہوئی اور حق وہی رہا جو ہم نے پہلے بیان کیا کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے مساوی کا مصداق، اجتماع نقیضین کا مصداق ہے، جو محال ہے۔

اور سب سے زیادہ حیرت انگیز اس کا یہ کلام ہے کہ:

"جیسا کہ زید کا وجود اس کے معدوم ہونے کی صورت میں اجتماع نقیضین کو مستلزم ہے اس کے باوجود ممکن بالذات ہے۔"

ذرا بھی فہم رکھنے والے احمقوں، اور بچوں پر بھی یہ بات پوشیدہ نہیں کہ: "وجودِ زید بر تقدیر عدمِ زید" کا مفہوم یعنی ان الفاظ کے معانی ذہنیہ اور اجتماع نقیضین کا مفہوم، معانی موجودہ ذہنیہ سے ہیں جو نہ محال بالذات ہیں اور نہ محال بالذات کو مستلزم اور ان کی گفتگو بھی نہیں ہے۔ لیکن زید کے عدم کی تقدیر پر اس کے وجود کا مصداق اور "زید موجود ہے" کا صدق اس تقدیر پر کہ "زید موجود نہیں" اجتماع نقیضین کا مصداق ہے جو محال بالذات ہے۔ محال بالذات یہی ہے کہ: "زید موجود ہے" اور "زید موجود نہیں ہے" دونوں ایک ساتھ صادق ہوں۔

تو زید کے عدم کی تقدیر پر اس کے وجود کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور محال بالذات ہے اور زید کے اپنے عدم کی تقدیر پر موجود ہونے کا مفاد یہی ہے کہ: زید اپنے معدوم ہونے کی صورت میں موجود ہو اور اس کا وجود و عدم دونوں ایک ساتھ پایا جائے اور یہی اجتماع نقیضین کا مفاد ہے اگرچہ الفاظ اور معانی ایک نہ ہوں – یہاں الفاظ اور الفاظ کے معانی کے ممکن و محال ہونے کی گفتگو بھی نہیں تو زید کے عدم کی تقدیر پر اس کا وجود اجتماع نقیضین کو "مستلزم" نہیں بلکہ زید کے عدم کی تقدیر پر اس کا وجود، مصداق کے اعتبار سے "عین اجتماع نقیضین" ہے جو کہ محال بالذات ہے، اس لیے کہ زید

کے عدم کی حالت میں اس کے وجود کا مصداق یہی ہے کہ: "زید موجود ہو" اور "زید موجود نہ ہو" یہ اجتماع نقیضین کے مغایر کوئی چیز نہیں بلکہ مصداق کے اعتبار سے عین اجتماع نقیضین ہی ہے۔ یہ قائل اپنے منتہائے علم وفہم کے اعتبار سے الفاظ اور الفاظ کے معانی کے فرق باہمی کے اعتبار سے استلزام کا حکم کرتا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ: مذکورہ الفاظ اور ان کے معانی، نہ محال بالذات ہیں اور نہ محال بالذات کو مستلزم۔ اور زید کا وجود جو کہ ممکن ہے اس کے ممکن ہونے کا معنی یہ ہے کہ: اگر اس کا عدم زائل ہو جائے تو وہ موجود ہوگا۔ اس کا یہ معنی نہیں کہ: زید کا وجود وعدم ایک ساتھ جمع ہو سکتا ہے؛ اس لیے کہ یہ محال بالذات ہے۔ خود اس قائل نے اس سے پہلے یہ کہا ہے کہ: اجتماع نقیضین کے ممتنع بالذات ہونے کا معنی یہ ہے کہ: "ایک ساتھ دو مجتمع نقیضین محال بالذات ہیں" تو زید کے عدم کے ساتھ اس کے وجود کا اجتماع اور اسی طرح اس کے وجود کے ساتھ اس کے عدم کا اجتماع، محال بالذات ہے۔ زید کے عدم کی تقدیر پر یا زید کے عدم کے ساتھ اس کے موجود ہونے کا حاصل ومفاد اور زید کے وجود اور اس کے عدم کا اجتماع، اجتماع نقیضین ہے، اس کا حاصل ومفاد ایک ہے۔

اس قائل نے اب تک اجتماع نقیضین کے محال ہونے کا مطلب ہی نہیں سمجھا، دیگر مطالب علمیہ تک اس کی رسائی کیا ہوگی۔

استاذ مد ظلہ نے فرمایا کہ: اس کا باطل ہونا ظاہر ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: جب مذکورہ دونوں قولوں کا عین اور متحد ہونا صحیح نہ ہوا تو اجتماع نقیضین کے امکان کا باطل ہونا، معترض کے لیے نفع بخش نہ ہوگا؛ اس لیے کہ کسی چیز کا باطل ہونا اس کے اس مغائر کے باطل ہونے کو مستلزم نہیں جب کہ دونوں مغایروں کے درمیان علاقۂ لزوم نہ ہو۔ اور اگر ان دونوں کے درمیان علاقۂ لزوم مان بھی لیا جائے تو اگر چہ اس کا باطل ہونا اس کے مغائر کے باطل ہونے کو مستلزم ہے لیکن لازم کا محال بالذات ہونا ملزوم کے محال بالذات ہونے کو مستلزم نہیں جیسا کہ یہ حقیقت ثابت شدہ ہے اور استحالۂ ذاتی کے بغیر شخص (مثل) مذکور اللہ عزوجل کی قدرت کاملہ سے خارج نہیں ہو سکتا جیسا کہ ظاہر وباہر ہے۔

اقول: جب یہ بات ثابت ہوگئی کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے مساوی کا مصداق، اجتماع نقیضین (مساوی اور لا مساوی) کا مصداق ہے اور جس پر مساوی ہونا اور نہ ہونا صادق ہے وہ اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے تو مساوی کا مصداق لا محالہ محال وممتنع بالذات ہوگا تو وہ لا محالہ محال بالذات ہے۔ تو اجتماع نقیضین کے مصداق کا امکان باطل ہونا، اس مساوی کے مصداق کا امکان باطل ہونا ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہونا، مساوی کا مصداق محال بالذات ہونا ہے۔ اس قائل نے گذشتہ سطور میں دونوں قولوں کے عین اور ایک ہونے پر جو بیہودہ گوئی کی ہے اس کا روشن رد گذر چکا جسے دوبارہ ذکر کرنے کی حاجت نہیں۔

ہمارے استاذ نے افادہ فرمایا کہ:

اس بات کا قول کرنا کہ:(۱) تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ممکن ہے اس بات کا قول کرنا ہے کہ:
(۲) اجتماع نقیضین ممکن ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: گذشتہ کلام سے یہ روشن ہے کہ: دونوں قولوں کو عین اور متحد ماننا غلط ہے اور مدعی کی دلیل سے بھی دونوں قولوں کا متحد اور عین ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ ہاں اگر اس کی دلیل تام ہو تو اس سے یہ لازم آتا ہے کہ: دونوں قولوں میں سے ایک دوسرے کو مستلزم ہے نہ یہ کہ دونوں قول عین ہیں۔ لیکن معترض کے لیے یہ استلزام مفید نہیں۔

اقول: گذشتہ کلام سے یہ حقیقت روشن ہوگئی کہ: تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص ممکن ہونے اور اجتماع نقیضین کے ممکن ہونے (ان دونوں قولوں) کا مفاد اور حاصل ایک ہے اس کا انکار حماقت و نافہمی کے سبب ہے۔ اور دلیل سے یہ ثبوت فراہم ہوتا ہے کہ: مساوی کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ اس سے یہ ثبوت فراہم نہیں ہوتا کہ: "مساوی کا مصداق، اجتماع نقیضین کے مصداق کو مستلزم ہے۔" اور اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ: مساوی کا مصداق، اپنی ذات کے اعتبار سے اجتماع نقیضین کے مصداق کو مستلزم ہے تو اس سے یہ ثبوت فراہم ہوتا ہے کہ مساوی کا مصداق ممتنع بالذات ہے۔"

میرے استاذ علام نے افادہ فرمایا کہ:

"اس کی توضیح یہ ہے کہ: اگر کسی شخص کو تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر مان لیا جائے تو دو حال سے خالی نہیں: یا تو وہ خاتم الانبیا ہوگا یا نہیں۔

مخالف نے کہا:

جب اس شخص کو تمام کمالات میں برابر مان لیا جائے اور خاتم الانبیا ہونا بھی جملہ کمالات سے ہے اور جمیع کمالات میں داخل، تو اس برابر شخص کے خاتم الانبیا نہ ہونے کا کیا معنی ہے؟ اس کا حاصل ایسا ہی ہوگا کہ: زید کو عالم فرض کر کے ہم یہ کہیں کہ: زید یا تو عالم ہوگا یا جاہل" اس کلام کا ضعف ظاہر ہے اور پہلی شق متعین ہے اور یہ تردیدی کلام: "خاتم الانبیا ہوگا یا نہیں" قبیح ہے۔ اور دوسری شق کی بھی ضرورت نہیں؛ اس لیے کہ یہ خیال کہ: "محال لازم آتا ہے" شق اول پر بھی وارد ہوگا جیسا کہ خود قائل نے اسے ذکر کیا ہے۔

اقول: جب **استاذ کا دعوی** یہ ہے کہ:

"تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کا مصداق ممکن ہونا، اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ہونا ہے۔
اور اس دعوی کی دلیل یہ ہے کہ: اگر تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص کا مصداق مانا جائے تو اس کی دو

ہی صورتیں ہو سکتی ہیں: (۱) یا تو وہ خاتم الانبیا ہوگا (۲) یا نہیں؟ اوران دونوں صورتوں میں اس برابر شخص پر یہ صادق آتا ہے کہ: وہ آپ کے برابر نہیں ہے۔ اوران دونوں صورتوں میں اس پر دونوں نقیضیں صادق ہیں اور وہ برابر شخص اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ یہ بیان اس وقت تک متصور ہی نہیں جب تک کہ یہ تردیدی کلام ذکر نہ کیا جائے کہ: "آپ کا وہ مساوی مفروض یا تو خاتم الانبیا ہوگا یا نہیں۔ اور دعوی یہ ہے کہ وہ مساوی مفروض اجتماع نقیضین کا مصداق ہے "اس دعوی کی دلیل پیش کرنے کے لیے یہ تردیدی کلام اور یہ شق ذکر کرنا ضروری ہے۔ اس شخص نے نہ دعوی سمجھا اور نہ اس کی دلیل۔ نہ دلیل کا حاصل۔ وہ یہ بھی نہ جان سکا کہ اس دلیل کی تقریر اسی تردیدی کلام سے ہوتی ہے۔

اس نے کہا کہ:

"جب اس شخص کو تمام کمالات میں برابر مان لیا جائے اور خاتم الانبیا ہونا بھی جملہ کمالات سے ہے اور جمیع کمالات میں داخل، تو اس برابر شخص کے خاتم الانبیا نہ ہونے کا کیا معنی؟"

اس کے اس کلام سے خود ہماری ہی دلیل کی تائید ہوتی ہے؛ اس لیے کہ جب یہ مان لیا گیا کہ: "وہ مساوی مفروض خاتم الانبیا نہیں ہے"۔ تو اس پر یہ صادق آیا کہ: "وہ برابر نہیں ہے" تو وہ اس صورت میں اجتماع نقیضین کا مصداق ہوگا جیسا کہ اس کے خاتم الانبیا ہونے کی صورت میں اس پر یہ صادق ہے کہ وہ مساوی نہیں تو وہ بہر صورت اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ اور اس کی نظیر یہ ہے کہ: مثلاً کوئی شخص یہ کہے کہ: "عمرو مثلاً تمام اہل علم میں سب سے زیادہ علم والا ہے۔ اور زید علم میں عمرو کے برابر نہیں۔ تو کوئی دوسرا شخص عمرو کو تمام اہل علم میں سب سے زیادہ علم والا تسلیم کر کے یہ کہے کہ: زید علم میں عمرو کے برابر ہے۔ تو اس شخص کے اس کلام کا بطلان ظاہر کرنے کے لیے یہ کہا جائے گا کہ: زید یا تو تمام اہل علم میں سب سے زیادہ علم والا ہے یا نہیں؟ اگر زید تمام اہل علم میں سب سے زیادہ علم والا نہیں تو عمرو کے برابر نہ ہوا تو جس زید کو علم میں عمرو کے برابر مانا گیا تھا وہ عمرو کے برابر نہ ہوا۔ اور اگر زید تمام اہل علم میں سب سے زیادہ علم والا ہے تو عمرو تمام اہل علم کے عموم میں داخل رہا اور تمام اہل علم میں سب سے زیادہ علم والا نہ ہوا تو اس صورت میں بھی زید عمرو کے برابر نہ ہوا تو جسے برابر مانا گیا تھا وہ برابر نہ ہوا۔ مساوات و ہمسری کا دعوی کرنے میں اس شخص کا کلام باطل کرنے اور یہ ثابت کرنے کے لیے کہ: "اس کے کلام کے مفاد کا مصداق، متناقضین کے مفاد کا مصداق ہے" یہ تردیدی کلام قبیح نہیں ہے بلکہ اس کی حاجت ہے۔ اور دوسری شق کی اس لیے حاجت ہے کہ یہاں یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ جسے برابر مانا گیا ہے وہ بہر صورت اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ اس قائل نے نہ مستدل کا مقصود سمجھا اور نہ ہی اس کے استدلال کا حاصل اور اپنی کج فہمی کے سبب مذکورہ اعتراضات کر کے ارباب عقل و دانش کی نظر میں خود کو ذلیل و خوار کیا یہ حماقت و سطحیت کی آفت و بلا ہے۔

استاذ علام نے فرمایا کہ:

جسے حضور اقدس کے برابر مانا گیا تھا وہ دونوں صورتوں میں آپ کے برابر نہ ہوا اس لیے کہ اگر وہ شخص خاتم الانبیا ہو تو اس

صورت میں حضور اقدس ﷺ خاتم الانبیا نہ ہوں گے ۔العیاذ باللہ تعالی۔ تو اس برابر شخص میں ایک ایسا کمال (خاتم الانبیا ہونا) ہوگا، جو حضور میں نہ ہوگا تو حضور اقدس ﷺ اس شخص کے برابر نہ ہوں گے۔ اور اگر وہ شخص خاتم الانبیا نہ ہو اور آپ بلاشبہ خاتم الانبیا ہیں تو اس صورت میں آپ کے اندر ایک ایسا کمال یعنی خاتم الانبیا ہونا ہے جو اس تقدیر پر اس شخص میں نہیں تو وہ شخص حضور اقدس ﷺ کے برابر نہ ہوگا تو ان دونوں صورتوں میں اسے موجود ماننے پر یہ لازم آیا کہ: وہ برابر نہیں تو یہ بات اچھی طرح ثابت ہوگئی کہ: ایسے شخص کا وجود جو تمام کمالات میں آپ کے برابر ہو اس کو مستلزم ہے کہ وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر نہ ہو۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں: پہلی شق اس صورت میں ہے کہ آں حضرت ﷺ کے برابر شخص آپ کے زمانۂ نبوت کے بعد ہو تو وہی شخص خاتم الانبیا ہوگا۔ اور دوسری شق اس صورت میں ہے کہ اس برابر شخص کی نبوت کا زمانہ پہلے ہو جیسا کہ ظاہر ہے۔ تو گویا اس طرح کہا کہ: اگر مساوی مذکور زمانۂ رسالت کے بعد ہو تو صرف وہی مساوی خاتم ہوگا۔ اور اگر اس کا زمانہ پہلے ہو تو صرف وہی مساوی خاتم نہ ہوگا۔

لیکن میں کہتا ہوں کہ: یہاں ایک تیسرا احتمال یہ ہے کہ: "دونوں کی نبوت کا زمانہ ایک ہو" تو اس صورت میں دونوں برابر خاتم الانبیا ہوں گے؛ اس لیے کہ ایک زمانہ میں دو شخصوں کا نبی ہونا اور ان پر نبوت کا ختم ہونا ممکن ہے۔ تو اس کمال ختم نبوت میں دونوں برابر ہوں گے اور اسی پر دوسرے کمالات کو قیاس کر لیجیے تو کوئی خرابی لازم نہیں آتی مگر یہ کہ تیسرا احتمال واقع نہیں اور اس کا واقع نہ ہونا اس کے ممکن ہونے کے منافی نہیں۔ جیسا کہ ظاہر ہے تو یہ احتمال ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے۔

حاصل یہ ہے کہ اگر یہ قضیہ: "اگر وہ شخص خاتم الانبیا ہوالخ" کلیہ ہو۔ یعنی اس کا یہ معنی ہو کہ وہ برابر شخص جب جب خاتم الانبیا ہوگا تو حضور اقدس ﷺ خاتم الانبیا نہ ہوں گے۔ العیاذ باللہ تعالی۔ تو یہ قضیہ کاذب ہے؛ اس لیے کہ تمام صورتوں میں سے ایک صورت یہ ہے کہ: دونوں کی نبوت کا زمانہ ایک ہو اور اس صورت میں دونوں خاتم الانبیا ہوں گے تو یہ مقدمہ ممنوع ہے کہ: "جب جب وہ شخص خاتم الانبیا ہوگا الخ"۔

اور اگر قضیہ مذکورہ کلیہ نہ ہو بلکہ جزئیہ ہو (یعنی اس کا یہ معنی ہو کہ: کبھی ایسا ہوگا کہ اگر وہ شخص خاتم الانبیا ہو تو حضور خاتم الانبیا نہ ہوں گے) تو اس خاص صورت میں محال لازم آئے گا۔ تو یہ خاص صورت جو مستلزم محال ہے وہ محال ہوگی نہ کہ مقدم کی طبیعت جو اس شخص کا خاتم الانبیا ہونا ہے اور شرطیہ کلیہ کی تمام صورتیں؛ اس لیے کہ جس بعض صورت میں دونوں مساوی کی نبوت کا زمانہ ایک ہوگا اس خاص صورت میں دونوں مساوی برابر خاتم الانبیا ہوں گے۔ اور دوسرا جزئیہ کہ اگر وہ شخص خاتم الانبیا ہو اور بعض تقدیر پر آں حضرت بھی خاتم الانبیا ہوں نیز صادق ہوگا تو مدعی کا قضیہ شرطیہ کلیہ صادق نہ ہوا بلکہ کاذب ہوا؛ اس

لیے کہ جس بعض صورت میں وہ برابر شخص اور حضور اقدس خاتم الانبیا ہوں گے ایک قضیہ موجبہ جزئیہ صادق ہوگا تو اس قضیہ موجبہ جزئیہ کے صادق ہوتے ہوئے یہ قضیہ شرطیہ کلیہ کیوں کر صادق ہوگا کہ: "جب جب وہ شخص خاتم الانبیا ہوگا حضور اقدس ﷺ خاتم الانبیا نہ ہوں گے"۔ تو محال جو خاص وضع اور خاص صورت ہے وہ یہ ہے کہ: دونوں کی نبوت کا زمانہ ایک نہ ہو اور ایک خاص وضع اور خاص صورت کا محال ہونا، نہ کہ تمام صورتوں کا، ممکن بالذات کے لیے ممتنع بالغیر ہونے کا موجب ہے اور یہی اہل حق کا دعوی ہے کہ: "حضور ﷺ کا مساوی ممتنع بالغیر اور ممکن بالذات ہے تو یہ مساوی اللہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہوگا جو موجود متحقق نہ ہوگا اور یہی ہمارا مطلوب ہے۔

اس کی توضیح یہ ہے کہ: ہم نے دو قوموں کو مانا ان میں سے ایک کو قوم کریم اور دوسری کو قوم شریف سے موسوم کیا، قوم کریم میں علم، حفظ قرآن، خوش نویسی، انشا پردازی اور شاعری وغیرہ اوصاف و کمالات موجود تھے زید کے وجود میں آنے اور مذکورہ کمالات سے متّصف ہونے پر تمام مذکورہ کمالات ختم ہو گئے تو زید خاتم کمالات ہو گیا۔ اور قوم شریف میں بھی مذکورہ کمالات موجود تھے اس قوم کے دو شخص: عمرو اور بکر پر وہ تمام کمالات ختم ہو گئے اور یہ دونوں ایک ساتھ موجود ہوئے، کسی کو کسی پر تقدم حاصل نہ ہوا۔

میں کہتا ہوں کہ: قوم کریم میں زید کے مساوی خالد میں مستدل کی دلیل کے مقدمات ناموں کے قدرے تغیر و تبدل کے ساتھ جاری ہیں۔ مثلاً یہ کہا جائے کہ: تمام کمالات میں زید کا مساوی ممتنع بالذات ہے؛ اس لیے کہ اگر ممتنع بالذات نہ ہو بلکہ ممکن ہو تو اس صورت میں خاص وجود کی تقدیر پر اگر خاتم کمالات کا وصف اس مساوی میں موجود ہو تو زید میں موجود نہ ہو گا۔ اور اگر اس مساوی میں وہ مذکورہ صفت (خاتمِ کمالات) موجود نہ ہو اور زید میں بلاشبہ موجود ہے تو ان دونوں صورتوں میں ختمِ کمالات کا کمال ایک میں پایا گیا دوسرے میں نہیں تو دونوں اس وصف (ختمِ کمالات) میں مساوی نہ ہوئے جب کہ دونوں کو برابر مانا گیا تھا إلی آخر ما قال۔

اس کلام کا ضعف ظاہر و باہر ہے؛ اس لیے کہ ہم نے اس برابر شخص میں خاتم کی صفت کا ہونا اختیار کیا اور اس صورت میں زید کے اندر خاتم کی صفت کا نہ ہونا ہمیں تسلیم نہیں بلکہ مساوی کے موجود ہونے کی صورت میں وہ وصف کمال دونوں میں موجود ہوگا۔ جیسا کہ قوم شریف میں عمرو کے برابر "بکر" میں وہ وصف کمال موجود ہے اس لیے کہ عمرو و بکر دونوں ایک زمانہ میں موجود تھے اور فرق صرف اتنا ہے کہ عمرو و بکر دونوں قضیہ خارجیہ کے اعتبار سے وصف خاتم میں برابر ہیں اور زید و خالد قضیہ حقیقیہ کے اعتبار سے وصف خاتمیت میں برابر ہیں اور زید خارج میں خاتم بالفعل ہے اور خالد اس تقدیر پر کہ زید کے زمانہ میں موجود ہو اور یہ معنی قضیہ حقیقیہ کے مفہوم کے منافی نہیں ہے۔ جیسا کہ "ہر مثلث ایسا ہے" ہاں خاتم کا زمانہ مؤخر ہونا اور مختوم کا زمانہ مقدم ہونا لازم ہے۔ تو اگر خاتم کے مساوی کو جو کہ خاتم اور مختوم کے بعد ہوگا زید خاتم کے بعد یا اس سے پہلے مانیں تو اس صورت میں وہ محال لازم آتا ہے جو مستدل کے کلام میں مذکور ہے اس لیے کہ پہلے احتمال میں "زید" اور دوسرے احتمال

میں مساوی یعنی "خالد" میں بعد میں ہونے کی صفت نہ پائی گئی جب کہ خاتم کا بعد میں ہونا لازم ہے۔ تو لازم مفروض کے بغیر ملزوم کا وجود ہوا اور یہ محال ہے۔ لہذا اجتماع نقیضین کے محال کو مستلزم ہوا لیکن لازم کے بغیر ملزوم کا وجود جو کہ مفروض ہے خود محال فی نفسہ ہے اور لازم یعنی اجتماع نقیضین کے استحالہ کی طرف نظر کرتے ہوئے، نہ کہ زید کے مساوی (خالد) کے وجود کی طرف نظر کرتے ہوئے، اس لیے کہ یہ ممکن ہے کہ دونوں مساوی ایک زمانہ میں ہوں جیسا کہ قوم شریف کے اندر عمرو و بکر ایک زمانہ میں موجود ہیں اور ان دونوں میں وہ وصف کمال (خاتمیت) ایک زمانہ میں موجود ہے اور کوئی خرابی لازم نہیں آتی۔

اقول: جب اس شخص کی نافہمی اس مقام پر حد سے بڑھ گئی ہے تو ہم پر سب سے پہلے تفصیلی دلیل ذکر کرنا پھر اس کی کج فہمی کا علاج کرنا ضروری ہے۔ سب سے پہلے یہ جان لینا ضروری ہے کہ: "اللہ سبحانہ نے حضور اقدس ﷺ کو تمام ممکنات سے افضل و اعلی بنا کر آپ کو بعض ایسے اوصاف و کمالات سے سرفراز فرمایا ہے جن میں دو شخص شریک نہیں ہو سکتے آپ کی ذات اقدس سے ان صفات کا سلب کیے بغیر کسی دوسرے ممکن کے لیے ان کا ثابت کرنا ممکن ہی نہیں۔ اسی طرح آپ کے سوا دیگر ممکنات سے ان کا سلب کیے بغیر آپ کے لیے انہیں ثابت کرنا ممکن نہیں، جب یہ حقیقت مسلم ہے کہ: "آپ ان صفات کمالیہ سے متصف ہیں تو ان صفات کمال سے دوسرے ممکن کا اتصاف ممکن ماننا، یہ ممکن ماننا ہے کہ: "حضور اقدس ﷺ ان صفات کمال سے متصف ہیں اور متصف نہیں ہیں اور آپ کے سوا دوسرے ممکنات ان صفات سے متصف ہیں اور متصف نہیں۔" تو یہ اجتماع نقیضین (ثبوت اور سلب ثبوت) کو ممکن ماننا ہے تو ان صفات کمال میں جس شخص کو بھی حضور اقدس ﷺ کے برابر مانا جائے وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے وہ مصداق جو بھی ہو۔ مثلاً جو جسم سفید ہے اور سفید نہیں، جو انسان کاتب ہے اور کاتب نہیں اور جو شخص عالم ہے اور عالم نہیں کا مصداق ہے، وہ ممتنع بالذات ہے؛ تو جو شخص تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کا مصداق ہے اس پر یہ صادق ہے کہ: وہ تمام کمالات میں حضور کے برابر ہے اور برابر نہیں تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے، تو وہ محال بالذات ہے۔ اور جو اوصاف کمال دو شخصوں میں شرکت کا احتمال نہیں رکھتے اور جنھیں اللہ سبحانہ نے صرف حضور اقدس ﷺ ہی کو عطا فرمایا ہے، ان میں سے آپ کا ایک وصف کمال آپ کا خاتم النبیین ہونا ہے، جس میں دو شخصوں کے شریک ہونے کا احتمال نہیں؛ اس لیے کہ "النبیین" جمع معرف باللام ہے، جو عموم اور استغراق کا صیغہ ہے، تو **خاتم النبیین ہونے کا معنی** ہے: تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی یعنی جو نبی تمام انبیا کے بعد مبعوث ہو۔ یہ وصف کمال دو نبی پر صادق نہیں ہو سکتا، اس لیے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک پر اس وصف کمال کا صدق اس بات کو مستلزم ہے کہ وہ دوسرا، مضاف الیہ یعنی "النبیین" (تمام انبیا) کے عموم میں داخل ہو، اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی نہ ہو اور دوسرے پر اس وصف کمال کے صدق کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ ایک مضاف الیہ یعنی "النبیین" (تمام انبیا) کے عموم میں داخل ہو، اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی نہ ہو؛ تو دو شخصوں پر "خاتم

النبیین "کی صفت صادق ماننا، دو متناقض چیزوں کو صادق ماننا ہے؛ اس لیے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک پر "خاتم النبیین "کا صدق اس وقت تک محتمل نہیں جب تک کہ دوسرے سے "خاتم النبیین "کا صدق، سلب نہ کیا جائے؛ اس لیے کہ "خاتم النبیین "یعنی تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث ہونے والی ذات کا مصداق صرف وہی ایک ذات ہو سکتی ہے جس کا دین ہمیشہ قائم رہے، اور تمام انبیا و رسل کے ادیان و مذاہب کو منسوخ کر دے اور جو لوگ اس کے زمانے میں ہوں یا اس کے زمانے کے بعد ہوں اس کی امت میں شامل ہوں۔ اس ایک ذات کے سوا کسی دوسرے پر یہ وصف کمال (خاتم النبیین) صادق ہی نہیں ہو سکتا۔

حاصل یہ ہے کہ دو نبیوں میں سے ہر ایک پر صادق نہیں ہو سکتا کہ: وہ تمام انبیا کے بعد میں مبعوث ہوا، اس کا دین ہمیشہ قائم رہنے والا، تمام ادیان کو منسوخ کرنے والا ہے اور اس کے عہد میں یا اس کے عہد کے بعد جتنے لوگ ہوں سب اس کی امت ہوں، ورنہ ان دو نبیوں میں سے ہر ایک، ان دونوں میں سے ہر ایک کے بعد مبعوث ہوگا اور ان میں سے ہر ایک کا دین، ان میں سے ہر ایک کے دین کا ناسخ ہوگا، اور ان دونوں میں سے ہر ایک، ان میں سے ہر ایک کی امت ہوگا اور اس لازم کا محال ہونا ظاہر ہے۔

اور یہ بات قطعی طور پر ثابت ہے کہ: حضور اقدس سید عالم ﷺ کے وصف خاتم النبیین سے متصف ہونے کا معنی یہ ہے کہ: "آپ تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث ہوئے ہیں۔ اور آپ کے عہد سعادت مہد میں جتنے جنات و انسان تھے یا آپ کے عہد کے بعد ہوئے اور ہیں اور ہوں گے، سب آپ کی امت ہیں، آپ کا دین ہمیشہ قائم رہنے والا ہے، جو تمام دینوں کا ناسخ ہے جو دلیل قطعی و یقینی سے ثابت ہے۔ اللہ عزوجل کا ارشاد ہے:

"مَاكَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ"(۱)

محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے۔

اور فرمایا:

"وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا"(۲)

اور اے محبوب! ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے جو تمام آدمیوں کو گھیرنے والی ہے۔

ان دونوں آیتوں میں "النبیین "کا لفظ جمع معرف باللام، عموم و استغراق کا صیغہ ہے؛ تو "خاتم النبیین" کا معنی: تمام انبیا میں سب سے آخری نبی ہے۔ اور اللہ عزوجل کا ارشاد: "كَافَّةً لِّلنَّاسِ "(تمام لوگوں) اس بات پر روشن نص ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کی رسالت ان تمام لوگوں کے لیے عام ہے جو آپ کے عہد میں تھے، اور آپ کے

---

(۱) پ:۲۲ الاحزاب، آیت:۴۰ ع:۲

(۲) پ:۲۲ سبا، ۲۸ ع:۹

عہد کے بعد ہوں گے۔آپ کی معراج شریف کی حدیث پاک میں ہے کہ اللہ تعالی نے آپ سے فرمایا:

"سَلْ فقال :إنك اتخذت إبراهيم خليلا و أعطيته ملكا عظيما و كلمت موسى تكليما وأعطيت داود ملكا عظيما و ألنت له الحديد و سخرت له الجبال وأعطيت سليمان ملكا عظيما و سخرت له الجن و الإنس والشياطين و أعطيته ملكا لا ينبغى لأحد من بعده و علمت عيسىٰ التوراة و الإنجيل و جعلته يبرئ الأكمه و الأبرص و أعذته وأمه من الشيطان الرجيم فلم يكن له عليهما سبيل فقال له ربه: قد اتخذتك حبيبا فهو مكتوب في التوراة:محمد حبيب الرحمن وأرسلناك إلى الناس كافة و جعلت أمتك هم الأولون و هم الآخرون و جعلت أمتك لا يجوز لهم خطبة حتى يشهدوا أنك عبدى و رسولى و جعلتك أول النبيين خلقا و آخرهم بعثا وأعطيتك سبعا من المثانى ولم أعطها نبيا قبلك و أعطيتك خواتيم سورة البقرة من كنز تحت عرشى لم أعطها نبيا قبلك و جعلتك فاتحا و خاتما."[1]

"مانگو تو آپ نے عرض کیا: بے شک تو نے ابراہیم کو خلیل بنایا، انہیں عظیم بادشاہت بخشی، تو نے موسیٰ سے بلا واسطہ کلام فرمایا، داود کو عظیم بادشاہت سے نوازا، ان کے لیے لوہے کو نرم فرمایا اور پہاڑوں کو مسخر کیا، سلیمان کو عظیم بادشاہت عطا فرمائی اور جنات وانسان اور شیاطین ان کے زیر نگیں کیے اور تو نے انہیں ایسی بادشاہت عطا کی جو ان کے بعد کسی کے لیے زیب نہیں دیتی، تو نے عیسیٰ کو توریت وانجیل کا علم بخشا، انہیں مادر زاد اندھوں اور سفید داغ والوں کو شفا دینے والا بنایا، اور انہیں اور ان کی ماں کو شیطان رجیم سے پناہ بخشی، تو شیطان کو ان دونوں پر راہ نہ ملی تو آپ سے آپ کے رب عزوجل نے فرمایا: میں نے تم کو اپنا حبیب بنایا ہے؛ اس لیے توریت میں یہ لکھا ہوا ہے: "محمد رحمن کے حبیب ہیں" اور ہم نے تمھیں تمام انسانوں کا رسول بنا کر مبعوث فرمایا اور تمھاری امت کو اولین وآخرین بنایا اور ان کے لیے کوئی خطبہ اس وقت تک روا نہ رکھا جب تک کہ وہ اس بات کی گواہی نہ دیں کہ تم میرے خاص بندے اور رسول ہو۔ اور میں نے تم کو تمام نبیوں سے پہلے پیدا فرمایا اور سب سے آخر میں مبعوث کیا۔ اور تمھیں سبع مثانی عطا کی جنھیں تم سے پہلے کسی نبی کو نہ دیا اور اپنے زیر عرش کے خزانے سے سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں عطا کیں جنھیں تم سے پہلے کسی نبی کو نہ دیں اور تمھیں فاتح باب رسالت اور خاتم دور نبوت کیا۔"

اور حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ:

"كُنْتُ أَوَّلَ الْأَنْبِيَاءِ فِي الْخَلْقِ وَآخِرَهُمْ فِي الْبَعْثِ"۔

---

(۱) شفا مع نسیم الریاض ج :۳،ص:۸۲تا ۸۷الباب الثالث، فصل فى تفضيله ﷺ بما تضمنه كرامة الإسراء من المناجاة والرؤيا وإمامة الأنبياء و العروج به إلى سدرة المنتهى،مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر، گجرات

میں تمام انبیا سے پہلے پیدا ہوا اور سب سے آخر میں مبعوث ہوا۔

عقائد کی کتابیں اس سے مالامال ہیں کہ آپ خاتم النبیین اور آخر الانبیا ہیں اور آپ تمام انسانوں بلکہ تمام جن وانس بلکہ ساری مخلوق کی طرف مبعوث فرمائے گئے ہیں، آپ کا دین ہمیشہ باقی رہنے والا اور تمام ادیان ومذاہب کا ناسخ ہے۔ مخالف کو بھی بظاہر اس سے انکار نہیں؛ لہذا اس باب میں وارد آیات وآثار کے نقل کی حاجت نہیں۔

ان تمہیدی کلمات کے بعد ہم کہتے ہیں کہ ہمارا دعوی یہ ہے کہ: تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص کا مصداق ممتنع بالذات ہے اور آپ کی ذات قدسی صفات میں جتنے اوصاف کمال ہیں ان سے آپ کو متصف مان کر یہ کہنا باطل ہے کہ: تمام اوصاف کمالات میں آپ کے برابر شخص ہوسکتا ہے، اس کے باطل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ: تمام کمالات میں برابر شخص اگر ممکن ہوتا تو اسے واقع مان لینے سے اس کی نفس ذات کے اعتبار سے محال لازم نہ آتا حالاں کہ وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے کیوں کہ اگر کوئی شخص تمام کمالات میں آپ کے برابر ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو خاتم النبیین ہوگا یا نہ ہوگا؟ دوسری صورت میں، جسے برابر مانا ہے وہ برابر نہ ہوا تو اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر ہے اور برابر نہیں تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے۔ اور پہلی صورت میں حضور اقدس ﷺ معاذاللہ خاتم النبیین نہ ہوں گے؛ اس لیے کہ گزشتہ سطور میں یہ ثابت ہوچکا ہے کہ: خاتم النبیین کی صفت دو شخصوں کے درمیان شرکت کا احتمال نہیں رکھتی، اس شق پر بھی وہ مساوی مفروض برابر نہ ہوا؛ اس لیے کہ اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر ہے اور نہیں ہے۔ تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے جو محال بالذات ہے۔ نیز مساوی کا مصداق موجود ماننے کی صورت میں جب اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ مساوی نہیں تو خود اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہوا اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ ممتنع ہے۔

اور **بلفظ دیگر**: تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص اگر ممکن ہو تو اسے موجود ماننے کی صورت میں یا تو وہ "النبیین" یعنی تمام انبیا میں داخل ہوگا یا نہیں؟ اگر داخل ہو تو وہ ان تمام انبیا میں سے ہوگا، جن کے آخر میں حضور اقدس ﷺ مبعوث ہوئے تو لا محالہ آپ ہی ان سب سے آخر میں مبعوث ہوئے تو مساوی مفروض آخری نبی نہ ہوگا تو وہ آپ کے برابر ہوگا اور برابر نہ ہوگا اور اگر "النبیین" یعنی تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہو تو وہ نبی نہ ہوگا تو وہ برابر شخص آپ کے برابر بھی ہوگا اور برابر نہ بھی ہوگا۔

اور **بلفظ دیگر**: اگر تمام کمالات میں آپ کے برابر کا مصداق ممکن ہو تو اسے موجود ماننے کی صورت میں یا تو وہ تمام انسانوں کا رسول ہوگا یا نہیں یعنی اس کے وجود کے زمانے میں اور اس کے وجود کے زمانہ کے بعد جتنے لوگ ہیں اور ہوں گے ان سب کا رسول ہوگا یا نہیں؟ اگر نہ ہو تو آپ کے برابر نہ ہوا اس لیے کہ حضور اقدس ﷺ ان سب کے رسول ہیں جو آپ کے زمانے میں موجود تھے یا آپ کے عہد کے بعد موجود ہوں گے اور اس صورت میں مساوی مفروض میں

یہ صفت نہ پائی گئی تو وہ آپ کے برابر ہو گا اور برابر نہ ہو گا۔

اور پہلی صورت میں یا تو حضور اقدس ﷺ اور آپ کی امت "الناس "یعنی تمام انسانوں کے عموم میں داخل ہیں یا نہیں ؟ اگر داخل ہیں تو وہ مساوی مفروض آپ کے برابر نہ ہوا اس لیے کہ مرسل اور مرسل الیہ کا برابر نہ ہونا بدیہی ہے اور اگر داخل نہیں تو حضور اقدس کا عہد رسالت، مساوی مفروض کے عہد کے بعد ہو گا تو وہ برابر شخص خاتم النبیین ہو گا اور نہ ہو گا تو وہ برابر شخص برابر نہ ہو گا۔

اور **بلفظ دیگر:** اگر آپ کے برابر شخص کا مصداق ممکن ہو تو اسے موجود مان لینے کے بعد اللہ تعالی کے ارشاد: "وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا" (پ:۲۲ سبا ۲۸ ع:۹) میں "الناس "یعنی تمام انسانوں کے عموم میں داخل ہو گا یا نہیں ؟ اگر داخل ہو تو وہ حضور اقدس ﷺ کا امتی ہو گا تو آپ کے برابر نہ ہو گا تو برابر ہو گا اور برابر نہ ہو گا۔ اور اگر داخل نہ ہو تو اس کا وجود مفروض حضور اقدس ﷺ کے عہد کے پہلے ہو گا تو وہ خاتم النبیین نہ ہو گا تو وہ آپ کے برابر نہ ہو گا تو وہ برابر ہو گا اور برابر نہ ہو گا تو بہر صورت وہ مساوی مفروض اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے تو آپ کے برابر شخص محال بالذات ہے اور یہی مطلوب ہے۔

اور **بلفظ دیگر:** اگر تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کا مصداق ممکن ہو تو اسے موجود اور واقع مان لینے کے بعد یا تو وہ صاحب دین و کتاب ہو گا یا نہیں ؟ اگر صاحب دین اور صاحب کتاب نہ ہو تو آپ کے برابر نہ ہوا تو برابر ہوا اور برابر نہ ہوا۔ اور اگر صاحب دین و کتاب ہوا اور اس کی کتاب اور دین آپ کی کتاب اور دین کے مخالف ہو تو یا تو اس کی کتاب اور اس کا دین آپ کی کتاب اور دین سے منسوخ ہو گا تو وہ خاتم النبیین نہ ہوا تو وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر نہ ہوا تو وہ برابر ہوا اور نہ ہوا، یا حضور اقدس ﷺ کی کتاب اور آپ کا دین معاذ اللہ اس مساوی کی کتاب اور دین سے منسوخ ہو گا تو اس صورت میں حضور اقدس ﷺ خاتم النبیین نہ ہوں گے۔ اور یہ مسلمہ حقیقت کے خلاف ہے اور اس کے باوجود اس شق پر وہ آپ کے برابر نہ ہوا تو وہ مساوی مفروض آپ کے برابر ہوا اور برابر نہ ہوا بہر صورت وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے تو مساوی مفروض محال بالذات ہے۔

یہ دلیل کی مفصل تقریر ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ: کوئی بھی دو شخص خاتم النبیین کی صفت سے متصف نہیں ہو سکتے۔ ان دونوں میں سے کسی ایک کا اس صفت سے موصوف ہونا اس وقت تک محتمل نہیں جب تک کہ یہ نہ مان لیا جائے کہ اس کے علاوہ کوئی دوسرا اس صفت سے متصف نہیں۔ اس نافہم نے دلیل کا حاصل نہ سمجھا اور یہ وہم کر بیٹھا کہ: دلیل کا حاصل یہ ہے کہ: اگر مساوی مذکور کا زمانہ حضور اقدس ﷺ کے زمانہ کے بعد ہو تو صرف وہی مساوی خاتم النبیین ہو گا اور اگر اس برابر شخص کا زمانہ آپ کے زمانہ سے پہلے ہو تو وہ برابر شخص خاتم النبیین نہ ہو گا تو اس پر یہ اعتراض کیا کہ:

"یہاں ایک تیسرا احتمال یہ ہے کہ:"حضور ﷺ اور وہ مساوی دونوں ایک ہی زمانہ میں ہوں تو اس صورت میں آپ اور وہ مساوی دونوں برابر خاتم النبیین ہوں گے"

اس شخص نے نہ جانا کہ آپ کے خاتم النبیین ہونے کا معنی یہ ہے کہ:آپ تمام انبیا میں سب سے آخری نبی ہیں، تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث ہوئے ہیں۔ اور"النبیین"کا صیغہ عموم واستغراق کا صیغہ ہے "خاتم"کا لفظ "النبیین"کی طرف مضاف ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ خاتم النبیین وہی شخص ہو سکتا ہے:جس کی بعثت تمام انبیا کے بعد ہو، جس کا دین تمام دینوں کا ناسخ اور جس کی نبوت عام ہو اور جس کے زمانہ میں اور جس کے زمانہ کے بعد موجود سارے لوگ اس کی امت ہوں۔ اگر ایک زمانہ میں دو نبی ہوں تو ان دونوں میں سے کسی پر یہ صادق نہیں آئے گا کہ:وہ تمام انبیا کے بعد مبعوث ہوا ہے، اس کا دین تمام دینوں کا ناسخ ہے، اس کی نبوت تمام انسانوں کی طرف عام ہے اور اس کے زمانہ میں اور اس کے زمانہ کے بعد موجود سارے لوگ اس کے امتی ہیں۔ تو اس صورت میں ان دونوں میں سے کوئی بھی خاتم النبیین نہ ہوا۔ تو خود اس کے کلام سے یہ بات مبرہن ہو گئی کہ اس پیر نابالغ کو اب تک خاتم النبیین کا معنی معلوم نہیں۔ اس نے یہ نہیں سمجھا کہ:کسی شخص کا خاتم النبیین ہونا اس وقت تک متصور ہی نہیں جب تک کہ اس کے عہد نبوت میں یا اس کے عہد نبوت کے بعد کسی اور نبی کے ہونے کا بالکل احتمال ہی نہ ہو۔ یہ شخص یہ بھی نہ جان سکا کہ:حضور اقدس ﷺ کے عہد سعادت مہد میں دوسرا نبی مبعوث مانا جائے تو یا تو وہ آپ کی شریعت اور آپ کے دین پر ہو گا تو وہ سب سے آخری نبی اور صاحب دین وکتاب نہ ہوا تو آپ کے برابر نہ ہوا یا آپ اس برابر شخص کے دین وشریعت پر ہوں گے تو آپ آخر الانبیا اور صاحب دین وکتاب نہ ہوں گے اور یہ امر مسلم کے خلاف ہے۔ اس کے باوجود اس تقدیر پر وہ برابر شخص برابر نہ ہوا یا اس مساوی کا دین اور اس کی شریعت آپ کے دین اور آپ کی شریعت کے مغایر ہو گی تو یا تو اس کا دین اور اس کی شریعت دائمی ہو گی تو حضور اقدس ﷺ کی شریعت اور آپ کا دین دائمی نہ ہو گا تو اس صورت میں حضور اقدس ﷺ اس کے برابر نہ ہوئے تو وہ شخص حضور اقدس ﷺ کے برابر نہ ہو گا یا اس کا دین اور اس کی شریعت دائمی نہ ہو گی تو وہ برابر شخص حضور اقدس ﷺ کے برابر نہ ہو گا اور بہر صورت وہ برابر شخص اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

نیز اگر بالفرض دوسرا نبی حضور اقدس ﷺ کے عہد نبوت میں مبعوث ہو تو وہ تمام لوگوں کا رسول ہو گا یا نہ ہو گا؟ اگر نہ ہو تو وہ آپ کے برابر نہ ہو گا؛ اس لیے کہ آپ تمام انسانوں کے رسول ہیں اور اگر تمام انسانوں کا رسول ہو تو حضور اقدس ﷺ اس کی امت سے ہوں گے۔ العیاذ باللہ تعالی۔ اور یہ امر مسلم کے خلاف ہے اس کے باوجود اس صورت میں حضور اقدس ﷺ اس کے برابر نہ ہوں گے تو وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر ہو گا اور برابر نہ ہو گا بہر صورت وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے تو وہ برابر شخص ہمیشہ محال بالذات ہے۔ اس سرکردۂ جہال نے اپنی نادانی وبے ایمانی کے سبب یہ احتمال ظاہر کیا۔

اور اس کا یہ کہنا مستدل کے لیے مضر نہیں کہ:

"پہلی شق اس صورت میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی نبوت کا زمانہ پہلے ہو اور دوسری شق اس صورت میں ہے کہ: آپ کے مساوی مفروض کی نبوت کا زمانہ پہلے ہو۔"

بلکہ اس سے مستدل کی دلیل کے ارکان کو استحکام حاصل ہوتا ہے اس لیے کہ جب قطعی و یقینی دلیل سے یہ ثابت ہو چکا کہ: خاتم النبیین کی صفت دو شخصوں کے درمیان شرکت کا احتمال نہیں رکھتی اور ایک ساتھ دو شخصوں کے خاتم النبیین ہونے کا احتمال ہی نہیں تو اگر آپ کے برابر شخص مانا جائے اور وہ خاتم النبیین ہو تو اس کی نبوت کا زمانہ حضور اقدس ﷺ کی نبوت کے زمانہ کے بعد ہوگا اور حضور اقدس ﷺ خاتم النبیین ہیں تو آپ کی نبوت کا زمانہ اس برابر شخص کے زمانۂ نبوت کے بعد ہوگا تو اس برابر شخص کی نبوت کا زمانہ آپ کے زمانۂ نبوت کے بعد ہوگا اور بعد میں نہ ہوگا۔ نیز اس کا زمانۂ نبوت آپ کے زمانۂ نبوت سے پہلے ہوگا اور پہلے نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے تو جس برابر شخص کا وجود اجتماع نقیضین کا مصداق ہے وہ محال بالذات ہے اور یہی دعوی ہے۔

اس نے یہ کہا کہ:

"تو گویا اس طرح کہا کہ: اگر مساوی مذکور زمانۂ رسالت کے بعد ہو تو صرف وہی خاتم ہوگا" الخ

اس کے اس کلام کی بنیاد اس پر ہے کہ اس نے دلیل کا حاصل سمجھے بغیر یہ دو شقیں قائم کیں: مساوی کا خاتم الانبیا ہونا جو حضور اقدس ﷺ کے خاتم الانبیا نہ ہونے کے درجہ میں ہے اور حضور اقدس ﷺ کا خاتم الانبیا ہونا جو اس مساوی کے خاتم الانبیا نہ ہونے کے درجہ میں ہے۔ اور اس شق کی بنا پر تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص فرض کرنا اجتماع نقیضین کا مصداق فرض کرنا ہے اور جب مساوی مفروض کا خاتم الانبیا ہونا اس وقت تک محتمل نہیں جب تک کہ اس کی نبوت کا زمانہ آپ کی نبوت کے زمانہ کے بعد نہ ہو اور حضور اقدس ﷺ کا خاتم الانبیا ہونا اس وقت تک محتمل ہی نہیں جب تک کہ آپ کا زمانۂ نبوت اس مساوی مفروض کے زمانہ کے بعد نہ ہو تو آپ کے وجود سے اس مساوی کا وجود مؤخر ہونا اور نہ ہونا دونوں لازم آیا تو اس مساوی کا وجود اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے تو خود اس کے کلام سے ایک دوسری دلیل کی تقریر مستنبط ہوئی تو اس شق کے ذکر کرنے میں اس قائل کی مثال اس بکری کی طرح ہے جس نے اپنے کُھر کے ذریعہ اپنی موت کا سبب فراہم کیا۔

اس کا یہ کلام اس کی کمال لاعلمی کی دلیل ہے کہ:

"یہاں ایک تیسرا احتمال یہ ہے کہ: ان دونوں کی نبوت کا زمانہ ایک ہو تو اس صورت میں دونوں برابر خاتم الانبیا ہوں گے"

اس لیے کہ "الأنبیاء" جمع معرف بالام ہے جس کا معنی: تمام انبیا ہے۔ تو خاتم الانبیا: تمام انبیا میں سب سے آخری نبی ہے۔ تو اگر دو نبی ایک ہی زمانہ میں ہوں تو ان دونوں میں سے کوئی بھی خاتم الانبیا نہ ہوگا؛ اس لیے کہ ان دونوں میں سے

کوئی بھی آخری نبی نہیں ہے جس کی تفصیل ابھی گزر چکی۔

اس سے اس قضیہ کلیہ کا صدق بھی روشن ہو گیا کہ:

"اگر وہ شخص خاتم الانبیا ہو تو حضور اقدس ﷺ معاذاللہ خاتم الانبیا نہ ہوں گے۔"

اس لیے کہ اگر وہ شخص خاتم الانبیا ہو تو اس کی نبوت کا زمانہ آپ کی نبوت کے زمانہ کے بعد ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ اور آپ کے اس مساوی کی نبوت کا زمانہ ایک ہو تو کوئی بھی خاتم الانبیا نہیں ہو سکتا۔ اس کا یہ کہنا کہ: "اس صورت میں دونوں خاتم الانبیا ہوں گے" اس بات کی روشن دلیل ہے کہ: وہ خاتم الانبیا کا معنی ہی نہیں جانتا۔ تو مذکورہ قضیہ کلیہ صادقہ کے صدق کا انکار انتہائی حماقت کے سبب ہے تو اس قضیہ شرطیہ کا مقدم بہر صورت تالی کو مستلزم ہے۔ اور اسی طرح یہ دوسرا قضیہ شرطیہ بھی مقدم کی تمام تقادیر پر صادق ہے کہ: "اگر حضور اقدس ﷺ خاتم الانبیا ہیں تو کوئی دوسرا خاتم الانبیا نہیں ہو سکتا "تو خاتم الانبیا کے معنی سے ناواقفی کے سبب اس قائل کا اعتراض اس کی نادانی و بے ایمانی کے سبب ہے۔ صحیحین میں سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"مَثَلِیْ وَ مَثَلُ الْأَنْبِیَاءِ کَمَثَلِ قَصْرٍ أُحْسِنَ بُنْیَانُهٗ تُرِكَ مِنْهُ مَوْضِعُ لَبِنَةٍ فَطَافَ بِهِ النُّظَّارُ یَتَعَجَّبُوْنَ مِنْ حُسْنِ بُنْیَانِهٖ إِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ فَکُنْتُ أَنَا سَدَدْتُ مَوْضِعَ اللَّبِنَةِ خُتِمَ بِیَ الْبُنْیَانُ وَخُتِمَ بِیَ الرُّسُلُ." (۱)

ترجمہ: میری اور تمام انبیا کی مثال اس خوبصورت محل کی ہے جس میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی گئی تو ناظرین اور مشاہدین نے اس کی سیر کی تو وہ اس کی عمارت کی دلکشی سے محو حیرت ہو رہے تھے بجز اس اینٹ کی جگہ کے۔ تو میں نے ہی اس ایک اینٹ کی جگہ کو پُر کیا اس قصر نبوت کی تکمیل مجھی سے کی گئی اور مجھے سب سے آخری نبی و رسول بنایا گیا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ:

"وَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ" (۲)

اور میں ہی وہ آخری اینٹ ہوں اور میں ہی سب سے آخری نبی ہوں۔

اس کور باطن کی نظر میں اس قصر نبوت و رسالت سے دو اینٹ (خشت رسالت) کی جگہ باقی رہ گئی تھی اور صرف حضور اقدس ﷺ کے وجود باجود سے وہ خالی جگہ پر نہ ہوئی اس لیے کہ ایک اینٹ (خشت رسالت) سے دو اینٹ

---

(۱) مشکوۃ المصابیح ص: ۵۱۰ باب بدأ الخلق و ذکر الأنبیاء علیهم السلام مجلس برکات جا معه اشرفیه مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) مشکاۃ المصابیح، ص: ۵۱۰، باب بدء الخلق و ذکر الأ نبیاء □ مجلس برکات جا معه اشرفیه مبارک پور اعظم گڑھ.

(خشت رسالت) کی جگہ پر ہونا متصور نہیں۔اس حدیث سے واضح ہے کہ:اس قصر نبوت سے صرف ایک ہی اینٹ (خشت رسالت) کی جگہ باقی رہ گئی تھی اس میں دوسری اینٹ کی قطعاً گنجائش نہ تھی، اللہ سبحانہ نے آپ کے وجود باجود سے اس خالی جگہ کو پر فرما کر قصر رسالت کو کامل و تمام فرمایا اگر وہ دوسری خشت رسالت بھی فرض کی جائے تو حضور اقدس ﷺ وہ خشت رسالت نہیں ہو سکتے۔اور جب وہ خشت رسالت حضور اقدس ﷺ ہی ہیں جیسا کہ خود ارشاد فرمایا:

"وَأَنَا اللَّبِنَةُ "اور میں ہی وہ خشت رسالت ہوں۔

تو دوسری خشت رسالت ممکن ہی نہیں۔جب شیخ نجدی اور اس بے علم کی طرح اس کے متبعین اس بات کے قائل ہیں کہ:"کروڑوں انسان آپ کے تمام کمالات میں برابر ہو سکتے ہیں" تو ان کے علم میں قصر نبوت و رسالت میں کروڑوں بلکہ بے شمار اینٹیں باقی ہیں تو ان بے ایمانوں کے اعتقاد میں یہ حدیث چند جھوٹ پر مشتمل ہے:

۱-ان کے عقیدے میں حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد:" إِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ "(ایک خشت رسالت و نبوت کی جگہ کے سوا) بھی جھوٹا ہے؛اس لیے کہ ان کے اعتقاد میں اس قصر نبوت و رسالت میں کروڑوں بلکہ بے شمار خشت نبوت و رسالت ابھی تک باقی ہیں اور ہمیشہ ہمیش باقی رہیں گی۔

اور ان کے اعتقاد میں آپ کا یہ ارشاد پاک بھی جھوٹا ہے:

"فَكُنْتُ أَنَا سَدَدْتُ مَوْضِعَ اللَّبِنَةِ "تو میں نے ہی اس خشت رسالت کی خالی جگہ پر فرما دی۔

اس لیے کہ جس قصر نبوت و رسالت میں بے شمار خشت رسالت کی جگہیں خالی ہوں محض ایک خشت رسالت و نبوت سے اس میں کیا ہوگا۔

اور ان ملحدوں کے اعتقاد میں آپ کا یہ ارشاد پاک بھی جھوٹا ہے:

" فَطَافَ بِهِ النُّظَارُ يَتَعَجَّبُوْنَ مِنْ حُسْنِ بُنْيَانِهِ إِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ "تو ناظرین و مشاہدین نے بجز اس ایک اینٹ کی جگہ کے -یعنی وہ خالی جگہ انھیں پسند نہ آرہی تھی- اس قصر نبوت و رسالت کی سیر کی تو وہ اس کی تعمیر کی دلکشی سے محو حیرت ہو رہے تھے۔

اس لیے کہ ان کے عقیدہ میں اس قصر نبوت و رسالت میں بے شمار خشت رسالت کی جگہیں باقی ہیں تو اس محل میں بے شمار اینٹوں کے باقی رہتے ہوئے یہ کہنا جھوٹ ہے کہ :

"اس قصر رسالت میں صرف ایک ہی خشت رسالت کی جگہ باقی تھی"

اور جس قصر رسالت میں بے شمار خشت رسالت کی جگہیں باقی ہوں اس کی تعمیر کی دلکشی سے ناظرین و مشاہدین کا محو حیرت ہونا بھی بے معنی ہے۔یہ ان بے دینوں کی انتہائی مکر سازی ہے کہ:"تمام صفات کمالیہ میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلی شخص کے ممتنع بالذات ہونے سے اللہ سبحانہ کی قدرت کا انکار لازم آتا ہے"اس لیے کہ خود ان بے دینوں کو اس لازم

(انکارِ قدرتِ باری) کے التزام سے مفر نہیں اس لیے کہ یہاں دو صورتیں ہیں:

ا۔ یا تو ان کے نزدیک منصب نبوت رسالت کو کامل و تام فرمانا، اسے اس کے آخری درجہ تک پہنچانا اور قصر نبوت کو اس طرح مکمل فرمانا کہ اس میں ایک بھی خشت نبوت کی جگہ باقی نہ رہے، اللہ سبحانہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہے یا نہیں؟ اگر اللہ سبحانہ اس پر قادر نہ ہو تو انہیں بھی اللہ سبحانہ کی قدرت کے انکار سے قطعاً مفر نہیں۔ اور اگر اللہ سبحانہ اس پر قادر ہو تو جب اس نے قصر نبوت و رسالت کو اس کے سب سے بلند و بالا اور آخری درجہ تک پہنچا دیا ہے تو اب اس کے برابر یا اس سے کوئی بلند درجہ ممکن ہی نہیں ورنہ سب سے بلند و بالا درجہ، سب سے بلند و بالا درجہ نہ رہے گا اور یہ محال ہے تو اس سب سے بلند و بالا اور آخری درجہ کے برابر یا اس سے اعلی پر اللہ تعالی قادر نہ ہوا تو اس صورت میں ان نافہموں کو اس التزام سے کسی طرح مفر نہیں کہ: "اللہ سبحانہ اس خاتم الانبیا والرسل کے برابر یا اس سے اعلی پر قادر نہیں جو نبوت و رسالت کو کامل و تام فرمانے والے ہیں"۔

اور نبی پاک ﷺ نے اپنی اور دیگر انبیائے کرام کی صفت ذکر کرتے ہوئے حدیث شریف میں جو ارشاد فرمایا اس میں بھی یہی گفتگو جاری ہوگی کہ: کیا اللہ تعالی اس قصر نبوت و رسالت کو اس طرح مکمل فرمانے پر قادر ہے کہ: اس میں کسی خشت رسالت کی جگہ باقی نہ رہے یا قادر نہیں؟ اگر قادر نہ ہو تو اس قصر رسالت کو مکمل فرمانے پر اللہ سبحانہ تعالی کا قادر نہ ہونا لازم آیا۔ اور اگر قادر ہو تو جب اللہ سبحانہ تعالی کے اس قصر رسالت کو کامل و تام فرما دینے کے بعد اس میں کسی خشت رسالت کی جگہ باقی نہیں تو جس کامل قصر رسالت میں کسی خشت رسالت کی جگہ باقی نہیں اس میں کسی دوسری اینٹ کا رکھنا محال ہے تو وہ قدرت کے تحت داخل ہی نہیں۔ اس اشتباہ کا سبب یہ ہے کہ: یہ لوگ محال بالذات کو ممکن بالذات ثابت کر کے اللہ رب العزت کی قدرت کے عموم و شمول کا بہانہ بنا کر اپنی ملحدانہ فکر کو رائج کرنا چاہتے ہیں (وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ)۔

اور اس نے اپنے کلام کی توضیح کرتے ہوئے ایسی تعجب خیز بات کہی ہے جسے کوئی پاگل ہی کہے گا؟ اس لیے کہ اگر اس نے اپنی مفروضہ قوم کریم میں زید کو خاتم العلماء و الحفاظ والشعراء و الکتاب قرار دیا ہے تو اس کا معنی یہ ہے کہ: زید اس مفروضہ کریم قوم میں تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں میں سب سے آخری عالم و حافظ و شاعر و انشا پرداز ہے۔ اور اگر آئندہ زمانہ میں اس کریم قوم کے اندر خالد موجود ہو اور علم، حفظ، کتابت و انشا پردازی اور شاعری کے اوصاف سے موصوف ہو تو اس صورت میں زید کو اس کریم قوم کا خاتم العلماء والحفاظ والشعراء والکتاب کہنا محض جھوٹ ہوگا۔ در حقیقت اس قوم میں خاتم العلماء والحفاظ والشعراء والکتاب خالد ہے نہ کہ زید۔ اس کریم قوم کے اندر زید کو خاتم العلماء والحفاظ والشعراء و الکتاب مان لینے کے بعد خالد کو اس کریم قوم کا خاتم العلماء والحفاظ والشعراء والکتاب نہیں کہا جا سکتا: اس لیے کہ زید کو اس کریم قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر مان لینے کے بعد کسی دوسرے کو اس کریم قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر کہنا اس تسلیم شدہ امر کی مخالفت اور اس کا انکار ہے، اس لیے کہ اسے مان لینے کا معنی یہ ہے کہ: اس

کریم قوم میں زید سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر ہے۔ اس قوم میں جو شخص اس صفت علم، حفظ، کتابت و شاعری وغیرہ سے متّصف ہو وہ زید کے بعد یا زید کے ساتھ اس صفت سے متّصف نہیں ہے؛ اس لیے کہ اگر زید کے بعد یا اس کے ساتھ (زمانہ میں) اس قوم میں کوئی شخص عالم، حافظ، کاتب و شاعر ہو تو یہ کہنا صحیح نہیں کہ: زید اس کریم قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر ہے۔

اور اس کا یہ کہنا بے معنی ہے کہ: "تو زید خاتم کمالات ہو گیا" خاتم مختوم کی جنس سے ہوتا ہے۔ صحیح عبارت یہ ہے: زید خاتمِ موصوفین بایں کمالات ہو گیا، یعنی اس کریم قوم میں جتنے لوگ ان کمالات سے موصوف تھے زید ان سب کے بعد ان کمالات سے موصوف ہو گیا اس صورت میں کسی دوسرے کو ان کمالات سے سب سے آخر میں متّصف ماننا زید کو ان کمالات سے سب سے آخر میں موصوف ماننے کے منافی ہے۔

اس نے یہ کہا کہ:

"اور قوم شریف میں بھی مذکورہ کمالات موجود تھے، اس قوم کے دو شخص عمرو اور بکر پر وہ تمام کمالات ختم ہو گئے اور یہ دونوں ایک ساتھ موجود ہوئے کسی کو کسی پر تقدم حاصل نہ ہوا"۔

اگر اس سے اس کی مراد یہ ہے کہ: اس مفروضہ قوم شریف میں عمرو و بکر جو ایک زمانہ میں علم، حفظ، کتابت و انشا پردازی اور شاعری سے متّصف ہیں اس قوم کے سب سے آخری عالم، حافظ، انشا پرداز و شاعر ہیں تو یہ محض غلط ہے؛ اس لیے کہ قوم مذکور کا سب سے آخری عالم، حافظ، انشا پرداز و شاعر وہی شخص ہے جو ان صفات مسطورہ: علم، حفظ، کتابت و شاعری سے سب سے بعد میں متّصف ہو اور مذکورہ صورت میں نہ تو عمرو اس قوم کے تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں میں سب سے بعد میں ان صفاتِ مسطورہ سے متّصف ہے اور نہ ہی بکر۔ بلکہ عمرو اس قوم کے بعض علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں کے بعد اس صفت سے متّصف نہیں کیوں کہ بکر اس قوم کا ایک فرد ہے جس کے بعد عمرو اس صفت سے متّصف نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ متّصف ہے تو اس قوم کے تمام افراد کے بعد عمرو کا ان صفات سے متّصف ہونا کہاں صادق ہوا؟ اور اسی طرح بکر بھی اس قوم کے تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں کے بعد ان صفات سے متّصف نہیں کیوں کہ عمرو اس قوم کا ایک فرد ہے جس کے ساتھ بکر ان صفات سے متّصف ہوا تو بکر اس قوم کے تمام افراد کے بعد ان صفات سے کہاں متّصف ہوا؟

اور اگر یہ مراد ہے کہ: عمرو و بکر کے بعد اس قوم میں مسطورہ کمالات باقی نہ رہے بلکہ ختم ہو گئے تو ہماری بحث اس سے متعلق نہیں، ہماری گفتگو خاتم النبیین کی صفت کے بارے میں ہے۔ اگر ایک زمانہ میں دو نبی فرض کیے جائیں اور ان دونوں کے بعد نبوت ختم ہو جائے تو ان دونوں میں سے کوئی بھی خاتم النبیین نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ ان دونوں میں سے کوئی بھی تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی نہیں۔ اس کا یہ کلام سراسر مکر سازی یا اس کی نافہمی کے سبب ہے۔

اس کا یہ کلام اس کی نافہمی کی دلیل ہے کہ:

"میں کہتا ہوں "اس کے اس کلام تک: "اس کلام کا ضعف ظاہر ہے"۔

اس لیے کہ اگر یہ مان لیا جائے کہ: زید قوم کریم کے تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں میں سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر ہے تو تمام صفات میں زید کا مساوی بلا شبہ ممتنع بالذات ہے، اس لیے کہ زید کے برابر شخص موجود مان لینے کے بعد اگر اس قوم کے اندر تمام صفات میں زید کے برابر شخص ممکن ہو تو یا تو وہ اس کریم قوم کے تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں میں سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر ہو گا یا نہیں؟ اگر نہ ہو تو وہ برابر شخص برابر نہ ہوا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

اور اگر اس قوم کے تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں میں سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر ہو تو زید اس قوم کے تمام عالموں، حافظوں، شاعروں اور انشا پردازوں کے عموم میں داخل ہو گا اور تمام مختومین میں سے ہو گا، خاتم نہ ہو گا تو وہ خاتم کی صفت سے متّصف نہ ہو گا تو اس مساوی مفروض کے برابر نہ ہو گا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

اور اس ضعیف الرائے کا اس کلام کا ضعف بیان کرتے ہوئے یہ کہنا اس کی کم عقلی کے سبب ہے:

"ہم نے اس برابر شخص میں خاتم کی صفت کا ہونا اختیار کیا اور اس صورت میں زید کے اندر خاتم کی صفت کا نہ ہونا ہمیں تسلیم نہیں"۔

اس لیے کہ اس صورت میں جب زید تمام مختومین (جن کا خاتم اور جن کے آخر میں اسے مانا گیا ہے) میں داخل ہے تو وہ کیسے خاتم ہو سکتا ہے؟ اور اگر زید تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں کے عموم میں داخل نہیں ہے تو وہ علم، حفظ، کتابت و شاعری سے متّصف نہیں تو اس صورت میں بھی وہ مساوی زید کا مساوی نہیں ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو مساوی مفروض کے موجود ہونے اور اس کے خاتم العلماء والحفاظ والکتاب والشعراء ہونے کی صورت میں زید سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر نہیں ہو سکتا، اس صورت میں بھی وہ برابر شخص برابر نہیں ہے اور مفروضہ شریف قوم میں جب عمرو و بکر دونوں ایک زمانہ میں ہیں اور تمام علما، حفاظ و شعرا کے عموم میں داخل ہیں تو ان دونوں میں سے کسی پر بھی یہ صادق نہیں ہے کہ: "وہ شریف قوم کے تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں میں سب سے آخری عالم، حافظ، شاعر و کاتب ہیں" اس لیے کہ ان دونوں میں سے کوئی بھی اس قوم کے تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں میں سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر نہیں تو عمرو اور بکر کو شریف قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر کہنا خاتم مذکور کا معنی نہ سمجھنے کی بنا پر ہے۔

اور کریم قوم کے اندر خالد کے موجود ہونے اور اس کے سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر ہونے کی صورت میں زید کریم قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر نہیں ہو سکتا۔ اور اس کریم قوم کے اندر زید کے خاتم العلماء و الحفاظ و الشعرا و الکتاب ہونے کی صورت میں خالد اس کریم قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر نہیں ہو سکتا بہر صورت زید و خالد اس صفت میں شریک و برابر نہیں ہو سکتے بلکہ ایک صورت میں صرف زید اور دوسری صورت میں

صرف خالد اس صفت سے متصف ہوگا۔ یہ احتمال ممکن ماننا کہ: "دونوں ایک ساتھ اس صفت سے متصف ہوں" کسی عاقل و ذی فہم سے متصور نہیں، تو ہماری اس بحث میں حضور اقدس ﷺ کو خاتم الانبیا مان لینے کی صورت میں یہ کہنا کہ: "آپ کے برابر شخص ممکن ہے" یہ کہنا ہے کہ: "اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ہے"۔ اس لیے کہ اس صورت میں وہ برابر شخص اس صفت سے متصف نہیں ہو سکتا تو وہ مساوی نہیں ہو سکتا اور مساوی کے موجود ہونے اور اس صفت سے اس کے متصف ہونے کی صورت میں حضور اقدس ﷺ اس صفت سے متصف نہیں ہو سکتے، اس صورت میں وہ مساوی مفروض مساوی نہیں ہو سکتا تو دونوں صورتوں میں اس پر یہ صادق ہے کہ: "وہ مساوی ہے اور مساوی نہیں" تو ان دونوں صورتوں میں وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

اور اس کی ان خرافات آمیز بحثوں سے زیادہ تعجب خیز اس کا یہ کلام ہے:

"ہاں خاتم کا زمانہ مؤخر ہونا اور مختوم کا زمانہ مقدم ہونا لازم ہے"

یہ خبط و جنون اس کی اسی بکواس کا ثمرہ ہے:

اولاً: اس لیے کہ **خاتم** اسے کہتے ہیں: جو آخر میں ہو اور **مختوم** وہ ہے: جس کے بعد کوئی ہو۔ یہ دونوں اضافی مفہوم ہیں خاتم کے معنی میں یہ ماخوذ ہے کہ: اس کا زمانہ مختوم کے زمانہ کے بعد ہو، "آخری زمانہ میں ہونا" خاتم کے معنی کے لیے "لازم" نہیں ہے۔ لازم ملزوم کے معنی میں ماخوذ نہیں ہوتا۔

ثانیاً: اس لیے کہ: اس قائل نے اس جگہ یہ اعتراف کیا ہے کہ: "خاتم کا زمانہ مؤخر ہونا اور مختوم کا زمانہ پہلے ہونا لازم ہے"۔

اب مجھ سے سنیں کہ: خاتم النبیین کا معنی کیا ہے؟ شاید اب معلوم ہو جائے کہ: خاتم النبیین وہی ہے: جس کا زمانہ تمام انبیا کے زمانہ کے بعد ہو۔ تو اگر بالفرض ایک زمانہ میں دو نبی ہوں اور ان کے بعد نبوت کا زمانہ منقطع ہو جائے تو ان دونوں میں سے ہر ایک "النبیین" (مضاف الیہ) کے عموم میں داخل ہیں تو اگر ان دونوں میں سے کوئی ایک خاتم النبیین کی صفت سے متصف ہو تو دوسرا "النبیین" (تمام انبیا) کے عموم میں داخل ہوگا اور اس خاتم کا مختوم ہوگا تو اس دوسرے (مختوم) سے وہ ایک (خاتم) مؤخر ہوگا تو اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ "مؤخر ہے" اور "مؤخر نہیں" تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہوا۔

اور اسی طرح دوسرا اگر خاتم النبیین کی صفت سے موصوف ہو، تو جو شخص اس کے ساتھ نبی ہوا ہے وہ "النبیین" کے عموم میں داخل ہوگا اور وہ اس خاتم کا مختوم اور اس (خاتم) سے پہلے ہوگا تو اس پر یہ صادق آیا کہ: وہ مقدم ہے اور مقدم نہیں ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہوا۔

اس قائل کو اس بات کا اعتراف ہے کہ: خاتم کا زمانہ مؤخر ہونا اور مختوم کا زمانہ مقدم ہونا لازم ہے۔ اس کے باوجود ایک زمانے میں دو نبیوں کا خاتم الانبیا ہونا ممکن مانتا ہے۔ اور یہ ممکن مانتا ہے کہ: اس کے مفروضہ شریف قوم میں عمرو و بکر

دونوں ایک زمانے میں سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر ہوں۔

اور اگر غایت حماقت کے سبب اس نے یہ سمجھا ہے کہ: زید، کریم قوم میں خاتم کمالات ہے اور عمرو و بکر، شریف قوم میں خاتم کمالات ہیں تو اس نے زید کو کریم قوم اور عمرو و بکر کو شریف قوم کا خاتم العلماو الحفاظ و الشعرا و الکتاب نہیں کہا ہے پھر بھی اس کا یہ کلام، محض بے ہودہ پن ہے؛ کیوں کہ اگر کمالات کو مختوم اور زید کو کریم قوم کا خاتم اور عمرو و بکر کو شریف قوم کا خاتم قرار دیا ہے تو یہ دوسری حماقت ہے؛ کیوں کہ خاتم، مختوم کی جنس سے ہوتا ہے اور زید و عمرو و بکر کمالات کی جنس سے نہیں ہیں تو لا محالہ اسے یہ اعتراف کرنا پڑے گا کہ: تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پرداز مختوم ہیں اور عمرو و بکر کو شریف قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر ممکن ماننے سے اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ماننا لازم آئے گا۔ اور زید کو کریم قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر مان لینے کے بعد زید کے برابر شخص ممکن ماننے سے اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ماننا لازم آئے گا، اس کا تفصیلی بیان گذر گیا۔

اور ایک زمانے میں دونوں کے ہونے سے کوئی فائدہ حاصل نہیں بلکہ دونوں کو ایک زمانے میں موجود ماننے کی صورت میں چند وجوہ سے دونوں کا اجتماع نقیضین کا مصداق ہونا لازم آتا ہے یعنی یہ لازم آتا ہے کہ: دونوں مقدم ہوں اور مقدم نہ ہوں، مؤخر ہوں اور مؤخر نہ ہوں، ایک ساتھ ہوں اور ایک ساتھ نہ ہوں۔

اس شخص کا یہ کلام عجب بکواس ہے:

"تو اگر خاتم کے مساوی جو کہ خاتم اور مختوم کے بعد ہوگا زید خاتم کے بعد یا اس سے پہلے مانیں الخ"

کیوں کہ جب اس نے زید کو کریم قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر مانا تو یہ لازم ہے کہ زید اس قوم کے تمام عالموں، حافظوں، شاعروں اور انشا پردازوں کے بعد ہو، ورنہ وہ اس قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، شاعر و انشا پرداز نہیں ہو سکتا۔

اور جب خالد کو اس صفت سے متّصف مانا تو اس کا اس قوم کے تمام عالموں، حافظوں، شاعرون اور انشا پردازوں کے بعد ہونا ضروری ہے۔ تو اگر زید تمام علما، حفاظ، شعرا اور انشا پردازوں کے عموم میں داخل نہیں ہے تو خالد کا مساوی نہیں ہے۔ اور اگر داخل ہے تو انہیں مختومین میں سے ہے، نہ کہ ان مختومین کا خاتم تو وہ خالد کا مساوی نہیں ہے؛ اس لیے کہ وہ اس صفت سے موصوف نہ ہوا۔ اور اسی طرح اگر خالد مذکورہ عموم میں داخل نہیں ہے تو وہ اس صفت سے موصوف نہیں ہے۔ اور اگر داخل ہے تو ان مختومین کے زمرے سے ہے، نہ کہ ان کا خاتم تو وہ زید کے برابر نہیں ہے۔

حاصل یہ ہے کہ: اگر زید خالد سے پہلے ہے تو زید اس صفت سے متّصف نہیں ہے۔ اور اگر خالد زید سے پہلے ہے تو خالد اس صفت (خاتم) سے متّصف نہیں ہے۔ اور اگر وہ دونوں ایک زمانہ میں ہیں تو ان دونوں میں سے کوئی بھی اس صفت سے متّصف نہیں۔

اور اسی طرح عمرو و بکر جنھیں شریف قوم کے اندر ایک زمانے میں مانا گیا ہے ان میں سے کوئی بھی اس قوم کا سب سے آخری عالم، حافظ، کاتب و شاعر نہیں، ورنہ ہر ایک خاتم اور ہر ایک مختوم ہوگا، ہر ایک مؤخر ہوگا اور مؤخر نہ ہوگا، ہر ایک مقدم ہوگا اور مقدم نہ ہوگا، دونوں ایک ساتھ ہوں گے اور ایک ساتھ نہ ہوں گے اور ہر ایک چند طریقوں سے اجتماع نقیضین کا مصداق ہوں گے۔ نیز جو شخص عقل سے عاری نہیں اس کے نزدیک اجتماع نقیضین لازم آنا بہت بڑی خرابی ہے، تو یہ کہنا کہ: "کوئی خرابی لازم نہیں آتی" اس کے جنون کا ایک حصہ ہے۔

اور اس کا یہ کہنا بھی جنون کی علامت ہے:

"لیکن لازم کے بغیر ملزوم کا وجود جو کہ مفروض ہے خود محال فی نفسہ ہے الخ"

کیوں کہ نفس الامر میں جو صفت دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کا احتمال نہ رکھے اس میں مساوی کا وجود اجتماع نقیضین کا مصداق ہے جیسا کہ بار بار تفصیل سے ہم نے ذکر کیا ہے۔ حد درجہ بے وقوف سے سابقہ پڑا ہے اس لیے مجبوراً اس طویل گفتگو کی ضرورت پیش آئی "وَاللهُ وَلِیُّ السَّدَادِ"۔

مخالف نے کہا:

"تو جس خاتم کے لیے مؤخر ہونا لازم ہے اس کا حال اول الانبیا علیہم السلام کا حال ہے یہاں تک کہ مثلاً اول البشر کی صفت میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہے لیکن اس صفت میں دوسرا شریک بلا شبہ ممکن ہے، محال بالذات نہیں، مثلاً اگر حق تعالی حضرت حوا کو حضرت آدم علیہ السلام کی طرح پیدا فرماتا تو دونوں سب سے پہلے انسان ہوتے۔

اسی طرح اگر دو شخصوں کو نبی بنا کر ان پر نبوت ختم فرماتا تو وہ دونوں سب سے آخری نبی اور تمام انبیا کے خاتم ہوتے تو اشتراک کا ممکن ہونا ثابت ہے۔ اصول فقہ میں اس کی مثال یہ ہے کہ: اگر امیر یہ کہے کہ: "أَوَّلُ مَنْ دَخَلَ هٰذَا الْحِصْنَ فَلَهٗ مِنَ النَّفلِ كَذَا" (سب سے پہلے جو اس قلعے میں داخل ہوگا اسے اتنا مال غنیمت ملے گا)۔

تو اگر صرف ایک شخص اس قلعہ میں سب سے پہلے داخل ہوا تو وہ اس مال غنیمت کا حق دار ہوگا۔ اور اگر دو شخص ایک ساتھ داخل ہوئے تو وہ دونوں اس مال غنیمت کے حق دار ہوں گے تو اس تعدُّد کے باوجود ان دونوں شخصوں میں سے ہر ایک سب سے پہلے داخل ہونے والا ہوا اور یہی حال خاتم کا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ممکن بالذات موجود ہو یا معدوم دونوں حالتوں میں ہمیشہ ممکن ہے جیسا کہ ظاہر ہے، تو اگر یہ ممکن واقع میں موجود نہ ہو کر کسی وجہ سے ممتنع ہو تو ممتنع بالغیر ہوگا ممتنع بالذات نہیں۔ اور ممتنع بالغیر اللہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہے جیسا کہ ابولہب کا ایمان لانا۔ اس قیاس کی بنا پر خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کے ممتنع بالذات ہونے پر معترض مستدل کی دلیل بلا شبہ باطل ہوگی۔

اقول: اس بے ایمان نادان نے اس حماقت آمیز کلام کے ذریعہ خود اپنے پیر پر کلہاڑی ماری اور اپنا شوریدہ سر اپنے ہاتھ سے توڑا۔ اس کلام کی تفصیل اور اجمال کی توضیح یہ ہے کہ: لفظ (اول) اسم تفضیل کا صیغہ ہے جو کبھی "پہلے" کے معنی

میں مستعمل ہوتا ہے۔اور اسم تفضیل کا صیغہ جب کسی اسم کی طرف مضاف ہو کر مستعمل ہو اور اس کے ذریعے مضاف الیہ پر اس کے موصوف کی فضیلت ظاہر کرنا مقصود ہو تو اس بات کا فائدہ دیتا ہے کہ جن کی طرف اس اسم کی اضافت کی گئی ہے وہ ان سب سے افضل و برتر ہے مثلاً حضور اقدس ﷺ کو افضل الانبیا کہنے کا مفاد یہ ہے کہ:آپ کو تمام انبیا پر فضیلت و برتری حاصل ہے۔اسے نحو کے مبتدی طلبہ بھی جانتے ہیں تو اول الانبیا صرف ایک ہی ذات کا ہونا ضروری ہے۔اور اگر دیگر انبیا سے پہلے ایک ساتھ دو نبی کو مبعوث مانا جائے تو ان دونوں میں سے کوئی بھی اول الانبیا نہیں ہو سکتا کیوں کہ **اول الانبیا کا معنی** ہے:"تمام انبیا میں سب سے پہلا نبی "اور ان دونوں میں سے کوئی تمام انبیا سے پہلے نہیں بلکہ بعض انبیا سے پہلے ہیں تو اگر یہ صفت کسی ایک کی شان میں صادق ہے تو اس پر اس صفت کو صادق مان لینے کے بعد کسی دوسرے پر اس صفت کا صدق ممکن ماننا ایک شئ پر دو نقیضوں کو صادق ماننا ہے۔مثلا اللہ جل شانہ نے حضور اقدس ﷺ کی شان اقدس میں یہ ارشاد فرمایا کہ:

" جَعَلْتُكَ أَوَّلَ النَّبِيِّينَ خَلْقاً وَاٰخِرَهُمْ بَعْثاً" میں نے تمھیں تمام انبیا سے پہلے پیدا فرمایا اور ان سب سے بعد میں مبعوث فرمایا۔[1]

تو آپ تمام انبیا سے پہلے پیدا ہوئے۔اس صفت سے آپ کو متّصف مان لینے کے بعد اس سے کسی دوسرے کا اتصاف ممکن ماننا اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ماننا ہے کیوں کہ اگر اس صفت سے کسی دوسرے کا متّصف ہونا ممکن ہو تو اسے واقع مان لینے سے اس کی ذات کے اعتبار سے محال لازم نہ آتا۔حالاں کہ اس کے واقع ہونے سے اس کی ذات کے اعتبار سے اجتماع نقیضین کے مصداق کا متحقق ہونا لازم آتا ہے؛اس لیے کہ اگر کوئی دوسرا اس صفت سے موصوف ہو تو وہ دوسرا "النبیین" (تمام انبیا) کے عموم میں داخل ہوگا یا نہیں ؟اگر داخل نہ ہو تو تخلیق میں اس کا تمام انبیا سے پہلے ہونا ممکن نہ ہوگا۔اور اگر داخل ہو تو ان تمام انبیا کے زمرے میں داخل ہوگا جن پر فضیلت دی گئی تو تمام انبیا سے پہلے نہ ہوگا،تو وہ تمام انبیا سے پہلے ہوگا اور نہ ہوگا۔نیز آپ کے برابر شخص اگر موجود ہو تو اس کے موجود ہونے کی صورت میں حضو اقدس ﷺ یا تو تمام انبیا کے عموم میں داخل ہوں گے یا نہیں ؟اور دونوں صورتوں میں آپ اس مساوی کے برابر نہ ہوں گے تو وہ آپ کے برابر ہوگا اور نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اور اسی طرح جب حضور اقدس ﷺ سب سے آخری نبی ہیں تو کوئی دوسرا اس صفت سے موصوف نہیں ہو سکتا کیوں کہ اگر کوئی دوسرا اس صفت سے موصوف ہو تو اگر تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہو تو وہ سب سے آخری

---

(۱) شفا مع نسیم الریاض ج:۳،ص:۸۲تا۸۷الباب الثالث، فصل فی تفضیله ﷺ بما تضمنه كرامة الإسراء من المناجاة والرؤيا وإمامة الأنبياء والعروج به إلى سدرة المنتهى،مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر، گجرات

نبی نہیں ہو گا تو حضور اقدس ﷺ کا مساوی نہ ہو گا۔اور اگر اس کے عموم میں داخل ہو تو حضور اقدس ﷺ اس سے مؤخر ہوں گے؛اس لیے کہ آپ بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی ہیں تو وہ برابر شخص تمام انبیا کے بعد میں نہ ہو گا تو وہ برابر شخص برابر ہو گا اور برابر نہ ہو گا۔نیز اگر وہ سب سے آخری نبی ہو تو حضور اقدس ﷺ اگر معاذ اللہ تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہوں تو اس کے مساوی نہ ہوں گے تو وہ برابر شخص برابر ہو گا اور نہ ہو گا۔اور اگر اس کے عموم میں داخل ہوں تو معاذ اللہ سب سے آخری نبی نہ ہوں گے تو اس صورت میں بھی وہ برابر شخص برابر نہ ہو گا تو وہ برابر شخص بہر تقدیر اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اور اس حدیث سے یہ بات مدلل و مبرہن ہو گئی کہ: حضور اقدس ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کا معنی یہ ہے کہ:"آپ تمام انبیا کے بعد مبعوث ہوئے، نہ جیساکہ اس قائل کا خیال ہے کہ:"خاتم کے لیے مؤخر ہونا لازم ہے"اور"اول النبیین خلقا" (تمام انبیا سے پہلے پیدا ہونا) جب انہیں صفات سے ہے جن میں دو شخص شرکت کا احتمال نہیں رکھتے۔اور حضور اقدس ﷺ کو اس صفت سے متصف مان لینے کے بعد تمام صفات میں آپ کے مساوی کا مصداق ممکن ماننا اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ماننا ہے۔اور اسی طرح آپ کی یہ صفتیں بھی ہیں مثلاً:سب سے پہلے زمین سے باہر تشریف لانا، سب سے پہلے شفاعت کرنا، سب سے پہلے آپ کی شفاعت مقبول ہونا، سب سے پہلے جنت کی زنجیر ہلانا، سب سے پہلے آپ کا نور پیدا فرمانا انہیں صفتوں میں سے ہیں جن میں دو شخص شرکت کا احتمال نہیں رکھتے۔اور ان صفتوں میں آپ کے برابر شخص کو ممکن کہنا یہ کہنا ہے کہ:"اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ہے"اور اسی طرح وہ دوسری صفتیں بھی ہیں جن میں اسم تفضیل کے صیغے عموم واستغراق پر دلالت کرنے والے کلمات کی طرف مضاف ہیں جیساکہ اس سے پہلے ہم نے بیان کیا۔

اور اس شخص کا یہ خیال اس کی غایت درجہ جہالت و بے وقوفی ہے کہ:

"أول الأنبیا"اور"أول البشر"کی صفت میں دوسرے کی شرکت ممکن ہے۔

کیوں کہ حضرت آدم علیہ السلام کو ظہور کے اعتبار سے سب سے پہلا نبی اور انسان مان لینے کے بعد اس صفت میں آپ کا کوئی شریک ممکن ماننا اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ماننا ہے کیوں کہ اگر اس صفت میں حضرت آدم علیہ السلام کا کوئی شریک ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو وہ تمام انبیا اور تمام انسانوں کے عموم میں داخل ہو گا یا نہیں ؟اگر داخل نہ ہو تو وہ شریک "أول الأنبیا"اور"أول البشر" نہ ہوا تو وہ شریک اس صفت میں شریک نہ ہوا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اور اگر داخل ہو تو حضرت آدم علیہ السلام اس شریک سے پہلے ہیں اس لیے کہ آپ"أول الأنبیا"اور"أول البشر" کی صفت سے متصف ہیں جس کا معنی یہ ہے کہ: تمام انبیا اور تمام انسانوں سے پہلے آپ کا ظہور ہوا اور جب حضرت آدم علیہ السلام اس شریک سے پہلے ہیں تو وہ شریک تمام انبیا اور تمام انسانوں سے پہلے نہ ہوا تو وہ شریک "أول الأنبیا"اور"أول

البشر" (ظہور کے اعتبار سے سب سے پہلا نبی اور سب سے پہلا انسان) نہ ہوا تو اس صفت میں وہ حضرت آدم علیہ السلام کا شریک نہیں تو وہ شریک ہے اور شریک نہیں ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

نیز اگر اس صفت میں حضرت آدم علیہ السلام کا شریک ممکن ہو اور اسے موجود مان لیا جائے تو حضرت آدم علیہ السلام اگر تمام انبیا اور تمام انسانوں کے عموم میں داخل نہ ہوں تو وہ "أول الأنبيا" اور "أول البشر" نہ ہوں گے۔ اور اگر آپ تمام انبیا اور تمام انسانوں کے عموم میں داخل ہوں تو وہ شریک مذکور حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے ہوگا اس لیے کہ وہ "أول الأنبيا" اور "أول البشر" کی صفت سے موصوف ہے اور اس استعمال میں اسم تفضیل کا معنی یہ ہے کہ: وہ شریک تمام انبیا اور تمام انسانوں سے پہلے ہے تو وہ لامحالہ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے ہوگا تو حضرت آدم علیہ السلام سب سے پہلے نبی اور سب سے پہلے انسان نہ ہوئے تو وہ شریک شریک نہ ہوا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اس قائل کے اس کلام سے:

"مثلاً اگر حق تعالی حضرت حوّا کو حضرت آدم علیہ السلام کی طرح پیدا فرماتا تو دونوں سب سے پہلے انسان ہوتے"

یہ انکشاف ہوتا ہے کہ: اسے "أول البشر" کا معنی معلوم نہیں۔ اسے یہ معلوم نہیں کہ اس استعمال میں اسم تفضیل کا مفاد یہ ہے کہ اس کا موصوف اپنے سوا ان تمام لوگوں سے افضل ہے جس کی طرف اس اسم کی اضافت کی گئی ہے تو اللہ سبحانہ اگر حضرت حوا کو حضرت آدم علیہ السلام کی طرح پیدا فرماتا تو نہ حضرت آدم علیہ السلام اول البشر ہوتے اور نہ حضرت حوا۔ اور اگر دو شخصوں کو ایک ساتھ نبی بنا دیتا اور اس کے بعد نبوت کا سلسلہ منقطع ہو جاتا تو ان دو شخصوں میں سے کوئی بھی بعثت کے اعتبار سے خاتم الانبیا، خاتم النبیین، آخر النبیین، نہ ہوتا۔ اس کے اس بیہودہ کلام سے معلوم ہوا کہ یہ شخص عمر کی آخری حد تک پہنچنے کے باوجود اول و آخر کا معنی، صیغوں کا عموم و استغراق اور صیغۂ اسم تفضیل کا استعمال نہیں جانتا اور صرف و نحو کی معمولی کتابوں کو بھی نہیں سمجھتا تو اس شخص کا دیگر علوم کے مطالب کا نہ سمجھنا مقام حیرت نہیں۔ اس شخص کا یہ کلام کہ: "تو اشتراک کا ممکن ہونا ثابت ہو گیا" اس کی اسی بکواس پر متفرع ہے تو وہ بھی بکواس ہی ہے۔

اور اس نے یہ کہا کہ:

"اصول فقہ میں اس کی مثال یہ ہے" اس کے اس کلام تک: "تو اس تعدد کے باوجود ان دو شخصوں میں سے ہر ایک سب سے پہلے داخل ہونے والا ہے"۔

اس سے یہ بات مبرہن ہو گئی کہ یہ شخص فقہ اور اصول فقہ سے بالکل بے بہرہ ہے توضیح میں ہے کہ:

"و منها أى من صيغ العموم "كلٌّ و جميعٌ" وهما محكمان فى عموم ما دخلا عليه بخلاف سائر أدوات العموم فإن دخل الكل على النكرة فلعموم الأفراد و إن دخل على المعرفة فللمجموع قالوا: عمومه على سبيل الانفراد أى يراد كل واحد مع قطع النظر عن غيره . و

هذا إن دخل على النكرة فإن قال:" كل من دخل هذا الحصن أولا فله كذا من النفل" فدخل عشرة معا يستحق كل واحد نفلا تاما إذ فى كل فردأولية مع قطع النظر عن غيره فكلٌّ أولُ بالنسبة إلى المتخلف بخلاف من دخل.

و ههنا فرق آخر: و هو إن من دخل أولًا عام على سبيل البدل فإن هناك إذا دخل خمسة معا لم يكن لهم شئ فإذا أضاف الكل إليه اقتضى عموما آخر لئلا يلغو فيقتضى العموم فى الأول فيتعدد الأول وهذا الفرق قد تفردت به أيضا.

و تحقيقه: أن الأول عبارة عن الفرد السابق بالنسبة إلى كل واحد ممن هو غيره ففى قوله:"من دخل هذاالحصن أولًا" يمكن حمل الأول على هذا المعنى وهو معناه الحقيقى. و أما فى قوله:"كل من دخل أولًا" فلفظ" كل" دخل على قوله:"من دخل أولا" فاقتضى التعدد فى المضاف إليه و هو "من دخل أولًا" فلا يمكن حمل الأول على معناه الحقيقى لأن الأول الحقيقى لا يكون متعددافيراد معناه المجازى وهو السابق بالنسبة إلى المتخلف"(۱)

"کل "(ہر)اور "جمیع "(تمام) عموم کے صیغے ہیں یہ دونوں کلمے جس پر داخل ہوتے ہیں عموم کے دوسرے کلمات کے بر خلاف اس کا عام ہونا محکم طریقہ پر بتاتے ہیں تواگر "کل "کا کلمہ نکرہ پر داخل ہو تواس نکرہ کے تمام افراد کے عموم کو بتائے گااور اگر معرفہ پر داخل ہوتو مجموعہ کے لیے ہوگا۔اہل اصول نے کہا ہے کہ: یہ لفظ انفرادی طور پر عموم کا معنی بتاتا ہے یعنی دوسرے افراد سے قطع نظر کرتے ہوئے ہر ہر فرد مراد ہوگا۔اور یہ اس وقت ہے جب کہ نکرہ پر داخل ہو تواگر یہ کہا کہ: "كُلُّ مَنْ دَخَلَ هٰذَا الْحِصْنَ فَلَهٗ مِنَ النَّفَلِ كَذَا" ہر وہ جو اس قلعہ میں پہلے داخل ہو اس کے لیے اتنا مال غنیمت ہے تو دس افراد داخل ہوئے تو ہر ہر فرد کامل مال غنیمت کا حق دار ہوگا؛ اس لیے کہ دوسرے افراد سے صرف نظر کرتے ہوئے ہر ہر فرد پہلے داخل ہونے والا ہے تو جو لوگ پہلے داخل نہ ہوئے ان کے اعتبار سے ہر ہر فرد پہلے داخل ہونے والا ہے یہ اس کے بر خلاف ہے جب کہ یہ کہا: "مَنْ دَخَلَ "یعنی جو شخص پہلے داخل ہوگا۔

اس مقام پر ایک دوسرا فرق یہ ہے کہ:"مَنْ دَخَلَ أَوَّلًا"(جو شخص پہلے داخل ہو)عام ہے علی سبیل البدلیت (یکے بعد دیگرے) کیوں کہ جب وہاں ایک ساتھ پانچ افراد داخل ہوئے تو انہیں کچھ نہ ملے گا تو جب لفظ "کل" "من" کی طرف مضاف ہوا تو اس اضافت نے ایک دوسرے عموم کا اقتضا کیا تاکہ "کل "کی اضافت لغو اور بے کار نہ ہو تو" کل "کی اضافت نے "اول "میں عموم کا اقتضا کیا تو"اول "کئی ایک افراد ہوں گے یہ فرق صرف میں نے ہی بیان کیا ہے۔

اس مقام کی تحقیق یہ ہے کہ: "اول "اس فرد کو کہتے ہیں جو اپنے سوا ہر فرد سے پہلے ہو تو اس کے قول: "مَنْ دَخَلَ هٰذَا الْحِصْنَ أَوَّلًا"میں "اول "کو اس معنی پر محمول کیا جاسکتا ہے اور یہی "اول "کا حقیقی معنی ہے لیکن قائل کے

(۱) توضیح ،ص: ۷۷ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

قول: " كُلُّ مَنْ دَخَلَ أَوَّلًا "میں تولفظ "كُلُّ" "مَنْ دَخَلَ أَوَّلًا" پر داخل ہے تو اس نے اس بات کا اقتضا کیا کہ مضاف الیہ متعدّد افراد ہوں اور مضاف الیہ "مَنْ دَخَلَ أَوَّلًا" ہے تو اس کلام میں "اول" کو اس کے حقیقی معنی پر نہیں محمول کیا جا سکتا اس لیے کہ جو حقیقتاً "اول" ہوتا ہے اس کے متعدّد افراد نہیں ہوتے تو اس کا مجازی معنی مراد ہے یعنی بعد میں آنے والوں سے جو پہلے ہو۔

اور تلویح میں ہے:

"إن الأول هو السابق على جميع من عداه و هو بهذا المعنى لا يتعدد فلهذا فسروه بالفرد السابق ثم قال: إن كان الداخل متعددا فإن دخلوا معا فلا شئ لهم فی صورة من دخل أولا ولكل واحد نفل تام فی صورة كل من دخل "[1]

یعنی "اول" وہ ہے: جو تمام لوگوں سے پہلے ہو۔ اور وہ اس معنی کے اعتبار سے کئی ایک نہیں ہوتے۔ اسی لیے اہل اصول نے "اول" کی یہ تفسیر کی کہ: سب سے پہلا فرد۔ پھر فرمایا کہ: اگر چند لوگ قلعہ میں داخل ہوئے تو اگر ایک ساتھ داخل ہوئے تو انھیں اس صورت میں کچھ نہ ملے گا جب کہ یہ کہا کہ: جو اس قلعہ میں پہلے داخل ہوگا اسے اتنا مال غنیمت ملے گا۔ اور اگر یہ کہا کہ: ہر وہ جو اس قلعہ میں پہلے داخل ہو تو ہر ہر فرد کو اتنا مال غنیمت ملے گا اور چند لوگ قلعہ میں داخل ہوئے تو اس صورت میں ہر ہر فرد کامل مال غنیمت کا مستحق ہوگا۔

اور منار اور اس کی شرح میں ہے:

" و فی كلمة "من" يبطل النفل أی إن قال: من دخل هذا الحصن أولا فله من النفل كذا فدخل عشرة معالا يستحق أحد منهم لأن الأول اسم لفرد سابق دخل أولا و لم يوجد"[2]

اور کلمہ "من" میں کسی کو مال غنیمت نہ ملے گا یعنی اگر یہ کہا کہ: اس قلعہ میں جو شخص سب سے پہلے داخل ہوگا اسے اتنا مال غنیمت ملے گا تو قلعہ میں دس افراد داخل ہوئے تو ان میں سے کسی کو کچھ نہ ملے گا؛ اس لیے کہ "اول" "سب سے پہلے داخل ہونے والے فرد کو کہتے ہیں اور یہاں ایسا نہ ہوا۔

علم سے دور رفتہ اس قائل نے اول و آخر، فاتح (مقدم) و خاتم اور کلمہ اول کا معنی نہ جانا اور اسم تفضیل کے صیغہ کا استعمال سمجھے بوجھے بغیر علم اصول سے ایک مثال جڑ دی۔ اس سے صرف ونحو، فقہ واصول اور لسان ولغت میں اس کے فہم کا حال ظاہر ہے۔ عقائد و کلام اور علوم عقلیہ کے مسائل کے فہم کا حال گذشتہ سطور میں ہم نے واشگاف کر دیا۔ اس قائل نے ان نامعقول باتوں کو لکھ کر اپنے آپ کو ناحق ذلیل و خوار کیا یہ ساری چیزیں نجدیت کا وبال ہیں۔

---

(۱) تلویح، ص: ۱۷۱-۱۷۳

(۲) نور الانوار، ص: ۸۱ مبحث العام مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

اس شخص نے یہ کہا کہ:

"ممکن بالذات موجود ہو کہ معدوم بہر حال ممکن ہے" الخ

اس میں کوئی شک نہیں کہ جو چیز واقع میں ممکن بالذات ہے ہمیشہ ممکن بالذات ہے لیکن کوئی مفہوم اپنی نقیض کے ساتھ ممکن بالذات نہیں بلکہ ممتنع بالذات ہے مثلاً زید کا وجود ممکن بالذات ہے یعنی زید کے عدم کے ارتفاع کے ذریعہ اس کا موجود ہونا ممکن ہے اور زید کا وجود اس کے عدم (نقیض وضد) کے ساتھ ممکن نہیں، کیوں کہ یہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ اور اسی طرح ابولہب کا مؤمن ہونا ممکن بالذات ہے کیوں کہ صفحۂ واقع سے اس کے کفر کے ارتفاع کے ذریعہ اس کا مؤمن ہونا ممکن ہے اور ابولہب کا ایمان اس کے عدم ایمان (نقیض) کے ساتھ ممتنع بالذات ہے کیوں کہ وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ نقیضین کا امکان ہو سکتا ہے مگر ان کا اجتماع نہیں ہو سکتا مثلاً زید کا وجود اس طرح تو ممکن ہے کہ اس کا عدم نہ ہو اور زید کا عدم بھی اسی طرح ممکن ہے کہ اس کا وجود نہ ہو اور ابولہب کا مؤمن ہونا اس طرح ممکن ہے کہ صفحۂ واقع سے اس کا مؤمن نہ ہونا مرتفع ہو اور اس کا بے ایمان ہونا اس طرح ممکن ہے کہ صفحۂ واقع سے اس کا مؤمن ہونا مرتفع ہو لیکن ایک ساتھ یہ ممکن نہیں کہ: زید موجود ہو اور موجود نہ ہو اور ابولہب مؤمن ہو اور مؤمن نہ ہو اور ہماری اس بحث میں تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کا مصداق اس کا مصداق ہے کہ تمام کمالات میں وہ آپ کے برابر نہیں تو وہ ممتنع بالذات ہے جیسا کہ ایک ہی زمانہ میں زید کا موجود و معدوم ہونا اور ابولہب کا مؤمن ہونا اور نہ ہونا ممتنع بالذات ہے تو علم سے دور رفتہ اس قائل کی ساری بکواسیں باطل و بے فائدہ ہیں۔

استاذ علامہ نے فرمایا کہ: یہ بات ثابت و متحقق ہوگئی کہ: ۱۔ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کے ممکن ہونے کا قول کرنا، اس بات کا قول کرنا ہے کہ: ۲۔ اجتماع نقیضین ممکن ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: یہ بات ثابت ہوگئی کہ "پہلا قول (مقدم) اصلاً اور مطلقاً دوسرا قول (تالی) نہیں ہے۔ اور پہلا قول دوسرے قول کو اس صورت میں مستلزم بھی نہیں ہے جب کہ دونوں مساوی ایک زمانہ میں ہوں، ہاں بعض صورتوں میں مستلزم ہے لیکن اس استلزام سے صرف بعض صورتوں کا باطل ہونا لازم آتا ہے، نہ کہ مطلقاً مساوات کا امکان باطل ہونا لازم آتا ہے۔ نیز مقدم کا تالیِ محال بالذات کو مستلزم ہونا، مقدم کے محال بالذات ہونے کو مستلزم نہیں تو معترض کا استدلال بے فائدہ ہے جو اہل حق کے لیے مضر نہیں۔

اقول: "گذشتہ سطور میں یہ بات تفصیل سے گذر چکی کہ: جو شخص تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر کا مصداق ہوگا، اجتماع نقیضین کا مصداق ہوگا۔ تو یہ بات مدلل و مبرہن ہوگئی کہ: ۱۔ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر و مساوی شخص کے ممکن ہونے کا قول کرنا، ۲۔ اس بات کا قول کرنا ہے کہ: اجتماع نقیضین ممکن ہے۔

اس قائل نے اپنی غایت درجہ حماقت کے سبب دو قولوں کا اتحاد اس پر محمول کیا کہ: ان دونوں کا معنی مصدری یا ان کے الفاظ یا ان الفاظ کے معانی ایک ہیں اور اپنی اس نافہمی کے سبب خود کو ذلیل و خوار کیا۔

اس شخص نے یہ کہا کہ:

"پہلا قول (مقدم) دوسرے قول (تالی) کو اس صورت میں مستلزم بھی نہیں ہے جب کہ دونوں مساوی ایک زمانہ میں ہوں"

اس سے یہ ظاہر ہے کہ یہ شخص خاتم الانبیا اور خاتم النبیین کا معنی نہیں جانتا جیسا کہ اس کی تفصیل گذری اور اس سے پہلے یہ بات قطعی و یقینی دلیل سے ثابت ہو چکی ہے کہ: مساوی کا مصداق اس بات کا مصداق ہے کہ: وہ مساوی نہیں۔ اسی سے یہ بات مبرہن ہو گئی کہ: حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ممکن نہیں۔ اور اس شخص کا اپنی بے وقوفی کے سبب یہ کہنا کہ: "ایک زمانہ میں دو خاتم النبیین ہو سکتے ہیں" اس کی جہالت و نادانی کی قوی و روشن دلیل ہے۔ اور اتحاد زمانہ (ایک زمانہ) کے بجائے اس کا تساوی زمانہ کہنا سبقت لسانی ہے۔ ماسبق میں مختلف طریقوں سے یہ مبرہن ہو چکا کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص بہر صورت مطلقاً محال بالذات ہے۔

اس شخص کا یہ کہنا کہ:

"مقدم کا تالی محال بالذات کو مستلزم ہونا، مقدم کے محال بالذات ہونے کو مستلزم نہیں"

یہ اس وقت صادق ہے جب کہ مقدم اپنی نفس ذات کے اعتبار سے محال بالذات تالی کو مستلزم نہ ہو جیسا کہ فلاسفہ کے مذہب پر معلول اول کا عدم واجب سبحانہ تعالی کے عدم کو مستلزم ہے اور جیسا کہ متکلمین کے مذہب پر صفات کمالیہ کا عدم اللہ سبحانہ کے عدم کو مستلزم ہے کیوں کہ یہاں استلزام مذکور، علاقۂ علیت کے سبب اور اس وجہ سے ہے کہ معلول موجب کا علت موجبہ سے مؤخر ہونا محال ہے اور ہماری بحث میں مساوی اور لا مساوی دونوں کا مصداق ایک ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے جو محال بالذات ہے۔ یہ محال ہونا اس وجہ سے نہیں کہ کوئی دوسرا محال لازم آرہا ہے۔ اور ہماری اس بحث میں لفظ استلزام کا استعمال ان دو تعبیروں اور دو عنوانوں کی وجہ سے ہے یعنی تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا (۱) مساوی اور (۲) اجتماع نقیضین دو تعبیریں اور دو عنوان ہیں جن کا معنون ایک ہے، الگ الگ نہیں؛ اس لیے کہ مساوی مذکور اور اجتماع نقیضین دونوں کا مصداق ایک ہے جو محال بالذات ہے۔ اور بر سبیل تنزّل تمام کمالات کے اعتبار سے حضور اقدس ﷺ کا مساوی اپنی نفس ذات کے اعتبار سے محال بالذات کو مستلزم ہے تو بھی وہ محال بالذات ہے جیسا کہ اس قائل نے ماسبق میں شرح عقائد کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور ہم نے بھی اس سے پہلے اسے ذکر کیا ہے۔

استاذ علامہ نے فرمایا کہ: "وہ محال بالذات ہے"

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: "وہ" کے لفظ سے بظاہر قول بامکان شخص مذکور کی طرف اشارہ ہے لیکن یہ غلط اور جھوٹ ہے۔اور اگراس سے قول بامکانِ اجتماعِ نقیضین کی طرف اشارہ ہوتو مسلم ہے لیکن یہ نہ اس کے لیے مفید ہے اور نہ ہمارے لیے ضرر رساں ہے جیساکہ معلوم ہوچکا۔

اقول: اس سے پہلے قطعی ویقینی دلیل سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے تو تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا مصداق محال بالذات ہے اسے غلط اور جھوٹ کہنا غلط فہمی اور دروغ گوئی کے سبب ہے۔

استاذ علامہ نے فرمایا کہ: توتمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا موجود ہونا محال بالذات ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: مستدل نے شخص مذکور کا ممتنع بالذات ہونا ثابت نہ کیا جیساکہ بار بار معلوم ہوا تو شخص مذکور ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے جیساکہ ابولہب کا مؤمن ہونا۔ اور ایسا ممکن اللہ کی کامل قدرت کے تحت داخل ہے جیساکہ گذرا اور یہی مطلوب ہے۔

اقول: مختلف طریقوں سے یہ ثابت ہوچکا ہے کہ: مثل مذکور محال بالذات ہے جیساکہ بار بار گذرا اور یہ گزر چکا کہ: ابولہب کے ایمان پراس کا قیاس سراسر حماقت ہے۔

استاذ علامہ نے افادہ فرمایا کہ: یا یہ کہا جائے کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا موجود ہونا اس شخص کے عدم کو مستلزم ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: یہ بات پہلے معلوم ہوچکی ہے کہ حضور ﷺ کے زمانہ سے پہلے یا آپ کے زمانہ کے بعد اگراس برابر شخص کو موجود مانا جائے تو ان دونوں صورتوں میں اجتماع نقیضین لازم آتا ہے، اس لیے کہ لازم کے بغیر ملزوم کا وجود لازم آتا ہے جوکہ محال ہے تومیں کہتا ہوں کہ: ان دو صورتوں میں اس شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور وہ محال ہے لیکن اگر حضور ﷺ اور آپ کا مساوی دونوں ایک زمانہ میں موجود ہوں تو اس صورت میں کوئی خرابی لازم نہیں آتی تو بعض زمانے میں اس برابر شخص کا وجود ممکن اور بعض زمانہ میں محال ہوگا تو محال بالغیر ہوگا نہ کہ محال بالذات جیساکہ دو نقیضوں میں سے کسی ایک نقیض کا دوسری نقیض کے زمانے میں موجود ہونا اس لیے محال ہے کہ اجتماع نقیضین لازم آتا ہے لیکن اگر دوسری نقیض کے زمانہ میں موجود نہ ہو بلکہ دوسرے زمانہ میں موجود ہو تو اس زمانہ میں اس کا موجود ہونا ممکن بلکہ واجب ہے؛ اس لیے کہ اس زمانہ میں دوسری نقیض موجود نہیں تو اگر وہ بھی موجود نہ ہو تو

ارتفاع نقیضین لازم آتا ہے۔اسے بغور سمجھیں۔ تو مستدل کے اس قیاس دوم کا صغری باطل و کاذب ہے۔

اقول:اس سے پہلے معلوم ہو چکا کہ:صرف حضور اقدس ﷺ ہی خاتم النبیین اور آخر النبیین بنا کر بھیجے گئے،اس صفت سے صرف آپ ہی کی ذات اقدس موصوف ہے،اس میں دو شخص شریک نہیں ہو سکتے،یہ صفت کسی کے لیے اس وقت تک ثابت نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس کے سوا تمام افراد سے مسلوب نہ ہو اور اگر حضور اقدس ﷺ کے وجود با جود کے زمانہ میں تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص موجود ہو تو چند خرابیاں لازم آتی ہیں:

(۱)یہ بات مسلم و مفروض ہے کہ: حضور اقدس ﷺ سب سے آخری نبی بنا کر بھیجے گئے۔آپ خاتم النبیین اور آخر النبیین کی صفت سے موصوف ہیں اس صورت میں بعثت کے اعتبار سے اس نبی کا خاتم النبیین اور آخر الانبیا ہونا ممکن ہی نہیں جو آپ کے سوا تمام انبیا کے بعد مبعوث ہو۔اور اس صورت میں حضور اقدس ﷺ پر تمام انبیا کے بعد مبعوث ہونا صادق ہی نہیں آسکتا تو تسلیم شدہ حقیقت کے خلاف لازم آئے گا۔

(۲)تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص کو اگر موجود مان لیا جائے تو یا تو وہ تمام انبیا کے عموم میں داخل ہوگا یا نہیں؟اگر داخل نہ ہو تو وہ برابر شخص نبی نہ ہوگا چہ جائے کہ خاتم النبیین (آخری نبی) ہو۔اور اگر تمام انبیا کے عموم میں داخل ہو تو اس کی نبوت کا زمانہ حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وعلی الہ وصحبہ وسلم کی نبوت کے زمانے سے پہلے ہوگا؛کیوں کہ خاتم النبیین جو حضور اقدس کی صفت ہے اس کا معنی یہ ہے کہ:آپ سب سے آخری نبی ہیں،آپ کے بعد کوئی نبی نہیں جیسا کہ اللہ سبحانہ نے آپ کے بارے میں ارشاد فرمایا:

"جَعَلْتُكَ أَوَّلَ النَّبِيِّينَ خَلْقاً وَآخِرَهُمْ بَعْثًا"(۱)

میں نے تخلیق میں تمھیں تمام نبیوں سے اول اور بعثت میں سب سے آخر کیا۔

تو اس مساوی کی نبوت کا زمانہ آپ کی نبوت کا زمانہ نہ ہوا تو خلاف مفروض لازم آئے گا؛اس لیے کہ اس صورت میں یہ مانا جا چکا ہے کہ:اس مساوی اور آپ کی نبوت کا زمانہ ایک ہے۔

(۳)اگر اس مساوی اور آپ کی نبوت کا زمانہ ایک مان لیا جائے تو حضور اقدس ﷺ یا تو تمام انبیا کے عموم میں داخل ہوں گے یا نہیں؟اگر داخل نہ ہوں تو حضور اقدس ﷺ نبی نہ ہوں گے تو آپ معاذاللہ خاتم النبیین نہ ہوں گے جب کہ اس کے برخلاف یہ مانا جا چکا ہے کہ:آپ سب سے آخری نبی ہیں۔اور اگر داخل ہوں تو آپ ان انبیائے مختومین میں داخل ہوں گے،نہ کہ خاتم النبیین ہوں گے تو مسلم و مفروض کے خلاف لازم آئے گا۔

(۱) شفامع نسیم الریاض ج:۳،ص:۸۲تا۸۷الباب الثالث،فصل فی تفضیلہ ﷺ بما تضمنہ کرامۃ الإسراء من المناجاۃ والرؤیا وإمامۃ الأنبیاء والعروج بہ إلی سدرۃ المنتھی،مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر، گجرات

نیز اس صورت میں جب آپ ان انبیائے مختومین سے ہوں گے اور وہ مساوی خاتم النبیین ہوگا تو لامحالہ آپ کی نبوت کا زمانہ اس مساوی کی نبوت کے زمانۂ نبوت سے پہلے ہوگا تو مسلم و مفروض کے خلاف لازم آئے گا کیوں کہ اس مساوی اور آپ کی نبوت کا زمانہ ایک مانا گیا ہے۔

(۴) اگر آپ اور آپ کے برابر شخص کی نبوت کا زمانہ ایک مان لیا جائے تو نہ تو آپ کی ذات پاک پر خاتم النبیین کا یہ معنی صادق آئے گا کہ: آپ تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں بھیجے گئے۔ اور نہ ہی آپ کے مساوی پر خاتم النبیین کا یہ معنی صادق آئے گا کہ: وہ تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں بھیجا گیا، تو مسلم و مفروض امر کے خلاف لازم آیا؛ اس لیے کہ اس صورت میں مسلم و مفروض یہ ہے کہ: وہ مساوی اور آپ دونوں خاتم النبیین ہیں یعنی تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث ہوئے ہیں۔

(۵) خاتم النبیین یعنی تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث ہونے والی ذات تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوتی ہے تو اگر آپ اور اس مساوی کی نبوت کا زمانہ ایک ہو تو اس صورت میں اگر حضور اقدس ﷺ تمام لوگوں کی طرف مبعوث نہ ہوں، تو آپ اپنی اس صفت سے موصوف نہ ہوں گے، جب کہ یہ مسلم و مفروض کے بالکل بر خلاف ہے۔ اور اگر تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوں، تو آپ کا وہ مساوی آپ کی امت اور آپ کے متبعین سے ہوگا تو وہ برابر ہوگا اور برابر نہ ہوگا۔

(۶) اگر آپ اور آپ کے برابر شخص کی نبوت کا زمانہ ایک ہو تو اس صورت میں وہ مساوی یا تو بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی اور تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوگا یا نہیں؟ دوسری صورت میں اس مساوی پر یہ صادق آیا کہ: وہ برابر ہے اور برابر نہیں تو اجتماع نقیضین اور مسلم و مفروض کے خلاف لازم آئے گا۔ اور پہلی صورت میں حضور اقدس ﷺ معاذ اللہ اس کے امتی ہوں گے اور تمام لوگوں کی طرف مبعوث نہ ہوں گے، تو مسلم و مفروض کے خلاف لازم آئے گا۔ نیز آپ اس کے برابر نہ ہوں گے تو وہ برابر ہوگا اور برابر نہ ہوگا۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ: اگر حضور اقدس ﷺ اور آپ کے اس برابر شخص کی نبوت کا زمانہ ایک ہو تو مختلف وجوہ سے مختلف خرابیاں لازم آئیں گی۔ یہ مخالف کمال غباوت کے سبب یہ کہتا ہے کہ: اگر آپ اور آپ کے برابر شخص دونوں ایک زمانے میں موجود ہوں تو کوئی خرابی لازم نہیں آتی اور یہ نہیں جانتا کہ اگر آپ کے زمانۂ نبوت میں کوئی دوسرا شخص خاتم النبیین اور آخر النبیین ہو اور تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہو تو مختلف وجوہ سے اس کا اجتماع نقیضین کا مصداق ہونا لازم آتا ہے اور تمام کمالات میں آپ کے برابر ایک ایسے شخص کا وجود لازم آتا ہے جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ اس کی اس جہالت کا سبب یہ ہے کہ وہ اپنی عمر کی آخری حد تک پہنچنے کے بعد بھی یہ نہیں سمجھا کہ: بعثت کے اعتبار سے خاتم النبیین اور آخر النبیین اور تمام لوگوں کی طرف مبعوث ذات کا معنی کیا ہے؟ وہ اس بات پر ایمان نہیں رکھتا کہ: حضور اقدس ﷺ ہی اس خاص صفت سے متصف ہیں کیوں کہ اس بات کی تصدیق کہ: آپ بعثت کے اعتبار سے خاتم النبیین

اور آخری نبی ہیں آپ کے بعد کوئی نبی نہیں" اس علم پر موقوف ہے کہ: بعثت کے اعتبار سے خاتم النبیین اور آخری نبی ہونے کا معنی کیا ہے؟ اس قائل نے جب اس کا معنی ہی نہیں سمجھا ہے تو اس سے اس بات کی تصدیق کیوں کر حاصل ہوگی کہ: آپ خاتم النبیین کی صفت سے متّصف ہیں اور سب سے آخری نبی بنا کر بھیجے گئے کیوں کہ کسی عقیدے کی تصدیق اس وقت تک حاصل نہ ہوگی جب تک کہ اس کے محمول کا معنی معلوم نہ ہو۔ اس کی اس گفتگو سے اس کا بے ایمان ہونا ثابت ہے اگر وہ بعثت کے اعتبار سے خاتم النبیین اور آخری نبی کا معنی جانتا اور اس بات کی تصدیق کرتا کہ حضور اقدس ﷺ ہی اس صفت سے متّصف ہیں اور سب سے آخری نبی ہوکر مبعوث ہوئے ہیں تو اس کی زبان ضلالت ترجمان سے ایسی بیہودہ باتیں سرزد نہ ہوتیں۔

ہماری اس توضیح سے یہ بات مبرہن ہوگئی کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا موجود ہونا بہر صورت اس کے عدم کو مستلزم ہے کیوں کہ اگر اسے موجود مان لیا جائے تو اگر وہ خاتم النبیین نہ ہو تو وہ مساوی نہ ہوگا اور اگر خاتم النبیین ہو اور تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہو تو خاتم النبیین نہ ہوگا تو مساوی نہ ہوگا، اور اگر تمام انبیا کے عموم میں داخل ہو تو مختومین سے ہوگا خاتم النبیین نہ ہوگا تو وہ برابر نہ ہوگا تو ان دونوں صورتوں میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے۔ گذشتہ سطور میں اس قائل کا یہ کہنا سراسر بکواس ہے کہ:

"یہ بات پہلے معلوم ہو چکی ہے کہ آپ کے زمانے سے پہلے یا آپ کے زمانہ کے بعد اگر اس برابر شخص کو موجود مانا جائے تو ان دونوں صورتوں میں اجتماع نقیضین لازم آتا ہے؛ اس لیے کہ لازم کے بغیر ملزوم کا وجود لازم آتا ہے جو کہ محال ہے۔ اس کے اس کلام تک کہ: "کوئی خرابی لازم نہیں آتی"

اس لیے کہ **خاتم النبیین**: بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی کو کہتے ہیں جسے تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث ہونا ضروری ہے اور جس نبی کے زمانہ میں دوسرا نبی مبعوث ہوگا وہ تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث نہ ہوگا، تو خاتم النبیین یعنی بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی نہیں ہو سکتا تو بہر صورت اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے، چاہے حضور اقدس ﷺ کے عہد رسالت سے قبل یا اس کے بعد یا آپ کے زمانہ رسالت میں موجود مانا جائے۔

آپ کا مساوی اگر آپ کے عہد رسالت سے قبل موجود ہو تو اس کا وجود اس کے عدم کو اس لیے مستلزم ہے کہ وہ مساوی اس صورت میں بعض انبیا سے پہلے ہوا تو خاتم النبیین نہ ہوا تو مساوی نہ ہوا تو اس صورت میں اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔

اور اگر آپ کا مساوی آپ کے عہد رسالت کے بعد موجود ہو تو اس کا وجود اس کے عدم کو اس لیے مستلزم ہے کہ اس صورت میں حضور اقدس ﷺ بعض انبیا سے پہلے موجود ہوئے تو آپ خاتم النبیین نہ ہوئے، تو وہ مساوی آپ کا مساوی نہ ہوا تو اس صورت میں اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہوا۔

لیکن اگر حضور اقدس ﷺ اور وہ مساوی دونوں ایک زمانہ میں موجود ہوں تو اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو اس لیے مستلزم ہے کہ اس صورت میں وہ مساوی یا تو مضاف الیہ (النبیین) کے عموم میں داخل ہوگا یا نہیں؟ اگر مضاف الیہ کے عموم میں داخل نہ ہو تو نبی نہ ہوگا تو وہ مساوی نبی نہ ہوگا تو آپ کا مساوی نہ ہوگا تو اس صورت میں اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔

اور اگر مضاف الیہ کے عموم میں داخل ہو تو وہ مساوی تمام انبیائے مختومین کے گروہ میں سے ہوگا تو اس مساوی کی نبوت کا زمانہ حضور اقدس ﷺ کی نبوت کے زمانے سے پہلے ہوگا تو وہ خاتم النبیین اور بعثت کے اعتبار سے آخری نبی نہ ہوگا تو وہ آپ کے برابر نہ ہوگا تو اس صورت میں اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔

نیز اس صورت میں جب اس مساوی کو خاتم النبیین مانا گیا ہے تو یا تو حضور اقدس ﷺ تمام انبیا کے عموم میں داخل ہوں گے یا نہیں؟ دوسری صورت میں معاذ اللہ تعالیٰ حضور اقدس ﷺ نبی نہ ہوں گے تو آپ اس کے مساوی نہ ہوں گے تو وہ مساوی، مساوی نہ ہوگا، تو اس صورت میں بھی اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔اور اگر آپ داخل ہوں تو ان تمام انبیائے مختومین سے ہوں گے تو لامحالہ آپ کی نبوت کا زمانہ اس مساوی کی نبوت کے زمانے سے پہلے ہوگا اس لیے کہ مختوم کا خاتم سے پہلے ہونا ضروری ہے تو اس صورت میں آپ "العیاذ باللہ تعالیٰ" خاتم النبیین نہ ہوں گے تو آپ اس مساوی کے مساوی نہ ہوں گے تو اس صورت میں بھی اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔تو یہ بات محقق ہوگئی کہ: تمام کمالات میں آپ کے مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔اور آپ کے مساوی کو آپ کے زمانے میں موجود ماننے کی صورت میں اس کے سوا دوسرے محالات بھی لازم آتے ہیں۔یہ تمام مطالب اگرچہ شرح وبسط کے ساتھ ماسبق میں گزر چکے مگر مخاطب کی انتہائی غباوت پر مہر کرنے کے لیے انہیں از سر نو ذکر کرنے کی ضرورت پیش آئی ناظرین راقم کو معذور رکھیں اور اس طویل کلام سے تنگ دل ہو کر راقم الحروف کی عیب گیری نہ فرمائیں۔

مقام حیرت یہ ہے کہ: اس قائل نے خود یہ کہا ہے کہ: خاتم کے لیے مؤخر ہونا اور مختوم کا مقدم ہونا لازم وضروری ہے۔اور اس کے باوجود ایک زمانہ میں دو نبی کا خاتم النبیین ہونا ممکن مانتا ہے۔اس نے یہ نہ جانا کہ "النبیین" جمع کا صیغہ ہے جس پر لام استغراق داخل ہے جو خاتم کا مضاف الیہ اور مختوم ہے اور خاتم النبیین وہی نبی ہے: جو تمام انبیا کے بعد مبعوث ہو۔تو خاتم کا تمام انبیا کے بعد ہونا اور خاتم النبیین کا اپنے سوا تمام انبیا کے بعد مبعوث ہونا اور اس کے سوا تمام انبیا کا اس سے پہلے مبعوث ہونا اور خاتم کا تمام مختومین کے بعد ہونا ضروری ہے۔حدیث پاک: "و ختم بی النبیون" (مجھے سب سے آخری نبی بنا کر بھیجا گیا) میں اس بات کی روشن تصریح ہے کہ: حضور اقدس ﷺ تمام انبیا کے خاتم اور تمام انبیا آپ کے مختوم ہیں۔اس قائل نے عوام کو فریب دینے کے لیے ماسبق میں اسے نقل نہ کیا تو اگر حضور اقدس ﷺ کے

زمانہ میں دوسرا نبی موجود مانا جائے تو اس صورت میں آپ پر "خاتم النبیین" اور "ختم بی النبیون" معاذ اللہ صادق نہیں ہو سکتا۔ اوراسی طرح اس نبی مفروض پر تمام انبیا کے بعد مبعوث ہونا اور سب سے آخری نبی ہونا صادق نہیں ہو سکتا تو اگر حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں اس برابر شخص کو موجود مانا جائے تو کیا اس صورت میں خاتم کا مؤخر ہونا اور مختوم کا مقدم ہونا لازم نہیں ؟ بلکہ مذکورہ صورت میں اور بھی چند وجوہ سے اجتماع نقیضین لازم آتا ہے:

۱۔ اگر وہ مساوی "النبیین" یعنی تمام انبیا کے عموم میں داخل ہے تو اس کی نبوت کا زمانہ حضور اقدس ﷺ کی نبوت کے زمانہ سے پہلے ہونا ضروری ہے؛ اس لیے کہ اس صورت میں وہ جملہ مختومین میں سے ہے اور مخالف کو اس بات کا اعتراف بھی ہے کہ: مختوم کا خاتم سے پہلے ہونا لازم ہے اور مفروضہ صورت میں آپ اور آپ کے مساوی کی نبوت کا زمانہ ایک ہے تو وہ مساوی آپ سے پہلے مبعوث ہوگا اور پہلے مبعوث نہ ہوگا تو اجتماع نقیضین کا مصداق ہوگا۔

اور اگر تمام انبیا (مضاف الیہ) کے عموم میں داخل نہیں ہے تو نبی نہ ہوگا جب کہ اسے خاتم النبیین مانا گیا ہے تو وہ نبی ہوگا اور نبی نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

۲۔ جب وہ مساوی شخص خاتم النبیین ہوگا اور آپ اور آپ کے مساوی کی نبوت کا زمانہ ایک ہوگا تو آپ یا تو "النبیین" یعنی تمام انبیا (مضاف الیہ) کے عموم میں داخل ہوں گے یا نہیں ؟ دوسری صورت میں العیاذ باللہ تعالی آپ نبی نہ ہوں گے جب کہ یہ مانا جا چکا ہے کہ: آپ خاتم النبیین ہیں تو آپ نبی ہوں گے اور نبی نہ ہوں گے اور یہ اجتماع نقیضین ہے۔

اور پہلی صورت میں آپ جملہ مختومین میں سے ہوں گے اور قائل کے اعتراف کے مطابق مختوم کا خاتم سے پہلے اور خاتم کا مختوم کے بعد ہونا لازم ہے تو آپ اس مساوی سے پہلے مبعوث ہوں گے اس لیے کہ آپ مختوم ہیں اور وہ مساوی آپ کا خاتم ہے اور آپ اس مساوی سے پہلے مبعوث نہ ہوں گے اس لیے کہ آپ اور آپ کے مساوی کا زمانہ ایک مانا گیا ہے اور یہ اجتماع نقیضین ہے۔

۳۔ جب وہ مساوی خاتم النبیین ہوگا تو اس کا تمام انبیا کے بعد ہونا ضروری ہوگا اس لیے کہ خود اس قائل کے اعتراف کے مطابق خاتم کا مختوم کے بعد ہونا ضروری ہے اور جب آپ اور آپ کے مساوی کی نبوت کا زمانہ ایک مانا گیا تو وہ مساوی بعض انبیا کے بعد ہوگا تو اس پر یہ صادق آئے گا کہ: وہ تمام انبیا کے بعد ہے اور تمام انبیا کے بعد نہیں ہے اور یہ اجتماع نقیضین ہے۔

۴۔ جب حضور اقدس ﷺ خاتم النبیین ہیں تو آپ تمام انبیا کے بعد ہیں اس لیے کہ اس قائل کے اعتراف کے مطابق خاتم کا مختوم کے بعد ہونا لازم و ضروری ہے اور جب اس نے آپ کے زمانے میں دوسرا نبی مبعوث مان لیا ہے تو آپ تمام انبیا کے بعد نہ ہوں گے بلکہ بعض کے بعد ہوں گے تو آپ پر یہ صادق آیا کہ: آپ تمام انبیا کے بعد ہیں اور تمام انبیا کے بعد نہیں اور یہ اجتماع نقیضین ہے۔ ان تمام محالات اور ان دوسرے محالات کے روشن ہونے کے باوجود جن کی مذکورہ شقوں میں ہر شق میں خلاف مفروض لازم آتا ہے عقل سے بے بہرہ یہ شخص ان سب سے غفلت و بے

خبری میں یہ کہتا ہے کہ:

"اگر وہ مساوی آپ کے زمانہ میں موجود ہو تو کوئی خرابی لازم نہیں آتی"

اس قائل کے اس ناقص کلام میں اس کے علاوہ دوسرے طریقوں سے بھی خلل پایا جاتا ہے:

۱-اس کے زعم کے مطابق خاتم کے لیے مؤخر ہونا لازم ہے حالاں کہ خاتم کا معنی آخری ہے اور یہ معنی خاتم کے معنی کا خارج لازم نہیں کہ یہ کہا جائے کہ: خاتم کے لیے مؤخر ہونا لازم ہے۔ **لازم**: ایسے معنی خارج کو کہتے ہیں جو ملزوم سے جدا نہ ہو۔ اسے یہ کہنا چاہیے تھا کہ: خاتم کا معنی آخری ہے۔ تاخر کے بغیر خاتم کا موجود ہونا ایسا ہی ہے جیسا کہ کوئی شئ اپنی ذات کے بغیر موجود ہو، نہ یہ کہ لازم کے بغیر ملزوم کا وجود ہو، اس کا یہ کلام شدت غباوت کے سبب ہے۔

۲-جب اسے اس بات کا اعتراف ہے کہ: خاتم کا مؤخر ہونا اور مختوم کا مقدم ہونا لازم وضروری ہے تو خاتم النبیین کا تمام انبیا کے بعد ہونا لازم وضروری ہوا۔ اس لزوم میں اسے کسی بھی زمانہ میں اسے موجود ماننے کا دخل نہیں، خاتم النبیین جس زمانہ میں بھی موجود ہو اس کا وجود اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ وہ تمام انبیا (جو مختوم ہیں) کے بعد نہ ہو، ورنہ خاتم النبیین، خاتم النبیین نہیں، تو خاتم النبیین کی صفت میں آپ کے برابر شخص جس زمانہ میں بھی مانا جائے اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے کیوں کہ جب اسے خاتم النبیین مان لیا گیا تو اس صورت میں اس کا حضور اقدس ﷺ کی نبوت کے زمانے سے مؤخر ہونا ضروری ہے اور اس صورت میں حضور اقدس ﷺ معاذ اللہ خاتم النبیین نہیں ہو سکتے تو وہ مساوی مساوی نہ ہوا۔ اور جب حضور اقدس ﷺ کا خاتم النبیین ہونا مفروض ومسلم ہے تو آپ کا اس مساوی کے بعد ہونا لازم وضروری ہے جو "النبیین" یعنی تمام انبیا (مضاف الیہ) کے عموم میں داخل ہے تو وہ مساوی خاتم النبیین نہیں ہو سکتا تو وہ مساوی مساوی نہ ہوا۔ یہ قائل اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے کہ: "خاتم کا مؤخر ہونا اور مختوم کا مقدم ہونا لازم ہے" آپ اور آپ کے مساوی کو ایک زمانہ میں موجود ماننے کی صورت میں مختوم کے لیے تاخر کو لازم نہیں جانتا اور صورت مفروضہ مذکورہ میں اپنے اعتراف واقرار سے اعراض وانحراف کرتا ہے، یہ ساری چیزیں اس کی کم عقلی ونافہمی کا نتیجہ ہیں۔

۳-اس کا یہ کہنا اس کی شدت غباوت کی دلیل ہے کہ: "کوئی خرابی لازم نہیں آتی" کیوں کہ خاتم النبیین کی صفت میں آپ کے برابر شخص محض موجود مان لینے ہی سے یہ محال لازم آیا کہ: "اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے" اس لیے کہ اس کا وجود اس وقت تک ہو ہی نہیں سکتا جب تک کہ وہ اپنے سوا تمام انبیا سے مؤخر نہ ہو؛ اس لیے کہ وہ اس صفت میں حضور اقدس ﷺ کے برابر ہونے کی وجہ سے اپنے سوا تمام انبیا سے مؤخر ہے اور اس مساوی کا اپنے سوا تمام انبیا کے بعد ہونا اسی وقت ممکن ہے جب کہ وہ حضور اقدس ﷺ کے بھی بعد ہو۔ اور حضور اقدس ﷺ کا اپنے سوا تمام انبیا سے مؤخر ہونا صرف اسی وقت ممکن ہے جب کہ آپ اپنے مساوی مفروض الوجود کے بھی بعد ہوں تو اس مساوی کا خاتم النبیین ہونا اس وقت تک ممکن ہی نہیں جب تک کہ آپ خاتم النبیین نہ ہوں اور آپ کا خاتم النبیین ہونا اس

وقت تک ممکن ہی نہیں جب تک کہ وہ مساوی خاتم النبیین نہ ہو اور اس مساوی مفروض کا صفت خاتم النبیین میں آپ کے برابر ہونا اس کے بغیر ممکن نہیں کہ: آپ خاتم النبیین ہوں اور نہ ہوں اور وہ مساوی خاتم النبیین ہو اور نہ ہو، تو اس مساوی کا وجود اپنے عدم کو مستلزم ہے اور اپنی نقیض کو مستلزم ہے اور دو نقیضوں کو مستلزم ہے اس سے بڑھ کر اور کیا استحالہ ہو سکتا ہے۔

اس قائل نے آپ اور آپ کے مساوی کی نبوت کا زمانہ ایک مانا ہے جس سے یہ لازم آتا ہے کہ وہ مساوی آپ کے ساتھ ہو اور نہ ہو؛ کیوں کہ اس مساوی کا آپ سے مؤخر ہونا لازم ضروری ہے، اس لیے کہ اس نے اس مساوی کو خاتم النبیین مانا ہے۔ نیز اس مساوی کی نبوت کا زمانہ آپ کی نبوت کے زمانہ سے پہلے ہونا لازم آتا ہے؛ اس لیے کہ تمام انبیا کے عموم میں اس کا داخل ہونا ضروری ہے اور اس کے ساتھ اس کی نبوت کا زمانہ آپ کی نبوت کے زمانہ کے بعد ہونا بھی لازم آتا ہے؛ باوجودیکہ اس نے اس مساوی اور آپ کی نبوت کا زمانہ ایک مانا ہے اس صورت میں یہ مذکورہ محالات ان دوسرے محالات کے علاوہ لازم آتے ہیں جن کی طرف ماسبق میں اشارہ گزرا۔

تو اس قائل کا یہ کہنا اس کی غایت درجہ غباوت ہے کہ: "تو بعض زمانہ میں اس مساوی شخص کا وجود ممکن ہو گا"؛ کیوں کہ خاتم النبیین کی صفت میں آپ کے اس مساوی کا وجود تمام صورتوں اور تمام زمانوں میں محال بالذات ہے؛ اس لیے کہ وہ اپنے عدم، اپنی نقیض اور دو نقیضوں کو مستلزم ہے اور اس لیے کہ وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

اس کا یہ کہنا بھی اس کی حماقت کا ایک حصہ ہے:

"دو نقیضوں میں سے کسی ایک نقیض کا دوسری نقیض کے زمانہ میں موجود ہونا محال ہے؛ اس لیے کہ اجتماع نقیضین لازم آتا ہے" الخ

کیوں کہ: دو نقیضوں میں سے کسی ایک نقیض کا دوسری نقیض کے زمانہ میں موجود ہونا محال نہیں ہے؛ اس لیے کہ اس زمانہ میں دوسری نقیض کا وجود واجب نہیں ہے، اس زمانہ میں اس نقیض کا موجود نہ ہونا ممکن ہے۔ تو اس زمانہ میں اس نقیض کا وجود اس طرح ممکن ہے کہ اس زمانہ میں وہ دوسری نقیض موجود نہ ہو۔ ہاں دو نقیضوں میں سے کسی ایک نقیض کا اپنی دوسری نقیض کے ساتھ موجود ہونا ممتنع بالذات ہے؛ اس لیے کہ وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس جگہ اس نظیر کو ذکر کرنا بے جا و بے محل ہے کیوں کہ ہماری اس بحث میں مساوی کا وجود اپنے عدم، اپنی نقیض اور دو نقیضوں کو مستلزم ہے جسے مالیخولیا کا مریض یا اعلی درجہ کا بے وقوف ہی ممکن مان سکتا ہے تو قطعی و یقینی دلیلوں سے خوب خوب روشن ہو گیا کہ: قیاس کا صغری صادق ہے۔ "وَلٰكِنْ مَّنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ" (اور جسے اللہ نور نہ دے اس کے لیے کوئی نور نہیں) [پ:۱۸، النور، ۴۰]

استاذ علام نے فرمایا کہ: "جس شئ کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے"۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: جس شئ کا وجود مطلقًا اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے لیکن اگر اس کا وجود بعض صورتوں میں

اس کے عدم کو مستلزم ہو اور بعض صورتوں میں اس کے عدم کو مستلزم نہ ہو تو بعض صورتوں میں جو امتناع ہے وہ امتناع بالغیر ہوگا؛ اس لیے کہ جس صورت میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم نہیں اس کا وجود ممکن ہے بلکہ کبھی واجب ہوتا ہے جیساکہ صغریٰ کے ابطال کے بیان میں ابھی معلوم ہوا۔ اور ہماری گفتگو اسی قبیل سے ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں اس مساوی کا وجود ممکن ہے اور ممکن بالذات ہمیشہ ممکن بالذات ہے اگرچہ بعض زمانہ میں محال بالغیر ہو؛ اس لیے کہ انقلاب یعنی ممکن بالذات کا ممتنع بالذات ہونا محال ہے۔ تو مدعی مستدل کے قیاس مذکور کا کلیۂ کبریٰ باطل ہوگیا۔

اقول: جب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ خاتم النبیین کے وصف کمال میں اگر آپ کا مساوی موجود ہو تو اس مساوی کا وجود اپنی نفس ذات کے اعتبار سے (یعنی اس مساوی کے ساتھ کوئی دوسری شئ ملے بغیر) اس کے عدم کو مستلزم ہے؛ کیوں کہ خاتم النبیین وہ ہے: "جو تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث ہو" تو اس صفت میں اگر آپ کا مساوی کسی زمانہ میں موجود ہو تو اس کا تمام انبیا کے بعد سب سے آخر میں مبعوث ہونا اور بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی ہونا ضروری ہے تو یہ لازم ہے کہ وہ مساوی آپ کے بعد مبعوث ہو اور آپ اس سے پہلے مبعوث ہوں تو معاذ اللہ آپ خاتم النبیین نہ ہوں گے تو وہ آپ کا مساوی نہ ہوگا تو مساوی اپنی نفس ذات کے اعتبار سے اس بات کو مستلزم ہے کہ وہ مساوی نہ ہو"۔

نیز جب حضور اقدس ﷺ "خاتم النبیین" یعنی بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی ہیں تو یہ لازم و ضروری ہے کہ: آپ تمام انبیا کے بعد مبعوث ہوں۔ اور وہ مساوی اگر نبی نہ ہو تو حضور اقدس ﷺ کا مساوی نہ ہوگا اور اگر نبی ہو تو یہ ضروری ہے کہ حضور اقدس ﷺ سے پہلے مبعوث ہو ورنہ "العیاذ باللہ تعالی" حضور اقدس ﷺ بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی نہ ہوں گے تو خاتم النبیین نہ ہوں گے اور باوجودیکہ یہ مفروض و مسلم کے برخلاف ہے اس صورت میں حضور اقدس ﷺ اس کے مساوی نہ ہوں گے تو وہ مساوی، صفت خاتم النبیین میں حضور اقدس ﷺ کا مساوی نہ ہوگا تو اس صورت میں بھی اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ حاصل یہ ہے کہ: تمام صورتوں میں اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو اس کا وجود مطلقاً اس کے عدم کو مستلزم ہے اور جس کا وجود مطلقاً اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے جیساکہ خود اس قائل کو اس کا اعتراف ہے۔

اس قائل نے یہ گمان کیا کہ:

"حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں اس مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم نہیں"۔

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ: اسے خاتم النبیین کا معنی معلوم نہیں اور خاتم النبیین کے معنی سے کسی جاہل کی ناواقفی کے سبب بعض صورتوں میں حضور اقدس ﷺ کے مساوی کا ممکن ہونا ثابت نہیں ہو سکتا۔ اور جب یہ حقیقت اظہر من الشمس ہو گئی کہ اس مساوی کا وجود تمام صورتوں میں اس کے عدم کو مستلزم ہے۔ اور حضور اقدس ﷺ کے زمانۂ نبوت میں اس مساوی کے موجود ہونے کی صورت میں اس کا وجود مختلف طریقوں سے اس کے عدم کو مستلزم ہے تو اس

قائل کی ساری بکواسیں باطل و بے ہودہ ثابت ہوئیں اوران صورتوں میں اس مساوی کو ممکن ماننا دیوانہ پن ہے۔اور جب اس مساوی کا وجود کسی صورت میں ممکن نہیں بلکہ محال بالذات ہے توتمام صورتوں میں محال بالذات ہے۔علاوہ ازیں اس قائل کے کلام میں ایک دوسرا نقص یہ ہے کہ:خاتم النبیین کے معنی سے ناواقفیت کی بناپر اس نے قیاس کے صغری کو منع کر کے یہ کہاکہ:

"بعض صورتوں میں اس مساوی کا وجوداس کے عدم کو مستلزم ہے اور بعض صورتوں میں مستلزم نہیں"

اسے یہ نہیں معلوم کہ:اگر بعض صورتوں میں اس مساوی کا وجوداس کے عدم کو مستلزم نہ ہوتواس مساوی کا وجوداس کے عدم کو مستلزم نہ ہوا۔اس قائل کواس قیاس کا یہ کبریٰ تسلیم ہے:

"جس شیٔ کا وجود مطلقاًاس کے عدم کو مستلزم ہووہ محال بالذات ہے"

اس کے باوجود حماقت ظاہر کرتے ہوئے یہ کہتا ہے کہ:"اس قیاس کا صغری و کبریٰ دونوں باطل ہوگیا"جب کہ اس کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ:صرف صغری اسے تسلیم نہیں۔یہ بھی اسی کا حصہ ہے کہ وہ"خاتم النبیین"کا معنی نہیں جانتا یہ کوئی پہلا قارورہ نہیں جسے اسلام میں توڑا گیا(مَاهُوَ أَوَّلُ قَارُوْرَةٍ كُسِرَتْ فِي الْإِسْلَامِ)

استاذ علام نے فرمایاکہ: توایسے شخص کا وجود جو تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر ہو محال بالذات ہے اور یہی مُدَّعا ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ:جب اس قیاس کا صغری و کبریٰ دونوں باطل ہوگیا تو نتیجہ یعنی مستدل کے مدعا کا بطلان خود بخود ظاہر ہو گیا تو مساوی مذکور کا وجود ممکن ہوا اور اللہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل رہا اگرچہ ممتنع بالغیر ہونے کے سبب واقع نہ ہوگا اور یہی اہل حق کا دعوی ہے تو یہ بات ظاہر وآشکارا ہوگئی کہ:معترض مستدل نے جو یہ کہاکہ:

" تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کے ممکن ہونے کا قول کرنا اجتماع نقیضین کے ممکن ہونے کا قول کرنا ہے۔"

اگراس سے یہ مراد لیا ہے کہ:پہلا اور دوسرا قول دونوں بعینہ ایک ہیں تو محض غلط،جھوٹ اور بدیہی طور پر باطل ہے جس کے بیان کی حاجت نہیں۔اور اگر مجازاً یہ مراد لیا ہے کہ:پہلا قول دوسرے قول کو مستلزم ہے جیساکہ خوداس نے چند سطروں کے بعد یہ کہا ہے کہ:

"تو تحقیق سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ:تمام کمالات میں حضور ﷺ کے برابر شخص کا وجود خود اس کے برابر نہ ہونے کو مستلزم ہے"

تو خود مستدل نے یہ اعتراف واقرار کیا کہ:"پہلا قول دوسرے قول کو مستلزم ہے"اس بنا پر میں یہ کہتا ہوں کہ:اس نے محض عقلی گھوڑا دوڑایا۔اس کی فلسفیت کی آخری سرحد بس یہ ہے کہ"یہ اس کو مستلزم ہے"اسے یہ نہیں معلوم کہ خود

منطق و فلسفہ سے خطا کا الزام اس پر لازم ہے؛ اس لیے کہ مذکورہ دونوں فنوں سے یہ بات ثابت ہے کہ: "یہ لازم و ضروری نہیں کہ محال بالذات کا ملزوم و مستلزم بھی محال بالذات ہو۔" بلکہ کبھی ممکن بالذات محال بالغیر ہوتا ہے جیسا کہ فلاسفہ نے جہاں عقول عشرہ کا ازلی اور ابدی ہونا ثابت کیا وہاں اپنے زعم کے مطابق یہ کہا کہ:

"إن واجب الوجود مستجمع لجملة ما لا بد منه فی تاثیرہ فی معلولہ، وإلا لکان لہ حالة منتظرة ھذا خلف إلی آخر ما قالوا."[1]

معلول میں موثر ہونے کے لیے جو چیزیں لازم و ضروری ہیں واجب الوجود ان ساری چیزوں کا جامع ہے، ورنہ اس کے لیے ایک حالت منتظرہ ہوگی جو خلاف مفروض ہے۔

یہ بات واضح ہے اور فلسفہ میں بھی اس پر دلیل قائم ہے کہ: "معلول اپنی علت تامہ کے لیے لازم ہوتا ہے" اور مذکورہ علت سے اس کا مؤخر و جدا ہونا محال ہے تو اس مادے میں یہ منطقی قضیہ ہوگا:

"کلما وجد الواجب وجد العقل الأول" (جب جب واجب موجود ہوگا عقل اول موجود ہوگی)

اور فن منطق کے قاعدہ کے لحاظ سے اس قضیہ کا عکس نقیض یہ ہوگا:

"کلما لم یوجد العقل الأول لم یوجد الواجب تعالی شانہ و تقدس" (جب جب عقل اول موجود نہ ہوگی واجب تعالی شانہ و تقدس موجود نہ ہوگا)

اور ظاہر ہے کہ مقدم (ملزوم) ممکن بالذات ہے اور تالی (لازم) محال بالذات ہے۔

اور اسی طرح متکلّمین کے نزدیک ہے کہ ممکن بالذات جب ممتنع بالغیر ہو تو اس کا محال بالذات کو مستلزم ہونا ممکن ہے۔ جیسا کہ شرح عقائد نسفی کے حوالہ سے گذر چکا۔ اور جب اہل اسلام کے عقائد کے خلاف مدعی کا مطلوب و مقصود اس استلزام سے ثابت نہ ہوا، تو ابلیس کو خوش کرنے کے لیے بر بنائے تلبیس استلزام کو دونوں قولوں کی عینیت کی صورت میں ذکر کیا تاکہ عوام کے فہم میں یہ بات راسخ ہو جائے کہ مساوی مذکور محال بالذات ہے۔ "نعوذ باللہ من شرور أنفسنا و من سیئات أعمالنا۔"

اقول: مستدل کا قیاس یہ ہے کہ:

تمام کمالات میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے (صغری) اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے۔ (کبری)

صغری کا صدق قطعی و یقینی دلیلوں سے ثابت ہو چکا۔ یہ نافہم چوں کہ خاتم النبیین کے معنی سے یکسر بے خبر ہے اس

---

(۱) ھدایة الحکمت الھیات: الفن الثالث فصل فی أزلیة العقول وأبدیتھا مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

لیے اس کا اشتباہ زائل کرنے کے لیے اس کے معنی پر تنبیہ کی گئی اور تفصیل سے اس کا معنی واضح کیا گیا۔ اسے خود اس کا اعتراف ہے کہ کبریٰ صادق ہے؛ کیوں کہ کبریٰ یہی ہے کہ:

"جس شئ کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے۔"

تو بعض صورتوں میں جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم نہ ہو وہ "اکبر" میں داخل ہی نہیں؛ اس لیے کہ اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم نہ ہوا۔ اگر اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہوتا، تو تمام صورتوں میں مستلزم ہوتا، اور تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا مساوی "اکبر" میں داخل ہے؛ اس لیے کہ اس کا وجود تمام صورتوں میں اس کے عدم کو مستلزم ہے، جیسا کے اس سے پہلے اس کی تحقیق گذر چکی۔ اور جب قطعی و یقینی دلیل سے قیاس کے صغریٰ و کبریٰ کا صدق ثابت ہے، تو نتیجہ قطعی طور پر صادق ہے تو قطعی و یقینی دلیل سے یہ بات ثابت ہوئی کہ آپ کے برابر شخص یقیناً محال بالذات ہے۔ نیز ارباب بصیرت پر اس تاریک دل انسان کی کور باطنی بھی روشن ہوگئی۔ لیکن اس کا یہ کہنا اس کی جہالت و غباوت کے سبب ہے کہ:

"تو یہ بات ظاہر و آشکارا ہوگئی" اس کے اس کلام تک: "جس کے بیان کی حاجت نہیں"

کیوں کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کے ممکن ہونے کے قول سے اجتماع نقیضین کے ممکن ہونے کا قول مراد ہے نہ یہ کہ: اس قول کے الفاظ، اس قول کے الفاظ ہیں۔ اور نہ یہ کہ: پہلے قول کا تعبیری مفہوم و معنی دوسرے قول کا تعبیری مفہوم و معنی ہے؛ اس لیے کہ الفاظ اور اس کے تعبیری معنی و مفہوم کے ممکن ہونے سے گفتگو متعلق نہیں۔ استاذ علام کے کلام کا معنی یہ ہے کہ:

"تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص کے ممکن ہونے" (قول اول) کا مفاد اور محکی عنہ"

اجتماع نقیضین کے ممکن ہونے (قول دوم) کا مفاد اور محکی عنہ ہے؛ کیوں کہ وہ شخص اس کا مصداق ہے کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا مساوی ہے اور مساوی نہیں، تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے، تو اس مساوی کا ممکن ہونا اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ہونا ہے تو "اس مساوی شخص کو ممکن کہنا" "اجتماع نقیضین کو ممکن کہنا ہے" (ان دونوں قولوں کا مفاد اور محکی عنہ ایک ہے، الگ الگ نہیں)

اور استاذ علام کے اس کلام:

"تو تحقیق سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے مساوی کا وجود اس بات کو مستلزم ہے کہ: وہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر نہ ہو"۔

کا معنی یہ ہے کہ: اس مساوی شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے؛ تو "جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے" اسے ممکن کہنا، یہ کہنا ہے کہ: "اجتماع نقیضین کا مصداق

ممکن ہے "اس کلام سے یہ مراد نہیں کہ: "تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا وجود اجتماع نقیضین کو مستلزم ہے" یہاں تک کہ یہ وہم ہو کہ: "اس شخص کا وجود محال بالذات کو مستلزم ہے اور جو چیز محال بالذات کو مستلزم ہو اس کا محال بالذات ہونا ضروری نہیں "بلکہ اس کلام سے یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ جس شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اجتماع نقیضین کا مصداق محال بالذات ہے تو وہ شخص محال بالذات ہے۔ یہ شخص بات نہیں سمجھتا اور اس کے وہم و خیال میں جو آتا ہے بکتا رہتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ مفہوم ذہنی محال نہیں، نہ محال بالذات، نہ محال بالغیر۔ محال بالذات اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور مساوی مذکور اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو بلا شبہ محال بالذات ہے۔ اس قائل نے کلام کا معنی الٹا سمجھ کر اور یہ مان کر کہ: "تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے مساوی کا وجود اجتماع نقیضین کو مستلزم ہے"۔ اس پر یہ اعتراض کیا کہ: "جو چیز محال بالذات کو مستلزم ہو اس کا محال بالذات ہونا لازم و ضروری نہیں حالاں کہ اس کا یہ اعتراض اس بنا پر ہے کہ اس نے کلام کا معنی سمجھا ہی نہیں اس قائل نے جس مساوی کا وجود اجتماع نقیضین کو مستلزم سمجھا ہے معلوم نہیں اس نے اس اجتماع نقیضین کا مصداق کس چیز کو قرار دیا ہے اگر اس مساوی کو قرار دیا ہے تو استاذ علام کا دعوی بالکل صحیح و درست ہے اور معترض کی گفتگو باطل۔ اور اگر اس کے علم میں اجتماع نقیضین کا مصداق کوئی دوسری شئ ہے تو اسے بیان کرے۔

اور اگر اس کی یہ بات مان لی جائے کہ: حضور اقدس ﷺ کا مساوی اجتماع نقیضین یعنی محال بالذات کو مستلزم ہے تو بھی اس کا یہ اعتراض اس کی نافہمی کی بنا پر ہے اس لیے کہ **جو چیز محال بالذات کو مستلزم ہے اس کی دو قسمیں ہیں:** (۱) جو بالذات محال بالذات کو مستلزم ہو (۲) وہ جو بالذات محال بالذات کو مستلزم نہ ہو بلکہ دوسری شئ کے واسطہ سے ہو جیسا کہ معلول موجب کا عدم، علت موجبہ واجبہ کے عدم کو مستلزم ہے، اور اسی طرح عامۂ متکلمین کے نزدیک صفات کمالیہ کا عدم، واجب سبحانہ کے عدم کو مستلزم ہے۔ فلاسفہ کے نزدیک عقل اول کا عدم، اللہ سبحانہ کے عدم کو اس لیے مستلزم ہے کہ: معلول موجب کا عدم، علت موجبہ واجبہ کے عدم کو علاقۂ علیت کے واسطہ سے مستلزم ہے اور اگر علاقہ علیت درمیان میں واسطہ نہ ہو تو عامۂ متکلمین کے نزدیک صفات کمالیہ کا عدم واجب سبحانہ تعالی کے عدم کو اور فلاسفہ کے نزدیک عقل اول کا عدم اللہ سبحانہ کے عدم کو مستلزم نہیں ہے تو پہلی قسم (جو اپنی ذات کے اعتبار سے محال بالذات کو مستلزم ہو) محال بالذات ہے اور دوسری قسم کا محال بالذات ہونا لازم نہیں ہے۔ اور اس قائل نے ماسبق میں شرح عقائد نسفی کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور اس مقام پر بھی اس کا یہ حوالہ دیا ہے کہ:

"أَنَّ الْمُمْكِنَ لَا يَلْزَمُ مِنْ فَرْضِ وُقُوعِهِ مُحَالٌ بِالنَّظَرِ إِلَى ذَاتِهِ، وَأَمَّا بِالنَّظَرِ إِلَى أَمْرٍ زَائِدٍ عَلَى

نَفْسِهٖ فَلَا نُسَلِّمُ أَنَّهٗ لَا يَسْتَلْزِمُ الْمُحَالَ"(۱)

"ممکن کی نفس ذات کے اعتبار سے اسے واقع مان لینے سے محال لازم نہیں آتا لیکن نفس ذات کے علاوہ دیگر چیزوں کے اعتبار سے اس کا محال کو مستلزم نہ ہونا ہمیں تسلیم نہیں"۔

اس وقت قابل غور اور لائق فکر امر یہ ہے کہ: تمام کمالات میں آپ کا مساوی اپنی نفس ذات کے اعتبار سے محال کو مستلزم ہے یا ذات کے سوا کسی اور شئ کے اعتبار سے؟ تو میرا کہنا یہ ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کا مساوی اپنی ذات کے اعتبار سے اجتماع نقیضین کو مستلزم ہے، کسی کے واسطہ سے نہیں کیوں کہ اگر وہ مساوی موجود ہو تو یا تو خاتم النبیین ہوگا یا نہ ہوگا؟ اگر خاتم النبیین یعنی بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی ہو تو لا محالہ اس کی نبوت حضور اقدس ﷺ کی نبوت کے بعد ہوگی اور حضور اقدس ﷺ معاذ اللہ خاتم النبیین نہ ہوں گے تو وہ مساوی مساوی نہ ہوگا تو اجتماع نقیضین لازم آئے گا۔

اور اگر وہ مساوی خاتم النبیین نہ ہو تو حضور اقدس ﷺ کا مساوی نہ ہوگا تو بھی اجتماع نقیضین لازم آئے گا اور محال کا مستلزم ہونا خود اس مساوی کی ذات کے اعتبار سے ہے، ذات کے علاوہ اور کسی خارجی شئ کے اعتبار سے نہیں بر خلاف معلول موجب کا عدم، علت موجبہ واجبہ کے عدم کو مستلزم ہونا کہ یہ استلزام، نفس ذات معلول کے اعتبار سے نہیں بلکہ ذات معلول کے سوا ایک دوسری شئ: "علاقہ علیت" کے اعتبار سے ہے۔ اسی سے یہ حقیقت منکشف ہوگئی کہ اس قائل نے شرح عقائد کی عبارت بالا کا معنی بھی نہیں سمجھا ہے۔

رہا اس کا یہ کہنا کہ: "جب اہل اسلام کے عقائد کے خلاف مدعی کا مطلوب و مقصود اس استلزام سے ثابت نہ ہوا" اس کلام تک: "کہ مساوی مذکور محال بالذات ہے"

تو یہ ایک شیطانی وسوسہ ہے جس کا سبب اس کی جہالت و نادانی اور نجدیت و بے ایمانی ہے کیوں کہ جو شخص خاتم النبیین کا معنی جانتا ہے وہ حضور اقدس ﷺ ہی کو یقیناً خاتم النبیین جانتا اور مانتا ہے اور عقل و فہم سے بہرہ رکھنے والا انسان معمولی غور و فکر سے یہ جان سکتا ہے کہ: آپ اپنی اس صفت سے اسی وقت متّصف ہو سکتے ہیں جب کہ آپ کے سوا کوئی آپ کی اس خاص صفت سے متّصف نہ ہو اور کوئی دوسرا شخص اس خاص صفت سے اسی وقت متّصف ہو سکتا ہے جب کہ آپ اپنی اس خاص صفت سے متّصف نہ ہوں اور جو شخص اس خاص صفت میں آپ کا مساوی ممکن مانتا ہے وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن مانتا ہے جیسا کہ بار بار گزرا۔ اور اس سے پہلے اس کی تحقیق گزر چکی ہے کہ اس خاص صفت میں آپ کا مساوی اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور ایسا نہیں کہ اجتماع نقیضین کا مصداق کوئی دوسری شئ ہے اور اس صفت میں آپ کے مساوی کا مصداق اس مصداق کو مستلزم ہے جیسا کہ اس مخالف کا وہم و خیال ہے تو دونوں قولوں کا مفاد یہ ہے کہ: وہ دونوں

(۱) شرح عقائد نسفی، ص: ۱۰۴-۱۰۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ.

عین اور ایک ہیں، نہ یہ کہ ایک قول دوسرے قول کو مستلزم ہے۔ اور اگر بطور تنزل یہ مان لیا جائے کہ: پہلا قول دوسرے قول کو مستلزم ہے جب بھی مطلوب ثابت ہے جیسا کہ ابھی گزرا۔

جب ایمان سے بے بہرہ یہ شخص خاتم النبیین کا معنی نہیں جانتا تو آپ کے خاتم النبیین ہونے پر ایمان نہیں رکھتا کیوں کہ محمول (خاتم النبیین) کا معنی جانے بغیر عقد حمل کی تصدیق حاصل ہو ہی نہیں سکتی اور اپنی حد درجہ نادانی اور بے ایمانی کے سبب شیخ نجدی (جس نے بہت سے عوام مسلمانوں کو گمراہ کیا اور اپنا اور اپنے پیرو کاروں کا انجام تباہ و برباد کیا) کی روح کو خوش کرنے کے لیے تمام کمالات میں آپ کا مساوی ثابت کرنے کے درپے ہوا اور اس نجدی کی راہ میں اپنا ذہن اور اپنی عقل برباد کیا اور اس باب میں اپنی اس گفتگو سے ارباب علم و دانش کی نظر میں خود کو رسوائے عالم کیا اور ابلیس کے شاگرد، مکر سازوں کے سردار، شیخ نجدی کے مکر و فریب نے عوام مسلمانوں کو دائرۂ ایمان سے خارج کر کے چاہ ضلالت میں گرا دیا اس سلسلے میں اس نے یہ دام تزویر ڈالا کہ:

"اللہ اس بات پر قادر ہے کہ ایک آن میں تمام کمالات میں حضور ﷺ کے برابر بے شمار افراد پیدا کر ڈالے"

جو عوام کالانعام یہ نہیں جانتے کہ: قدرت کا معنی کیا ہے؟ اور ممکن چیزوں سے قدرت کے متعلق ہونے کا معنی کیا ہے؟ اور ممکن کا کیا معنی ہے؟ اور اللہ سبحانہ تعالی نے حضور اقدس ﷺ کو جو بعض ایسی خصوصیتیں عطا فرمائی ہیں جن میں کوئی شریک نہیں ہو سکتا وہ کون سی خصوصیتیں ہیں انہیں جانے اور سمجھے بغیر اس کے دام فریب میں آکر اس کا یہ فقرہ زبان پر لا کر اپنا دین و ایمان برباد کر لیتے ہیں اور یہ مخالف ابلیس کی روح کو خوش کرنے کے لیے تلبیس و تدلیس کا کوئی دقیقہ نہیں چھوڑ تا لیکن اس کی ساری کوشش بے کار ثابت ہوئی اور اس کی خواہش و تمنا پوری نہ ہوئی۔ اور اس نے اپنے کلام: "نعوذ باللہ من شرور أنفسنا و من سیئات أعمالنا" کے ذریعے اپنے نفس کی شرارتوں اور برے کاموں سے اللہ کی جو پناہ لی اس کی یہ پناہ طلبی شرف اجابت سے ہم کنار نہ ہوئی؛ اس لیے کہ اس نے صمیم قلب سے یہ دعا نہ کی وہ خود اپنے نفس کی شرارتوں اور اعمال کی برائیوں میں گرفتار ہے۔ "واللہ الموفق للرشاد و الھادی إلی سبیل السداد۔"

مخالف نے کہا کہ:

فتوحات مکی میں ہے:

باب-۱۵۳ ولایت بشری کے مقام اور اس کے اسرار کی معرفت کا بیان۔

باب-۱۵۴ ولایت ملکی اور اس کے اسرار کی معرفت کا بیان۔

باب-۱۵۵ مقام نبوت اور اس کے اسرار کی معرفت کا بیان۔

باب-۱۵۶ مقام نبوت بشری اور اس کے اسرار کی معرفت کا بیان۔

باب-۱۵۷ مقام نبوت ملکی اور اس کے اسرار کی معرفت کا بیان۔

باب-۱۵۸ مقام رسالت اور اس کے اسرار کی معرفت کا بیان۔

باب-۱۵۹ رسالت بشری کی معرفت کا بیان۔

باب-۱۶۰ رسالت ملکی کے مقام کی معرفت کا بیان۔

یہ عبارت فہرست کتاب کے مقام پر ہے لیکن ابواب کی تفصیل کے مقام پر کافی طویل گفتگو ہے ان اوراق میں ان کے نقل کی گنجائش نہیں ہے تو قدرت کے عموم اور قدرت کاملہ کی وسعت کے پیش نظر یہ کہا جاسکتا ہے کہ: ممکن ہے کہ حق تعالی انسان وجنات کی طرح دوسری دو نوع پیدا فرمائے جیسا کہ حور وغلماں، جن وانس کے مشابہ ہیں تو جن وانس کی طرح ان دونوں نوعوں کو مکلف فرمائے اور ان دونوں نوعوں میں سے ایک نوع میں ولایت ونبوت بشری کے مقامات ودرجات کی طرح مقامات ودرجات پیدا فرمائے اور ایک کو دوسرے کے مقام ومرتبہ کا خاتم بنائے اور یہ معنی آیت کریمہ: "وخاتم النبیین" کے منافی نہ ہوگا جیسا کہ اس صورت میں اس کی تاویل طبع سلیم پر پوشیدہ نہیں اور جن وانس کی طرح ان دونوں نوعوں میں ثواب وعقاب فرمائے اور ثواب وعقاب کے لیے ایک دوسرا عالم ہو جیسا کہ اس وقت جن وانس کے لیے عالم برزخ موجود ہے اور اکثر عوام کے فہم سے بالاتر ہے۔ حاصل یہ ہے کہ علم وادراک اس سے قاصر ہے، حضرت رب العباد نے اپنی قدرت عامہ شاملہ کی تخصیص کسی چیز کے ساتھ نہ فرمائی اور نہ ہی کسی شئ سے اس کی نفی فرمائی۔ ہمارا فہم وادراک اکثر وبیشتر اللہ کی دوسری صفات کاملہ کے عموم وشمول کے احاطہ وادراک سے قاصر ہے "وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ" ہم اس کے ارادہ ومشیت کے بغیر اس کے علم کا کچھ بھی احاطہ وادراک نہیں کر سکتے"۔

"جواہر القرآن" میں مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:

"إن لله أرضا بيضاء مسيرة الشمس فيها ثلاثون يوما هى مثل أيام الدنيا ثلاثين مرة مشحونة خلقا لا يعلمون من أن الله يعصى فى الأرض و لا يعلمون أن الله تعالى خلق آدم و إبليس رواه ابن عباس فاستوسع مملكة الله تعالى". [1]

یعنی بے شک اللہ کی ایک سفید زمین ہے جس میں سیر آفتاب کی مسافت تیس دن کی ہوتی ہے۔ یہ دن ایام دنیا کے تیس گنا کے مثل ہوتے ہیں۔ وہ زمین ایسی خلق خدا سے بھری ہوئی ہے جنھیں یہ نہیں معلوم کہ اس سرزمین پر اللہ کے حکم سے سرتابی ہوتی ہے اور نہ یہ جانتی ہے کہ اللہ نے آدم وابلیس کو پیدا کیا۔ اسے ابن عباس نے روایت کیا۔ تو اللہ تعالی کی سلطنت بہت وسیع ہے۔

---

(۱) جواهر القرآن، الجزء:۱، ص:۲۷ الفصل الثالث في شرح مقاصد القرآن القسم الأول في تعريف المدعو اليه.

جو نحیف و ناتواں چھوٹی چیونٹی اپنے مقام و مسکن سے کبھی باہر نہ نکلی ہو وہ یہ سمجھتی ہے کہ ساری دنیا بس اسی قدر ہے جب اپنے مقام و مسکن سے باہر نکل کر عالم کا نظارہ کرتی ہے تو اس کی عظمت و بزرگی اس کے تصور و قیاس سے بالاتر ہوتی ہے ۔یہی حال غیر قار اعراض کے جسم ہونے کا ہے جسے ناقص عقل قبول نہیں کرتی جب کہ نیک و بد انسان کے اعمال ان کی قبر میں جسم کی شکل و صورت میں ان کے روبرو پیش ہوں گے ۔اور نیز سانس اور ہوا گلے اور حلق میں قرع کے سبب آواز کی شکل و صورت میں متکیف ہو کر مخارج سے گزرتی ہے تو الفاظ کا پیکر بن جاتی ہے تو یہ معنی ہاتھ ، پیر اور جسم کی کھال میں کیوں کر متصور ہیں کہ یہ سارے جوارح و اعضا ناطق ہوں جب کہ نص سے یہ ثابت ہے کہ: ہاتھ ، پیر اور پوست بولیں گے ۔اور نصوص قطعیہ سے یہ بھی ثابت ہے کہ: جمادات وغیرہ تمام اشیا کو نطق اور علم و ادراک حاصل ہے حالاں کہ ناقص عقل اسے محال جانتی ہے اسی پر دوسری چیزیں قیاس کر لیجیے ۔برزخ و آخرت ، دوزخ و جنت ،انعام و آرام ،تکلیف و آلام وغیرہ کے احوال کے متعلق تالیف کردہ کتابوں مثلاً شرح الصدور اور البدور السافرہ وغیرہ کا جسے مطالعہ حاصل ہے اسے یقین سے معلوم ہے کہ ان میں سے اکثر چیزوں تک صرف انبیا علیہم السلام ہی کی عقلوں کی رسائی ہو سکتی ہے تو اس قلیل و ناقص علم کے سبب اپنے زعم کردہ استحالہ کی بنا پر مساوی مذکور پر اللہ تعالی کی قدرت عامہ نہ ماننا حضرت رب العباد کی صفات کمالیہ میں الحاد و بے دینی کے سوا کچھ نہیں ہے۔

اقول: یہ شخص اس بے ہودہ نجدی کے فرط محبت میں ایسے وسوسے اور خیالات تراشتا رہتا ہے جو ہر عاقل کی نظر میں اس کے جنونِ مُطبق کی دلیل ہوتے ہیں۔اس کے بے فائدہ طویل کلام کا حاصل دو چیزیں ہیں:

(۱) یہ ممکن ہے کہ اللہ سبحانہ و تعالی جنات و انسان کی طرح دوسری نوعیں پیدا فرما کر انہیں مکلف فرمائے،ان دونوں نوعوں میں سے ایک میں انبیا کو مبعوث فرمائے اور اس ایک نوع میں ایک شخص کو خاتم النبیین بنائے تو خاتم النبیین کی صفت میں اس نوع کا وہ شخص حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر ہوگا۔

(۲) جو چیزیں عادۃً محال ہوتی ہیں اور جنھیں ناقص عقل محال جانتی ہے اللہ سبحانہ انھیں پیدا فرمائے گا۔

یہ دونوں چیزیں اس کی حد درجہ حماقت اور تلبیس کی دلیل ہیں لیکن دوسری چیز تو اس لیے کہ مذکورہ چیزوں میں سے کوئی چیز نہ تو اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور نہ ہی ممتنع بالذات ۔خاتم النبیین کی صفت میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مساوی اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے ۔اس مساوی مذکور کے مصداق کو ان چیزوں پر قیاس کرنا سراسر حماقت و مکر سازی ہے۔اس قیاس کے ذریعہ جہلا اور عوام کو تو دھوکا دیا جاسکتا ہے اس لیے کہ یہ بے چارے یہ فرق و امتیاز نہیں کر سکتے کہ کون سی چیزیں محال بالذات ہیں اور کون سی چیزیں عادۃً مستبعد ہوتی ہیں۔

رہی پہلی چیز تو یہ چند وجوہ سے لغو اور بے فائدہ ہے:

(۱) اس قائل نے اپنے جس مقتدا شیخ نجدی کی خواہش کی اتباع میں اپنی عقل اور اپنا دین برباد کیا اور برباد کر رہا ہے

اس نے یہ کہا ہے کہ:

"آں حضرت ﷺ کے برابر شخص سے ایسا فرد انسان مراد ہے جو ماہیت اور اوصاف کمال میں آں جناب علیہ و علی الہ واصحابہ الصلوۃ و السلام کے برابر ہو توجنات و انسان کے سوا دوسری دونوع کا پیدا ہونا، ان دونوعوں کا مکلف ہونا، ان میں انبیا کا مبعوث ہونا اور ان دونوں نوعوں میں سے ایک نوع میں خاتم النبیین ہونا"

اس قائل کی یہ ساری بے ہودہ باتیں اگرمان بھی لیں تواس سے شیخ نجدی کو کوئی فائدہ نہ ہوگا؛ اس لیے کہ وہ انسانی افراد میں سے کسی فرد انسان کا خاتم النبیین ہونا ممکن مانتا ہے اور اپنے زعم وخیال کے مطابق اس کی دلیل بھی دیتا ہے۔ جنات و انسان کے سوا کسی دوسری نوع میں خاتم النبیین کا پیدا ہونا اسے کار آمد نہیں اور اس کی دلیل اس پر منطبق نہیں ہوتی۔ اس قائل نے اپنی بدعقلی کے سبب اپنے مقتدا شیخ نجدی کی بھی اتباع اس جگہ چھوڑ دی۔

(۲) اگر وہ دونوں نوعیں پیدا ہوں اور ان دو نوعوں میں سے ایک نوع میں انبیا مبعوث ہوں تو وہ انبیا یا تو "النبیین" یعنی تمام انبیا کے عموم میں داخل ہیں تواس صورت میں حضور ﷺ تمام انبیا کے خاتم ہیں جن کے زمرہ میں اس نوع کے انبیا بھی داخل ہیں تو آپ تمام انبیا کے آخر میں مبعوث ہونے والے ہوں گے جیسا کہ بار بار گذرا، یا "النبیین" یعنی تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہوں گے تو وہ انبیا ہی نہیں اور ان کا خاتم، خاتم الانبیا نہیں انہیں انبیا اور ان کے خاتم کو خاتم الانبیا کہنا سراسر جہالت ہے۔

اس مقام پر یہ وہم ساقط ہے کہ:

"حضور اقدس ﷺ کو جس جگہ "خاتم النبیین" فرمایا گیا وہاں "النبیین" سے افراد انسان کے انبیا مراد ہیں اور جس مقام پر اس دوسری نوع کے انبیا کا مبعوث ہونا مانا گیا ہے وہاں اس دوسری نوع کے افراد انبیا مراد ہیں"

اس لیے کہ "النبیین" اسم مشتق ہے اور مشتق کے مفہوم میں کوئی خاص ذات داخل نہیں تو خاتم النبیین میں "النبیین" کا مفہوم تمام انبیا کو عام ہے اس کی دلالت کسی ذات پر ہو اور کسی ذات پر نہ ہو ایسا نہیں ہو سکتا۔

(۳) اس قائل نے ماسبق میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی یہ حدیث خود نقل کی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ. (۱)

"مجھے چھ چیزوں کے سبب تمام انبیا پر فضیلت بخشی گئی: مجھے جوامع الکلم عطا کیے گئے، رعب و خوف کے ذریعہ

(۱) مشکوۃ المصابیح ص:۵۱۲ باب فضائل سید المرسلین، ترمذی، کتاب السیر، باب ما جاء فی الغنیمة، مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارک پور اعظم گڑھ

میری مدد فرمائی گئی، میرے لیے غنیمت کے مال حلال کیے گئے، زمین میرے لیے مسجد اور پاک کرنے والی بنائی گئی، مجھے تمام مخلوق کا رسول بنا کر بھیجا گیا اور مجھے سب سے آخری نبی بنایا گیا۔

تو اگر یہ دونوں نوعیں پیدا ہوں تو تمام مخلوق کے تحت داخل ہوں گی تو وہ ساری نوعیں حضور اقدس ﷺ کی امت ہوں گی تو یہ زعم و خیال بھی بالکل ساقط ہے کہ:

"ان دونوعوں کے موجود ہونے کی صورت میں کوئی شخص تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر ہو۔"

یا وہ دونوں نوعیں تمام مخلوق کے عموم میں داخل نہ ہوں گی تو اس صورت میں "العیاذ باللہ تعالی" حضور اقدس ﷺ تمام مخلوق کے رسول نہ ہوں گے، تو یہ احتمال ظاہر کرنا، حضور اقدس ﷺ کی اس خاص صفت یعنی تمام مخلوق کے رسول ہونے کا انکار کرنا ہے، نہ کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ثابت کرنا۔

(۴) ملا علی قاری نے شرح شفا میں فرمایا ہے کہ:-

"انه ﷺ و شرف و كرم رحمة بجميع خلق الله تعالى فإن العالمين لاشك أنه حقيقة فيما سواه ولا صارف بالاتفاق يصرفه عن دلالة الإطلاق ثم من المعلوم أنه لولا نور وجوده وظهور كرمه وجوده لما خلق الأفلاك ولما وجد الأملاك فهو مظهر للرحمة الإلهية التى وسعت كل شيئ من الحقائق الكونية المحتاجة إلى نعمة الإيجاد ثم إلى منحة الإمداد و ينصره القول: بأنه مبعوث إلى كافة العالمين من السابقين واللاحقين فهو بمنزلة قلب عسكر المجاهدين والأنبياء مقدمته والأولياء مؤخرته وسائر الخلق من أصحاب الشمال واليمين ويدل عليه قوله تعالىٰ: "تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا" (پ، ۱۸، الفرقان، ۱) ومن جملة إنذاره للملائكة قوله تعالى: "وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ إِنِّیْۤ إِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ": ويقويه قوله ﷺ: "بُعِثْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً" وقد بينت وجه إرساله إلى الموجودات العلوية والسفلية فى رسالتى المسماة بالصلات العلية فى الصلوات المحمدية"(۱)

"بے شک حضور اقدس ﷺ تمام مخلوقات الٰہیہ کے لیے رحمت بنائے گئے کیوں کہ بلا شبہ عالم، اللہ کے سوا تمام چیزوں کا نام ہے اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ: اس مطلق دلالت سے کوئی چیز مانع نہیں۔ پھر یہ بھی معلوم ہے کہ: اگر آپ کے وجود کا نور اور آپ کے جود و کرم کا ظہور نہ ہوتا، تو اللہ تعالی نہ آسمانوں کو پیدا فرماتا اور نہ ہی فرشتوں کو تو آپ اس رحمت الٰہیہ کے مظہر ہیں جو نعمت ایجاد پھر عنایت امداد کی محتاج "حقائق موجودہ" میں سے ہر ہر ذرہ

---

(۱) شرح شفا لملاعلی قاری مع نسیم الریاض ۱/ ۱۰۶ و ۱۰۵ مرکز اھل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

کو عام ہے۔ اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ :آپ سابقین و لاحقین میں سے سارے عالم کی طرف رسول مبعوث فرمائے گئے۔ تو آپ کا مقام و مرتبہ مجاہدین کے لشکر کے قلب کا ہے انبیائے کرام جس کے مقدمۃ الجیش، اولیائے کرام جس کے پیچھے رہنے والا دستہ اور ساری مخلوق میمنہ و میسرہ ہے۔ اس کی دلیل اللہ تبارک وتعالی کا یہ ارشاد پاک ہے: "بابرکت ہے وہ ذات جس نے اپنے بندہ پر حق و باطل میں فرق کرنے والا کلام اتارا اور سارے عالم کو ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا" فرشتوں کے لیے حضور اقدس ﷺ کا ایک اِنذار اللہ تعالی کا یہ ارشاد پاک ہے: "اور ان لوگوں میں سے جو یہ کہے کہ: "میں اللہ کے سوا معبود ہوں تو ہم اس کا بدلہ جہنم دیں گے۔ "اور اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ: حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "مجھے تمام مخلوق کا رسول بنا کر مبعوث کیا گیا" اور میں نے اپنے رسالہ "الصلات العلیة فی الصلوات المحمدیة " میں تمام موجودات علوی اور سفلی کی طرف آپ کے رسول بنائے جانے کی وجہ ذکر کر دی ہے"۔

حضور اقدس ﷺ کے ان اوصاف سے متّصف ہونے پر اس قائل کا ایمان ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اس کا جو جی چاہے کہے۔ اور اگر ایمان ہے تو اس پر لازم ہے کہ اپنے مقتدا شیخ نجدی کے کلام کی تصحیح کی کوشش نہ کرے کیوں کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے مساوی کے ممکن ہونے کے قول کی صورت میں اگرچہ وہ مساوی دوسری نوع سے ہو اس مساوی کے فرض کرنے کے وقت یہ کہنا ضروری ہوگا کہ: وہ مساوی اللہ عزوجل کی ساری مخلوق کے لیے رحمت ہے، سابقین واولین سارے عالم کی طرف مبعوث ہوا ہے اور اگر اس کے وجود کا نور نہ ہوتا تو کوئی شئ موجود نہ ہوتی اور اس صورت میں حضور اقدس ﷺ ان صفات سے متّصف نہیں ہو سکتے تو اس صورت میں وہ مساوی تمام کمالات میں آپ کے برابر نہ ہوا اگر چہ یہ اس قائل کے مفروض ومسلم کے خلاف ہے؛ اس لیے کہ اس کا ایمان یہ ہے کہ :آپ ان صفات سے متّصف ہیں۔ جب اس قائل کے مسلم و مفروض کے خلاف اس صورت میں وہ مساوی آپ کے برابر نہ ہوا تو وہ مساوی اپنے موجود ہونے کی صورت میں اس کا مصداق ہے کہ: وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر ہے اور تمام کمالات میں آپ کے برابر نہیں ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ مساوی محال بالذات ہے تو اسے اس وسوسہ کی گنجائش نہیں۔

اب اس قائل کی بیہودہ باتوں پر نظر درکار ہے اس نے "فتوحات مکیہ" کے ابواب کی جو فہرست نقل کی ہے اس کے مقصود سے اس کا ذرا بھی تعلق نہیں اس کے نقل کرنے سے اس کا مطمح نظر چند چیزیں ہیں:

(ا) اس نے حضرت شیخ اکبر قدس سرہ کا کلام بطور سند ذکر کیا تا کہ عوام و جہلا یہ گمان کریں کہ یہ مخالف آپ کی ولایت کا اعتقاد رکھتا ہے جب کہ اس کے مقتدا کے اعتقاد کے مطابق شیخ اکبر بلکہ تمام اولیا و صوفیہ مشرک و مبتدع ہیں۔

۲۔ عوام و جہلا یہ اعتقاد کریں کہ یہ شخص "فتوحات مکیہ" کا بھی عالم ہے حالاں کہ یہ بے چارہ اس کی عبارت بھی ٹھیک سے نہیں پڑھ سکتا۔

اور اس کا یہ کہنا:

"جیسا کہ اس صورت میں اس کی تاویل پوشیدہ نہیں۔"

اس کی طبیعت اور عقل کے سلامت نہ ہونے کی علامت ہے؛ اس لیے کہ: "النبیین" کا صیغۂ مشتق عام ہے جو کسی خاص ذات موصوف پر دلالت نہیں کرتا اور "خاتم النبیین" کا معنی بعثت کے اعتبار سے سب سے آخری نبی ہے اور اس صفت میں آپ کا مساوی ماننے کی صورت میں یہ خرابی بہر حال لازم آتی ہے کہ: وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔

اس نے یہ کہا کہ:

"حاصل یہ ہے کہ علم وادراک اس سے قاصر ہے" الخ

ہماری بحث سے اس کلام کا کوئی ربط وتعلق نہیں کیوں کہ اس سے محال بالذات چیزوں کا ممکن ہونا لازم نہیں آتا۔ اور جواہر القرآن کے حوالے سے جو حدیث نقل کی ہے اس سے یہ انکشاف نہیں ہوتا کہ: آپ کے برابر شخص ممکن ہے۔ اور اس سفید زمین پر جتنی بھی مخلوقات ہیں سب کے سب آپ کے اس ارشاد پاک: "بُعِثْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً" (مجھے تمام مخلوق کی طرف مبعوث کیا گیا) اور اللہ عزوجل کے اس ارشاد پاک: "لِيَكُونَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا"(۱) "تا کہ آپ سارے عالم کو ڈر سنائیں" اور "وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ"(۲) "(اور ہم نے آپ کو سارے عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجا") میں داخل ہیں (اس لیے کہ ان ارشادات سے صاف واضح ہے کہ آپ ساری مخلوق کی طرف مبعوث فرمائے گئے، سارے عالم کے لیے رحمت اور ڈر سنانے والے بنا کر بھیجے گئے اگر چہ وہ مخلوق کسی بھی نوع سے ہو اور کسی بھی عالم میں ہو) اس مخلوق کے وجود کا مبدا آپ ہی کا نور ہے۔ آپ کے مساوی کے امکان کے معرض بیان میں اس حدیث کا ذکر بلا وجہ ہے۔ ہماری گفتگو اس میں نہیں کہ اللہ کی قدرت وسیع ہے جو تمام ممکنات کو شامل ہے۔ دراصل گفتگو یہ ہے کہ: تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے جو محال بالذات ہے۔

اور اسی طرح اس کے اس کلام کا بھی ہماری بحث سے کوئی تعلق نہیں:

"اور یہی حال غیر قار اعراض کے جسم ہونے کا ہے الخ"

اگر یہ قائل یہ ثابت کرتا کہ: فلاں اجتماع نقیضین کا مصداق ہے جو واقع ہے تو یہ اس کے لیے نفع بخش اور کار آمد ہوتا۔ رہ گیا اس کا یہ کہنا کہ:

"اس قلیل وناقص علم کے سبب اپنے زعم کردہ استحالہ کی بنا پر مساوی مذکور پر اللہ کی قدرت عامہ کا نہ ماننا حضرت رب العباد کی صفات کمالیہ میں الحاد وبے دینی کے سوا کچھ نہیں۔"

---

(۱) پ:۱۸، الفرقان :۱

(۲) پ:۱۷، الأنبیاء :۱۰۷

تواس کا حال یہ ہے کہ: ناقص علم میں اکثر محالات ذاتیہ محال ہیں مثلاً اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کا مصداق اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے کہ یہ ساری چیزیں محال بالذات ہیں اور ان کا محال ہونا بدیہیات اوّلیہ سے ہے، ان بدیہیات اوّلیہ کے یقین کے لیے ناقص علم بھی کافی ہے۔ سوفسطائیوں کے سوا کوئی شخص ان کا انکار نہیں کر سکتا۔ اور جب قطعی ویقینی دلیلوں سے یہ بات مبرہن ہوگئی کہ: "تمام کمالات میں آپ کے مساوی کا مصداق اجتماع نقیضین کا مصداق ہے" تواس کے بعد یہ کہنا کہ: "وہ اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے" خاتم النبیین، أول النبین خلقاً وآخرهم بعثًا، "وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ"(۱)، اور ہم نے آپ کو سارے عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجا "لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا"(۲) "تاکہ آپ سارے عالم کو ڈر سنائیں" "أُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً" اور "بُعِثْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً" (مجھے تمام مخلوق کی طرف مبعوث کیا گیا) کے معانی سے جہلِ بسیط کے سبب ہے۔ اور اُس جہلِ مرکب کے سبب جو اس کے سوداوی دماغ میں راسخ ہوگیا ہے۔

اور اللہ عزوجل کی صفتوں میں الحاد و بے دینی وہ ہے جس کا قائل اُس کا مقتدا شیخ نجدی ہے کہ: "اللہ سبحانہ تعالیٰ کذب وغیرہ عیب کی چیزوں سے متّصف ہوسکتا ہے" اور یہ مخالف بھی اس بات کا قائل ہے کہ:

اللہ سبحانہ عیب ونقص اور بے حیائی وبرائی کی تمام باتوں اور خسیس وکمتر چیزوں سے متّصف ہوسکتا ہے اور اللہ سبحانہ کا عدم (جو عدم کا حصہ ہے) ممکن ہے۔ اور شریک باری کا وجود (جو وجود کا حصہ ہے) ممکن ہے۔ اور اللہ سبحانہ تعالیٰ جاہل، عاجز، گونگا، بہرا، اندھا اور مرتبۂ ذات احدیہ حقہ میں تمام ممکن وحادث چیزوں کے ساتھ متحد ہوسکتا ہے جیسا کہ اس کی تفصیل گزر چکی۔ "سبحانه تعالى عما يصفون۔"

یہ بے چارہ اور وہ نجدی آوارہ قلیل وناقص علم سے بھی بے بہرہ ہے اس لیے ان دونوں نے بدیہیات اوّلیہ کے یقین سے سرتابی کر کے اپنے جہل مرکب کے سبب دروغ بافی کی۔

یہ کہنا کہ: "اللہ کی قدرت محالات ذاتیہ کو شامل نہیں "عین ایمان ہے مثلاً مساوی اور غیر مساوی، موجود اور غیر موجود، سفید اور غیر سفید، سیاہ اور غیر سیاہ کے مصداق مختصراً یہ کہ بے شمار متناقض مفہوموں کے مصداق محال بالذات ہیں، انھیں اللہ عزوجل کی قدرت کے تحت داخل نہ ماننا عین ایمان ہے کیوں کہ اگر محال بالذات اشیا کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل مانا جائے تو "تمام محالات ذاتیہ کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل ماننا پڑے گا۔ بلکہ یہ کہنا لازم آئے گا کہ: اللہ سبحانہ اپنے شریک، اپنے عدم، تمام حادث وممکن چیزوں کے ساتھ اتحاد اور اس کے علاوہ بے شمار محال چیزوں پر قادر ہے کیوں کہ تمام محالات ذاتیہ محال بالذات ہونے میں برابر ہیں ان کے درمیان محال ہونے میں کوئی فرق نہیں کہ: ان میں

(۱) پ:۱۷، الأنبياء: ۱۰۷

(۲) پ:۱۸، الفرقان: ۱

سے بعض محال بالذات پر اللہ سبحانہ قادر ہو اور بعض پر قادر نہ ہو۔

مقام حیرت یہ ہے کہ: یہ ایمان فروش جاہل اور ناحق کوش متجاہل اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ: سفید و غیر سفید، سیاہ و غیر سیاہ، کاتب و غیر کاتب وغیرہ بے شمار متناقض مفہوموں کے مصداق محال بالذات ہیں جو اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں تو تمام کمالات میں آپ کے مساوی کا مصداق جو مذکورہ بالا متعدّد وجوہ سے اس (اجتماع نقیضین) کا مصداق ہے کہ: وہ تمام کمالات میں آپ کے برابر ہے اور تمام کمالات میں آپ کے برابر نہیں تو اسے محال بالذات ماننے سے کیوں ان کا جگر خراشیدہ، رگِ دل تراشیدہ اور زخمِ دروں نمک پاشیدہ ہونے لگتا ہے؟ جب ان بے شمار متناقض مفہوموں کا مصداق اللہ سبحانہ کے زیر قدرت داخل نہ ہونے سے اس کی قدرت کے عموم و شمول میں کوئی فرق نہ آیا تو اس مصداق مذکور کا قدرت باری کے تحت داخل نہ ہونا اس کی قدرت کے عموم و شمول میں کیوں کر خلل انداز ہو سکتا ہے؟ یہ کج فہمی اور کج روی نجدیت کا وبال ہے۔ ایسی بے دینی اور بد عقیدگی سے اللہ کی پناہ۔

مخالف نے کہا:

"اب بر سبیلِ تسلیم و تنزّل میں یہ کہتا ہوں کہ: جس شخص کو آپ کا مساوی مانا گیا ہے اس میں خاتم النبیین کی صفت محال بالذات ہے لیکن عالم ربانی علیہ الرحمہ نے یہ تصریح نہیں کی ہے کہ: "تمام کمالات میں مساوی ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے۔ " اپنے تراشیدہ دعوی سے دوسرے کو متہم کر کے اس کے ابطال کے درپے ہونا بہتان طرازی کے گناہ کے سوا بے معنی خرافات اور لایعنی ابطالات کے قبیل سے ہے۔

بالفرض اگر ان کا کلام یہی مان لیں تو تمام کمالات میں سے جس کمال میں برابر ہونا ممکن نہ ہو اور جس میں برابر نہ قرار دیا جا سکے، وہ عقلاً خارج و مستثنی ہوگا جیسا کہ دونوں مساوی کی ذات کے ساتھ جو خاص جزئی مُشخص کمالات قائم ہیں خارج و مستثنی ہیں؛ اس لیے کہ ان خاص جزئی کمالات کے وہ کلیات مراد ہیں، جو دونوں مساوی میں مشترک ہیں جیسا کہ "خاتم النبیین" کے لفظ میں ذات مبارک و مقدس ﷺ تمام انبیا علیہم السلام سے مستثنی ہے؛ اس لیے کہ "النبیین" پر لام استغراق داخل ہے تو اگر یہ کہا جائے کہ: اس صورت میں ہم چشمی اور ہم سری فوت ہوگئی خواہ اسے فوتِ مساوات کا نام دیں یا نہ دیں اس لیے کہ ختم نبوت کا وصف کمال دوسرے مساوی میں نہ پایا گیا اور مستدل نے اس شق کو باطل قرار دیا ہے تو میں کہتا ہوں کہ: ممکن ہے کہ اس مساوی میں ایک دوسرا خاص وصفِ کمال موجود ہو، جو اس کی ذات کے ساتھ قائم ہو، اور وہ وصفِ کمال ختم نبوت کے وصفِ کمال کے قائم مقام ہو تو جس طرح ایک مساوی میں خاتم کی صفت کمال ہے دوسرے مساوی میں اس وصف خاتم کے مقابل ایک دوسرا وصفِ کمال ہے، جو صرف اس کے ساتھ قائم ہے تو اس صورت میں یہ دونوں مساوی ان دونوں وصفوں کے سوا دوسرے اوصاف کمال میں مشترک ہیں اور یہ دونوں وصف ان دونوں موصوف میں منقسم ہو گئے ہیں۔

اگر کوئی یہ کہے کہ: اس جواب سے اعتراض رفع نہ ہوگا بلکہ اور زیادہ قوی ہو جائے گا؛ اس لیے کہ جب کسی ایک میں خاتم کی صفت کا نہ ہونا مساوات کے بطلان کا موجب ہوتا ہے؛ کیوں کہ وہ وصف دونوں میں مشترک نہیں تو دو صفتوں کا مفقود ہونا بدرجۂ اولی اعتراض کا موجب ہوگا اس لیے کہ ان دو صفتوں میں سے ایک صفت ہر ایک میں موجود ہے اور اپنے موصوف کے ساتھ خاص ہے اور دوسرے میں نہیں کیوں کہ ہر ایک کے وصف خاص کے اعتبار سے یہ کہا جائے گا کہ: اس وصف میں دونوں کا شریک و برابر ہونا باطل ہے؛ اس لیے کہ وہ وصف دونوں کے ساتھ الگ الگ خاص ہے، دونوں میں مشترک نہیں۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ: سائل اس سوال میں استثنا اور مساوات و ہمسری کے تدارک سے غافل ہے؛ اس لیے کہ اس کلام کا حاصل یہ ہے کہ: دو کمال مخصوص کے سوا دوسرے کمالات ان دونوں مساوی میں مشترک بالنوع ہیں اور ان دونوں کمال خاص کا اشتراک نوعی، دوسرے کمالات کے اشتراک نوعی سے مستثنیٰ ہے۔ اور جب دو مساوی چیزوں کے درمیان مابہ التساوی کا مطلق اشتراک، تساوی کے لیے لازم ہے، تو اس لازم تساوی کے متحقق ہونے کے لیے دونوں مساوی کے درمیان ان دونوں کمال مختص کا کلی عرضی مشترک ہونا کافی ہے اور یہ کلی عرضی کمال مختص کا مفہوم ہے، جو دونوں خاص نوعوں پر صادق ہے، اور دونوں مساوی میں مشترک ہے۔

اس کی توضیح یہ ہے کہ: وصف خاتم کی دو جہتیں ہیں: ایک خاتم کا مفہوم اور دوسرے کمال مختص کلی کا فرد، تو جب مساوی میں کمال خاتم کے مقابل دوسرا کمال پایا گیا، تو اس مساوی میں بھی ایک ذاتی خصوصیت ہے۔

دوسرے یہ کہ: کمال مختص کا فرد ہے تو جب کمال مختص کلی دونوں میں مشترک ہوئے تو مساوات کی ہمسری فوت نہ ہوئی اس لیے کہ خاتم اور اس کے مقابل کی خصوصیت مشترک نہ ہوئی، مثلاً زید و عمرو، وصف شجاعت و سخاوت میں مشترک ہوں اور زید میں تیر اندازی اور عمرو میں بندوق بازی کی صفت کامل طور پر موجود ہو تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ: زید و عمرو تمام کمالات میں برابر ہیں یعنی دونوں میں بعض کمالات مشترک بالنوع ہیں اور بعض خاص صفت اگر ایک میں موجود ہے تو اس کے دوسرے ہمسر میں بھی ایک دوسری خاص صفت موجود ہے تو زید و عمرو میں تین تین کمالات موجود ہیں: شجاعت، سخاوت اور کمال مختص۔ اور زید و عمرو میں سے نہ کوئی ایک دوسرے سے کمتر ہے اور نہ ایک دوسرے سے برتر اور دونوں کو مساوی کہا جائے گا۔ علما کے نزدیک اس کلام کا سچا شاہد فقہا کا یہ متفقہ ارشاد ہے کہ: خالص عربی اور ترکی گھوڑے برابر ہیں جب کہ ان دونوں میں سے ہر ایک میں ایک خاص وصف ہے جو دوسرے میں نہیں لیکن ان دونوں وصفوں کا کلی عرضی (ان دونوں سے جو خاص نفع ملحوظ ہے) ہر ایک میں موجود و مشترک ہے اس بنا پر دونوں کو مشترک کہا جائے گا ہدایہ اور فقہ کی دوسری کتابوں میں مذکور ہے کہ:

"إِنَّ الْعَرَبِيَّ إِنْ كَانَ فِيْ الطَّلَبِ وَالْهَرَبِ أَقْوٰى فَالْبِرْذَوْنُ أَصْبَرُ وَأَلْيَنُ عِطْفاً فَفِيْ كُلٍّ مِّنْهُمَا

مَنْفَعَةٌ مُّعْتَبَرَةٌ فَاسْتَوَ یَا"(۱)

یعنی عربی گھوڑا اگر دوڑنے اور بھاگنے میں قوی اور تیز رو ہوتا ہے تو ترکی گھوڑا بہت زیادہ صابر اور نرم جانب ہوتا ہے تو ان دونوں میں سے ہر ایک میں ایک خاص نفع ملحوظ و معتبر ہے تو یہ دونوں برابر ہیں۔

ترکی گھوڑے میں دوڑنے اور بھاگنے کی قوت اور عربی گھوڑے میں صابر و نرم جانب ہونے کی قوت نہیں لیکن ان دونوں سے جو نفع مقصود ہے اس کے اعتبار سے دونوں برابر ہیں تو مساوی کی یہ قسم ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے جسے واقع ہونا نہیں ہے۔

اگر کوئی یہ کہے کہ: اس توجیہ سے ایک احتمال پر مساوات و برابری ثابت ہے اور دوسرے احتمال یعنی ہر ایک کے کمال خاص کے اشتراک نوعی کے اعتبار سے مساوات و برابری ثابت نہیں ہوتی جیسا کہ توجیہ کرنے والے کو خود اس کا اعتراف و اقرار ہے اور مساوات کی نفی کرنے والے معترض کی مراد دوسرا احتمال ہے۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ: یہ اعتراض آداب مناظرہ سے خارج ہے کیوں کہ اصل مدّعی معلّل، معترض نہیں بلکہ مساوات کے ممکن ہونے کے اصل مدعی، عالم ربّانی ہیں اور معترض کی حیثیت سائل کی ہے تو اعتراض دفع کرنے کے لیے مدعی کی طرف سے مراد کی توضیح و تشریح کافی ہے، خود سے مدعی کی مراد متعین کرنا اور یہ کہنا کہ: یہ مدعی کا مطلوب و مقصود نہیں پھر اس پر اعتراض کرنا قانون مناظرہ کے خلاف ہے۔

اقول: شیخ نجدی کے عاشق و وارفتہ کی جن بے تابانہ بکواسوں نے اس کی عقل اور اس کا دین برباد کر دیا ان کا حاصل دو چیزیں ہیں:

(۱) حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص سے شیخ نجدی کی مراد یہ نہیں کہ: وہ تمام کمالات میں برابر ہے۔ یہ کہنا کہ: شیخ نجدی کی مراد یہ ہے کہ: "تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہے" سراسر بہتان ہے۔

(۲):- بالفرض اگر اس کا یہی دعوی ہو تو یہ احتمال ہے کہ: جس شخص کو حضور اقدس ﷺ کے برابر فرض کیا گیا ہے اس میں آپ کے وصف خاتم النبیین کے مقابل دوسرا خاص وصف کمال موجود ہو جو حضور اقدس ﷺ میں نہ ہو تو اس صورت میں وہ شخص تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا مساوی بایں معنی ہو گا کہ: آپ میں ایک خاص وصف کمال "خاتم النبیین" موجود ہے جس کے مقابل دوسرا خاص وصف کمال اس شخص میں ہے

---

(۱) ھدایہ، باب الغنائم وقسمتھا فصل فی کیفیۃ القسمۃ ج۱/ ص۵۵۳ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ، البحرالرائق شرح کنزالدقائق فصل فی کیفیۃ القسمۃ، کتاب السیر ج۵/ ص۱۵۰ دارالکتب العلمیہ، اللباب فی شرح الکتاب، کتاب السیر، ج۱/ ص۴۰۱

اور دونوں میں دوسرے اوصاف کمالات بالاشتراک موجود ہیں تو مساوات اور برابری پائی گئی اور اس طرح خاتم النبیین کی جس صفت میں شرکت کا احتمال نہیں اس میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا شریک ہونا لازم نہ آیا یہ اس قائل کے کلام کا خلاصہ ہے۔

اس قائل نے اپنی نادانی و بے ایمانی کے سبب جس شیخ نجدی کو عالم ربانی کا لقب دیا ہے جب اس (شیخ نجدی) نے خود یہ تصریح کردی ہے کہ:

"حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص سے ایسا فردانسان مراد ہے جو آپ کی ماہیت اوراوصاف کمال میں شریک ہو"

اور اس مساوی شخص کے ممکن ہونے کی یہ دلیل دی ہے کہ:

"وہ مساوی یاتواس لیے محال بالذات ہے کہ آپ کی ماہیت میں شریک ہونا محال ہے یااس لیے کہ: نفس ذات کے اعتبار سے ان اوصاف مذکورہ سے متّصف ہونا محال ہے۔ ظاہر ہے کہ انسان کے کروڑوں افراد میں آپ کی حقیقت انسانیہ کا مشترک ہونا محال نہیں ہے ورنہ آں جناب ﷺ کا ان اوصاف مذکورہ سے متّصف ہونا محال ہوتا کیوں کہ دو مماثل چیزوں کاحکم ان میں ایک ہوتا ہے جونفس ماہیت وحقیقت کے اعتبار سے ثابت ومسلوب ہوتی ہیں ورنہ ان دونوں میں ماہیت کا مشترک نہ ہونا لازم آئے گا توان دونوں کا مماثل نہ ہونا لازم آئے گا اور یہ مفروض ومسلم کے خلاف ہے تومساوی مذکور کا موجود ہونا محال نہ ہوگا"۔ (شیخ نجدی کی دلیل ختم ہوئی)

شیخ نجدی کے اس کلام سے صاف ظاہر وآشکارا ہے کہ اس کا دعوی یہی ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کی ماہیت اور تمام اوصاف کمال میں آپ کا شریک و مساوی محال بالذات نہیں۔آپ جن اوصاف کمال سے متّصف ہیں سب میں اس کی یہ دلیل جاری ہے۔ اس گمراہ پیشوا کی دلیل پر اس متبع کو مکمل وثوق واعتماد ہے بلکہ اس نے اس کی دلیل کی تائید وتقویت کے لیے نہ صرف عرق ریزی بلکہ جانفشانی کی ہے اگرچہ اس کی عرق ریزی وجانفشانی کا انجام نامرادی وناکامی اور نقصان ومحرومی کے سوا کچھ نہیں جیساکہ انشاءاللہ تعالی عنقریب ظاہر ہوگا تو یہ دونوں چیزیں شیخ نجدی کے لیے کارآمد نہ ہوں گی اور اس سے اس کے کارِ سربستہ کی گرہ کشائی نہ ہوگی۔ اس کے گمراہ کن اور ضلالت آمیز کلام کی تصحیح اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ یہ ثابت نہ کردیا جائے کہ: ذات افضل ممکنات علیہ افضل الصلوات والتسلیمات کا خاص وصف خاتم النبیین اور آپ کے دیگر خاص اوصاف کمال قابل اشتراک ہیں۔ یہ ماننا کہ: "جس شخص کو آپ کے مماثل مانا گیا ہے اس شخص میں خاتم النبیین کی صفت محال بالذات ہے اور تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا مساوی ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں" شیخ نجدی کا دعوی باطل کردے گا اور اس سے نجدیت کی بیخ کنی اور اس کے دیوانہ سر کی سرکوبی ہوگی اور اس سے اس کی دلیل منہدم ہوجائے گی۔ حاصل یہ ہے کہ شیخ نجدی کے لیے یہ دونوں چیزیں نفع بخش اور سودمند نہیں۔ اگر ہوسکے تو اس کی نفع رسانی کے لیے کوئی دوسرا چارہ تلاش کرنا

چاہیے۔ان بیہودہ باتوں کے سبب وہ جن تنگنائیوں میں گرفتار ہے ان سے رستگاری ممکن نہیں۔

شیخ نجدی کے کلام سے ان دونوں چیزوں کا کوئی تعلق ہے یا نہیں اس سے صرف نظر کر کے اس وقت ان دونوں چیزوں میں اولاً اجمالی نظر کرنا پھر اس کم فہم کی بیہودہ باتوں میں ثانیاً تفصیلی فکر کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔

تو میں کہتا ہوں کہ: ان دونوں چیزوں میں سے پہلی چیز یعنی اس شخص کا یہ کہنا محض بے معنی ہے:

"اب بر سبیل تسلیم و تنزّل میں یہ کہتا ہوں کہ: جس شخص کو آپ کے مساوی مانا گیا ہے اس میں "خاتمیت کی صفت" محال بالذات ہے اور عالم ربانی نے یہ تصریح نہیں کی ہے کہ: تمام کمالات میں مساوی ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے"

اس لیے کہ جس شخص کو حضور اقدس ﷺ کے مساوی مانا گیا ہے اس میں خاتمیت کی صفت محال بالذات ماننے کے بعد اگر تمام کمالات میں شریک و مماثل ہونا مراد لیا ہے تو اسے مفروض المساوات کہنا محض بکواس اور دیوانگی ہے۔

اور اگر اس سے اس کی مراد یہ ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کی ماہیت انسانیہ اور بعض اوصاف کمال میں مماثل مانا ہے اگر چہ وہ شخص دوسرے کمالات کے لحاظ سے کم رتبہ ہو اور آپ کا مساوی نہ ہو تو ایسے شخص کے ممکن ہونے بلکہ اس طرح کے کثیر اشخاص موجود ہونے میں ہماری گفتگو نہیں جو حضور کی ماہیت انسانی اور توحید، ایمان و نبوت و رسالت میں شریک ہوں۔

اور اگر اس کی مراد یہ ہے کہ: "اس مماثل شخص مفروض میں اگر چہ خاتمیت کی صفت محال بالذات ہے مگر اس وصف خاتمیت کے مقابل و موازن ایک دوسرا وصف اس مساوی میں موجود ہے اس لحاظ سے اسے شریک و مماثل کہا جاسکتا ہے" تو یہ وہی دوسری چیز ہے جسے اس کے بعد بے فائدہ ذکر کیا اس صورت میں یہ کلام محض لغو و بے معنی ہے۔اس کلام کی دوسری خرابیاں تفصیلی نظر کے تحت روشن ہوں گی اور دوسری چیز محض شیطانی وسوسہ ہے جس کا خطرہ کسی مؤمن کے دل و دماغ میں نہیں گزرتا چہ جائے کہ کوئی مسلمان ایسی بیہودہ سرائی کرے اس کی مختلف وجہیں ہیں :

(۱) ہم مسلمانوں کا عقیدہ یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل سے حضور اقدس ﷺ کو بے شمار فضیلتوں اور کرامتوں سے نوازا ہے۔آپ کو تمام ظاہری و باطنی محاسن، تمام دینی و دنیوی فضائل، تمام فطری و کسبی خصائل، تمام مکارم اخلاق ظاہری و باطنی افعال کے محاسن، عبادت و تقوی کے اعلی درجات، قرب و وصال کے بلند ترین مقامات، خلّت و محبت و اصطفا کے رفیع مراتب اور عزت و رفعت اور شرف و بزرگی کے عظیم مدارج و مناصب عطا فرمائے ہیں۔اولوالعزم رسولوں میں سب سے افضل، حضور اقدس ﷺ کی شان والا کے شایان کوئی ایسا فضل و کمال نہ چھوڑا جسے آپ کی ذاتِ والا کے لیے ارزاں نہ فرمایا ہو جیسا کہ قاضی عیاض قدس سرہ نے کتاب "شفا" کے دوسرے باب کی قسم اول کو آپ کے محاسن و فضائل کے ذکر میں مدوّن فرمایا اور اس باب کے عنوان میں اس عبارت کو ذکر فرمایا:

"الباب الثانی فی تکمیلِ اللہِ لہ المحاسنَ خلقاً و قرانہ جمیعَ الفضائلِ الدینیة و الدنیویة

فيه نسقاً"

(دوسرے باب میں اس امر کا بیان ہے کہ: اللہ عزوجل نے آپ کو تمام محاسن اخلاق اور دینی و دنیوی فضائل و کمالات سے بہرہ ور فرمایا ہے۔)

تو یہ وہم کرنا کہ:" آں جناب خلائق مآب ﷺ کے مماثل شخص میں آپ کی صفت خاتم النبیین کے مقابل ایسا وصف ہو جو آپ کی ذات فائض الجود میں نہ ہو"کسی مؤمن کے دل میں ایسا خطرہ نہیں گزر سکتا۔ ایسے شیطانی وسوسوں کے لیے زندیق و بے ایمان ہونا شرط ہے۔

(۲) اللہ سبحانہ نے آپ کی شان میں فرمایا:

"وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ"(۱) اور اپنی کامل نعمت آپ کو عطا فرمائے۔

"وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا"(۲) اور آپ پر اللہ کا بڑا فضل ہے۔

تو اس قائل نے آپ کی صفت خاتم النبیین کے مقابل جس فضل و کمال کو قرار دیا اور اسے اپنے اور اپنے مقتدا کے فرض کردہ شریک و مماثل ہی میں مانا اور آپ کی ذات اقدس کو اس سے خالی مانا تو وہ حضرت ذوالجلال کے جملہ انعامات و اکرامات سے ہے یا نہیں؟ اگر نہیں ہے تو کسی شخص کا اسے صفت" خاتم النبیین "کے مقابل و معادل قرار دینا جنون کامل کے بغیر متصور نہیں۔ دیوانہ بھی اسے جائز و ممکن نہیں قرار دے سکتا۔ اور اگر رب تعالی کے جملہ انعامات واکرامات سے ہے تو وصف خاتم النبیین کا ہم پایہ وہ فضل و کمال بلاشبہ افضل ممکنات علیہ افضل الصلوات کی ذات جامعِ جمیعِ حسنات میں ضرور موجود ہوگا، ورنہ اللہ عزوجل کا یہ ارشاد صادق نہ ہوگا کہ: اس نے آپ کو کامل نعمتوں اور عظیم فضیلتوں سے سرفراز فرمایا ہے العیاذ باللہ تعالی من ذالک۔ ایسے شیطانی خطرات سے قرآن کریم کی آیتوں کی تکذیب لازم آتی ہے۔

(۳) اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا کہ:

"وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ "بے شک آپ بلند اخلاق پر فائز ہیں۔(۳)

اور سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

"إن الله تعالى بعثني لتمام مكارم الأخلاق وكمال محاسن الأفعال"(۴)

---

(۱) پ:۲٦،الفتح

(۲) پ:۵،نسا،آیت:۱۳۳ع:۱۴

(۳) پ:۲۹،القلم

(۴) مشكوة المصابيح ص:۵۱۴،باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پور اعظم گڑھ

(بے شک اللہ تعالی نے تمام مکارم اخلاق اور محاسن افعال کو مکمل فرمانے کے لیے مجھے مبعوث فرمایا)

مذکورہ بالا آیت کریمہ اور حدیث شریف سے یہ ثابت ہے کہ: آپ اخلاق کی عظیم ترین بلندی پر فائز ہیں اور تمام مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی تکمیل فرمانے والے ہیں؛ اس لیے کہ اللہ عزوجل نے آیت کریمہ میں "خلق" کی صفت میں "عظیم" فرمایا۔ اور اس کی کمال عظمت اور غایت رفعت بتانے کے لیے موصوف وصفت دونوں کو نکرہ ذکر کیا اور حدیث شریف میں "مکارم" و "محاسن" کو "الأخلاق" اور "الأفعال" جمع معرف باللام کی طرف مضاف فرمایا تاکہ یہ افادہ ہو کہ آپ کے اخلاق کریمانہ حد درجہ بلند اور آپ کے مکارم اخلاق اور محاسن افعال خوب خوب عام و تام ہیں۔ اور اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آپ تمام مکارم اخلاق اور محاسن افعال کے جامع اور انھیں کامل فرمانے والے ہیں اور تمام مکارم اخلاق، محاسن افعال، عادات شریفہ اور خصائل کریمہ میں سے کوئی فضل و کمال ایسا نہیں جن سے آپ بدرجۂ اتم موصوف نہ ہوں۔

اب میں کہتا ہوں کہ: اس مخالف نے آپ کی صفت خاتم النبیین کے مقابل جو صفت کمال آپ کے شریک و مقابل میں مانی ہے اور آپ کو اس سے خالی مانا ہے وہ خاص وصف اللہ عزوجل کے خاص قرب و اصطفا کے قبیل سے ہے یا نہیں؟ پہلی صورت میں وہ کمال رسالت و نبوت میں اور ولایت بے نبوت میں منحصر ہے۔ اگر وہ کمال نبوت و رسالت کے باب سے ہے تو وصف خاتم النبیین کا مقابل و معادل نہیں ہو سکتا کیوں کہ: "خاتم النبیین" نبوت و رسالت کی تکمیل کرنے والا ہے، ختم نبوت و رسالت کے سوا کوئی بھی نبوت و رسالت ختم نبوت (جو کمال نبوت و رسالت سے عبارت ہے) کا مقابل نہیں ہو سکتی۔ اور اگر وہ کمال ولایت بے نبوت ہے تو وصف خاتم النبیین سے اس کا مقابلہ و موازنہ متصور نہیں۔

اور دوسری صورت میں وہ کمال اگر مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی جنس سے ہو تو حضور اقدس ﷺ کا اس سے موصوف نہ ہونا محتمل ہی نہیں بلکہ آپ کی ذات پاک میں اس کا بدرجۂ اتم موجود ہونا ضروری ہے۔ اور اگر مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی جنس سے نہیں تو وہ کمال ہی نہیں چہ جائے کہ وصف خاتم النبیین کے مقابل و معادل ہو۔

(۴) مخلوق کا فضل و شرف و کمال صرف قرب حق سبحانہ تعالی میں منحصر ہے۔ جو چیز حق سبحانہ تعالی کے قرب سے تعلق نہ رکھے وہ فضل و شرف و کمال نہیں ہے۔ اور قرب کے مختلف درجات کے اعتبار سے فضل و کمال کے مختلف درجات ہوتے ہیں۔ اور تمام مخلوقات کے فضل و کمال کی سب سے اعلی جنس و نوع، نبوت و رسالت ہے۔ اور نبوت و رسالت کا سب سے اعلی درجہ، ختم نبوت و رسالت ہے جو کمال نبوت و رسالت کا نام ہے تو تمام مخلوقات اور ماسوی اللہ کو جو کمالات حاصل ہو سکتے ہیں ان کمالات میں سے کوئی کمال اگر نبوت کے سوا ہو تو نبوت کے معادل و مقابل نہیں ہو سکتا۔ اور اگر رسالت کے سوا ہو تو رسالت کے مقابل نہیں ہو سکتا۔ اور اگر نبوت و رسالت کے باب سے ہو تو ختم نبوت و رسالت کے مقابل نہیں ہو سکتا۔ یہ وہم کرنا کہ: "ایسا شخص پیدا ہونا ممکن ہے جو خاتم النبیین نہ ہو اور اس میں خاتم النبیین کی صفت کے معادل و مقابل کوئی دوسرا وصف کمال موجود ہو" سراسر جہالت و نادانی اور زندقیت و بے ایمانی ہے۔

(۵) خاتم النبیین وہی نبی ہو سکتا ہے جو قصر نبوت و رسالت کی تکمیل، مکارم اخلاق اور محاسن افعال کا اتمام اور جہاتِ عدالت کی تحدید کرے، فضل و کمال کی تمام خصلتوں کا جامع ہو، اس کا دین تمام دینوں کا ناسخ ہو، اس کی شریعت رہتی دنیا تک قائم رہے، اس کی رسالت تمام انسان وجنات کی طرف عام ہو، اس کا فیضِ ہدایت ساری مخلوق پر جاری و ساری رہے، اس کا دین کامل، افراط و تفریط سے پاک اعتدال کی بلند حد پر فائز ہو اور روز قیامت تک اس کا روشن دین باقی رہے اور تمام ادیان و شرائع پر غالب رہے۔ یہ وہ حقائق ہیں جن میں کلام کی مجال اور شکوک و اوہام کی گنجائش نہیں۔

حاصل یہ ہے کہ: روز قیامت تک ہدایت سب کے لیے عام ہونا، جن وانس کو تاریکیوں سے روشنی کی طرف لانا، نیک اعمال، عمدہ افعال، پاکیزہ اخلاق کے ذریعے لوگوں کو مہذب و شائستہ اخلاق بنانا، نیکیوں کی ترویج و اشاعت اور برائیوں کا سدِّباب کرنا اس وصف کے لوازم سے ہے اور اس وصف مذکور کے موصوف کو "من سنّ سنّةً حسنةً فله أجرُها و أجرُ من عمل بها إلى يو م القيامة" (جس نے کوئی اچھا طریقہ جاری کیا اسے اس کا اور صبح قیامت تک اس پر عمل کرنے والوں کا اجر و ثواب ملے گا) کے مطابق اس کی عام ہدایت اور کامل عنایت والے دین کے سبب اس کی امت کے صدیقین، شہدا، صالحین، اصحاب تقوی اور اہل ایمان واسلام میں سے ہر ہر فرد کے ایمان و اسلام، اعمال صالحہ اور تقوی کا اجر و ثواب حاصل ہوگا۔ اسی لیے حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"أَنَا أَكْثَرُ النَّاسِ تَبَعًا يَوْمَ القِيَامَةِ"[1] (میں روز قیامت سب سے زیادہ متبعین والا ہوں)

نیز فرمایا:

"أَطْمَعُ أَنْ أَكُوْنَ أَعْظَمَ الْأَنْبِيَاءِ أَجْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ"[2]

مجھے امید ہے کہ قیامت کے دن میرا اجر و ثواب تمام انبیا سے زیادہ ہوگا۔

ان تمہیدی کلمات کے بعد ہمارا کہنا یہ ہے کہ اس قائل نے یہ احتمال نکالا کہ:

"خاتم النبیین کی صفت کے مقابل و معادل ایک دوسرا وصف کمال آپ کے مساوی میں موجود ہو جو آپ کی ذات اقدس میں نہ ہو"

یا تو اس وصف کا موصوف، رسالت کی تکمیل کرے گا، اس کی شریعت، عام اور دائمی ہوگی، وہ صبح قیامت تک تمام جن وانس کا ہادی و رہنما ہوگا اور مذکورہ اجر و ثواب اور انعام و اکرام کا مستحق ہوگا یا نہیں؟ پہلی صورت میں وہ وصف کمال، وصف

---

(۱) مشكوة المصابيح ص:۵۱۱،باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پوراعظم گڑھ

(۲) شفامع نسيم الرياض: فصل فى القيامة بخصوص الكرامة،ج:۳ص:۱۶۳ تا ۱٦٤ بركات رضا، پور بندر گجرات

خاتم النبیین ہی ہے جسے اس مخالف نے آپ کے مساوی مفروض میں محال بالذات مانا ہے۔ اور دوسری صورت میں اس وصف کمال کو وصف خاتم النبیین کا مقابل و معادل خیال کرنا بچوں اور پاگلوں سے بھی متصور نہیں۔

(۶) وہ کمال یا تو نبوت و رسالت کے مقام و مرتبہ کے شایاں ہے یا نہیں؟ دوسری صورت میں وہ وصف خاتم النبیین کا مقابل و معادل نہیں ہو سکتا۔ اور پہلی صورت میں وہ کمال کبھی کسی نبی و رسول میں تھا یا نہیں؟ اگر وہ کسی نبی و رسول میں تھا تو یہ وہم کرنا کہ: "حضور اقدس ﷺ میں نہیں ہے" بے ایمانی کے سوا کچھ نہیں؛ اس لیے کہ مروی ہے کہ:

"إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ حَازَ خِصَالَ الْأَنْبِيَاءِ كُلَّهَا وَاجْتَمَعَتْ فِيْهِ إِذْ هُوَ عُنْصُرُهَا وَ مَنْبَعُهَا" (تمام انبیائے کرام جن خصلتوں کے جامع ہیں آپ کی ذات شریفہ میں وہ ساری خصلتیں موجود و مجتمع ہیں؛ اس لیے کہ آپ ہی کی ذات پاک ان تمام خصلتوں کی اصل اور مبدا و سرچشمہ ہے) ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مزید تفصیل جلد آئے گی۔

اور اگر مقام نبوت و رسالت کے شایاں وہ کمال انبیا علیہم السلام میں سے کسی نبی میں کبھی نہ تھا اور نہ ہے اور نہ کبھی ہوگا تو وہ انیاب اغوال (بھوت کے دانت یعنی محض وہمی اور خیالی شئ) کے قبیل سے ہے، فضل و کمال کی جنس سے نہیں۔ اور یہ خیال محض جنون و پاگل پن ہے کہ: "ربّ جلیل نے وصفِ خاتم النبیین کے مقابل و موازن جس وصف کمال سے تمام انبیا و رسل علیہم السلام کو محروم رکھا ہے اسے ایسے کروڑوں لاشئ محض کے لیے محفوظ کر رکھا ہے جنھیں شیخ نجدی اور اس کے ریزہ خواروں نے حضور اقدس ﷺ کا مساوی گمان کیا جسے اللہ عزوجل نے ازلاً و ابداً محض معدوم کر رکھا ہے تو جاہل عوام کو گمراہ کرنے لیے ایسا احتمال ظاہر کرنا خیال محال کے سوا کچھ نہیں۔ یہ ساری چیزیں بدانجام نجدی کی اتباع کا وبال ہیں۔

(۷) خاتم النبیین کی صفت کے مقابل وصف کمال سے موصوف آپ کا مساوی مفروض اگر ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو یا تو نبی ہوگا یا نہیں؟ اگر نبی نہ ہو تو آپ کا مساوی ہونا محال ہے اگرچہ نبوت کے سوا لاکھوں کمال اس میں ہوں۔ اور اگر نبی ہو تو آپ کے زمانہ میں یا آپ کے زمانہ کے بعد صفت نبوت سے موصوف ہو کر موجود ہو تو آپ کا خاتم النبیین نہ ہونا لازم آئے گا جب کہ یہ ساری گفتگو یہ تسلیم کر لینے کے بعد ہے کہ: "خاتم النبیین" کی صفت حضور اقدس ﷺ ہی کے ساتھ خاص ہے اور آپ کی اس صفت میں کسی کا شریک ہونا محال بالذات ہے تو آپ کے زمانۂ نبوت میں اور آپ کے زمانۂ نبوت کے بعد اس مساوی کو موجود ماننا جو مسلم و مفروض کے خلاف کو مستلزم ہے دو نقیضوں کو فرض کرنا ہے تو اسے موجود ماننا محال کو موجود ماننا ہے۔

اور اگر آپ کے زمانۂ نبوت سے پہلے موجود ہو تو وہ اگرچہ فضل و شرف کا لاکھوں کمال رکھتا ہو اس کا پایۂ کمال حضور اقدس ﷺ کے پایۂ کمال سے فروتر ہوگا؛ اس لیے کہ آپ کی نبوت جو آپ کا اعلیٰ وصف کمال ہے کمال کی اعلیٰ حد پر فائز ہے۔ کوئی غیر کامل، کامل کے مقام و مرتبہ تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا اگرچہ لاکھوں اوصاف کا حامل ہو۔ غیر کامل، بہر حال غیر کامل ہے۔

(۸) اس کا یہ ممکن ماننا محض باطل ہے کہ:

"خاتم النبیین کی جو صفت حضور اقدس ﷺ کے ساتھ خاص ہے اور آپ کے اس وصف خاص کے مقابل و معادل جو خاص وصف آپ کے مساوی مفروض میں موجود ہے حضور اقدس ﷺ اور آپ کا مساوی مفروض ان دو کمال خاص کے سوا تمام اوصاف کمال میں برابر ہوسکتے ہیں"

اس لیے کہ حضور اقدس ﷺ کے بہت سے ایسے خاص کمالات ہیں جو دو شخصوں کے درمیان مشترک نہیں ہوسکتے اور جن میں کوئی شخص آپ کے برابر نہیں ہوسکتا ان جملہ کمالات میں سے چند یہ ہیں:

سارے عالم کی طرف آپ کا مبعوث ہونا ۔ اللہ عزوجل کا ارشاد پاک ہے:

"لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا"[1] کہ سارے عالم کو ڈر سنائیں۔

خود آپ نے فرمایا:

"أُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً" اور "بُعِثْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً" میں ساری مخلوق کی طرف مبعوث ہوا اور ان کا رسول بنا کر بھیجا گیا۔

یہ خاص صفت دو فردوں کے درمیان مشترک نہیں ہوسکتی؛ اس لیے کہ اگر دو شخص اس صفت سے موصوف ہوں اور ان دونوں میں سے ہر ایک "العلمین" اور "الخلق" (سارے عالم اور ساری مخلوق) کے عموم میں داخل ہوں تو ان دونوں میں سے ہر ایک، ایک دوسرے کی امت سے ہوں گے اور یہ عقل کے خلاف ہے۔

آپ کا رحمت للعالمین ہونا۔

● آپ کے نور کا اول مخلوق ہونا ● تخلیق میں آپ کا اول انبیا ہونا ● سب سے پہلے قبر سے باہر نکلنا ● سب سے پہلے صعقۂ قیامت سے ہوش میں آنا ● سب سے پہلے آپ کو سجدہ کی اجازت حاصل ہونا ● سب سے پہلے سجدے سے اپنا سر اقدس اٹھانا ● سب سے پہلے اللہ تعالی کا آپ پر نظر کرم فرمانا ● سب سے پہلے شفاعت فرمانا ● آپ کی شفاعت کا سب سے پہلے مقبول ہونا ● سب سے پہلے جنت کی زنجیروں کا ہلانا ● سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹانا ● سب سے پہلے آپ کے لیے جنت کا کھولا جانا ● سب سے پہلے امت کو پل صراط سے گزارنا۔

یہ صفتیں ایسی ہیں جو دو شخصوں کے درمیان مشترک نہیں ہوسکتیں؛ اس لیے کہ ان صفتوں میں اسم تفضیل کا صیغہ، صیغۂ عموم کی طرف مضاف ہے تو "اول" اپنے ماسوا جن کی طرف مضاف ہے ان پر اس کا مقدم ہونا قطعی و ضروری ہے۔ توضیح و تلویح کے حوالہ سے گزر چکا کہ:

"إِنَّ الْأَوَّلَ لَا يَكُوْنُ مُتَعَدِّدًا" (اول میں تعدُّد نہیں ہوتا)

---

(۱) پ:۱۸، الفرقان: ۱

اگر کسی کو حضور اقدس ﷺ کا شریک فرض کیا جائے تو آپ مضاف الیہ کے عموم میں داخل ہوں گے تو ان صفات سے آپ کا متّصف نہ ہونا لازم آئے گا تو ان صفات میں آپ کا شریک ومساوی نہ ہوگا تو خود اس شریک کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہوا۔

● وسیلہ آپ کا خاص وصف کمال ہے جیسا کہ فرمایا:

"فإنها منزلة لا ينبغي إلا لعبد من عباد الله وأرجو أن أكون أنا هو "[1]

کیوں کہ وہ ایک ایسا مقام ومرتبہ ہے جو اللہ کے صرف ایک ہی بندہ کے لیے شایاں ہے اور مجھے امید ہے کہ وہ بندہ خاص میں ہی ہوں۔

نیز جب صحابۂ کرام نے عرض کیا: "ما الوسيلة" وسیلہ کیا چیز ہے؟

تو ارشاد فرمایا کہ:

"أَعْلٰى دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ لَا يَنَالُها إِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ"[2]

جنت میں ایک بلند ترین درجہ ہے جسے صرف ایک ہی شخص پائے گا۔

تو جو وسیلہ صرف ایک ہی بندہ کے لیے شایاں ہے اور جو صرف ایک ہی ذات (حضور اقدس ﷺ) کو ملے گا اس میں دو شخص شریک نہیں ہوسکتے۔

● بروز حشر اللہ عزوجل کے یمین خاص میں عرش کی داہنی جانب ایسے مقام پر کھڑا ہونا جہاں آپ کے سوا کوئی دوسرا کھڑا نہیں ہوگا تمام اولین وآخرین آپ کے اس خاص مقام پر آپ پر رشک کریں گے۔

جیسا کہ عنقریب انشاء اللہ العزیز آئے گا۔ اور اسی لیے حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے "تکمیل الایمان" میں شفاعت کبریٰ کی حدیث ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"جز او را استادن دریں مقام ممکن نہ باشد" اس مقام پر آپ کے سوا کوئی دوسرا کھڑا نہیں ہوسکتا۔

● قیامت کے دن تمام انبیائے کرام کا آپ کے لواء الحمد کے نیچے ہونا

جیسا کہ خود حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

"وبيدي لواء الحمد ولا فخر ومامن نبيّ يومئذ آدم فمن سواه إلّا تحت لوائی"[3]

---

(۱) ترمذی: ج:۲ ص: ۲۰۲ باب ما جاء فی فضل النبی ﷺ مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارک پو اعظم گڑھ

(۲) ترمذی ۲/ ۲۰۱ –باب ماجاء فی فضل النبی ﷺ، مجلس برکات، جامعه اشرفیه مبارک پوراعظم گڑھ

(۳) مشکوۃ المصابیح ص:۵۱۳ باب فضائل سیدالمرسلین، مجلس برکات جا معه اشرفیه مبارک پور اعظم گڑھ

"اور میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور اس پر مجھے کچھ فخر نہیں، اس دن آدم اور ان کے سوا سب نبی میرے اس لوا کے نیچے ہوں گے۔"

معلوم نہیں کہ نجدی جماعت نے جس شخص کو آپ کا مساوی قرار دیا ہے ان کے اعتقاد میں اگر وہ ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو وہ میدان قیامت میں ہوگا یا نہیں؟ پہلی صورت میں وہ آپ کے لواء الحمد کے تلے ہوگا یا خود صاحب لوا ہوگا؟ اس باب میں اس جماعت کے عقیدہ کی تحقیق کی جاسکتی ہے۔

• مقام شفاعت کبریٰ پر فائز ہونا۔

اس موضوع کی حدیثیں عنقریب آرہی ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے کہ: قیامت کے دن حضور اقدس ﷺ تمام اولین و آخرین کی جائے پناہ ہوں گے۔ اس نجدی کے شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ دہلوی نے قصیدہ بائیہ میں اس کا اعتراف کرتے ہوئے تحریر کیا کہ:

"مَلَاذُ عِبَادِ اللهِ مَلْجأُ خَوْفِهِمْ إِذَاجَاءَ يَوْمٌ فِيْهِ شَيْبُ الذَّوَائِب"

آپ اللہ کے تمام بندوں کی پناہ گاہ، ان کے خوف میں ان کی جائے پناہ ہوں گے جب وہ دن آئے گا جس میں لوگوں کے بال سفید ہو جائیں گے۔

اس لیے کہ: "عباد اللہ" میں لفظ "عباد" جمع اور عموم کا صیغہ مضاف ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ صفت بھی دو شخصوں کے درمیان مشترک نہیں ہوسکتی ورنہ ان دونوں میں سے کوئی بھی اپنے سوا تمام اولین و آخرین اور تمام بندگان خدا کی جائے پناہ نہ ہوگا۔ تو اگر ان دونوں میں سے ہر ایک اپنے سوا تمام لوگوں کی جائے پناہ ہوں تو ان دونوں میں سے ہر ایک اپنے سوا تمام لوگوں کی جائے پناہ نہ ہوگا تو یہ فرض کرنا، امر محال کا فرض کرنا ہے۔ مگر شاید یہ نجدی شیخ نجدی کی اتباع میں شفاعت کی حدیثوں پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنے شیخ المشائخ کا قولِ دروغ آمیز شاعرانہ کلام کی قبیل سے شمار کرتا ہے۔

• اللہ عزوجل کے حضور تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ عزت و کرامت و وجاہت والا ہونا، آپ کے جملہ کمالات سے ہے۔

کیوں کہ اگر آپ کے سوا کوئی دوسرا شخص اللہ کے حضور تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ مکرم ہو تو حضور اقدس ﷺ اکرم الاولین والآخرین علی اللہ نہیں ہوسکتے۔ آپ اللہ کے حضور سب سے زیادہ عزت و کرامت و وجاہت والے نہ ہوں گے۔ اس صفت میں بھی کوئی دوسرا شخص حضور کا شریک و ہمسر نہیں ہوسکتا اور اس صفت میں حضور کا شریک موجود ہونا اس کے عدم کو مستلزم ہے، تو وہ محال بالذات ہے۔

• قیامت کے دن تمام لوگوں کا سردار ہونا۔

اگر آپ کے سوا کوئی دوسرا شخص قیامت کے دن سردار ہو تو آپ قیامت کے دن تمام لوگوں کے سردار نہ ہوں گے تو

اس صفت میں بھی آپ کا کوئی دوسرا شریک نہیں ہو سکتا اور اس صفت میں آپ کے شریک و مساوی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

• قیامت کے دن تمام انبیا کا امام اور ان کا شفیع ہونا۔

اگر آپ کے سوا کوئی دوسرا شخص تمام انبیا کا امام و شفیع ہو تو "النبیین" جو کہ جمع کا صیغہ، معرف باللام ہے آپ اس کے عموم میں داخل ہوں گے اور تمام انبیا کے امام و شفیع نہ ہوں گے تو اس صفت میں بھی حضور کا شریک و ہمسر موجود ہونا اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

• تمام مکارم اخلاق اور محاسن افعال کو کامل و تام فرمانا۔

اگر آپ کے سوا کوئی دوسرا شخص مکارم اخلاق اور محاسن افعال کو کامل و تام کرنے والا ہو تو آپ مکارم اخلاق کو کامل و تام فرمانے والے نہیں ہو سکتے کیوں کہ کامل و تام شئ کی تکمیل اور تحصیل حاصل محال بالذات اور غیر معقول شئ ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ صفات مذکورہ اور صفت خاتم النبیین کی طرح دیگر صفات کمال میں دو شخص شریک نہیں ہو سکتے۔

یہ خیال کرنا محض جہالت و نادانی اور سراسر الحاد و بے ایمانی ہے کہ:

"آپ کا مساوی مفروض تمام کمالات میں آپ کا شریک ہے اور آپ کی خاص صفت خاتم النبیین کے مقابل ایک خاص وصف اس میں ہے"۔

یہ قائل اگر یہ کہتا ہے کہ: "آپ ان صفات مذکورہ سے موصوف نہیں" تو اس نے اپنی گردن سے اسلام کا قلادہ نکال کر پھینک دیا۔ اور اگر اس بات کا اقرار واعتراف کرتا ہے تو اس پر لازم ہے کہ شیخ نجدی کی اتباع اور نجدیت کی خو و خصلت سے خود کو دور رکھے۔ اور اگر اس اعتراف کے باوجود آپ کے ان خاص اوصاف و کمالات میں دوسرے شخص کا شریک ہونا ممکن مانتا ہے تو اس لائق نہیں کہ اس سے خطاب کیا جائے؛ اس لیے کہ عقل و شعور اور فہم و تمیز سے عاری انسان ہی ایسی مشارکت مان سکتا ہے۔ وصف خاتم النبیین کی طرح ان اوصاف کمال میں سے ہر ہر وصف کمال ایسا ہے جو دو شخصوں میں مشترک ہونے کا احتمال نہیں رکھتا۔ اور آپ کے سوا دوسرے شخص میں جو بھی فضیلت موجود ہے یا ہوگی یا ہو سکتی ہے آپ کے ان فضائل و کمالات کے مقابل اس کی حیثیت جزئی فضیلت کی ہے جو آپ کے ان خاص صفات کمال کا مقابل ہو ہی نہیں سکتی۔ اور ان صفات کمال میں سے کسی بھی صفت میں اگر آپ کا کوئی شریک موجود ہو تو اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اور شریک مذکور اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اقول: اب اس قائل کے کلام کا تفصیلی جائزہ لیا جاتا ہے اس کا یہ کلام حد درجہ ضعیف اور حماقت خیز ہے:

"اب بر سبیل تسلیم و تنزل میں یہ کہتا ہوں کہ: جس شخص کو آپ کا مساوی مانا گیا ہے اس میں خاتم النبیین ہونے کی صفت

محال بالذات ہے"

کیوں کہ مساوی مفروض میں خاتمیت کی صفت محال بالذات مان لینے کے بعد یہ کہنا کہ :"وہ حضور کا مساوی ہے "جنون کے سوا کچھ نہیں ؛اس لیے کہ جب وہ خاتم النبیین نہیں ہے تواس کا مساوی ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا ہے ؟ تو یہ تسلیم کرنا اس بات کو ماننا ہے کہ وہ مساوی نہیں ۔اور اگر وہ شخص اس بنیاد پر مساوی ہو کہ وصف خاتم النبیین کے مقابل ایک خاص کمال اس مساوی شخص میں موجود ہے تواس کا حال وہی ہے جو اس کے بعد اس نے کہا ہے تو پھر یہ کلام لغو اور بے کار ہے۔

اور اس کا یہ کہنا کہ:

"لیکن عالم ربانی نے یہ تصریح نہیں کی کہ: تمام کمالات میں مساوی ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے"

ایسا ہی ہے کہ کوئی بے وقوف یوسف و زلیخا کی کامل مثنوی پڑھ کر یہ پوچھے کہ زلیخا عورت تھی یا مرد؟ اس قائل نے جس شیخ نجدی کو عالم ربانی کا لقب دیا ہے کیا اس کا دعوی یہ ہے کہ:"جو شخص کسی بھی چیز میں اور کسی بھی طرح آپ کے مساوی ہو وہ ممکن ہے اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے ؟اگر اس کا یہی دعوی ہے تو ظاہر ہے کہ ہزار ہا ہزار چیزیں شئ ہونے، موجود ہونے، انسان اور مؤمن ہونے میں حضور کی شریک ہیں اور نبوت و رسالت میں بھی حضور کے بہت سے شریک انبیا و رسل موجود ہیں ایسی چیزوں اور ایسے اشخاص کے موجود و ممکن ہونے میں کسے کلام ہے ؟اس شیخ نجدی نے اس بات کی بھی تصریح کر دی ہے کہ:

" حضور ﷺ کے برابر شخص سے ایسا فرد انسان مراد ہے جو آپ کی حقیقت وماہیت اور آپ کے اوصاف کمال میں برابر ہو"

اور اس کے ممکن ہونے کی دلیل بھی ذکر کی جیسا کہ اس سے پہلے گزر چکا۔ اس کی یہ دلیل آپ کے تمام اوصاف کمال میں جاری ہے اور اس قائل نے اس دلیل کو تمام کرنے کے لیے ذبح ہونے والے جانور کی طرح کافی ہاتھ اور پیر مارا۔ اس جگہ اس مدہوش، گم کردۂ ہوش، ناحق کوش نے دعوی اور دلیل کو فراموش کر کے خود کو دوسرے مخمصہ میں ڈالا۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ شخص اس درجہ بے وقوف اور نسیان زدہ ہے کہ اپنی بلادت و نسیان کو بالائے طاق رکھ کر دوسرے پر افترا پردازی و بہتان تراشی کرنے لگتا ہے۔ یہ عمر رسیدہ شخص جب مبہوت ولا جواب ہو گیا تو بہتان باندھنا شروع کیا اور ایسی حماقت خیز اور خرافات آمیز باتیں کیں۔

اس شخص کا یہ کلام عجیب بکواس ہے کہ:

"بالفرض اگر ان کا کلام یہی مان لیں تو تمام کمالات میں سے جس کمال میں برابر ہونا ممکن نہ ہو اور جس کمال میں برابر نہ قرار دیا جا سکے، وہ عقلاً خارج و مستثنی ہوگا"

اس لیے کہ شیخ نجدی کی ذکر کردہ جو دلیل ماسبق میں گذر چکی اور نجدیوں کے اس خاک پا نے اس کی جس دلیل کو تمام

کرنے کے لیے بہت ساری خاک اپنے سر پر ڈالی شیخ نجدی کی وہ دلیل حضور کے تمام کمالات میں جاری ہے؛ اس لیے کہ اس دلیل کا حاصل یہ ہے کہ:

"حضور کی ماہیت میں شریک ہونا محال نہیں ہے اور نفس حقیقت کے اعتبار سے مذکورہ اوصاف سے متصف ہونا بھی محال نہیں ہے ورنہ تو آپ کا بھی ان اوصاف سے متصف ہونا محال ہوتا"

شیخ نجدی کا یہ کلام آپ کے تمام اوصاف کمال میں جاری ہے اگر کسی وجہ سے کوئی کمال، خارج و مستثنیٰ ہو تو اس کمال خارج کے سبب اس دلیل پر نقض وارد ہوگا۔ اگر آپ کے کمالات میں سے کوئی کمال اس مذکورہ کلیہ: "نفس حقیقت کے اعتبار سے مذکورہ اوصاف سے متصف ہونا محال نہیں" سے خارج و مستثنیٰ ہو تو شیخ نجدی کے دعوی اور اس کی دلیل کی بیخ کنی ہو جائے گی اور اس قائل کی اسے تام کرنے کی ساری کوشش بے کار ثابت ہوگی۔ اور ان سب کے باوجود دو حال سے خالی نہیں: یا تو عقلاً جو کمال خارج و مستثنیٰ ہے وہ خاص صفت "خاتم النبیین" ہے؟ یا آپ کے وہ دوسرے خاص کمالات جو آٹھویں وجہ کے تحت مذکور ہوئے وہ بھی اس کلیہ سے خارج و مستثنیٰ ہیں؟ پہلی شق باطل ہے، اس لیے کہ قطعی دلیلوں سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ وہ خاص کمالات بھی دو شخصوں کے درمیان شرکت کا احتمال نہیں رکھتے۔ اور ان کمالات میں آپ کا شریک و مساوی اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے لہذا اس کلیہ سے ان خاص کمالات کا بھی خارج و مستثنیٰ ہونا ضروری ہے۔ اور دوسری صورت میں یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ان خاص کمالات میں بھی آپ کا شریک و مساوی محال بالذات ہے اور یہی مطلوب ہے۔ تو نجدیت کا استیصال اور اس کی بیخ کنی ہوگئی اور شیخ نجدی کی دلیل باطل و منہدم ہوگئی۔

اسی سے یہ بات بھی روشن ہوگئی کہ: شیخ نجدی کے قول کی یہ توجیہ کہ: "حضور کے مساوی مفروض میں آپ کے خاص وصف "خاتم النبیین" کے مقابل ایک خاص وصف موجود ہے "توجیه القول بما لا یرضی به القائل" ہے۔ اور اس کا یہ قول: "خاتم النبیین کی صفت اس کلیہ سے خارج و مستثنیٰ ہے "نجدیت کی بنیاد منہدم کر دیتا ہے اور اس سے اس کی دلیل کے سارے تار و پود بکھر جاتے ہیں۔ "وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ"۔

اور اس کا یہ کہنا شیخ نجدی اور اس کی دلیل کے لیے حد درجہ ضرر رساں ہے کہ:

"جیسا کہ دونوں مساوی کی ذات کے ساتھ جو خاص جزئی کمالات قائم ہیں خارج و مستثنیٰ ہیں؛ اس لیے کہ ان خاص جزئی کمالات کے وہ کلیات مراد ہیں جو دونوں مساوی میں مشترک ہیں"

اس لیے کہ اس کی دلیل کی بنیاد یہ ہے کہ: "جب کسی فرد میں نفس ماہیت کا کسی وصف سے متصف ہونا ممکن ہو تو نفس ذات کے اعتبار سے دوسرے افراد میں نفس ماہیت کا اس وصف سے متصف ہونا محال نہیں ہو سکتا" اور اگر یہ کلیہ صادق ہے تو دونوں مساوی کی ذات کے ساتھ جو خاص جزئی کمالات قائم ہیں نفس ذات کے اعتبار سے نفس حقیقت کا ان سے متصف ہونا محال نہیں ہو سکتا تو دونوں مساوی کی ذات کے ساتھ جو خاص جزئی کمالات قائم ہیں اس کلیہ سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتے۔

اور اگر وہ کلیہ کاذب ہے تو شیخ نجدی کی دلیل ساقط ہے۔ مقدمات عقلیہ کلیہ میں تخصیصات سے مراد کی توضیح و تشریح کار آمد نہیں ہوتی اور حقیقت کلیہ میں یہ صادق ہے کہ: نفس الامر میں جو وصف دو فردوں کے درمیان اشتراک کی صلاحیت رکھتا ہو کسی فرد میں نفس ماہیت کا اس سے متّصف ہونا اس بات کو مستلزم ہوتا ہے کہ نفس ماہیت دوسرے فرد میں بھی اس وصف سے متّصف ہوسکتی ہے اور جب کمالات جزئیہ مشخّصہ اپنے موصوف کی خصوصیتوں کے سبب دو فردوں میں مشترک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے تو وہ کمالات اس کلیہ میں داخل ہی نہیں۔

اور اسی طرح خاتم النبیین کی صفت اور حضور اقدس ﷺ کے دوسرے خاص اوصاف و کمالات جو آٹھویں وجہ کے تحت مذکور ہوئے نفس الامر میں دو فردوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں ہیں جیسا کہ بار بار گزرا تو ان کمالات میں آپ کا شریک و مساوی محال و ممتنع بالذات ہے جیسا کہ اس شخص کے اوصاف جزئیہ مشخصہ میں اس خاص شخص کا شریک و مساوی محال و ممتنع بالذات ہے۔

اس شخص کا یہ کہنا کہ:

"جیسا کہ "خاتم النبیین" کے لفظ میں ذات مبارک و مقدس ﷺ تمام انبیا علیہم السلام سے خارج و مستثنیٰ ہے؛ اس لیے کہ "النبیین" پر لام استغراق داخل ہے"

اس بات کی دلیل ہے کہ اس بے چارے نے اب تک خاتم النبیین کا معنی ہی نہیں سمجھا ہے۔ خاتم النبیین: تمام انبیا علیہم السلام کی جماعت کے سب سے آخری فرد کا نام ہے" تو اس جماعت سے خارج و مستثنیٰ شخص اس جماعت کا سب سے آخری فرد نہیں ہو سکتا۔ جماعت کے سب سے آخری فرد کا اس جماعت میں داخل ہونا ضروری ہے۔ اور حضور اکرم ﷺ کے علاوہ جو جماعت ہے آپ اس کے آخری فرد نہیں ہوسکتے۔ آپ تمام انبیائے کرام کی جماعت کے سب سے آخری فرد ہیں مثلاً سوواں پورے سو کا سب سے آخری عدد ہے اور اگر سوواں سو کے مجموعہ سے خارج و مستثنیٰ ہو تو ننانوے باقی رہے گا اور سوواں ننانوے کا آخری عدد نہیں ہے بلکہ وہ ایک سو کے مجموعی اعداد کا سب سے آخری عدد اور اس کا خاتم ہے تو حضور اقدس ﷺ ہی سب سے آخری نبی ہیں یعنی تمام انبیا کے افراد کا مجموعہ اس واحد کامل حضور اقدس ﷺ ہی کے ذریعہ تام و مکمل ہوا جیسا کہ خود آپ نے فرمایا:

"وختم بی النبیون" مجھے سب سے آخری نبی بنا کر بھیجا گیا۔

اور اگر آپ کو اس مجموعہ سے خارج و مستثنیٰ مانیں تو آپ اس جماعت کے آخری فرد و خاتم نہ ہوں گے جو آپ کے استثنا کے بعد باقی بچی ہے۔ اس باقی ماندہ جماعت کی خاتم اُس نبی کی ذات ہے جو حضور اقدس ﷺ سے بلا واسطہ پہلے ہے لیکن وہ نبی خاتم النبیین نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ وہ نبی تمام انبیا کے بعد نہیں ہے تو خاتم النبیین میں "النبیین" (تمام انبیا) کے عموم سے حضور اقدس ﷺ کا مستثنیٰ ہونا بے معنی ہے۔ شاید اس قائل کو یہ وہم ہوا کہ: اگر حضور اقدس ﷺ

("النبیین" تمام انبیا) کے عموم میں داخل ہوں اور اس سے مستثنیٰ نہ ہوں تو آپ کا اپنی ذات کا خاتم ہونا لازم آئے گا "اس فاسد وہم کا سبب کمال غباوت ہے۔ **خاتم جماعت**: ایسے متعدّد افراد و آحاد کا ہوتا ہے جس کی جماعت ایک ایسے شخص سے مکمل ہوتی ہے جو سب سے آخر میں آتا ہے۔ سب سے آخر میں آنے والا وہ ایک شخص خاتم الجماعت ہے۔ شخص واحد کا کسی ایک شخص کا خاتم ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا مثلاً اگر کوئی شخص یہ کہے کہ: حضور اقدس ﷺ حضرت موسی علیہ السلام کے خاتم ہیں تو اس کا یہ قول بے معنی ہے۔ کسی ایک شخص کا کسی ایک شخص کا خاتم اور اس کا آخری فرد ہونا بے معنی ہے۔ جماعت کا ایک آخری شخص افراد کے لیے ہوتا ہے" واحد بما ہو واحد" کا کوئی خاتم اور آخری فرد نہیں ہوسکتا تو حضور اقدس ﷺ تمام انبیا میں داخل ہیں اور تمام افراد انبیا کی جماعت کے ایک آخری فرد ہیں۔ آخرالانبیا کا تمام انبیا میں داخل ہونا اور اپنے سوا تمام انبیا سے مؤخر ہونا خاتم النبیین کے معنی میں ماخوذ ہے جو شخص نبی نہیں وہ آخر الانبیا نہیں ہوسکتا اور جو شخص تمام انبیا کے بعد نہیں وہ آخرالانبیا نہیں ہے۔

اور اس قائل کا یہ کہنا کہ: "النبیین (تمام انبیا) کلام استغراق کے لیے ہے" یہ فی الواقع صحیح و درست ہے کہ "النبیین" کلام استغراق کے لیے ہے اور "خاتم النبیین" کا معنی: سب سے آخری نبی ہے۔ اور جو تمام انبیا کے بعد ہے اس کا تمام انبیا میں داخل ہونا لازم ہے جو شخص نبی نہیں وہ تمام انبیا کا سب سے آخری فرد نہیں ہوسکتا۔

حیرت اس پر ہے کہ اس شخص نے اس سے پہلے چند خاتم النبیین کا ہونا ممکن قرار دیتے ہوئے یہ کہا تھا کہ:

"ہوسکتا ہے کہ ایک زمانے میں دو نبی ہوں اور دونوں خاتم النبیین ہوں"

جس وقت اس شخص نے ایک زمانہ میں دو خاتم النبیین ہونا ممکن قرار دیا اسے یہ یاد نہ تھا کہ: "النبیین" کلام عموم و استغراق کے لیے ہے۔ یہ ممکن ماننے کے وقت یہ قائل یہ نہ جان سکا کہ "النبیین" کلام استغراق کے لیے ہے اور "خاتم النبیین" کا معنی: تمام انبیا کے بعد سب سے آخری نبی ہے۔ اور ایک زمانہ میں اگر دو نبی ہوں تو ان دونوں میں سے کوئی بھی ایک آخری نبی نہیں ہوسکتا جیسا کہ اس سے پیشتر تفصیل سے گزر چکا "سبحان اللہ" یہ قائل اس درجہ غبی و کند ذہن ہے کہ الفاظ کے صحیح معنی نہیں سمجھ سکتا اور دقیق علمی مباحث میں دست اندازی کرنا چاہتا ہے۔

اور اس کا یہ کہنا محض شیطانی وسوسہ ہے کہ:

"ممکن ہے کہ اس مساوی میں ایک دوسرا خاص وصف کمال موجود ہو جو اس کی ذات کے ساتھ قائم ہو اور وہ وصف کمال ختم نبوت کے وصف کمال کے قائم مقام ہو"

اس لیے کہ مختلف طریقوں سے قطعی دلیلوں کے ذریعہ اس کا بطلان ابھی گزرا۔ یہ قائل "خاتم النبیین" کے معنی سے غافل ہے اور جو وصف اعلیٰ کمالات اور کلی فضائل سے ہے اس کی قدر و منزلت سے ناآشنا ہے؛ اس لیے اس کے دل میں جو بھی شیطانی وسوسہ گزرتا ہے اسے بکتا رہتا ہے۔ خاتم النبیین: ایک ایسی صفت ہے کہ جس ذات کو یہ وصف

کمال حاصل ہوتا ہے وہ ساری مخلوق کا نبی بن کر مبعوث ہوتا ہے، اس کی شریعت رہتی دنیا تک باقی رہتی ہے، اس کے وجود فائض الجود سے نبوت ورسالت کا منصب کامل وتام ہوتا ہے، اس کی ہدایت کا فیض ہفت اقلیم میں تمام اطراف واکناف میں ہر دور اور ہر زمانہ میں تمام جن وانس میں صبح قیامت تک جاری وساری رہتا ہے۔ تمام اہل اسلام کے اعمال صالحہ اور ایمان و اسلام کا اجر وثواب ہمیشہ اسے پہنچتا رہتا ہے، اس کا دین تمام دینوں کا ناسخ اور ان پر غالب وفائق ہوتا ہے، اللہ سبحانہ تعالی اس کا دین کامل فرما کر اس پر اور اس کی امت پر اپنی نعمت تام فرما دیتا ہے۔

اس قائل نے حضور اقدس ﷺ کے شریک و مماثل میں آپ کے خاص وصف کمال "خاتم النبیین" کے مقابل جو وصف فرض کیا ہے اگر اس وصف پر یہ ساری چیزیں مرتب ہیں تو وہ وصف، وصف خاتم النبیین ہی ہے۔ اگر چہ حماقت وجہل مرکب یا تعنُّت وبد دینی کے سبب اس وصف پر اس اسم (خاتم النبیین) کا اطلاق نہ کرے۔ اور اگر یہ ساری چیزیں اس وصف پر مرتب نہیں تو اسے وصف خاتم النبیین کا مقابل خیال کرنا یا تو انتہائی حماقت وکم عقلی یا مکابرہ وبد کیشی یا مالیخولیا کے اثرات سے ہے۔ اس وصف مقابل اور وصفِ خاتم النبیین کا زید کی تیر اندازی اور عمرو کی بندوق بازی پر قیاس کرنا حد درجہ حماقت ہے؛ اس لیے کہ تیر اندازی و بندوق بازی پر مرتب ہونے والی چیزیں باہم متقارب ہیں۔ اگر تیر اندازی کو بندوق بازی کا مقابل شمار کریں تو بعید نہیں برخلاف وصف خاتم النبیین اور اس دوسرے وصف مفروض کے کہ انہیں ایک دوسرے کا مقابل نہیں قرار دیا جاسکتا۔

اور اسی طرح وصف خاتم النبیین سے موصوف "حضور اقدس ﷺ" اور اپنے فرض کردہ وصف کے موصوف (مساوی مفروض) کو خالص عربی وترکی گھوڑوں پر قیاس کرنا بھی کم عقلی ہے، اس لیے کہ ان دونوں چوپایوں کے منافع باہم متقارب ہیں برخلاف اس قضیہ کے جس میں ہماری بحث جاری ہے۔ اس کم عقل نے خاتم المرسلین، سید العالمین علیہ افضل صلوات المصلین واز کی تسلیمات المسلمین اور آپ کے مساوی مفروض کی نظیر خالص عربی وترکی گھوڑوں کو قرار دیا ایسے مقام پر اس کا ان چوپایوں کا ذکر کرنا استخفاف واہانت کے باب سے ہوتا ہے جو محتاج بیان نہیں۔ اس شخص نے حضرت عدیم المماثل افضل الأماثل من الآخرین والأوائل علیہ افضل الصلوات الفواضل کے مساوی اور اس کے وصف مقابل کو فرض کرنے کے سبب ایک لاشئ محض کے ساتھ آپ کے مقابلہ میں دو غیر عاقل حیوانوں کی نظیر ذکر کی اور حد درجہ جرأت وبے باکی کے ساتھ یہ قیاس مع الفارق کی نظیر ذکر کی اور دین وایمان فوت ہو جانے کا ذرا بھی خوف نہ کیا یہ ساری چیزیں نجدیت کا وبال ہیں۔

اس قائل نے اس مقام پر از خود ایک سوال قائم کرتے ہوئے جو یہ کہا کہ:

"اگر کوئی یہ کہے کہ: اس توجیہ میں ایک احتمال پر مساوات ثابت ہے دوسرے پر نہیں الخ"۔

وہ نہایت سطحی بات ہے؛ اس لیے کہ قطعی دلائل اور روشن براہین سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ: کسی بھی صورت میں

مساوات ممکن ومحتمل نہیں۔ تمام احتمالات پر مساوات باطل ومحال ہے۔ اور اس قائل نے جو احتمال ذکر کیا وہ خود خیالِ محال ہے۔

سب سے زیادہ عجیب وغریب بات یہ ہے کہ: یہ احتمال محض فرضی ہے۔ یہ شخص اس بات کا ثبوت فراہم نہ کرسکا کہ: "وہ احتمال ممکن ہے" اور اس کے باوجود مکر سازی کے سبب معترض کی جانب سے یہ ظاہر کرتا ہے کہ: معترض کو سوال میں اس احتمال پر مساوات کے ثابت ہونے کا اقرار ہے۔ اگر یہ محال احتمال ممکن ہو تو مساوات ممکن ہے، نہ کہ مساوات ثابت ہے۔

اور اس کا اس سوال کا جواب، سوال سے بھی زیادہ کمزور ہے؛ اس لیے کہ خود اس قائل کے مقتدا نے جسے اس نے عالم ربانی کا لقب دیا ہے یہ تصریح کردی ہے کہ:

"حضور ﷺ کے برابر شخص سے ایسا فرد انسان مراد ہے جو آپ کی ماہیت و حقیقت اور اوصاف کمال میں آپ کا شریک و برابر ہو"۔

اور اس کے مقتدا نے اپنے باطل خیال کے اعتبار سے اس کی دلیل بھی ذکر کی ہے تو یہ احتمال ظاہر کرنا کہ:

"حضور ﷺ کے جس مساوی مفروض کا وصف خاتم النبیین میں شریک ہونا محال بالذات ہے اس میں وصف خاتم النبیین کے مقابل ایک دوسرا وصف کمال موجود ہے"

اس قائل کے مقتدا کے لیے مفید و کار آمد نہیں، اسے یہ ثابت کرنا مفید و کارآمد ہوگا کہ: حضور اقدس ﷺ کا مساوی مفروض آپ کی صفت خاتم النبیین اور آپ کی ذات مقدسہ کے ساتھ خاص دوسرے خاص کمالات میں شریک و برابر ہو سکتا ہے۔

نیز جب اس قائل کے مقتدا کا دعوی یہ ہے کہ: "حضور کی ماہیت اور آپ کے خاص اوصاف کمال میں آپ کا شریک و مساوی ممکن ہے"۔ تو اس کے مقتدا کو یہ احتمال سود مند نہیں کہ: "اس مساوی مفروض میں وصف خاتم النبیین کے مقابل دوسرا خاص وصف موجود ہو" اس لیے کہ مدعی کے لیے احتمال ظاہر کرنا کافی نہیں ہے، مدعی کو اپنا دعویٰ ثابت کرنے کے لیے سب سے پہلے یہ ثابت کرنا لازم ہے کہ: فلاں وصف، وصف خاتم النبیین کا مقابل ہے، اس کے بعد اپنے مساوی مفروض میں اس کا وجود ممکن ہونا ثابت کرے پھر اس بات پر دلیل قائم کرنا کہ اس کے مساوی مفروض کا وصف خاتم النبیین سے موصوف ہونا محال ہے اور وصف خاتم النبیین کے مقابل جس خاص وصف سے اس کا مساوی موصوف ہے اس سے حضور اقدس ﷺ کا موصوف ہونا محال ہے۔ یہ ساری چیزیں دلیل سے ثابت کرنے کے بعد ہی اپنے دعوی کے اثبات سے عہدہ برآ ہوگا۔ مدعی کے لیے محض یہ ہرزہ سرائی کافی نہیں کہ:

"ممکن ہے کہ اس مساوی مفروض میں وصف خاتم النبیین کے مقابل ایسا وصف ہو جو صرف اس کی ذات کے ساتھ خاص ہو اور وصف خاتم النبیین کے قائم مقام ہو"۔

اسی سے یہ حقیقت روشن ہوگئی کہ: یہ بے ادب، بے بصر مناظرہ کے اسلوب و آداب سے ناواقف اور علمِ خلاف کے

اصول وقوانین سے بے بہرہ ہے۔

مخالف نے کہا:

پھر میرا کہنا یہ ہے کہ: عالم ربانی ﷺ کا کلام یہ ہے:

"اگر چاہے تو کڑوروں نبی، جن اور فرشتے، جبرئیل و محمد کے برابر پیدا کر ڈالے"

اس کلام میں یہ احتمال ہے کہ: عزت و شرافت میں آپ کے مساوی و برابر پیدا کرنا مراد ہو اگر چہ دونوں مساوی میں مساوات و برابری کے وجوہ و اسباب مختلف ہوں، جیسا کہ زید جو ملک کا مہتمم ہے اور عمرو جو فوج کا مہتمم ہے اور بادشاہ کے نزدیک دونوں عزت و شرافت میں برابر ہوں تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ: بادشاہ کے نزدیک دونوں مساوی و برابر ہیں، باوجودیکہ دونوں موصوف میں برابری کا سبب ایک نہیں بلکہ الگ الگ ہے تو عزت و شرافت کے وجوہ و اسباب میں دونوں موصوف کے اشتراک کو باطل کرنا جیسا کہ معترض اپنی نافہمی کے سبب کر رہا ہے بادپیائی ہے۔

اقول: بظاہر اس کلام کا سبب فرط جنوں اور جوش دیوانگی ہے۔عقل سے دور رفتہ قائل خود اپنا کلام نہیں سمجھتا اس لیے کہ اس کلام کا حاصل یہی ہے کہ:

"یہ ممکن ہے کہ دوسرے شخص میں ایک ایسا وصف موجود ہو جس کے سبب وہ عزت و شرافت میں حضور اقدس ﷺ کے برابر ہو جیسا کہ آپ کا وصف خاتم النبیین مثلاً آپ کی عزت و شرافت کا سبب ہے"۔

اور اس قائل کے پہلے کلام کا بھی حاصل یہی ہے جسے دلیلوں کے ذریعہ ہم مختلف طریقوں سے ابھی باطل کر چکے۔ اور جب حضور اقدس ﷺ تمام اولین و آخرین میں اللہ عزوجل کے حضور سب سے زیادہ عزت و کرامت والے ہیں، اگر اللہ سبحانہ کے نزدیک عزت و شرافت میں آپ کا مساوی ممکن ہو اور اسے موجود مانا جائے تو وہ مساوی اکرم الاولین والآخرین علی اللہ ہوگا یا نہ ہوگا؟ اگر نہ ہو تو وہ مساوی اللہ عزوجل کے نزدیک عزت و شرافت میں حضور اقدس ﷺ کے برابر نہ ہوگا تو اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہوا تو وہ محال بالذات ہے۔اور اگر وہ مساوی اکرم الاولین والآخرین ہو تو حضور اقدس ﷺ مفضولین کے عموم میں داخل ہوں گے اور اکرم الاولین و الآخرین نہ ہوں گے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ تو آپ اس مساوی کے مساوی نہ ہوں گے تو وہ مساوی، مساوی نہ ہوگا تو اللہ سبحانہ کے نزدیک عزت و شرافت میں آپ کے برابر شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔مگر شاید یہ قائل اپنے جوشِ جنوں کے سبب اپنے مقتدا کی روح خوش کرنے کے لیے اس بات کی جرأت و جسارت کرے کہ: حضور اقدس ﷺ اکرم الاولین و الآخرین علی اللہ نہیں ہیں اور اس جسارت و اقدام کے ذریعہ اپنے خسارہ ونقصان کا التزام کرے اور اپنے مساوی مفروض میں اس صفت کو ثابت کرے مگر اس تقدیر پر بھی وہ مساوی، مساوی نہ ہوسکے گا۔علاوہ ازیں دونوں مساوی کی عزت و شرافت کے مختلف وجوہ و اسباب، اوصاف کمال ہیں یا نہیں؟ دوسری صورت میں وہ اسباب و وجوہ، عزت و

شرافت کے وجوہ واسباب نہیں ہوسکتے۔ اور پہلی صورت میں اس کے مقتدا کی تصریح کے مطابق اثبات دعوی کے لیے یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ: "اس کا مساوی مفروض، کمال کے ان وجوہ واسباب میں آپ کا شریک ہوسکتا ہے"۔ اس قائل اور اس کے پیروکاروں کی ناک خاک آلود کرنے کے لیے بس اتنا ثابت کردینا کافی ہے کہ: "ان وجوہ واسباب میں دو شخص شریک نہیں ہوسکتے"۔

مخالف نے کہا:

اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ: حضرت خاتم النبیین، حبیب رب العالمین ﷺ کے برابر شخص جب محال نہ ہوتو آپ کم رتبہ نہ ہوں گے بلکہ آپ تمام انبیا علیہم السلام سے افضل واکمل ہیں اسی پر اجماع قائم ہے۔ اسی طرح بعض رسل، بعض رسولوں سے افضل ہیں: "تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ" (پ:۳، البقرہ) (ہم نے بعض رسولوں کو بعض سے افضل بنایا)۔ اور اسی طرح رسولان اولوا العزم بھی دوسروں سے بالاجماع افضل ہیں۔ اور لغت وعرف کا اس پر اتفاق ہے کہ: مفضل، مفضل علیہ کے اعتبار سے مساوات کا درجہ طے کرکے فضیلت وبرتری کے مرتبہ پر فائز ہوتا ہے اور اس میں بھی شک نہیں کہ: انبیا ورسل علیہم السلام کے درمیان اس تفاضل کے باوجود یہ ثابت ہے کہ بعض انبیا کو خاص خصوصیتیں حاصل ہیں اور دوسرے انبیا کو دوسری خصوصیتیں حاصل ہیں، مثلاً آدم علیہ السلام کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ: فرشتوں نے آپ کو سجدہ کیا، آپ بے ماں باپ کے پیدا ہوئے اور ابو البشر ہوئے اور حضرت ادریس علیہ السلام کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ: آپ نبوت وحکمت وسلطنت کے جامع ہوئے اور دنیوی زندگی میں جنت میں داخل ہوئے۔ اور نوح علیہ السلام نے ۹۵۰ سال تک اللہ تعالی کے احکام کی تبلیغ میں امت کی تکلیف وایذا کو برداشت کیا، آپ کے انتقام میں اللہ تعالی نے روئے زمین کو غرقاب فرمادیا اور آپ کے واسطہ سے آدم علیہ السلام کی نسل کو باقی رکھا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے آتش نمرود میں ڈالے جانے اور اپنے فرزند جگر گوشہ کے ذبح کرنے کا واقعہ وعلی ہذا القیاس۔

تو اگر مساوات میں فضیلت کے خاص اسباب کا ہونا شرط ہو تو افضل سے افضلیت کی نفی لازم آئے گی؛ اس لیے کہ خاص اسباب فضیلت مشترک نہیں ہیں کیوں کہ فضیلت کو واجب کرنے والی خصوصیتیں موجود ہیں اسی لیے حضرت مالک ومعطی فضائل جل شانہ نے ذکر تفضیل کے بعد رسل متفاضل علیہم السلام میں فضیلت کی مختلف وجہیں ذکر فرماکر اس پر تنبیہ کرنے کے لیے آیت کریمہ: "تلك الرسل" میں تصریح فرمائی۔ اور یہ (لازم) باطل ہے؛ اس لیے کہ نص سے ان حضرات کا ایک دوسرے سے افضل ہونا ثابت ہے اور جب لازم باطل تو ملزوم بھی باطل۔ تو یہ بات ثابت ہوگئی کہ: خاص وصف خاتمیت میں مشترک نہ ہونے کے سبب شریک ومساوی کے ممکن ہونے کا انکار تفضیل کے قاعدہ سے غفلت کی بنا پر ہے اور گمراہ گری کا پتہ دیتا ہے اور تمام کمالات میں پیش رو کمال، کثرت ثواب اور قرب رب الارباب ہے۔ ثواب ان جملہ کمالات میں سے ہے تو تفاضل و مساوات میں اسی بات کا اعتبار ولحاظ ہے، تو قدرت کاملہ کی وسعت وقوت کے پیش نظر یہ ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت

داخل ہے کہ وہ ہر کم رتبہ ذات کو یعنی جو کثرت ثواب کے سوا دوسرے کمالات کے اعتبار سے کم رتبہ ہے مساوی بلکہ اس کے افضل سے افضل بنادے۔ اس عظیم مطلوب ومقصود کے اندر اس (فضیلت) میں تمام مؤمنین برابر ہوسکتے ہیں اور وہ قدرت کاملہ کے تحت داخل ہے اگرچہ واقع نہ ہو؛ اس لیے کہ گفتگو ممکن کے واقع ہونے کی نہیں بلکہ گفتگو اس میں ہے کہ: وہ ممکن ہے اور اس سے اللہ کی قدرت کاملہ متعلق ہوسکتی ہے جیسا کہ صحیح بخاری کی حدیث اس معنی کی روشن دلیل ہے۔

اقول: دین وایمان سے دست کشیدہ، علم سے عاری اس قائل نے جہلا وعوام کو گمراہ کرنے کے لیے مکر آمیز باتیں کیں جو اس کے بے فائدہ کلام کے ضمن میں پوشیدہ ہیں اس کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ: "کثرت ثواب اور قرب حضرت رب الارباب میں حضور کا مساوی بلکہ آپ سے افضل واعلی شخص ممکن ہے بلکہ تمام مؤمنین اس فضیلت میں آپ کے برابر بلکہ آپ سے افضل واعلی ہوسکتے ہیں اگرچہ خاص وصف خاتمیت میں کوئی دوسرا شخص آپ کا شریک نہ ہوسکے گا؛ اس لیے کہ ثواب کی کثرت اور قرب کی فضیلت اللہ کے فضل پر موقوف ہے اس کے حصول کے لیے اس کا قابل ہونا شرط نہیں۔ اللہ کی قدرت کے پیش نظر اس فضیلت میں تمام مؤمن برابر ہوسکتے ہیں اگرچہ واقع میں برابری پائی نہ جائے۔ مساوی کے معرض وقوع میں آنے کی گفتگو نہیں، گفتگو یہ ہے کہ: وہ مساوی ممکن ہے اور اللہ کی قدرت اس سے متعلق ہوسکتی ہے"۔

یہ اس کے کلام کا خلاصہ ہے اس طرح کے شیطانی وسوسے غایت الحاد وبے ایمانی اور جہالت ونادانی کا نتیجہ ہیں جس کی چند وجہیں ہیں:

وجہ اول: اس ضلالت آمیز کلام سے شیخ نجدی کا مقصود حاصل نہ ہوگا۔ اس کا دعوی ثابت کرنے اور اس کی دلیل تام کرنے کے لیے یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ: وصف خاتم النبیین اور حضور اقدس ﷺ کے دوسرے خاص کمالات میں کوئی دوسرا انسان شریک ہوسکتا ہے۔ خارج از بحث گفتگو سے اس کا مقصد حاصل نہ ہوگا اور نہ ہی اس کے کارِ سربستہ کی گرہ کشائی ہوگی۔ شیخ نجدی کی محبت نے اس کم عقل وکج فہم کا دین وایمان برباد کردیا اور اس کا مقصد بھی بر نہ آیا۔ ع

آں ہم نہ شد میسر وسودائے خام شد

حاصل یہ کہ: اس نجدی نے شیخ نجدی کی اتباع ورہنمائی سے حضور اقدس ﷺ بلکہ تمام انبیا علیہم السلام کے استخفاف شان والا کے لیے یہ کہہ کر کہ:

"تمام مؤمنین اگرچہ حد درجہ فاسق وفاجر ہوں قرب وثواب کے درجات ومراتب میں حضور اقدس اور دیگر انبیا علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے برابر بلکہ حضور اقدس اور ان حضرات انبیا علیہ وعلیہم السلام سے افضل واعلی ہوسکتے ہیں"

ایک دوسری جادہ پیمائی کر رہا ہے اور در پردہ اس کے سُر میں سُر ملا کر طنبور سخافت میں ایک نغمے کا اضافہ کر رہا ہے اور قصد اہانت میں شیخ نجدی کے موافق وہم آہنگ ہو کر اس کی راگ سے الگ ایک راگ الاپ رہا ہے اور اس بے ہودہ سرائی کے گیت میں حضور اقدس ﷺ کے بعض القاب مستطاب کو اپنی ناپاک زبان سے آلودہ کر رہا ہے تاکہ کہیں اس کا ناپاک

مقصد بے نقاب نہ ہو جائے۔ وہ اس مکر و فریب کے ذریعہ جہلا و عوام کو یہ دکھا رہا ہے کہ اس نے جو کچھ کہا ہے اسلامی عقیدے کی توضیح ہے۔ اس کا مقصود ارجح الثقلین علیہ الصلاۃ والسلام کی توہین و استخفافِ شان نہیں ہے۔

وجہ دوم: ہم مسلمانوں کا عقیدہ یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ عزّ مجدہ نے اپنے عظیم فضل اور کامل رحمت سے حضور اقدس ﷺ کو تمام ممکنات سے افضل و برگزیدہ بنا کر دنیا و آخرت میں قرب و وصال کے بلند درجات سے سرفراز فرمایا اور جن مراتب و درجات و انعامات و اکرامات سے ممکن کا سرفراز ہونا ممکن تھا ان کا اعلیٰ مرتبہ و درجہ اور اجر و ثواب نشاۃ اخریٰ میں آپ کو عطا فرمایا اور غایت محبت و عنایت اور فضل و رحمت کے عظیم ترین درجات کے سبب آپ کو عزت و جلال اور شرف و جمال کے ایسے اوصاف و کمالات بخشے، جن میں دو شخص شریک و برابر نہیں ہو سکتے۔ جن اوصاف کمال میں کوئی شخص آپ کا شریک نہیں ہو سکتا، اگر کوئی شخص ان میں آپ کا شریک و برابر ہو، تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے، عزت و شرافت اور قرب و ثواب کا کوئی بھی مقام و مرتبہ ایسا نہیں جو کسی ممکن کو حاصل ہو سکتا ہے وہ یا اس سے اعلیٰ آپ کو حاصل نہ ہوا ہو۔ اور جب یہ حقیقت مان لی گئی کہ: حضور اقدس ﷺ قرب و ثواب کے اعلیٰ مقام و مرتبہ پر فائز ہیں اور تمام صفات کمال سے متصف ہیں تو پھر یہ کہنا کہ: "ان اعلیٰ مقامات و درجات پر آپ کے سوا کوئی دوسرا شخص فائز اور ان صفات عظمیٰ سے متصف ہو سکتا ہے" یہ کہنا ہے کہ: "محالات ذاتیہ ممکن ہیں" اور بالفرض اگر آپ کے سوا کوئی دوسرا شخص ان مقات پر فائز اور ان اعلیٰ صفات سے متصف ہو تو ذات آں سرور ممکنات علیہ افضل الصلوات سے ان صفات کمال کی نفی لازم و ضروری ہے تو ان درجات کے حصول اور ان صفات کمال سے اتصاف میں آپ کا مساوی ممکن ماننا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ آپ کی ذات سے ان صفات کا سلب نہ کر لیا جائے اور آپ کی ذات جامع کمالات سے ان صفات و درجات کا سلب ممکن ہونے کی صورت میں ان صفات و درجات میں آپ کا شریک و مساوی ممکن نہیں؛ اس لیے کہ اس وقت شرکت و مساوات بے معنی ہے (کیوں کہ جب آپ کی ذات ان درجات و صفات سے خالی ہے تو پھر شرکت کیسی؟) اور جب آپ کا شریک و مساوی ممکن نہ ہوا تو آپ سے افضل و اعلیٰ ہونا بدرجۂ اولیٰ ممکن نہیں؛ اس لیے کہ اس قائل نے خود یہ کہا ہے کہ:

"مفضل، مساوات کا مقام و مرتبہ طے کر کے فضیلت و زیادتی کے درجہ پر فائز ہوتا ہے"

تو جب مساوی درجہ طے کرنا ممکن نہ ہوا تو فضیلت و زیادتی کے درجہ پر فائز ہونا بدرجۂ اولیٰ ممکن نہیں ہو سکتا۔

رہی اس بات کی توضیح کہ حضور اقدس ﷺ قرب و وصال کے بلند ترین مقام کے حامل اور اجر و ثواب کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہیں تو مختصراً اس کا ذکر یہ ہے کہ اللہ سبحانہ نے ارشاد فرمایا:

"ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی "(۱)

---

(۱) پ: ۲۷، النجم: ۹، ۸

"پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا پھر خوب اتر آیا تو اس جلوے اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔"

(کنزالایمان)

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ:

"ھو محمد دنیٰ فتدلّٰی من ربه وعنه رضی الله تعالی عنه: ھوالرب دنامن محمد فتدلّٰی إلیه أی نزل إلیه صلی اللہ علیہ وسلم"

یعنی اس سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مراد ہیں۔آپ اپنے رب کے قرب سے مشرف ہوئے تو رب تعالی نے اپنی لطف و عطا سے آپ کو شاد کام فرمایا۔اور آپ ہی سے یہ بھی مروی ہے کہ:اس سے رب تعالی کی ذات پاک مراد ہے جس نے خود اپنے حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے قرب کی نعمت سے نوازا تو اس کی رحمت و عنایت آپ کی طرف نازل ہوئی۔

اور حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

"دنا أی الرب من عبده "محمد صلی اللہ علیہ وسلم فتدلّٰی فقرب منه فأراه ماشاءأن یریه من قدرته وعظمته.[1]

ترجمہ: یعنی خود اللہ تعالی نے اپنے بندہ خاص محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے قرب خاص سے سرفراز فرمایا تو اس کی رحمت و عطا آپ کی طرف اتری تو آپ اپنے رب سے قریب ہوئے تو اللہ عزوجل نے اپنی جو عظمت وقدرت دکھانی چاہی آپ کو دکھائی۔

اور عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:

"ھوأی قوله: "دَنٰی فَتَدَلّٰی" مقدم ومؤ خرأی فیه تقدم و تاخر فتدلّٰی الرفرف لمحمد صلی اللہ علیہ وسلم لیلة المعراج فجلس علیه ثم رفع فدنا من ربه قال صلی اللہ علیہ وسلم فارقنی جبریل وانقطعت عنی الأصوات و سمعت کلام ربی".[2]

ترجمہ:اللہ تعالی کے ارشاد:"دَنٰی فَتَدَلّٰی"میں تقدیم و تاخیر ہے یعنی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے شب معراج رفرف سواری اتری جس پر آپ بیٹھ کر آسمان کی بلندی پر گئے تو رب سے قریب ہوئے آپ نے فرمایا کہ: جبریل مجھ سے جدا ہو گئے اور آوازوں کا سلسلہ مجھ سے منقطع ہو گیا اور میں نے اپنے رب کا کلام سماعت کیا۔

اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحیح بخاری میں مروی ہے کہ:

"عرج بی جبرئیل إلی سدرة المنتهی و دنا الجبار ربّ العزة فتدلّٰی أی الجبار فکان منه أی

(۱) شفا مع نسیم الریاض برکات رضا پور بندر گجرات ۳/ ۱۵۳

(۲) شفا مع نسیم الریاض برکات رضا پور بندر گجرات ۳/ ۱۵۳

من سید الأبرار قاب قوسین أو أدنیٰ فأوحی إلیه ماشاء وأوحی إلیه خمسین صلاة ثم خفّف حتی قال: یا محمد! ﷺ هی خمس وهی خمسون "لَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ"(۱)

ترجمہ: جبریل مجھے سدرۃ المنتہیٰ لے گئے اور اللہ رب العزت آپ سے قریب ہوا تو اس کی رحمت و عطا اتری تو آپ اور آپ کے رب کے جلووں کے درمیان صرف دو ہاتھ بلکہ اس سے کم کا فاصلہ رہ گیا تو جو چاہا آپ کو وحی فرمایا اور پچاس نمازوں کا حکم فرمایا پھر ان میں اتنی کمی فرمائی کہ فرمایا: اے محمد ﷺ وہ ادا کرنے میں پانچ ہیں اور ثواب میں پچاس ہیں۔ (میرے یہاں بات بدلی نہیں جاتی۔)

اور محمد ابن کعب قرظی کی روایت میں ہے کہ:

"محمد دنا من ربه فکان قاب قوسین و قال جعفر بن محمد رضی الله تعالی عنه: أدناه ربّه منه حتی کان منه کقاب قوسین"(۲)

ترجمہ: محمد ﷺ اپنے رب سے اتنا قریب ہوئے کہ دو کمانوں کے درمیان کا فاصلہ رہ گیا۔ اور جعفر بن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ: آپ کو آپ کے رب نے اپنے جلووں سے اتنا نزدیک فرمایا کہ دو کمانوں کے قرب کا سا فاصلہ رہ گیا۔

اور سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اللہ تعالی کے ارشاد پاک: "دنیٰ فتدلّٰی" کے تحت ہے کہ حضور نے فرمایا:

"فارقنی جبرئیل فانقطعت الأصوات عنی فسمعت کلام ربی و هو یقول: لیهدا روعك یا محمد! أدن أدن".(۳)

یعنی مجھ سے جبریل جدا ہوئے تو مجھ سے آوازں کا سلسلہ منقطع ہو گیا تو میں نے اپنے رب کا کلام سنا وہ فرما رہا ہے: اے محمد! تمہارا دل پُر سکون ہو، قریب آؤ، قریب آؤ۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ:

"انه أی محمد ﷺ راٰه أی الله سبحانه تعالی بعینه"۔

محمد ﷺ نے اپنے رب کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

حضرت انس، حضرت عکرمہ اور حضرت ربیع اسی کے قائل ہیں۔ اور عطا نے آپ سے روایت کیا کہ: آپ نے اللہ عزوجل کو اپنے دل سے دیکھا۔

(۱) شفا مع نسیم الریاض مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات ۳/ ۱۵٤

(۲) شفا مع نسیم الریاض، مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات ۳/ ۱۵٤

(۳) شفا مع نسیم الریاض ج:۳، ص: ۱٤۵ مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

اور ابو العالیہ سے مروی ہے وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے راوی ہیں کہ:

"راٰہ بفؤادہ مرّتین" یعنی آپ نے دو مرتبہ اپنے دل سے اپنے رب کو دیکھا۔

اور ابن اسحاق نے ذکر کیا کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ پوچھنے کے لیے بھیجا کہ کیا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: کہ ہاں۔ اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی مشہور ترین روایت یہ ہے کہ: آپ نے اپنے رب کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اور متعدد سندوں سے آپ سے یہ مروی ہے۔ اور حاکم، نسائی اور طبرانی نے روایت کیا کہ: عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ: اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام کو اپنے کلام کی خصوصیت بخشی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خُلّت کی خصوصیت سے نوازا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی رویت سے خاص فرمایا۔ اور آپ کی دلیل اللہ تعالی کا یہ ارشاد پاک ہے: "مَا کَذَبَ الفُؤادُ مَارَاٰی"

جس کا معنی یہ ہے: "مااعتقد قلب محمد خلاف ماراٰہ ببصرہ"[1]

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چشم سر سے جو دیکھا دل نے اس کے خلاف اعتقاد نہ کیا۔

شرح شفا میں ہے کہ:

علامہ نووی کے ارشاد کے مطابق اکثر علما کے نزدیک راجح یہ ہے کہ: آپ نے شب اسرا، اپنے رب کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا۔

اور عبد اللہ ابن حارث نے روایت کرتے ہوئے کہا کہ: ابن عباس اور کعب کی باہم ملاقات ہوئی تو ابن عباس نے فرمایا کہ: ہم بنو ہاشم یہ کہتے ہیں کہ: محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو مرتبہ اپنے رب کو دیکھا تو حضرت کعب نے اللہ اکبر کی صدا بلند فرمائی یہاں تک کہ تمام پہاڑوں سے اس کے جواب کی صدا آئی اور آپ نے فرمایا کہ: اللہ تعالی نے محمد اور موسی علیہما السلام کے درمیان اپنی رویت اور اپنا کلام تقسیم فرمادیا ہے تو موسی علیہ السلام نے اللہ تعالی سے کلام کیا اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دل سے اپنے رب کو دیکھا۔

اور مروی ہے کہ: ابن عباس نے کعب سے ملاقات کی تو آپ نے کعب سے کسی چیز کے متعلق پوچھا تو کعب نے اللہ اکبر کی صدا بلند فرمائی یہاں تک کہ پہاڑوں سے جوابی صدا آئی تو ابن عباس نے فرمایا کہ: ہم بنو ہاشم یہ کہتے ہیں کہ: محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا تو کعب نے فرمایا کہ: اللہ تعالی نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور موسیٰ علیہ السلام کے درمیان اپنی رویت اور اپنا کلام تقسیم فرما دیا ہے تو موسی علیہ السلام نے دو بار کلام فرمایا اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو مرتبہ اپنے رب کو دیکھا۔

اور حضرت معاذ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: میں نے اپنے رب کو دیکھا اور یہ ذکر کیا کہ اللہ تعالی نے آپ سے کلام کیا تو ارشاد فرمایا:

---

(۱) نسیم الریاض فصل فی رؤیتہ لربہ عزوجل ج:۳ ،ص: ۱۲۵، مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

"یا محمد! فیم یختصم الملأ الأعلی؟ قلت: أنت أعلم یا ربّ مرتین قال: فوضع کفه . و فی روایة: یده بین کتفی فوجدت بردها بین ثدیی. و فی روایة: قد وجدت برد أنامله بین ثدیی فعلمتُ ما فی السماء و الأرض.

یعنی اے محمد! ملأ اعلی کس بارے میں جھگڑ رہے ہیں؟ میں نے دو بار عرض کیا: اے پرور دگار! تجھے زیادہ معلوم ہے تو اللہ عزوجل نے اپنا کف قدرت رکھا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ: میرے دونوں شانوں کے درمیان اپنا دست قدرت رکھا تو میں نے اپنے دونوں پستانوں کے درمیان اس کی ٹھنڈک محسوس کی۔ اور ایک روایت میں ہے کہ: میں نے اپنے دونوں پستانوں کے درمیان اس کے پوروں کی ٹھنڈک محسوس کی تو آسمان و زمین کی ساری چیزیں مجھ پر روشن ہوگئیں۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ:

"فتجلّٰی لی کلُّ شیٔ و عرفتُ ما فی السماء و الأرض"

تو مجھ پر ہر چیز منکشف ہوگئی اور میں نے آسمان و زمین کی ہر ہر چیز کو پہچان لیا۔

اس کے بعد یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی:

"وَكَذٰلِكَ نُرِیٓ إِبْرٰهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ"[1]

اور ہم یوں ہی ابراہیم کو آسمان و زمین کی بادشاہت دکھاتے ہیں۔

اور عبد الرزاق نے بیان کیا کہ: حسن بصری، اللہ کی قسم کھا کر کہتے تھے کہ: بلا شبہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا۔ اور ابو عمر نے عکرمہ سے اسے بیان کیا۔ اور بعض متکلمین نے بیان کیا کہ: عبد اللہ ابن مسعود سے یہ مذہب مروی ہے۔ اور ابن اسحاق صاحب مغازی نے بیان کیا کہ: مروان نے ابو ہریرہ سے پوچھا کیا محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا؟ تو آپ نے فرمایا کہ: ہاں۔ اور نقاش محمد ابن حسن ابن زیاد نے امام احمد ابن حنبل سے بیان کیا کہ آپ نے فرمایا کہ: میں عبد اللہ ابن عباس کی حدیث کے مطابق یہ کہتا ہوں کہ:

"بعینه رأی ربه راٰه راٰه راٰه حتی انقطع نفسه نفس أحمد ابن حنبل"[2]

اپنی آنکھ ہی سے اپنے رب کو دیکھا، دیکھا، دیکھا، دیکھا۔ یہ کہتے کہتے آپ کی سانس ٹوٹ گئی۔

اور عبد اللہ ابن احمد ابن حنبل نے اپنے والد امام احمد ابن حنبل سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا: حضور اقدس ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا۔

---

(۱) پ: ۷، انعام

(۲) شفا مع نسیم الریاض فصل فی رؤیته لربه عزوجل ج: ۳، ص: ۱۲۹ مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

اور عطا نے اللہ تعالی کے ارشاد:

"أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ" کیا ہم نے تمہارے لیے سینہ کشادہ نہ کیا۔ [1]

کی تفسیر فرماتے ہوئے یہ فرمایا:

" شرح صدره للرؤية وشرح صدر موسى للكلام" [2]

اللہ عزوجل نے اپنے دیدار کے لیے آپ کا سینہ کھول دیا اور موسی علیہ السلام کا سینہ اپنے کلام کے لیے کھول دیا۔

اور شیخ ابوالحسن اشعری اور آپ کے اصحاب کی ایک جماعت نے کہا کہ: نبی پاک صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اپنی نگاہ اور اپنے سر کی آنکھوں سے اللہ عزوجل کو دیکھا۔

اور شیخ ابوالحسن اشعری نے فرمایا:

" كل آية أوتيها نبي من الأنبياء عليهم السلام فقدأوتي مثلها نبينا صلى الله عليه وسلم وخصّ من بينهم بتفضيل الرؤية" [3]

ہمارے نبی پاک صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو وہ تمام آیات ومعجزات بخشے گئے جو کسی نبی کو عطا ہوئے اور ان کے درمیان آپ کو ایک خاص فضیلت یہ حاصل ہوئی کہ: آپ نے اپنے رب کو دیکھا۔

اور اسرا کی حدیث میں ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے موسیٰ علیہ السلام کو ساتویں آسمان پر دیکھا پھر آپ کو اس سے اتنے بلند مقام پر لے جایا گیا جسے صرف اللہ عزوجل ہی جانتا ہے اس وقت حضرت موسی علیہ السلام نے کہا:

"لَمْ أَظُنَّ أَنْ يُرْفَعَ عَلَيَّ أَحَدٌ" [4] میرا گمان نہ تھا کہ کسی کو مجھ سے اوپر کیا جائے گا۔

اور صحیحین میں اسرا کی حدیث میں مالک ابن صعصعہ سے مروی ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے راوی کہ آپ نے فرمایا: جب میں حضرت موسیٰ سے آگے بڑھا تو موسیٰ رونے لگے تو ندا آئی کہ کیوں رو رہے ہو؟ تو عرض کیا: اے پروردگار! یہ ایک ایسی شخصیت ہے جسے تو نے میرے بعد مبعوث فرمایا مگر میری امت سے زیادہ ان کی امت جنت میں جائے گی۔

---

(۱) پ:عم، الانشراح، آیت:۱

(۲) شفا مع نسیم الریاض فصل فی رؤیته لربه عزوجل ج:۳، ص:۱۲۹ مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۳) شفا مع نسیم الریاض، ج:۳ ص:۱۳۰، فصل فی رؤیته لربه عزوجل، مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۴) شفا ج:۱ ص:۱۸۴ فصل فی تفضیله بما تضمنته کرامة الإسراء من المناجاة والرؤیة مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

اور احادیث شفاعت میں سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"يوضع للأنبياء منابر من نور يجلسون عليها و يبقى منبري لا أجلس عليه قائما بين يدي ربي منتصبا فيقول الله تبارك وتعالى: ما تريد أن أصنع بأمتك؟ فأقول: يا رب عجّل حسابهم فيدعى بهم فيحاسبون فمنهم من يدخل الجنة برحمته ومنهم من يدخل الجنة بشفاعتي ولا أزال أشفع حتى أعطى صكاكا برجال قد أمر بهم إلى النار حتى إن خازن النار ليقول: يا محمد! ما تركت لغضب ربك في أمتك من نقمة". (۱)

تمام انبیا کے لیے نور کے منبر قائم کیے جائیں گے وہ ان منبروں پر جلوہ بار ہوں گے اور میرا منبر باقی رہے گا میں اس پر نہ بیٹھوں گا میں اپنے رب کے حضور کھڑا رہوں گا تو اللہ تبارک وتعالی ارشاد فرمائے گا: اپنی امت کے بارے میں کیا چاہتے ہو؟ تو میں عرض کروں گا: اے رب! ان کا حساب جلد فرما تو میری امت بلائی جائے گی اور ان کا حساب ہو گا تو میری امت کے بعض افراد اللہ کی خاص رحمت سے جنت میں جائیں گے اور بعض افراد میری شفاعت سے جنت میں جائیں گے اور میں شفاعت کرتا رہوں گا یہاں تک کہ مجھے اُن کی رہائی کی چٹھیاں ملیں گی جن کے متعلق جہنم کا حکم ہو چکا تھا یہاں تک کہ جہنم کا داروغہ کہے گا: اے محمد! آپ نے اپنی امت میں رب کا غضب نام کو نہ چھوڑا۔

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"أنا أول من تنفلق الأرض عن جمجمته ولا فخر. وأنا سيد الناس يوم القيامة ولا فخر. ومعي لواء الحمد يوم القيامة وأنا أول من تفتح له الجنة ولا فخر. فاٰتي فاٰخذ بحلقة الجنة فيقال: من هذا؟ فأقول: محمد، فيفتح لي فيستقبلني الجبار تعالى فأخر ساجدا." (۲)

میں سب سے پہلے زمین سے باہر نکلوں گا اور اس سے کوئی فخر مقصود نہیں اور میں قیامت کے دن تمام لوگوں کا سردار ہوں گا اور اس سے کوئی فخر مقصود نہیں۔ اور قیامت کے دن میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہو گا اور سب سے پہلے میرے لیے جنت کھولی جائے گی اور اس سے کچھ فخر مقصود نہیں تو میں آکر جنت کی زنجیر پکڑوں گا تو کہا جائے گا: یہ کون ہیں؟ میں کہوں گا: محمد، تو میرے لیے جنت کھول دی جائے گی تو اللہ عزوجل میرا استقبال فرمائے گا تو میں اس کی بارگاہ میں سجدہ ریز جاؤں گا۔

اور حضرت حذیفہ ابن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ:

"فيأتون محمدا صلى الله تعالى عليه وسلم فيشفع فيضرب الصّراط فيمرّون أوّلهم كالبرق ثم كالريح

(۱) شفاج:۱ص:۲۲۲صل فی تفضیله بالشفاعة والمقام المحمود ، مرکز اهل سنت، برکات رضا پور بندر گجرات

(۲) شفاج:۱ص:۲۲۲ فصل فی تفضیله بالشفاعة والمقام المحمود، برکات رضا پور بندر گجرات

والطیرو شدّ الرجال ونبیکم صلی اللہ علیه وسلم علی الصراط یقول:اللھم سلّم سلّم حتی یجتاز الناس وذکر اٰخرھم جوازا الحدیث" (۱)

تمام اولین و آخرین محمد ﷺ کی خدمت میں آئیں گے تو آپ ان کی شفاعت فرمائیں گے، توپل صراط قائم ہو گا تو اس سے لوگ گزریں گے ان میں سب سے پہلا شخص بجلی کی طرح گزرے گا، پھر ہوا اور پرندہ کی طرح اور تیزی سے دوڑنے والے مردوں کی طرح گزریں گے اور آپ پل صراط پر کھڑے ہو کر اپنے رب سے عرض کریں گے: اے میرے رب! سلامتی سے گزار دے یہاں تک کہ سارے لوگ گزر جائیں گے اور آپ نے سب سے آخر میں گزرنے والے شخص کا ذکر فرمایا۔

اور ابو ہریرہ کی روایت میں ہے کہ:

"فأکون أول من یجیز یومئذ" (رواہ الشیخان). (۲)

میں اس دن سب سے پہلے اپنی امت کو گزاروں گا۔

اور ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:

" انی لقائم المقام المحمود و قیل:وماھو ؟ قال:ذالك یوم ینزل اللہ تبارك و تعالی علی کرسیه فیئطُّ کما یئطُّ الرحل الجدید من تضایقه به و ھو کسعة ما بین السماء والأرض و یجاء بکم حفاۃ ، عراۃ، غرلا فیکون أول من یکسی إبرا ھیم یقول اللہ تعالی:اکسوا خلیلی فیؤتی بر یطتین بیضاو ین من ر یاط الجنة ثم أکسی علی اثرہ ثم أقوم عن یمین اللہ مقاما یغبطنی فیه الأولون والآخرون. " (۳)

بے شک میں مقام محمود پر قائم ہوں گا عرض کیا گیا کہ: وہ کیا ہے؟ تو فرمایا کہ: وہ اس دن ہو گا جس دن اللہ تبارک و تعالی اپنی کرسی قدرت پر نزول اجلال فرمائے گا تو اس کرسی سے جلال باری کے سبب چرچرانے کی آواز آئے گی جس طرح نیا کجاوہ اپنی سواری کی تنگی کے سبب چرچراتا ہے جب کہ اس کرسی کی وسعت آسمان و زمین کی وسعت جیسی ہے اور تمھیں برہنہ پا، برہنہ سر، غیر مختون لایا جائے گا تو سب سے پہلے حضرت ابراہیم کو لباس پہنایا جائے گا اللہ تعالی فرمائے گا: میرے خلیل کو لباس پہناؤ تو جنت کے نرم اور لطیف لباسوں میں سے دو سفید نرم لباس لائے جائیں گے پھر ان کے بعد مجھے پہنایا جائے

(۱) شفاج:۱ ص:۲۲۲ ،فصل فی تفضیله بالشفاعة والمقام المحمود، برکات رضا پور بندر گجرات

(۲) شفاج:۱ ص:۲۲۲ فصل فی تفضیله بالشفاعة والمقام المحمود، برکات رضا پور بندر گجرات

(۳) سنن دارمی ۲/ ۳۲۵ ،ایضًا، مشکوۃ المصابیح ص:۴۹۳ باب الحوض والشفاعة، مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارك پور اعظم گڑھ

گا پھر میں عرش الٰہی کی داہنی جانب ایسے مقام پر قائم ہوں گا جس پر تمام اولین و آخرین مجھ پر رشک کریں گے۔

اور سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"فأكسى حلّة من حلل الجنة ثم أقوم عن يمين العرش ليس أحد من الخلائق يقوم ذلك المقام غيری" (۱)

مجھے جنت کے جوڑوں میں سے ایک جوڑا پہنایا جائے گا پھر میں عرش الٰہی کی داہنی جانب کھڑا ہوں گا جہاں مخلوقات میں سے میرے سوا کوئی بھی کھڑا نہ ہوگا۔

اور عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"أنه قيامه عن يمين العرش مقاما لا يقومه غيره يغبطه فيه الأولون والآخرون" (۲)

مقام محمود عرش کی داہنی جانب آپ کا ایسے مقام پر قائم ہونا ہے جہاں آپ کے سوا کوئی کھڑا نہ ہوگا آپ کے اس مقام پر تمام اولین و آخرین رشک کریں گے۔

اور عبداللہ ابن عمرو ابن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ آپ نے نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ فرماتے سنا کہ:

"إذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما يقول ثم صلّوا عليّ فإني من صلّى عليّ صلاةً صلى الله عليه وسلم عشرا ثم سلوا الى الوسيلة فإنهامنزلة فى الجنة لاتنبغي إلا لعبد من عباد الله وأرجو أن أكون أناهو" (۳)

جب تم مؤذن کی اذان سنو تو جس طرح وہ کہے تم کہو پھر مجھ پر درود پڑھو کیوں کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔ پھر اللہ سے میرے لیے وسیلے کا سوال کرو کیوں کہ وہ ایسا مقام و مرتبہ ہے جو اللہ کے بندوں میں سے صرف ایک ہی بندے کے لیے زیبا ہے اور مجھے امید ہے کہ وہ بندہ میں ہی ہوں۔

اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

"سلوا الله لى الوسيلة قالوا: يا رسول الله! ماالوسيلة ؟قال: أعلى درجة في الجنة لاينالها إلا رجل واحد وأرجو أن أكون أنا هو." (۴)

---

(۱) مشكوة المصابيح ص:٥١٤ باب فضائل سيدالمرسلين، مجلس بركات جا معه اشرفيه مبارك پوراعظم گڑھ، ترمذی: ج:۲ص:۲۰۱ باب ما جاء فى فضل النبى صلى الله عليه وسلم مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پور اعظم گڑھ

(۲) شفا ج:۱ ص:۲۱۷ فصل فى تفضيله بالشفاعة والمقام المحمود بركات رضا پور بندر گجرات

(۳) ترمذی: ج:۲ص:۲۰۲ باب ما جاء فى فضل النبى صلى الله عليه وسلم مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پور اعظم گڑھ

(۴) مشكوة المصابيح ص:٥١٤، باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پوراعظم گڑھ

یعنی اللہ سے میرے لیے وسیلہ کا سوال کرو عرض کیا گیا یارسول اللہ! وسیلہ کیا ہے؟ فرمایا: جنت میں ایسا بلند ترین مقام ہے جو صرف ایک ہی شخص کو حاصل ہوگا اور مجھے امید ہے کہ وہ صرف مجھ ہی کو ملے گا۔

اور حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ:

"أَنَا أَكْثَرُ الأَنْبِيَاءِ تَبَعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ"۔ (۱)

یعنی قیامت کے دن میرے متبعین سب سے زیادہ ہوں گے اور میں سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا۔

اور آپ نے فرمایا کہ:

"أنا سيّد ولد آدم يوم القيامة ولا فخر و بيدي لواء الحمد ولا فخر وما من نبي يومئذ آدم فمن سواه إلا تحت لوائي وأنا أول من تنشقُّ عنه الأرض ولا فخر "(۲)

یعنی میں قیامت کے دن تمام اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور اس سے مجھے کچھ فخر مقصود نہیں۔ اور میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور مجھے اس پر فخر نہیں۔ اور آدم اور ان کے سوا سب نبی میرے لواء الحمد کے نیچے ہوں گے۔ اور میں سب سے پہلے زمین سے باہر نکلوں گا اور میں اسے فخر سے نہیں کہتا۔ اور میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں اور میری شفاعت سب سے پہلے مقبول ہوگی۔

اور حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

"ألا وأنا حبيبُ الله ولا فخر وأنا حامل لواء الحمد يوم القيامة تحته آدم فمن دونه ولا فخر وأنا أول شافع وأول مشفّع يوم القيامة ولا فخر وأنا أول من يحرّك حلق الجنة فيفتح الله لي فيدخلنيها ومعي فقراء المؤمنين ولا فخر وأنا أكرم الأولين والآخرين على الله ولا فخر "(۳)

یعنی میں اللہ کا حبیب ہوں اور اس پر مجھے کچھ فخر نہیں، قیامت کے دن لواء الحمد میرے ہاتھوں میں ہوگا اس کے نیچے آدم اور ان کے سوا سب ہوں گے اور مجھے کوئی فخر نہیں اور میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں اور قیامت کے دن میری شفاعت سب سے پہلے مقبول ہوگی اور مجھے کوئی فخر نہیں اور میں سب سے پہلے دروازۂ جنت کی زنجیر ہلاؤں گا تو اللہ

---

(۱) مشكوة المصابيح ص۵۱۱، باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پوراعظم گڑھ

(۲) مشكوة المصابيح ص:۵۱۳، باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پور اعظم گڑھ

(۳) مشكوة المصابيح ص:۵۱۳، باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پور

تعالی میرے لیے جنت کو کھول دے گا اور مجھے اور میرے ساتھ فقرائے مؤمنین کو جنت میں داخل فرمائے گا اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں اور میں اللہ کے نزدیک تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ کرامت والا ہوں اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔

اور آپ نے فرمایا:

"إذا كان يوم القيامة كنت إمام النبيين وخطيبهم وصاحب شفاعتهم غير فخر".(۱)

جب قیامت قائم ہوگی میں تمام انبیا کا امام اور ان کا خطیب و شفیع ہوں گا مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔

اور فرمایا:

"أنا أول الناس خروجا إذا بعثوا وأنا قائدهم إذا وفدوا وأناخطيبُهم إذاانصتوا وأنا مستشفعهم إذا حبسواوأنا مبشرهم إذاأيسواالكرامة والمفاتيح يومئذبيدى ولواءالحمد يومئذ بيدي".(۲)

"میں سب سے پہلے قبر سے باہر نکلوں گا جب لوگ روز قیامت اٹھیں گے اور میں ان کا پیشوا ہوں گا جب اللہ کے حضور چلیں گے اور میں ان کا خطیب ہوں گا جب وہ دم بخود رہ جائیں گے اور میں ان کی شفاعت طلب کروں گا جب انھیں موقف میں روکا جائے گا اور میں انہیں مژدۂ جاں فزا سناؤں گا جب وہ حصول کرامت سے ناامید ہوں گے اور خزائن رحمت کی ساری کنجیاں میرے ہاتھ میں ہوں گی اور اس دن لواء الحمد میرے ہاتھ میں ہوگا۔"(۳)

اور فرمایا:

"آتی باب الجنة يوم القيامة فأستفتح فيقول الخازن: من أنت؟ فأقول: محمد فيقول: بك أمرت أن لاأفتح لأحد قبلك" رواه مسلم.(۴)

"میں قیامت کے دن جنت کے دروازے کے پاس آکر اسے کھلواؤں گا تو خازنِ جنت کہے گا: آپ کون ہیں؟ تو میں کہوں گا: محمد، تو وہ کہے گا کہ: آپ ہی کے سبب مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں آپ سے پہلے کسی کے لیے نہ کھولوں۔"

اور آپ نے فرمایا:

---

(۱) مشكوة المصابيح ص:٥١٤،باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله تعالى وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پوراعظم گڑھ

(۲) مشكوة المصابيح ص:٥١٤،باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله تعالى وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پوراعظم گڑھ

(۳) رواه الدارمی والترمذی و ابو داود والبيهقی وابو نعيم عن انس رضی الله تعالى عنهما

(۴) مشكوة المصابيح ص:٥١١،باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله تعالى وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پوراعظم گڑھ

"أنا سید الناس یوم القیامة وتدرون لم ذلك؟ فقال: یجمع الله الأولین والآخرین"[1]

"قیامت کے دن میں تمام لوگوں کا سردار ہوں گا اور تمھیں نہیں معلوم کہ ایسا کیوں ہوگا تو فرمایا: اللہ عزوجل تمام اولین وآخرین کو جمع فرمائے گا۔" (اس کو بخاری ومسلم نے روایت کیا ہے)

سرکار علیہ السلام نے اس کے بعد شفاعت کی پوری حدیث ذکر کی جو آگے انشاء اللہ تعالی آئے گی۔

شفا میں ہے:

"هو سیدهم في الدنیا و یوم القیامة ولكن أشار صلی الله علیه وسلم لانفراده فیه بالسودد والشفاعة دون غیره إذ لجأ الناس إلیه في ذلك فلم یجدوا سواه. والسَّیِّدُ: هوالذی یلجأ الناس إلیه في حوائجهم فكان حینئذ سیدا منفردا من بین البشر لم یزاحمه أحد في ذلك ولادعاه و هذا منه ﷺ كماقال تعالی: (لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ) (پ: ۲٤ المؤمن) والملك له تعالی في الدنیا والآخرة لكن في الآخرة انقطعت دعوی المدعین لذلك في الدنیا وكذلك لجأ إلی محمد ﷺ جمیع الناس في الشفاعة فكان سیدهم في الأخری دون دعوی"[2]

دنیا میں اور قیامت کے دن حضور اقدس ﷺ ہی تمام لوگوں کے سردار ہیں لیکن آپ نے اپنے اس ارشاد سے اس طرف اشارہ فرمایا کہ: اس دن یہ سیادت وشفاعت صرف آپ ہی کو حاصل ہوگی، آپ کے سوا کسی دوسرے کو نہیں؛ اس لیے کہ اس روز تمام اہل محشر شفاعت کی درخواست کریں گے تو آپ کے سوا کسی کو فریاد رس نہ پائیں گے۔ اور سردار وہی ہے: جو سب کی حاجت روائی کرے تو اس دن تنہا آپ ہی تمام انسانوں کے درمیان سردار ہوں گے، آپ کی اس صفت کمال میں آپ کا کوئی شریک وہمسر اور دعویدار نہ ہوگا۔ آپ کا یہ ارشاد ایسا ہی ہے جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا: آج کس کی بادشاہت ہے؟ اس خدائے یکتا ہی کی جو کمال قہر والا ہے۔ دنیا وآخرت میں صرف اللہ ہی کی بادشاہت ہے؛ لیکن دنیا میں جو لوگ اپنی بادشاہت کا دعوی کرتے تھے اس روز ان کا سارا دعوی جاتا رہے گا۔ یہی شان والا آپ کی ہے کہ روز قیامت تمام لوگ حضور ہی کو اپنا شفیع بنائیں گے، تو کسی دعوی کے بغیر حضور ان سب کے سردار ہوں گے۔

شفا اور اس کی شرح میں ہے کہ:

"لا خلاف فی أنه ﷺ أكرم البشر، لمافی الترمذی والدارمی: أنا أكرم الأولین

---

(۱) شفا مع نسیم الریاض ج:۳ ص:۱٦۳ فصل وأماماورد فی حدیث الإسراء وظاهر الآیة من الدنو والقرب، مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۲) شفا ج:۱ ص:۲۰۸ فصل فی تفضیله ﷺ فی القیامة بخصوص الكرامة مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر، گجرات

والآخرين ولا فخر كذا ذكره الدلجى وكأنه ذهب وهمه إلى أن اللام فى الأولين والآخرين للعهد أو للجنس و المراد بهم البشر. والأظهرأن اللام للاستغراق و أنه أكرم الخلائق بالاتفاق ولا عبرة بخلاف المعتزلة و أرباب الشقاق. وسيد ولد آدم، لحديث الترمذى: "أنا سيد ولد آدم يوم القيامة و بيدى لواء الحمد و لا فخر و مامن نبى يومئذ آدم فمن دونه إلا تحت لوائى و أنا أول من ينشق عنه الأرض ولا فخر" وأفضل الناس منزلة عند الله أى مرتبة ومكاناً وأعلاهم درجة أى أرفعهم قربة، وأقربهم زُلفىٰ أى تقرباً و أكثرهم حباًلكونه حبيب رب العالمين. "(۱)

"یعنی اس بات میں کسی کا اختلاف نہیں کہ: حضور اکرم ﷺ تمام "انسانوں "میں سب سے زیادہ عزت و کرامت والے ہیں؛ اس لیے کہ ترمذی اور دارمی میں ہے کہ: آپ نے فرمایا: "میں تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ عزت و کرامت والا ہوں اور اس سے کچھ فخر مقصود نہیں۔" دلجی نے ایسا ہی ذکر کیا گویا انہیں یہ وہم ہوا کہ: "الاَوّلین والآخرین "میں لام برائے عہد یا جنس ہے اور اولین و آخرین سے انسان و بشر کی جنس مراد ہے۔ اور ظاہر تر یہ ہے کہ: لام استغراق ہے۔ اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ: حضور (نہ صرف انسانوں بلکہ) ساری خلقت سے زیادہ کرامت و عزت اور بزرگی و برتری والے ہیں اور معتزلہ و مخالفین کی باتوں کا کوئی اعتبار نہیں۔ اور آپ تمام اولاد آدم کے سردار ہیں؛ اس لیے کہ ترمذی کی روایت میں ہے کہ: "آپ نے فرمایا: میں قیامت کے دن تمام اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور اس سے کوئی فخر مقصود نہیں۔ اور اس دن آدم اور ان کے سوا سب انبیا میرے لواء الحمد کے نیچے ہوں گے اور میں سب سے پہلے قبر سے باہر نکلوں گا اور اس سے کوئی فخر مقصود نہیں۔ "اللہ کے نزدیک آپ کا مقام و مرتبہ تمام انسانوں سے افضل اور آپ کا درجہ سب سے بلند و برتر ہے۔ یعنی آپ کا اجر و ثواب اور انعام و اکرام سب سے زیادہ ہوگا اور آپ کا قرب و وصال سب سے بلند و بالا ہوگا اور آپ اللہ کے تمام بندوں میں سب سے زیادہ محبوب ہیں اس لیے کہ آپ رب العالمین کے محبوب ہیں۔"

رہ گئی یہ بات کہ قرب و ثواب کے درجہ میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ممتنع بالذات ہے تو اس کی کئی وجہیں ہیں:

(۱) اگر آپ کے شریک و برابر شخص ممکن ہو تو اسے موجود ماننے کی صورت میں یا تو وہ سب سے پہلے قبر سے نکلنے والا ہوگا یا نہیں ؟ اگر نہ ہو تو آپ کا شریک و مساوی نہ ہوگا تو مساوی ہوگا اور مساوی نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ اور

(۱) شرح شفا لملا علی قاری ج: ۲، ص: ۱۹۷ الباب الثالث فی ما ورد من صحیح الاخبار و مشهورها

اگر سب سے پہلے قبر سے نکلنے والا ہو تو حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے قبر سے نکلنے والے نہ ہوں گے تو مسلم و مفروض کے خلاف لازم آنے کے باوجود آپ اس کے مساوی نہ ہوں گے تو وہ مساوی ہوگا اور مساوی نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور بہر صورت اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

(۲) اگر اس برابر شخص کو موجود مانا جائے تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں اگر تمام اولاد آدم کا سردار ہو تو حضور اقدس ﷺ "الناس" یعنی تمام اولاد آدم کے عموم میں داخل ہوں گے اور تمام اولاد آدم کے سردار نہ ہوں گے العیاذ باللہ تعالی تو آپ اپنے اس مساوی کے مساوی نہ ہوں گے تو آپ کے برابر شخص آپ کے برابر نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے۔ اور اگر وہ تمام اولاد آدم کا سردار نہ ہو تو آپ کے برابر نہ ہوگا تو برابر ہوگا اور برابر نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور ان دونوں صورتوں میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

(۳) اگر وہ برابر شخص قیامت کے دن لواء الحمد کا حامل نہ ہو تو برابر نہ ہوگا اور لواء الحمد کا حامل ہو تو آپ اس کے لواء الحمد کے نیچے ہوں گے اور تمام اولاد آدم کے عموم میں داخل ہوں گے تو مسلم و مفروض کے خلاف لازم آنے کے باوجود آپ اس برابر شخص کے برابر نہ ہوں گے تو وہ مساوی ہوگا اور مساوی نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور ان دونوں صورتوں میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

(۴) اگر وہ مساوی موجود ہو تو یا تو جنت کا دروازہ سب سے پہلے اس کے لیے کھولا جائے گا تو حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے شخص نہ ہوں گے جن کے لیے جنت کا دروازہ کھولا جائے گا تو آپ اس برابر شخص کے برابر نہ ہوں گے تو آپ کے برابر شخص، برابر نہ ہوگا اور اگر اس مساوی کے لیے سب سے پہلے جنت کا دروازہ نہ کھولا جائے تو وہ مساوی، مساوی نہ ہوگا تو دونوں صورتوں میں اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

(۵) حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے اپنی امت کو پل صراط سے لے کر گزرنے والے ہیں۔ اگر قرب وثواب کے درجات میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلی شخص ممکن ہو تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں یا تو سب سے پہلے پل صراط سے گزارنے والا ہوگا تو اس صورت میں حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے اپنی امت کو پل صراط پر گزارنے والے نہ ہوں گے اور یہ مسلم و مفروض کے خلاف ہے۔ یا وہ مساوی واعلی شخص سب سے پہلے پل صراط سے گزارنے والا نہ ہوگا تو وہ حضور اقدس ﷺ کا مساوی یا آپ سے اعلی نہیں ہو سکتا۔

(۶) حضور اقدس ﷺ کا ایک خاص وصف کمال یہ ہے کہ: آپ عرش کی داہنی جانب ایسے مقام پر کھڑے ہوں گے جہاں آپ کے سوا کوئی دوسرا شخص کھڑا نہ ہوگا۔ اگر قرب وثواب کے درجات میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلی شخص ممکن ہو تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں یا تو اس وصف مذکور سے متصف ہوگا یا نہیں؟ دوسری صورت میں وہ آپ کا مساوی اور آپ سے اعلی نہیں ہو سکتا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود

اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔ اور اگر آپ کا مساوی، اس وصف مذکور سے متّصف ہو تو آپ اس وصف کمال سے متّصف نہیں ہو سکتے تو مفروض و مسلم کے خلاف لازم آئے گا؛ اس لیے کہ حضور اقدس ﷺ کا اس صفت سے متّصف نہ ہونا لازم آئے گا جب کہ یہ مانا جاچکا ہے کہ آپ اس صفت سے متّصف ہیں تو یہ شق محال بالذات ہے۔

(۷) اگر قرب وثواب کے درجات میں آپ کا مساوی یا آپ سے اعلیٰ ممکن ہو تو اپنے موجود ہونے کے وقت یا تو تمام اولین وآخرین میں داخل ہوگا یا نہیں؟ اگر داخل نہ ہو تو اپنے موجود ہونے کی صورت میں معدوم ہوگا کیوں کہ تمام موجودات، صرف اولین وآخرین ہی ہیں اور جو اپنے موجود ہونے کی صورت میں معدوم ہو وہ ممتنع بالذات ہے تو وہ اس شق پر محال بالذات ہے۔ اور پہلی صورت میں ان تمام لوگوں میں سے ہوگا جو حضور اقدس ﷺ کے اس مقام پر رشک کریں گے تو وہ مساوی و اعلیٰ، درجاتِ قرب وثواب میں آپ کے مساوی اور آپ سے اعلیٰ نہیں ہوسکتا تو وہ مساوی مساوی ہے اور مساوی نہیں ہے اور وہ اعلیٰ ہے اور اعلیٰ نہیں ہے تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

بلفظ دیگر اگر قرب وثواب کے درجات میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلیٰ ممکن ہو تو اس کے موجود ہونے کے وقت یا تو تمام اولین وآخرین، اس کے اس مقام قرب وثواب پر رشک کریں گے یا نہیں؟ اگر رشک نہ کریں تو آپ کا مساوی، مساوی نہ ہوگا اور آپ سے اعلیٰ، اعلیٰ نہ ہوگا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اور پہلی صورت میں حضور اقدس ﷺ تمام اولین و آخرین میں داخل ہوں گے اور اس پر رشک کرنے والوں میں سے ہوں گے "العیاذ باللہ تعالیٰ" تو تمام اولین وآخرین آپ پر رشک کرنے والے نہ ہوں گے تو مسلم و مفروض کے خلاف لازم آئے گا تو یہ شق بھی محال بالذات ہے کیوں کہ اس شق پر یہ لازم ہے کہ آپ اس صفت سے متّصف ہوتے ہوئے اس صفت سے متّصف نہ ہوں اور کسی شئی کا اپنے موجود ہونے کی صورت میں معدوم ہونا محال بالذات ہے۔

اور **بلفظ دیگر** سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں آپ کی یہ خاص صفت بیان کی گئی ہے کہ: آپ عرش کے دائیں جانب

ایسے مقام پر کھڑے ہوں گے جہاں آپ کے سوا کوئی کھڑا نہ ہوگا تو اگر قرب وثواب کے درجات میں آپ کا مساوی یا آپ سے اعلیٰ ممکن ہو تو اپنے موجود ہونے کے وقت یا تو اس صفت قیام سے موصوف ہوگا یا نہیں؟ اگر موصوف نہ ہو تو وہ مساوی آپ کا مساوی اور وہ اعلیٰ آپ سے اعلیٰ نہیں ہوسکتا تو وہ دونوں محال بالذات ہیں۔ اور پہلی صورت میں وہ مقام ایسا مقام نہ ہوگا جس پر آپ کے سوا کوئی دوسرا کھڑا نہ ہوگا اور یہ سلب الشئ عن نفسہ ہے تو وہ محال بالذات ہے مگر شاید اس نافہم بے ایمان کے نزدیک وہ مساوی و اعلیٰ اپنے موجود ہونے کی صورت میں تمام مخلوق میں داخل نہ ہو۔

(۸) عبد اللہ ابن عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہما کی روایت کے مطابق حضور اقدس ﷺ ایسے مقام و مرتبہ والے ہیں

جو اللہ تعالی کے بندوں میں سے صرف ایک بندہ کو شایاں ہے تواگر آپ کے برابر یا آپ سے اعلی ممکن ہو تو اس کے موجود ہونے کے وقت جو مقام و مرتبہ ایک ہی بندہ کے لائق ہے یاتو وہ صرف آپ ہی کے لائق و شایاں ہے، اس مساوی یا اعلی کے لیے نہیں تواس صورت میں وہ مساوی، مساوی اور وہ اعلی، اعلی نہیں ہو سکتا تووہ اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔ یا وہ مقام و مرتبہ اس مساوی و اعلی کے لیے لائق وشایاں ہے، حضور اقدس ﷺ کے لیے نہیں العیاذ باللہ تعالی اور یہ مفروض ومسلم کے خلاف ہے کیوں کہ یہ گفتگو یہ مان لینے کے وقت ہے کہ: آپ اس مقام و مرتبہ والے ہیں۔ اور اگر یہ قائل اسے نہیں مانتا بلکہ اس کا انکار کرتا ہے تو یہاں اس سے گفتگو نہیں ہے، یہود و نصاری سے کلام کرتے وقت اس سے بھی گفتگو ہوگی۔ اوران سب کے باوجود اس صورت میں بھی اس قائل کا دعوی: امکان مساوات متصور نہیں ہو سکتا۔

بلفظ دیگر "وسیلہ" جنت کا سب سے اعلی درجہ ہے جس کے برابر یا جس سے بلند تر جنت کا کوئی درجہ نہیں جیسا کہ خود حضور اقدس ﷺ نے اس کی صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

"أَعْلَى دَرَجَةٍ فِيْ الْجَنَّةِ" وسیلہ جنت میں سب سے بلند درجہ ہے۔

اور حدیث مذکور میں "أعلی" اسم تفضیل کا صیغہ ہے جو نکرہ کی طرف مضاف ہے اور جب اسم تفضیل نکرہ کی طرف مضاف ہوتو وہ عموم واستغراق کے لیے ہوتا ہے اور اس بات کا افادہ کرتا ہے کہ: اس کا موصوف اپنے سوا تمام افراد سے برتر وبالا ہے تواگر قرب و ثواب کے درجات میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلی ممکن ہو تواس کے موجود ہونے کے وقت اس کا درجۂ قرب و ثواب وسیلہ کے برابر یا اس سے اعلی ہوگا اور یہ دونوں احتمال باطل ہے کیوں کہ وسیلہ تمام درجات سے اعلی ہے۔ یا اس مساوی و اعلی کا درجۂ قرب و ثواب، وسیلہ سے کمتر ہوگا تواس کمتر درجہ پر فائز ہونے والا شخص آپ کا مساوی یا آپ سے اعلی نہ ہوگا اس لیے کہ آپ اس مساوی و اعلی کے درجۂ قرب و ثواب سے اعلی درجہ: "وسیلہ" پر فائز ہیں تووہ برابر شخص آپ کے برابر اور وہ اعلی آپ سے اعلی نہیں ہو سکتا۔ حاصل یہ کہ کسی دوسرے شخص کو یہ اعلی درجہ اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ حضور اقدس ﷺ کو اس اعلی درجہ سے خالی نہ مان لیا جائے۔

بلفظ دیگر جب حضور اقدس ﷺ اس بلند ترین مقام و مرتبہ پر فائز ہیں جو صرف ایک ہی بندۂ خدا کو حاصل ہے، اگر قرب و ثواب کے درجات میں آپ کا کوئی مساوی یا آپ سے اعلی ممکن ہو تواس کے موجود ہونے کے وقت اگر اسے وہ درجہ حاصل نہ ہو تو وہ برابر شخص آپ کے برابر اور وہ اعلی آپ سے اعلی نہیں ہو سکتا۔ اور اگر اسے وہ درجہ حاصل ہو، تو حضور اقدس ﷺ کو وہ درجہ حاصل نہ ہوگا تو مسلم و مفروض کے خلاف لازم آئے گا اور ان سب کے باوجود اس صورت میں بھی وہ برابر نہیں ہو سکتا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ: جو مقام و مرتبہ اللہ عزوجل کے صرف ایک ہی بندہ کو شایاں ہے اور اس بندۂ خاص کے سوا کسی

دوسرے کو حاصل نہیں ہو سکتا دو شخصوں کے درمیان اس درجہ کا مشترک ہونا اور دو شخصوں کا اس مقام و مرتبہ میں شریک و برابر ہونا ممکن نہیں۔ جس درجہ کے بارے میں یہ معین ہے کہ: صرف اللہ کے ایک ہی بندہ کو شایاں ہے اور وہ صرف اللہ کے ایک ہی بندہ حضور اقدس ﷺ ہی کو حاصل ہو سکتا ہے کسی دوسرے کو نہیں اس قائل کے بقول تمام مومنین اور اس کے شیخ نجدی کے بقول: "کروڑوں انسان اس میں شریک و برابر ہو سکتے ہیں" ان بے دینوں کی یہ فہم اور ان کا یہ عقیدہ ہے۔

(۹) یہ ایک روشن حقیقت ہے کہ: جس ذات کے طفیل دوسرے لوگ قرب و ثواب کے مقام و مرتبہ پر فائز ہوں اس کا قرب و ثواب اس شخص کے قرب و ثواب سے زیادہ ہوگا جو قرب و ثواب کے اس مقام و مرتبہ پر فائز نہیں اور جس ذات کے طفیل بہت سے لوگ قرب و ثواب کے درجہ پر فائز ہوں اس کا قرب و ثواب اس کے قرب و ثواب سے بلند و برتر ہے جس کے وسیلہ سے بہت کم لوگوں کو قرب و ثواب حاصل ہو۔ یہ حقیقت روشن ہو چکی ہے کہ: قیامت کے دن حضور اقدس ﷺ کے متبعین سب سے زیادہ ہوں گے اور آپ نے یہ بھی فرمایا:

"مَامِنَ الأَنْبِيَاءِ مِنْ نَبِيٍّ إِلاَّ قَدْ أُعْطِيَ من الآيات مَا مِثْلُهُ آمَنَ عَلَيْهِ الْبَشَرُ وَإِنَّمَا كَانَ الَّذِي أُوتِيتُ وَحْيًا أَوْحَى اللهُ تعالىٰ إِلَيَّ فَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَكْثَرَهُمْ تَابِعًا يَوْمَ الْقِيَامَه۔"(۱)

تمام انبیا میں سے کوئی نبی نہ تھے مگر انہیں وہ کمال و معجزہ دیا گیا جس کے مثل پر انسان ایمان لائے اور جو خاص معجزہ مجھے عطا ہوا وہ وحی ہے جو اللہ نے میری طرف بھیجی تو مجھے امید ہے کہ قیامت کے دن میرے ماننے والے سب سے زیادہ ہوں گے۔

نیز فرمایا:

" أَنَا أَوَّلُ شَفِيعٍ فِي الْجَنَّةِ لَمْ يُصَدَّقْ نَبِيٌّ مِنَ الأَنْبِيَاءِ مَا صُدِّقْتُ وَإِنَّ مِنَ الأَنْبِيَاءِ نَبِيًّا مَا صَدَّقَهُ مِنْ أُمَّتِهِ إِلاَّ رَجُلٌ وَاحِدٌ " (مسلم) (۲)

میں سب سے پہلے جنت کی شفاعت کروں گا کسی نبی کی اتنی تصدیق نہ کی گئی جتنی میری کی گئی (میری تصدیق کرنے والے تمام انبیا کی تصدیق کرنے والوں سے زیادہ ہوں گے) اور بے شک بعض انبیا وہ ہیں جن کی امت میں سے صرف ایک شخص کے سوا کسی نے ان کی تصدیق نہ کی۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ آپ کا قرب و ثواب دوسروں کے قرب و ثواب سے بڑھ کر ہے اسی لیے آپ نے فرمایا:

---

(۱) مشکوۃ المصابیح ص: ۵۱۱،۵۱۲،باب فضائل سیدالمرسلین صلوات اللہ تعالی وسلامه علیه، مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) مشکوۃ المصابیح ص:۵۱۱،باب فضائل سیدالمرسلین صلوات اللہ تعالی وسلامه علیه، مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارک پور اعظم گڑھ

"أَطْمَعُ أَنْ أَكُوْنَ أَعْظَمَ الْأَنْبِيَاءِ أَجْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ"(۱)

مجھے امید ہے کہ قیامت کے دن میرا اجر و ثواب تمام انبیا سے زیادہ ہوگا۔

تو قرب و ثواب میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلی شخص اگر ممکن اور موجود ہو تو قیامت کے دن اس کی اتباع کرنے والے سب سے زیادہ ہوں گے یا نہیں؟ دوسری صورت میں وہ مساوی شخص، مساوی اور وہ اعلی، اعلی نہیں ہو سکتا۔ اور پہلی صورت میں حضور اقدس ﷺ کی اتباع کرنے والے زیادہ نہیں ہو سکتے تو مفروض و مسلم کے خلاف لازم آئے گا۔ حاصل یہ ہے کہ "أکثرُ الناس تبعاً" (متبعین سب سے زیادہ ہونے) کی صفت جو "أكثرُ الناسِ قُرْبًا وَ ثَوَابًا" (سب سے زیادہ قرب و ثواب والا ہونے) کا ملزوم ہے گذشتہ اوصاف کی طرح دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

(۱۰) حضور اقدس ﷺ کے جو خاص اوصاف، قرب و ثواب سے متعلق ہیں، جن میں سرکار کی اولیت و سابقیت مذکور ہے، جن میں دو شخص شریک نہیں ہو سکتے مثلاً آپ کے یہ خاص اوصاف کمال: "سب سے پہلے قبر سے باہر نکلنا، سب سے پہلے شفاعت فرمانا، سب سے پہلے شفاعت کا مقبول ہونا، سب سے پہلے جنت کی زنجیر ہلانا، سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹانا، سب سے پہلے جنت کا کھولا جانا" دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے تو ان اوصاف میں آپ کا شریک و مساوی محال ہے۔ اور جب مساوی ہونا محال ہے تو اعلی ہونا بدرجہ اولی محال ہوگا کیوں کہ اس قائل کو اس بات کا اعتراف ہے کہ: "مفضل، مفضل علیہ کے اعتبار سے مساوات کا مقام و مرتبہ طے کر کے فضیلت و برتری کے درجہ پر فائز ہوتا ہے۔"

(۱۱) حضور اقدس ﷺ کا تمام اولاد آدم کا سردار ہونا، صاحب لواء الحمد ہونا، آدم علیہ السلام اور آپ کی تمام اولاد کا آپ کے پرچم تلے ہونا، تمام انبیا کا امام ہونا، اور اللہ کے نزدیک تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ عزت و کرامت والا ہونا، آپ کے یہ وہ خاص اوصاف ہیں جو دو شخصوں کے درمیان اشتراک کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ ان خاص اوصاف کمال میں آپ کے برابر شخص محال بالذات ہے اور آپ سے اعلی ہونا تو بدرجہ اولی محال ہے۔

یہ ماننا کہ: "ان اوصاف میں کڑوروں انسان آپ کے شریک و برابر ہو سکتے ہیں" جیسا کہ شیخ نجدی نے کہا اور یہ ماننا کہ: "قرب و ثواب کے ان مقامات و درجات میں تمام مؤمنین برابر بلکہ اعلی ہو سکتے ہیں" جنون و الحاد کے سوا کچھ نہیں۔ بے عقل و مجنون اور ملحد و بے دین ہی ایسی باتیں کر سکتا ہے۔ یہ شخص اس قدر نافہم اور بے بہرہ ہے کہ یہ بھی نہیں سمجھ سکا کہ کیا تمام مؤمنین آپ کے ان خاص اوصاف کمال میں برابر یا اعلی ہو سکتے ہیں کہ:

---

(۱) شفامع نسیم الریاض: فصل فی القیامة بخصوص الکرامة، ج:۳ص:۱٦۳ تا ١٦٤، مرکز اهل سنت برکات رضا، پور بندر گجرات

"قیامت کے دن تمام لوگوں کے سردار ہوں، ایسے مقام و مرتبہ پر فائز ہوں جس پر ایک شخص کے سوا دوسرا قائم نہ ہو گا، جس پر تمام اولین و آخرین رشک کریں، ایسے بلند درجہ پر ہوں جو ایک شخص کے سوا دوسرے کو شایاں نہیں اور ایک شخص کے سوا کسی کو حاصل نہ ہو گا، قیامت کے دن تمام انسانوں سے زیادہ اس کے پیروکار ہوں، سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں، اس لوا کے حامل ہوں جس کے نیچے آدم اور ان کے سوا سب انبیا ہوں، سب سے پہلے قبر سے باہر نکلیں، سب سے پہلے شفاعت کریں، قیامت کے دن سب سے پہلے ان کی شفاعت مقبول ہو، سب سے پہلے جنت کی زنجیر ہلائیں، تمام انبیا کے امام و خطیب و شفیع ہوں، تمام لوگوں کے اٹھنے کے وقت سب سے پہلے اٹھیں، جب لوگ اللہ کے حضور چلیں ان سب کے پیشوا ہوں، جب انہیں مجال سخن نہ ہو ان سب کے خطیب ہوں، جب انہیں عرصۂ محشر میں روکا جائے ان کے شفیع ہوں، جب لوگ ناامید ہوں انہیں مژدۂ جاں فزا سنائیں، ان سے خازن جنت یہ کہے کہ: آپ ہی کے سبب مجھے یہ حکم دیا گیا کہ: "میں آپ سے پہلے کسی کے لیے نہ کھولوں" خدائے پاک کے نزدیک تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ مکرم ہوں۔"

اس قائل پر سب سے پہلے اس کی صورت بیان کرنا لازم تھا کہ: تمام مؤمنین ان خاص اوصاف کمال میں کس طرح برابر یا اعلی ہوں گے پھر ان کا ممکن ہونا ثابت کرنا تھا "إن شاء الله العزیز" اس کے اقوال کے تفصیلی جائزہ کے مقام پر ان اقوال کی مزید قباحت و شناعت واضح کریں گے۔ ان مقاصد کی توضیح میں اگرچہ مکرر کلام کی حاجت پیش آئی جس سے ذوق سلیم کو اکتاہٹ ہو گی لیکن راقم کو اس مکرر کلام میں معذور رکھا جائے اس لیے کہ ایسے کند ذہن، نافہم بے دین سے سابقہ پڑا ہے جس کی غباوت، الحاد و بے دینی اور عناد کی فساد انگیزی کا سر قلم کرنے کے لیے اطناب و تکرار سے کام لینا پڑا۔

وجہ سوم: اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل سے آپ کو جو خاص درجات قرب و ثواب عطا فرمائے ہیں ان میں سے آپ کا خاص درجۂ قرب و ثواب شفاعتِ کبریٰ ہے۔ حضرت حذیفہ ابن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

" يجمع الله الناس في صعيد واحد حيث يسمعهم الداعي و ينفذهم البصر حفاةً عراةً كما خلقوا اسكوتاً لا تكلم نفسٌ إلا بإذنه فينادى: محمد"(۱)

اللہ تعالی تمام انسانوں کو ایسی ہموار زمین میں جمع فرمائے گا جہاں پکارنے والے کی آواز اور اس کی نگاہ ان سب تک پہنچے گی سب اپنی پیدائش کے دن کی طرح برہنہ پا، برہنہ تن، خاموش زباں ہوں گے اللہ کے اذن کے بغیر کسی کو مجالِ سخن نہ ہو گا تو اللہ عزوجل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ندا فرمائے گا۔ (بیہقی)

---

(۱) شفا، فصل فی تفضیلہ صلی اللہ علیہ وسلم بالشفاعة والمقام المحمود ج:۱ ص:۲۱۸ مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر، گجرات/ ترمذی: ج:۲ ص:۲۰۱ باب ما جاء فی فضل النبی صلی اللہ علیہ وسلم مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

اور حضرت انس اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت میں ہے کہ:

"یجمع الله الأولين والآخرين يوم القيامة فيهتمّون - أو قال فيلهمون - فيقولون: لو استشفعنا إلى ربنا.

و من طريق آخر عنه: ماج الناس بعضهم فى بعض.

وعن ابى هريرة رضى الله تعالى عنه: وتدنو الشمس فيبلغ الناس من الغمّ مالا يطيقون ولا يحتملون فيقولون:ألا تنظرون من يشفع لكم؟فيأتون آدم زاد - بعضهم: فيقولون:أنت آدم أبو البشر خلقك الله بيده ونفخ فيك من روحه وأسكنك جنته وأسجد لك ملائكته وعلّمك أسماء كل شئ اشفع لنا عند ربك حتى يريحنا من مكاننا ألا ترى ما نحن فيه فيقول: إن ربى غضب اليوم غضبا لم يغضب قبله مثله ولا يغضب بعده مثله ونهاني عن الشجرة فعصيتُ نفسي نفسي اذهبوا إلى غيرى اذهبوا إلى نوح فيأتون نوحا فيقولون :أنت أول الرسل إلى أهل الأرض وسمّاك الله عبدا شكورا ألا ترى ما نحن فيه ألا ترى ما بلغنا ألا تشفع لنا إلى ربك فيقول:إن ربى غضب اليوم غضبا لم يغضب قبله مثله ولا يغضبُ بعده مثله نفسي نفسي.

قال:في رواية أنس:و يذكر خطيئته التى أصاب سؤاله ربّه بغير علم.

وفى رواية أبى هريرة رضى الله تعالى عنه:وقد كانت لى دعوة دعوت بها على قومي اذهبوا إلى غيرى اذهبوا إلى إبراهيم فإنه خليل الله تعالى فيأتون إبراهيم فيقولون:أنت نبى الله وخليله من أهل الأرض اشفع لنا إلى ربك ألا ترى ما نحن فيه فيقول: إن ربى قدغضب اليوم غضبا فذكر مثله و يذكر ثلاث كلمات كذبهن نفسي نفسي لست لها ولكن عليكم بموسىٰ فإنه كليم الله.

وفى رواية :فإنه عبدٌ أتاه الله التوراة وكلّمه وقرّبه نجيا قال:فيأتون موسى فيقول:لست لها و يذكر خطيئته التى أصاب وقتله النفس نفسي نفسي ولكن عليكم بعيسى فإنه روح الله وكلمته فيأتون عيسى فيقول:لست لها ولكن عليكم بمحمد عبد غفر الله له ما تقدّم من ذنبه وما تأخر فأوتى فأقول لهم:أنا لها فأنطلق فأستاذن على ربى فيؤذن لى فإذا رأيته وقعت ساجدا.

وفى رواية: فاتي تحت العرش فأخر ساجدا.

وفى رواية :فأقوم بين يديه فأحمده بمحامد لا أقدر عليها الأن إلا أنه يلهمنيها الله تعالى.

وفی روایة: فیفتح الله علیّ من محامده وحسن الثناء علیه شیئا لم یفتحه علی أحد قبلی.

وقال في روایة أبی هریرة :فیقال: یا محمد ارفع رأسك سل تعطه واشفع تشفّع فأرفع رأسي فأقول :یا ربِّ أمتی یا رب أمتی فیقول: أدخل من أمتك من لا حساب علیه من الباب الأیمن من أبواب الجنة وهم شرکاء الناس فیما سوی ذلك من الأبواب ولم یذکر في روایة أنس هذا الفصل وقال مکانه: ثم أخرّ ساجدا فیقال لی:یا محمد! ارفع رأسك وقل یسمع لك واشفع تشفّع وسل تعطه فأقول: یا رب أمتی أمتی فیقال:انطلق فمن کان في قلبه مثقال حبّة من برّة أو شعیرة من إیمان فأخرجه فأنطلق فأفعل ثم أرجع إلی ربی فأحمده بتلك المحامد وذکر مثل الأول وقال فیه: مثقال حبّة من خردل قال:فأفعل ثم أرجع وذکر مثل ما تقدّم وقال فیه:من کان في قلبه أدنی أدنی أدنی من مثقال حبّة من خردل فأفعل. وذکر في المرّة الرابعة فیقال :ارفع رأسك وقل تسمع واشفع تشفّع وسل تعطه فأقول: یا رب ائذن له فیمن قال:لا إله إلا الله قال: لیس ذلك إلیك ولکن وعزّتي وکبریائي وعظمتي وجبریائی لأخرجن من النار من قال:لا إله إلا اللهُ.

ومن روایة قتادة عنه قال:فلا أدری فی الثالثة أو الرابعة فأقول: یا ربّ ما بقی في النار إلا من حبسه القرآن أي من وجب علیه الخلود ."(۱)

"یعنی اللہ تعالی قیامت کے دن اولین و آخرین سب کو جمع فرمائے گا تو سب کے سب کبیدہ و رنجیدہ ہوں گے، یا فرمایا: ان کے دل میں ڈالا جائے گا تو وہ کہیں گے: اچھا ہو تا کہ: ہم اپنے رب کی بارگاہ میں کسی کو شفیع لاتے۔

ان سے ایک دوسرے طریق میں یوں ہے: بعض لوگ بعض سے ٹکرائیں گے۔

اور حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ:

آفتاب قریب ہو گا لوگ اس قدر رنج و غم میں ہوں گے کہ انہیں اس کے برداشت کرنے کی طاقت و قوت نہ ہو گی تو وہ آپس میں کہیں گے: کیوں نہیں ایسی شخصیت کو تلاش کرتے جو تمہاری شفاعت کرے تو وہ ابو البشر سیدنا آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے: آپ ابو البشر ہیں اللہ عز وجل نے آپ کو اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا اور آپ کے (جسد اطہر کے) اندر اپنی طرف سے روح پھونکی آپ کو اپنی جنت میں بسایا اور اپنے فرشتوں سے آپ کا سجدہ کرایا، آپ کو تمام چیزوں کے نام سکھائے، آپ اپنے رب کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجیے تاکہ ہمیں اس مشکل سے نجات ملے کیا

---

(۱) شفا، فصل فی تفضیله ﷺ بالشفاعة والمقام المحمود ج:۱ ص:۲۱۹ تا ۲۲۲ مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر، گجرات

آپ ہماری اس مشکل کو نہیں دیکھتے جس میں ہم گرفتار ہیں تو آپ فرمائیں گے: بے شک میرے رب نے آج ایسا غضب فرمایا ہے کہ اس سے پہلے اس نے ایسا غضب نہ فرمایا اور نہ آئندہ ایسا غضب فرمائے گا مجھے اس نے اس درخت سے منع فرمایا تھا تو میں اس کے حکم کی بجاآوری نہ کرسکا مجھے خود اپنی فکر ہے کسی اور کے پاس جاؤ، نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ تو وہ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جاکر عرض کریں گے: آپ تمام روئے زمین والوں کی طرف سب سے پہلے رسول ہیں اور اللہ نے آپ کو "عبد شکور" کے نام سے یاد فرمایا ہے۔ آپ ہماری مصیبت نہیں دیکھ رہے ہیں، کیا آپ ہماری وہ تکلیف نہیں ملاحظہ فرما رہے ہیں جو ہمیں لاحق ہے کیا آپ اپنے رب سے ہماری شفاعت نہیں فرمائیں گے؟ تو آپ فرمائیں گے: یقیناً آج میرے رب کا ایسا غضب ظاہر ہوا ہے کہ اس سے پہلے ایسا غضب نہ فرمایا اور نہ آئندہ ایسا غضب فرمائے گا آج تو مجھے اپنی فکر ہے۔

اور حضرت انس کی روایت میں ہے کہ:

حضرت نوح علیہ السلام اپنی اس لغزش کو ذکر فرمائیں گے جو آپ نے اپنی لاعلمی کے سبب اپنے بیٹے کی نجات کی دعا فرمائی۔

اور حضرت ابوہریرہ کی روایت میں ہے کہ:

حضرت نوح علیہ السلام یہ فرمائیں گے کہ: میرے پاس ایک مقبول دعا تھی جو میں نے اپنی قوم کی تباہی کے لیے کردی کسی اور کے پاس جاؤ، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ کیوں کہ وہ اللہ کے خلیل ہیں تو سارے اہل محشر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آکر آپ سے عرض کریں گے کہ: آپ اللہ کے نبی اور تمام زمین والوں میں اس کے خلیل ہیں، آپ اپنے رب کے حضور ہماری شفاعت فرمائیں کیا آپ ہماری مصیبت ملاحظہ نہیں فرما رہے ہیں؟ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے کہ: آج میرے رب نے ایسا غضب فرمایا (پھر اسی طرح ذکر کریں گے) اور آپ اپنی وہ تین باتیں ذکر کریں گے جو بظاہر جھوٹ تھیں (فی الواقع جھوٹ نہ تھیں) نفسی نفسی، ہاں تم موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ کیوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے کلیم ہیں۔

اور ایک روایت میں ہے:

کیوں کہ وہ ایسے بندے ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے توریت عطا کی، ان سے کلام کیا اور انھیں اپنا مقرب نجی (ہم کلام) بنایا۔

راوی کہتے ہیں: تو سارے اہل محشر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے تو آپ فرمائیں گے: میں اس شفاعت (کبریٰ) کے لیے نہیں ہوں اور آپ اپنی لغزش اور قبطی کے قتل کا واقعہ ذکر کرکے فرمائیں گے: نفسی نفسی، لیکن تم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ کیوں کہ وہ روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں تو وہ سب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس حاضر ہوں گے، آپ فرمائیں گے: میں اس شفاعت (کبریٰ) کے لیے نہیں ہوں، لیکن تم حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ضرور جاؤ؛ اس لیے کہ: وہ ایسے بندۂ خاص ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ معاف فرمادیے ہیں، تو وہ سب میرے پاس آئیں گے تو میں ان سے کہوں گا کہ: میں اس خاص شفاعت کبریٰ کے لیے ہوں، میں اپنے رب کے حضور حاضر ہو کر اس سے اذن شفاعت طلب کروں گا تو مجھے اذنِ شفاعت بخشا جائے گا تو میں اپنے رب کو دیکھ کر اس کے حضور سربسجود ہو جاؤں گا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ:

میں زیر عرش سجدہ ریز ہوجاؤں گا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ: میں اپنے رب کے حضور کھڑے ہوکر اس کی ایسی تعریفیں کروں گا جن پر آج میں قادر نہیں لیکن اُس دن اللہ عزوجل میرے دل میں الہام فرمائے گا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ:

اللہ تعالی مجھ پر ایسی تعریفیں اور اپنی بہترین ثنا منکشف فرمائے گا جسے مجھ سے پہلے کسی پر روشن نہ فرمایا۔

اور حضرت ابوہریرہ کی روایت میں ہے کہ:

تو فرمایا جائے گا کہ: اے محمد (ﷺ) اپنا سر اٹھایئے، مانگیے عطا فرمایا جائے گا، شفاعت کیجیے قبول کی جائے گی تو میں اپنا سر اٹھا کر عرض کروں گا: اے میرے رب! میری امت، میری امت۔ تو فرمائے گا: جایئے جنت کے دروازوں میں سے داہنے دروازے سے اپنی امت کے ان افراد کو لے جایئے جن کے ذمہ کوئی حساب نہیں۔ یہ لوگ جنت کے داہنے دروازہ کے سوا دوسرے لوگوں کے ساتھ دوسرے دروازں سے بھی جاسکتے ہیں۔

اور حضرت انس کی روایت میں اس کا ذکر نہیں اس کی جگہ یہ ہے کہ:

پھر میں اپنے رب کے حضور سجدہ ریز ہوجاؤں گا تو مجھ سے فرمایا جائے گا: اے محمد! (ﷺ) اپنا سر اٹھایئے اور کہیے آپ کی بات مانی جائے گی اور شفاعت کیجیے آپ کی شفاعت قبول ہوگی اور سوال کیجیے آپ کو عطا کیا جائے گا تو میں عرض کروں گا: اے میرے رب! میری امت میری امت، تو حکم دیا جائے گا: جایئے جن کے دل میں گندم یا جو کے برابر ایمان ہو انہیں نکال لیجیے تو میں انہیں نکال لاؤں گا پھر اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہوکر اس کی وہی تعریفیں کروں گا۔ پھر حضرت انس نے اول کی طرح ذکر کیا اور اس میں یہ ہے کہ: جن کے دل میں رائی کے دانہ برابر ایمان ہو انہیں نکال لیجیے تو میں انہیں نکال لاؤں گا پھر واپس جاؤں گا اور آپ نے وہی ذکر کیا جو اس سے پہلے مذکور ہوا اور اس میں فرمایا: جن کے دل میں رائی کے دانے سے بھی کم سے کمتر ایمان ہو انھیں نکال لیجیے تو میں ایسا ہی کروں گا اور چوتھی بار ذکر فرمایا: تو فرمایا جائے گا: اپنا سر اٹھایئے اور فرمایئے آپ کی بات سنی جائے گی اور شفاعت کیجیے قبول کی جائے گی اور مانگیے عطا کیا جائے گا تو میں عرض کروں گا: اے رب مجھے ان لوگوں کے حق میں اجازت عطا فرما جنہوں نے "لا إله إلا الله" کہا تو ارشاد ہوگا: یہ تمہارے سپرد نہیں لیکن مجھے اپنی عزت و کبریائی اور عظمت وجبروت (قہر) کی قسم میں جہنم سے انہیں ضرور باہر نکالوں گا جنہوں نے "لا إله إلا الله" کہا۔

اور حضرت ابوقتادہ کی روایت میں ہے کہ:

انھوں نے کہا: مجھے نہیں معلوم کہ تیسری یا چوتھی دفعہ میں فرمایا تو میں عرض کروں گا: اے رب! جہنم میں صرف وہی رہ گئے ہیں جنھیں قرآن نے روک رکھا ہے یعنی جہنم میں ہمیشہ رہنا جن پر لازم ہوچکا ہے۔

و من رواية أنس: قال سمعت رسول الله ﷺ يقول: لأشفعن يوم القيامة لأكثر مما فى الأرض من حجر و شجر "(۱)

اور حضرت انس کی روایت میں ہے کہ: انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ فرماتے سنا کہ: میں قیامت کے دن زمین کے درخت اور پتھر سے زیادہ لوگوں کی شفاعت کروں گا۔

اور صحیحین میں حضرت انس سے مروی ہے کہ:

"يحبس المؤمنون يوم القيامة حتى يهموابذلك فيقولون: لو استشفعنا إلى ربنا فيريحنا من مكاننا فيأتون آدم فيقولون: أنت آدم أبو الناس "(۲)

یعنی قیامت کے دن لوگوں کو روک رکھا جائے گا یہاں تک کہ وہ لوگ شدت رنج وغم کے سبب آپس میں کہیں گے: کیا اچھا ہوتا کہ ہم اپنے رب کی بارگاہ میں کسی کو شفیع لاتے جو ہمیں ہمارے غم سے نجات دلاتے تو وہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آکر عرض کریں گے کہ: آپ تمام لوگوں کے باپ حضرت آدم ہیں۔

اور صحیحین میں حضرت انس سے یہ مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"إذا كان يوم القيامة ماجَ الناسُ بعضُهم في بعض فيأتون آدم فيقولون: اشفع إلى ربك فيقول: لستُ لها "(۳)

یعنی جب قیامت قائم ہوگی تو لوگ آپس میں ایک دوسرے سے ٹکرائیں گے وہ حضرت آدم کے پاس آکر عرض کریں گے: آپ اپنے رب کے حضور ہماری شفاعت فرمائیں تو آپ فرمائیں گے: میں اس خاص شفاعت (کبری) کے لیے نہیں ہوں۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ نے "تکمیل الایمان" میں ان حدیثوں کا خلاصہ فارسی زبان میں بیان فرمایا ہے، غیر عربی داں حضرات کے لیے "تکمیل الایمان" کی فارسی عبارت کا ذکر اس مقام پر مناسب معلوم ہوتا ہے:

"اول کسے کہ فتح باب شفاعت کند محمد رسول اللہ ﷺ خواہد بود، فردا ظاہر شود کہ اورا در درگاہ خداوندی چہ قدر جاہ وعزت بودہ است۔ روز، روز اواست وجاہ، جاہ اواست "اللھم بجاہ محمد اغفرلنا" و تمامۂ عالمیان چوں از شدت ہول موقف بجان آیند وحیران شوند وبطلب شفیع برآیند تا درد ایشان را درمان کند نزد آدم صفی اللہ روند وگویند کہ: تو آں آدمی کہ پدر تمام آدمیانی و پروردگارت بدست خود پیدا کرد و در بہشت بر ینت جاداد و مسجود ملائکہ گردانیدہ واسمائے تمامۂ

(۱) شفا، فصل فی تفضیلہ بالشفاعۃ والمقام المحمود ج:۱ ص:۲۲۳ مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۲) مشکوۃ المصابیح ص:۴۸۸، باب الحوض والشفاعۃ، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۳) مشکوۃ المصابیح ص:۴۸۸، باب الحوض والشفاعۃ، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

اشیا ترا آموخت شفاعت کن کہ مارا سخت روزے در پیش آمدہ است۔ آدم صفی اللہ علیہ السلام گوید کہ: ایستادن دریں مقام و دم زدن دریں حضرت، حدِ من نیست از من ہنوز آن شرمندگی کہ اکل شجرہ کردہ بودم و در فرمان الٰہی براہ خطا رفتم از خاطرم نرفتہ است۔ ایں کار مگر از نوح برآید پس آدم علیہ السلام حوالہ بنوح علیہ السلام کند و ایشان نزد نوح علیہ السلام بروند و نوح بابراہیم علیہ السلام و ابراہیم بموسیٰ علیہ السلام و موسیٰ بعیسیٰ علیہ السلام تمام ایں رسل اولو العزم صلوات اللہ تعالیٰ و سلامہ علیہم اجمعین شرمندۂ زلّات خود باشند ہیچ کس از دہشت ایں مقام قدم پیش نتواند نہاد تا در خاتمہ حضرت محمدیہ کہ: سید رسل و شفیع روز محشر و مکرم بخطاب "لِيَغْفِرَ لَكَ اللهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَ مَا تَأَخَّرَ" است بآیند و عرض حال خود نمایند پس وے بر خیزد و در سرا پردۂ جلال درآید و در مقام محمود کہ در دنیاش وعدہ کردہ بود: "عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا" و جزاورا ایستادن دریں مقام ممکن نہ باشد بایستد و بسجدہ در رود و حکم شود کہ: سر از سجدہ بردار و ہر چہ خواہی بخواہ و ہر چہ گوئی بگو پس سر از سجدہ بردار دو بزبانے کہ در آں وقت آموزندش پروردگار خود را حمد و ثنا گوید و قسمے از عاصیان را بخشناید باز بسجدہ رود و قسمے دیگر را شفاعت کند و از سجدۂ ثالثہ کہ سر بردارد تمام گنہ گاراں را بخشناید پس ہیچ کس باقی نہ ماند الا آں کہ قرآن بخلود او حکم کردہ است یعنی کافراں و منکراں۔

ایں مضمون حدیثے است کہ در صحیح بخاری و مسلم مذکور است۔ و از یں جا خود ظاہر شد کہ گناہان ہمہ راوے در خواہد و احتیاج شفاعت دیگرے نہ ماند مگر آں کہ گویند کہ: ایں مخصوص بہ امت وے باشد یا دیگران را شفاعت در حضرت وے بود و وے را در حضرت حق و اللہ تعالیٰ اعلم۔

و در حدیث دیگر آمدہ است کہ:

بعد شفاعت آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسے نہ ماند جز کسانے کہ در ایشان جز "لا إله إلا الله" ذرہ نیکی نہ بود و سراسر معصیت و گناہ باشد پس اذن شفاعت ایشان در خواہد۔ از درگاہ رب العزت حکم آید کہ: اے محمد! ایں ہا خاصگان من اند۔ ایشاں را من خود بخود شفاعت کنم و از آتش دوزخ ایشان را برآورم و بالجملہ روز، روز محمد است و جائے، جائے اوست و مقام، مقام اوست و سخن، سخن اوست۔ او مہمان است و دیگراں ہمہ طفیلی اند کہ در قرآن خطاب می رود: "وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى" ترا اے محب من! و اے محبوب من! و اے مطلوب من! و اے بندۂ خاص من! چنداں نعمت دہم و رحمت کنم کہ راضی شوی از یں تا ہیچ آرزو در دل تو نہ نشیند اے محمد! ہمہ کس رضائے من می طلبند و من رضائے تو می خواہم کلام قدسی: "كُلُّهُمْ يَطْلُبُوْنَ رِضَائِي وَأَنَا أَطْلُبُ رِضَاكَ يَا مُحَمَّدُ" وے صلی اللہ علیہ وسلم گوید کہ: من راضی نہ شوم تا یک را از امت من نیامرزی و نہ بخشی" انتہی بالفاظہ۔

"یعنی سب سے پہلے جنھیں فتح باب شفاعت نصیب ہوگا وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوں گے۔ کل یہ روشن ہو جائے گا کہ: اللہ عزوجل کی بارگاہ میں آپ کا مقام و مرتبہ اور آپ کی عزت و وجاہت کیا ہے وہ دن آپ ہی کا دن ہوگا اور خاص عزت و وجاہت آپ ہی کو حاصل ہوگی اے اللہ! محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جاہ و مرتبہ کے وسیلہ سے ہماری بخشش

فرما۔ تمام اہل محشر جب میدان محشر کی سخت ہولناکی سے حیران و پریشان ہوں گے تو ایک شفیع کی تلاش میں نکلیں گے جو ان کے درد کا درماں کرے۔ حضرت آدم کے پاس جاکر عرض کریں گے کہ: آپ وہ آدم ہیں جو تمام لوگوں کے باپ ہیں، آپ کے رب نے آپ کو خاص دست قدرت سے پیدا کیا اور بہشت بریں میں آپ کو مقام بخشا، آپ کو مسجود ملائکہ بنایا، اور آپ کو تمام چیزوں کے نام سکھائے آپ ہماری شفاعت فرمائیں کیوں کہ آج ہمیں سخت مشکل در پیش ہے حضرت آدم صفی اللہ فرمائیں گے کہ: اس مقام پر قائم ہونا اور اس بارگاہ میں دم مارنا میرے بس سے باہر ہے، میرے دل سے ابھی یہ شرمندگی نہ گئی کہ میں نے درخت کھالیا اور حکم الٰہی میں راہ خطا پر جا پڑا، ہو سکتا ہے یہ کام حضرت نوح علیہ السلام سے بر آئے تو حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام کے حوالہ فرمائیں گے یہ لوگ حضرت نوح علیہ السلام کی خدمت میں جائیں گے آپ حضرت ابرہیم علیہ السلام کے پاس اور حضرت ابرہیم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام اور وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجیں گے۔ یہ تمام اولوالعزم رسولان کرام صلوات اللہ تعالی و سلامہ علیہم اجمعین اپنی لغزشوں پر نادم ہوں گے اس مقام کی دہشت سے کوئی بھی شفاعت کی جانب پیش قدمی نہ کرے گا یہاں تک کہ سب سے آخر میں سارے لوگ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوں گے جو تمام رسولوں کے سردار، شفیع روز شمار ہیں جنھیں اس معزز خطاب سے سرفراز کیا گیا: "تاکہ اللہ آپ کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ بخشے" سب آپ سے عرض حال کریں گے تو آپ اٹھ کر اللہ تعالی کے سراپردۂ جلال میں حاضر ہوں گے جس نے آپ سے دنیا میں مقام محمود کا یہ کہ کر وعدہ فرمایا کہ: "عنقریب آپ کو آپ کا رب مقام محمود پر فائز فرمائے گا" مقام محمود آپ کا وہ خاص مقام ہوگا جس پر آپ کے سوا کسی کا قائم ہونا ممکن نہ ہوگا، آپ اس مقام پر قائم ہو کر اپنے رب کے حضور سجدہ ریز ہو جائیں گے حکم فرمایا جائے گا کہ: سجدہ سے سر اٹھائیے، جو کچھ مانگنا ہے مانگیے اور جو کچھ کہنا ہے کہیے تو آپ سجدہ سے سر اٹھائیں گے اور آپ کا رب اس وقت آپ کو جو کچھ سکھائے گا اپنی زبان سے اپنے پروردگار کی تعریف و ثنا کریں گے اور گناہ گاروں کی ایک جماعت کی بخشش کرائیں گے پھر سجدہ میں جاکر دوسری جماعت کی شفاعت فرمائیں گے اور تیسری بار سجدہ سے سر اٹھا کر تمام گنہ گاروں کی بخشش کرائیں گے اب ان کافروں اور منکروں کے سوا کوئی دوسرا باقی نہ رہے گا جن کے بارے میں قرآن نے ہمیشہ جہنم میں رہنے کا حکم فرمایا۔

یہ بخاری و مسلم میں مذکور حدیث کا مضمون ہے جس سے یہ بات خود ظاہر ہے کہ: آپ ہی تمام لوگوں کے گناہوں کی بخشش طلب فرمائیں گے اور کسی دوسرے کی شفاعت کی حاجت نہ ہوگی مگر یہ کہیں کہ: یہ آپ کی امت کے ساتھ خاص ہے یا دیگر حضرات حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شفاعت فرمائیں گے اور آپ حق تعالی کی بارگاہ میں شفاعت کریں گے۔ واللہ تعالی اعلم.

اور دوسری حدیث میں مذکور ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے بعد صرف وہی لوگ باقی رہیں گے جن کے پاس "لا إله إلا الله" کے سوا کوئی نیکی باقی نہ رہے گی، معصیت اور گناہ میں ڈوبے ہوں گے تو اللہ رب

العزت کی بارگاہ سے ان کی شفاعت کا اذن چاہیں گے تو حکم ہوگا کہ: اے محمد! ﷺ یہ میرے خاص لوگ ہیں میں خود بخود شفاعت فرماکر انہیں دوزخ کے عذاب سے نکالوں گا۔

حاصل یہ ہے کہ: وہ دن محمد ﷺ کا دن ہے، اس روز مقام و مرتبہ اور کلام آپ ہی کا ہے، آپ رب العالمین کے خاص مہمان ہوں گے اور دوسرے لوگ طفیلی ہوں گے، اس لیے کہ قرآن کریم میں اللہ رب العزت نے اپنے حبیب پاک سے خطاب فرمایا کہ: اے میرے محب، اے میرے محبوب، اے میرے مطلوب اور اے میرے خاص بندے! میں اپنی نعمت و رحمت سے تجھے اس قدر مالا مال کردوں گا کہ اس سے اتنا راضی اور خوش ہوجاؤ گے کہ اس کے بعد تمہارے دل میں کوئی آرزو باقی نہ رہے گی۔ "اے محمد! (ﷺ) تمام لوگ میری رضا چاہتے ہیں میں تمہاری رضا چاہتا ہوں"

حدیث قدسی ہے کہ: "اللہ تعالی نے فرمایا:

"كُلُّهُمْ يَطْلُبُوْنَ رِضَائِي وَأَنَا أَطْلُبُ رِضَاكَ يَامُحَمَّدُ" یعنی سب میری رضا اور خوشنودی چاہتے ہیں اور اے محمد! (ﷺ) میں تمہاری رضا چاہتا ہوں"

حضور اقدس ﷺ (اپنی عزت و وجاہت اور کمال محبوبیت کے سبب) عرض کریں گے کہ: میں اس وقت تک راضی نہ ہوں گا جب تک کہ تو میری امت کے ہر ہر فرد کو بخش نہ دے۔"

"شفا" میں شفاعت کی ان حدیثوں کو ذکر کر کے کہا کہ:

" فقد اجتمع من اختلاف ألفاظ هذه الآثارأن شفاعته صلى الله تعالى عليه وسلم ومقامه المحمود من أول الشفاعات إلى آخرها من حين يجتمع الناس للحشر وتضيق بهم الحناجر و يبلغ منهم العرق والشمس والوقوف مبلغه وذلك قبل الحساب فيشفع حينئذ لإراحة الناس من الموقف ثم يوضع الصراط ويحاسب الناس كما جاء في الحديث عن أبي هر يرة وحذيفة- وهذا الحديث أتقن فيشفع في تعجيل من لاحساب عليه من أمته إلى الجنة ،كما تقدم في الحديث ثم يشفع فيمن وجب عليه العذاب ودخل النار منهم حسب ما يفيضه الأحاديث الصحيحة ثم في من قال: لا إله إلاالله وليس هذا لسواه صلى الله عليه وسلم"[1]

"ان مختلف الفاظ کے آثار سے متفقہ طور پر یہ بات ثابت ہوگئی کہ: جس وقت تمام لوگ محشر میں جمع ہوں گے ان کے حلقوم تنگ ہوگئے ہوں گے "وہ خوب پسینہ میں شرابور ہوں گے، آفتاب حد درجہ قریب ہوگا اور موقف کی ہولناکی سے حیران و پریشان ہوں گے یہ سب حساب سے پہلے ہوگا، ایسے مشکل وقت میں، از اول تا آخر حضور ہی مقام شفاعت پر فائز

(۱) شفا ،فصل فی تفضیله بالشفاعة والمقام المحمودج:۱ص:۲۲۳ مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

اور مقام محمود پر قائم ہوں گے تو اس مشکل گھڑی میں میدان حشر کی شدت سے اہل محشر کو نجات بخشنے کے لیے حضور اقدس ﷺ شفاعت فرمائیں گے پھر صراط رکھا جائے گا اور لوگوں کا حساب ہوگا جیسا کہ حضرت ابو ہریرہ اور حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی قوی اور محکم حدیث میں ہے۔ پھر جنت میں جلد لے جانے کے لیے آپ ہی سب سے پہلے اپنی امت کے ان افراد کی شفاعت کریں گے جن کے ذمہ کوئی حساب نہیں جیسا کہ گزشتہ حدیث میں مذکور ہے پھر ان کی شفاعت فرمائیں گے جن پر عذاب واجب ولازم ہو چکا اور ان میں کچھ لوگ جہنم میں داخل ہو گئے جیسا کہ صحیح حدیثوں سے ثابت ہے۔ پھر "لا إله إلا الله" کہنے والوں کی شفاعت فرمائیں گے اور یہ شفاعت صرف آپ ہی فرمائیں گے، آپ کے سوا کوئی دوسرا نہ کرے گا۔"

اللہ سبحانہ نے حضور اقدس ﷺ کی عزت ووجاہت اور کمال محبوبیت کے سبب اپنے خاص فضل سے آپ کو جو منصبِ شفاعت کبریٰ عطا فرمایا ہے اس کا حال روشن ہو جانے کے بعد میں یہ کہتا ہوں کہ: اس کم عقل نجدی نے یہ کہا کہ: "درجات قرب وثواب میں تمام مؤمنین حضور اقدس ﷺ کے برابر بلکہ آپ سے اعلیٰ ہو سکتے ہیں" کیا وہ اس بات پر ایمان رکھتا ہے کہ "ان حدیثوں کا مضمون صرف حضور اقدس ﷺ سے خاص ہے یا اس پر ایمان نہیں رکھتا؟ اگر اس پر اس کا ایمان نہیں تو اس مقام پر اس سے گفتگو نہیں بلکہ حضور اقدس ﷺ کی نبوت کے منکرین یہود ونصاریٰ سے گفتگو کے وقت اس سے بھی گفتگو ہو جائے گی۔

اور اگر اس بات پر ایمان رکھتا ہے تو یہ نجدی ان شفاعتوں کو اگر قرب وثواب کا اعلیٰ درجہ نہیں جانتا تو وہ اس لائق نہیں کہ اس سے خطاب کیا جائے اور اس کی بات کا جواب دیا جائے۔

اور اگر ان شفاعتوں کو قرب وثواب کا اعلیٰ درجہ مانتا ہے تو سب سے پہلے اس کی صورت بتائے کہ: تمام اہل ایمان کو ان شفاعتوں کا مقام ومرتبہ کس طرح حاصل ہوگا؟ اور یہ بتائے کہ اگر تمام مؤمنین کو یہ شفاعت حاصل ہو تو حدیث پاک میں جو فرمایا گیا کہ:

"حُبِسَ الْمُؤْمِنُوْنَ" تمام مؤمنین محشر میں محبوس ہوں گے۔

تو محبوس کون ہوگا؟ (سب تو شافع اور نجات دہندہ ہو گئے۔)

اور نیز فرمایا گیا: "وَ یَهْتَمُّوْنَ" وہ سب نجات پانے کے لیے پریشان اور فکر مند ہوں گے۔

یہ مضمون ان پر کیسے صادق آئے گا؟ اور اس حدیث کا کیا معنیٰ ہوگا کہ: تمام لوگ اس قدر رنجیدہ وغمگین ہوں گے کہ انہیں اسے برداشت کرنے کی طاقت وقوت نہ ہوگی" اور کون شخص شفاعت طلب کرے گا؟ اور کون کس کا شفیع ہوگا؟ کن لوگوں کا کوئی حساب نہ ہوگا؟ کیوں کہ ظاہر ہے کہ اس صورت میں تمام مؤمنین خود صاحب شفاعت کبریٰ ہوں گے تو جنت میں جلد لے جانے کے لیے جن کی شفاعت کریں گے وہ کفار ہوں گے۔ اسی طرح شفاعت کے سبب جو دوزخ سے نکل کر

عذاب سے نجات پائیں گے وہ کفار ہوں گے۔ نیز اس صورت میں تمام مؤمنین جائے پناہ، فریادرس اور محتاج الیہ ہوں گے اور تمام مؤمنین پناہ و فریاد و شفاعت طلب کرنے والے اور محتاج بھی ہوں گے کیوں کہ شفاعت کے درجات میں تمام مؤمنین کا حضور اقدس ﷺ کے برابر ہونا اسی وقت متصور ہے جب کہ حضور اقدس ﷺ جس طرح تمام مؤمنین بلکہ تمام اولین وآخرین کی جائے پناہ اور فریادرس ہیں اور تمام مؤمنین واولین وآخرین میدان محشر کی سختی سے نجات ورستگاری حاصل کرنے میں حضور اقدس ﷺ کی شفاعت کے محتاج ہیں۔ اسی طرح تمام مؤمنین میدان محشر کی سختیوں سے خلاص ونجات دلانے میں تمام مؤمنین بلکہ تمام اولین وآخرین کی جائے پناہ اور فریاد رس ہوں۔

اور جس طرح جنت میں لے جانے کے لیے حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے ان کی شفاعت فرمائیں گے جن کے ذمہ کوئی حساب نہیں پھر جن پر عذاب واجب ولازم ہو چکا اور جہنم میں داخل ہو چکے اور ہر باب میں آپ کی شفاعت مقبول ہوگی۔ اسی طرح تمام چیزوں میں تمام مؤمنین تمام مؤمنوں کی شفاعت کریں اور تمام مؤمنوں کے حق میں تمام مؤمنوں کی شفاعت مقبول ہو۔ عقل وفہم سے عاری انسان ہی یہ کہہ سکتا ہے کہ: تمام مؤمنوں کو شفاعت کبریٰ کا درجہ حاصل ہوگا جیسا کہ اس نجدی کا زعم وخیال ہے۔ اس پر لازم ہے کہ سب سے پہلے یہ واضح کرے کہ تمام مؤمنوں کے لیے شفاعت کبریٰ حاصل ہونے کی کیا صورت ہے؟ پھر یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ تمام مؤمنوں کے لیے اس کا حاصل ہونا ممکن ہے۔ بلکہ جو شخص ادنی فہم رکھتا ہے اس سے بھی یہ متصور نہیں کہ حضور اقدس ﷺ کو شفاعت کبریٰ کے مقام پر فائز مان لینے کے بعد آپ کے سوا کسی دوسرے شخص کو اس صفت سے متّصف مانے کیوں کہ اولین وآخرین میں سے کوئی دوسرا شخص اگر شفاعت کبریٰ سے متّصف ہو تو حضور اقدس ﷺ تمام مومنین اور تمام اولین و آخرین کی جائے پناہ، فریاد رس اور سب سے پہلے فتح باب شفاعت کرنے والے نہ ہوں گے اور تمام مؤمنین واولین وآخرین میدان محشر کی سختیوں سے نجات حاصل کرنے، جنت میں جانے، عذاب سے خلاص پانے اور دوزخ سے نکلنے میں حضور اقدس ﷺ کی شفاعت کے محتاج نہ ہوں گے تو مسلم ومفروض کے خلاف لازم آئے گا۔ نیز مساوات کا باطل ہونا لازم آیا کیوں کہ اس صورت میں حضور اقدس ﷺ ان صفتوں سے متّصف نہیں ہو سکتے چہ جائے کہ مساوی کے ساتھ ان صفتوں سے متّصف ہوں۔ ظاہر یہ ہے کہ ان حدیثوں پر اس شخص کا ایمان نہیں اور اس کا اعتقاد وہی ہے جو شیخ نجدی نے اختراع کر کے کہا کہ: شفاعت کی تین قسمیں ہیں:

(۱) شفاعت بالوجاہت (۲) شفاعت بالمحبت اور (۳) شفاعت بالاذن۔

اس کی ذکر کردہ یہ تینوں صورتیں درحقیقت شفاعت نہیں ہیں۔ اس کا یہ دجل وفریب اس کی بے دینی کے سبب ہے جیسا کہ استاذ نے "**تحقیق الفتوی**" میں تفصیل سے ذکر فرمایا ہے۔

وجہ چہارم: اللہ عزوجل کا کسی بندہ کو نبوت ورسالت کے لیے منتخب فرمانا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ اس

برگزیدہ بندہ کو دوسرے بندوں سے ممتاز فرما کر قرب ووجاہت اور ثواب کا خاص مرتبہ عطا نہ فرمادے۔اور یہ روشن ترین بدیہیات سے ہے کہ: غیر نبی اور غیر رسول درجۂ قرب وثواب میں نبی اور رسول کے برابر یا ان سے بلند وبرتر نہیں ہوسکتے ورنہ نبوت وعدم نبوت اور رسالت وعدم رسالت میں یکسانی وبرابری ہوگی اور نبوت ورسالت محض لغو اور بے کار ہوگی اور کسی بندہ کو نبوت اور کسی بندہ کو رسالت کے لیے منتخب فرمانا جہل وعبث ہوگا۔اللہ سبحانہ کسی بندہ کو نبوت اور کسی بندہ کو رسالت کے لیے اسی وقت خاص فرماتا ہے جب اس بندہ کو قرب وثواب کا ایسا خاص درجہ عطا فرمادیتا ہے جو نبی اور رسول کے سوا کسی دوسرے کو حاصل نہیں ہوسکتا تو قرب وثواب کے درجہ میں غیر نبی، نبی کے اور غیر رسول، رسول کے اور رسل غیر اولو العزم، رسولانِ اولوالعزم کے برابر نہیں ہوسکتے۔ان مناصب کے لیے یہ ضروری ہے کہ: رسولانِ اولوالعزم، رسولانِ غیر اولوالعزم سے، رسول، غیر رسول سے اور نبی، غیر نبی سے قرب وثواب میں افضل ہوں۔اس فضیلت وبلندی کا انکار اس مقام ومنصب کا انکار کرنا ہے۔تمام مؤمنین فاسق وفاجر کو تمام انبیا ومرسلین، رسولانِ اولوالعزم خاص کر اولوالعزم رسولوں میں سب سے افضل رسول کے برابر ماننا یا درجۂ قرب وثواب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل ماننا حد درجہ ضلالت وگمراہی ہے جس کا سبب در اصل نبوت ورسالت کے اعلیٰ منصب سے غایت درجہ جہالت ہے۔ایسی صورت میں انبیا علیہم السلام کی عصمت کا قول اور غیر انبیا سے عصمت کی نفی لغو وبے فائدہ ہے۔

اللہ سبحانہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان رفعت میں فرمایا:

"وَكَانَ فَضْلُ اللهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا"[۱] (اے محبوب! آپ پر اللہ کا فضل عظیم ہے)

نیز فرمایا:

"وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ"[۲] (اور آپ کو اللہ نے کھلی فتح دی تاکہ آپ پر اپنی نعمت مکمل فرمائے)

نیز فرمایا:

"وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى"[۳] (عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہوجائیں گے)

اور حدیث قدسی میں ہے:

"وَأَنَا أَطْلُبُ رِضَاكَ يَا مُحَمَّدُ" (اے محمد! صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں آپ کی خوشنودی چاہتا ہوں)

ان عظیم وجلیل ارشادات کے ذریعہ اللہ سبحانہ نے اپنے فضل ورحمت سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنا برگزیدہ بندہ بناکر تمام انبیا ورسل اور تمام ممکنات سے آپ کو کلی طور پر افضل بنایا اور نبوت و رسالت کو جو ممکنات کے فضائل

(۱) پ:۵ نسا، آیت:۱۱۳، ع:۱۴

(۲) پ:۲۶، الفتح

(۳) پ: عم، الضحی

ممکنہ میں سب سے اعلی درجہ کی فضیلت ہے حضور اقدس ﷺ کے وجود باجود کے ذریعہ کامل وتام فرمایا اور اس افضل ممکنات علیہ افضل الصلوات کی کامل الصفات ذات کے ذریعہ قصر نبوت کو کامل وتام فرمایا جیسا کہ خود حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

"مثلی و مثل الأ نبیاء کمثل قصر أحسن بنیانه ترك منه موضع لبنة "الحدیث(۱)

”میری اور تمام انبیا کی مثال اس شان دار اور خوب صورت محل کی طرح ہے جس میں ایک اینٹ کی جگہ چھوٹی ہوئی ہو۔“

اور آپ کی بعثت ورسالت کے ذریعہ اپنا دین مکمل فرما کر آپ پر اپنی نعمت تام فرمادی جیسا کہ خود اللہ سبحانہ نے فرمایا:

"اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ "(۲)

”آج میں نے تمھارے لیے تمہارا دین مکمل فرمادیا اور تم پر اپنی نعمت پوری فرمادی“۔

اور آپ کو ساری مخلوق کا رسول بنایا جیسا کہ خود اللہ عزوجل نے فرمایا:

"لِیَکُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا "(۳) ”تا کہ سارے جہاں والوں کو ڈر سنائیں۔“

اور خود حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

"وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً" مجھے ساری مخلوق کا رسول بنا کر مبعوث کیا گیا۔

ان روشن ارشادات سے صاف ظاہر ہے کہ: اللہ عزوجل نے حضور اقدس ﷺ کو تمام انبیا ورسل وملائکہ وغیرہ سے ہر طرح افضل بنایا ہے جیسا کہ سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے اسرا کی حدیث روایت کر کے فرمایا:

"أکمل الله لمحمد الشرف علی أهل السموات و الأرض"(۴)

”اللہ عزوجل نے محمد ﷺ کو تمام آسمان وزمین والوں پر کامل شرافت بخشی ہے۔“

اور عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

"إن الله فضل محمدا ﷺ علی أهل السماء وعلی الأنبیاء کلهم صلوات الله تعالی علیهم"(۵)

”بے شک اللہ تعالی نے محمد ﷺ کو تمام آسمان والوں اور تمام انبیا صلوات اللہ علیہم سے افضل بنایا ہے۔“

اور اللہ سبحانہ نے حضور اقدس ﷺ کی بعثت کے ذریعہ مکارم اخلاق اور محاسن افعال کو کامل وتام فرما دیا

---

(۱) مشکاة المصابیح ص:۵۱۱، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) پ:۶، المائدہ، آیت:۳ ع:۵

(۳) پ:۱۸، الفرقان، آیت:۱ ع:۱۶

(۴) نسیم الریاض ۳-۹۲

(۵) نسیم الریاض ج:۳ ص:-۳۳

ہے جیسا کہ خود آپ نے فرمایا:

"إن الله بعثني لتمام مكارم الأخلاق و كمال محاسن الأفعال "(۱)

"بے شک اللہ تعالی نے عمدہ اخلاق اور اچھے افعال کو کامل و تام فرمانے کے لیے مجھے بھیجا۔"

اور جیسا کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

"أَطْمَعُ أَنْ أَكُوْنَ أَعْظَمَ الْأَنْبِيَاءِ أَجْراً يَوْمَ الْقِيَامَةِ "(۲)

"مجھے امید ہے کہ قیامت کے دن میرا اجر و ثواب تمام انبیا سے زیادہ ہوگا۔"

اور یہ حقیقت ظاہر ہے کہ اللہ سبحانہ کا صرف آپ ہی کو تمام مخلوق کا رسول بنانا، تمام ملائکہ اور انبیا علیہم السلام سے افضل فرمانا، آپ کے ذریعہ نبوت و رسالت کی تکمیل فرمانا، اپنا دین اور اپنی نعمت آپ کے وجود فائض الجود کے ذریعہ کامل و تام فرمانا، قیامت کے دن آپ کے متبعین کو سب سے زیادہ فرمانا اور اس دن آپ کا اجر تمام انبیا سے زیادہ فرمانا، قرب و ثواب کے سب سے اعلی درجہ سے صرف آپ ہی کو سرفراز فرمانے کے درجہ میں ہے۔ اور اگر اس قائل کے عقیدہ کے مطابق تمام مؤمن فاسق و فاجر فسق و فجور کی سخت اور بدترین قسموں سے متّصف ہوتے ہوئے قرب و ثواب میں حضور اقدس ﷺ کے برابر یا آپ سے بلند و بالا ہوسکتے تو اللہ سبحانہ کا آپ کو ساری مخلوق کا رسول بنانا، آپ پر نبوت و رسالت کو ختم فرمانا، آپ کی نبوت و رسالت اور آپ کا دین کامل فرمانا اور آپ پر اپنی نعمت اور آپ کی بعثت شریفہ کے ذریعہ مکارم اخلاق اور محاسن افعال کو کامل و تام فرمانا، آپ کے متبعین کو تمام انبیا کے متبعین سے زیادہ فرمانا، تمام انبیا سے آپ کا اجر زیادہ فرمانا اور تمام آسمان اور زمین والوں سے آپ کو افضل بنانا محض لغو و جہل اور بے کار و عبث ہوتا۔ العیاذ باللہ تعالی من ذالك.

اس قائل نے کمال فسق و فجور کو کمال رسالت کے برابر بلکہ اس سے بلند و برتر قرار دیا ایسی زندقیت اور الحاد و بے دینی حد درجہ بد عقیدگی کے سبب ہے۔ اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو اس قسم کی خرافات آمیز باتوں کا قول متضاد اور متنافی چیزوں کے اجتماع کا قول کرنا ہے۔

وجہ پنجم: شرح عقائد میں ہے:

"ولا يبلغ وليٌّ درجة الأنبياء لأنّ الأنبياء معصومون، مأمونون عن خوف الخاتمة، مكرّمون

---

(۱) مشکوة المصابیح ۵۱۴، باب فضائل سیدالمرسلین صلوات اللہ تعالی وسلامه علیه، مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارك پور اعظم گڑھ

(۲) شفا: فصل فی ذکر تفضیله فی القیامة بخصوص الکرامة، ج:۳ ص:۱۶۳ تا ۱۶۴ مرکز اهل سنت برکات رضا، پور بندر گجرات

بالوحي ومشاهدة الملك،مأمورون بتبليغ الأحكام،وإرشاد الأنام بعد الاتّصاف بكمالات الأولياء، فما نقل عن بعض الكراميّة: من جواز كون الوليّ أفضل من النبيّ كفرٌ وضلالٌ"[۱]

"کوئی ولی کسی نبی کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتا اس لیے کہ حضرات انبیاے کرام خاتمہ کے خوف سے محفوظ و مامون ہیں، انہیں وحی ربانی اور مشاہدہ ملک کا شرف حاصل ہے، وہ احکام الٰہی کی تبلیغ اور مخلوق کی رشد وہدایت پر مامور ہوتے ہیں، انھیں یہ سارے کمالات، اولیا کے کمالات سے متّصف ہونے کے بعد حاصل ہوتے ہیں تو بعض کرامیہ سے جو یہ منقول ہے کہ: "ولی نبی سے افضل ہو سکتا ہے" کفر و گمرہی ہے۔"

شرح فقہ اکبر میں ہے:

"ومنهاأن الولى لا يبلغ درجة النبى لأنّ الأنبياء معصومون، مأمونون عن خوف الخاتمة، مكرّمون بالوحي حتى فى المنام و بمشاهدة الملائكة الكرام مامورون بتبليغ الأحكام وإرشاد الأنام بعدالاتصاف بكمالات الأولياء العظام كما نقل عن بعض الكرامية: من جواز كون الولى أفضل من النبى كفرو ضلالة وإلحاد و جهالة"[۲]

"نبی کے درجہ تک ولی کی رسائی نہیں ہو سکتی؛ اس لیے کہ تمام انبیائے کرام خاتمہ کے خوف سے محفوظ و مامون، وحی ربانی سے مشرف ہیں یہاں تک کہ خواب میں بھی انہیں یہ شرف حاصل ہوتا ہے اور ملائکہ کرام کے مشاہدہ سے شرف یاب ہوتے ہیں، اور اللہ عزوجل کے احکام کی تبلیغ اور مخلوق کی رشد وہدایت پر مامور ہوتے ہیں، اولیائے عظام کے کمالات سے متّصف ہونے کے بعد انہیں یہ کمالات حاصل ہوتے ہیں تو بعض کرامیہ سے جو یہ منقول ہے کہ: "ولی نبی سے افضل ہو سکتا ہے" کفر و گمرہی اور جہالت و بے دینی ہے۔"

کرّامیہ نے تو یہ کہا تھا کہ: نبی کے درجہ تک ولی کی رسائی ممکن ہے اور ولی نبی سے افضل ہو سکتا ہے مگر اس قائل کا ظرف اس قدر وسیع اور حوصلہ اس قدر فراخ وکشادہ ہے کہ اس نے صرف اتنے پر قناعت واکتفانہ کیا بلکہ اس سے آگے بڑھ کر یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ:

تمام فاسق و فاجر مؤمنین اگرچہ حد درجہ فاسق و فاجر ہوں افضل الانبیاوالمرسلین صلوات اللہ تعالی علیه و علیھم کے برابر بلکہ قرب وثواب کے درجات میں آپ سے افضل واعلی ہو سکتے ہیں۔

اور اس کو کمال دین اور کمال ایمان گمان کرتا ہے۔ ایسا اعتقاد اس شخص سے تعجب خیز نہیں کیوں کہ اس مدقق نے یہ کہا کہ:

"اللہ سبحانہ عیب ونقص، بے حیائی وبرائی کی تمام باتوں اور تمام حادث چیزوں کی صفتوں سے متّصف ہو سکتا ہے"

---

(۱) شرح عقائد، ص: ۱۵۸، مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارك پوراعظم گڑھ

(۲) شرح فقه اکبر، ص: ۱۴۸، الولی لا یبلغ درجة النبی، یاسر ندیم

اور اپنی دقیق نظر کے اعتبار سے اس کی ایسی دلیلیں ذکر کیں جن سے مرتبۂ ذات احدیہ مقدسہ میں اللہ سبحانہ کا عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی تمام باتوں سے اتصاف، تمام ممکن و محال چیزوں کے ساتھ اتحاد، اس کے عدم اور شریک باری کے وجود کا ممکن ہونا لازم آتا ہے جیسا کہ گذشتہ اوراق میں گذرا تو اسے اس قول سے کیا خوف ہو سکتا ہے کہ: "ہر فاسق و فاجر، افضل الرسل علیہ افضل الصلوات سے افضل ہو سکتا ہے"۔

وجہ ششم: یہ قائل، اس کے خواجہ تاش شیخ نجدی کے متبعین اور خود شیخ نجدی، حضور اقدس ﷺ کو قرب و ثواب کے اعلی درجات سے متصف جانتے ہیں یا نہیں؟ اگر جانتے ہیں تو کوئی بھی شخص قرب وثواب کے درجات میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلی نہیں ہو سکتا، کیوں کہ اس صورت میں آپ کا درجۂ قرب و ثواب، دوسرے تمام درجات قرب و ثواب سے اعلی ہے اور کوئی دوسرا درجہ اس درجہ کے برابر یا اس سے اعلی ہو تو آپ کا درجۂ قرب وثواب تمام درجات سے اعلی نہیں ہو سکتا یہ مفروض کے خلاف ہے۔

اور اگر متصف نہیں جانتے تو ان نجدیوں پر یہ اعتقاد لازم ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کا درجۂ قرب و ثواب، بے شمار درجات سے فروتر ہے اور اللہ سبحانہ نے اپنے ان ارشادات کے ساتھ:

"وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا"[1] (اے محبوب! آپ پر اللہ کا فضل عظیم ہے)

نیز فرمایا:

"وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ"[2] (اور آپ کو اللہ نے کھلی فتح دی تاکہ آپ پر اپنی نعمت مکمل فرمائے)

نیز فرمایا:

"وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى"[3] (اور عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے)

"كُلُّهُمْ يَطْلُبُوْنَ رِضَائِي وَأَنَا أَطْلُبُ رِضَاكَ يَا مُحَمَّدُ!" ساری مخلوق میری خوشنودی چاہتی ہے اور میں آپ کی خوشنودی چاہتا ہوں اے محمد! ﷺ۔

اپنی کمال محبوبیت کے باوجود آپ کو فضل عظیم، اتمام نعمت اور آپ کی رضا اور خوشنودی کے مطابق ایسے بلند ترین درجات عطا فرمانے سے محروم رکھا جو آپ کے درجہ سے بلند تر ہیں اور آپ نے اپنی تنگ ظرفی اور پست ہمتی کے سبب اس کم تر درجہ سے راضی ہو کر اپنے دل کو خوش کر لیا جو بے شمار درجات سے فروتر ہے۔ اس صورت میں ان نجدیوں کو اس اعتقاد

---

(۱) پ:۵ نسا، آیت:۱۱۳، ع:۱۴

(۲) پ:۲۶ الفتح

(۳) پ: عم، الضحی

سے مفر نہیں اور یہ اعتقاد محض الحاد اور بے دینی ہے۔ العیاذ باللہ تعالی من ذالک۔

وجہ ہفتم: نجدیوں نے بد عقیدگی اور خبث باطنی کے سبب ایک مقصد کے پیش نظر جس کی طرف انشاء اللہ العزیز تفصیلی نظر کے تحت اشارہ آئے گا اوصاف کمال میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ثابت کرنے کی خاطر اللہ عزوجل کی قدرت عامہ سے استدلال کیا اور اس استدلال کو اپنی اس جرأت وجسارت کا حیلہ بنایا۔ جب یہ قائل اس پر متنبہ ہوا کہ بعض اوصاف کمال مثلاً خاتم النبیین کی صفت میں دو شخص شریک نہیں ہوسکتے تو اس نے سب سے پہلے خاتم النبیین کے معنی میں تحریف کرنے کے لیے ہاتھ پیر مار کر ایک ذلیل وناپاک حرکت کی اور جب اس کے ہاتھ اور پیر مارنے سے اپنے سر پر ہاتھ مارنے کے سوا اس کا کوئی مقصد بر نہ آیا تو اس نے تمام اوصاف کمال میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کے ممکن ہونے کا دعوی چھوڑ کر قرب وثواب کے ان درجات میں آپ کے برابر شخص کے ممکن ہونے کا دعوی کیا جن کی شان یہ ہے کہ نہ انہیں کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی انسان کے دل پر ان کا خطرہ گذرا۔ یہاں بھی استدلال کے لیے وہی حیلہ کیا کہ: "اللہ کی قدرت عام ہے" جب قطعی ویقینی روشن دلیلوں سے یہ ثابت ہو چکا کہ: قرب وثواب کے خاص درجات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر اور آپ سے اعلی ہونا محال وممتنع بالذات ہے تو ان گمراہوں کے لیے اس بے راہ روی کی راہ ہرگز ممکن نہیں اور ان کے سارے حیلے بالکل منقطع اور تمام وسوسے یکسر مندفع ہوگئے؛ اس لیے کہ خود اس قائل کو اس بات کا اعتراف ہے کہ:

"اللہ تعالی کی قدرت بعض ممکنات مثلا صفات باری کو عام نہیں ہے"

چہ جائے کہ محال بالذات چیزوں کو اللہ تعالی کی قدرت شامل ہو، ایسی صورت میں انہیں لاجواب کرنے کے لیے دوسرے بیان کی ضرورت باقی نہیں رہتی، مگر حق کے منکرین کو خاموش کرنے اور ناظرین کی تفہیم وافہام کے لیے میں کہتا ہوں کہ: کیا ان نجدیوں کے اعتقاد میں اللہ سبحانہ اس بات پر قادر ہے کہ: ایک ممکن کو کمال کے اوصاف اور قرب وثواب کے درجات میں تمام ممکنات سے افضل اور تمام ماسوی اللہ سے اعلی بنادے یا ان کے اعتقاد میں وہ اس پر قادر نہیں ؟ اگر ان کے اعتقاد میں قادر نہ ہو تو اس امر پر اللہ کی قدرت نہ ہونا لازم آیا اور اس شق پر انھیں اللہ کی قدرت کے انکار کے التزام سے مفر نہیں "فیلزمهم القرار علی ماعنه الفرار" (توجس سے بھاگے اسی پر انھیں ٹکنا پڑا)

اور پہلی صورت میں جب اللہ سبحانہ ایک ممکن کو تمام ممکنات اور تمام ماسوی اللہ سے افضل واعلی بنانے پر قادر ہے تو تمام ممکنات سے افضل اس ممکن مفروض کے برابر یا اس سے اعلی کسی دوسرے ممکن کو بنانا ممکن ہو ہی نہیں سکتا، کیوں کہ اوصاف کمال اور قرب وثواب کے درجات میں کسی ممکن کو تمام ممکنات سے افضل بنانے پر اللہ کے قادر ہونے کا معنی یہ ہے کہ: وہ اس بات پر قادر ہے کہ کسی ممکن کو ایسے اوصاف کمال بخشے جن اوصاف وکمال کے برابر اور ان سے افضل واعلی ممکن نہ ہو اور اس ممکن کو قرب وثواب کا ایسا درجہ عطا فرمائے جس کے برابر اور جس سے اعلی ممکن ہی نہیں اس لیے کہ اگر ان اوصاف

کمال اور ان درجات کے برابر اور ان سے اعلی ممکن ہو تو جس ممکن کو درجات قرب و ثواب اور اوصاف کمال میں تمام ممکنات سے افضل مانا گیا تھا وہ تمام اوصاف کمال اور درجات قرب و ثواب میں تمام ممکنات سے افضل نہیں ہو سکتا بلکہ اوصاف کمال اور درجات قرب و ثواب میں بعض ممکنات ، اس کے برابر اور اس سے افضل و اعلی ہو سکتے ہیں تو اس صورت میں اوصاف کمال اور درجات قرب و ثواب میں کسی ممکن کا تمام ممکنات سے افضل ہونا ممکن نہیں ہو سکتا تو اللہ سبحانہ اوصاف کمال اور درجات قرب و ثواب میں کسی ممکن کو تمام ممکنات اور تمام ماسوی اللہ سے افضل و اعلی بنانے پر قادر نہیں ہو سکتا"

لِأَنَّ الْمُصَحِّحَ لِلْمَقْدُوْرِیَّۃِ ھُوَ الْإِمْکَانُ "اس لیے اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہونے کا مدار امکان پر ہے۔(الدوانی علی العقائد العضدیہ ص:۵۶ مکتبہ رحیمیہ)

تو خلاف مفروض لازم آیا؛ اس لیے کہ پہلی شق یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ اوصاف کمال اور درجات قرب و ثواب میں ایک ممکن کو تمام ممکنات اور ماسوی اللہ سے افضل و اعلی بنانے پر قادر ہے۔

حاصل یہ ہے کہ ان نجدیوں کو ان دو قباحتوں سے مفر نہیں یا تو یہ کہیں کہ: اللہ سبحانہ کسی ممکن کو تمام ممکنات سے افضل بنانے پر قادر نہیں ہے۔ اور ان دونوں صورتوں میں انھیں اس قباحت سے مفر نہیں جسے اپنی جرأت و بے باکی کا حیلہ بنایا تھا۔ "فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ"

اب اس قائل کی باتوں میں تفصیلی نظر درکار ہے تاکہ اس کی جہالت و ضلالت کی تفصیلات معلوم ہوں۔

اس شخص کا یہ کلام اس کی نافہمی و بے دینی کے سبب ہے کہ:

"جب آپ کے برابر شخص محال نہ ہو تو آپ کم رتبہ نہ ہوں گے بلکہ تمام انبیا علیہم السلام سے افضل و اکمل ہوں گے"

کیوں کہ: اگر تمام کمالات میں آپ کے برابر شخص ممکن ہو تو اسے واقع مان لینے سے خود اس کی ذات کے اعتبار سے کوئی محال لازم نہ آئے گا تو اس مساوی کے موجود ماننے پر اگر چہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کم رتبہ نہ ہوں مگر تمام انبیا علیہم السلام سے افضل و اکمل نہیں ہو سکتے کیوں کہ وہ برابر شخص جملہ انبیا سے ہے تو اس کا وجود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آپ کی اس صفت کمال یعنی افضل الانبیا کی نفی کو مستلزم ہے تو تمام کمالات (جن میں افضل الانبیا کی صفت بھی ہے) میں اس مساوی کا شریک و برابر ہونا تمام کمالات میں شریک و برابر نہ ہونے کو مستلزم ہے اور جو شئی اپنی نقیض کو مستلزم ہے وہ محال بالذات ہے تو تمام کمالات میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شریک و برابر ہونا محال بالذات ہے تو افضل و اعلی ہونا بدرجہ اولی محال بالذات ہے کیوں کہ یہ قائل خود اس بات کا قائل ہے کہ:

"لغت و عرف کا اس پر اتفاق ہے کہ: مفضل، مفضل علیہ کے اعتبار سے مساوات کا درجہ طے کر کے فضیلت و برتری کے مرتبہ پر فائز ہوتا ہے۔"

حالاں کہ اس نجدی اور اس کے شیخ اور اس کے تمام ہم نواؤں کا اعتقاد یہ ہے کہ: "تمام کمالات میں آپ سے افضل و

اعلی ہونا ممکن ہے" اور ظاہر ہے کہ: اس کے ممکن ہونے اور اسے موجود ماننے کی صورت میں حضور اقدس ﷺ کم رتبہ ہوں گے بلکہ یہ شخص اس بات کا قائل ہے کہ:

"تمام مؤمنین قرب وثواب میں آپ سے افضل ہو سکتے ہیں اگرچہ حد درجہ فاسق وفاجر ہوں"

تو وہ اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے کہ: "آپ صفت خاتم النبیین اور اپنے دوسرے خاص اوصاف وکمالات اور انبیا علیہم السلام کے کمالات مخصوصہ سے متّصف ہیں۔" آپ کے ان اوصاف سے متّصف ہونے کی عین حالت میں اور تمام فاسق وفاجر مؤمنوں کے گوناگوں فسق وفجور سے متّصف ہونے کی حالت میں حضور اقدس ﷺ کا کم رتبہ ہونا جائز و ممکن مانتا ہے اور ان سب کے باوجود اسلام کا دعوی کرتا ہے "العیاذ با لله تعالی من ذالك"

اس شخص کا یہ کلام: "لغت وعرف کا اس پر اتفاق ہے" اس کے اس کلام تک: "فائز ہوتا ہے"

اس کے لیے نفع بخش نہیں بلکہ اس سے نجدیت کا استیصال اور اس کی بیخ کنی ہوتی ہے کیوں کہ حضور اقدس ﷺ تمام انبیا کے تمام کمالات کے جامع ہیں اور قرب وثواب اور دینی ودنیوی فضائل اور ظاہری وباطنی محاسن میں تمام انبیا ورسل سے افضل واعلی ہیں جیسا کہ عنقریب آرہا ہے اور صفات کمال میں آپ کے برابر شخص محال بالذات ہے کیوں کہ آپ تمام انبیا میں سب سے پہلی مخلوق ہیں اور اللہ عزوجل نے سب سے پہلے آپ کا نور پیدا فرمایا ان دونوں وصف کمال (تمام انبیا سے پہلے مخلوق ہونے اور سب سے پہلے آپ کا نور پیدا فرمانے) میں دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ بعد میں پیدا ہونے والا شخص، اول مخلوق کے برابر نہیں ہو سکتا۔

نیز آپ مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی تکمیل کے لیے مبعوث ہوئے ہیں۔ تو اگر صفات کمال میں آپ کے برابر شخص ممکن ہو تو مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی تکمیل اس پر موقوف ہوگی یا نہیں؟ اگر موقوف نہ ہو تو وہ برابر شخص آپ کے برابر نہیں ہو سکتا اور اگر موقوف ہو تو جب آپ مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی تکمیل فرمانے والے ہیں، تو اس مساوی کا مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی تکمیل کرنے والا ہونا محال بالذات ہے؛ اس لیے کہ جن اخلاق وافعال کی تکمیل ہو چکی ہے ان کی تکمیل محال بالذات ہے۔ اور جب آپ کا مساوی ہونا محال بالذات ہے تو آپ سے اعلی ہونا بدرجہ اولی محال بالذات ہے؛ اس لیے کہ اس قائل کو اس بات کا اعتراف ہے کہ:

"افضل، مساوات کے درجے کو طے کر کے فضیلت وبرتری کے مرتبہ پر فائز ہوتا ہے"

تو آپ سے اعلی شخص کے امتناع ذاتی کو ثابت کرنے کے لیے اس بیان کی کوئی ضرورت نہیں کیوں کہ بعد میں پیدا ہونے والا، پہلے آنے والے سے اور مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی تکمیل نہ کرنے والا، تمام مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی تکمیل فرمانے والے سے افضل نہیں ہو سکتا؛ مگر اس قائل کا ناطقہ بند کرنے کے لیے اس توضیح کی ضرورت محسوس ہوئی۔

اور اس قائل کا یہ کہنا کہ: "اور اس میں بھی شک نہیں ہے الخ" چند وجوہ سے اس کی غایت جہالت و

ضلالت کی کھلی ہوئی دلیل ہے:

وجہ اول: جو بھی فضیلت کسی نبی میں تھی وہ حضور اقدس ﷺ میں بدرجۂ اتم موجود ہے۔

"شفا" میں اللہ تعالی کے ارشاد: "تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ الآية "[۱] (یہ رسول ہیں جن میں ہم نے بعض کو بعض سے افضل بنایا)۔ کے تحت ہے:

"قال أهل التفسير: أراد بقوله: "وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ" محمدًا ﷺ؛ لأنه بعث إلى الأحمر والأسود، وأحلت له الغنائم وظهرت على يديه المعجزات، وليس أحد من الأ نبياء أوتى فضيلة أو كرامة؛ إلا وقد أوتى محمد ﷺ مثلها."[۲]

یعنی مفسرین نے فرمایا کہ: اللہ تعالی کے ارشاد: "وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ" (اور بعض کو بے شمار درجہ بلند فرمایا) سے محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات پاک مراد ہے؛ اس لیے کہ آپ تمام سرخ وسیاہ کی طرف مبعوث فرمائے گئے، آپ کے لیے غنیمت کے مال حلال فرمائے گئے، آپ کے دست اقدس سے کثیر معجزات ظاہر ہوئے اور کسی نبی کو جو بھی فضیلت یا کرامت عطا کی گئی اس کے مثل حضرت محمد ﷺ کو بھی دی گئی۔

اور شیخ ابو الحسن اشعری رحمہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ:

"كل اٰية أوتيها نبي من الأنبياء فقد أوتى مثلها نبينا ﷺ وخص من بينهم بتفضيل الرؤية "[۳]

" جو معجزہ کسی نبی کو دیا گیا ہمارے نبی ﷺ کو بھی اس کے مثل دیا گیا اور ان سب پر آپ کو ایک خاص فضیلت یہ حاصل ہے کہ: "اللہ تعالی نے آپ کو اپنے دیدار سے مشرف فرمایا"

اور "المواہب اللدنیہ" میں مقصد رابع کی چوتھی قسم میں ہے:

"ماخص نبي بشيئ من المعجزات و الكرامات إلا ولنبينا ﷺ مثله كما نصوا عليه"

" علما نے اس بات کی تصریح فرمائی ہے کہ: تمام انبیا کو جو خاص معجزات و کرامات عطا ہوئے ان کے مثل حضور اقدس ﷺ کو عطا فرمائے گئے "

اور شرح شفا میں فرمایا:

"قال التلمساني: وروى أن النبي ﷺ حاز خصال الأ نبياء كلها واجتمعت فيه إذ هو عنصُرها و منبعُها فأعطى خلق آدم، و معرفةُ عيسىٰ، و شجاعةُ نوح، و خلةُ إبراهيم. و

---

(۱) پ ۳، البقرة: ۲۵۳

(۲) شفا مع شرح ملا على قارى، ج: ۱، ص: ۲۵۳ و ۲۵٤ مركز اهل سنت بركات رضا، گجرات

(۳) شفا مع نسيم الرياض ۳/ ۱۳۰ فصل فى رؤيته لربه عزوجل

لسانُ إسمعیل ،و رضٰی إسحٰق، و فصاحةُ صالح ،وحکمةُ لوط ،و بشرٰی یعقوب ، وجمالُ یوسف، وشدةُ موسی، و صبرُ أیوب ،و طاعةُ یونس ،و جهادُ یوشع ، وصوتُ داود، وحبُّ دانیال، ووقارُ إلیاس، و عصمةُ یحی ،وزهدُ عیسیٰ ،وأغمس ﷺ فی جمیع أخلاق الأنبیاء لیقتبسوها منه صلوات اللّٰہ علیهم أجمعین و قد أفصح بذالك البوصیری حیث قال:

"فکلُّ ای أتی الرسلُ الکرام بها فانمااتصلت من نوره بـــهم"(۱)

”تلمسانی نے کہاکہ اخبار وآثار میں یہ آیا ہے کہ:نبی پاک ﷺ تمام انبیا کی خصلتوں کے جامع ہیں اور آپ میں تمام انبیاکی فضیلتیں مجتمع ہیں؛اس لیے کہ آپ ان تمام خصلتوں کی اصل و عنصر اور ان کا منبع وسر چشمہ ہیں توآپ کو تمام انبیائے کرام کی یہ ساری خصلتیں عطا کی گئیں: حضرت آدم کی خلقت، حضرت عیسیٰ کی معرفت، حضرت نوح کی شجاعت، حضرت ابراہیم کی خلّت، حضرت اسماعیل کی زبان، حضرت اسحاق کی رضا، حضرت صالح کی فصاحت، حضرت لوط کی حکمت، حضرت یعقوب کی بشارت، حضرت یوسف کا جمال، حضرت موسی کی شدت، حضرت ایوب کا صبر، حضرت یونس کی اطاعت، حضرت یوشع کا جہاد، حضرت داود کی آواز، حضرت دانیال کی محبت، حضرت الیاس کا وقار، حضرت یحیٰ کی عصمت، حضرت عیسیٰ کا زہد۔آپ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کے جملہ اخلاق کے جامع اس لیے بنائے گئے تاکہ سارے انبیا صلوات اللہ تعالی علیہم اجمعین آپ سے ان اخلاق کی تحصیل کریں۔امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر روشنی ڈالتے ہوئے کیاہی خوب فرمایاہے کہ:

تمام رسولانِ کرام کو جو معجزات عطا کیے گئے وہ سارے معجزات آپ ہی کے فیضِ نور سے انھیں حاصل ہوئے۔

"قال الشیخُ الإمامُ البغویُ رحمةُ اللّٰه تعالی علیه: وما أوتي نبي آیة إلا وقد أوتي نبینا ﷺ مثل تلك الآیة وفضل علی غیره بآیات مثل:انشقاق القمر بإشارته،وحنین الجذع علی مفارقته،وتسلیم الحجر والشجر علیه،وکلام البهائم والشهادة برسالته،ونبع الماء من بین أصابعه، وغیر ذلك من المعجزات والآیات التي لا تحصی، وأظهرها القرآن الذي عجز أهل السماء وأهل الأرض عن الإتیان بمثله."

"ثم روی بسنده عن أبي هریرة رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قال:"ما من نبيّ من الأنبیاء إلا وقد أعطي من الآیات ما آمن علی مثله البشر،وإنما کان الذي أوتیته وحیًاأوحاه اللّٰه تعالی إليّ فأرجو أن أکون أکثرهم تابعًا یوم القیامة متفق علیه".

”امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایاکہ:

(۱) شرح شفا لملا علی قاری مع نسیم الریاض ۱/ ۳۲۳الباب الثانی فی تکمیل اللہ لہ المحاسن خلقًاو خلقًامرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

تمام انبیائے کرام کو جو آیات و معجزات عطا کیے گئے ان کے مثل ہمارے نبی کریم ﷺ کو عطا فرمائے گئے، اور کچھ آیات و معجزات کے ذریعہ آپ کو سب سے افضل فرمایا گیا مثلاً اشارہ سے چاند کا دو ٹکڑے ہونا، آپ کے فراق میں تنے کا کراہنا، بے زبان پتھروں اور درختوں کا آپ سے سلام کرنا، چوپایوں کا آپ سے کلام کرنا اور آپ کی رسالت کی گواہی دینا، آپ کی انگشتان اقدس کے درمیان سے پانی کا چشمہ رواں ہونا اور ان کے سوا دوسرے آیات و معجزات۔ ان تمام معجزات میں سب سے روشن معجزہ قرآن کریم ہے جس کا مثل لانے سے تمام آسمان و زمین والے عاجز و درماندہ رہے۔

پھر امام بغوی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اپنی سند کے ساتھ یہ روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:

انبیا میں سے ہر نبی کو ایسا معجزہ دیا گیا جس کے مثل پر لوگوں کا ایمان تھا اور مجھے جو معجزہ عطا کیا گیا وہ اس وحی کا اعجاز تھا جو میری طرف خدا نے فرمائی۔ (بخاری و مسلم نے اسے روایت کیا)"

حاصل یہ ہے کہ: کوئی فضیلت و کرامت اور معجزہ ایسا نہیں جو کسی نبی کو عطا ہوا اور حضور اقدس ﷺ کو اس کے مثل بدرجۂ اتم عطا نہ فرمایا گیا ہو۔ اسی سے یہ بات بھی مبرہن ہوگئی کہ کوئی نبی اور رسول اپنی خاص فضیلتوں کے اعتبار سے بھی آپ سے افضل نہیں تو اس قائل کا یہ کہنا سوئے اعتقاد کی بنا پر ہے کہ:

انبیا و رسل علیہم السلام کے درمیان اس تفاضل کے باوجود یہ ثابت ہے کہ: "بعض انبیا کو خاص خصوصیتیں حاصل ہیں اور دوسرے انبیا کو دوسری خصوصیتیں حاصل ہیں"

کیوں کہ حضور اقدس ﷺ اور کسی نبی کے درمیان تفاضل نہیں ہے؛ اس لیے کہ **تفاضل کا معنی** یہ ہے کہ: "حضور اقدس ﷺ دوسرے انبیا و رسل سے بعض حیثیتوں سے افضل ہوں اور دوسرے انبیا اور رسل آپ سے بعض حیثیتوں سے افضل ہوں" حالاں کہ کوئی نبی اور رسول کسی طرح حضور اقدس ﷺ سے افضل نہیں۔ آپ تمام انبیا و رسل سے ہر طرح افضل ہیں۔ تمام انبیا و رسل پر آپ کو کلی فضیلت حاصل ہے اس لیے کہ کسی نبی میں کوئی ایسی فضیلت نہیں جس کے مثل آپ میں بدرجۂ اتم موجود نہ ہو تو کوئی نبی کسی بھی طرح آپ سے افضل نہیں۔ اسی سے اس کے اس قول کا بطلان روشن ہوگیا:

"تو اگر مساوات میں فضیلت کے خاص اسباب کا ہونا شرط ہو تو افضل سے افضلیت کی نفی لازم آئے گی؛ اس لیے کہ خاص اسباب فضیلت میں مشارکت معدوم ہے اس لیے کہ فضیلت کو واجب کرنے والی خصوصیتیں موجود ہیں"

اس لیے کہ اس کلام کی بنیاد اس پر ہے کہ: بعض انبیا علیہم السلام میں بعض ایسے فضائل ہیں جو حضور اقدس ﷺ میں نہیں اور یہ بے بنیاد بات ہے۔ جو فضائل ان انبیا کے خصائص سے شمار کیے جاتے ہیں وہ حضور اقدس ﷺ کے اعتبار سے ان کے خصائص نہیں ہیں۔ دیگر انبیا کے اعتبار سے وہ اضافی خصوصیتیں ہیں۔ مثلاً اول البشر، حضرت آدم علیہ السلام کی خصوصیت ہے لیکن حضرت آدم علیہ السلام کی یہ خاص فضیلت حضور اقدس ﷺ کے اعتبار سے نہیں اس لیے

کہ حضو اقدس ﷺ تمام انبیا میں سب سے پہلی مخلوق ہیں تو آپ خلقت کے اعتبار سے حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے ہیں۔اور حضرت آدم علیہ السلام اور حضور اقدس ﷺ کی اولیت کے درمیان جو روشن فرق ہے وہ محتاجِ بیان نہیں۔اسی پر دیگر انبیا علیہم السلام کی دوسری خصوصیتوں کو قیاس کیا جا سکتا ہے جیسا کہ ہم آئندہ سطور میں عنقریب اس پر کچھ روشنی ڈالیں گے۔

حاصل یہ ہے کہ آپ فضائل کی ان تمام جنسوں اور نوعوں کے جامع ہیں جو دیگر انبیا علیہم السلام میں الگ الگ موجود ہیں

ع آں چہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری۔

بلکہ دیگر حضرات انبیا علیہم السلام کو تمام کلی وجزئی کمالات اور خاص وعام فضیلتیں آپ ہی سے حاصل ہوئیں۔یہ وہم وخیال کہ: "دیگر انبیا علیہم السلام کی بعض فضیلتیں آپ میں نہیں ہیں" سراسر نجدیت اور بے ایمانی ہے۔

وجہ دوم: "اس قائل نے آیت کریمہ: "تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بعضهُمْ عَلٰى بَعْضٍ "[1] سے جو یہ سمجھا ہے کہ: تمام رسولانِ کرام علیہم السلام بعض حیثیتوں سے دوسرے رسولوں سے افضل ہیں یہاں تک کہ اس سے دیگر رسولانِ کرام علیہم السلام میں سے ہر ہر رسول کا بعض فضیلتوں کے لحاظ سے حضور اقدس ﷺ سے افضل ہونا لازم آتا ہے یہ اس قائل کی محض غلط فہمی ہے۔اس آیت کریمہ کا معنی بس یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ نے بعض رسولوں کو بعض رسولوں سے افضل فرمایا ہے جیسا کہ اس نے رسولانِ اولوالعزم کو رسولان غیر اولوالعزم پر فضیلت بخشی اور رسولانِ اولوالعزم میں حضور اقدس ﷺ کو باقی تمام رسولانِ اولوالعزم سے افضل ومکرم فرمایا۔ اور اسی طرح بعض انبیا کو دوسرے بعض انبیا سے افضل بنایا جیسا کہ فرمایا:

"وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ"[2] (ہم نے بعض انبیا کو بعض سے افضل بنایا)

اس سے ہر ہر نبی کا دوسرے تمام انبیا سے افضل ہونا نہیں سمجھا جاتا جیسا کہ اس مخالف نے آیت کریمہ:

" تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بعضهُمْ عَلٰى بَعْضٍ "[3] سے سمجھ لیا۔

شفا اور اس کی شرح میں ہے:

"(قال الله تعالى: "وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ". الآية)[4] فالتفضيل ثابت مقطوع به فى الجملة بين أرباب النبوة وكذا بين أصحاب الرسالة لقوله (وقال) أى الله سبحانه: (تِلْكَ

---

(۱) پ:۳، البقرہ

(۲) پ:۱۵، بنی اسرائیل، ع:۶، آیت:۵۵

(۳) پ:۳، البقرہ

(۴) پ:۱۵، بنی اسرائیل، ع:۶، آیت:۵۵

الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ ")الآية[1] (قال بعض أهل العلم: والتفضيل المراد لهم هنا في الدنيا) أى غير مقصور فى العقبى، لا أنه غير موجود فى الأخرى (وذلك) أى سبب تفضيلهم فى الدنيا (بثلاثة أحوال: أن تكون اٰياته و معجزاته أبهروأشهر) ولاشك أن معجزات نبينا ﷺ أظهروأشهرولو لم يكن إلاالقراٰن لكفى بالله دليلا للبرهان،(أو تكون أمته أزكى و أكثر) أى أزيد من غيرهم كيفيّةوكمّية .

أما الكيفية فقد قال تعالى: "كُنْتُمْ خَيْرَأُمَّةٍ" .[2]

وأما الكمية فقد ثبت أنه ﷺ قال:"صفوفُ المومنين مائةٌ وعشرون وأمتى منهم ثمانون" (أو يكون) أى النبي المفضل(فى ذاته أفضل وأطهر.) ثم مما يدل على أفضلية نبينا ﷺ فى ذاته: أنه سبحانه خلقه قبل جميع موجوداته بل جعله كالعلة الغائية فى مراتب مخلوقاته وجعله أولا واٰخرا فى مقامات كائناته وجعل نور مشكٰوته محل فيوض أنوارذاته وأسرار صفاته ومعدن ظهور تجلّياته. (وفضله) أى فضل كل نبى (فى ذاته راجع إلى ما خصه الله به من كرامته واختصاصه من كلام) أى كماوقع لموسى فى الطّور ولنبينا فى مقام دنا بل ادنٰى فى معرض الظهور(أوخُلّة) أى كما ثبت للخليل ولنبيناالجليل مع زيادة المحبةالخالصة أو الحالة الجامعة بين المحبية والمحبوبية بل الوسيلة لكل محب ومحبوب فى المرتبة المطلوبية والمجذوبية (أو رؤية) أى بصرية كما اختص به نبينا ﷺعلى ماتقدم أو رؤية بصيرية وهى مقام المشاهدة برفع الحجب الجسمانية كما يحصل للكمّل من الأفراد الإنسانية(أو ما شاءالله من ألطافه وتحفُ ولايته واختصاصه)"[3]

(اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:"ہم نے بعض انبیا کو بعض سے افضل بنایا")اس سے انبیا کے درمیان فی الجملہ تفضیل قطعی و یقینی طور پر ثابت ہے۔اور اسی طرح رسولوں کے درمیان بھی یہ تفضیل ثابت ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے (ارشاد فرمایا:"یہ رسول ہیں ہم نے ان میں سے بعض کو بعض سے افضل بنایا۔بعض اہل علم نے فرمایا:"اس آیت کریمہ میں ان حضرات کی دنیا میں تفضیل مراد ہے(یعنی یہ تفضیل صرف آخرت پر محدود نہیں، یہ مطلب نہیں کہ آخرت میں یہ تفضیل حاصل نہیں۔اور وہ) یعنی دنیامیں ان حضرات کی باہمی فضیلت تین چیزوں کے اعتبار سے ہے:

---

(۱) پ:۳،البقره

(۲) پ:٤،اٰل عمران

(۳) الشفاوشرح الشفا للملاعلى قارى،على هامش نسيم الرياض،ج:۲ص:۳۷۷،۳۷۸.

(۱) (ان کے آیات و معجزات بہت زیادہ روشن و مشہور ہوں)۔اور بلا شبہ ہمارے نبی ﷺ کے معجزات سب سے زیادہ روشن و مشہور ہیں۔اور اگر صرف قرآن ہی آپ کا معجزہ ہوتا تو برہان کے لیے یہی دلیل کافی ہوتا۔

(۲) (اس نبی کی امت زیادہ پاکیزہ اور کثیر ہو یعنی اپنی مقدار و کیفیت کے اعتبار سے زیادہ ہو۔)

آپ کی امت کیفیت کے اعتبار سے اس لیے افضل ہے کہ اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا:

"كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ"[1] (تم سب سے افضل امت ہو)

اور مقدار و تعداد کے اعتبار سے اس لیے افضل ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"تمام مومنوں کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں میری امت کی اسی ۸۰ صفیں ہوں گی"

((۳) فضیلت یافتہ نبی کی ذات سب سے افضل اور زیادہ پاکیزہ ہو۔) اور ہمارے نبی پاک ﷺ کی ذات پاک سب سے افضل ہونے پر ایک دلیل یہ ہے کہ: اللہ تعالی نے آپ کو تمام موجودات سے پہلے پیدا فرمایا بلکہ آپ کو اپنی تمام مخلوقات کے مقامات و مراتب کی علت غائیہ کی طرح قرار دیا، اپنی کائنات کے مقامات و درجات میں آپ کو اول و آخر کا مقام و مرتبہ عطا فرمایا، آپ کے نور مشکات کو اپنی ذات کے انوار اور اپنی صفات کے اسرار فیوض کا محل اور اپنی تجلیات کے ظہور کا معدن بنایا (اور تمام انبیا کی ذاتی فضیلت ان کی خاص صفتوں کے اعتبار سے ہے جن سے اللہ تعالی نے انھیں مشرف فرمایا۔ مثلاً کلام کی خصوصیت) جیساکہ اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام سے طور پہاڑ پر کلام فرمایا اور ہمارے نبی ﷺ سے قرب کے اعلی مقام میں کلام فرمایا۔ دَنٰی فَتَدَلّٰی فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰی (یا خلت کی خصوصیت) جیساکہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو اللہ تعالی نے اپنا خلیل بنایا۔اور ہمارے نبی جلیل ﷺ کو بھی اپنا خلیل بنایا، اس کے ساتھ اپنی خاص محبت سے نوازا اور آپ کو مُحبّیت و محبوبیت کی جامع حالت عطا فرمائی بلکہ مطلوبیت و مجذوبیت کے درجے میں ہر محب اور محبوب کا وسیلہ بنایا (یا رویت کی خصوصیت) یعنی رؤیتِ بصری جیساکہ یہ خاص شرف ہمارے نبی ﷺ کو عطا فرمایا جیساکہ گزرا، یا رویت بصیرت یہ تمام جسمانی حجابات دور فرما کر مقام مشاہدہ سے سرفراز کرنے سے عبارت ہے جیساکہ یہ شرف انسانی افراد میں سے کامل حضرات کو حاصل ہوتا ہے (یا وہ الطاف و عنایات اور خاص کمالات جن سے اللہ سبحانہ تعالی سرفراز فرمانا چاہے۔)

یہ شخص آیت مذکورہ کے صحیح معنی سمجھے بغیر اس بات کا قائل ہو کر کہ:"تمام انبیا بعض جہتوں سے حضور اقدس ﷺ سے افضل ہو سکتے ہیں" اس آیت کو بطور دلیل پیش کرتا ہے۔اور اسی طرح اس کا شیخ قرآن کریم کی آیتوں اور احادیث نبویہ کے غلط معانی سمجھ کر بندگان خدائے تعالی کو گمراہ کرتا ہے۔شاید اس قائل کی غلط فہمی کا سبب یہ ہے کہ اس

---

(۱) پ ٤، آل عمران: آیت ۱۱ ع ۲

نے ماسبق میں تفسیر مظہری کے حوالہ سے یہ نقل کیا:

("-الفضل:هو زيادة أحد الشيئين على أخر فى وصف مشترك بينهما.

وفى العرف و الاصطلاح :يختص ذلك بالكمال وهو مايقتضى مدحاً فى الدنيا وثواباً فى الأخرة ، فإن كان أحدهما مختصابالكمال والأخر بوصف كمال أخر فلكل واحد منهما فضلٌ جزئيٌ على الأخرِ فى مطلقِ الكمال أعنى فى استحقاق المدح و الثواب")[1]

فضیلت یہ ہے کہ:دو چیزوں میں سے ایک دوسرے سے اس وصف میں زیادہ ہو جو ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔اور عرف واصطلاح میں یہ صرف وصف کمال کے اعتبار سے ہوتی ہے جو دنیا میں تعریف اور آخرت میں اجر وثواب کا موجب ہوتا ہے تو اگر ان دونوں میں سے ہر ایک میں ایک ایک خاص وصف کمال ہو جو دوسرے میں نہ ہو تو ان دونوں میں سے ہر ایک مطلق کمال یعنی استحقاق مدح وثواب میں دوسرے سے جزئی اعتبار سے افضل ہوگا۔

اس قائل نے جملہ شرطیہ:تو اگر ان دونوں الخ سے یہ سمجھا کہ:ہر رسول دوسرے تمام رسولوں سے بعض اعتبار سے افضل ہوسکتا ہے اور اپنے اس گمان کے سبب اس گمراہی میں پھنسا کہ اس نے یہ گمان کیا کہ:ہر رسول بعض فضیلتوں کے لحاظ سے جزئی طور پر حضور اقدس ﷺ سے افضل ہے۔اس نے یہ نہ جانا کہ یہ جملہ شرطیہ ہے اور کسی نبی اور رسول میں کوئی ایسا فضل و کمال اور ایسی کرامت نہیں جو آپ کو بدرجۂ اتم واکمل حاصل نہ ہو جیسا کہ گزرا۔اور یہ جملہ شرطیہ، مذکورہ آیت کریمہ کا معنی نہیں ہے۔اور صاحب تفسیر مظہری نے اس آیت کا یہ معنی نہیں بیان کیا ہے کہ:ہر رسول دوسرے تمام رسولوں سے جزوی طور پر افضل ہے بلکہ انھوں نے اس آیت کی یہ تفسیر ذکر کی:

" وَرَفَعَ بَعۡضَهُمۡ دَرَجٰتٍ" على بعضهم أو على كلهم ، أما رفعُ درجات بعضهم على بعض ففى كثير من الأنبياء والرسل حيث فضّل الرسل على الأنبياء وأولى العزم من الرسل على غيرهم ونحو ذٰلك. و أما رفعُ درجات بعضهم على كلهم فذالك مختصّ بنبينا محمد ﷺ ثبت ذلك لوحى غير متلوّ و انعقد عليه الإجماع.[2]

یعنی اللہ تعالی نے بعض یا تمام رسولوں سے افضل بنایا، لیکن بعض رسولوں کو بعض رسولوں سے افضل فرمانا تو یہ بہت سے انبیا و رسل میں ہے کیوں کہ اس نے رسولوں کو انبیا سے افضل بنایا اور اولوالعزم رسولوں کو غیر اولوالعزم رسولوں سے افضل کیا وغیرہ لیکن بعض رسولوں کو تمام انبیا و رسل سے افضل فرمانا تو یہ فضیلت صرف ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے۔وحیِ غیر متلو سے آپ کی یہ کلی فضیلت ثابت ہے اور اس پر اجماع امت قائم ہے۔

---

(۱) تفسیر مظہری ج:۱ ص:۳۸۲ سورۂ بقرہ

(۲) تفسیر مظہری ج ۱ ص:۱/ ۳۸۹ سورۂ بقرہ

صاحب تفسیر مظہری کا یہ کلام اس قائل کے زعم کے خلاف روشن نص ہے۔ صاحب تفسیر مظہری کے کلام میں دو طرح کا خدشہ رہ جاتا ہے:

(۱) ان کے کلام کا مدلول یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ کے ارشاد: "وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ" میں "هُمْ" ضمیر کا مرجع تمام انبیائے کرام ہیں جیساکہ اس کی دلیل خود ان کا یہ کلام ہے: "أما رفع درجات بعضهم على بعض ففي كثير من الأنبياء و الرسل حيث فضل الرسل على الأنبياء" حالاں کہ "تِلْكَ الرُّسُلُ" سے پہلے اس کا مرجع مذکور ہے۔ اس آیت کریمہ کا مدلول انبیا پر رسولوں کو فضیلت دینا نہیں بلکہ اس کا مدلول بعض رسولوں کا بعض رسولوں سے افضل ہونا ہے۔

(۲) ان کے قول: "وأما رفعُ درجات بعضهم على بعضهم إلى أخره" کے ذریعہ بعض انبیا کے بعض سے افضل ہونے کی بنیاد اس پر ہے کہ اللہ سبحانہ کے قول: وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ" میں "بَعْضَهُمْ" سے بعض مبہم مراد ہے حالاں کہ دوسرے مفسرین نے یہ فرمایا ہے کہ: اس سے حضور اقدس ﷺ مراد ہیں اور یہ ابہام آپ کی تعظیم شان کے لیے اس اعتماد کی بنا پر ہے کہ اس سے وہ کامل ترین فرد متبادر ہوتا ہے جو اپنے سوا تمام رسولوں سے بدرجہا افضل ہے اور اس کلام کو تبعاً ذکر کیا تو اس سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ اس قائل کے اس کلام سے:

"اسی لیے مالک و معطی فضائل جل شانہ نے رسل متفاضل علیہم السلام کی باہمی فضیلت و برتری کو مختلف طریقوں سے ذکر فرما کر اس پر تنبیہ کرنے کے لیے تصریح فرمائی"

اگر اس کی یہ مراد ہے کہ اللہ سبحانہ نے بعض رسولوں کو بعض رسولوں سے افضل فرما کر فضیلت کی بعض صورتوں کو بیان فرمایا ہے تو اس سے اس کا مقصد حاصل نہ ہوگا کیوں کہ اس سے کسی رسول کا بعض حیثیتوں سے رسول اکرم ﷺ سے افضل ہونا لازم نہیں آتا۔ اور اگر اس کی یہ مراد ہے کہ اللہ سبحانہ نے ہر رسول کو دوسرے تمام رسولوں سے افضل فرما کر باہم افضل ہونے والے ہر رسول کی فضیلت کی مختلف جہتوں کی تصریح فرمائی ہے تو یہ اس کی غلط فہمی ہے۔ اللہ سبحانہ نے ہر رسول کو دوسرے تمام رسولوں سے افضل نہیں بنایا ہے اس آیت کریمہ کا معنی و مفہوم صرف اتنا ہے کہ: "اللہ سبحانہ نے بعض رسولوں مثلاً اولو العزم رسولوں کو دوسرے رسولوں مثلاً غیر اولو العزم رسولوں سے افضل بنایا ہے اور بعض اولو العزم رسولوں مثلاً حضور اقدس ﷺ کو دوسرے اولو العزم رسولوں سے افضل بنایا ہے۔ اور اللہ سبحانہ نے فضیلت کی جو بعض جہتیں ذکر فرمائیں مثلاً یہ فرمایا:

"مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَاٰتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَأَيَّدْنٰهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ "[1] ان میں سے بعض سے اللہ نے کلام فرمایا" اور "ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو کھلی نشانیاں عطا کیں اور روح القدس کے ذریعہ ان کو قوت بخشی"

---

(۱) پ:۳، البقرة

یہ ایسی فضیلتیں نہیں ہیں جن سے کسی اولوالعزم رسول کا حضور اقدس ﷺ سے افضل ہونا مستفاد ہو؛اس لیے کہ: "مَنْ كَلَّمَ اللهُ "میں حضور اقدس ﷺ کی ذات پاک داخل ہے جیسا کہ مفسرین کرام نے فرمایا ہے کہ:

"هو موسى عليه السلام و محمد ﷺ فكلّم موسى ليلة الخيرةِ و فى الطّور و محمدًا ليلة المعراج حين قاب قوسين أو أدنیٰ"

اس سے حضرت موسی علیہ السلام اور محمد ﷺ مراد ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے "انتخاب" کی رات میں اور طور پہاڑ پر کلام فرمایا اور محمد ﷺ سے شب معراج اس وقت کلام فرمایا جب کہ آپ اور آپ کے رب کے درمیان دو ہاتھ بلکہ اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔

اور اگر "مَنْ كَلَّمَ اللهُ" سے حضرت موسی علیہ السلام مراد ہوں تو اس صورت میں حضور اقدس ﷺ سے اس صفت کی نفی نہیں کی جاسکتی کیوں کہ حدیثوں سے یہ ثابت ہے کہ اللہ سبحانہ نے معراج کی رات حضور اقدس ﷺ سے کلام فرمایا اور اسی طرح آیات بینات (روشن معجزات) سے سرفراز فرمایا اور روح القدس (جبریل امین) کے ذریعہ آپ کی تائید و تقویت فرمائی تو ان جہتوں سے حضرت موسی یا حضرت عیسی علیہما السلام کا حضور اقدس ﷺ سے افضل ہونا لازم نہیں آسکتا جیسا کہ اس قائل کا زعم وخیال ہے۔

اور اسی سے اس قائل کے اس کلام کی حقیقت بھی معلوم ہوگئ:

"اگر مساوات میں فضیلت کے خاص اسباب کا ہونا شرط ہو تو افضل سے افضلیت کی نفی لازم آئے گی؛اس لیے کہ خاص اسباب فضیلت میں مشترک نہیں ہیں"۔

اس لیے کہ اس کلام کی بنیاد اس پر ہے کہ اس قائل کو یہ نہیں معلوم کہ حضور اقدس ﷺ ان تمام کمالات کے جامع ہیں جو حضرات انبیا علیہم السلام میں انفرادی طور پر موجود ہیں اور اس شخص نے جو یہ کہا کہ:

"اور لازم باطل ہے اس لیے کہ نص سے ان حضرات کا ایک دوسرے سے افضل ہونا ثابت ہے "اس کی بنیاد اس پر ہے کہ وہ آیت کریمہ کے معنی نہیں سمجھتا کیوں کہ آیت کریمہ کے معنی یہ ہیں کہ: بعض رسول دوسرے بعض رسولوں سے افضل ہیں نہ یہ کہ ہر ایک رسول دوسرے تمام رسولوں سے افضل ہے جیسا کہ اس سے پہلے جان چکے۔

تیسری وجہ: فضیلتیں مختلف جنس اور نوع کی ہوتی ہیں بعض فضائل و کمالات دوسرے فضائل و کمالات سے افضل ہوتے ہیں اور بعض فضائل و کمالات دوسرے فضائل و کمالات سے کم رتبہ ہوتے ہیں مثلاً رسالت، بغیر رسالت کی نبوت سے افضل ہے اور نبوت کے بغیر ولایت، نبوت سے کم رتبہ ہے۔ اور یہ حقیقت روشن بدیہیات سے ہے کہ جو شخص ایسی فضیلت سے متّصف ہو جو دوسری فضیلت سے افضل ہے وہ اس کم رتبہ فضیلت سے متّصف شخص سے افضل ہوتا ہے بلکہ بعض فضیلتیں بعض اشخاص کے لحاظ سے فضیلت ہیں اور بعض کے لحاظ سے فضیلت نہیں۔ مثلاً رسالت کے بغیر نبوت،

انبیائے غیر مرسلین کے لیے کمال ہے اور انبیائے مرسلین کے لیے نہیں بلکہ ان حضرات انبیائے مرسلین کے مقام ومرتبہ سے اس کا درجہ کم ہے۔ اور یہ بھی روشن وبدیہی ہے کہ: جو شخص کسی دوسرے شخص کے کمال کے افاضہ کا واسطہ ہو افاضہ کرنے والی یہ ذات، استفاضہ کرنے والی ذات سے افضل ہے؛ اس لیے کہ کمال کا افاضہ کرنے والی اور کمال کا استفاضہ کرنے والی دو ذاتوں کے درمیان فرق ایک بدیہی امر ہے اگرچہ کمال کا افاضہ کرنے والا مستقل علت نہ ہو۔ اور یہ بھی روشن بدیہیات سے ہے کہ: تمام کمالات اور فضائل واوصاف جس قسم کے بھی ہوں موصوف کے وجود کے تابع ہوتے ہیں۔ جولا شئ محض کسی بھی طرح وجود سے بہرہ ور نہیں کسی کمال اور فضیلت سے متّصف نہیں ہوسکتا؛ تو جو شخص کسی کے طفیل موجود ہو گا بہر حال اس دوسرے سے کم رتبہ ہو گا۔ اور یہ وہم کرنا کہ: "وہ اس دوسرے سے افضل ہے" غیر معقول ہے۔ ان مذکورہ مقدمات میں کسی کو کلام نہیں اگرچہ وہ عقل وایمان نہ رکھتا ہو۔

ان مقدمات کی تمہید کے بعد میرا کہنا یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل سے حضور اقدس ﷺ کو ایسے اعلی فضائل وکمالات سے نوازا ہے جن میں کوئی نبی ورسول آپ کا شریک نہیں ہے چہ جائے کہ کوئی نبی ورسول حضور اقدس ﷺ سے کسی طرح افضل واعلی ہو۔

اللہ سبحانہ نے آپ کو جو اعلی فضائل بخشے ہیں ان میں سے **ایک فضیلت** یہ ہے کہ: تمام ممکنات کی تخلیق وایجاد آپ ہی کے طفیل ہے۔ اور اللہ تعالی نے سب سے پہلے آپ ہی کا نور پیدا فرمایا۔ اگر آپ جلوہ گر نہ ہوتے تو نہ آدم ہوتے نہ بنی آدم بلکہ نہ عالم ہوتا نہ اجزائے عالم، تو آپ کی شان رفعت یہ ہے کہ: اگر آپ تشریف نہ لاتے تو نہ فلک ہوتا نہ اس کی گردش، نہ زمانہ ہوتا اور نہ اس کا تغیر وانقلاب، نہ آدم ہوتے نہ ان کی اولاد، نہ ادریس ہوتے نہ ان کی نبوت و حکمت اور سلطنت اور نہ جنت ہوتی اور نہ اس میں ان کا داخلہ، نہ بلندی ہوتی نہ ان کا مقام بلند، نہ نوح ہوتے اور نہ ان کا طوفان، بلکہ نہ پانی ہوتا نہ اس کے موجوں کی طغیانی، نہ ان کے ہم رکاب ہوتے نہ ان کی کشتی، نہ آپ کی قوم، نہ اس کی غرقابی وبربادی، نہ ابراہیم ہوتے اور نہ ان کی آل اور نہ ان کی بادشاہت، نہ داؤد ہوتے اور نہ ان کے سلیمان، نہ موسی ہوتے نہ ان کا اژدہا، نہ فرعون ہوتا نہ اس کا ہامان، نہ عیسیٰ ہوتے اور نہ ان کے راہب وانصار، نہ دنیا ہوتی نہ اس کے کوائف و احوال، نہ زمین ہوتی اور نہ اس کے زلزلے، نہ قیامت ہوتی نہ اس کی ہولناکیاں، نہ جنت ہوتی اور نہ اس کا رضواں، نہ جہنم ہوتا اور نہ اس کی آگ جیسا کہ شرح شفا میں ہے:

"من المعلومِ أنه لو لا نورُ وجُودِه وظهورُ كرمِه و جُودِه لما خُلِقَ الأفلاكُ ولما وجد الأملاكُ فهو مظهرٌ للرحمةِ الإلٰهيةِ التي وسِعَتْ كلَّ شيءٍ من الحقائِقِ الكونيةِ المحتاجةِ إلى

نعمةِ الإیجادِ ثم إلی منحةِ الإمدادِ"(۱)

یعنی یہ ایک روشن حقیقت ہے کہ: اگر آپ کے وجود کا نور اور آپ کے جودوکرم کا ظہور نہ ہوتا تو نہ آسمان ہوتا اور نہ فرشتوں کا وجود، تو آپ ہی اس رحمت الٰہیہ کے مظہر ہیں جو ایجاد کی نعمت پھر امداد کی عنایت کی محتاج تمام حقائق موجودہ کو عام ہے۔

گزشتہ اوراق میں یہ حقائق تفصیل کے ساتھ مذکور ہو چکے تو تمام فضائل اور ان کے حامل حضرات حضور اقدس ﷺ ہی کے طفیل پردۂ عدم سے مَنصّۂ شہود پر جلوہ فگن ہوئے۔ آپ کے طفیل معرض وجود میں آنے والے انبیاورسل کو بعض حیثیتوں سے آپ سے افضل گمان کرنا ایسا ہی ہے جیسے بعض غالی بے دین یہ کہتے ہیں کہ: حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما حضور اقدس ﷺ سے افضل ہیں اور اس کی دلیل یہ دیتے ہیں کہ ان حضرات کے ماں باپ حضور اقدس ﷺ کے والدین کریمین سے افضل ہیں۔ انہیں یہ نہیں معلوم کہ ان حضرات کے ماں باپ کو کس ذات اقدس کے سبب اور کس ہستی کے طفیل یہ فضل وشرف ملا۔

(۲) ان فضائل وکمالات میں سے **ایک دوسرا فضل وکمال** یہ ہے کہ: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

"وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَا اٰتَيْتُكُمْ مِنْ كِتٰبٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ إِصْرِيْ قَالُوْا أَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَأَنَا مَعَكُمْ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ"(۲)

"اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں اور پھر تمہارے پاس وہ رسول تشریف لائے جو تمہاری کتابوں کی تصدیق کرے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا فرمایا: کیوں، تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا سب نے عرض کیا: ہم نے اقرار کیا فرمایا: تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں"۔

امیر المؤمنین سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"لم یبعث اللہ نبیا من اٰدم فمن بعدہ إلا أخذ علیہ العھد فی محمد ﷺ: لئن بعث و ھو حی لیؤمنن بہ و لینصرنہ و یاخذنَّ العھد بذالك علی قومہ ونحوہ عن السّدی و قتادۃ"

قال أبوالحسن القابسی: اختص اللہ محمدا ﷺ بفضل لم یوتہ غیرہ ابانہ بہ وھو ما ذکرہ فی ھذہ الاٰ یۃ.

قال المفسرون: أخذ اللہ المیثاق بالوحی فلم یبعث نبیا إلاو ذکر لہ محمدا ﷺ ونعتہ و

---

(۱) شرح شفا لملا علی قاری مع نسیم الریاض ج: ۱ص: ۱۰۵ برکات رضا پور بندر گجرات

(۲) پ: ۳، آل عمران

أخذ علیه أی علی کل نبی میثاقه و هو إن أدرکه لیؤمنن به .

و قیل:أن یبینه لقومه و یأخذ میثاقهم أن یبینوه لمن بعدهم وهکذا إلی أن یبعث فیؤمنوا به و قال الله سبحانه:

"وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَ مِنْكَ وَ مِنْ نُوحٍ وَإِبْرٰهِيمَ وَ موسىٰ وَعيسىٰ ابْنِ مَرْيَمَ وَ أَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيثَاقًا غَلِيظًا"

قال :أمیرالمؤمنین عمر بن الخطاب رضی الله تعالی عنه فی کلام بکی به النبیﷺ:بأبی أنت وأمی یا رسول الله! لقدْ بلغ من فضیلتك عند الله تعالی أن بعثك اٰخر الأ نبیاء و ذکرك فی أولهم فقال: " وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَ مِنْكَ وَ مِنْ نُوحٍ "الاٰیة

وقال قتادة: إن النبیﷺ قال:"کنت أول الأنبیاء فی الخلق واٰخرهم فی البعث" فلذالك وقع ذکره مقدما ههنا قبل نوح و غیره.

و قال الإمام أبو اللیث السمر قندی:فی هذا تفضیل نبیناﷺ لتخصیصه بالذکر قبلهم و هواٰخرهم بعثًاوالمعنی :أخذالله علیهم المیثاق إذ أخرجهم من ظهر اٰدم کالذر."(۱)

اللہ تعالی نے حضرت آدم اور آپ کے بعد جتنے انبیا علیہم السلام بھیجے محمد ﷺ کے بارے میں ان سب سے یہ عہد لیا کہ:"اگر وہ ان کی حیات میں مبعوث ہوں تو ضروران پر ایمان لائیں اور ان کی مدد کریں اور اپنی قوم سے بھی یہ عہد وپیمان لیں "سدی اور قتادہ سے اسی طرح مروی ہے۔ ابوالحسن قابسی نے کہا کہ:اللہ تعالی نے حضوراقدس ﷺ کو ایسی خاص فضیلتیں بخشیں جو کسی کو عطا نہ فرمائیں اس آیت میں اسی کا ذکر فرمایا ہے۔

مفسرین نے فرمایا کہ:اللہ تعالی نے وحی کے ذریعہ عہد وپیمان لیا تو جتنے انبیا بھیجے ان سب سے حضور اقدس ﷺ کی ذات وصفات کا ذکر کیا اور سب سے یہ عہد وپیمان لیا کہ:"اگر وہ ان کا زمانہ پائیں تو ضرور ان پر ایمان لائیں" اور ایک قول یہ ہے کہ:اپنی قوم کے درمیان اس نبی کا چرچا کریں اور ان سے یہ عہد وپیمان لیں کہ بعد میں آنے والی قوموں سے بھی اس نبی کا ذکر کریں اور یادوں کا یہ سلسلہ آپ کی بعثت تک جاری رہے پھرجب آپ مبعوث ہوں توآپ پر ایمان لائیں اور اللہ سبحانہ نے فرمایا:

"اور یاد کرو جب ہم نے تمام انبیا سے اور تم سے اور نوح اور ابراہیم اور موسی اور عیسیٰ ابن مریم سے محکم عہدوپیمان لیا"

امیر المومنین سیدنا عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ نے بارگاہ رسالت میں روتے ہوئے جو کلام عرض کیا اس میں آپ نے فرمایا

(۱) شفا وشرح شفا لملا علی قاری مع نسیم الریاض ۱/ ۲۴۲تا۲۵۲مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

کہ: "اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان اللہ تعالی کے نزدیک آپ کی فضیلت و برتری یہ ہے کہ: اس نے آپ کو تمام انبیا کے بعد مبعوث فرمایا اور تمام انبیا سے پہلے آپ کا ذکر فرمایا جیسا کہ فرمایا: "اور یاد کرو جب ہم نے تمام انبیا سے عہد و پیمان لیا اور تم سے اور نوح سے "الآیۃ

اور قتادہ نے کہا کہ: نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ: "میں تمام انبیا سے پہلے پیدا ہوا اور سب سے بعد میں مبعوث ہوا" اسی لیے اس آیت پاک میں نوح وغیرہ انبیا سے پہلے آپ کا ذکر فرمایا۔

اور امام ابو اللیث سمرقندی نے فرمایا کہ: "اس میں ہمارے نبی ﷺ کی فضیلت کا ذکر ہے اس لیے کہ اللہ تعالی نے اس آیت پاک میں تمام انبیا سے پہلے آپ کا ذکر فرمایا حالاں کہ آپ کی بعثت شریفہ سب سے بعد میں ہوئی۔ اس آیت کا معنی یہ ہے کہ: اللہ تعالی نے ان سب سے اس وقت عہد و پیمان لیا جب انہیں پشت آدم سے چیونٹیوں کی طرح نکالا۔

شرح شفا میں ہے:

"والمعنى أن للأنبياء ميثاقا خاصا بعد دخولهم فى الميثاق العام المعنى به قوله: "أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا: بَلٰى "بتبليغ الرسالة وأخص من هذا الميثاق ميثاق الأنبياء أصالة و أممهم تبعا أنه ﷺ لو فرض أنه وجد فى أى زمان من الأزمنة لتبعه جميع الأنبياء وجميع أممهم من الأولياء والعلماء والأصفياء فكأنهم تابعون له بالقوة و على فرضِ وقوعه بالفعلِ "(۱)

"یعنی اللہ تعالی نے انبیائے کرام علیہم السلام سے عام میثاق: "کیا میں تمہارا رب نہیں انھوں نے کہا: کیوں نہیں" کے بعد ایک خاص میثاق تبلیغ رسالت کا لیا اور اس خاص میثاق سے بھی زیادہ خاص وہ میثاق ہے جو اصالۃً تمام انبیا سے اور ان کی تبعیت میں ان کی امتوں سے لیا وہ یہ ہے کہ: اگر بالفرض حضور اقدس ﷺ کسی زمانہ میں موجود ہوں تو تمام انبیا اور ان کی امت کے تمام اولیا، علما و اصفیا ان کی اتباع کریں تو گویا یہ سارے حضرات بالقوہ آپ کے پیرو کار ہیں اور بتقدیر وقوعِ وجود بالفعل متبع ہیں۔"

پھر اس میں ہے:

"وفى كتاب القصص لوثيمة ابن الفرات يرفعه إلى أبى موسى الأشعرى أنه قال: لما خلق الله سبحانه و تعالى آدم عليه السلام قال له: يا آدم! فقال: نعم يا رب! قال: من خلقك؟ فقال: أنت يا رب خلقتنى قال: فمن ربك؟ قال: أنت لا إله إلا أنت. قال: فأخذ عليك الميثاق بهذا فقال: نعم، فأخرج الله سبحانه الحجر الأسود من الجنة وهو إذ ذلك أبيض و لو لا ما سوّده المشركون بمسّهم إياه لما اشتفى به ذو عاهة إلا شفى به فقال الله سبحانه: امسح يدك على الحجر بالوفاء ففعل ذلك فأمره با لسجود. فسجد لله سبحانه ثم أخرج من ظهره ذريته فبدأ بالأ

(۱) شرح شفا لملا علی قاری مع نسیم الریاض ج: ۱/ ۲۵۲ مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

نبیاء منهم و بدأ من الأ نبیاء بمحمد ﷺ فأخذ علیه العهد کما أخذه علی اٰدم ثم أخذ العهد علی الأ نبیاء والرسل کذالك و أن یؤمنوا بمحمد ﷺ وأن ینصروه إن أدرکهم زمانه فالتزموا ذلك وشهد به بعضهم علی بعض وشهد الله سبحانه بذالك علی جمیعهم وأخذ بعد ذلك العهد علی سائر بنی اٰدم فسجدوا کلهم إلا الکافرین والمنافقین لم یطیقوا ذلك لصیاصیَ خلقت فی أصلابهم" الحدیث[1]

وقال ﷺ "بُعِثْتُ إِلَی الْخَلْقِ کافَّةً وقال ﷺ :وَأُرْسِلْتُ إِلَی الْخَلْقِ کَافَّةً فهُوَ ﷺ مَبْعُوْثٌ إِلٰی کَافَّةِ الْعَالَمِیْنَ مِنَ السابقین و اللاحقین".

"ترجمہ:- پھر آپ نے فرمایا کہ وثیمہ ابن فرات کی کتاب القصص میں ابو موسی اشعری سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: جب اللہ سبحانہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو اس نے آپ سے فرمایا: اے آدم! تو آپ نے عرض کیا: ہاں اے میرے رب! تو فرمایا: تمھیں کس نے پیدا کیا؟ تو عرض کیا: اے رب! تو نے، تو فرمایا: تمہارا رب کون ہے؟ تو عرض کیا، تو تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو فرمایا: تو میں تم سے اس بات کا عہد و پیمان لیتا ہوں تو عرض کیا: ٹھیک ہے تو اللہ سبحانہ نے جنت سے حجر اسود کو نکالا جو اس وقت سفید تھا اور اگر مشرکین اسے چھو کر سیاہ نہ کر دیتے تو اس سے جو بھی مصیبت زدہ شفا طلب کرتا شفایاب ہوتا تو اس کے بعد اللہ سبحانہ نے فرمایا: اس پتھر پر وفائے عہد کے لیے اپنا ہاتھ لگاؤ، انھوں نے تعمیل کی۔ پھر آپ کو سجدہ کا حکم فرمایا تو آپ نے اللہ سبحانہ کو سجدہ کیا پھر آپ کی پشت سے آپ کی ذریت کو نکالا تو سب سے پہلے انبیا اور ان انبیا سے پہلے محمد ﷺ کو نکالا تو اللہ سبحانہ نے حضور اقدس ﷺ سے وہی عہد لیا جو آدم علیہ السلام سے لیا پھر تمام انبیا و رسل سے ایسا ہی عہد لیا اور ان سب سے یہ عہد لیا کہ: "محمد ﷺ پر ایمان لائیں اور اگر آپ کا زمانہ انہیں حاصل ہو تو آپ کی مدد بھی کریں تو ان سب نے اپنے اوپر اس عہد کو لازم کر لیا اور ایک نے دوسرے کو اس عہد پر گواہ کیا اور اللہ سبحانہ نے تمام انبیا و رسل پر اس عہد کی شہادت دی۔ اس عہد و پیمان کے بعد تمام اولاد آدم سے عہد لیا تو کافروں اور منافقوں کے سوا سب کے سب سجدہ ریز ہو گئے ان کافروں اور منافقوں نے اپنے اندر اس سجدہ کی طاقت نہ پائی اس لیے کہ ان کی صلبوں میں کانٹے پیدا کر دیے گئے۔"

اور آپ نے فرمایا: میں تمام مخلوق کی طرف بھیجا گیا اور فرمایا: مجھے تمام مخلوق کا رسول بنا کر بھیجا گیا تو آپ ساری دنیا کے سابقین ولاحقین کے رسول ہیں۔ تو آپ در حقیقت تمام انبیا کے نبی ہیں اور اسی لیے آپ نے یہ فرمایا ہے کہ:

"لَوْ کَانَ موسیٰ حَیًّا مَا وَسِعَهٗ إِلَّا اتِّبَاعِیْ"[2]

---

(۱) شرح شفا لملا علی قاری ۱/ ۲۵۲ برکات رضا پور بندر گجرات

(۲) شعب الایمان ج:۱ ص:۳۴۷ مکتبۃ الرشد للنشر والتوزیع بالریاض

اگر موسی زندہ ہوتے تو میری اتباع کے بغیر انہیں چارہ نہ ہوتا۔

اور حضرت ابراہیم و عیسیٰ علیہما السلام جو اولوالعزم رسول ہیں قیامت کے دن آپ کی امت میں ہوں گے اور حضرت آدم اور تمام انبیا اس دن آپ کے لواء الحمد کے نیچے ہوں گے اور حضرات انبیائے کرام علیہم السلام کی روحوں پر کمالات و کرامات کا افاضہ آپ ہی کی روح مقدس کے واسطے سے ہوا۔ اور آپ کی طرف تمام انبیا کی نسبت ایسی ہی ہے جس طرح رسول کی طرف اس کی امت کی نسبت ہے اور افاضہ کرنے والے کی طرف استفاضہ کرنے والے کی، تو یہ وہم کرنا کہ: "ہر ایک نبی اور رسول بعض حیثیتوں سے آپ سے افضل ہیں" یہ وہم کرنا ہے کہ: "امت کا ہر ہر فرد اپنے رسول سے اور استفاضہ کرنے والا افاضہ کرنے والی ذات سے افضل ہے"۔ ایسا باطل وہم ایمان سے بہرہ رکھنے والے شخص کے دل میں نہیں سما سکتا۔

(۳) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ان جملہ کمالات میں سے ایک کمال یہ ہے کہ: آپ اللہ عزوجل کے حضور تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ مکرم ہیں اور مضاف الیہ (اولین وآخرین) کے عموم میں تمام انبیا و رسل علیہم السلام داخل ہیں۔ نیز آپ تمام اصحاب یمین اور سابقین سے افضل ہیں جیسا کہ سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

"إن الله تعالى قسّم الخلق قسمين فجعلني من خيرهم قسما".

فذلك قوله تعالى: " أَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ وَأَصْحٰبُ الشِّمَالِ "فأنا من أصحاب اليمينِ وأنا خيرُ أصحابِ اليمينِ ثم جعل القسمين أثلاثا فجعلني في خيرها ثلثا وذلك قوله تعالى: "فَأَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ وَأَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ" فأنا من السابقين وأنا خير السابقين ثم جعل الأثلاث قبائل فجعلني من خيرها قبيلة وذلك قوله تعالى: (وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ) الآية فأنا أتقى ولد آدم وأكرمهم على الله ولا فخر، ثم جعل القبائل بيوتا فجعلني من خيرها بيتا فذلك قوله تعالى: (إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ) (۱) "

(طبرانی نے معجم اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور علامہ قاضی عیاض نے بہ سند خود شفا شریف میں حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے)

"بے شک اللہ تعالیٰ نے خلق کی دو قسمیں کیں: تو مجھے ان میں سے بہتر قسم میں رکھا اور یہ وہ بات ہے جسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اصحاب یمین "(جن کے نامہ اعمال ان کے داہنے ہاتھوں میں دیے گئے) اور "اصحاب شمال "(جن کے نامہ اعمال ان کے بائیں ہاتھ میں دیے گئے) تو میں داہنے ہاتھ والوں سے ہوں اور میں سب داہنے ہاتھ والوں سے بہتر ہوں۔ پھر ان دو قسموں کے تین حصے کیے: تو مجھے بہتر حصے میں رکھا اور یہ خدا کا وہ ارشاد ہے کہ: "داہنے ہاتھ والے اور بائیں ہاتھ

(۱) پ:۲۲، الاحزاب:۳۳

والے اور سابقین" تو میں سابقین میں ہوں اور میں سب سابقین میں بہتر ہوں۔ پھر ان حصوں کے قبیلے بنائے تو مجھے بہتر قبیلے میں رکھا اور یہ خدا کا وہ فرمان ہے کہ: "ہم نے تمہارے تعارف کے لیے تمھیں شاخیں اور قبیلے کیے" (یعنی إلی قوله تعالی: "إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللهِ أَتْقَكُمْ " بے شک تم سب میں زیادہ عزت والا خدا کے یہاں وہ ہے جو تم سب میں زیادہ پر ہیز گار ہے") تو میں سب آدمیوں سے پر ہیز گار ہوں اور سب سے زیادہ اللہ کے یہاں عزت والا اور اس سے کچھ فخر مقصود نہیں۔ پھر ان قبیلوں کے خاندان کیے تو مجھے بہتر خاندان میں رکھا اور یہ اللہ تعالی کا وہ کلام ہے کہ: "اے نبی کے گھر والو! خدا یہی چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی دور کرے اور تمھیں ستھرا کر کے خوب پاک کر دے۔"

اور ظاہر ہے کہ "أصحاب اليمين" اور اس حدیث میں واقع "خير" کے مضاف الیہ کے عموم میں تمام انبیا و رسل داخل ہیں۔ نیز یہ ارشاد ہوا:

"أنا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ القِيامَةِ" میں روز قیامت تمام انسانوں کا سردار ہوں۔

اس حدیث میں "الناس " یعنی تمام انسانوں کے عموم میں حضرت آدم اور تمام بنی آدم داخل ہیں اس لیے یہ وہم کرنا غلط فہمی اور بد عقیدگی کے سوا اور کچھ نہیں کہ: "تمام انبیا و رسل بعض حیثیتوں سے آپ سے افضل ہیں"۔

(۴) آپ کے جملہ کمالات رسالت سے یہ ہے جو حدیث اسرا میں وارد ہے کہ:

"فقال تبارك وتعالى له (أى للنبى ﷺ): سل ، فقال: إنك اتخذت إبراهيم خليلا وأعطيته ملكا عظيما ، وكلمت موسى تكليما ، وأعطيت داود ملكا عظيما وألنت له الحديد وسخّرت له الجبال ، وأعطيت سليمان ملكا عظيما وسخّرت له الجن والإنس والشياطين ، والرياح وأعطيته ملكا لا ينبغي لأحد من بعده ، وعلمت عيسى التوراة والإنجيل ، وجعلته يبرئ الأكمه والأبرص ، وأعذته وأمّه من الشيطان الرجيم ، فلم يكن له عليه ما سبيل ، فقال له ربه تبارك وتعالى: قد اتخذتك خليلا وحبيبا ، فهو مكتوب في التوراة: "محمد حبيب الرحمن". وأرسلتك إلى الناس كافة وجعلت أمتك هم الأولون وهم الآخرون وجعلت أمتك لا تجوز لهم خطبة حتى يشهدوا أنك عبدى ورسولى وجعلتك أول النبيين خلقا وآخرهم بعثا وأعطيتك سبعا من المثانى ولم أعطها نبياً قبلك وأعطيتك خواتيم سورة البقرة من كنز تحت عرشي لم أعطها نبيا قبلك وجعلتك فاتحاً وخاتماً"(۱)

"یعنی اللہ تبارک و تعالی نے نبی پاک ﷺ سے فرمایا: مانگو تو آپ نے عرض کیا: بے شک تو نے ابراہیم کو خلیل بنایا اور انہیں عظیم بادشاہت بخشی اور موسی سے کلام فرمایا اور داود کو عظیم سلطنت دی اور ان کے ہاتھوں میں

---

(۱) شفا ج:۱ ص:۱۸۳ و ۱۸۴ فصل فى تفضيله بما تضمنته كرامة الإسراء من المناجاة والرؤية، مركز اهل سنت بركات رضا پور بندر گجرات، تهذيب الآثار

لوہا نرم فرمایا اور تمام پہاڑوں کو ان کے تابع فرمان بنایا اور سلیمان کو عظیم سلطنت عطا فرمائی اور جنات و انسان اور شیاطین کو ان کے زیر نگیں کیا اور ہواؤں کو ان کے تابع فرمان کیا اور انہیں ایسی بادشاہت عطا فرمائی جو ان کے بعد کسی کو شایاں نہیں اور تو نے عیسیٰ کو توریت و انجیل سکھایا اور انہیں مادر زاد اندھوں اور سفید داغ والوں کو شفا دینے والا اور اپنے حکم سے مردوں کو زندہ کرنے والا بنایا اور انہیں اور ان کی ماں کو مردود شیطان سے محفوظ رکھا تو اس کا داو، ان دونوں پر کبھی نہ چلا، تو آپ کے رب تعالیٰ نے آپ سے فرمایا: اور میں نے تمھیں اپنا حبیب بنایا تو توریت میں یہ لکھا ہوا ہے: "محمد رحمان کے حبیب ہیں" اور میں نے تمھیں تمام انسانوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا اور میں نے تمہاری ہی امت کو اولین و آخرین بنایا اور تمہاری امت کے لیے اس وقت تک کوئی خطبہ جائز نہ رکھا جب تک کہ وہ یہ گواہی نہ دے دیں کہ: تم میرے خاص بندے اور رسول ہو اور میں نے تمھیں تمام انبیا سے پہلے پیدا فرمایا اور سب سے آخر میں مبعوث فرمایا اور سبع مثانی (بار بار پڑھی جانے والی سات آیتیں) عطا کیں جنھیں تم سے پہلے کسی کو عطا نہ کیا اور میں نے تمھیں اپنے زیر عرش کے خزانہ سے سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں عطا کیں جنھیں تم سے پہلے کسی نبی کو عطا نہ کیا اور تمھیں فاتحِ بابِ رسالت اور خاتمِ دورِ نبوت کیا۔"

تو اللہ سبحانہ کے اس ارشاد سے یہ روشن ہے کہ: اللہ سبحانہ نے آپ کو حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت داود، حضرت سلیمان اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کے فضائل سے افضل فضائل و کمالات عطا فرمائے۔ اور آپ کو جن خاص فضائل و کمالات سے نوازا ہے ان کے سبب آپ کو تمام انبیا و مرسلین سے افضل بنایا ہے۔ اور اس نے آپ کو یہ خاص فضیلتیں عطا فرما کر آپ کو دوسرے تمام انبیا و رسل سے افضل بنایا ہے۔ آپ کو اول و آخر بنا کر، سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں اور سبعِ مثانی عطا فرما کر، تمام مخلوق سے پہلے پیدا فرما کر، سب سے بعد میں مبعوث فرما کر، آپ کی امت کو اول و آخر ہونے کا شرف بخش کر جو حضور کے اول و آخر ہونے کا صدقہ ہے، آپ کو تمام انسانوں کا رسول بنا کر جو ختم نبوت کے لیے لازم ہے اور آپ کو اپنی خاص محبوبیت عطا فرما کر دوسرے انبیا و رسل سے افضل بنایا ہے۔

اور جب ان حضرات انبیائے کرام کے فضائل آپ کے فضائل کے لحاظ سے کم رتبہ ہیں۔ تو لا محالہ وہ حضرات آپ سے کم رتبہ ہیں دوسرے انبیا و رسل کو بعض جہتوں سے آپ سے افضل خیال کرنا محض تخییل ہے جو تفضیل کے معنی کی تحصیل سے خالی اور گمرہی و گمراہ گری پر مبنی ہے۔

"اس سے یہ بات بھی روشن ہوگئی کہ: اس قائل کے اس کلام سے:

تو یہ بات ثابت ہوگئی کہ خاص وصف خاتمیت میں مشترک نہ ہونے کے سبب شریک و مساوی کے ممکن ہونے کا انکار تفضیل کے قاعدہ سے غفلت کی بنا پر ہے اور گمراہ گری کا پتہ دیتا ہے۔"

اللہ عزوجل کا تفضیل کے قاعدے سے جاہل ہونا لازم آتا ہے جو اس مخالف کے کفر کو مستلزم ہے۔ اگر خاتمیت اور بعثت میں سب سے آخری نبی ہونے اور تمام انسانوں کا رسول ہونے کی صفت (جو خاتم کے لیے لازم ہے) اس بات کا افادہ

نہ کرے کہ آپ دوسرے انبیاورسل سے افضل ہیں جن کا کوئی شریک ونظیر نہیں تو یہ کلام قدسی بلاوجہ اور بے معنی ہوگا حالاں کہ اس کا مقصود یہ واشگاف کرنا ہے کہ: "آپ اُن رسولوں سے افضل ہیں جو آپ کے کلام میں مذکور ہیں۔" اس مخالف کا حال یہ ہے کہ اس کے دل میں جو کچھ آتا ہے ہرزہ سرائی کرتا ہے۔

(۵) آپ کے جملہ کمالات رسالت سے یہ ہے کہ حدیث اسرا میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

"ثم لقوا (أي النبي وجبرئيل ومن معه من الملائكة) أرواح الأنبياء فأثنوا على ربهم وذكر كلام كل واحد منهم وهم إبراهيم وموسى وعيسى وداود وسليمان ثم ذكر كلام النبي ﷺ فقال(أى أبو هريرة): وإن محمدا ﷺ أثنى على ربه عز وجل فقال: كلكم أثنى على ربه وأنا أثنى على ربى فقال:الحمد لله الذى أرسلني رحمة للعالمين وكافةً للناس بشيرا ونذيرا وأنزل عليّ الفرقان فيه تبيانُ كل شئ وجعل أمتي خير أمة وجعل أمتي أمة وسطا وجعل أمتي هم الأولون وهم الآخرون وشرح لى صدري ووضع عنى وزرى ورفع لى ذكرى وجعلني فاتحا وخاتما فقال إبراهيم: بهذا فَضَلَكُمْ مُحَمَّدٌ" (۱)

یعنی نبی پاک اور جبریل علیہما السلام اور آپ کے ہم رکاب ملائکہ نے انبیا کی روحوں سے ملاقات کی تو انھوں نے اپنے رب کی تعریف کی اور ان میں سے ہر ایک کا کلام ذکر کیا وہ انبیا حضرات ابراہیم، موسی، عیسٰی، داود اور سلیمان علیہم السلام ہیں پھر اپنے نبی پاک ﷺ کا کلام ذکر کرتے ہوئے حضرت ابو ہریرہ نے کہا کہ: محمد ﷺ نے اپنے رب کی تعریف و توصیف کرتے ہوئے فرمایا کہ: تم میں سے ہر ایک نے اپنے رب کی ثنا کی اور میں اپنے رب کی ثنا کرتا ہوں تو آپ نے اس طرح ثنا فرمائی کہ: تمام تعریف اللہ کے لیے جس نے مجھے ساری دنیا کے لیے رحمت اور تمام انسانوں کو خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا، مجھ پر فرقان اتارا جس میں ہر شئے کا روشن بیان ہے، میری امت کو سب سے بہتر اور افضل امت بنایا، اسے اولین وآخرین بنایا، میرا سینہ کشادہ فرمایا مجھ سے میرا بار اتارا، میرا ذکر میرے لیے بلند فرمایا اور مجھے فاتح اور خاتم بنایا"۔ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ: اسی لیے محمد ﷺ آپ لوگوں سے افضل ہوئے۔

اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ: حضور اقدس ﷺ کے وصف خاتمیت اور دوسری خاص فضیلتوں سے متصف ہونے کے سبب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آپ کو دوسرے تمام انبیاورسل سے افضل قرار دیا اور فرمایا:

" بِهٰذَا فَضَلَكُمْ مُحَمَّدٌ" اسی وجہ سے محمد ﷺ آپ لوگوں سے افضل ہوئے۔

اگر اس قائل کے علم میں خاص وصف خاتمیت میں برابر نہ ہونے کے سبب شریک ومساوی کی نفی اس بنا پر ہے کہ

(۱) شفا ج:۱ ص:۱۸۲، فصل فى تفضيله بما تضمنته كرامة الإسراء من المناجاة والرؤية، مركز اهل سنت بركات رضا پور بندر گجرات

نفی کرنے والا تفضیل کے قاعدہ سے غافل ہے اور یہ نفی اس کی گمراہ گری کا پتا دیتی ہے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے ارشاد مذکور کے ذریعہ خاتمیت اور فضیلت کے دوسرے خاص اسباب کے تحت آپ کو تمام انبیاو رسل سے افضل قرار دیا اور آپ کے شریک و مساوی کی نفی فرمائی وہ کس قاعدہ کی بنا پر ہے اور وہ کس چیز کا پتا دیتی ہے؟ ممکن ہے کہ اس قائل کے زعم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی تفضیل کے قاعدہ سے غافل تھے اور آپ کا معمول و مقصود گمراہ گری تھا العیاذ باللہ تعالی۔ اس قائل کے اس قسم کے کلمات اس کے کفر کو مستلزم ہیں۔

(۶) آپ کے جملہ کمالات و فضائل و خصائص میں سے یہ ہے کہ شرح شفا میں ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"نزل علیّ جبریل فسلّم علیّ فقال فی سلامه: السلامُ علیك یا أولُ، السلامُ علیك یاآخرُ، السلامُ علیك یاظاهرُ، السلامُ علیك یا باطنُ فا نکرت ذالك علیه وقلت: یا جبریل! کیف یکون هذه الصفة لمخلوق مثلی؟ وإنما هذه صفة الخالقِ الذی لا یلیق إلا ه فقال یا محمد: اعلم أن الله أمر نی أن أسلم بها علیك لأنه قد فضلك بهذه الصفة وخصك بها علی جمیعِ النبیین والمرسلین فشقّ لك اسما من اسمه ووصفا من وصفه وسمّاك با لأول لأنك أولَ الأنبیاء خلقا وسمّاك با لأخرِ لأنك آخرالأ نبیاء فی العصر وخاتم الأ نبیاءالی أخر الأمم وسمّاك بالباطن لأنه تعالی کتب اسمك معه اسمه بالنور الأحمرِ فی ساق العرش قبل أن یخلق أباك آدم بألفی عام إلی ما لاغا یة له ولا نها یة فأمرنی با لصلاة علیك فصلیت علیك یا محمد ألف عام بعد ألف عام حتی بعثك الله بشیر او نذیرا وداعیا إلی الله با ذنه و سراجا منیرا وبالظاهر لأنه أظهرك فی عصرك هذا علی الدین کله وعرف شرعك وفضلك أهل السمٰوات والأرض فما منهم أحد إلا وقد صلی علیك وسلم فربك محمود وأ نت محمد وربك الأول والآخر والظاهر والباطن وأنت الاول والآخر والظاهر والباطن فقال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: الحمد لله الذی فضلنی علی جمیع النبیین حتی فی اسمی وصفتی". [1]

میرے پاس جبریل آئے تو مجھے سلام کیا: السلام علیك یا اول، السلام علیك یا آخر، السلام علیك یاظاهر، السلام علیك یا باطن، تو مجھے ان کا یہ سلام پسند نہ آیا اور میں نے کہا: اے جبریل! مجھ جیسی مخلوق کی یہ صفت کیسے ہوگی؟ یہ تو خالق کی شان ہے اسی کو یہ صفت زیبا ہے تو انھوں نے عرض کیا: اے محمد! صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ یقین جانیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے آپ کی خدمت میں اس طرح سلام پیش کرنے کا حکم فرمایا ہے؛ اس لیے کہ اس

(۱) شرح شفا لملا علی قاری مع نسیم الریاض ۲/ ۴۲۵ مرکز اهل سنت برکات رضا، پور بندر گجرات

نے اس صفت کے ذریعہ تمام انبیا و مرسلین پر آپ کو فضیلت و خصوصیت بخشی تو اس نے آپ کے لیے اپنے نام سے ایک نام اور اپنے وصف سے ایک وصف مشتق فرمایا اور آپ کا نام "اول "اس لیے رکھا کہ آپ تمام انبیا سے پہلے پیدا ہوئے اور آپ کا نام "آخر "اس لیے رکھا کہ آپ زمانے میں سب سے آخری نبی اور سب سے آخری امت کی جانب سب سے آخری نبی ہیں اور آپ کا نام "باطن "رکھا اس لیے کہ اللہ تعالی نے ساق عرش پر آپ کا نام اپنے نام پاک کے ساتھ سرخ نور سے لکھا یہ حضرت آدم کی تخلیق سے پہلے ہوا، اس زمانے تک کے لیے جس کی کوئی حدو نہایت نہیں۔ تو اس نے مجھے آپ پر درود بھیجنے کا حکم دیا تو اے محمد! ﷺ ایک ہزار سال کے بعد ایک ہزار سال آپ پر درود بھیجا یہاں تک کہ اللہ تعالی نے آپ کو بشیر و نذیر اور اپنے حکم سے اللہ کی طرف داعی اور سراج منیر بنا کر مبعوث فرمایا اور آپ کا نام "ظاہر" اس لیے رکھا کہ اس نے آپ کو آپ کے اِس زمانے میں تمام دینوں پر غالب فرمایا، آپ کی شریعت اور آپ کے فضل و شرف سے تمام آسمان اور زمین والوں کو روشناس فرمایا تو ان میں سے ہر ایک نے آپ پر درود و سلام پیش کیا تو آپ کا رب محمود ہے اور آپ محمد ہیں اور آپ کا رب اول و آخر و ظاہر و باطن ہے اور آپ بھی اول و آخر و ظاہر و باطن ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: "تمام تعریف اللہ کے لیے جس نے مجھے تمام انبیا پر فضیلت بخشی یہاں تک کہ نام اور صفت میں بھی۔

اس حدیث سے یہ ثابت ہے کہ: حضور اقدس ﷺ ہر اعتبار سے تمام انبیا سے افضل ہیں ورنہ آپ کا یہ ارشاد: "یہاں تک کہ نام اور صفت میں بھی "بے معنی ہوگا العیاذ باللہ تعالی۔ معلوم نہیں اس قائل کے اعتقاد میں حضرت جبریل علیہ السلام کا یہ ارشاد:

"لأنه فضلك بهذه الصفة وخصك بها على جميع النبيين والمرسلين "اس لیے کہ اللہ تعالی نے اس صفت کے ذریعہ آپ کو فضیلت بخشی اور یہ فضیلت صرف آپ ہی کو عطا فرمائی کسی اور نبی و رسول کو نہیں"۔

اور خود حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد:

"الحمد لله الذى فضّلني على جميع النبيين حتى فى اسمى وصفتي" تمام تعریف اللہ کے لیے جس نے مجھے تمام انبیا سے افضل فرمایا یہاں تک کہ نام اور صفت میں بھی"۔

بھی اس بنا پر ہے کہ آپ تفضیل کے قاعدہ سے غافل تھے اور آپ کا معمول و مقصود گمراہ گری تھا۔ اس مخالف کا یہ عقیدہ اسے جہنم رسید کرنے والا ہے اور اس کی منافقانہ چالیں اسے جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں لے جانے والی ہیں۔

(۷) آپ کے جملہ فضائل و کمالات میں سے یہ ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ:

"إن الله فضل محمدا ﷺ على أهل السماء وعلى الأنبياء صلوات الله تعالى وسلامه عليهم قالوا: فما فضله على أهل السماء قال: إن الله تعالى قال لأهل السماء: (وَمَنْ يَّقُلْ

مِنۡهُمۡ إِنِّيٓ إِلَٰهٞ مِّن دُونِهِۦ) الآیة —وقال لمحمد ﷺ:(إِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحٗا مُّبِينٗا)الآیة، قالوا:فما فضله علی الأنبیاء؟قال:إن الله تعالی قال:(وَمَآ أَرۡسَلۡنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوۡمِهِۦ) الآیة، وقال لمحمد ﷺ:(وَمَآ أَرۡسَلۡنَٰكَ إِلَّا كَآفَّةٗ لِّلنَّاسِ) فأرسله إلی الجن والإنس" [1]

"بے شک اللہ تعالی نے محمد ﷺ کو تمام آسمان والوں سے اور تمام انبیا صلوات اللہ تعالی وسلامہ علیہم سے افضل بنایا لوگوں نے عرض کیا:تو تمام آسمان والوں سے آپ کیسے افضل ہیں ؟تو فرمایا کہ:اللہ تعالی نے آسمان والوں سے فرمایا کہ:"اور ان میں سے جو یہ کہے کہ میں ہی معبود ہوں ، اللہ نہیں" تو اسے ہم جہنم کا بدلہ دیں گے۔"اور محمد ﷺ سے فرمایا :"بے شک ہم نے آپ کو کھلی فتح دی "لوگوں نے عرض کیا :تو آپ تمام انبیا سے کیسے افضل ہیں ؟ توفرمایا کہ:اللہ تعالی کا ارشاد ہے کہ:ہم نے کسی رسول کو نہ بھیجا مگر اس کی قوم کی زبان کے ساتھ۔اور محمد ﷺ سے فرمایا کہ:"ہم نے آپ کو تمام لوگوں کا رسول بنا کر بھیجا "تو اس نے آپ کو تمام جن وانس کا رسول بنا کر بھیجا۔

قرآن کریم کی اس آیت کریمہ سے مستنبط حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ارشاد پاک سے یہ ثبوت فراہم ہوتا ہے کہ آپ تمام انبیاورسل سے افضل ہیں؛اس لیے کہ آپ کی رسالت تمام جن وانس کی طرف عام ہے۔اس سے صاف ظاہر ہے کہ:کوئی نبی اور رسول کسی اعتبار سے آپ سے افضل نہیں کیوں کہ ان حضرات کے فضائل وکمالات میں سب سے اعلی فضل وکمال رسالت ہے اور آپ کے سوادوسرے انبیاورسل کی نبوت ورسالت آپ کی رسالت عامہ تامہ(جو تمام کمالات کا منبع اور تمام رسالتوں کا خاتمہ ہے)کے اعتبار سے کم رتبہ ہے تو کامل رسالت کی حامل ذات کے اعتبار سے ان رسالتوں کے حامل انبیاورسل کم رتبہ ہیں۔آپ کی عام رسالت، ختم نبوت کے درجات میں سے ایک درجہ اور آپ کی فضیلت کا ایک خاص سبب ہے۔اسی خاص سبب فضیلت کی بنا پر حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ:"حضور اقدس ﷺ تمام انبیا سے افضل ہیں"ممکن ہے اس نافہم کے اعتقاد میں حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی تفضیل کے قاعدے سے غافل اور مخاطب کی تضلیل کی طرف مائل ہیں۔جب اس گمراہ قائل کے کلام سے رب جلیل، حضور اقدس، حضرت ابراہیم خلیل اور حضرت جبریل کا تفضیل کے قاعدے سے جاہل اور تضلیل کی طرف مائل ہونا لازم آتا ہے تو اسے سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تجہیل وتضلیل کی کیا پرواہ ہوگی۔اس مخالف کی عیب کشائی کی اور بہت سی صورتیں ہیں مگر ہماری گزشتہ بحثیں ارباب بصیرت کے لیے کافی ہیں۔

---

(۱) شفا، الفصل الاول فی ما ورد من ذکر مکانته عند ربه والاصطفاء والتفضیل وسیادة ولد آدم ج:۱ ص:۱۷۱ و۱۷۲ مرکز اهل سنت برکات رضا، پوربندر گجرات .و ایضا مشکوة المصابیح ص:۵۱۵ ،باب فضائل سیدالمرسلین مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارك پور اعظم گڑھ

چوتھی وجہ: فضیلت کی دو قسمیں ہیں:

ایک یہ کہ: جو ذات اس فضیلت سے موصوف ہے اس کی ذات اس فضل و کمال کے وجود سے کامل ہو اور اس کا یہ فضل و کمال اس کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف متعدّی نہ ہو اور نہ ہی کسی دوسرے کو اس سے نفع پہونچے۔

دوسری قسم: اس فضیلت سے موصوف ذات کا فضل و کمال دوسرے تک متعدّی ہو اور دوسرے حضرات بھی اس موصوف کے فضل و کمال کے فیض سے فضائل و کمالات سے بہرہ اندوز ہوں۔ اور یہ قسم عموم فیض کے مراتب اور تعدیۂ افضال کے مدارج کے لحاظ سے حسبِ مراتب تفاوت رکھتی ہے۔ اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ دوسری قسم پہلی قسم سے افضل و اعلی ہے اور جو فضل و کمال متعدّی ہو یعنی اس کا فیض اور نفع دوسروں تک پہنچے اسے فضل و کمال کا نام دینا اس کے لحاظ سے اولی ہے جو غیر متعدّی ہو یعنی اس کا فیض اور نفع کسی اور تک نہ پہنچے۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ: "خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْفَعُ النَّاسَ" بہتر انسان وہ ہے جو دوسرے کو نفع بخشے" ظاہر ہے کہ ہدایت دینے والا ہدایت پانے والے سے اور بخشش کرنے والا بخشش طلب کرنے والے سے فضل و کمال میں برتر ہوتا ہے۔ اور یہ حقیقت بھی خوب واضح ہے کہ: کامل بنانے والا کامل سے اور نجات دینے والا نجات پانے والے سے افضل و اعلی ہوتا ہے۔ اور جس طرح ظاہری و باطنی کمالات اور دینی و دنیوی فضائل میں یہ فرق ہوتا ہے کہ: متعدّی یعنی جن فضائل و کمالات سے دوسرے لوگ فیضیاب ہوں وہ غیر متعدّی یعنی ان فضائل و کمالات سے افضل ہوتے ہیں جن سے دوسرے کو فیض حاصل نہیں ہوتا، اسی طرح قرب و ثواب کے باب میں بھی یہ روشن فرق ہے کہ جس شخص کے قرب و ثواب کے ذریعہ دوسروں کو قرب و ثواب حاصل ہو اس شخص کے قرب و ثواب سے افضل ہوتا ہے جس کا قرب و ثواب دوسروں کے قرب و ثواب کا ذریعہ نہ ہو۔

اور اسی طرح دوسری قسم کی فضیلت کے مختلف درجے ہیں جس فضیلت سے زیادہ لوگ فیض یاب ہوں اس فضیلت سے افضل و اعلی ہے جس سے کم لوگ فیض یاب ہوں۔ اور جب حضور اقدس ﷺ رحمۃ للعالمین اور صبح قیامت تک ساری خلقت کے رسول ہیں تو سارے عالم پر آپ کی رحمت اور گوناگوں دینی و دنیوی، ظاہری و باطنی فضائل و کمالات کا فیضان رہتی دنیا تک کے لیے عام و تام ہے۔ یہ خیال کرنا حد درجہ گمرہی و بے ایمانی اور جہالت و نادانی ہے کہ: "بعض نبی و رسول بعض جہتوں سے آپ سے افضل ہیں" یہ خیال ایسا ہی ہے کہ کوئی شخص کسی سائل کو ایک پیسہ دے اور کوئی بادشاہ ہزاروں ہزار کو سونے کی تھیلیاں دے اور کوئی احمق یہ کہے کہ: ایک پیسہ دینے والا شخص، ہزاروں ہزار کو سونے کی تھیلیاں دینے والے بادشاہ سے افضل ہے اس لیے کہ بادشاہ میں ایک گدا کو ایک پیسہ دینے کی صفت موجود نہیں ایسے بے وقوف کو کیا کہا جاسکتا ہے۔

پانچویں وجہ: فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا اور اللہ تعالی نے آپ کو بے ماں باپ کے پیدا فرمایا، حضرت ادریس علیہ السلام کو نبوت و حکمت و سلطنت عطا فرمائی اور جنت میں داخل فرمایا، حضرت نوح علیہ السلام نے اللہ عزوجل کے احکام کی تبلیغ و اشاعت میں ساڑھے نو سو سال تک اپنی امت کی ایذا رسانی برداشت فرمائی جس کے انتقام میں اللہ تعالی نے پورے

روئے زمین کو غرقاب فرمادیا اور آپ کے وسیلے سے حضرت آدم علیہ السلام کی نسل کو باقی رکھا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آتش کدۂ نمرود میں ڈالا گیا اور آپ نے اپنے فرزند ارجمند لخت دلبند حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اللہ کی رضا کی خاطر راہ خدا میں قربان کر دیا ان فضائل وکمالات کے سبب ان حضرات انبیاورسل کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے **افضل** کہنا حد درجہ حماقت ہے۔

اس کی **اجمالی وجہ** تو یہ ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ:

"أن النبي صلى الله عليه وسلم كانت روحه نورا بين يدى الله تعالى قبل أن يخلق آدم بألفى عام يسبح ذلك النور و تسبح الملائكة بتسبيحه فلما خلق الله تعالى آدم ألقى ذلك النور في صلبه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم :(فأهبطني الله إلى الأرض في صلب آدم وجعلني في صلب نوح فى السفينة وقذف بى في صلب إبراهيم ثم لم يزل الله تعالى ينقلني من الأصلاب الكريمة والأرحام الطاهرة حتى أخرجنى من أبوى لم يلتقيا على سفاح قط "(شفا)

حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے دو ہزار سال پہلے نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح اللہ عز وجل کی بارگاہ میں نور کا پیکر تھی۔وہ نور اللہ کی تسبیح کرتا رہا اور ملائکہ اس نور کی تسبیح کے سبب تسبیح کرتے رہے توجب اللہ تعالی نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو اس نور کو آپ کی صلب اطہر میں ڈالا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: پھر مجھے صلب آدم میں زمین پر اتارا اور کشتی نوح میں مجھے حضرت نوح علیہ السلام کی مقدس صلب میں رکھا اور مجھے حضرت ابراہیم کی صلب مبارک میں رکھا پھر مجھے عمدہ صلبوں سے پاکیزہ رحموں کی طرف منتقل فرماتا رہا، یہاں تک کہ مجھے میرے والدین کریمین سے پیدا فرمایا انھوں نے کبھی بدکاری نہ کی۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا میں فرمایا:

"وَ يَشْهَدُ بِصِحَّة هذا الخبرِ شعرُ العباسِ المشهورِ في مدح النبيِّ صلى الله عليه وسلم"

اس خبر کی صحت کا شاہد حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا وہ مشہور شعر ہے جسے آپ نے نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت پاک میں کہا۔

اور حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ بھی مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"لما خلق الله آدم أهبطني في صلبه إلى الأرض وجعلني في صلب نوح في السفينة وقذف بى في النار في صلب إبراهيم ثم لم يزل ينقلني في الأصلاب الكريمة إلى الأرحام الطاهرة حتى أخرجنى بين أبوى لم يلتقيا على سفاح قط)"(۱)

جب اللہ تعالی نے حضرت آدم کو پیدا فرمایا تو مجھے آپ کی صلب اطہر میں زمین پر اتارا اور مجھے کشتی نوح کے اندر صلب صلب نوح میں رکھا اور مجھے سیدنا ابراہیم کی صلب مقدس میں آتش نمرود کے اندر ڈالا، پھر مجھے عمدہ صلبوں سے پاکیزہ رحموں

---

(۱) شفا مع نسیم الریاض،الفصل الاول فیما ورد من ذکر مکانته عند ربه ،ج:۳،ص۱۲و۱۳ برکات رضا پور بندر گجرات

رحموں کی طرف منتقل فرماتا رہا، یہاں تک کہ مجھے میرے والدین سے پیدا فرمایا اور انھوں نے کبھی بدکاری نہ کی۔

اسی شفا میں ہے کہ: حضرت عباس ابن عبد المطلب رضی اللہ عنہما نے درج ذیل اشعار میں اسی کی طرف اشارہ فرمایا:

مِنْ قَبْلِهَا طِبْتَ فِي الظِّلَالِ وَفِيْ مُسْتَوْدَعٍ حَيْثُ يُخْصَفُ الْوَرَقُ

ثُمَّ هَبَطْتَّ الْبِلَادَ لَا بَشَرٌ أَنْتَ وَلَا مُضْغَةٌ وَلَا عَلَقُ

بَلْ نُطْفَةٌ تَرْكَبُ السَّفِيْنَ وَقَدْ أَلْجَمَ نَسْرًا وَّأَهْلَهُ الْغَرَقُ

تُنْقَلُ مِنْ صَالِبٍ إِلَى رَحِمٍ إِذَا مَضَى عَالَمٌ بَدَا طَبَقُ

ثُمَّ احْتَوَى بَيْتُكَ الْمُهَيْمِنُ مِنْ خِنْدِفَ عَلْيَاءَ تَحْتَهَا النُّطُقُ[۱]

آپ اس سے پہلے جنت کی پاکیزہ چھاؤں میں اور ایسی حفاظت گاہ میں تھے جہاں حضرت آدم و حوا کے برہنہ تن پر پتے چپکائے جا رہے تھے۔

پھر آپ شہروں میں جلوہ گر ہوئے اس وقت نہ آپ پیکر بشری میں تھے اور نہ گوشت کا ٹکڑا اور نہ خون بستہ۔

بلکہ ایک نطفہ کی شکل میں کشتی نوح کے اندر اس وقت سوار تھے جب کہ نسر بت اور اس کے پرستاروں کو غرقابی نے لگام ڈال دی تھی۔

آپ معزز صلبوں سے پاکیزہ رحموں کی طرف قرناً بعد قرنٍ منتقل ہوتے رہے۔

پھر آپ کا معزز اور نگہبان گھرانا قبیلۂ خندف کے ایسے اونچے مقام پر حاوی ہوا جس کے نیچے دوسری پہاڑیاں یعنی دوسرے چھوٹے قبائل تھے۔

اس سے معلوم ہوا کہ آپ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے پیدا ہوئے۔ اگر حضرت آدم اول البشر ہیں تو آپ اول الخلق ہیں، اول البشر اول الخلق سے افضل نہیں ہو سکتا۔ اور جب حضرت آدم علیہ السلام کا وجود اور آپ کے اوصاف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فیض ہیں تو حضرت آدم علیہ السلام آپ سے کسی طرح افضل نہیں ہو سکتے۔ اور اسی طرح حضرت ادریس علیہ السلام کا وجود اور آپ کے کمالات، حضرت نوح علیہ السلام کی غرقابی سے نجات اور حضرت ابراہیم علیہ السلام پر آگ کا گلزار بن جانا آپ کا فیض ہے۔ ان سب کے باوجود اس قائل کا خیال خام باطل کرنے کے لیے یہ حدیث شریف کافی ہے:

"و بیدی لواءُ الحمد ولا فخر و ما من نبی یومئذٍ اٰدم فمن سواہ إلّا تحت لوائی"[۲]

"یعنی میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہے اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔ اس دن آدم اور ان کے سوا سب انبیا میرے زیر لوا

---

(۱) شفا مع نسیم الریاض، الفصل الاول فیما ورد من ذکر مکانتہ عند ربہ، ج:۳، ص ۱۲ و ۱۳ مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۲) مشکوۃ المصابیح، ۵۱۳، باب فضائل سید المرسلین مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

ہوں گے۔"

اور رہی اس کی **تفصیلی وجہ** تو یہ ہے کہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

"قَالُوْا : يَا رَسُوْلَ اللهِ مَتٰى وَجَبَتْ لكَ النُّبُوَّةُ ؟ قَالَ: وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.[1]

یعنی صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کی نبوت کب ثابت و لازم ہوئی؟ تو فرمایا: جب کہ آدم روح اور جسم کے درمیان تھے۔

اور حضرت عرباض ابن ساریہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ فرماتے سنا کہ:

"انی عبد الله و خاتم النبيين وان آدم لمنجدلٌ فی طينته و حكى أبو محمد مكى والإمام أبو الليث السمرقندی و غيرهما أن آدم عند معصيته قال:اللهم بحق محمد اغفرلی خطيئتی.و يروی: تقبل توبتی فقال له الله :من أين عرفت محمدا؟ قال :رأيت فی كل موضع من الجنة مكتوبا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ . و يروی:"محمد عبدی ورسولی ".فعلمت أنه أكرم خلقك عليك فتاب عليه و غفر له.و فی رواية :فقال آدم:لما خلقتنی رفعتُ رأسی إلى عرشك فإذا فيه مكتوب:لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ فعلمت أنه ليس أحداًعظم قدراً عندك ممن جعلت اسمه مع اسمك فأوحى الله إليه و عزتی و جلالی إنه لآخر النبيين من ذر يتك ولو لا ه لما خلقتك "[2]

یعنی بے شک میں اس وقت اللہ کا بندہ اور آخری نبی تھا جب کہ حضرت آدم آب و گِل کی منزل طے فرما رہے تھے۔

اور ابو محمد مکی اور امام ابواللیث سمرقندی وغیرہما نے بیان فرمایا کہ: حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی لغزش کے وقت عرض کیا کہ: اے اللہ! محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے حق کے وسیلے سے تو مجھے در گزر فرما۔

اور ایک روایت میں ہے کہ: میری توبہ قبول فرما۔ تو اللہ عزوجل نے آپ سے فرمایا کہ: تم نے کیسے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو جانا؟ تو آپ نے عرض کیا کہ: میں نے جنت میں ہر جگہ لکھا ہوا دیکھا: " لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ "اور ایک روایت میں ہے کہ: "مُحَمَّدٌ عَبْدِیْ وَ رَسُوْلِیْ" (محمد میرے بندے اور رسول ہیں) تو اس سے میں نے یہ جان لیا کہ وہ تیری بارگاہ میں تیری مخلوق میں سب سے زیادہ عزت و کرامت والے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی توبہ قبول فرمائی اور آپ کو در گزر فرمایا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ: حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا کہ: جب تو نے مجھے پیدا کیا تو میں نے تیرے عرش کی

---

(۱) مشکوۃ المصابیح، باب فضائل سید المرسلین ۲\۱۳\۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) شفا مع نسیم الریاض ۳/ ۴۱ تا ۴۳، مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

طرف اپنا سر اٹھایا تو اس میں " لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ "لکھا ہوا دیکھا تو میں نے جان لیا کہ تو نے اپنے اسم پاک کے ساتھ جس کا نام لکھا ہے اس سے زیادہ قدر و منزلت والا تیری بارگاہ میں کوئی نہیں تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی کہ: میری عزت و جلال کی قسم: بے شک وہ تیری ذریت میں سب سے آخری نبی ہیں اور اگر وہ نہ ہوتے تو میں تجھے پیدا نہ کرتا۔

شرح شفا میں ہے کہ:

"وتقرب منه ما روى: لولاك لما خلقتُ الأفلاك" و روى البيهقى عن على كرم الله وجهه: أنه كان آدم يكنى بأبى محمد ووجه تخصيصه كونه ﷺ أفضل أولاده والتشرف باستناده"

اسی کے قریب یہ روایت ہے کہ: اگر تجھے پیدا نہ کرتا تو میں افلاک کو پیدا نہ فرماتا۔ اور امام بیہقی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا کہ: حضرت آدم علیہ السلام کی کنیت "ابو محمد" تھی اور آپ کی اس خصوصیت کی وجہ یہ ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کی اولاد میں سب سے افضل ہیں آپ کی اس نسبت سے آپ کو یہ شرف ملا۔

جب حضرت آدم علیہ السلام کی عظیم ترین فضیلت یہ ہے کہ: آپ کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا باپ ہونے کا شرف حاصل ہے تو حضرت آدم علیہ السلام کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کسی طرح افضل کہنا جہالت و بے ایمانی ہے جیسا کہ بعض جہلا حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بیٹا ہونے کی وجہ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل کہتے ہیں۔

اس قائل کا یہ کہنا بھی اس کی جہالت و نادانی اور الحاد و بے ایمانی ہے کہ:

"حضرت ادریس علیہ السلام نبوت و حکمت و سلطنت کے جامع ہیں آپ اپنی حیات میں جنت میں گئے آپ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل ہیں"

کیوں کہ یہ حقیقت روشن ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت و رسالت و حکمت حضرت ادریس علیہ السلام کی نبوت و حکمت سے بدرجہا افضل ہے۔ اللہ سبحانہ کا ارشاد ہے:

وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا (۱)

اور اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت اتاری اور تمھیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔

اور فرمایا:

هُوَ الَّذِىْ بَعَثَ فِى الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ۔ (۲)

وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا کہ ان پر اس کی آیتیں پڑھتے اور انھیں پاک کرتے

---

(۱) القرآن، پ: ۵، نساء: ۱۱۳

(۲) القرآن: پ: ۲۸ الجمعه

اور انھیں کتاب اور حکمت کا علم عطا فرماتے ہیں۔

اور حضور اقدس ﷺ نے اپنے شرح صدر کی حدیث میں فرمایا:

ثم تناوَلَ أحدُهُما (أی أحدُ الملكين الذين شرحا صدره ﷺ) شيئاًفإذا بخاتم في يده من نور يحار الناظر دونه فختم به قلبي فامتلأ إيماناًوحكمةً ثمَّ أعاده مكانه وأَمرَّالآخر يده على مفرق صدري فالتأم" (۱)

"یعنی جن دو فرشتوں نے میرا سینہ کھولا ان میں سے ایک نے کوئی چیز لی تو اچانک اس کے ہاتھ میں نور کی ایک انگشتری تھی جس کی تابشیں نگاہوں کو خیرہ کر رہی تھیں اس نے نور کی اس انگشتری سے میرے دل پر مہر لگائی تو میرا سینہ ایمان وحکمت سے لبریز ہو گیا پھر مہر کو اس کی جگہ لوٹا دیا اور دوسرے فرشتے نے میرے سینے کے درمیانی حصہ پر اپنا ہاتھ پھیرا تو وہ پیوستہ ہو گیا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ: جبریل علیہ السلام نے فرمایا:

"قلبٌ وكيعٌ أى شديدٌ فيه عينانِ تبصرانِ وَأذُنانِ سميعتانِ" (۲)

یعنی آپ کا قلب ٹھوس ہے جس میں دیکھنے والی آنکھیں اور سننے والے کان ہیں۔

ٹھوس دل کا معنی: ٹھوس علم اور محکم فہم ہے۔ اور دیکھنے والی آنکھوں سے عقلی چیزوں کا ادراک مراد ہے۔ اور "دو سننے والے کان" کا معنی یہ ہے کہ: انہیں نقلی علوم حفظ تھے۔

اور سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے:

"فَماهُو إلَّاأَنْ وَلَّيَاأى المَلَكانِ فكَأَنَّما أرَى الأمْرَ مُعايَنَةً" یعنی اتنے میں وہ دونوں فرشتے واپس ہو گئے تو اس وقت امر نبوت ورسالت کا (اس ارہاص وکرامت کے باعث) گویا میں مشاہدہ کر رہا ہوں۔ (۳)

اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہما نے نبی پاک ﷺ سے روایت کرتے ہوئے فرمایا:

"صلیٰ رسول الله ﷺ صلاة الغداة ثم أقبل علينا فقال: إنى سأحدثكم إنى قمت من الليل فصليت ما قدر لى فنمت.

وفى رواية: فوضعت جنبى فإذاأ نا بربى فى أحسن صورة فقال: يا محمد! فيم يختصم

---

(۱) شفامع نسیم الریاض و شرح قاری ج:۲ ص:۲۲۲ الفصل الأول فی ما ورد من ذكر مكانته عند ربه عزوجل

(۲) شفا ج:۱ ص:۱۷۳ الفصل الأول فی ما ورد من ذكر مكانته عند ربه عزوجل مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۳) مصدر مذکور ص:۲۲۳

الملأ الأعلی؟ قلت:أنت أعلم یا رب مرتین قال:فوضع کفه.

و فی روایة:"یده بین کتفی فوجدت بردها بین ثدیی"

و فی روایة:قد وجدت برد أنامله بین ثدیی فعلمت ما فی السماء والأرض.

و فی روایة:فتجلّٰی لی کل شئی و عرفت ما فی السماء والأرض ثم تلا هذه الأٰیة:وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ (۱)

وقال وهب ابن منبه:قرأت فی أحد وسبعین کتابا فوجدت فی جمیعها:أن النبی ﷺ أرجح عقلا و أفضلهم رأیا.

و فی روایةأخری:فوجدت فی جمیعهاأن الله لم یعط جمیع الناس من بدء الدنیا إلی انقضاءها فی جنب عقله ﷺ إلا کحبّة رمل من رمال الدنیا."

رسول اللہ ﷺ نے نماز فجر ادا کرنے کے بعد ہماری طرف متوجہ ہوکر فرمایا:"میں تم لوگوں سے ایک بات بیان کرتا ہوں کہ:میں رات کی نماز سے بیدار ہواتواپنی وسعت بھرنمازاداکرکے سوگیا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ:

"میں نے اپنا پہلو رکھاتواپنے رب کو بہترین جلوے میں دیکھاتواس نے فرمایاکہ:اے محمد!عالم بالاوالے کس بارے میں جھگڑرہے ہیں؟میں نے دوبار عرض کیا:اے رب!تجھے زیادہ معلوم ہے۔آپ نے فرمایاکہ:تواس نے اپناکف قدرت رکھا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ:

اس کا دست قدرت میرے دونوں شانوں کے درمیان تھاتومیں نے اپنے دونوں پستانوں کے درمیان اس کی ٹھنڈک محسوس کی۔

اور ایک روایت میں ہے کہ:

میں نے اپنے دونوں پستانوں کے درمیان اس کی انگلیوں کے پوروں کی ٹھنڈک محسوس کی تومجھ پر آسمان وزمین کی ساری چیزیں منکشف ہوگئیں۔

اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ:

تومجھ پر ہر چیز روشن ہوگئی اور میں نے آسمان وزمین کی ہر چیز کو پہچان لیا،پھریہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی:

"اور ہم یوں ہی ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کی بادشاہت دکھلاتے ہیں اور اس لیے کہ تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں

(۱) نسیم الریاض،مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات ۳/ ۱۲۷

سے ہو"۔

اور وہب ابن منبہ نے کہا کہ:

میں نے اکہتر[71] کتابیں پڑھیں تو میں نے ان سب میں یہ پایا کہ: آپ سب سے زیادہ کامل عقل اور افضل رائے والے ہیں۔

اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ:

میں نے ان ساری کتابوں میں یہ پایا کہ: اللہ تعالی نے عالم کی ابتدا سے اس کی انتہا تک حضور اقدس ﷺ کی عقل کے مقابلے میں کسی کو عقل عطا نہ فرمائی مگر دنیا کے ریتوں میں سے ایک دانہ ریت کے برابر۔

اور شفا میں ہے کہ:

"ومن معجزاته الباهرة ما جمعه الله له من المعارف والعلوم وخصه به من الاطلاعِ على جميع مصالح الدنيا والدين ومعرفتُه بأمورِ شرائعه وقوانينِ دينه وسياسةِ عباده ومصالحِ أمّته وما كان في الأمم قبله وقصصِ الأنبياء والرسل والجبابرةِ والقرونِ الماضية من لدن آدم إلى زمنه وحفظِ شرائعهم وكتبِهم ووَعيِ سِيَرِهم وسرْدِ أنبائهم وأيامِ الله فيهم وصفاتِ أعيانهم واختلافِ آرائهم والمعرفة بمُددهم وأعمارِهم وحِكَمِ حكمائهم ومُحاجّة كل أمة من الكفرة ومعارضةِ كل فرقة من الكتابيين بما في كتبهم وإعلامِهم بأسرارها وَمُخبّآتِ علومهم وإخبارِهم بما كتموه من ذلك وغيّروه إلى الاحتواء على لغات العرب وغريب ألفاظ فِرَقِها والإحاطةِ بضروب فصاحتها والحفظ لأيامها وأمثالها وحكمها ومعاني أشعارها والتخصيصِ بجوامع كلمها إلى المعرفة بضرب الأمثال الصحيحة والحكم البيّنة لتقريب التفهيم للغامض والتبيين للمشكل إلى تمهيد قواعد الشرع الذى لا تناقض فيه ولا تخاذل مع اشتمال شريعته على محاسن الأخلاق ومحامد الآداب وكل شئ مستحسن مفصل لم ينكر منه ملحد ذو عقل سليم شيئا إلا من جهة الخذلان بل كل جاحد له وكافر من الجاهلية به إذا سمع ما يدعو إليه صوّبه واستحسنه دون طلب إقامة برهان عليه ثم ما أحل لهم من الطيبات وحرم عليهم من الخبائث وصان به أنفسهم وأعراضهم وأموالهم من المعاقبات والحدود عاجلا والتخويف بالنار آجلا مما لا يعلم علمه ولا يقوم به ولا ببعضه إلا من مارس الدرس والعكوف على الكتب وَمُثافنَةِ بعض هذا إلى الاحتواء على ضروب العلم وفنون المعارف كالطبّ والعبارة والفرائض والحساب والنسب وغير ذلك من العلوم

مما اتخذ أهل هذه المعارف كلامه صلى الله عليه وسلم فيها قدوةً وأصولاً في علمهم" (۱)

"یعنی حضور اقدس ﷺ کے روشن معجزات میں سے وہ علوم و معارف ہیں جو اللہ رب العزت نے آپ کی ذات میں جمع کر دیے اور جن سے آپ کو خاص کیا وہ یہ ہے کہ: اللہ تعالیٰ نے آپ کو دین و دنیا کے تمام منافع و مصالح پر مطلع فرمایا، اپنی شریعت کے جملہ امور، دین کے قوانین، بندگان خدا کی سیاست، آپ کی امت کے منافع و مصالح، آپ سے قبل امتوں کے احوال، انبیا و رسل کے واقعات، اور ظالم و جابر بادشاہوں اور حضرت آدم کے زمانہ سے اپنے زمانے تک گذشتہ قرنوں کی معرفت بخشی۔ ان امتوں کی شریعتیں اور ان کی کتابیں آپ کو حفظ تھیں، ان کے اخلاق و عادات، ان کی خبریں، ان میں اللہ عزوجل کے ایام، ان کے اعیان و اشراف کے اوصاف، ان کی رایوں کے اختلافات سے آگاہ تھے، ان کی مدتوں، عمروں اور ان کے حکما کی حکمتوں سے باخبر تھے۔ تمام کافر قوموں کے مناظرہ و مقابلہ کی معرفت آپ کو حاصل تھی، اہل کتاب میں سے ہر فرقہ سے اس کی کتابوں میں مذکور باتوں کے ذریعے معارضہ آپ خوب جانتے تھے، آپ ان کی کتابوں کے اسرار اور ان کے پوشیدہ علوم انھیں بتا دیتے ان کتابوں سے ان اہل کتاب نے جو چھپا رکھا تھا اور جو بدل ڈالا تھا سب سے انہیں خبردار کر دیتے۔ اس کے ساتھ لغاتِ عرب اور مختلف قبیلوں کے غریب الفاظ پر حاوی تھے، ان کی گوناگوں فصاحتوں کا احاطہ کر رکھا تھا، آپ کو ان کے ایام و امثال، ان کی حکمتیں اور ان کے اشعار کے معانی خوب از بر تھے۔ اللہ عزوجل نے آپ کو جوامع الکلم کی خصوصیت سے نوازا (ایسے کم الفاظ بولتے جن کے معانی کثیر ہوتے اور ان میں متعدّد جہتیں ہوتیں) اس کے ساتھ کسی دقیق معنی کو فہم سے قریب کرنے اور مشکل کو واضح کرنے کے لیے صحیح مثلیں اور روشن حکمتیں بیان کرنے پر عبور حاصل تھا۔ مزید برآں وہ شریعت جس کے احکام میں کوئی تناقض اور تعارض نہیں اس کے اصول اور قواعد بھی ہموار فرماتے۔ ساتھ ہی حضور کی شریعت عمدہ اخلاق، محمود آداب اور ہر مستحسن مفصل یا فائق چیز پر مشتمل ہے جس کی خوبی سے کسی عقل سلیم والے منحرف اور بے دین کو بھی انکار نہ ہو مگر یہ کہ توفیق الٰہی سے محروم ہو بلکہ دور جاہلیت کا کافر و منکر بھی جب ان احکام کو سنتا جن کی حضور اقدس ﷺ دعوت دیتے تھے تو انھیں درست اور عمدہ قرار دیتا اس پر کوئی برہان طلب نہ کرتا، پھر ان کے لیے جن پاکیزہ چیزوں کو حلال کیا اور گندی چیزوں کو حرام فرمایا اور اس سے دنیاوی سزاؤں، حدوں اور خوف آخرت کے ذریعے ان کے جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت فرمائی یہ وہ چیزیں ہیں جنھیں کلی یا جزئی طور پر وہی جان سکتا اور قائم و نافذ کر سکتا ہے جسے کتابوں کے درس و مطالعہ اور کچھ متابعت کا کامل شغف حاصل ہے۔ ان کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کو فن طب، خوابوں کی تعبیر، علم فرائض، حساب اور نسب وغیرہ ایسے گوناگوں علوم و معارف پر ایسا احاطہ حاصل ہے کہ ان فنون کے شہ سواروں نے حضور اقدس ﷺ کے کلام کو اپنے علم کا راہ نما اصول بنایا۔"

اور اس سے پہلے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ: حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ:

---

(۱) شفاج:۱ ص:۳۵۴ و ۳۵۵ مرکز اہل سنت برکات رضا پوربندر گجرات

"إِنَّ اللهَ تَعَالٰی بَعَثَنِیْ لِتَمَامِ مَکَارِمِ الأَخْلَاقِ وَکَمَالِ مَحَاسِنِ الْأَفْعَالِ"(۱)

اللہ تعالی نے مجھے اچھے اخلاق اور عمدہ افعال کی تکمیل کے لیے مبعوث کیا۔

تو یہ بات مبرہن ہو گئی کہ: حکمت کی دونوں قسمیں: "نظری و عملی" اپنے انواع و اقسام کے ساتھ اعلم ممکنات ﷺ کی ذات اقدس میں بدرجۂ اتم موجود تھیں ۔اور حضرت ادریس علیہ السلام کی حکمت اس ضیائے حکمت کا ایک ذرہ اور دریائے رحمت کا ایک قطرہ ہے۔اسی طرح آپ کی سلطنت کا اس شاہ مرسلاں ﷺ کی سلطنت کے مقابلہ میں کوئی خاص اور معتد بہ نسبت و تعلق نہیں ؛ اس لیے کہ آپ تمام رسولان کرام کے بادشاہ ہیں۔ آپ کی حکومت زمین کے مشرق و مغرب میں دین اسلام کی اشاعت کے ساتھ قیام قیامت تک ہمیشہ باقی رہے گی۔صحیح مسلم میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:

"إِنَّ اللهَ زَوٰی لِیَ الأَرْضَ فَرَأَیْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا وَإِنَّ أُمَّتِی سَیَبْلُغُ مُلْکُهَا مَا زُوِیَ لِی مِنْهَا"(۲)

"بے شک اللہ تعالی نے میرے لیے پوری زمین سمیٹ دی تو میں نے اس کے مشرق و مغرب کو دیکھا اور عنقریب میری امت کی بادشاہت مشرق و مغرب کے اس خطہ تک پہنچے گی جو میرے لیے سمیٹ دیا گیا۔"

شفا میں ہے:

"ولذلك امتدّت أى ملته وأمته ﷺ في المشارق والمغارب ما بين أرض الهند أقصى المشرق إلى بحر طنجة وهى بلدة عظيمة بساحل بحر المغرب حيث لاعمارة وراءه وذلك ما لم تملكه أمة من الأمم"(۳)

"اور اسی لیے حضور اقدس ﷺ کا دین اور آپ کی امت تمام مشرق ومغرب میں خاک ہند مشرق کی آخری حد سے لے کر بحر طنجہ تک پھیلی ہوئی ہے جو بحر مغرب کے ساحل پر ایک بڑا شہر واقع ہے جس کے بعد کوئی آبادی نہیں کوئی قوم اتنے وسیع و عریض رقبۂ زمین کی مالک نہ ہوئی۔"

نیز صحیح مسلم میں سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

---

(۱) مشكوة المصابيح ص:٥١٤،باب فضائل سيدالمرسلين صلوات الله وسلامه عليه، مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پور اعظم گڑھ

(۲) مشكوة المصابيح، باب فضائل سيدالمرسلين ج:٢ ص:٥١٢ مجلس بركات جامعه اشرفيه مبارك پوراعظم گڑھ

(۳) الشفا،فصل ومن ذلك ما اطلع عليه من الغيوب وما يكون ج:١،ص:٣٣٨ مركز اهل سنت بركات رضا پو بندر گجرات

"لَا یَزَالُ أَهْلُ الْغَرْبِ ظَاهِرِینَ عَلَی الْحَقِّ حَتّٰی تَقُومَ السَّاعَةُ"[۱]

"اہل غرب ساری مخلوق پر غالب رہیں گے یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔"

(اہل غرب یا اہل مغرب سے مراد اہل عرب ہیں۔ شرح نووی، شفا و شروح شفا)

اور امام احمد و طبرانی نے ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

"لا تزال طائفةٌ من أمتی ظاهرین علی الحق قاهرین لعدوهم حتی یأتیهم أمر الله وهم کذلك قیل: یا رسول الله !وأین هم ؟ قال ببیت المقدس[۲]

میری امت کا ایک گروہ حق پر غالب اور اپنے دشمن کافر پر حاوی رہے گا یہاں تک کہ ان کے پاس اللہ کا حکم ایسی حالت میں آئے گا کہ وہ غالب و حاوی رہیں گے عرض کیا گیا: یارسول اللہ !اور وہ لوگ کہاں ہیں؟ تو فرمایا کہ: بیت المقدس میں۔

اور رہ گیا حضرت ادریس علیہ السلام کا اپنی حیات میں جنت کے اندر داخل ہونا تو آپ کی اس خصوصیت سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیت افضل و اعلیٰ ہے اس لیے کہ آپ "قاب قوسین أو أدنٰی" کے مقام قرب خاص میں داخل ہوئے ۔نیز وسیلہ جو ایک درجہ ہے صرف آپ ہی کو حاصل ہوگا۔اور آپ کا یہ مقام خاص دنیوی زندگی میں حضرت ادریس علیہ السلام کے دخول جنت سے ارفع و اعلیٰ ہے۔ حاصل یہ ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل و کمالات، حضرت ادریس علیہ السلام کے فضائل و کمالات سے بدرجہا ارفع و اعلیٰ ہیں۔اعلیٰ فضائل والوں سے کمتر فضائل والوں کا افضل ہونا بے معنی بات ہے۔

اس قائل کا یہ کہنا اس کی نافہمی کے سبب ہے کہ:

"حضرت نوح علیہ السلام، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل ہیں اس لیے کہ آپ نے ساڑھے نوسو سال تک احکام الٰہی کی تبلیغ میں اپنی امت کی تکلیف وایذا برداشت کی، آپ کے انتقام میں اللہ تعالیٰ نے سارے روئے زمین کو غرقاب فرما دیا اور آپ کے واسطہ سے حضرت آدم علیہ السلام کی نسل کو باقی رکھا۔"

کیوں کہ حضور سید الاواخر و الاوائل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل و کمالات ،ان مذکورہ فضائل و کمالات سے ارفع و اعلیٰ ہیں۔حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنی اشک آلود آنکھوں سے جو کلام عرض کیا اس میں فرماتے ہیں:

---

(۱) شفاج:۱ص:۳۳۸ فصل ومن ذلك ما اطلع علیه من الغیوب وما یکون، مرکز اهل سنت برکات رضا پو بندر گجرات ،مسلم

(۲) شفاج:۱ص:۳۳۸ فصل ومن ذلك ما اطلع علیه من الغیوب وما یکون، مرکز اهل سنت برکات رضا پو بندر گجرات

"بأبی أنت وأمی یارسول الله لقددعانوح علی قومه فقال:(رَبِّ لَاتَذَرْعَلَی الْأَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ دَیَّارًا)[۱] ولو دعوت علینا مثلها لهلكنا من عند آخرنا فلقد وطئ ظهرك وأدمی وجهك وكسرت رباعیتك فأبیت أن تقول إلا خیراوقلت:اللهم اغفر لقومي فإنهم لا یعلمون. بابی أنت وأمی یا رسول الله !لقد اتبعك فی قلة سنیْك و قصر عمرك ما لم یتبع نوحا فی كثرة سنیْه و طول عمره فلقد آمن بك الكثیرُ وما آمن معه إلا قلیلٌ بأبی أنت وأمی یارسول الله! لو لم تجالس إلا الأكفاء ماجا لستنا ولو لم تنكح إلا إلی الأكفاء مانكحت إلینا و لو لم تواكل إلا الأكفاء ما واكلتنا لبست الصوف وركبت الحمار و وضعت طعامك بالأرض تواضعًا منك ﷺ علیك[۲]

اے اللہ کے رسول !میرے ماں باپ آپ پر قربان حضرت نوح نے اپنی قوم کے خلاف دعا کی اور یہ کہا کہ:اے میرے رب !زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا نہ چھوڑ۔ اور اگر آپ ہمارے لیے دعائے ہلاکت فرما دیتے تو ہم سب کے سب نیست و نابود ہو جاتے۔ آپ کی پشت اقدس کو روندا گیا، رخ انور کو خون آلود کیا گیا اور آپ کے دندان مبارک کو شہید کیا گیا مگر آپ نے کلمۂ خیر کے سوا کچھ کہنا پسند نہ فرمایا۔ آپ نے یہی دعائے خیر فرمائی:اے اللہ! میری قوم کو بخش دے اس لیے کہ وہ نہیں جانتے میرے ماں باپ آپ پر قربان اے اللہ کے رسول !آپ کی قلیل عمر اور کم مدت میں آپ کے اتنے جاں نثار ہو گئے جتنے حضرت نوح کی کثیر عمر اور طویل مدت میں نہ ہوئے۔ آپ پر ایمان لانے والے بہت ہوئے جب کہ حضرت نوح پر کم ہی افراد ایمان لائے، اے اللہ کے رسول !آپ پر میرے ماں باپ قربان اور اگر آپ اپنی مجلس میں صرف اپنے ہمسروں کو جگہ دیتے تو آپ ہمیں اپنا ہم نشین نہ بناتے اور اگر آپ اپنے ہمسروں میں نکاح فرماتے تو ہم میں عقدِ نکاح نہ فرماتے ،اگر صرف اپنے ہمسروں ہی کے ساتھ کھانا کھاتے تو ہمیں اپنے ساتھ نہ کھلاتے ،آپ نے اونی لباس زیب تن فرمایا، دراز گوش پر سوار ہوئے اور از راہ تواضع اپنا کھانا زمین پر رکھا آپ پر اللہ کی رحمت ہو۔

کسی قوم کی غرقابی اور نجات و بخشش کی دعا اور ہدایت (جو انبیا و رسل کی بعثت سے مقصود ہے) کے درجات اور ایسے دو رہبرو راہ نما کے درمیان فرق ظاہر ہے کہ ایک کی ہدایت سے کم لوگ فیض یاب ہوئے اور دوسرے کی ہدایت سے ایک جم غفیر فیض یاب ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کلام مذکور سے یہی فرق بیان کرنا مقصود ہے۔

اور صحیحین میں ہے:

"ولما كذبه كفارُ قریشٍ من كفارِ مكة أتاه جبریل علیه السلام فقال له: إن الله تعالی قد

---

(۱) پ:۲۹،نوح،آیت، ۲۷

(۲) نسیم الریاض و شرح شفا للقاری ج:۱ص:۲۴۸ ، ۲۵۰

سمع قول قومك لك وما ردُّوا عليك وقدأمر ملك الجبال لتأمره بما شئت فيهم فناداه مَلَكُ الجبال وسلم عليه وقال: مُرْنی بما شئت إن شئت أن أطبق عليهم الأخشبين فقال النبي ﷺ: بل أرجوأن يخرج الله من أصلابهم من يعبد الله وحده ولا يشركُ به شيئاً"(۱)

جب مکہ کے کافروں نے آپ کو جھٹلایا تو آپ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے تو آپ سے عرض کیا: بے شک آپ کی قوم نے آپ سے جو کچھ کہا اور آپ کی دعوت کا جو کچھ انھوں نے جواب دیا اللہ تعالی نے سنا ہے اور اس نے ان پہاڑوں کے فرشتہ کو حکم فرمایا ہے کہ: آپ کفار قریش کے بارے میں اسے جو چاہیں حکم فرمائیں تو پہاڑوں کے فرشتہ نے آپ کو پکارا اور آپ کو سلام پیش کرتے ہوئے عرض کیا کہ: آپ جو چاہیں مجھے حکم فرمائیں پھر اس نے آپ کو ندا کیا اور آپ کی خدمت میں سلام کیا اور یہی کہا کہ: آپ جو چاہیں مجھے حکم فرمائیں اگر آپ چاہیں تو میں ان دونوں وادیوں کو ان پر پلٹ دوں تو نبی پاک ﷺ نے فرمایا: بلکہ مجھے امید ہے کہ اللہ عزوجل ان کی صلبوں سے ایسے لوگوں کو پیدا فرمائے گا جو خدائے واحد کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں گے۔

اور مروی ہے کہ جبریل علیہ السلام نے نبی پاک ﷺ کی خدمت میں عرض کیا:

"إن الله تعالی أمر السماء والأرض والجبال أن تطيعك فمُرْهابماشئت فقال أؤخر عن أمتی لعل الله أن يتوب عليهم"(۲)

بے شک اللہ تعالی نے آسمان وزمین اور پہاڑوں کو آپ کی اطاعت کا حکم فرمایا تو آپ انہیں جو چاہیں حکم فرمائیں تو آپ نے فرمایا کہ: میں اپنی امت کو مہلت دوں گا امید ہے کہ اللہ تعالی ان کی توبہ قبول فرمائے۔

اور شفاعت کی حدیث میں سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت میں ہے کہ: جب اہل محشر حضرت آدم علیہ السلام کے پاس سے حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آکر عرض شفاعت کریں گے تو حضرت نوح علیہ السلام فرمائیں گے کہ:

"وقد كانت لی دعوة دعوتها علی قومی اذهبوا إلی غيری"(۳)

میری ایک دعا تھی جو اپنی قوم کی تباہی وبربادی کے لیے کر دی کسی اور کے پاس جاؤ۔

اور صحیحین میں حضور اقدس ﷺ کی یہ حدیث پاک مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

---

(۱) مشکوۃ المصابیح ص:۵۲۳، باب المبعث وبدأالوحی، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور

(۲) الشفا بتعريف حقوق المصطفی ج:۱ص:۱۲۵ فصل وأما الشفقةوالرأفة والرحمة لجميع الخلق مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۳) شفا ج:۱ص:۲۲۰ فصل فی تفضيله بالشفاعة والمقام المحمود مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

"لکل نبی دعوة یدعو بها واختبأت دعوتي شفاعة لأمتی یوم القیامةِ "[۱]

ہرنبی کی ایک خاص دعاتھی جوانھوں نے کردی اور میں نے اپنی دعااپنی امت کی شفاعت کے لیے محفوظ رکھی ہے۔

شفامیں ہے کہ اہل علم نے فرمایاکہ اس ارشادپاک کامعنی یہ ہے:

"لکل منهم دعوة أُعْلِمَ أنها تستجاب لهم وَ يُبْلَغُ فيها مرغوبهم وإلا فكم لكل نبي منهم من دعوة مستجابة ولنبينا ﷺ منها ما لا يعدُّ لكن حالهم عند الدعاء بها بين الرجاء والخوف وَضُمِنَتْ لهم إجابةُ دعوةٍ فيما شاءوه يدعون بها على يقين من الإجابة"[۲]

ہرہرنبی کے پاس ایک خاص دعاتھی جس کے بارے میں انھیں اس بات کاعلم ویقین بخشاگیاکہ ان کی وہ دعامقبول و مستجاب ہوگی اور اس دعاسے ان کاپسندیدہ مطلوب حاصل ہوگا،ورنہ توان انبیائے کرام میں سے ہرہرنبی کی بہت سی مقبول و مستجاب دعائیں ہیں اور ہمارے نبی پاک ﷺ کی بے شمار دعائیں ہیں لیکن ان دعاؤں کے وقت انبیا امید وبیم کی حالت میں ہوتے ہیں اور ان کے لیے ایک ایسی دعا کے قبول فرمانے کی ضمانت لی گئی ہے جسے وہ جس معاملے میں چاہیں کریں اور قبولیت کایقین رکھیں۔

اور محمد ابن زیاد اور ابوصالح نے کہاکہ: حضرت ابوہریرہ اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہما سے اس حدیث کی یہ تفسیر وتاویل مروی ہے کہ:

"لکل نبی دعوة دعابهافي أمته فاستجيب له وأني أريد إن شاء الله تعالى أن أؤخر دعوتي شفاعةً لأمتي يوم القيامة"[۳]

ہرنبی کی ایک دعاتھی جوانھوں نے اپنی امت کے لیے کردی تووہ مقبول ہوگئی اور میری خواہش یہ ہے کہ: اپنی دعاروزِ قیامت اپنی امت کی شفاعت کے لیے محفوظ رکھوں۔

اور ابوصالح کی روایت میں سیدناابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

"لکل نبی دعوة مستجابة فتعجل كل نبی دعوته وإنی اختبأت دعوتی شفاعة لأمتی يوم القيامة كذافی الصحيحين "[۴]

---

(۱) شفامع نسیم الریاض، ج۳،ص:۲۲۱ برکات رضا پور بندر گجرات .ایضامسلم ج: ۱ ص:۱۱۳ باب دعاء النبی ﷺ لأمته وبكائه شفقة عليهم

(۲) شفا مع شرح شفا للقاری ونسیم الریاض ج:۲ص:۳۶۵

(۳) مسلم ج:۱ص: ۱۱۳باب دعاء النبی ﷺ لأمته وبكاءه شفقة عليهم

(۴) مسلم ج:۱ص:۱۱۳ باب دعاء النبی لأمته وبكاءه شفقة عليهم

”ہر نبی کی ایک مقبول دعا ہے جو انھوں نے دنیا میں کرلی اور میں نے آخرت میں اپنی امت کی شفاعت کے لیے اسے محفوظ رکھا ہے۔ ایسا ہی صحیحین میں ہے۔“

امام مسلم نے صحیح مسلم میں یہ اضافہ فرمایا کہ:

"فهی نائلة (أی واصلة وشاملة) إن شاء الله تعالی من مات لایشرکُ بالله شیئا"(۱)

”تو ان شاء اللہ تعالی وہ دعا اسے حاصل ہوگی جو دنیا سے اس حال میں گیا کہ اللہ عزوجل کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو۔“

اور شفا میں ہے کہ:

" وعن أنس مثل روایة ابن زیاد عن أبی هریرة، فتکون هذه الدعوة المذکورة مخصوصة بالأمة مضمونة الإجابة وإلا فقد أخبر صلی الله تعالی علیه وسلم أنه سأل لأمته أشیاء من أمورالدین والدنیا أعطی بعضها ومنع بعضها وادخر لهم هذه الدعوة لیوم الفاقةوخاتمة المحن وعظیم السؤال والرغبة: جزاه الله أحسن ما جزی نبیا عن أمته وصلی الله تعالی علیه وسلم تسلیما کثیرا"(۲)

”اور حضرت انس سے اسی طرح مروی ہے جیسا کہ ابن زیاد نے ابوہریرہ سے روایت کیا تو یہ مذکورہ دعا امت کے ساتھ خاص تھی جس کی قبولیت کا ذمہ لے لیا گیا تھا ورنہ تو خود حضور اقدس ﷺ نے یہ خبر دی کہ آپ نے اپنی امت کے لیے اس کے دینی اور دنیاوی امور میں سے بہت سی چیزوں کے بارے میں سوال کیا تو اللہ تعالی نے آپ کی بعض دعاؤں کو قبول فرمایا اور بعض کو روک دیا اور آپ نے اس مخصوص دعا کو (جس کے مقبول ہونے کی ضمانت ہے) روز قیامت امت کی شفاعت کے لیے محفوظ رکھا وہ انتہائی محنت ومشقت اور عظیم سوال ورغبت کا دن ہوگا۔ اللہ تعالی آپ کو اس کا بہتر انعام وصلہ عطا فرمائے جو کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے بخشا آپ پر اللہ سبحانہ کی بے پایاں رحمت اور سلامتی ہو۔“

حضرت نوح علیہ السلام کی مقبول ومستجاب دعا (اللہ رب العزت نے جس کی قبولیت کا ذمہ لے لیا تھا) سے آپ کی امت طوفان نوح میں غرقاب ہوکر جہنم کے طبقات میں داخل ہوگی اور حضور اقدس ﷺ کی جس دعا کی قبولیت کا ذمہ لے لیا گیا اس سے آپ کی امت اپنی معصیت کے باوجود ریاضِ رضواں میں غریقِ رحمت ہوگی۔ ان دونوں دعاؤں کے درمیان فرق سے ان دو دعا کرنے والی شخصیتوں کے درمیان فرق ظاہر ہے جس ذات کی دعا کی قبولیت کا

(۱) مسلم ج:۱ ص:۱۱۳ باب دعاء النبی ﷺ لأمته وبکاءه شفقة علیهم

(۲) شفا مع نسیم الریاض ج:۳ ص:۲۲۲ و۲۲۳ فصل فی تفضیله بالشفاعة والمقام المحمود، مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

ذمہ لے لیا گیا اسے ایسا رحمت للعالمین ہونا چاہیے جو سارے عالم کو اپنی رحمت سے سیراب فرمائے اور اس بلند بارگاہ کو یہی شایاں ہے کہ اپنے دامن رحمت سے وابستہ لوگوں کے لیے اپنی بے کراں رحمت کے دروازے کھول دے۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی نے صرف چند لوگوں کو طوفان نوح سے نجات بخشی اور سفینۂ اہل بیت اطہار، حضرت سید الابرار، ہزاروں ہزار گنہ گاروں اور بے شمار عصیاں شعاروں کو عذاب نار سے نجات دے کر ایسے باغات میں داخل کرے گا جس کے نیچے نہریں رواں ہوں گی۔ اور حضرت نوح علیہ السلام کے وسیلے سے حضرت آدم علیہ السلام کی نسل اس سید الامجاد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سبب باقی رہی؛ اس لیے کہ وجہ تخلیق کائنات اور ایجاد عالم کا مطلوب محبوب آپ ہی ہیں جیسا کہ بار بار گزرا۔

رہ گیا اس قائل کا یہ کہنا کہ: حضرت ابراہیم علیہ السلام حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل ہیں اس لیے کہ آپ آتشِ نمرود میں ڈالے گیے اور اپنے فرزند دل بند حضرت اسماعیل علیہ السلام کو راہ خدا میں قربان کر دیا تو یہ بھی اس قائل کی جہالت ونافہمی ہے۔ حضرت عباس ابن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جو نعت پاک ذکر کی اس سے آتشِ نمرود کے گلزار ہونے کی حقیقت روشن ہو جاتی ہے آپ کا شعر یہ ہے کہ:

"یَا بَرْدَ نَارِ الْخَلِیْلِ، یَا سَبَبًا لِعِصْمَۃِ النَّارِ وَھِیَ تَحْتَرِق"

یعنی اے آتشِ خلیل کی ٹھنڈک، اے اس آگ سے سالم ومحفوظ رہنے کے سبب! جب کہ آگ شعلہ زن تھی۔

آگ میں ڈالے جانے اور فرزند کو راہ خدا میں قربان کرنے کے واقعہ کا حال یہ ہے کہ یہ ساری چیزیں مقام خلت کے فروع وآثار ہیں۔ اللہ سبحانہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلت کے مقام سے سرفراز فرمایا تھا۔ آپ کو آگ میں ڈال کر اور راہ خدا میں فرزند کی قربانی کا حکم دے کر آپ کی خلت کا امتحان فرمایا۔ آگ کو گلزار بنا دینا اور اس عظیم قربانی کو قبول فرما کر حضرت اسماعیل علیہ السلام کو بچا لینا اس لیے تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابراہیم و اسماعیل ذبیح علیہما السلام کی صلب اطہر میں جلوہ فرما تھے۔

خلیل کا معنی ہے: "ساری چیزوں سے رشتہ توڑ کر صرف اللہ عزوجل کی طرف متوجہ رہنے والا، صرف مولیٰ کی خدمت کرنے والا یا سچی محبت اور دوستی سے مختص یا برگزیدہ ومنتخب یا رب کا فقیر ومحتاج، اعوان وانصار اور بھائیوں سے بے تعلق رہنے والا"۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام ان تمام اوصاف سے بدرجۂ اتم متّصف تھے اس لیے کہ آپ صرف اللہ عزوجل کی طرف متوجہ تھے، آپ کا رشتہ وتعلق صرف اسی سے تھا، صرف اسی کی عبادت کرتے، اسی سے سچی محبت رکھتے، اس کے برگزیدہ رسول تھے، صرف اسی کے محتاج تھے، اپنا کام صرف اسی سے رکھا جیسا کہ مروی ہے کہ جب آپ کو نمرود کے آتش کدہ میں ڈالا گیا تو حضرت جبریل علیہ السلام نے آپ سے عرض کیا:

"أَلَکَ حَاجَۃٌ" کیا آپ کی کوئی حاجت ہے؟ تو آپ نے فرمایا: "أَمَّا إِلَیْکَ فَلَا" مگر آپ سے نہیں۔

حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا: "فاسأل ربّك" تو اپنے رب ہی سے سوال کریں تو فرمایا کہ: "حسبی من

سؤ الی علمُہٗ بِحَالِیْ " میرے سوال کی جگہ میرے حال سے اس کا آگاہ ہونا ہی کافی ہے ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی محبت خداوندی فضیلت کے ایسے عظیم مقام و مرتبہ پر فائز تھی کہ آپ نے خواب میں وحی الٰہی کے سبب اپنے رب کی بارگاہ میں اپنے چہیتے بیٹے کی قربانی پیش کردی۔ اور اللہ سبحانہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جس طرح خلت کا مقام و مرتبہ عطا فرمایا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی خلت کا عظیم مقام و مرتبہ بخشا تھا۔ احادیث اسرا میں سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث پاک میں مروی ہے کہ اللہ سبحانہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا: "إنی اتَّخَذْ تُكَ خَلِيْلاً " بے شک میں نے تجھے خلیل بنایا۔

اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

"لَوْ كُنْتُ مُتَخِذًا خليلاً غَيْرَ رَبِّيْ لاتَّخَذْتُ أبابَكْرٍ خَلِيْلاً"[1]

"اگر میں اپنے رب کے سوا کوئی خلیل بناتا تو ابوبکر کو بناتا۔" رواہ البخاری وغیرہ

اور ایک روایت میں ہے:

"ولٰكنه أخي وصاحبي وقد اتخذالله صاحبكم خليلاً. رواه مسلم"[2]

"لیکن وہ میرے بھائی اور ساتھی ہیں اور اللہ نے تمہارے صاحب کو خلیل بنایا ہے۔" (مسلم)

اور ایک دوسری حدیث میں ہے:

" وإنّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللهِ. رواه الترمذی "[3]

"یعنی بے شک تمہارے صاحب اللہ کے خلیل ہیں۔"

اور اللہ سبحانہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عظیم محبوبیت کے درجہ پر فائز فرمایا اور اس کمال محبوبیت کے سبب آپ کا ایسا امتحان نہ فرمایا اسی وجہ سے لوگوں نے یہ کہا ہے کہ: خلیل کو واسطہ سے رسائی حاصل ہوتی ہے۔ اللہ سبحانہ کا ارشاد ہے:

"وَكَذٰلِكَ نُرِیْٓ إِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ "[4]

---

(۱) مشکوۃ المصابیح باب مناقب ابی بکر ج:۲ ص:۵۵٤ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ، شفا ج:۱، ص:۲۱۱ فصل فی تفضیلہ بالمحبۃ والخلۃ مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۲) مشکوۃ المصابیح باب مناقب ابی بکر ج: ۲ ص: ۵۵۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۳) مشکوۃ المصابیح باب مناقب ابی بکر ج:۲ ص:۵۵۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ، شفا ج:۱، ص:۲۱۱ فصل فی تفضیلہ بالمحبۃ والخلۃ مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

(۴) پ:۷، الانعام:۷۵

"یعنی ہم یوں ہی ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کی بادشاہت دکھاتے ہیں۔"

اور حبیب کو بلا واسطہ رسائی حاصل ہوتی ہے جیسا کہ فرمایا:

"فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى"(۱) "تو دو ہاتھ بلکہ اس سے بھی کم فاصلہ رہا۔"

اور خلیل کی مغفرت ان کی خواہش وطمع کی حد میں داخل ہوتی ہے اس لیے کہ وہ مغفرت کے طالب اور اس کے خواہش مند ہوتے ہیں جیسا کہ اللہ سبحانہ نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی مغفرت کی خواہش وطمع کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

"وَالَّذِيْ أَطْمَعُ أَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْئَتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ"(۲)

"میری خواہش وطمع یہ ہے کہ قیامت کے دن میری لغزش کو درگزر فرمادے۔"

اور حبیب کی مغفرت جو مراد و مطلوب ہے یقین کی حد میں داخل ہوتی ہے جیسا کہ فرمایا:

"لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ"(۳)

"تاکہ اللہ تمہارے سبب سے تمہارے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ بخشے۔"

اور حضرت ابراہیم خلیل نے عرض کیا:

"وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ"(۴) "اور قیامت کے دن تو مجھے رسوانہ فرما۔"

اور حبیب کے سوال سے پہلے خود ہی فرمایا:

"يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ"(۵) "اس دن اللہ اپنے نبی کو رسوانہ فرمائے گا۔"

اور خلیل نے امتحان وابتلا کے وقت یہ کہا: "حسبی اللہ" مجھے اللہ کافی ہے۔ اور حبیب سے خود ہی فرمایا:

"يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ"(۶) "اے نبی تجھے اللہ کافی ہے۔"

اور خلیل نے دعا کرتے ہوئے یہ کہا:

"وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ"(۷) "میرے بعد آنے والوں میں میرا ذکر خیر فرما۔"

---

(۱) پ:۲۷، النجم:۹

(۲) پ:،۱۹ الشعراء:۸۲

(۳) پ:۲۶ ،الفتح:۳

(۴) پ۱۹ : ،الشعراء: ۸۷

(۵) پ:۲۸ ،التحریم:۸

(۶) پ:۱۰ ،الأنفال

(۷) پ:۱۹ ،الشعراء: ۸٤

اور حبیب سے سوال کے بغیر فرمایا:

"وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ" (۱) "اور ہم نے تمہارے لیے تمہارا ذکر بلند فرمایا۔"

اور خلیل نے یہ دعا کی:

"وَاجۡنُبۡنِی وَبَنِیَّ أَنۡ نَعۡبُدَ الۡأَصۡنَامَ" (۲)

"اور مجھے اور میری اولاد کو بتوں کی پرستش سے دور فرما۔"

اور حبیب کے اہل بیت سے سوال کے بغیر فرمایا:

"إِنَّمَا يُرِيدُ اللهُ لِيُذۡهِبَ عَنۡكُمُ الرِّجۡسَ أَهۡلَ الۡبَيۡتِ وَيُطَهِّرَكُمۡ تَطۡهِيرًا" (۳) "یعنی اے (نبی کے) گھر والو! اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے ہر ناپاکی کو دور فرما دے اور تمھیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے۔"

حاصل یہ ہے کہ: کوئی مخلوق حضور اقدس ﷺ سے کسی طرح افضل نہیں۔ اگر کسی دوسرے شخص کے اندر کم درجہ کی کوئی ایسی فضیلت ہے جو حضور اقدس ﷺ میں اس وجہ سے نہ ہو کہ آپ بلند مقام و مرتبہ سے متّصف ہیں تو اس کم درجہ کی فضیلت والا انسان حضور اقدس ﷺ سے افضل نہیں ہو سکتا مثلاً آپ کی امت کے تمام افراد میں یہ فضیلت موجود ہے کہ وہ تمام امتوں سے افضل ہیں اور حضور اقدس ﷺ میں یہ فضیلت موجود نہیں تو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ: آپ کی امت کے سارے افراد آپ سے افضل ہیں اس لیے کہ آپ کی امت کے تمام افراد میں ایک ایسی فضیلت موجود ہے جو آپ میں نہیں۔ یا مثلاً آپ کی امت کے افراد میں خوش نویسی اور خوش خطی کی فضیلت پائی جاتی ہے جو آپ میں نہ تھی تو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ خوش خط و خوش نویس امت، خوش خطی اور خوش نویسی کی فضیلت کے سبب آپ سے افضل ہے؛ اس لیے کہ حضور اقدس ﷺ کا اُمّی ہونا آپ کی ایسی فضیلت اور آپ کا وہ عظیم معجزہ ہے جس کے سامنے خوش خطی اور خوش نویسی کی فضیلت بے شمار درجہ ہیچ اور فروتر نظر آتی ہے، کم درجہ کی فضیلت والا انسان اعلیٰ درجہ کی فضیلت والی ذات سے افضل نہیں ہو سکتا بلکہ اعلیٰ درجہ کی فضیلت والی ذات، کم درجہ کی فضیلت والے انسان سے قطعاً و یقیناً افضل ہے اگرچہ اعلیٰ درجہ کی فضیلت والی شخصیت میں کم درجہ کی فضیلت موجود نہیں جیسا کہ وہب کی روایت میں اسرا کی حدیث میں وارد ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"سل یا محمد! فقلت ماأسأل یا رب اتخذت إبراهيم خليلا وكلمت موسى تكليما، واصطفيت نوحا، وأعطيت سليمان ملكا لاينبغي لأحد من بعده، فقال الله تعالى: ما أعطيتك

---

(۱) پ: ۳۰، الانشراح: ٤

(۲) پ: ۱۳، ابراھیم: ۳۵

(۳) پ: ۲۲، الاحزاب: ۳۳

خير من ذلك، أعطيتك الكوثر وجعلت اسمك مع اسمى ينادى به في جوف السماء وجعلتُ الأرض طهورا لك ولأمتك وغفرت لك ما تقدم من ذنبك وما تأخر فأنت تمشى في الناس مغفورا لك، ولم أصنع ذلك لأحد قبلك، وجعلت قلوب أمتك مصاحفها، وخبأت لك شفاعتك ولم أخبأها لنبى غيرك.[1]

"یعنی اے محمد! ﷺ مانگو تو میں نے عرض کیا: میں کیا مانگوں؟ اے رب! تونے ابراہیم کو خلیل بنایا، موسیٰ سے کلام فرمایا، نوح کو برگزیدہ بنایا اور سلیمان کو ایسی سلطنت بخشی جو ان کے بعد کسی کو شایاں نہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے تمھیں جو دیا وہ ان سب سے بہتر ہے۔ میں نے تمھیں کوثر عطا کیا، اپنے نام کے ساتھ تمھارا نام رکھا کہ آسمان میں اس کے ساتھ ندا کی جاتی ہے، میں نے تمھارے لیے اور تمہاری امت کے لیے مٹی کو پاک کرنے والا بنایا، تمہارے سبب تمھارے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ بخش دیے، تم لوگوں میں اس حال میں چلتے ہو کہ بخشے ہوئے ہو، میں نے تم سے پہلے کسی نبی کے لیے ایسا نہ کیا اور تمہاری امت کے قلوب ان کے مصاحف بنائے اور تمہارے لیے تمہاری شفاعت کو محفوظ کر رکھا ہے اور تمہارے سوا کسی نبی کے لیے محفوظ نہ فرمایا۔"

اس حدیث سے یہ ثبوت فراہم ہوتا ہے کہ حضور اقدس ﷺ حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت نوح اور حضرت سلیمان علیہم السلام سے افضل ہیں اس لیے کہ اللہ سبحانہ نے آپ کو ان حضرات کے فضائل وکمالات سے افضل فضیلت اور اعلیٰ کمال عطا فرمایا ہے اللہ سبحانہ کے ارشاد: "مَا أَعْطَيْتُكَ خَيْرٌ مِّنْ ذٰلِكَ" (میں نے تمھیں جو عطا کیا وہ ان سب سے بہتر ہے) کے یہی معنی ہیں۔ تو یہ بات مبرہن ہوگئی کہ: اعلیٰ فضل وکمال والی ذات اس ذات سے افضل واعلیٰ ہے جسے یہ اعلیٰ فضل وکمال حاصل نہیں بلکہ اس سے کم درجہ کا فضل وکمال حاصل ہے۔ ایسا اس لیے ہے کہ اعلیٰ فضل وکمال، کم درجہ کے فضل وکمال سے افضل واعلیٰ ہے۔

اور حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

"جلس ناسٌ من أصحابِ النبيِّ ﷺ يتذاكرونه قال فخرج حتى إذا دنا منهم سمعهم يتذاكرون فسمع حديثهم فقال بعضهم عجبا: إن الله اتخذ إبراهيم من خلقه خليلا وقال أُخر: ماذا بأعجب من كلام موسى كلمه الله تكليما وقال اُخر: فعيسى كلمةُ الله وروحُه وقال آخر: اُدم اصطفاه الله، فخرج عليهم فسلم وقال: قد سمعت كلامكم وعجبكم بان الله تعالىٰ اتخذ إبراهيم خليلا وهو كذلك وموسى نجى الله وهو كذلك وعيسىٰ روحُ الله وهو كذلك وآدم اصطفاه الله وهو كذلك، ألا وأنا حبيبُ الله ولا فخر وأنا حامل لواء الحمد يوم القيامة ولا فخر

(۱) شفا مع نسیم الریاض ج:۳ ص:۲۴ تا ۲۶ مرکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

وأنا أول شافع وأول مشفع ولا فخر وأنا أول من يحرك حلق الجنة فيفتح الله لي فيدخلنيها ومعي فقراء المؤمنين ولا فخر وأنا أكرم الأولين والآخرين ولا فخر "[۱]

یعنی نبی پاک ﷺ کے کچھ اصحاب بیٹھ کر باہم مذاکرہ فرما رہے تھے اتنے میں آپ باہر تشریف لائے اور ان کے قریب جاکر ان کا مذاکرۂ کلام سنا، بعض صحابہ نے از راہ تعجب یہ کہاکہ: اللہ تعالی نے اپنی مخلوق میں سے حضرت ابراہیم کو خلیل بنایا۔ اور کسی نے یہ کہاکہ: یہ حضرت موسیٰ کے کلام سے زیادہ حیرت انگیز نہیں اللہ تعالی نے حضرت موسی سے کلام فرمایا۔ اور کسی نے کہاکہ: حضرت عیسیٰ اللہ کے کلمہ اور اس کی روح ہیں۔ اور کسی نے کہاکہ: اللہ تعالی نے حضرت آدم کو صفی بنایا۔ اتنے میں رسول اللہ ﷺ ان کے سامنے تشریف فرما ہوئے تو سلام فرمایا اور فرمایا کہ: میں نے تمہارا کلام اور تمھارا تعجب کرنا سنا کہ ابراہیم کو اللہ نے خلیل بنایا یقیناً ان کا مقام یہی ہے۔ اور موسیٰ اللہ کے نجی ہیں، اور ان کی شان یہی ہے۔ اور عیسیٰ اللہ کی روح ہیں، اور ان کا مقام و مرتبہ یہی ہے۔ اور آدم کو اللہ نے صفی بنایا، اور ان کا مقام یہی ہے۔ اور سنو! میں اللہ تعالی کا حبیب ہوں اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں، قیامت کے دن لواء الحمد میرے ہاتھوں میں ہوگا، اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔ اور قیامت کے دن سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا، اور میری شفاعت سب سے پہلے مقبول ہوگی اور یہ میں فخر سے نہیں کہتا۔ اور سب سے پہلے میں باب جنت کی زنجیروں کو ہلاؤں گا تو اللہ تعالی میرے لیے اسے کھول دے گا اور مجھے اور میرے ساتھ فقرائے مؤمنین کو اس میں داخل فرمائے گا، اور اس پر مجھے کوئی فخر نہیں۔ اور میں اللہ تعالی کے حضور تمام اگلوں اور پچھلوں میں سب سے زیادہ عزت والا ہوں۔

اس حدیث پاک سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ حضور اقدس ﷺ، حضرت ابراہیم ،حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ وآدم علیہم السلام سے افضل ہیں؛ اس لیے کہ آپ کے اوصاف ان حضرات علیہم السلام کے اوصاف وکمالات سے افضل واعلی ہیں۔

اور ایک دوسری حدیث میں ہے:

"أما ترضون أن يكون إبراهيم وعيسى كلمة الله فيكم يوم القيامة ؟ ثم قال :إنهما في أمتي يوم القيامة:أما إبراهيم فيقول:أنت دعوتي وذريتي وأما عيسى فالأنبياء كلهم إخوة بنو علات أمهاتهم شتى وإن عيسى أخي ليس بيني و بينه نبي وأنا أولى الناس به"[۲]

---

(۱) شفا ج:۱ص:۲۱۱تا۲۱۲ ، فصل فی تفضیله بالمحبة والخلة مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات و مشکاة المصابیح،ص:۵۱۴ باب فضائل سید المرسلین، مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارك پوراعظم گڑھ

(۲) شفا ،ج:۱ص:۲۰۸فصل: فی ذکر تفضیله ﷺ فی القیامة بخصوص الکرامة، مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

"یعنی کیا تم لوگ اس پر راضی نہیں کہ ابراہیم اور عیسیٰ قیامت کے دن تم لوگوں میں ہوں؟ پھر فرمایا: یہ دونوں حضرات قیامت کے دن میری امت میں ہوں گے، لیکن ابراہیم تو وہ کہیں گے: آپ میری دعا اور میری ذریت ہیں اور رہے عیسیٰ تو تمام انبیا علاتی بھائی ہیں، جن کی مائیں الگ الگ ہیں۔ اور بے شک عیسیٰ میرے بھائی ہیں میرے اور ان کے درمیان کوئی نبی نہیں اور میں ان سے سب سے زیادہ قریب اور ان کا زیادہ حق دار ہوں۔"

اور سمر قندی نے کلبی کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد:

" وَاِنَّ مِنۡ شِيۡعَتِهٖ لَاِبۡرٰهِيۡمَ "(۱)

"اور بے شک ابراہیم انھیں کے گروہ یعنی انھیں کے طریق و سنت پر ہیں۔"

کی تفسیر کے تحت نقل کیا کہ: 'ہ' ضمیر کا مرجع حضور اقدس ﷺ ہیں یعنی حضرت ابراہیم محمد ﷺ کے دین اور طریقہ پر ہیں اور فرا نے اسے اختیار کیا اور مکی نے ان سے نقل کیا۔

حاصل یہ کہ کوئی نبی اور رسول حضور اقدس ﷺ سے افضل نہیں اور آپ تمام انبیا و رسل علیہم السلام اور ساری خلقت سے ہر طرح افضل و اعلیٰ ہیں۔

چھٹی وجہ: جب یہ بات واضح و روشن اور ثابت و مبرہن ہے کہ: بعض فضائل دوسرے فضائل سے افضل و اعلیٰ ہیں اور بعض فضائل و کمالات دوسرے فضائل و کمالات سے فروتر ہیں مثلاً نبوت کی فضیلت نبی کے شرف صحابیت کی فضیلت سے افضل ہے اور نبی کے صحابی ہونے کی فضیلت، نبوت کے مقام و مرتبہ سے فروتر ہے تو افضل و اعلیٰ فضیلت سے موصوف ذات، کم اور فروتر فضیلت سے موصوف ذات سے افضل ہے اگر چہ اس افضل میں یہ فروتر فضیلت موجود نہ ہو مثلاً نبی، نبی کے صحابی سے افضل ہے اگر چہ نبی میں نبی کے صحابی ہونے کی فضیلت موجود نہیں لہذا افضل ہونے کے لیے کم رتبہ انسان کا مساوی درجہ حاصل ہونا ضروری نہیں یعنی کم رتبہ انسان کی فضیلت سے افضل کا متصف ہونا ضروری نہیں، افضل ہونے کے لیے بس اتنا کافی ہے کہ وہ کم رتبہ انسان کی فضیلت سے افضل و اعلیٰ صفت سے متصف ہو اور جب "خاتم النبیین" کی صفت تمام انبیا و رسل کے تمام اوصاف و فضائل سے افضل ہے تو خاتم النبیین کی صفت سے متصف ذات تمام انبیا و رسل سے افضل و اعلیٰ ہے جیسا کہ مقدمہ کی تمہید میں یہ بات گزر چکی۔

رہ گئی یہ بات کہ خاتم النبیین کی صفت تمام اوصاف و فضائل چنیدہ سے افضل و اعلیٰ ہے تو یہ ظاہر و باہر ہے کہ انسان کا سب سے اعلیٰ فضل و کمال یہ ہے کہ: اللہ رب العزت اسے اپنا برگزیدہ بنا لے۔ اسی کا نام نبوت و رسالت ہے۔ کسی نبی اور رسول کے اندر جو بھی فضل و کمال ہے اس کی نبوت و رسالت کے مقام و مرتبہ کے لحاظ سے ہے ہر نبی و رسول کی نبوت و

---

(۱) پ: ۲۳، الصّٰفّٰت

رسالت کے مقام ومرتبہ کے شایان شان جو فضل وکمال تھا اللہ تعالی نے ہر نبی اور رسول کو اس سے سرفراز فرمایا ہے۔ اور اسی طرح ہر نبی اور رسول کو اس کی نبوت ورسالت کے مقام ومرتبہ اور اس کی نبوت ورسالت کے عہد کی حالت کے اعتبار سے آیات ومعجزات عطا فرمائے مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں سحر کا رواج زیادہ تھا اللہ تعالی نے آپ کو ید بیضا اور عصا کا معجزہ عطا فرمایا وہ عصا سانپ بن کر دوڑنے لگتا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے عہد میں طب کا رواج زیادہ تھا تو آپ کو مادر زاد اندھوں اور سفید داغ والوں کو شفا دینے اور اللہ کے حکم سے مردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ عطا فرمایا وعلی ھذا القیاس۔

اور جب اللہ سبحانہ نے حضرت خاتم النبیین رحمۃ للعالمین کے وجود فائض الجود سے نبوت ورسالت کو کمال کی آخری حد پر پہنچادیا تو آپ کو ساری مخلوق کی طرف مبعوث فرمایا، آپ کے دین کو ان حضرات کی شریعت وملت اور دین کا ناسخ قرار دیا، آپ کے دین اور آپ کی ملت وشریعت کو رہتی دنیا تک ہمیشہ کے لیے قائم فرمایا اور آپ کی ہدایت ورحمت کا فیضان سارے عالم میں ہمیشہ کے لیے جاری کردیا۔ اور آپ کے گوناگوں معجزات دیگر انبیا ورسل کے معجزات سے کئی گنا زیادہ ہیں جو آپ کے دست مبارک اور آپ کی امت کے اولیا کے دستہائے اقدس سے کرامت بن کر ظاہر ہوئے۔ آپ کی امت کے اولیا کی کرامتیں آپ کا معجزہ ہیں مثلاً آپ کی دعاؤں کا مقبول ہونا، مردوں کا زندہ فرمانا، جمادات اور بے زبان جانوروں کا کلام کرنا، ٹھوس پتھروں میں سننے کی قوت عطا فرمانا، انگشتانِ اقدس سے پانی کے چشمے جاری ہونا، تھوڑی چیز کو زیادہ فرما دینا، چاند کے دو ٹکڑے کرنا، ڈوبے ہوئے سورج کو واپس فرمانا، اشیا کی حقیقتوں کو بدل دینا، جیسا کہ بدر کے دن عصا کا تیغ بُرّاں ہوجانا، تنے کا فراق پر شوق ومحبت میں رونا، پوشیدہ چیزوں پر مطلع ہونا، آپ پر ابر کا سایہ فگن ہونا، امراض وآلام کو دور فرما دینا، مشرق ومغرب میں تمام دینوں پر آپ کے دین کا غالب ہونا اور اس کے سوا بے شمار آیات ومعجزات جو صبح قیامت تک باقی رہیں گے۔ ان تمام باقی رہنے والے معجزات میں سب سے اعلی معجزہ قرآن مجید ہے جو اعجاز کی اعلی حد پر فائز ہے اس لیے کہ وہ فصاحت وبلاغت کے ایسے مقام پر فائز ہے جو انسان کی طاقت وقوت سے باہر ہے، دلکش الفاظ، نرالے انداز، اچھوتے اسلوب، حسن تالیف، مناسب وموزوں کلمات، کم الفاظ، کثیر ووافر معانی، اور مطلع ومقطع کے ایسے حسن وجمال پر مشتمل ہے جس کے معارض ومقابل کلام لانے سے عرب کے تمام فصحا وبلغا کمال مہارت، دعوی بلاغت، فرطِ حمیّت اور شدّتِ جاہلیت کے باوجود عاجز ودرماندہ ہیں اور اس کے علاوہ گزشتہ وآئندہ کی پوشیدہ چیزوں، اگلی شریعتوں، بعد میں آنے والے قرنوں، منافقین واہل کتاب کی پوشیدہ چالوں، کفار ومشرکین کی خفیہ سرگوشیوں کی خبروں، مؤمنوں کے دلوں میں گزرنے والے خطروں، بندوں کی دنیوی واخروی مصلحتوں، منفعتوں، بالغ حکمتوں، ظاہری وباطنی علوم ومعارف، دعاؤں کی قبولیت کے اسباب، سعادتوں کے حصول، آفتوں اور بلاؤں کے ازالہ، روحانی وجسمانی بیماریوں کی شفا اور اس کے سوا بے شمار چیزوں پر مشتمل ہے جو اپنے مقام پر مذکور ہیں۔

اور جب خاتم النبیین اور آخر الانبیا کے دین اور اس کی شریعت کو ہمیشہ باقی رہنا ضروری ہے تو یقیناً رہتی دنیا تک

اس کے معجزات اور اس کی کتاب شریعت کا باقی رہنا ضروری ہے۔ اسی بنا پر اللہ سبحانہ نے قرآن مجید کو محفوظ رکھا اس میں چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ آیتیں ہیں۔ اور اس کی سب سے چھوٹی سورت تین ایسی آیتوں کے برابر ہے جو بے شمار وجوہ سے مستقل معجزہ ہے۔ اس حساب سے یہ کتاب کریم دو ہزار دو سو بائیس مستقل معجزات پر مشتمل ہے اور وجوہ اعجاز پر نظر کی جائی تو یہ بے شمار معجزات پر حاوی ہے۔ اللہ سبحانہ نے آپ کے عہد میمون سے مختلف بلاد و امصار اور عالم کے اطراف و اکناف میں مصاحف، تفسیروں اور حافظوں کے سینوں میں اسے محفوظ رکھا جیسا کہ فرمایا:

"إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُونَ"(۱)

"بے شک ہمیں نے ذکر کو اتارا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت فرمانے والے ہیں۔"

اس طویل عرصہ تک اس کا اس طرح محفوظ رہنا کہ مصاحف کے متنوں اور حافظوں کے سینوں میں ایک حرف، ایک نقطہ، اور ایک اعراب کا فرق رونما نہ ہوا یہ اس کا عظیم معجزہ ہے جب کہ ملاحدہ، قرامطہ، معطلہ اور دوسرے دشمنان دین نے اس کی تحریف میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ قرآن عظیم کی ایسی حفاظت کا اہتمام اللہ سبحانہ کے سوا کوئی دوسری ذات نہیں کر سکتی۔ آیت کریمہ: "إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُونَ"(۲) کے مصداق کا واقع ہونا عظیم ترین روشن معجزہ ہے۔ اور چوں کہ گذشتہ انبیا و رسل کا دین اور ان کی شریعت ہمیشہ کے لیے نہ تھی، بلکہ ان کا دین، اس دین متین کے ذریعہ منسوخ ہو گیا اس لیے توریت وانجیل اور زبور وغیرہ اگلے صحیفوں کو تحریف و تبدیل سے محفوظ رکھنے کی ضرورت نہ تھی۔

حاصل یہ کہ خاتم النبیین کی صفت سے موصوف کے لیے یہ لازم وضروری ہے کہ اس کی نبوت و رسالت عام، اس کا دین دائم، شریعت قائم، اس کے معجزات باقی اور اجر و ثواب پیہم اور غیر متناہی ہوں۔

ان اوصاف جمیلہ سے آپ کا متّصف ہونا تمام انبیا و مرسلین سے آپ کے ہر طرح افضل ہونے کے لیے کافی ہے ؛اس لیے کہ اس وصف سے متّصف ذات کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس کی نبوت و رسالت تمام انبیا کی نبوت و رسالت سے عام تر ہو، اس کا دین اور اس کی شریعت، تمام ادیان و شرائع سے زیادہ تام اور کامل ہو۔ اس کے اخلاق و عادات اور اس کا ملکہ تمام مخلوق کے اخلاق و ملکہ سے زیادہ پاکیزہ اور عادلانہ ہوں، اس کی طینت و خصلت دوسروں کی طینت و خصلت سے زیادہ بلند اور پرکشش ہو، اس کا دین و ملت قائم و دائم اور زیادہ محکم ہو، اس کے تمام معجزات، تمام انبیا و مرسلین کے معجزات سے زیادہ واضح و روشن اور دیر پا ہوں، اس کا طریقہ تمام طریقوں سے زیادہ ہدایت بخش ہو، وہ افضل و بہتر بھی ہو اور اس کی امت تمام امتوں سے زیادہ اور افضل ہو، لہذا یہ وصف ایسے فضائل کا جامع ہے جن میں سے ہر ہر فضیلت تمام انبیا و مرسلین کے جملہ فضائل سے کلی طور پر افضل ہے۔

---

(۱) پ:۱٤، الحجر، آیت:۹ ع:۱

(۲) پ:۱٤، الحجر، آیت:۹ ع:۱

اور اسی لیے اللہ سبحانہ نے تمام انبیاو مرسلین پر آپ کو فضیلت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:
"وَجَعَلْتُكَ فَاتِحًا وَخَاتِمًا" میں نے تمھیں اول و آخر، فاتح باب خلقت اور خاتم عہد نبوت بنایا۔
اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا:
"بِهٰذَا فَضَلَكُم مُحَمَّدٌ" اسی لیے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ سب لوگوں پر فضیلت وفوقیت لے گئے۔
اور حضرت جبریل علیہ السلام نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا:
"لأنه فضلك بهذه الصفة وخصك بها على جميع النبيين والمرسلين" اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس صفت کے ذریعہ فضیلت بخشی اور یہ صفت صرف آپ ہی کو عطا فرمائی کسی دوسرے نبی و رسول کو نہیں۔
اور خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:
"الحمد لله الذى فضّلنى على جميع النبيين حتى فى اسمى وصفتى" تمام تعریف اللہ کے لیے جس نے مجھے تمام انبیا سے افضل بنایا یہاں تک کہ میرے نام اور میری صفت میں۔
اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے آپ کی رسالت عامہ (جو صفت خاتم النبیین کے درجوں میں سے ایک درجہ ہے) سے استدلال فرمایا کہ: آپ تمام انبیاو رسل سے افضل ہیں۔
اسی سے یہ بات بھی متحقق ہوگئی کہ جب خاص وصف خاتمیت میں انبیا کا شریک ہونا محال ہے تو کسی نبی و رسول کا آپ کے برابر ہونا محال ہے لہذا اس قائل کا یہ کہنا اس کی فرط جہالت و گمراہی ہے کہ:
"خاص وصف خاتمیت میں شریک نہ ہونے کے سبب آپ کے برابر شخص ممکن نہ ماننا تفضیل کے قاعدہ سے غفلت و گمراہ گری کی بنا پر ہے"۔
اور چوں کہ اس کے اس کلام سے اللہ عزوجل، حضور اقدس، حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور روح الامین جبریل علیہم السلام کی تجہیل و تضلیل لازم آتی ہے اس لیے اس قائل کا یہ کلام خود اس کے ملحد و بے دین ہونے کی دلیل ہے۔

ساتویں وجہ: کسی خاص شخص پر فضیلت دینے کا قاعدہ یہ ہے کہ: اگر مفضل اور مفضل علیہ کسی خاص فضیلت میں شریک ہوں تو مفضل علیہ میں فضیلت کا جو درجہ موجود ہے مفضل میں اس درجے سے زائد فضیلت بوجہ اتم موجود ہو۔ اور اگر مفضل اور مفضل علیہ کسی خاص فضیلت میں شریک نہ ہوں تو مفضل کی فضیلت کا مفضل علیہ کی فضیلت سے افضل ہونا ضروری ہے مثلاً زید، عمرو سے دو وجہوں سے افضل ہو سکتا ہے: ایک یہ کہ: زید و عمرو کسی فضیلت مثلاً علم میں شریک ہوں اور زید کے علوم عمرو سے زائد ہوں۔ دوسرے یہ کہ: زید میں عمرو کی فضیلت سے افضل فضیلت موجود ہو اور وہ دونوں فضیلتیں ایک جنس سے نہ ہوں مثلاً زید میں علم اور عمرو میں کتابت کی فضیلت موجود ہو اس صورت میں بھی زید عمرو سے افضل ہے اس لیے کہ زید کی فضیلت (علم) عمرو کی فضیلت (کتابت) سے افضل ہے۔ اور ہمارے مسئلۂ دائرہ میں تفضیل کا یہ قاعدہ موجود ہے اس

لیے کہ خاتم النبیین کی جو صفت صرف حضور اقدس ﷺ ہی کو حاصل ہے تمام انبیا و مرسلین کے اوصاف و کمالات سے افضل ہے۔ لہذا خاتم النبیین کی صفت سے موصوف ذات لا محالہ افضل ہے۔

یہ شخص بتائے کہ: وہ کون سا قاعدہ ہے کہ یہ تفضیل اور شخص مساوی کی نفی اُس قاعدے سے ذُہول پر مبنی ہے اور وہ قاعدہ کس شخص نے مقرر کیا ہے؟ اور کس علم میں وہ قاعدہ مرقوم ہے؟ اور کتب معتبرہ میں سے کس کتاب میں اس قاعدہ کی اور اس بات کی تصریح ہے کہ: "تمام فضیلتوں سے اعلی فضیلت میں شریک نہ ہونے سے مساوات کی نفی لازم نہیں آتی ہے۔

"غالباً اس کی گمرہی کا سبب یہ ہے کہ: اہل سنت و شیعہ کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کے اصحاب میں سیدنا ابو بکر صدیق افضل ہیں یا حضرت علی رضی اللہ عنہما؟ اہل سنت نے فرمایا کہ: سیدنا ابو بکر صدیق افضل ہیں۔ اور شیعہ کہتے ہیں کہ: حضرت علی مرتضیٰ افضل ہیں۔ جب شیعہ نے یہ دلیل پیش کی کہ: حضرت علی مرتضیٰ سب سے زیادہ بہادر، دلیر، باقوت، صاحب علم و دانش، قضا کے ماہر، رسول پاک کے اقرب و اشرف، حسنین کریمین کے والد ماجد اور جگر گوشۂ رسول سیدہ زہرا بتول کے خاوند اور دوسرے بے شمار فضائل و مناقب کے حامل ہیں۔

تو اہل سنت نے یہ جواب دیا کہ: افضل ہونے سے "اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ اجر و ثواب اور کرامت و عزت والا ہونا مراد ہے، فضائل کی تعداد زیادہ ہونا یا مجموعی فضائل کے اعتبار سے افضل ہونا مراد نہیں۔ اس جواب سے اس نافہم نے یہ سمجھا کہ: یہ افضلیت کا قاعدہ ہے اور اس فہم کے اعتبار سے یہ گمان کیا کہ: خاص وصف خاتمیت میں شریک نہ ہونے سے مساوی کی نفی تفضیل کے قاعدہ سے غفلت کی بنا پر ہے۔ یہ شخص اپنے اس گمان کے سبب عقل و ایمان سے دست بردار ہو گیا حالاں کہ اس جواب سے قاعدہ بیان کرنا مقصود نہیں بلکہ افضلیت کے دعوی سے جو چیز مراد ہے اس کا بیان کرنا مقصود ہے۔ اس جواب کے دو محمل ہیں: ایک وہ جسے محقق دوانی نے شرح تجرید جدید کے جدید حاشیہ میں تفصیلاً اور شرح عقائد عضدیہ میں اجمالاً بیان کیا ہے۔ شرح عقائد میں ہے:

"فإنّ صيغة أفعل التفضيل موضوعة للزيادة فی معنى المصدر بوجه ما أعم من أن يكون من جميع الوجوه أو بجميع صفات الفضائل من حيث المجموع والذی وقع الخلاف فيه هٰهنا هو الرجحان بهذا الوجه أعنی من حيث الثواب لاالرجحان من الوجوه الأخر فلا ينافی ذالك رجحان الغير فی آحاد الفضائل الأخر ولا فی مجموع الفضائل من حيث المجموع"[1]

یعنی "افضل" کا صیغہ معنی مصدر میں کسی بھی طرح فضیلت و برتری کو بتانے کے لیے وضع ہوا ہے چاہے ہر اعتبار سے معنی مصدر میں فضیلت و زیادتی کو بتائے یا فضائل کے تمام مجموعی اوصاف کے اعتبار سے۔ اور اختلاف صرف اس اعتبار سے یعنی

---

(۱) الدوانی علی العقائد العضدیه ص: ۱۰۰ مکتبه رحیمیه

اجروثواب کے اعتبار سے راجح ہونے میں ہے، اجروثواب کے سوادوسرے اعتبارات سے راجح ہونے میں اختلاف نہیں، تو ہو سکتا ہے کہ دوسرا شخص دوسرے فضائل کے افراد اور تعداد کے اعتبار سے یا مجموعی فضائل کے اعتبار سے بحیثیت مجموعی راجح ہو۔

دوسرے یہ کہ: کثرت ثواب کی فضیلت دوسری تمام فضیلتوں سے افضل ہے۔ اور حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کثرت ثواب کی فضیلت (جو دوسری تمام فضیلتوں سے افضل ہے) سے متصف ہیں۔ اور تمام فضیلتوں میں افضل فضیلت سے متصف ذات، دوسروں سے افضل ہوتی ہے، اگرچہ وہ اس اعلی فضیلت سے کمتر اور فروتر تمام فضیلتوں سے متصف ہو۔

اس مقام پر ہمارا جواب اسی محمل دوم پر مبنی ہے اس قاعدے کے تحت جو پہلے ہم بیان کر چکے اور اس قاعدے کی بنا پر خاتم النبیین کی صفت میں شریک وبرابر نہ ہونے سے مساوی کی نفی لازم ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا۔

اہل سنت کے تمام اسلاف و اخلاف کا اس پر اتفاق ہے کہ: حضرات شیخین یعنی سیدنا صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ تعالے عنہما، انبیاء علیہم السلام کے بعد تمام انسانوں سے افضل ہیں۔ تحقیق فکر اور تدقیق نظر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ: حضرات شیخین کی اس فضیلت کی بنیاد یہ ہے کہ: وصف خاتم النبیین تمام فضائل وکمالات سے افضل ہے۔

اس اجمال کی تفصیل اور اس کلام کی توضیح یہ ہے کہ: انبیائے کرام علیہم السلام کے بعد تمام انسانوں سے حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کے افضل ہونے کا مسئلہ، مسائل اعتقادی سے ہے۔ اور مسائل اعتقادی میں اعتقاد پر جزم ویقین لازم وضروری ہے۔ اعتقادیات میں ظن کارآمد نہیں، علمائے اہل سنت کو اس بات کا اعتراف واقرار ہے کہ: حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کا جناب علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے کثرت ثواب کے اعتبار سے افضل ہونا ایک ظنی مسئلہ ہے۔ مواقف اور اس کی شرح میں ہے کہ:

"اعلم أن مسألة الأفضلية لا مطمع فيها في الجزم واليقين إذ لا دلالة للعقل بطريق الاستقلال على الأفضلية بمعنى الأكثرية فى الثواب بل مستندها النقل. وليست هذه المسألة مسألة يتعلق بها عمل فيكتفى فيها بالظن الذى هو كافٍ فى الأحكام العملية بل هى مسألة علمية يطلب فيها اليقين والنصوص المذكورة من الطرفين بعد تعارضهالا تفيد القطع على ما لا يخفى على منصف لأنها بأسرهاإما أحادأو ظنية الدلالة مع كونها متعارضة وليس الاختصاص بكثرة أسباب الثواب موجبا لزيادته قطعابل ظنالأن الثواب تفضّل من الله تعالى كما عرفته فيما سلف فله أن لا يثيب المطيع و يثيب غيره.وثبوتُ الإمامة وإن كان قطعيا لا يفيد القطع بالأفضلية بل غايته الظن كيف ولا قطع بأن إمامة المفضول لا تصح مع وجود الفاضل لكنا وجدنا السلف قالوا:بأن الأفضل أبو بكر ثم عمر ثم عثمان ثم علي. وحسن ظننا بهم يقضي بأنهم لو لم يعرفوا ذلك لما أطبقواعليه فوجبَ عَلَيْنَا اتباعهم في

ذالك القول وتفو يض ما هو الحق إلى الله تعالى ."[1]

"افضلیت کے مسئلہ میں جزم ویقین کی امید وطمع نہیں اس لیے کہ کثرت ثواب کے اعتبار سے یہ افضلیت محض دلیل عقل سے معلوم نہیں ہوتی بلکہ اس مسئلہ کی سند دلیل نقلی ہے اور یہ ایسا مسئلہ نہیں جو عمل سے متعلق ہو جس میں ظن پر اکتفا کیا جاتا ہے اس لیے کہ احکام عملیہ میں ظن کافی ووافی ہوتا ہے بلکہ یہ ایک علمی اور یقینی مسئلہ ہے جس میں یقین درکار ہے اور فریقین کی طرف سے جو متعارض نصوص پیش کیے جاتے ہیں ان سے یقین حاصل نہیں ہوتا جیساکہ کسی انصاف پسند پر یہ حقیقت پوشیدہ نہیں؛ اس لیے کہ وہ تمام نصوص متعارض ہونے کے ساتھ یا تو اخبار آحاد ہیں یا ان کی دلالت ظنی ہے اور محض ثواب کے اسباب کثیر ہونے سے یہ یقین لازم وضروری نہیں کہ ثواب بھی کثیر ہوں بلکہ محض اس کا ظن ہوتا ہے اس لیے کہ ثواب محض اللہ کا فضل اور اس کی عطا ہے جیساکہ گذرا اسے اختیار ہے کہ مطیع کو ثواب نہ دے اور غیر مطیع کو دے۔ اور امامت کا ثبوت قطعی و یقینی ہونے کے باوجود افضلیت کے یقین کا افادہ نہیں کرتا۔ بلکہ زیادہ سے زیادہ افضلیت کا ظن ہوتا ہے۔ یقین کیوں کر ہو جب کہ اس کا قطعی حکم نہیں کہ: افضل کے ہوتے ہوئے مفضول کی امامت صحیح نہیں (ہوسکتا ہے کہ امام کوئی مفضول شخص ہو اور دوسرا اس سے افضل ہو) لیکن ہم نے اسلاف کو یہ کہتے ہوئے پایا کہ: "افضل ابوبکر پھر عمر پھر عثمان پھر علی ہیں۔ اور ان اسلاف کے بارے میں ہمارا حسن ظن اس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ: اگر انہیں اس کی معرفت نہ ہوتی تو وہ اس پر اتفاق نہ فرماتے۔ تو ان کے اس کلام کی اتباع اور حق کو اللہ کے سپرد کرنا ہم پر لازم وضروری ہے۔"

اس میں اس بات کا اعتراف واقرار ہے کہ: ثواب کے اعتبار سے افضل ہونے کا یقین نہیں اور اسلاف کی تقلید و اتباع میں افضل ہونے کا قول حسن ظن کی بنا پر ہے اور ظاہر ہے کہ اعتقادی امور میں ظن کار آمد نہیں۔ پھر اس کی شرح کرتے ہوئے کہا:

"قال الآمدي: وقد يراد بالتفضيل اختصاص أحد الشخصين عن الآخر إما بأفضل فضيلة لا وجود لها في الآخر كالعالم والجاهل وإما بزيادة فيها ككونه أعلم مثلاً وذلك أيضا غير مقطوع به فيما بين الصحابة إذ ما من فضيلة تبين اختصاصها بواحد منهم إلا و يمكن مشاركة غيره له فيهاو بتقدير عدم المشاركة فقد يمكن بيان اختصاص الآخر بفضيلة أخرى ولا سبيل إلى الترجيح بكثرة الفضائل لاحتمال أن تكون الفضيلة الواحدة أرجح من فضائل كثيرة إما لزيادة شرفها في نفسها أو لزيادة كميتهافلا جزم بالأفضلية بهذاالمعنى أيضا"[2]

"آمدی نے کہا کہ: تفضیل سے کبھی دو شخصوں میں سے ایک کا دوسرے سے افضل ہونا مراد ہوتا ہے یا تو اس لیے کہ

---

(۱) شرح مواقف ص ٧٤٤، المقصد الخامس منشی نول کشور لکھنؤ

(۲) شرح مواقف، المقصد الخامس ص ٧٤٤ منشی نول کشور لکھنؤ

اس میں ایسی اعلیٰ اور افضل فضیلت موجود ہے جو دوسرے میں نہیں مثلاً "عالم و جاہل" یا اس لیے کہ اس میں زائد فضل و کمال موجود ہے، مثلاً یہ کہ: "وہ دوسرے سے زیادہ علم والا ہے" اور صحابہ کے درمیان اس بات کا یقین نہیں کیا جاسکتا؛ اس لیے کہ ان حضرات میں سے کسی کے جو بھی خاص فضائل و کمال بیان کیے جاتے ہیں وہ ایسے نہیں جو کسی اور کو حاصل نہ ہوسکیں بلکہ ان فضائل میں دوسرے صحابہ بھی شریک ہوسکتے ہیں۔ اور اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ کوئی دوسرا اس فضیلت میں شریک نہیں تو یہ ممکن ہے کہ دوسرے صحابی میں کسی اور فضیلت کا امتیاز و اختصاص موجود ہو۔ اور فضیلتوں کی تعداد زیادہ ہونے کی بنا پر ایک کو دوسرے سے افضل نہیں کہا جاسکتا؛ اس لیے کہ یہ احتمال ہے کہ صرف ایک ہی فضیلت دوسری بہت سی فضیلتوں سے افضل وارجح ہو یا تو اس لیے کہ خود اس کی ذاتی شرافت زیادہ ہے یا اس لیے کہ اس کی فضیلت کے افراد زیادہ ہیں تو اس معنی کے اعتبار سے بھی جزم و یقین کے ساتھ ایک کو دوسرے سے افضل نہیں کہا جاسکتا۔"

اسی سے یہ بات بھی روشن ہوگئی کہ: حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی فضیلت کے مسئلہ میں یہ بیان کافی نہیں کہ: "ثواب کے اعتبار سے افضل ہونا مراد ہے" بلکہ اس کے لیے کوئی ایسی قطعی و یقینی دلیل درکار ہے جو اس متفق علیہ اعتقادی مسئلہ کے جزم و یقین کا افادہ کرے۔

اور اس کی **قطعی دلیل** یہ ہے کہ: جب کمال نبوت و رسالت یعنی ختم نبوت اور قیامت تک کے لیے اس دین کو دائم و کامل فرمانا، آپ کی ہدایت و دعوت کا صبح قیامت تک کے لیے ساری مخلوق کی طرف عام ہونا، رہتی دنیا تک اس دعوت و ہدایت کا باقی رہنا، ہر جگہ اور ہر زمانہ میں ایمان و عبادات کی اشاعت فرمانا، عدل اور اللہ کی حدوں کو قائم کرنا، شرعی احکام کو جاری و نافذ کرنا، لوگوں تک ان کے حقوق پہنچانا، ظلم سے روکنا، بھلائی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا وغیرہ اس بات کی واضح نشانیاں ہیں کہ: یہ فضیلتیں تمام مخلوقات کے فضائل و کمالات سے افضل ہیں اور جو ذات خاتم النبیین کی صفت سے متصف ہے ان اعلیٰ و افضل فضیلت سے متصف ہونے کے سبب تمام اولین و آخرین سے افضل ہے جیسا کہ گذشتہ سطور میں اس کی تحقیق گذر چکی۔

اور اس دین کو اعلیٰ مقام و مرتبہ عطا کرنا، کلمۂ حق بلند کرنا، مسلمانوں کی جماعت کو کثیر فرمانا، ہمیشہ اس دین کی نشر و اشاعت فرمانا، اسلام کی طرف تمام مخلوق کی ہدایت و رہنمائی کرنا، اطراف و بلاد میں بندگان خدا کو بت پرستی سے پاک فرمانا، تمام اہل کتاب اور مشرکین کو جلاوطن فرمانا، آتش پرستوں کی جلتی آگ فرو کرنا، بلاد و امصار کو فتح فرمانا، اطراف و اکناف کے ظالم و جابر کافر بادشاہوں کو مقہور و مغلوب فرمانا، فاسقوں اور فاجروں پر اللہ کی حدیں قائم فرمانا اور شرعی احکام کے مطابق امور سلطنت کا انتظام و انصرام وغیرہ اوصاف و امور جن سے دین اسلام کی فضیلت و برتری اور غلبہ و بلندی دوسرے مذاہب پر ظاہر ہوتی ہے تمام امت کے فضائل مین سب سے اعلیٰ فضیلت ہے؛ اس لیے کہ یہ ساری چیزیں، دین متین کو تمام ادیان و مذاہب پر غالب فرمانے، ختم نبوت کی نشانیوں کو کامل فرمانے اور آخری زمانے تک اسے باقی رکھنے سے عبارت ہیں۔ اور یہ واضح و روشن ہے کہ: حضرات شیخین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دست اقدس سے جس حسن و خوبی کے ساتھ یہ ساری

چیزیں انجام پذیر ہوئیں کسی دوسرے کے ہاتھ نہ ہوئیں۔ اس میں کسی کا اختلاف نہیں کہ: سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بالغ انسانوں میں سب سے پہلے اسلام لائے اور آپ کی دعوت پر حضرت عثمان ابن عفان، حضرت زبیر بن العوام، حضرت عبد الرحمن بن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت طلحہ ابن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ایمان کی لازوال دولت سے مشرف ہوئے۔ اور دین اسلام کے ابتدائی دور سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نصرت و حمایت میں جان و مال کی قربانی پیش کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ صحیح بخاری میں عبد اللہ بن عمرو ابن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ:

"قال: بينا النبي صلى الله عليه وسلم يصلي في حجر الكعبة إذ أقبل عقبة بن أبي معيط فوضع ثوبه في عنقه فخنقه خنقاً شديداً فأقبل أبو بكر حتى أخذ بمنكبيه ودفعه عن النبيِ صلى الله عليه وسلم وَقَالَ: أَتَقْتُلُوْنَ رَجُلاً أَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ"(۱)

یعنی اس درمیان کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حطیم کعبہ کے پاس نماز ادا فرما رہے تھے اچانک عقبہ ابن ابو معیط آیا، اس نے آپ کی گردن میں اپنا کپڑا ڈال کر سختی سے آپ کا گلا گھوٹنا شروع کیا اتنے میں سیدنا ابو بکر صدیق آئے، آپ نے اس کے شانہ کو پکڑ کر آپ سے دور ہٹایا اور فرمایا: کیا تم لوگ کسی شخص کو اس بات پر قتل کرو گے کہ اس نے یہ کہا کہ: "ہمارا رب اللہ ہے"۔

اور سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اسی وجہ سے آل فرعون کے مؤمن پر فضیلت دی اور فرمایا کہ: آل فرعون کے مؤمن نے ایمان پوشیدہ رکھ کر یہ کہا تھا کہ:

" أَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا أَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ"(۲)

کیا تم لوگ اس بات پر کسی کی جان لے لو گے کہ اس نے یہ کہا کہ: "میرا رب اللہ ہے"

اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ایمان کا اعلان کرتے ہوئے یہ کہا کہ:

" أَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا أَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ" کیا تم لوگ کسی شخص کو اس بات پر قتل کرو گے کہ اس نے یہ کہا کہ: میرا رب اللہ ہے۔

اور ہجرت کے موقع پر جب کہ دین اور مسلمانوں کی قوت کے ظہور کا ابتدائی دور تھا آپ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رفیق سفر رہے۔ اور کتاب اللہ میں اس بات کی کھلی تصریح ہے کہ: غار میں آپ حضور کے ساتھ رہے اور حضور سرور کائنات علیہ افضل الصلوات کے وصال جاں کاہ کے بعد صبر و اطمینان اور استقلال و ثبات قدمی کا مظاہرہ فرمانا، زکات کی فرضیت کے منکرین و مرتدین سے قتال کا عزم بالجزم فرمانا اور مسیلمۂ کذاب اور نبوت کے دوسرے جھوٹے دعوی داروں کا

(۱) بخاری ج: ۱ ص: ٥٤٤ باب بدأالوحی مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) بخاری ج: ۱ ص: ٥٢٠ باب فضل ابی بکر مجلس برکات جامعه اشرفیه مبارک پور اعظم گڑھ

قتل اور دوسرے روشن کارنامے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ سرانجام ہوئے جس کے سبب دین اسلام خوب خوب پھیلا اور ہمیشہ ہمیش کے لیے قائم رہا۔ یہ آپ کی وہ افضل و اعلیٰ فضیلت ہے جس کے برابر و مقابل امت کی کوئی فضیلت نہیں ہو سکتی۔ امام ترمذی نے سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

"ما لأحد عندنا يد إلا وقد كافيناه ما خلا أبا بكرٍ فإن له عندنا يدا يكافئه الله بها يوم القيامة. وما نفعني مال أحد قط ما نفعني مالُ أبي بكر ولو كنت مُتَّخذاً خليلاً لاتخذت أبا بكر ألا وإن صاحبكم خليل الله "[1]

"ابوبکر کے سوا ہمارے اوپر کسی کا ایسا احسان نہیں جس کا بدلہ ہم نے اسے ادا نہ کر دیا ہو کیوں کہ ہم پر ان کا ایسا احسان ہے جس کا انعام و صلہ قیامت کے دن اللہ عزوجل انہیں عطا فرمائے گا اور کسی کے مال نے مجھے اتنا نفع نہ دیا جتنا کہ ابوبکر کے مال نے نفع دیا اور اگر میں خلیل بناتا تو ضرور ابوبکر کو بناتا سنو تمہارے نبی اللہ کے خلیل ہیں۔"

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

"ذُكِرَ عنده أبو بكر، فبكى، وقال: وَدِدْتُ أن عملي كلَّه مثلُ عمله يوما واحدا من أيامه، وليلة واحدة من لياليه، أما ليلته، فالليلةُ التي سار مع النبيِّ - صلى الله تعالى عليه وسلم - إلى الغار فلما انتهيا إليه قال: والله لا تدخله حتى أدْخلَه قبلكَ، فإن كان فيه شيء أصابني دُونَكَ، فدخل فكَسَحه، ووجد في جانبه ثُقَبا، فَشَقَّ إزاره، وسدَّها به، فبقي منها اثنان، فألْقَمهما رِجْليه، ثم قال لرسول الله - صلى الله تعالى عليه وسلم: أدخل، فدخل النبي - صلى الله تعالى عليه وسلم -، وَوَضع رأسة في حَجْرِه ونام، فلُدِغَ أبو بكر في رِجْله من الجُحر، ولم يتحرَّكْ مخافةَ أن ينتبه النبيُّ - صلى الله تعالى عليه وسلم -، فسقطت دُمُوعُه على وجه النبيّ - صلى الله تعالى عليه وسلم -، فقال: ما لك يا أبا بكر؟ قال: لُدِغتُ، فِداك - أَبي وأمِّي - فتفل عليه النبيُّ - صلى الله تعالى عليه وسلم -، فذهب ما يجده، ثم انتقض عليه، وكان سببَ موته، وَأَما يومُهُ، فلما قُبِضَ النبيُّ - صلى الله تعالى عليه وسلم - ارتدت العرب، وقالوا: لا نُؤدِّي زكاة، فقال: لو منعوني عِقالا لجاهدتُهم عليه، فقلتُ: يا خليفةَ رسولِ الله! تَألَّفِ الناسَ، وارْفُقْ بهم، فقال لي: أَجَبَّارٌ في الجاهلية وخَوَّارٌ في الإسلامِ؟ إنَّهُ قد انقَطعَ الوحيُ، وتَمَّ الدِّينُ، أَيَنْقُصُ وأنا حَيٌّ "[2]

"آپ کی خدمت میں سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذکر ہوا تو آپ کی آنکھیں اشک بار ہو گئیں اور فرمایا کہ: میری آرزو ہے

---

(۱) ترمذی ج:۱ ص:۲۰۷ باب مناقب ابی بکر مجلس برکات و مشکوۃ المصابیح باب مناقب ابی بکر ج:۲ ص: ۵۵۵ مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

(۲) مشکاۃ المصابیح، باب مناقب ابی بکر ص:۵۵۶، مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

کہ میرا سارا عمل ابوبکر کے تمام روز و شب میں سے ایک دن اور ایک شب کی طرح ہو جائے، ان کی شب، وہ شب ہے جس شب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غار میں تشریف لے گئے، جب دونوں حضرات غار تک پہنچے تو آپ نے عرض کیا: خدا کی قسم آپ اس غار میں اس وقت تک قدم رنجہ نہ ہوں جب تک کہ میں آپ سے پہلے اس میں داخل نہ ہو جاؤں اگر اس میں کوئی اذیت رساں شئی ہو گی تو مجھے تکلیف پہنچے گی آپ کو نہیں۔ آپ نے داخل ہو کر اسے صاف کیا اس کے ایک گوشے میں چند سوراخ ملے آپ نے اپنا ازار چاک فرما کر انھیں بند کر دیا اور دو سوراخ رہ گئے تو انہیں اپنے پیروں سے بند فرما دیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: آپ اندر تشریف لائیں آپ تشریف لے گئے اور اپنا سر اقدس آپ کی گود میں رکھ کر سو گئے، مار غار نے آپ کے پیر میں کاٹ لیا آپ نے اس خوف سے جنبش نہ کی کہ کہیں رسول اللہ ﷺ بیدار نہ ہو جائیں اور خواب مبارک میں خلل لاحق ہو، آپ کے اشک رواں حضور اقدس ﷺ کے رخ انور پر گرے آپ نے بیدار ہو کر فرمایا: اے ابوبکر! کیا معاملہ ہے؟ عرض کیا: آپ پر میرے ماں باپ قربان سانپ نے کاٹ لیا ہے تو آپ نے اپنا لعاب مبارک لگایا جس سے سارا درد جاتا رہا اس کے کچھ دنوں بعد زہر کا اثر عود کر آیا جو آپ کے وصال کا سبب بنا۔

اور رہا آپ کا دن تو جب رسول اللہ ﷺ کا وصال جاں کاہ ہوا تو اہل عرب مرتد اور اسلام سے برگشتہ و منحرف ہو گئے، انھوں نے زکات دینے سے انکار کیا تو آپ نے فرمایا: "اگر وہ لوگ اونٹ باندھنے کی ایک رسی بھی روک رکھیں گے تو میں ان سے اس پر بھی جہاد کروں گا" اس پر میں نے آپ سے عرض کیا: اے خلیفۂ رسول اللہ! آپ لوگوں کے ساتھ نرمی فرمائیں تو آپ نے فرمایا: اے دور جاہلیت میں دلیر و سخت دل اور اسلام میں ضعیف الرائے! بے شک وحی کا سلسلہ ختم ہو چکا اور دین اسلام کامل ہو گیا تو کیا اب میری حیات میں اس کامل دین کے اندر کمی ہو گی؟"

رہے سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مجاہدات و فتوحات جن سے ساری مخلوق میں دین اسلام کی اشاعت ہوئی، فارس و روم اور شام کے وسیع ممالک اور کشادہ بلاد مسلمانوں کے پورے قبضہ و تصرف اور انتظام و انصرام میں داخل ہو گئے، آتش کدے اور صنم خانے منہدم ہو گئے، مضبوط و مستحکم مسجدیں تعمیر ہوئیں، حدود و احکام جاری ہوئے، رعایا اور عمال و حکام کی خبر گیری اور ان کی سیاست کا قیام عمل میں آیا، اکثر بد طینت لوگ دین اسلام میں داخل ہو کر ظلم و گناہ سے باز آئے اور مسلمانوں کو مال غنیمت وغیرہ خیرات و عطیات سے قوت حاصل ہوئی۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یہ وہ روشن کارنامے ہیں جو آفتاب نصف النہار کی طرح روشن ہیں جنھیں بیان کرنے کی حاجت نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ نے حضور خاتم النبیین سے جن وعدوں کی تکمیل کا وعدہ فرمایا تھا حضرات شیخین کی جدوجہد، گراں قدر کوشش اور حسن تدبیر سے ان کی تکمیل کے روشن جلوے شیخین کے ہاتھوں ظاہر ہوئے، مسلمانان عالم پر اللہ عزوجل کے دین اور اس کی نعمت کی تکمیل کی بھرپور اشاعت ان حضرات کی محنتوں اور کوششوں سے بحسن و خوبی انجام

پذیر ہوئی اور کسی قسم کا کوئی خلل اور فساد رونما نہ ہوا۔

اللہ سبحانہ نے اپنی روشن کتاب میں حضور خاتم المرسلین ﷺ سے یہ وعدہ فرمایا تھا کہ: دین اسلام کو تمام دینوں پر غالب فرمائے گا، مسلمانوں کو تسلط وقدرت، خلافت وولایت اور استقلال وثبات قدمی سے سرفراز فرمائے گا ،انہیں مال غنیمت سے مالا مال فرمائے گا ، مرتدوں اور دوسرے کافروں پر مجاہدین اسلام کو ظفریاب فرمائے گا، جزیرۂ عرب سے یہود کو دوبارہ جلاوطن فرمائے گا، جیسا کہ اس نے فرمایا:

"هُوَ الَّذِی أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدٰی وَدِینِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهُ عَلَى الدِّینِ كُلِّهِ"(۱)

"وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غلبہ دے۔"

نیز فرمایا:

"وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِینَ اٰمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِینَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَیُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِینَهُمُ الَّذِی ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَیُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا یَعْبُدُونَنِی لَا یُشْرِكُونَ بِی شَیْئًا"(۲)

تم میں جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اللہ نے ان سے یہ وعدہ فرمایا کہ ضرور انہیں زمین میں خلافت دے گا جیسا کہ ان سے پہلوں کو دی۔ اور ضرور ان کے لیے جمادے گا ان کا وہ دین جو ان کے لیے پسند فرمایا ہے۔ اور ضرور ان کے اگلے خوف کو امن سے بدل دے گا۔ میری عبادت کریں اور میرا شریک کسی کو نہ ٹھہرائیں۔

اور فرمایا:

"یٰأَیُّهَا الَّذِینَ اٰمَنُوا مَنْ یَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِینِهِ فَسَوْفَ یَأْتِی اللّٰهُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّهُمْ وَیُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِینَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِینَ یُجَاهِدُونَ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ وَلَا یَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیهِ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیمٌ"(۳)

اے ایمان والو! تم میں جو کوئی اپنے دین سے پھرے گا تو عنقریب اللہ ایسے لوگوں کو لائے گا جو اللہ کے پیارے ہیں اور اللہ ان کا پیارا ہے، مسلمانوں پر نرم اور کافروں پر سخت، اللہ کی راہ میں لڑیں گے کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا اندیشہ نہ کریں گے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے اور اللہ وسعت والا علم والا ہے۔

نیز فرمایا:

---

(۱) قرآن کریم پ:۲٦ ،الفتح آیت: ۲۸

(۲) قرآن کریم پ:۱۸، النور آیت: ۵۵

(۳) قرآن کریم پ:٦، المائدہ آیت ٤:۵

"وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ"(۱)

اور بے شک ہم نے زبور میں نصیحت کے بعد لکھ دیا کہ اس زمین کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے۔

اور فرمایا:

"وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ"(۲)

اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا بہت سی غنیمتوں کا کہ تم لوگے تو تمھیں یہ جلد عطا فرمادی۔

اور فرمایا:

"هُوَ الَّذِيْ أَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ"(۳)

وہی ہے جس نے ان کافر کتابیوں کو ان کے گھروں سے نکالا ان کے پہلے حشر کے لیے۔

اللہ سبحانہ نے خاتم النبیین ﷺ سے قرآن کریم کی ان آیتوں میں مذکور جن وعدوں کی تکمیل کا وعدہ فرمایا تھا حضرات شیخین کی جد و جہد، سعی پیہم، اور حسن تدبیر سے ان کی تکمیل کے جلوے ان حضرات کے ہاتھوں ظہور پذیر ہوئے اور مسلمانوں پر اللہ کے دین اور اس کی نعمت کی تکمیل کی اشاعت حضرات شیخین کی گراں قدر کوششوں اور محنتوں سے بحسن وخوبی انجام پذیر ہوئی اور جب تک شیخین کی سیرت پر عمل رہا کسی قسم کا کوئی خلل اور کوئی فساد رونما نہ ہوا۔

حاصل یہ ہے کہ: خاتم النبیین ﷺ کے دین کی اشاعت کے روشن کارنامے جس قدر شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ہاتھوں سرانجام ہوئے کسی دوسرے سے نہ ہوئے اور نہ معرض ظہور میں آئے اس کا جو بھی سبب ہو، حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اسلام میں جو یہ عظیم نفع اللہ کے فضل سے میسر ہوا امت کی جلیل الشان اور عظیم المرتبت ہستیوں کے تمام فضائل سے کلی طور پر افضل ہے۔ ان حضرات کی اس کلی فضیلت اور اس امت کے دوسرے حضرات کے فضائل کے درمیان جو نسبت ہے وہ ظل" اور پرتو ہے اُس نسبت کا جو ختم نبوت اور دوسری نبوتوں کے درمیان ہے تو جس طرح ختم نبوت دوسری تمام نبوتوں سے افضل و اعلیٰ ہے۔ اسی طرح شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی یہ فضیلت تمام فضیلتوں سے برتر و بالا ہے۔ اور جس طرح حضور اقدس ﷺ کو اس امت کے تمام افراد کے اعمال صالحہ اور ایمان و اسلام کا اجر و ثواب صبح قیامت تک ملے گا، اسی طرح جن دیار و امصار اور بلاد و اکناف میں شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی گراں قدر کوششوں سے دین اسلام پھیلا ان دیار و امصار والوں کے اعمال صالحہ اور ایمان و اسلام کا اجر و ثواب حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو روز قیامت تک حاصل ہوگا۔ شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی یہ فضیلت قطعی و یقینی ہے جس میں شک و شبہ الحاد و بے دینی ہے۔ بھلا کون شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ واقعۂ

(۱) قرآن کریم، پ:۱۷ الانبیاء آیت: ۱۰۵
(۲) قرآن کریم پ:۲۶ الفتح آیت: ۲۰
(۳) قرآن کریم، پ:۲۸، الحشر، آیت:۲

یمامہ اور مرتدین سے قتال وجہاد سید نا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور قادسیہ ویرموک کی جنگ اور ملکوں کی فتح حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے وقوع پذیر نہ ہوئی، اور خلقِ خدامیں اسلام کی اشاعت حضراتِ شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی گراں قدر کوششوں سے نہ ہوئی۔ اس کلی فضیلت کے سبب حضراتِ شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا تمام صحابہ سے افضل ہونا قطعی ویقینی ہے لہذا یہ مسئلہ محقق ہوگیا کہ: شیخین کی فضیلت جو دین کے عقائد سے ہے قطعی ویقینی مسائل سے ہے۔ یہ مسئلہ اس امر پر متفرع ہے کہ: خاتم النبیین کی صفت تمام انبیاو مرسلین کے جملہ فضائل وکمالات سے افضل ہے۔

لیکن حضرت امیر المؤمنین، یعسوب الدین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے فضائل کی تعداد میں آپ پر حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فضیلت دینا تعصب کی بنا پر ہے اس لیے کہ آپ کے فضائل ومناقب کی تعداد بے شمار وبے حساب ہے اور وہ سارے فضائل بھی مزید قرب وثواب کے باب سے ہیں۔ وَاللّٰہُ الْمُوَفِّقُ لِلصَّوَابِ۔

اس تفصیل سے یہ بات مبرہن ہوگئی کہ: اس قائل نے اپنے اس کلام کے ذریعہ:

"خاص وصف خاتمیت میں شریک نہ ہونے کے سبب حضور کے برابر شخص کا انکار اس بنا پر ہے کہ: قائل تفضیل کے قاعدہ سے غافل ہے۔"

حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تفضیل کی قطعیت (جو اہل سنت کے نزدیک ایک متفق علیہ مسئلہ ہے) کو درہم برہم کردیا؛ اس لیے کہ حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا افضل ہونا اس پر موقوف ہے کہ ختم نبوت کی نشانیوں اور اس پر مرتب ہونے والے منافع ومصالح اور ان کی ترویج واشاعت کا کارنامہ جس طرح حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دست اقدس سے مَنَصّہٴ شہود پر آیا کسی دوسرے کے ہاتھ سرانجام نہ ہوا۔ اور یہ کارنامہ ساری امت کی فضیلتوں سے افضل واعلیٰ ہے لہذا اس کام کا ماخذ ومصدر اور منبع وسرچشمہ ساری امت سے افضل ہے۔ اور اگر ختم نبوت مخلوق کی تمام فضیلتوں سے افضل اور حضور اقدس کی خاص فضیلت نہ ہو تو وہ آپ کے افضل الخلق ہونے کا سبب نہیں ہوسکتا اور خاص وصف خاتمیت میں شریک ومساوی کا ممکن نہ ہونا، مساوی کے محال ہونے کی دلیل نہ ہو تو خاتمیت کے آثار اور ان پر مرتب ہونے والے مصالح ولوازم کی ترویج واشاعت کا عظیم نفع امت کی تمام فضیلتوں سے افضل نہیں ہوسکتا تو اس صفت سے موصوف ذات ساری امت سے افضل نہیں ہوسکتی اور اجر وثواب کی کثرت کے اعتبار سے افضلیت معلوم نہ ہونے کی صورت میں یقین کے ساتھ افضل ہونے کا حکم نہیں لگایا جاسکتا جیسا کہ مواقف اور اس کی شرح میں ہے لہذا مقام تفصیل میں ہم نے جو تفصیلی کلام پیش کیا ہے وہی حق ہے اگرچہ اس تفصیلی کلام میں گفتگو طویل ہوگئی ہے لیکن فائدے سے خالی نہیں۔ واللہ الھادی إلی سواء السبیل۔

آٹھویں وجہ: جب ختم نبوت ورسالت تمام کمالات اور تمام ممکنات کے فضائل ممکنہ میں افضل واعلیٰ فضل وکمال ہے جیسا کہ گذرا تو اس افضل واعلیٰ فضل وکمال سے کوئی بندہ اس وقت تک متصف ہی نہیں ہوسکتا جب تک کہ اللہ سبحانہ اس بندہ خاص کو خاص کمال قرب وثواب سے سرفراز نہ فرمائے۔ یہ ممکن ماننا کہ: جس بندہ کو اللہ سبحانہ نے یہ خاص فضل وکمال

بخشا ہے اسے قرب وثواب کا سب سے اعلی درجہ حاصل نہیں ہوسکتا دو متنافی چیزوں کو ممکن ماننا ہے۔

نویں وجہ: جب اللہ سبحانہ نے حضور اقدس ﷺ کو قرب وثواب کے ایسے خاص اوصاف و درجات سے سرفراز فرمایا ہے جو دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں اور ان میں دو شخص شریک نہیں ہوسکتے مثلاً سب سے پہلے زمین سے باہر تشریف لانا، لوگوں کے اٹھنے کے وقت سب سے پہلے اٹھنا، سب سے پہلے صعقۂ قیامت سے ہوش میں آنا، سب سے پہلے دروازۂ جنت کی زنجیر ہلانا، سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹانا، سب سے پہلے آپ کے لیے جنت کا کھولا جانا، سب سے پہلے جنت کی شفاعت فرمانا، سب سے پہلے آپ کے لیے سجدہ کا حکم دیا جانا، سب سے پہلے شفاعت فرمانا، سب سے پہلے آپ کی شفاعت کا قبول ہونا اور سب سے پہلے پل صراط سے اپنی امت کو گذارنا کہ یہ وہ اوصاف وکمالات ہیں جن میں دو شخص شریک نہیں ہوسکتے اس لیے کہ "اول" عموم کے صیغوں کی طرف مضاف ہے تو ان اوصاف سے موصوف وہی ہے جو اپنے تمام ماسوا سے مذکورہ اوصاف میں سابق اور مقدم ہو۔ اگر دو شخص ان اوصاف میں شریک ہوں تو ان دونوں میں سے کوئی بھی اپنے تمام ماسوا سے ان امور واوصاف میں سابق نہ ہوگا تو ان اوصاف سے موصوف نہ ہوگا۔ اور اس سے پہلے یہ گذر چکا کہ: "اول" متعدّد نہیں ہوسکتا۔ اور جب دو شخص ان اوصاف میں شریک نہیں ہوسکتے اور بفرض محال ان اوصاف میں اگر دو شخصوں کو شریک مانا جائے تو ان میں سے کسی پر سب سے پہلے ہونا صادق نہ ہوگا تو تمام مؤمنین کا ان اوصاف میں حضور کا شریک ہونا بدرجۂ اولی محال ہے۔

اس تمہیدی گفتگو کے بعد ہم یہ کہتے ہیں کہ: یہ صفات، قرب وثواب کے باب سے ہیں یا نہیں؟ اگر اس قائل کے علم واعتقاد میں قرب وثواب کے باب سے ہیں تو جن اوصاف میں دو شخص شریک نہیں ہوسکتے ان میں کسی شخص کا حضور اقدس ﷺ کا شریک ہونا محال بالذات ہے چہ جائے کہ ان اوصاف میں تمام مؤمنین کا شریک وبرابر ہونا ممکن ہو۔ اور اس صورت میں حضور اقدس ﷺ سے قرب و ثواب میں اعلی کا ہونا بدرجۂ اولی محال ہوگا؛ اس لیے کہ اگر حضور اقدس ﷺ سے اعلی ممکن ہو تو وہ اوصاف مذکورہ جن کے بارے میں گذر چکا کہ حضور اقدس ﷺ سب سے پہلے ان سے متّصف ہوں گے یا تو وہ ان سے متّصف ہوگا یا نہیں؟ اگر سب سے پہلے ان اوصاف سے موصوف نہ ہو تو حضور اقدس ﷺ سے اعلی نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ اس صورت میں حضور اقدس ﷺ اپنے تمام ماسوا سے ان سارے امور میں مقدم ہوں گے۔ اور ظاہر ہے کہ جب حضور اقدس ﷺ اپنے تمام ماسوا سے پہلے ان اوصاف سے موصوف ہیں تو آپ کے سوا تمام لوگ آپ کے بعد ان اوصاف سے موصوف ہوں گے۔ اور اگر حضور اقدس ﷺ کے ماسوا افراد میں سے کوئی شخص اپنے تمام ماسوا سے پہلے ان اوصاف سے موصوف ہو تو حضور اقدس ﷺ سے بھی پہلے موصوف ہوگا اس لیے کہ اس صورت میں آپ: "اول" کے مضاف الیہ (مفضل علیہ) کے عموم میں داخل ہوں گے تو آپ سب سے پہلے ان اوصاف سے موصوف نہیں ہوسکتے تو مسلم ومفروض کے

خلاف لازم آئے گا۔ اور پہلی صورت میں حضور اقدس ﷺ ان تمام امور میں سب سے پہلے نہیں ہو سکتے تو بھی مسلم و مفروض کے خلاف لازم آیا۔ ان سب کے باوجود جب ان اوصاف میں آپ کے برابر ہونا ممکن نہیں تو آپ سے افضل و اعلی کیوں کر ہو سکتا ہے؛ اس لیے کہ اس قائل نے خود اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ:

"مفضل، مفضل علیہ کے لحاظ سے مساوات کا مرتبہ طے کر کے فضیلت و زیادتی کے مرتبہ پر فائز ہوتا ہے"

تو جب ان اوصاف میں برابر ہونا ممکن نہیں تو افضل ہونا بھی ممکن نہیں۔

اور اگر اس قائل کے علم و اعتقاد میں یہ اوصاف قرب و ثواب کے باب سے نہیں ہیں تو خطاب کے لائق نہیں اور اس کی یہ بات پاگلوں کی بکواس کے سوا کچھ نہیں۔

دسویں وجہ: شفاعت کبریٰ پر فائز ہونا، قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار ہونا، اللہ کے حضور تمام اولین و آخرین سے زیادہ مکرم ہونا، ایسے مقام پر قائم ہونا جس پر آپ کے سوا کوئی قائم نہ ہوگا، ایسے درجہ پر فائز ہونا جو اللہ کے بندوں میں سے صرف ایک ہی بندہ کو شایاں ہے اور وہ درجہ صرف ایک ہی شخص کو حاصل ہوگا، اس جھنڈے والا ہونا جس کے نیچے آدم اور ان کے علاوہ تمام انبیا ہوں گے، قیامت کے دن آپ کے متبعین کا سب سے زیادہ ہونا اور آپ کا اجر و انعام سب سے زیادہ ہونا حضور اقدس ﷺ کے اعلی اوصاف ہیں۔ اگر یہ قائل آپ کو ان اوصاف سے متصف نہیں مانتا تو ایمان کے دعوی سے دست بردار ہو پھر جو چاہے بکے۔ اور اگر متّصف مانتا ہے تو ان اوصاف میں کوئی شخص آپ کے برابر نہیں ہو سکتا چہ جائے کہ تمام مؤمنین ان اوصاف میں آپ کے برابر ہوں۔ یہ قائل سب سے پہلے حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ہونے کی صورت پیش کرے اس کے بعد اس کا ممکن ہونا ثابت کرے۔ فہم سے بہرہ رکھنے والے انسان سے آپ کے شریک و مساوی کی صورت پیش کرنا متصور ہی نہیں چہ جائے کہ اس کا ممکن ہونا ثابت کرے۔

گیارہویں وجہ: غالباً اس قائل کی اس جرأت و جسارت کا سبب یہ ہے کہ: اہل سنت کے نزدیک فرماں بردار بندہ کو ثواب دینا اور نافرمان شخص کو سزا دینا اللہ تعالی پر واجب نہیں۔ اہل سنت کے اس عقیدہ سے اس قائل کا مقصود حاصل نہیں ہوتا۔ ہم اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کو پیدا فرمانا، آپ کو مبعوث فرمانا، ختم نبوت کا خاص فضل و کمال عطا فرمانا، تمام مخلوق سے بالعموم اور تمام انبیا و رسل سے بالخصوص افضل فرمانا اور دوسرے مذکورہ بالا فضائل اور شفاعت کبریٰ عطا فرمانا ایسے مقام پر قائم ہونا جہاں آپ کے سوا کوئی دوسرا قائم نہ ہوگا، وسیلہ عطا فرمانا جو جنت کا ایسا درجہ ہے جو اللہ کے بندوں میں صرف ایک ہی بندہ کو لائق ہے اور جسے صرف ایک ہی شخص پائے گا اور اس کے سوا دیگر خاص اوصاف و کمالات کا عطا فرمانا اللہ تعالی پر واجب نہیں۔ اللہ سبحانہ پر ان چیزوں میں سے کسی چیز کا واجب ہونا بے معنی بات ہے۔ یہ بھی ممکن تھا کہ اللہ سبحانہ آپ کو پیدا نہ فرماتا، اپنی رسالت و محبوبیت سے سرفراز نہ فرماتا، خاص فضائل و

کمالات، مقامات و درجات اور شفاعت کبریٰ عطا نہ فرماتا، ان اوصاف و درجات سے آپ کا متصف ہونا اور نہ ہونا دونوں ممکن تھا مگر جب ان اوصاف و کمالات میں دو شخص شریک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے جیسا کہ بار بار گزرا تو ان اوصاف و کمالات میں دو شخص شریک و برابر نہیں ہو سکتے۔ ان صفات اور ان سے آپ کے اتصاف کے ممکن ہونے سے ان اوصاف سے دو شخصوں کے اتصاف کا ممکن ہونا لازم نہیں آتا۔ مثلاً زید اور اس کا تشخص ممکن ہے اور دو شخصوں کے درمیان اس کا تشخص مشترک نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح "أَوَّلُ النَّبِيِّينَ خَلْقاً" (تخلیق میں تمام انبیا میں سب سے اول) کی صفت مثلاً ممکن ہے۔ یہ ممکن تھا کہ اللہ سبحانہ کوئی نبی پیدا نہ فرماتا یا ہزاروں انسانوں کے ساتھ دو انسانوں کو دوسرے انبیا سے پہلے نبی بنا دیتا مگر ان دونوں صورتوں میں کوئی بھی انسان "أَوَّلُ النَّبِيِّينَ خَلْقاً" (تخلیق میں تمام انبیا میں سب سے اول) نہ ہوتا اور اس صفت میں شریک نہ ہو سکتا؛ اس لیے کہ اگر اللہ سبحانہ دو انسانوں کو دوسرے انبیا سے پہلے نبی بنا دے تو ان دونوں میں سے کسی پر "أَوَّلُ النَّبِيِّينَ خَلْقاً" صادق نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ **"أَوَّلُ النَّبِيِّينَ خَلْقاً" کا معنی:** "تمام انبیا میں سب سے پہلے پیدا ہونے والی ذات ہے" اور مذکورہ صورت میں ان دونوں شخصوں میں سے کوئی شخص تمام انبیا سے پہلے نہیں ہے بلکہ بعض نبی اس کے ساتھ پیدا ہوئے اسی طرح خاتم النبیین کی صفت ممکن ہے، یہ ممکن تھا کہ: اللہ سبحانہ کسی کو نبی نہ بناتا یا دو شخص یا چند اشخاص کو ایک ساتھ نبی بناتا اور ان کے بعد نبوت منقطع فرما دیتا تو ان دونوں صورتوں میں کوئی بھی شخص خاتم النبیین نہ ہوتا اس لیے کہ خاتم النبیین سب سے آخری نبی ہوتا ہے پہلی صورت میں کوئی شخص نبی نہ ہوتا چہ جائے کہ سب سے آخری نبی ہو اور دوسری صورت میں ان دو یا چند اشخاص (جو نبی ہیں جن کے بعد نبوت کا سلسلہ منقطع ہو گیا) میں سے کوئی سب سے آخری نبی نہ ہوتا یہاں تک کہ خاتم النبیین کا مصداق ہو بلکہ بعض انبیا ان دو نبیوں یا چند انبیا میں سے ہر ایک کے ساتھ ہوں گے تو **خاتم النبیین کا ہونا اور نہ ہونا تو ممکن ہے لیکن دو شخصوں کا خاتم النبیین ہونا ممکن نہیں ہے**، خاتم النبیین کی صفت میں دو شخص کا شریک ہونا محال بالذات ہے اس لیے کہ یہ صفت دو شخصوں کے درمیان شرکت کی صلاحیت نہیں رکھتی۔

اسی طرح حضور اقدس ﷺ کی وہ دوسری صفتیں بھی ممکن ہیں جن کے ذریعہ اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل سے آپ پر اپنی نعمت کی تکمیل فرما کر آپ کو ان صفتوں کے ساتھ خاص فرمایا۔ ان صفتوں اور ان کے موصوف کو پیدا نہ فرمانا ممکن ہے مگر دو شخصوں کے درمیان ان کا مشترک ہونا ممکن نہیں؛ اس لیے کہ وہ صفتیں دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتیں جیسا کہ بار بار گزرا لہذا اہل سنت کے اس عقیدہ سے کسی شخص کا آپ کا شریک و مساوی ہونا لازم نہیں آتا۔ اور جب وہ صفات قرب و ثواب کے اعلی مراتب ہیں اور اللہ سبحانہ نے آپ کو ان اعلی مراتب قرب و ثواب سے اختصاص و امتیاز بخشا ہے اور وہ صفات جو اعلی مراتب قرب و ثواب ہیں دو شخصوں کے درمیان اشتراک کی صلاحیت نہیں رکھتیں اور ان میں دو شخصوں کا شریک ہونا ممکن نہیں بلکہ ممتنع بالذات ہے تو قرب و ثواب کے ان اعلی درجات میں حضور اقدس ﷺ کا شریک و برابر ممکن نہیں بلکہ محال بالذات ہے اور یہی ہمارا دعوی ہے۔

رہا یہ کہ وہ صفتیں قرب وثواب کے درجات میں سب سے اعلیٰ درجہ کی صفت ہیں تو یہ ظاہر ہے؛ اس لیے کہ جو سب سے پہلے قبر سے باہر تشریف لائے، سب سے پہلے صعقہ قیامت سے ہوش میں آئے، سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹائے، سب سے پہلے جس کے لیے جنت کا دروازہ کھولا جائے، سب سے پہلے جسے سجدہ کی اجازت ملے، سب سے پہلے جو شفاعت فرمائے، عرش کی داہنی جانب ایسے مقام پر قائم ہو جہاں اس کے سوا کوئی قائم نہ ہو اور درجہ وسیلہ پانے والا ہو جو اللہ کے بندوں میں صرف ایک ہی بندے کو شایاں ہے اور جو صرف ایک ہی شخص کو حاصل ہو گا وہ اس شخص سے افضل ہے جسے یہ اوصاف و درجات سب سے پہلے حاصل نہیں۔

رہ گیا یہ کہ یہ اوصاف و درجات دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے تو اس کا بیان بار بار گزر چکا۔

اہل سنت کے عقیدہ سے صرف اتنا لازم ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کا ان صفات سے متّصف نہ ہونا ممکن بالذات ہے اور ہم مسلمانوں کا یہ مسلم عقیدہ ہے لیکن اس مقام پر یہ گفتگو نہیں ہے کہ: آپ کا موجود ہونا اور ان صفات سے متّصف ہونا اور نہ ہونا ممکن ہے۔ گفتگو دراصل یہ ہے کہ: کیا ان صفات میں کوئی شخص آپ کا شریک ہو سکتا ہے؟ قطعی دلیلوں سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ یہ صفتیں دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کے قابل نہیں اور ان اوصاف و درجات میں آپ کے برابر شخص کا ہونا محال بالذات ہے۔ قرب وثواب کے جو درجات دو شخصوں کے درمیان صالح اشتراک نہیں، اور جن میں دو شخصوں کا شریک و مساوی ہونا محال بالذات ہے اس قائل کے نزدیک تمام مؤمنین ان میں حضور اقدس ﷺ کے شریک ہو سکتے ہیں۔ یہ قائل بتائے کہ: کیا تمام مؤمنین میں سے ہر مؤمن پر وہ خاص اوصاف صادق آ سکتے ہیں جن سے آپ سب سے پہلے متّصف ہیں جن کا ذکر اس سے پہلے بار بار گذر چکا؟ اگر ہر مؤمن ان اوصاف و درجات سے سب سے پہلے متّصف ہو تو ہر مؤمن دوسرے سے پہلے ان اوصاف و درجات سے متّصف ہو گا اور نہ ہو گا تو ہر شخص سب سے پہلے متّصف ہو گا اور متّصف نہ ہو گا تو تمام مؤمنوں میں سے ہر ہر مؤمن اجتماع نقیضین کا مصداق ہو گا جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ: اس قائل کے اعتقاد میں اہل سنت کے جملہ عقائد میں سے ایک عقیدہ یہ ہے کہ: اجتماع نقیضین کا مصداق ممکن ہے۔ الحمد للہ اہل سنت ایسے عقائد سے حد درجہ دور ہیں۔

اسی طرح مقام شفاعت کبریٰ قرب وثواب کا سب سے اعلیٰ درجہ ہے اس لیے کہ جو ذات اس درجہ و مقام پر فائز ہو گی تمام اولین و آخرین اس کی بارگاہ میں التجا کریں گے، اس کی بارگاہ کی پناہ حاصل کریں گے، اس کی وجاہت و شفاعت کے ذریعہ محشر کی ہولناکیوں سے نجات پائیں گے اور جن کے ذمہ کوئی حساب نہ ہو گا اس کی سفارش سے بہت جلد جنت میں جائیں گے اور گنہ گار لوگ دوزخ سے باہر نکل کر جنت میں جائیں گے۔ مالیخولیا کا مریض ہی تمام مؤمنوں کو اس درجہ میں برابر خیال کر سکتا ہے۔

آپ کی شان یہ ہے کہ: آپ قیامت کے دن تمام انسانوں کے سردار اور اللہ کے حضور تمام اولین و آخرین میں سب

سے زیادہ مکرم ہوں گے۔ اسی طرح آپ کا صاحب لواء الحمد ہونا آپ کی وہ خاص صفت ہے کہ حضرت آدم اور دیگر انبیا قیامت کے دن آپ کے اس لوا کے نیچے ہوں گے۔ آپ کی ان خاص صفتوں میں تمام مؤمن برابر نہیں ہوسکتے۔ شاید اس قائل کے اعتقاد میں شفاعت کبریٰ اور یہ خاص اوصاف وکمالات قرب و ثواب کے درجات نہیں۔ اور اس کے اعتقاد میں " خاتم النبیین " کی صفت کسی نقّاش کی صنعت کی طرح ہے جس کا قرب و ثواب سے کوئی تعلق نہیں۔ ایسا خیال، محض خبال (نقص) اور شیخ نجدی کی بدانجام اتباع کا وبال ہے۔

بارہویں وجہ: اگر اس قائل کے باطل زعم کے مطابق اس کے اس کلام کی بنیاد اہل سنت کے اس عقیدے پر ہے کہ: "ہر مطیع و فرماں بردار شخص کو ثواب دینا اور عاصی و نافرمان شخص کو عذاب و سزا دینا اللہ سبحانہ پر واجب نہیں ہے" جب کہ اس عقیدہ سے اس کی اس بکواس کا کوئی ربط و تعلق نہیں تو سوال یہ ہے کہ: کثرت ثواب اور قرب رب الارباب کے اندر مساوات کے امکان میں صرف جملہ مؤمنین کو خاص کرنے کی کیا وجہ ہے؟ اہل سنت کے نزدیک توکفار و مشرکین کو عذاب دینا بھی خدائے تعالی پر واجب نہیں ہے"۔

اور اگر اس کے ان اوہام وخیالات کی بنیاد کوئی دوسری شئ ہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ بنیاد ذکر کر کے اس بات کو ثابت کرے کہ تمام مؤمنین کا کثرت قرب و ثواب میں برابر ہونا ممکن ہے اور کفار و مشرکین کا شریک و برابر ہونا محال ہے۔

تیرہویں وجہ: اس کا یہ کلام سراسر بکواس و بے معنی ہے اس لیے کہ اس کے اس کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ: "افضلیت میں کثرت قرب و ثواب کے اعتبار سے افضل ہونا معتبر ہے اور اس فضیلت میں تمام مؤمن برابر ہوسکتے ہیں"۔

قرب و ثواب کی کثرت کے اعتبار سے تمام مؤمنین کا افضل ہونا اس بات کو مستلزم ہے کہ کوئی بھی مؤمن کثرت قرب و ثواب کے اعتبار سے دوسرے مؤمن سے افضل نہ ہو اس لیے کہ ہر مؤمن "افضل" کے مضاف الیہ یعنی مفضل علیہ کے عموم میں داخل ہے۔

اور افضلیت میں تمام مؤمنین کے برابر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ: ہر مؤمن کثرت قرب و ثواب میں دوسرے مؤمنین سے افضل ہونے کی عین حالت میں کثرت قرب و ثواب میں دوسرے مؤمنین سے نہ افضل ہو نہ کمتر ہو۔ اور یہ بے معنی بات ہے۔ جب یہ قائل اپنا ہی کلام نہیں سمجھتا اور نہیں جانتا کہ اس کی زبان سے نکلنے والا کلام بے معنی ہے یا با معنی تو اس سے دوسرے کا کلام سمجھنے کی کیا امید کی جاسکتی ہے۔

چودہویں وجہ: اس نجدی کے اعتقاد میں حضور اقدس ﷺ کثرت قرب و ثواب کے اعتبار سے افضل الخلق ہیں یا نہیں؟ اگر افضل نہ ہوں تو ماسبق میں اس نے تمام انبیائے کرام علیہم السلام سے آپ کے افضل و اکمل ہونے کے بارے میں لکھا کہ: "اس پر اجماع قائم ہے" تو اس کے اعتقاد کے اعتبار سے اس کا یہ عقیدہ باطل ہے۔ اور جملہ اہل ایمان کے نزدیک یہ شخص ایمان سے دور ہے؛ اس لیے کہ اس کے نزدیک: "افضل کے معنی میں قرب و ثواب کے اعتبار سے افضل ہونا معتبر ہے"۔

اور حضور اقدس ﷺ تمام مؤمنوں کے نزدیک بلاشبہ کثرت قرب وثواب کے اعتبار سے افضل الخلق ہیں جس کا انکار کفر ہے۔اور اگر اس کے اعتقاد میں حضور اقدس ﷺ باعتبار کثرت قرب وثواب افضل الخلق ہوں تو کسی شخص کا آپ کے اس وصف میں برابر ہونا محال ہے؛ اس لیے کہ اگر کسی دوسرے شخص کو قرب وثواب کے اعتبار سے افضل الخلق مانا جائے تو حضور اقدس ﷺ مفضل الیہ کے عموم میں داخل ہوں گے تو کثرت قرب وثواب کے اعتبار سے افضل الخلق نہ ہوں گے اور یہ خلاف مفروض ہے۔

نیز جب اس صورت میں آپ کثرت قرب وثواب کے اعتبار سے افضل الخلق ہیں تو آپ کا وہ مساوی مفضل علیہ کے تمام افراد میں داخل ہوگا تو وہ کثرت قرب وثواب کے اعتبار سے افضل الخلق نہ ہوگا اور یہ مفروض کے خلاف ہے تو ان دونوں صورتوں میں وہ برابر شخص آپ کے برابر ہوا اور برابر نہ ہوا تو وہ اجتماع نقیضین کا مصداق ٹھہرا اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہوا تو ہمارا یہ دعوی ثابت ہو گیا کہ: کثرت قرب وثواب کے اعتبار سے افضلیت میں بھی کسی شخص کا آپ کے برابر ہونا محال بالذات ہے اور یہی دعویٰ ہے۔

پندرہویں وجہ: اس قائل نے یہ کہا:

"تو قدرت کاملہ کی قوت و وسعت کے پیش نظر یہ ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے کہ: کثرت ثواب کے سوا دوسرے کمالات میں ہر کم رتبہ انسان کو افضل کے برابر بلکہ اس افضل سے بھی افضل بنادے"۔

اس سے اس کا یہ عقیدہ واضح ہے کہ: اگر کوئی شخص کثرت ثواب میں کم رتبہ ہے تو جو شخص کثرت ثواب میں اس سے افضل ہے اس فضیلت یعنی کثرت ثواب میں اس کے برابر یا اس سے افضل بنانا اللہ تعالی کی قدرت میں داخل نہیں ورنہ اس کا یہ کلام لغو اور بے معنی ہوگا:

"کثرت ثواب کے سوا دوسرے کمالات میں ہر کم رتبہ انسان کو"

جب مخلوق کا ہر ہر فرد کثرت ثواب کے اعتبار سے حضور اقدس ﷺ سے کم رتبہ ہے تو اس قائل کے اس اعتراف کے مطابق کوئی مخلوق یا کوئی مؤمن کثرت ثواب میں حضور اقدس ﷺ کے برابر یا آپ سے افضل نہیں ہو سکتا تو اس قائل کی ساری کوشش رائیگاں اور بے کار ثابت ہوئی اور حق اپنی جگہ قائم و ثابت رہا اور یہ بات متحقق ہوگئی کہ: اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل اور کامل رحمت سے حضور اقدس ﷺ کو پیدا فرمایا اور تمام کمالات میں برگزیدہ فرما کر آپ کو قرب وثواب کے ایسے خاص درجات عطا فرمائے جو دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ان اوصاف و کمالات میں آپ کے برابر شخص کا موجود ہونا خود اس کے عدم کو مستلزم، اجتماع نقیضین کا مصداق اور محال بالذات ہے اور حضور اقدس ﷺ کا وجود اور ان اوصاف سے متصف ہونا اور ذات آں سرور کائنات علیہ افضل الصلوات میں ان صفات کا موجود ہونا ممکن بالذات ہے اور حضرت خالق کائنات

واہب عطیات کے ارادے سے موجود ومتحقق ہے اور ان صفات کا ممکن ہونا ان میں دو شخصوں کے شریک ہونے کو مستلزم نہیں۔ کسی چیز کا ممکن ہونا اور شئی ہے اور اس میں دوسرے کی شرکت کا ممکن ہونا اور شئی ہے۔ حضور اقدس ﷺ کا پیدا فرمانا، سارے ممکنات سے آپ کو برگزیدہ ومنتخب بنانا اور ایسے خاص اوصاف وکمالات عطا فرمانا جن میں کسی کا شریک ہونا محال ہے۔ یہ ساری چیزیں محض اللہ سبحانہ کا فضل عظیم ہیں۔ فضل الٰہی نہ کسی ذاتی قابلیت اور استحقاق کی وجہ سے ہوتا ہے۔ نہ کسی کام کی اجرت، نہ کسی عمل کا اجر، نہ کسی عبادت کا صلہ۔ استعداد، قابلیت، اہلیت، نیکوکاری، اعمال حسنہ اور عبادات مقبولہ بھی اللہ سبحانہ کی عطا فرمودہ ہیں جو اُس منصب کے شایاں ہیں جسے اللہ سبحانہ اپنے عظیم فضل سے حضور اقدس ﷺ کو عطا فرما کر انھیں امتیاز واختصاص بخشا۔ اور یہی صحیح بخاری شریف کی حدیث کا مدلول ہے جیسا کہ ان شاء اللہ تعالی آئے گا۔

واضح رہے کہ اس مقام تک اس قائل سے ایسے اقوال سرزد ہوئے جو مستلزم کفر ہیں اس کے اقوال کے ابطال کے دوران ان کی طرف اشارہ گزر چکا۔ اختصار کے ساتھ ان باتوں کا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے اگر یہ قائل ان موجب کفر چیزوں پر آگاہ ہو کر مکمل اعلان کے ساتھ صدق دل سے توبہ کر لے تو دوبارہ دین اسلام میں داخل ہو جائے گا اور اگر ننگ وعار کو عذاب نار پر ترجیح دے تو روسیاہ ہو کر جہنم میں جائے گا۔ "وما علینا إلا البلاغ۔" (ہمارے ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا ہے)

(۱) اس قائل نے اپنی گذشتہ خرافات آمیز بحثوں کے دوران یہ کہا کہ:

"یہ کلیہ کہ: کوئی ممتنع بالذات اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں محلّ کلام ہے"۔

اس سے یہ روشن ہے کہ یہ اس بات کو ممکن جانتا ہے کہ: "محالات وممتنعات ذاتیہ اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہیں" اور یہ ممکن ماننے پر واجب سبحانہ کا عدم، اس کا شریک اور دوسری محال بالذات چیزوں کا اس کی قدرت کے تحت داخل ہونا لازم آتا ہے۔ اور اس لازم کا قول کفر ہے۔ تو اس کے اس کلام سے یہ لازم آتا ہے کہ: وہ کفر کی بدترین قسم کو ممکن جانتا ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ یہ قائل ممتنع بالذات اور قدرت کے معنی سے جاہل وبے بہرہ ہے جس کے سبب اس پر یہ کفر لازم آیا مگر اس کی یہ جہالت اس کے کفر کا عذر نہیں بن سکتی۔

(۲) یہ شخص اس بات کا قائل ہے کہ: اللہ سبحانہ بے شمار نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی باتوں سے متّصف ہو سکتا ہے، نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی ایک بات سے بھی متّصف ہونے کو ممکن جاننا کفر ہے۔ تو اس کا یہ اعتقاد بے شمار اور لامحدود انواع کفر پر مشتمل ہوا اس لیے کہ نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی ایک ایک بات سے اللہ سبحانہ کا اتصاف ممکن جاننا الگ الگ مستقل کفر ہے۔

(۳) اس قائل نے یہ قاعدہ اختراع کیا کہ: "کسی معنی مصدری کا ایک حصہ ممکن بالذات ہو تو اس معنی مصدری کے

تمام حصوں کا ممکن ہونا ضروری ہے" اور اس قاعدہ کے اعتقاد پر اسے کامل اصرار ہے۔ جیسا کہ گذرا کہ اس اعتقاد کے ضمن میں بے شمار وجوہ کفر ہیں؛ اس لیے کہ وجود و عدم معنی مصدری ہے اور ان دونوں کے بعض حصے مثلاً انسان کا وجود اور اس کا عدم ممکن بالذات ہے تو اس کے اس اعتقاد پر وجود و عدم کے تمام حصوں کا ممکن بالذات ہونا لازم ہے تو واجب سبحانہ کا وجود اور اس کا عدم، شریک باری کا وجود نیز اس کا عدم، واجب الوجود سبحانہ کا حادث و مرکب ہونا اور اس کے سوا بے شمار ایسی چیزوں کا ممکن بالذات ہونا لازم آئے گا جن کو لفظ میں لانے سے میں زبان آلودہ نہیں کرتا۔ ان لوازم کفر میں سے ہر ایک ایک کا قول ایک مستقل جداگانہ کفر ہے۔

(۴) اس قائل نے اپنے اس اختراعی قاعدہ پر یہ تفریع کی کہ:

"اللہ سبحانہ نقص و عیب کی چیزوں سے متصف ہو سکتا ہے"

اس کی یہ تفریع بجائے خود کفر ہے تو یہ اصل اور اس کی فرع اور یہ اصل اور تفریع پیش کرنے والا اور یہ اصل ذکر کر کے اس پر یہ تفریع پیش کرنا سب کے سب جہنم رسید ہیں۔

(۵) اس نے یہ کہا کہ:

"نقص و عیب، بے حیائی و برائی کی باتوں سے اللہ سبحانہ کے اتصاف کا سلب ممکن اور اس کا معلول ہے اور ذات واجب الوجود جس طرح اپنی صفت کمال سے اتصاف کی مقتضی ہے اپنی صفت کمال کی مقابل صفت سے اتصاف کے سلب کی بھی مقتضی ہے"۔

اس قائل نے پورے شدّ و مد کے ساتھ اسے بیان کیا ہے۔ اس کا یہ اعتقاد کفر ہے، اس لیے کہ اس صورت میں نفس ذات حقہ احدیہ پر یہ صادق نہیں آسکتا کہ: "وہ نقص و عیب اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے متّصف نہیں" اس لیے کہ اس صورت میں سلب کا مصداق اس کی ذات نہیں بلکہ اس سلب کا مصداق اس صورت میں ذات حقہ احدیہ کے بعد ہوگا۔ اس قائل کے اس اعتقاد پر نفس ذات احدیہ کا ان سوالب کے ایجابات کا مصداق (یعنی بے شمار نقص و عیب اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے متّصف) ہونا لازم آتا ہے اس لیے کہ جب اس کی ذات، سلب کا مصداق نہیں تو لامحالہ ایجاب کا مصداق ہوگی؛ اس لیے کہ ایجاب وسلب میں سے کسی کا مصداق نہ ہونا بدیہی طور پر محال ہے۔ تو اس کا یہ کلام بے شمار وجوہِ کفر پر مشتمل ہے۔

(۶) اس کا اعتقاد یہ ہے کہ: "صفات کمال سے اللہ سبحانہ کے اتصاف اور صفات نقص سے سلبِ اتصاف کے درمیان معیّتِ ذاتی ہے۔ یعنی یہ اتصاف اور سلبِ اتصاف دونوں اس کی ذات کے ساتھ ایک ساتھ موجود ہیں اس کی ذات سے جدا و منفصل نہیں"۔ اس قائل نے اسے بیان کرنے کے لیے اپنے صفحۂ رخ کی طرح چند صفحات سیاہ کیے اور اسے خود اس کا بھی اعتراف ہے کہ: "صفاتِ کمال اور صفاتِ کمال سے اتصاف ذات حقہ سے متاخر بالذات ہے" تو اس کے اس اعتقاد کی بنیاد پر کہ: "صفاتِ کمال سے اتصاف اور عیب و نقص اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے سلبِ اتصاف میں معیّتِ

ذاتی ہے اور دونوں اس کی ذات کے ساتھ ایک ساتھ قائم ہیں، اس کی ذات سے جداو منفصل نہیں "اس اعتراف سے مفر نہیں کہ بے شمار نقص وعیب اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے سلب اتصاف ذات حقہ احدیہ کے بعد ہے تو اس کے اس اعتقاد کے مطابق نفس ذات حقہ واجبہ پر بے شمار نقص وعیب اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے اتصاف کا سلب صادق نہیں۔ تو اس نجدی کو اس اعتقاد سے مفر نہیں کہ: نفس ذات حقہ مقدسہ پر بے شمار عیوب کے ایجابات صادق ہیں جو ان بے شمار سلوب کی نقیض ہیں۔ اس کا یہ اعتقاد بھی بے شمار وجوہِ کفر پر مشتمل ہے۔

(۷) اس کا یہ اعتقاد ہے کہ:

"علم، قدرت وغیرہ صفات الٰہیہ اور نیز ان صفتوں سے اتصاف ممکن بالذات اور اللہ سبحانہ کا معلول ہیں"

اور اس اعتقاد کے ساتھ وہ اس بات کا بھی قائل ہے کہ:

"جس ذات حقہ مقدسہ کی شان وصفت علم وقدرت ہے اس کی ذات کا علم وقدرت سے خالی ہونا بعینہ اس کا جاہل و عاجز ہونا ہے۔

اور کہتا ہے کہ: جب "اللہ سبحانہ کی صفت علم وقدرت ممکن بالذات ہے" تو ان دونوں صفتوں کا وجود وعدم ممکن ہوگا اور جس ذات مقدس کی شان عالم و قادر ہونا ہے اس کا علم وقدرت سے خالی ہونا بعینہ جاہل وعاجز ہونا ہے تو اس کے اعتقاد میں نفس ذات حقہ مقدسہ کا علم وقدرت سے متّصف ہونے سے پہلے جاہل وعاجز ہونا لازم آتا ہے۔ یہ اعتقاد کفر اور بہت سی وجوہِ کفر پر مشتمل ہے؛ اس لیے کہ اس کی یہی گفتگو کمال کی دوسری صفتوں مثلاً حیات وغیرہ میں جاری ہے؛ اس لیے کہ حیات صفت زائدہ ممکنہ ہے تو اس کا وجود و عدم ممکن ہوگا اور جس ذات پاک کی شان "حیّ" (زندہ) ہونا ہے اس سے صفت "حیات" کا عدم "موت" ہے تو اللہ سبحانہ کی موت ممکن ہوگی اور جب صفت "حیات" کا ثبوت ذات حقہ مقدسہ کے بعد ہے تو نفس مرتبۂ ذات مقدسہ میں اس کی حیات کا عدم (موت) ضروری ہے۔ "سبحان الحیّ الذی لا یموت عما یقول الظالمون علوا کبیرا۔" اس قول کے بطلان کی وجہ اس سے پہلے گذر چکی اس لیے اسے یہاں دوبارہ ذکر کرنے کی حاجت نہیں۔

(۸) اس شخص نے کہا کہ:

"حضرت باری جلّ شانہ سے علم کا عدم اس کے جہل کو مستلزم ہے؛ اس لیے کہ موضوع کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط، سلب عدولی کو مستلزم ہے جیسا کہ منطقی پر پوشیدہ نہیں"

اس کا یہ قول بھی موجبِ کفر ہے اس لیے کہ اس کے نزدیک: علم، ذات واجب پر ایک زائد صفت ہے تو اللہ سبحانہ کی ذات سے اس کا سلب ضروری ہے اور اسے خود اس بات کا اعتراف ہے کہ: اللہ سبحانہ کی صفتیں اس کی ذات حقہ کی محتاج ہیں اور یہ بدیہی ہے کہ: محتاج، محتاج الیہ کے بعد ہوتا ہے تو اللہ سبحانہ کی ذات سے علم کا سلب بسیط (اس کا عالم نہ ہونا) ضروری

ہے اور موضوع (ذات باری تعالی) کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط، سلب عدولی کو مستلزم ہے اور علم کا سلب عدولی (اللہ کا بے علم ہونا) اس کے نزدیک جہل ہے تو وہ خود اس بات کا قائل ہے کہ: "اللہ سبحانہ اپنے مرتبۂ ذات میں جاہل ہے" اور یہ کفر ہے۔

اور جو متکلمین اللہ کی صفتیں اس کی ذات پر زائد مانتے ہیں ان پر یہ کفر لازم نہیں؛ اس لیے کہ ان کے نزدیک "جہل" علم کی قوت استعدادیہ کا نام ہے نہ کہ علم کا سلب بسیط یا سلب عدولی اور ذات حقہ قوت استعدادیہ سے پاک و منزہ ہے۔ اور اس کا یہ زعم وخیال کہ: "جہل، علم کا سلب عدولی ہے" اس کی سراسر جہالت ہے، اس لیے کہ جو جمادات موجود ہیں ان میں علم کا سلب عدولی (جماد کا بے علم ہونا) موجود ہے جب کہ جمادات، صفت جہالت سے متّصف نہیں جس کی تفصیل گذر چکی۔

(۹) اس نے "خاتم النبیین" کے معنی میں تحریف کی، ظاہر ہے کہ **"خاتم النبیین" کا معنی:** "وہ نبی ہے جو سب کے بعد مبعوث ہو۔" اور "النبیین" کا لام استغراق کے لیے ہے اور تمام مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ: "سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ سب سے آخری نبی ہیں" اس قائل نے خاتم النبیین کا ایک دوسرا معنی تراشا اور اپنے تراشیدہ معنی کے اعتبار سے متعدّد خاتم النبیین ہونا ممکن قرار دیا تو دو حال سے خالی نہیں یا تو یہ قائل خاتم النبیین کا معنی نہیں جانتا؟ اور اس صورت میں ظاہر ہے کہ: "یہ شخص حضور اقدس ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کا اعتقاد نہیں رکھتا" اس لیے کہ محمول کا معنی جانے بغیر عقد کی تصدیق نہیں ہو سکتی اور اس صورت میں اس کا کفر ثابت ہے اور کفر کے معاملہ میں جہالت عذر نہیں ہو سکتی۔ یا اس نے جان بوجھ کر جاہلوں کو گمراہ کرنے کے لیے خاتم النبیین کے معنی میں تحریف کی؟ اس صورت میں اس کا یہ کفر سخت ترین وجوہِ کفر سے ہے۔

(۱۰) یہ شخص اس بات کا قائل ہے کہ: "خاتم النبیین" کے لفظ میں جس میں "النبیین" کا لام استغراق کے لیے ہے حضور اقدس ﷺ کی ذات مبارک و مقدس تمام انبیا علیہم السلام (مضاف الیہ) سے خارج و مستثنیٰ ہے "ظاہر ہے کہ تمام انبیا علیہم السلام سے خارج و مستثنیٰ ذات خاتم النبیین نہیں ہو سکتی تو اس کا یہ قول حضور اقدس ﷺ کے خاتم النبیین نہ ماننے کو مستلزم ہے اور یہ کفر ہے۔

اس مقام پر یہ عذر نفع نہ دے گا کہ: "اسے یہ خبر نہیں کہ: تمام انبیا سے خارج ذات خاتم النبیین نہیں ہو سکتی؛ اس لیے کہ جہالت، کفر کی راہ میں عذر نہیں ہو سکتی۔

(۱۱) اس قائل نے یہ تسلیم کر کے کہ:

"خاتم النبیین کی صفت سے کسی دوسرے شخص کا متّصف ہونا اور اس وصف کا دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونا محال ہے"

یہ احتمال ظاہر کیا ہے کہ:

"خاتم النبیین" کی صفت کے مماثل و مشابہ صفت، حضور اقدس ﷺ کے مساوی میں موجود ہو، اور آپ میں نہ ہو"

ایسا احتمالِ محال ظاہر کرنا کفر ہے۔ اس لیے کہ "خاتم النبیین" کی صفت تمام ممکنات کے اوصاف و کمالات میں سب سے اعلیٰ وصف کمال ہے، اس کے مماثل کسی مجہول وصف کا ممکن ماننا کمال نبوت و رسالت کی اہانت و تحقیر شان ہے اور نبوت و رسالت کے بعض کمال کے لغو اور بے کار ہونے کو ممکن ماننا ہے اور یہ کفر ہے۔ اس سے پہلے کامل تفصیل کے ساتھ یہ بات گزر چکی کہ صفت خاتم النبیین کے مماثل صفت کا جواز ماننا کمالِ نبوت و رسالت کی تحقیرِ شان ہے۔

(۱۲) اس قائل نے ذکر کیا کہ: یہ ہوسکتا ہے کہ آں حضرت ﷺ وصف خاتم النبیین سے مختص ہوں اور ان کا مساوی، وصف خاتم النبیین کے ہمسر اور برابر کسی اور وصف سے مختص ہو، اس طرح دونوں میں تساوی ہوجائے گی۔ پھر اس تساوی کی نظیریں بیان کی کہ زید و عمرو میں سخاوت و شجاعت وغیرہ کمالات مشترک ہیں اور اس اشتراک کے ساتھ زید میں تیر اندازی اور عمرو میں بندوق بازی کی صفت موجود ہے۔ نیز عربی اور ترکی گھوڑے کے برابر ہونے کی نظیر ذکر کی کہ: ان دونوں گھوڑوں میں ایک خاص نفع موجود و معتبر ہے جو دوسرے میں ملحوظ نہیں۔ ایسے عظیم مقام میں ایسی نظیر پیش کرنا حضور اقدس ﷺ کی اعلیٰ شان اور آپ کے عظیم و رفیع منصب "ختم نبوت و رسالت" کی اہانت و استخفاف کو مستلزم ہے لہٰذا اس کا یہ کلام بلا شبہ مستلزم کفر ہے۔ علم سے بے بہرہ اس قائل نے نظیر پیش کرتے وقت یہ نہ سوچا کہ: عربی و ترکی گھوڑے کے قائم مقام کس ذات اقدس کو قرار دے رہا ہے۔ خاتم النبیین کی عظیم ترین صفت کو تیر اندازی یا بندوق بازی یا عربی گھوڑے کی تیز روی یا ترکی گھوڑے کی نرم روی کے قائم مقام قرار دینا اور ایسی نظیر لانا کفر کی بدترین قسم ہے۔ نعت گو شعرا نے حضور اقدس ﷺ کی تشبیہ کے مقام پر جن اشعار کو ذکر کیا ہے علمائے اعلام نے انہیں اہانت و استخفاف اور موجبات کفر سے شمار فرمایا ہے۔ چہ جائے کہ حضور اقدس ﷺ کو زید و عمرو، عربی یا ترکی گھوڑوں اور خاتم النبیین کے عظیم ترین مقام و منصب کو تیر اندازی یا بندوق بازی یا ان دو چوپایوں کے اوصاف سے تشبیہ دی جائے۔ ایسی نظیر پیش کرنا کفر ہے اور اسے خفیف و ہلکا گمان کرنا دوسرا کفر ہے۔ علمائے اعلام نے شعرا کے جن تشبیہی اشعار کو موجباتِ کفر سے گنا ان میں ابو العلا معرّی کا یہ شعر ہے: (جو اس نے محمد نامی ایک علوی کی مدح میں کہا ہے)

لَوْ لَا انْقِطَاعُ الوَحْيِ بَعْدَ مُحَمَّد قُلْنَا مُحمَّدٌ مِنْ أَبِيْهِ بَدِيْلٌ

هُوَ مِثْلُهُ فِى الفَضْلِ إِلّا أَنَّهُ لَمْ يَأْتِهِ بِرِسَالَةٍ جِبْرِيْلُ

اگر محمد ﷺ کے بعد وحی کا سلسلہ منقطع نہ ہوتا تو ہم یہ کہتے کہ محمد اپنے باپ (حضور ﷺ) کا بدل اور قائم مقام ہے۔ یہ محمد فضیلت میں انہی (حضور ﷺ) کے مثل ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جبریل اس کے

پاس کوئی پیغام لے کر نہ آئے۔

اور اسی طرح اندلس کے بادشاہ محمد ابن عبّاد اور اس کے وزیر ابوبکر ابن زیدون کی مدح میں حسان مَصِیصِي اندلسی کا یہ قول ہے:

كَأَنَّ أَبَابَـــــكرٍ أَبُو بكر الرِّضَا وَ حَسَّانَ حَسَّانٌ وَ أَنْتَ مُحَمَّد

گویا یہ ابوبکر (ابن زیدون) پسندیدہ ابوبکر (صدیق) ہے اور میں حسان مَصِیصِی، حسّان (ابن ثابت) ہوں ہیں اور تو محمد (ابن عبداللہ ﷺ) ہے۔

(۱۳) اس قائل کے نزدیک بعض انبیا علیہم السلام بعض حیثیتوں سے حضور اقدس ﷺ سے افضل ہیں۔ یہ کفر اور خرقِ اجماع ہے جیسا کہ اس سے پیشتر گزر چکا۔ ہم مسلمانوں کے نزدیک حضور اقدس ﷺ تمام انبیا و مرسلین سے ہر طرح افضل ہیں، آپ کو تمام انبیا و مرسلین پر کلی فضیلت حاصل ہے۔

(۱۴) اس قائل نے یہ کہا کہ:

"خاص وصف خاتمیت میں برابر نہ ہونے کے سبب حضور اقدس ﷺ کے شریک و مساوی کی نفی اس بنا پر ہے کہ: قائل تفضیل کے قاعدہ سے غافل اور اس کا شیوہ گمراہ گری ہے"

اس قول سے حضرت رب جلیل، حضرت جبریل، حضرت ابراہیم خلیل اور حضور اقدس ﷺ کا جاہل ہونا لازم آتا ہے جیسا کہ تفصیل سے گزرا تو یہ قول چند وجوہ سے کفر کو مستلزم ہے۔

(۱۵) اس قائل نے یہ کہا کہ:

"تمام مومنین قرب و ثواب کے درجات میں حضور ﷺ کے برابر بلکہ آپ سے افضل ہو سکتے ہیں"

یہ کفر اور بعض کرامیہ کے کفر سے سخت اور بدتر ہے؛ اس لیے کہ کرامیہ نے یہ کہا کہ: "ولی نبی سے افضل ہو سکتا ہے" اور اس قائل کے نزدیک قرب و ثواب میں بدترین فاسق و فاجر مومن، افضل الانبیا والمرسلین ﷺ سے افضل ہو سکتے ہیں۔

(۱۶) اس نے یہ کہا کہ:

"تو اللہ رب العزت کی قدرت کاملہ کی قوت و وسعت کے پیش نظر یہ ممکن اور اس کی قدرت کے تحت داخل ہے کہ: کثرت ثواب کے سوا دوسرے کمالات میں کم رتبہ شخص کو افضل کے برابر بلکہ اس افضل سے بھی افضل بنا دے۔ اس عظیم و بابرکت مطلوب و مقصود میں تمام مومنین برابر ہو سکتے ہیں اور اس معنی میں اللہ کی قدرت کاملہ کے تحت داخل ہو سکتے ہیں اگرچہ ایسا واقع نہ ہو"

اس کلام سے صاف ظاہر ہے کہ: اس کے اعتقاد میں حضور اقدس ﷺ قرب و ثواب کے درجات میں تمام انسانوں سے افضل نہیں اور آپ کے سوا دوسرے افراد اگرچہ دوسرے کمالات میں آپ سے کم رتبہ ہوں قرب و

ثواب کے درجات و مقامات میں آپ سے کم درجہ اور کم رتبہ نہیں یہ اعتقاد کفر ہے۔

(۱۷)اس کے کلام مذکور سے صاف ظاہر ہے کہ: تمام مؤمنین اگرچہ فاسق و فاجر ہوں قرب و ثواب میں حضور اقدس ﷺ سے کم درجہ نہیں اور کثرت ثواب کے سوا دوسرے کمالات میں کم رتبہ ہیں۔اس کے اس کلام سے نبوت و رسالت کے محض لغو ہونے کا قول لازم آتا ہے؛اس لیے کہ اس کے اس کلام کی بنا پر قرب و ثواب کے درجات میں نبی اور غیر نبی، رسول اور غیر رسول سب برابر ہیں۔ایسا اعتقاد نبوت و رسالت کے لغو ہونے کا اعتقاد ہے جو بلاشبہ کفر ہے۔

(۱۸)یہ کہنا کہ:

"تمام مؤمنین قرب و ثواب میں حضرت افضل المرسلین خاتم النبیین ﷺ سے افضل ہوسکتے ہیں"

اس سے قطع نظر کہ: یہ کلام سچا ہے یا جھوٹا حضور اقدس ﷺ کے استخفاف و اہانت شان کو مستلزم ہے۔کسی کلام کا اہانت و استخفاف پر مشتمل ہونا اس پر موقوف نہیں کہ وہ جھوٹا ہو۔بہت سے جھوٹے کلام استخفاف و اہانت پر مشتمل نہیں ہوتے اور بہت سے سچے کلام استخفاف و اہانت پر مشتمل ہوتے ہیں۔اور جس کلام سے بھی حضور اقدس ﷺ کی اہانت شان ہو وہ کفر ہے۔

(۱۹)اس قائل نے یہ ممکن مانا کہ:

"کوئی شخص حضور اقدس ﷺ کے برابر اس طرح ہو کہ آپ کے خاص وصف خاتم النبیین کے معادل و برابر، کوئی خاص وصف کمال اس مساوی میں موجود ہو اور آپ اور وہ مساوی دوسرے کمالات میں شریک و برابر ہوں"

جب کہ آپ کے بہت سے اوصاف و کمالات ایسے ہیں جو دو شخصوں کے درمیان مشترک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔اس قائل کے اس کلام کے ابطال کے دوران کچھ ایسے کمالات کا ذکر ہو چکا تو اُس مساوی کو وصف خاتم النبیین کے سوا دوسرے تمام خاص اوصاف و کمالات میں آپ کا شریک ماننا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ یہ نہ مان لیا جائے کہ:"آپ ان خاص صفات کمال سے متصف نہیں"اور ان کمالات سے آپ کے اتصاف کا انکار محض کفر اور زندقہ و بے دینی ہے۔

(۲۰)شیخ نجدی کا کلام صحیح قرار دینے کے لیے ایسے بے معنی محالات کی تکلیف گوارا کرنا، ایسے رکیک و باطل احتمالات ظاہر کرنا اور تمام کمالات میں آپ کے مماثل و مساوی کا امکان ثابت کرنے کے لیے آپ کی شان اقدس میں ایسی باتیں کرنا خود کو ہلاکت گاہوں میں ڈالنا ہے۔کتنے ایسے بے شمار مفہوم ہیں جن کے مصداق ممکن نہیں اور ان کے ممکن نہ ہونے سے اللہ عزوجل کی قدرت کاملہ کے عام ہونے پر کوئی اثر مرتب نہیں ہوتا تو تمام کمالات میں آپ کے مساوی کے مفہوم کا مصداق ممکن نہ ہونے سے اللہ عزوجل کی قدرت کاملہ کے عموم پر کیوں کر خلل متصور ہوسکتا ہے؟۔

زندیقی، بدعقیدگی، بدکیشی، بدباطنی اور الحاد و بے دینی کے بغیر خلل کا تصور نہیں ہوسکتا۔یہ ساری چیزیں کفر کی علامتوں میں سے ہیں"أعاذنا اللہ تعالی من ذالك بحرمة حبيبه و خلّه صلى اللہ تعالی و علی اٰلہٖ

وصحبہ وسلم."

مخالف نے کہا:

"بخاری میں سالم بن عبد اللہ اپنے والد سے راوی کہ ان کے والد نے انہیں خبر دی کہ انھو نے رسول اللہ ﷺ سے یہ فرماتے سنا کہ:

"إنما بقاءكم فيما سلف قبلكم من الأمم كما بين صلاة العصر إلى غروب الشمس أعطي أهل التوراة ،التوراة فعملوا بها حتى إذا انتصف النهار عجزوا فأعطوا قيراطا قيراطا ثم أعطي أهل الإنجيل،الإنجيل فعملوا به حتى صلاة العصر ثم عجزوا فأعطوا قيراطا قيراطا ثم أعطيتم القرآن فعملتم به حتى غروب الشمس فأعطيتم قيراطين قيراطين فقال أهل الكتابين: أي ربنا! أعطيت هؤلاء قيراطين قيراطين وأعطيتنا قيراطا قيراطا ونحن كنا أكثر عملا ؟قال الله عزوجل:هل ظلمتكم من أجركم من شيء؟ قالوا: لا قال: فذالك فضلي أوتيه من أشاء."(۱)

یعنی اگلی امتوں کی بہ نسبت دنیا میں تمہارا رہنا ایسا ہی ہے جیسے عصر سے سورج ڈوبنے تک کا وقت۔ توریت والوں کو توریت دی گئی، انھوں نے عمل کیا یہاں تک کہ دوپہر کا وقت ہوا تو تھک گئے ان کو ایک ایک قیراط دیا گیا، پھر انجیل والوں کو انجیل دی گئی، انھوں نے عصر کی نماز تک کام کیا پھر تھک گئے، تو انہیں بھی ایک ایک قیراط دیا گیا، پھر ہم کو قرآن دیا گیا اور ہم نے سورج ڈوبنے تک کام کیا، تو ہمیں دو دو قیراط دیا گیا۔ اس پر اہل توریت و انجیل کہنے لگے: اے ہمارے رب! تو نے ان لوگوں کو دو دو قیراط عطا فرمایا اور ہم لوگوں کو صرف ایک ایک قیراط عطا فرمایا ہم نے ان لوگوں سے زیادہ کام کیا۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: کیا میں نے تمہاری مزدوری میں کچھ کمی کی ہے؟ انھوں نے عرض کیا: نہیں، اللہ تعالی نے فرمایا کہ: یہ میرا فضل ہے جسے چاہتا ہوں عطا فرماتا ہوں۔

اور ایک دوسری حدیث متّصل میں ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ:

"مثل المسلمين واليهود والنصارى كمثل رجلٍ استأجر قوماً يعملون له عملاً يوما إلى الليل على أجرٍ معلوم فعملوا له إلى نصف النهار فقالوا: لا حاجة لنا إلى أجرك الذي شرطت لنا وما عملنا باطل فقال لهم: لا تفعلوا أكملوا بقية عملكم وخذوا أجركم كاملاً فأبوا وتركوا فاستأجر آخرين بعدهم فقال: أكملوا بقية يومكم هذا ولكم الذي شرطت لهم من

---

(۱) بخاری مواقیت باب من ادرك ركعة من العصر قبل الغروب ج ۱ ص:۷۹ و ج:۱ ،ص: ۳۰۲ باب الاجارة إلى صلاة العصر ج:۱، ص: ۴۹۰، ص:،الانبیا،باب ما ذكر عن بنی اسرائیل،ج:۲،ص:۷۱۵ ،فضائل القرآن،باب فضل القرآن على سائر الكلام

الأجر فعملوا حتى إذا كان حين صلاة العصر قالوا:لك ما عملنا باطلٌ ولك الأجر الذي جعلت لنا فيه فقال:أكملوا بقية عملكم فإنمابقي من النهارشيءٌ يسيرٌفأبوافاستأجر قوماً أن يعملوا له بقية يومهم فعملواله بقية يومهم حتى غابت الشمس فاستكملواأجرالفريقين كليهما" (۱)

"یعنی مسلمانوں اور یہود ونصاریٰ کی مثال اس شخص کی طرح ہے، جس نے کچھ لوگوں کو مزدوری پر رکھا کہ ایک دن اس کے لیے رات تک کام کریں، انھوں نے دو پہر تک کام کیا پھر کہا: ہمیں تمھاری مزدوری کی ضرورت نہیں ہم نے جو کچھ کیا وہ تمہارا تواس نے کہا ایسا نہ کرو، اپنا باقی کام پورا کرو اور اپنی پوری مزدوری لے لو توانھوں نے انکار کیا تواس شخص نے دوسرے لوگوں کو مزدوری پر رکھا اور کہا: جتنا دن باقی ہے تم اس میں کام کرو اور تمہارے لیے وہی مزدوری ہے جو میں نے ان کے لیے مقرر کی تھی، انھوں نے بھی کام کیا یہاں تک کہ جب عصر کا وقت ہوا توانھوں نے کہا: جو کچھ ہم نے کیا وہ تمہارا (ہمیں چھٹی دو) تواس نے کہا کہ: اپنا باقی کام پورا کرو صرف تھوڑا سا دن رہ گیا ہے توانھوں نے کام کرنے سے انکار کیا تواس شخص نے دوسروں کو مزدوری پر رکھا، انھوں نے باقی دن کام کیا یہاں تک کہ سورج ڈوب گیا، انھوں نے دونوں فریقوں کی پوری مزدوری حاصل کی۔

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ: حق تعالیٰ نے حضرت خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل اپنے فضل سے امت کو ناقص ونا تمام)عصر سے شام تک کے (عمل پر پورے پورے)دن کے (عمل کا اجر عطا فرمایا؛ لہٰذا اس نے جس طرح اس امت کو مذکورہ فضیلت سے مشرف فرمایا اس کے لیے ممکن ہے اور وہ اس پر قادر ہے کہ: اپنے فضل سے دوسرے لوگوں کو اس امت کے برابر بنادے؛ اگرچہ ایسا نہ فرمائے۔

اور ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی حدیث میں کثرت ثواب میں اس امت کا حال بہ شمول ذات اقدس ونفس انفس بدرجۂ اتم بیان فرما کر یہ خبر دی کہ: ان دونوں امتوں کے اعتبار سے اس امت کا عمل کم تھا پھر بھی اسے دونا عمل کا اجر عطا فرمایا۔ جب ان دونوں امتوں نے عرض کیا کہ: "ہمارا کام زیادہ اور اجر کم اور اس امت کا عمل بہت کم اور اس کا اجر بہت زیادہ ہے" توارشاد فرمایا کہ: "ہم نے تمہارے اجر میں کچھ بھی کمی نہ کی" اور ان دونوں امتوں نے تسلیم کیا پھر فرمایا کہ: "کام سے زیادہ عطا فرمانا میرا فضل ہے۔" اس کے بعد فرمایا: "میں جسے چاہوں عطا فرماؤں۔"

اس حدیث کا معنی ومفہوم ملاحظہ کرنے کے بعد مؤمن صادق کو اس بارے میں کوئی شبہ نہیں رہتا کہ: اللہ سبحانہ کا کسی شخص کو عزت، ثواب کی کثرت اور قرب منزلت کے شرف سے سرفراز فرمانا یہ محض اس کا فضل ہے۔ اگر اس فضیلت میں کسی دوسرے کو اس کا قائم مقام فرمادے تو کیا چیز مانع اور کون مزاحم ہو سکتا ہے؟ اب اگر اس کے مساوی یا اس سے افضل

(۱) بخاری ج:۱ ص:۳۰۲ باب الإجارة من العصر إلى الليل و مسلم

بنادے تو اس سے کون سی چیز مانع اور کون شخص مزاحم ہے؟ جیسا کہ بعض اولیائے کاملین کے حوالہ سے عنقریب آئے گا۔
عارف رومی قدس سرہ فرماتے ہیں:

"داد حق را قابلیت شرط نیست "یعنی حق تعالی کی بخشش وعطا کے لیے قابلیت شرط نہیں"

نیز فرماتے ہیں:

"بلکہ شرط قابلیت داد است۔"بلکہ خود قابلیت کی شرط اس کی بخشش وعطا ہے۔

اسلام کا عقیدہ یہ ہے کہ: اللہ تعالی نے حضرت سید المرسلین ﷺ کو دنیا میں مقام "قاب قوسین أو أدنی" عطا فرمایا اور شفاعت کے وقت مقام محمود اور دخول جنت کے بعد وسیلہ اور دوسری فضیلتوں سے سرفراز فرمایا، جیسا کہ کچھ "تفسیر مظہری" کے حوالے سے نقل ہوا۔ جناب اقدس کا کوئی شریک وسہیم اور عدیل وشیل نہ ہے اور نہ ہوگا۔ یہ تینوں مقامات تمام منازل ومقامات سے ارفع واعلی ہیں۔ اور اسلام کا عقیدہ یہ نہیں کہ: حق تعالی ان منازل ومقامات میں کسی دوسرے کو ان کے برابر بنانے پر قادر نہیں معاذ اللہ۔

اقول: ہم اس سے پہلے یہ واضح کر چکے کہ: اللہ سبحانہ کا حضور اقدس ﷺ کو پیدا فرمانا، آپ کو تمام ممکنات سے برگزیدہ بنانا اور ایسے خاص اوصاف وکمالات عطا فرمانا جو دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں یہ ساری فضیلتیں محض اللہ رب العزت کا عظیم فضل ہیں، یہ نہ کسی ذاتی قابلیت اور استحقاق کی وجہ سے ہے، نہ کسی کام کی مزدوری، نہ کسی عمل کا اجر نہ کسی عبادت کا صلہ۔ اللہ سبحانہ نے آپ کے جلیل الشان منصب کے لائق جو خاص قابلیت واستحقاق، نیکیاں، اعمال حسنہ اور مقبول عبادتیں عطا فرمائیں یہ محض اس کا خاص فضل ہے ان خاص اوصاف وکمالات کے محض فضل الہی ہونے سے دو شخصوں کے درمیان ان کا قابل اشتراک ہونا لازم نہیں آتا۔ تمام تشخصات وتعینات اور وہ تمام صفات جو دو کے درمیان قابل اشتراک نہیں وہ محض اللہ کے فضل ہی سے ہیں اور ان کے محض فضل الہی ہونے سے دو کے درمیان ان کا قابل اشتراک ہونا لازم نہیں آتا۔ **کسی شئ کا ممکن ہونا اور شئ ہے اور اس کا قابل اشتراک ہونا اور شئ ہے۔** اس سے پہلے بار بار یہ مبرہن ہو چکا ہے کہ: خاتم النبیین کی صفت، تمام انبیا سے پہلے آپ کا پیدا ہونا، آپ کے نور کا سب سے پہلے پیدا فرمانا، قبر اقدس سے سب سے پہلے باہر تشریف لانا، سب سے پہلے صعقۂ قیامت سے ہوش میں آنا، سب سے پہلے پل صراط سے گزارنا، سب سے پہلے دروازۂ جنت کھٹکھٹانا، سب سے پہلے آپ کے لیے جنت کا کھولا جانا، سب سے پہلے آپ کو سجدہ کی اجازت عطا ہونا، سب سے پہلے آپ کا شفاعت فرمانا، سب سے پہلے آپ کی شفاعت کا مقبول ہونا، سب سے پہلے جنت کی شفاعت فرمانا، عرش کی داہنی جانب ایسے مقام پر قائم ہونا جہاں آپ کے سوا کوئی دوسرا قائم نہ ہوگا، جس پر تمام اولین وآخرین رشک کریں گے، "وسیلہ "یعنی ایسے مقام سے سرفراز ہونا جو اللہ کے بندوں میں سے صرف ایک ہی بندہ کو شایاں ہے اور جس سے صرف ایک ہی شخص مشرف ہوگا، شفاعت کبریٰ فرمانا یہ سبھی خاص اوصاف وکمالات جنھیں اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل سے

صرف حضور اقدس ﷺ کو عطا فرمایا ہے، دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں ان اوصاف وکمالات کو دو شخصوں میں وہی شخص مشترک مان سکتا ہے جو حد درجہ عقل سے دور ہے۔

جو اوصاف کمال دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں ان ہی میں سے ایک صفت یہ ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کی امت تمام امتوں سے افضل ہے جیسا کہ آپ تمام رسولوں سے افضل واعلی ہیں۔ اللہ عزوجل نے آپ کی وجاہت ومحبوبیت کے سبب اپنے عظیم فضل سے آپ کی امت کو اس فضیلت سے سرفراز فرمایا جیسا کہ اس کا ارشاد پاک ہے:

" كُنتُم خَيرَ أُمَّةٍ أُخرِجَت لِلنَّاسِ "(1)

یعنی تم ان سب امتوں میں بہتر ہو جو لوگوں میں ظاہر ہوئیں۔

اور توریت میں بھی حضور اقدس ﷺ کی یہ صفت مذکور ہے:

" وأجعلُ أُمَّتَهُ خَيرَ أُمَّةٍ أُخرِجَت لِلنَّاسِ " اور میں ان کی امت کو ان ساری امتوں سے افضل بناؤں گا جو لوگوں میں ظاہر ہوئیں۔

اور توریت میں یہ بھی ہے:

" إنك خيرُ الأ نبياء وإن أمتَك خيرُ الأممِ واسمُك أحمدُ وأمتُكَ الحمَّادُون قرباتُهم دماءُهم، وأناجيلُهم صدورُهم لا يحضرون قتالاً إلّا و جبرئيلُ معهم يتحنّنُ عليهم تَحَنُّنَ الطيرِ على فراخِه " (2)

بے شک تم تمام انبیا سے افضل ہو اور تمہاری امت ساری امتوں سے افضل ہے اور تمہارا نام احمد ہے اور تمہاری امت میری خوب خوب حمد وثنا کرنے والی ہے۔ تمہاری امت کے تقربات وطاعات، راہ خدا میں ان کی قربانی وجاں نثاری ہے، ان کی انجیلیں (مصاحف) ان کے سینے ہیں۔ وہ لوگ کسی جہاد میں شریک نہیں ہوتے مگر جبریل ان کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان پر ایسے ہی لطف وشفقت کرتے ہیں جیسے پرندہ اپنے بچوں پر کرتا ہے۔

اور حدیث اسرا میں ہے:

"إن محمدا ﷺ أثنیٰ علی ربّه فقال: كلُّكم أثنیٰ على ربه وأنا أثني على ربي فقال: الحمد لله الذي أرسلني رحمةً للعالمين وكافةً للناس بشيرًا ونذيرًا وأنزل عليّ الفرقان فيه تبيانُ كلِّ شيء

(1) پ ٤، آل عمران: آیت ١١، ع ٢

(2) شرح شفا لملّا علی قاری ج ١، ص ١٦٠ مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

وجعل أمتي خير أمة وجعل أمتي أمة وسطًا وجعل أمتي هم الأولون وهم الآخرون"[1]

بے شک محمد ﷺ نے اپنے رب کی تعریف وثنا کرتے ہوئے فرمایا: تم میں سے ہر ایک نے اپنے رب کی تعریف وثنا کی اور اب میں اپنے رب کی ثنا کرتا ہوں تو فرمایا: تمام تعریف اللہ عزوجل کے لیے جس نے مجھے سارے عالم کے لیے رحمت اور تمام انسانوں کو خوش خبری اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا اور مجھ پر قرآن اتارا جس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے اور میری امت کو تمام امتوں سے افضل اور درمیانی و بہتر امت بنایا اور میری امت کو اول وآخر بنایا (دخول جنت میں سب سے اول اور تخلیق ووجود میں سب سے آخر)

حاصل یہ ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی امت کا خیر امت ہونا نص قطعی سے ثابت ہے "خیر "اسم تفضیل کا صیغہ ہے جو نکرہ (اُمّۃ) کی طرف مضاف ہے، اور وہ نکرہ جس کی طرف اسم تفضیل مضاف ہو، عموم کے صیغوں میں سے ہے تو "خیرَ أمّةٍ" کا معنی: تمام امتوں سے بہتر وافضل امت ہے۔ یہ وصف کمال دو فردوں کے درمیان مشترک ہونے کے قابل نہیں؛ اس لیے کہ اگر دوسری امت تمام امتوں میں بہتر اور اس صفت میں اس امت کی شریک ومماثل ہو تو وہ دوسری امت یا تو مضاف الیہ ومفضل علیہ (امت) کے عموم میں داخل ہوگی یا نہیں ؟ اگر داخل ہو تو خیر امت نہیں ہو سکتی بلکہ ان امتوں سے ہوگی جن سے یہ امت افضل ہے تو مفروض کے خلاف لازم آئے گا۔ اور اگر داخل نہ ہو تو وہ امت تمام امتوں سے بہتر وافضل نہیں ہو سکتی تو خیر امت نہیں ہو سکتی تو مسلم ومفروض کے خلاف لازم آئے گا۔ نیز اس صفت میں دوسری امت کے شریک ہونے کے وقت یہ امت یا تو مضاف الیہ ومفضل علیہ کے عموم میں داخل ہوگی یا نہیں ؟ اگر داخل ہو تو یہ امت، خیر امت نہیں ہو سکتی بلکہ بعض امتوں سے کم درجہ ہوگی۔ اور اگر داخل نہ ہو تو اس صورت میں وہ امت تمام امتوں سے بہتر نہیں ہو سکتی تو خیر امت نہیں ہو سکتی۔

نیز اللہ سبحانہ نے حضور اقدس ﷺ کے طفیل آپ کی امت کو اپنے عظیم فضل سے اولین وآخرین کی صفت سے سرفراز فرمایا ہے اور یہ دونوں صفتیں بھی دو امتوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں؛ اس لیے کہ اس صفت کا معنی یہ ہے کہ: آپ کی امت تمام امتوں سے پہلے جنت میں جائے گی اور اس کا وجود اور اس کی خلقت تمام امتوں کے بعد ہے جیسا کہ صحیح مسلم میں ہے کہ:

"نَحْنُ الآخِرُونَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا وَالأَوَّلُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمَقْضِيُّ لَهُمْ قَبْلَ الْخَلَائِقِ نحن أوَّلُ مَنْ يدْخُلُ الجنَّةَ" (مسلم ،باب: هِدَايَةِ هَذِهِ الأُمَّةِ لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ)

"ہم دنیا میں سب سے بعد میں آئے اور قیامت کے دن ان سب سے پہلے جائیں گے تمام جہاں سے پہلے ہمارے

---

(۱) شفا ج:۱ ص ۱۸۲ فصل فی تفضیله بما تضمنته کرامة الإسراء من المناجاة والرؤیة مرکز اهل سنت برکات رضا پور بندر گجرات

ہی لیے اللہ تعالی حکم فرمائے گا اور ہم سب سے پہلے جنت میں جائیں گے۔"

اگر دوسری امت میں یہ صفت موجود ہو تو آپ کی امت تمام امتوں سے پہلے جنت میں نہ جائے گی اور وجود وخلقت میں تمام امتوں کے بعد نہ ہوگی تو اس صورت میں دوسری امت اس صفت میں حضور اقدس ﷺ کی امت کی شریک نہیں ہو سکتی بلکہ اس صورت میں یہ صفت نہ تو حضور اقدس ﷺ کی امت میں موجود ہے اور نہ ہی دوسری امت میں، تو اس صفت میں دوسری امت کا حضور اقدس ﷺ کی امت کا شریک ہونا اس بات کو مستلزم ہے کہ وہ دوسری امت اس صفت میں آپ کی امت کی شریک نہ ہو اور جس شئی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے۔

نیز اللہ سبحانہ نے ارشاد فرمایا ہے:

"وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُونُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا"[1]

"اور اسی طرح ہم نے تمھیں تمام امتوں سے افضل کیا تا کہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور یہ رسول تمہارے نگہبان و گواہ۔"

نیز فرمایا:

"لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ"[2]

"تا کہ رسول تمہارے نگہبان و گواہ ہوں اور تم اور لوگوں پر گواہی دو۔"

ان آیتوں سے یہ بات مبرہن ہو گئی کہ: اللہ سبحانہ نے اپنے فضل سے آپ کی امت کو تمام امتوں پر نگہبان و گواہ بنایا۔ اگر اس صفت میں دوسری امت کو آپ کی امت کا شریک مانا جائے تو یہ امت تمام امتوں کی شاہد و گواہ اور نگہبان نہیں ہو سکتی اور وہ دوسری امت بھی تمام امتوں کی شاہد و گواہ نہیں ہو سکتی تو یہ لازم آیا کہ: وہ دوسری امت اس صفت میں اس امت کی شریک نہیں اور جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو وہ محال بالذات ہے۔

حاصل یہ ہے کہ: جس طرح اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل سے حضور اقدس ﷺ پر اپنی نعمت کی تکمیل فرما کر، آپ کو ایسے خاص کمالات عطا کیے جو دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں۔ اسی طرح آپ کے طفیل آپ کی امت کو ایسے فضائل و کمالات بخشے جو دو امتوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں۔ تو جس طرح آپ تمام انبیا ورسل سے افضل ہیں آپ کی امت تمام امتوں سے افضل ہے، تمام امتوں پر اس امت کی افضلیت، تمام انبیا ورسل پر حضور اقدس ﷺ کی افضلیت کا مُسبَّب ہے۔

تمام انبیا ورسل سے آپ کے افضل ہونے سے تمام امتوں سے اس امت کے افضل ہونے پر **استدلال "لِمّی" ہے**

---

(۱) قرآن کریم پ: ۲ البقرہ: ۱۴۳

(۲) پ: ۱۷، الحج، آیت: ۷۸، ع: ۱۷

اور تمام امتوں سے اس امت کے افضل ہونے سے جیسا کہ اللہ سبحانہ کے ارشاد: "کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ"[۱] سے ثابت ہے حضور اقدس ﷺ کے تمام انبیا و رسل سے افضل ہونے پر **استدلال "اِنِّی"** ہے استدلال کے یہ دونوں طریقے واقع اور مشہور و متعارف ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضور اقدس ﷺ کا تمام انبیا و رسل سے افضل ہونا اور آپ کی امت کا تمام امتوں سے افضل ہونا محض اللہ کا فضل ہے، یہ نہ کسی استحقاق کی وجہ سے ہے، نہ کسی کام کی اجرت، نہ کسی عمل کا اجر، نہ کسی عبادت کا صلہ۔ محض اللہ کے فضل سے اس افضلیت کا حصول دو شخصوں کے درمیان اس فضیلت و کمال کے قابل اشتراک ہونے کو مستلزم نہیں۔ کسی شئ کا ممکن ہونا اور اللہ کے فضل سے اس کا حاصل ہونا اور شئ ہے اور دو یا اس سے زائد افراد کے درمیان اس کا صالح اشتراک ہونا اور شئ ہے۔ جو شخص اس فرق کو نہیں سمجھ سکتا وہ خطاب کے لائق نہیں۔

صحیح بخاری کی مذکورہ دونوں حدیثوں کی روشنی میں یہود و نصاری (جن کا عمل زیادہ ہے) کے اجر کی بہ نسبت اس امت کے ناقص عمل سے اس کا اجر زیادہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ کوئی دوسری امت فضیلت و کمال میں حضور اقدس ﷺ کی امت کی شریک اور برابر ہو۔ ان دونوں حدیثوں سے صرف اتنا ثابت ہے کہ: تھوڑے عمل پر زیادہ اجر دینا اللہ عزوجل کے فضل پر موقوف ہے۔ اور ہم اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ: جس شخص کے پاس ناقص عمل بھی نہیں اس پر فضل فرمانا، اللہ عزوجل کی عنایت و عطا پر موقوف ہے، استحقاق و قابلیت پر نہیں لیکن یہ اعتقاد نہیں رکھتے کہ: "جو خاص اوصاف و کمالات دو شخصوں کے درمیان اشتراک کے قابل نہیں دو شخصوں کے مابین ان کا مشترک ہونا ممکن ہے۔ ایسا اعتقاد سوفسطائیت پر موقوف ہے جس کے لیے شدت غباوت و بے ایمانی اور جہل مرکب و نافہمی شرط ہے۔ عوام وجہلا غباوت و گمرہی کے سبب ایسے اعتقاد کو ایمان گمان کرتے ہیں۔ وہ اس سے غافل ہیں کہ: یہ سوفسطائیوں کا عقیدہ اور انتہائی بے ایمانی ہے۔ صحیح اعتقاد یہ ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کا وجود باجود، آپ کی نبوت و رسالت، آپ کی ذات ستودہ صفات، آپ کے تمام فضائل و کمالات اور آپ کے قرب و ثواب کے درجات ممکن ہیں جن کا ہونا اور نہ ہونا ضروری نہیں۔ اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل اور خاص عطا سے آپ کو پیدا فرمایا اور آپ کو تمام ممکنات سے اعلی درجہ کی فضیلت: "ختم نبوت و رسالت" اور دوسرے بے شمار فضائل و کمالات سے نوازا ہے جن میں سے بعض ایسے فضائل و کمالات ہیں جو دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں اور آپ کی امت کو دوسری تمام امتوں سے افضل بنایا۔ اگر وہ چاہتا تو آپ کو پیدا نہ فرماتا، آپ کو ان فضائل و کمالات سے بہرہ ور نہ کرتا، آپ کی امت کو پیدا نہ کرتا اور اسے تمام امتوں سے افضل نہ بناتا ان تمام فضائل و کمالات سے سرفراز نہ کرنا ممکن تھا مگر جو فضائل و کمالات دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں ان میں آپ کا شریک و مثل ممکن ہونا اس سے لازم نہیں آتا۔ آپ کے جو خاص فضائل و کمالات دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں جو اس سے پہلے مذکور

---

(۱) پ ۴، آل عمران: آیت ۱۱۰، ع ۲

ہو چکے ان سے آپ کا سرفراز ہونا اور نہ ہونا ممکن ہے مگر دو شخصوں کے درمیان ان کا مشترک ہونا ہرگز ممکن نہیں اور آپ کے طفیل اللہ سبحانہ نے آپ کی امت کو بھی بعض ایسے فضائل و کمالات سے نوزا ہے جو دو امتوں کے درمیان صالح اشتراک نہیں جیسا کہ ابھی گذرا۔

اس قائل کا حال اور اس کی زبان و قلم سے سرزد شدہ اس کی بے ہودہ سرائیاں ان احتمالات سے خالی نہیں: جو اوصاف و کمالات دو شخصوں کے درمیان صالح اشتراک نہیں اور اس سے پہلے بار بار دو شخصوں کے درمیان جن کے صالح اشتراک نہ ہونے پر روشن دلیل قائم ہو چکی ہے یہ شخص یا تو انہیں دو شخصوں کے درمیان صالح اشتراک گمان کرتا ہے اور کسی صفت کے ممکن ہونے اور اس کے اشتراک کے ممکن ہونے میں فرق نہیں جان سکتا۔ یا یہ گمان رکھتا ہے کہ کسی شخص کو اللہ کے فضل سے جو فضیلت حاصل ہوتی ہے وہ کثیر افراد کے درمیان صالح اشتراک ہونے کو مستلزم ہے؟ تو اس صورت میں وہ حد درجہ بے وقوف اور احمق ہے اس مرض سے اس کی صحت کی امید نہیں کی جا سکتی۔

لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ يُسْتَطَبُّ بِهِ إِلَّا الْحَمَاقَةَ أَعْيَتْ مَنْ يُدَاوِيهَا

ہر بیماری کا علاج ممکن ہے مگر حماقت ایسی بیماری ہے جس سے ہر معالج عاجز ہے۔

لوگوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کے بارے میں روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا:

"أَبْرَأْتُ الأَكْمَهَ وَالأَبْرَصَ وَأَعْيَانِي عِلَاجُ الأَحْمَقِ"

میں نے مادر زاد اندھوں اور سفید داغ والوں کو ٹھیک کیا مگر احمق کے علاج سے عاجز رہا۔

یا وہ دیدہ و دانستہ جہلا و عوام کو گمراہ کرنے کے لیے مکر سازی کر رہا ہے کہ وہ بے چارے کسی شئ کے ممکن ہونے اور دو شخصوں کے درمیان اس کے اشتراک کے ممکن ہونے میں فرق و تمیز نہیں کر سکتے اور یہ نہیں سمجھ سکتے کہ کون سی صفت اشتراک کے قابل ہے اور کون سی نہیں۔ وہ بے چارے محالات و ممتنعات ذاتیہ کو ممکن اور اللہ کا مقدور جان بیٹھیں گے۔ اس صورت میں یہ قائل شیاطین الانس سے ہے "نعوذ باللہ منهم و من شیاطین الجن"۔

اب اس کے بے ہودہ کلمات میں **تفصیلی نظر** درکار ہے اس نے یہ کہا کہ:

"تو جیسا کہ "اس کے اس کلام تک: اگرچہ واقع نہ فرمائے"۔

اگر اس کلام سے اس کی مراد یہ ہے کہ: "جن فضائل و کمالات کا کثیر افراد کے درمیان مشترک ہونا ممکن ہے ان میں دوسری امت کو اس امت کا شریک و مساوی بنانے پر اللہ سبحانہ قادر ہے" تو یہ تسلیم ہے اور اسے اس سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا؛ اس لیے کہ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ: جو فضائل و کمالات دو شخصوں کے درمیان صالح اشتراک نہیں ان میں دوسری امت، اس امت کی شریک و مساوی ہو سکتی ہے۔

اور اگر یہ مراد ہے کہ: "تمام اوصاف و کمالات میں دوسری امت کو اس امت کا شریک و مساوی بنانے پر اللہ سبحانہ

قادر ہے اگرچہ وہ اوصاف وکمالات صالح اشتراک نہ ہوں" تو یہ خود ہی باطل ہے۔ جو صفت دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں ان میں کسی کو کسی کا شریک و مساوی ماننا سراسر بکواس اور تناقض و تضاد ہے۔ اس کا یہ کلام اس شخص کی طرح ہے جو یہ کہے کہ: "جب زید کا وجود اور اس کا تشخص محض اللہ کا فضل ہے تو اللہ سبحانہ دوسروں کو زید کے وجود و تشخص میں زید کا شریک و مساوی بنانے پر قادر ہے"۔ کمالِ جنون اور غایت حماقت کے بغیر کوئی شخص ایسا فرض نہیں کر سکتا۔

اور اس کا "بشمولِ ذات اقدس و نفس انفس" کہنا رجماً بالغیب (سراسر اٹکل و من گھڑت) ہے۔ اس لیے کہ عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں یہود و نصاری اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت کا اجر مذکور ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور انبیائے بنی اسرائیل کا اجر مذکور نہیں۔

اور اس کا یہ کہنا درست ہے کہ:

"اس حدیث کا معنی و مفہوم ملاحظہ کرنے سے مؤمن صادق کو اس بارے میں کوئی شک و شبہ نہیں رہتا کہ: اللہ سبحانہ کا کسی شخص کو عزت، ثواب کی کثرت اور قرب منزلت کے شرف سے سرفراز فرمانا محض اس کا فضل ہے"۔

جو مؤمن صادق اللہ تعالیٰ پر کسی چیز کو واجب اعتقاد نہیں کرتا ہے اسے اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ: جو بھی ممکن موجود ہوا ہے اللہ سبحانہ کے فضل اور اس کے فیضان وجود سے موجود ہوا ہے۔ اور جس شخص کو عزت و شرافت، ثواب کی کثرت اور قرب و وصال کا مقام حاصل ہوا ہے اللہ سبحانہ کے فیضان وجود سے حاصل ہوا ہے لیکن جن محالاتِ ذاتیہ اور ممتنعاتِ عقلیہ میں اللہ رب العزت کا فضل اور اس کا فیضان قبول کرنے کی صلاحیت ہی نہیں وہ کسی طرح معرضِ وجود میں نہیں آ سکتے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شریک و مساوی جو اجتماع نقیضین کا مصداق ہے اور ہر وہ جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے اس کا ممکن ہونا اس کلام سے ثابت نہ ہو سکا۔

اور اس شخص کا یہ کہنا درست ہے کہ: "اگر اس فضیلت میں کسی دوسرے کو اس کا قائم مقام فرما دے تو کون سی اور کیا چیز مانع و مزاحم ہو سکتی ہے؟"

لیکن اسے اس سے فائدہ حاصل نہ ہوگا اس لیے کہ یہ تو ممکن ہے کہ: اللہ سبحانہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پیدا نہ فرماتا یا خاتم النبیین نہ بناتا یا جو خاص صفتیں دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں انہیں آپ کو عطا نہ فرماتا، دوسروں کو ان سے بہرہ ور فرماتا لیکن اس صورت میں وہ دوسرا آپ کا مساوی نہ ہوتا اور آپ اس دوسرے کے مساوی نہ ہوتے، جو خاص اوصاف و کمالات اور قرب و ثواب کے درجات دو شخصوں کے درمیان اشتراک کے قابل نہیں ان میں آپ کے مساوی کا امکان ثابت کرنے کے لیے اس کا یہ کلام نفع بخش اور کارآمد نہیں۔ تدقیقِ نظر کے بعد اس کلام کا حاصل صرف یہ نکلتا ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان صفات سے متصف نہ ہونا ممکن ہے اور اس میں کلام نہیں ہے۔ ہمارا دعوی یہ ہے کہ: ان صفات میں آپ کا شریک و مساوی محال و ممتنع بالذات ہے۔ ان صفات سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا

اتصاف ممکن ہونے سے ان صفات میں حضور اقدس ﷺ کے شریک و مساوی کا ممکن ہونا ثابت نہ ہوسکا۔

لیکن اس قائل کا یہ کہنا شیطانی وسوسہ ہے:

"اب اگر اس کے مساوی یا اس سے افضل بنادے تو اس سے کون سی چیز مانع اور کون شخص مزاحم ہے"؟

اس لیے کہ فضیلت اور قرب و منزلت کا وہ درجہ اگر دو شخصوں کے درمیان صالح اشتراک ہو تو ایسی فضیلت اور ایسے درجہ میں کسی دوسرے شخص کا شریک و مساوی ہونا محال نہیں ہے۔ بلکہ اس میں دوسرے کو مساوی یا افضل بنانا ممکن ہے۔ لیکن فضیلت، قرب و منزلت کا جو درجہ دو شخصوں کے درمیان صالح اشتراک نہ ہو اس میں دو شخصوں کا شریک و مساوی ہونا محال بالذات اور ممتنع عقلی ہے۔ ممتنع بالذات ہونا مساوی اور افضل کے وجود سے مانع ہے۔ اس کا یہ کلام ایسا ہی ہے کہ کوئی یہ کہے کہ: اللہ سبحانہ نے زید اور اس کا تشخص اپنے فضل سے پیدا فرمایا ہے تو اگر دوسروں کو زید کے تشخص میں زید کا مساوی یا اس سے افضل بنادے تو مانع و مزاحم کیا چیز ہے؟ اسے سننے والا صرف یہی کہے گا کہ: یہ کسی پاگل کی بکواس ہے۔

گذشتہ سطور میں بار بار قطعی و یقینی دلیلوں سے یہ ثابت ہو چکا کہ: اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل سے حضور اقدس ﷺ کو جو خاص فضائل و کمالات بخشے ہیں دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں یہاں تک کہ ان خاص فضائل و کمالات میں کسی دوسرے شخص کا شریک و مساوی ہونا متصور ہو۔ ہاں حضور اقدس ﷺ کا وجود باجود اور آپ کا ان فضائل و کمالات سے سرفراز نہ ہونا ممکن ہے۔ اس کے ممکن ہونے میں کلام نہیں ہے۔ دراصل گفتگو یہ ہے کہ: ان فضائل و کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا شریک و مساوی متصور نہیں ہے۔ یہ قائل سب سے پہلے یہ صورت واضح کرے کہ: دو شخص ان اوصاف سے کس طرح موصوف ہوں گے کہ: اللہ تعالی دونوں کا نور سب سے پہلے پیدا فرمائے، وہ دونوں تمام انبیا میں سب سے پہلی مخلوق اور سب سے آخری نبی ہوں، سب سے پہلے قبر سے باہر نکلیں، سب سے پہلے صعقۂ قیامت سے ہوش میں آئیں، سب سے پہلے انہیں سجدہ کی اجازت حاصل ہو، سب سے پہلے شفاعت کریں، ان کی شفاعت سب سے پہلے مقبول ہو، سب سے پہلے پل صراط سے گذاریں، سب سے پہلے دروازۂ جنت کھٹکھٹائیں، سب سے پہلے جنت ان کے لیے کھلے، سب سے پہلے جنت کی شفاعت کریں، اس درجہ پر قائم ہوں جس پر اولین و آخرین رشک کریں گے اور اس درجہ کو حاصل کریں جو صرف اللہ کے ایک ہی بندہ کو شایاں ہے اور ایک ہی بندہ کو حاصل ہوگا اور شفاعت کبریٰ کے مالک ہوں۔ یہ صورت واضح کرنے کے بعد یہ ثابت کرے کہ: ان اوصاف میں دونوں شریک و برابر ہوسکتے ہیں تاکہ اس کا دعوی ثابت ہو ورنہ اس کی ساری بے ہودہ گوئیاں اور یاوہ سرائیاں لغو اور بے کار ہیں۔ سب سے زیادہ حیرت انگیز یہ ہے کہ: اس کی یہ ساری گفتگو یہ تسلیم کر لینے کے بعد ہے کہ: "خاتم النبیین کی صفت کا دو شخصوں میں مشترک ہونا محال بالذات ہے"۔ اور ظاہر ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کا اس صفت سے متصف ہونا محض فضل الٰہی ہے تو اللہ سبحانہ کے فضل سے حاصل شدہ اس خاص صفت سے اتصاف جب دو یا اس سے زائد شخصوں کے درمیان اشتراک کو مستلزم

ہے تو دو شخصوں کے درمیان اس صفت کا اشتراک محال ماننے کا کیا معنی ہے؟ اس قائل کا پایۂ ادراک تمام چوپایوں سے بھی فروتر ہے وہ خود اپنا کلام نہیں سمجھتا اس سے دوسروں کا کلام سمجھنے کی امید کیا رکھی جائے۔

اور ازراہِ تلبیس اس کا یہ کلام اس کے عقیدۂ باطن کے خلاف ہے:

"حق تعالی نے حضرت خاتم النبیین ﷺ کے طفیل اپنے فضل سے امت کو ناقص و ناتمام (عصر سے شام تک کے) عمل پر پورے پورے (دن کے) عمل کا اجر عطا فرمایا"

اس لیے کہ اس کا عقیدہ وہی ہے جو شیخ نجدی کا ہے شیخ نجدی کا اعتقاد یہ ہے کہ: "حضور اقدس ﷺ کے وسیلہ و طفیل کسی چیز کا طلب کرنا شرک کی نوعوں میں سے ہے۔ کامل ترین اولیائے کرام کے حوالہ سے عنقریب جو آئے گا اس کا بھی وہی حال ہے ، اس لیے کہ شیخ نجدی اولیائے کرام قدس اللہ اسرارھم کا دشمن ہے۔ اس کا عقیدہ یہ ہے کہ: تمام اولیاء اللہ مشرک و مبتدع ہیں۔ اس نے بعض کامل ترین اولیا کے کلام سے جو کچھ سمجھا وہ اس کی غلط فہمی ہے جیسا کہ عنقریب انشاء اللہ تعالی آئے گا۔

عارف رومی قدس سرہ کا یہ کلام اس کے لیے مفید و کار آمد نہیں:

"داد حق را قابلیت شرط نیست"۔ حق تعالی کی بخشش کے لیے قابلیت شرط نہیں ہے۔

نیز فرماتے ہیں:

"بلکہ شرط قابلیت داد است" بلکہ خود قابلیت کے لیے اس کی بخشش و عطا شرط ہے"

ہم مسلمانوں کا یہی عقیدہ ہے کہ: جو فضائل و کمالات دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں اللہ سبحانہ کا صرف اپنے حبیب پاک ﷺ کو عطا فرمانا محض اس کا فضل عظیم ہے، یہ کسی استحقاق اور قابلیت کی وجہ سے نہیں۔ ان فضائل کا استحقاق اور قابلیت بھی خدا ہی کی بخشی ہوئی ہے۔ کوئی بھی شخص یہ دعوی نہیں کرتا کہ: اللہ تعالی نے حضور اقدس ﷺ کا ان فضائل سے امتیاز و اختصاص اور آپ کی امت کا ان صفات سے امتیاز و اختصاص کسی ذاتی استحقاق اور قابلیت کی وجہ سے ہے۔ یہاں تک کہ اس دعوی کے رد کے لیے یہ کہا جائے کہ:

"داد حق را قابلیت شرط نیست" کہ حق تعالی کی بخشش و عطا کے لیے قابلیت شرط نہیں ہے۔

مولانا قدس سرہ نے جو کچھ فرمایا ٹھیک وہی ہمارا بھی عقیدہ ہے۔ اس نجدی کو مولانا قدس سرہ کے کلام سے استناد نہیں کرنا چاہیے اس لیے کہ اس کے شیخ نجدی نے "تفویت الایمان" بنام "تقویۃ الایمان" میں مولانا قدس سرہ کو اس شعر کے سبب کافر قرار دیا ہے:

فی الجملہ ہمیں بود کہ می آمد و می رفت ÷ ہر قرن کہ دیدی درعاقبت آں شکل عرب دار بر آمد ÷ دارائے جہاں شد

اس نجدی نے فریب دینے کے لیے تعظیم و تکریم کے ساتھ مولانا قدس سرہ کا ذکر کیا اور آپ کا کلام بطور سند پیش کیا تا کہ

لوگ اس کے دام فریب میں آکر یہ کہیں کہ: وہ حضرات اولیائے کرام و مولانا قدس اسرار ھم سے سوئے اعتقاد نہیں رکھتا۔

ایک نکتہ یہاں غور طلب ہے کہ شیخ نجدی نے مولانا قدس سرہ کے مذکورہ شعر پر آپ کی تکفیر کی ہے حالاں کہ اگر وہ توحید وجودی نہیں سمجھ سکتا یا اسے کفر جانتا تھا تو اسے آپ کے دوسرے اشعار کے سبب ان کی تکفیر کرنی چاہیے تھی؛ اس لیے کہ یہ دوسرے اشعار، مذکورہ شعر کی بہ نسبت عوام و جہلا کے لیے زیادہ وحشت انگیز ہیں مثلاً حضرت مولانا قدس سرہ کا یہ شعر ہے:

خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ ÷ خود رند سبو کش

خود بر سر آں کوزہ خریدار بر آمد ÷ بشکست و رواں شد

خود پیالہ اور خود اس کا بنانے والا کمھار اور خود ہی اس کی خاک، خود اس کا پینے والا، خود اس پیالہ کا خریدار بن کر ظاہر ہوا اور اسے توڑ کر روانہ ہو گیا۔

لیکن چوں کہ مذکورہ شعر حضور اقدس ﷺ کی نعت پاک میں ہے جو شیخ نجدی کے دل پر بہت ہی گراں ہے اس لیے اسی شعر کے سبب آپ کی تکفیر کی۔ اس بیت کا مقطع آپ کی عظیم کرامت ہے، مقطع میں آپ فرماتے ہیں:۔

(ا) رومی سخن کفر نگفتہ است و نگوید ÷ منکر مشوندش

کافر شدہ آں کس کہ بانکار بر آمد ÷ مردودِ جہاں شد

رومی کا یہ کلام کفر نہیں ہے اس کے منکر نہ ہوں جس شخص نے اس کا انکار کیا کافر ہو کر مردودِ جہاں ہو گیا۔

اس شخص کا یہ کلام درست ہے:

"اسلام کا عقیدہ یہ ہے اس کے اس کلام تک: "تینوں مقامات تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلیٰ ہیں"

اس کے اسی کلام سے (جو اسلام کا عقیدہ ہے) حضور اقدس ﷺ کے فضائل و کمالات میں شریک و مساوی کا محال بالذات ہونا لازم آتا ہے؛ اس لیے کہ جب یہ تینوں مقامات، تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلیٰ ہیں تو اگر ان فضائل و کمالات میں آپ کا شریک و مساوی ممکن ہو تو اسے موجود مان لینے کے بعد یا تو اس کا مقام، تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلیٰ ہو گا یا نہیں؟ اگر نہ ہو تو وہ شریک و برابر، شریک و برابر نہ ہو گا تو اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے۔

اور اگر اس کا مقام تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلیٰ ہو تو حضور اقدس ﷺ کے تینوں مقامات مفضل علیہ کے عموم میں داخل اور دیگر منازل و مقامات سے ہوں گے تو تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلیٰ نہ ہوں گے تو حضور اقدس ﷺ اس کے شریک و برابر نہ ہوں گے اس لیے کہ اس صورت میں اس کا مقام آپ کے مقامات سے ارفع و اعلیٰ ہے تو وہ آپ کے شریک و برابر نہ ہو گا تو اس صورت میں بھی اس برابر شخص کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ محال بالذات ہے تو اس کا وجود تمام صورتوں میں اس کے عدم کو مستلزم ہے تو وہ تمام صورتوں میں محال بالذات ہے۔

یہ بے دین شیطان دجالوں کی خواہش کی اتباع میں ایسا بے ہوش و بدمست ہے کہ خود اپنے کلام کا معنی سمجھتا اور جانتا نہیں کہ جو مقام و مرتبہ تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلی ہوتا ہے کوئی مقام و مرتبہ اس کے برابر یا اس سے اعلی نہ ہو سکتا ہے اور نہ ہو گا اس لیے کہ اگر کوئی مقام و مرتبہ اس کے برابر یا اس سے اعلی ہو تو وہ مقام، تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلی نہ ہو گا تو مفروض کے خلاف لازم آئے گا جو کہ محال ہے۔ اور جس مقام و مرتبہ کو تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلی تسلیم کیا ہے اگر اس کے مساوی یا اس سے اعلی کوئی مقام و مرتبہ ممکن ہو تو بالفرض اگر وہ مقام و مرتبہ واقع ہو جسے تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلی تسلیم کیا ہے تو تمام منازل و مقامات سے اعلی نہیں ہو سکتا تو جس مقام کو تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلی مانا ہے اس سے ارفع و اعلی کی صفت کا سلب مانا یعنی یہ مانا کہ: وہ تمام منازل و مقامات سے بلند مقام و منزل نہیں، نہ کہ اس صفت میں اس مقام کا مساوی و مشارک مانا؛ اس لیے کہ کسی صفت میں شریک و برابر وہ ہوتا ہے جس میں اور جس کے مماثل میں وہ صفت موجود ہو اور یہ صفت ایسی ہے کہ اگر اس میں کسی کو شریک و برابر مان لیا جائے تو اس صفت کے موصوف اور مساوی مفروض سے اس کا سلب لازم آتا ہے، مساوی و اعلی موجود ماننے کی صورت میں اعلی منازل و مقامات کے اعتبار سے بلند مقام و مرتبہ سے بلند مقام و مرتبہ نہیں ہو سکتا تو اس کا مساوی یا اس سے اعلی فرض کرنا اسے باطل ماننا ہے، نہ یہ کہ اس کا مساوی یا اس سے اعلی ماننا، لہذا یہ مان لینے کے بعد کہ:

"حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسے تین منازل و مقامات حاصل ہیں جو تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلی ہیں"

آپ کے برابر اور آپ سے اعلی ماننا یہ ماننا ہے کہ: آپ کو وہ تینوں مقام و مرتبہ حاصل نہیں ہے، نہ یہ کہ ان تینوں مقامات میں آپ کے برابر یا آپ سے اعلی ماننا، تو ان تینوں مقامات میں آپ کے برابر اور آپ سے اعلی شخص ماننا اس مساوی و اعلی کا عدم ماننا ہے تو جس مساوی و اعلی کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے وہ محال بالذات ہے اس مقام کی تحقیق و توضیح یہ ہے کہ:

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاص اوصاف و کمالات دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں، ان اوصاف کو مشترک ماننا ان خاص اوصاف کو باطل ماننا ہے، نہ یہ کہ انھیں مشترک ماننا۔ اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وہ خاص اوصاف و کمالات چوں کہ دو شخصوں کے درمیان مشترک نہیں ہو سکتے اس لیے ان میں آپ کا شریک و مساوی ممکن نہیں۔

صاحب قصیدہ بردہ علامہ بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کیا ہی خوب فرمایا ہے:

مُنَزَّہٌ عَنْ شَرِيْكٍ فِيْ مَحَاسِنِهٖ　　　فَجَوْهَرُ الْحُسْنِ فِيْهِ غَيْرُ مُنْقَسِمٖ

آپ کے محاسن و کمالات میں آپ کا کوئی شریک و ثانی نہیں کہ آپ کا جوہر حسن قابل تقسیم نہیں۔

اس سے پہلے بار بار یہ گزر چکا کہ: آپ کے صفات کمال منقسم اور مشترک ہونے کے قابل نہیں ان میں آپ کا شریک و ثانی محال بالذات ہے۔ اس قائل کو اس بات کا اعتراف ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام منازل و مقامات سے ارفع

و اعلی مقام حاصل ہے۔ اس کے باوجود اپنی حماقت کے سبب ان مقامات میں آپ کا شریک و برابر ممکن مانتا ہے۔ اسے نہیں معلوم کہ ان مقامات میں شریک و برابر ممکن ماننا ان ارفع و اعلی مقامات کو باطل ماننا ہے، نہ کہ انقسام و اشتراک ممکن ماننا۔

اسی سے اس کے اس کلام کا بطلان مبرہن ہو جاتا ہے کہ:

"اسلام کا عقیدہ یہ نہیں ہے کہ: اللہ تعالی ان صفات میں دوسرا شریک و مساوی بنانے پر قادر نہیں"۔

یہ کم عقل یہ نہ جان سکا کہ: تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلی مقام و مرتبہ میں دوسرے شخص کو مساوی ماننا ارفع و اعلی مقام و مرتبہ ہی کو باطل ماننا ہے تو تمام منازل و مقامات سے ارفع و اعلی مقام و مرتبہ میں دوسرے مساوی پر قادر ماننا دو نقیضوں کے اجتماع (ارفع و اعلی منازل و مقامات کو ثابت و غیر ثابت ماننے) پر قادر ماننا ہے۔ اور یہ عقیدہ کہ: "اللہ تعالی دو نقیضوں کو جمع کرنے پر قادر ہے" اسلام کا عقیدہ نہیں، سوفسطائیوں کا عقیدہ ہے۔ اس کا عقیدہ، سوفسطائیوں کے عقیدہ سے بھی بدتر ہے۔ اسے اس کے اقوال کی بنا پر محالات ذاتیہ کے تمام مصداقوں پر اللہ کو قادر ماننے سے مفر نہیں۔ یہ نجدی اللہ عزوجل کی قدرت کے عموم و شمول کے بہانے اسلامی عقیدوں کی ساری بنیادیں منہدم کرنا چاہتے ہیں "یُرِیْدُوْنَ أَنْ یُّطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ۔"

الحمد للہ نجدیت کی بیخ کنی اور اس کا استیصال ہو گیا اور اس کا شیرازہ پراگندہ و منتشر ہو گیا "فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ."

استاذ نے فرمایا:

تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص کا وجود محال بالذات ثابت کرنے کے لیے ایک دوسری حجت قاطع اور روشن دلیل ہے جس کی بنیاد مسئلہ وحدۃ الوجود پر قائم ہے جو حضرات ائمہ کشف و شہود کا مختار ہے۔

مخالف نے کہا:

اس قائل کا صدر کلام سراسر غلط، خطا پر مبنی اس کی غباوت پر حجت قاطع اور بلادت کی روشن دلیل ہے؛ اس لیے کہ ائمۂ کشف و شہود سے یا تو تمام حضرات مراد ہیں یا صرف بعض؟ پہلی شق کذب و بہتان اور باعث نقصان ایمان ہے؛ اس لیے کہ مسئلۂ وحدۃ الوجود مختلف فیہ ہے بعض حضرات وحدۃ الوجود کے قائل ہیں اور بعض اس کے برخلاف وحدت شہود کو مانتے ہیں جیسا کہ حضرت علاء الدولہ سمنانی اور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس اسرارہم۔

حضرت علاء الدولہ سمنانی رحمہ اللہ تعالی سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"جس وقت میرا حال گرم تھا حسین منصور حلاج کی زیارت کے لیے گیا ان کی روح کو "علیّین" میں بلند مقام میں پایا میں نے عرض کیا: خداوندا! فرعون نے "أنا ربّکم الأعلی" کہا اور حسین نے "أنا الحقّ" کہا۔ دونوں نے خدائی کا دعوی کیا مگر منصور کی روح "عِلّیّین" میں اور فرعون کی روح "سِجّین" میں ہے اس میں کیا حکمت ہے؟ ندا آئی کہ: فرعون نے خودی میں گرفتار ہو کر ہر

چیز اپنے ہی لیے دیکھی اور مجھے بھول گیا اور حسین منصور نے سب کچھ دیکھ کر خود کو گم گشتۂ راہ حق کر دیا۔ دیکھو دونوں میں کتنا فرق ہے۔ ایک ماہ کامل ہے جو روشن وضو فگن ہے اور ایک چھچھوندر و چمگادڑ ہے جو روشنی سے محروم ہے۔ ایک نہر ہے جو آب خوش گوار سے مالامال ہے اور ایک سراب ضلالت و گمرہی سے سیراب ہے۔ اسی لیے لوگوں نے یہ کہا ہے کہ: شریعت اور اس کے احوال کا مقلد مؤمن و موحد ہے اور طریقت کا مقلّد یعنی طریقت کے صاحبِ حال کا مقلد زندیق و ملحد ہے۔

وحدت شہود اور وحدۃ الوجود کے اثبات و نفی کے متعلق مذکور مروی سوال و جواب سے جو ظاہر ہے وہ صاحب بصیرت پر پوشیدہ نہیں۔ نیز عقائد و کلام کی کتابیں اس سے مالامال ہیں یہاں تک کہ وحدت شہود جس سے یہ انکشاف ہوتا ہے کہ (خالق و مخلوق) کا وجود عین نہیں، غیر ہے شریعت کے حکم ظاہر کے مخالف نہیں اس لیے کہ: شریعت کے حکم ظاہر سے یہ انکشاف ہوتا ہے کہ: خالق و مخلوق میں معیت و مصاحبت اور قرب واتصال بلاکیف ہے جیسا کہ قرآن کریم کی درج ذیل آیتیں وغیرہ اس پر شاہد ہیں:

"اللهُ مَعَكُمْ" "إِنَّ اللهَ مَعَنَا" "إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ" "نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ" "نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُونَ"

ترجمہ:- "اللہ تمہارے ساتھ ہے" "بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے" "بے شک میرے ساتھ میرا رب ہے وہ عنقریب میری رہنمائی کرے گا" "ہم شہ رگ سے بھی زیادہ اس سے قریب ہیں" "ہم تم سے اس سے زیادہ قریب ہیں لیکن تم نہیں دیکھتے"۔

ارباب وحدۃ الوجود بھی اس قرب واتصال کو مانتے ہیں۔

اتصالی بے کمیت بے قیاس ہست رب النّاس باجان وناس

ایک ایسا ربط واتصال جو مقدار اور قیاس سے بالاتر ہے لوگوں کا رب جنّ وانس کے ساتھ ہے۔

بندوں کے ساتھ حق تعالی کا قرب واتصال قیاس ظاہر کے خلاف مقدار و کمیت سے پاک ہے تو دوسری مخلوقات کو بھی اسی پر قیاس کر سکتے ہیں۔ اب جب کہ حضرات کشف و شہود کا اس مسئلے میں اختلاف ہے اس لیے کہ اس مسئلے میں ان حضرات کی دو جماعتیں ہیں تو ان دونوں جماعتوں سے الگ ایک تیسرا شخص جو ان میں سے نہیں جب ان حضرات کے اختلاف پر نظر ڈالے گا تو اس پر روشن ہو گا کہ ہر فریق کے قول میں نقیض کا احتمال ہے اور جس علم ویقین میں نقیض کا احتمال نہ ہو وہی علم کہلاتا ہے تو جس نام نہاد برہان قطعی اور روشن دلیل پر معترض کی اصل و فرع قائم ہے وہ محض ایک ہوس ہے۔

اور عجیب و غریب بات یہ ہے کہ: اس معترض نے صاف لفظوں میں یہ کہا کہ: "ائمہ کشف و شہود کا مختار ہے"" مختار "کا لفظ خود اس بات کا اقرار واشعار ہے کہ: اس مسئلہ میں ان حضرات کا اختلاف ہے۔ اس تصریح کے بعد اس کے برہان قاطع اور روشن دلیل ہونے کا دعوی اس بات کا ثبوت ہے کہ معترض خود اپنا کلام نہیں سمجھتا۔ اس کی توضیح یہ ہے کہ: ایک

شخص جو نہ حنفی ہے اور نہ شافعی اس کے سامنے کسی حنفی نے یہ کہا کہ: "چوتھائی سر کا مسح فرض ہے۔" اور شافعی نے کہا کہ: "نہیں، بلکہ فرض کے لیے بس اتنا مسح کافی ہے جسے مسح کہا جاسکے۔" تو ان دونوں کا کلام سن کر اس شخص کو کوئی جزم و یقین حاصل نہ ہو گا۔ پھر حنفی نے کہا کہ: مسح کی نص مقدار مسح میں مجمل ہے اور پیشانی پر مسح کی حدیث جس میں چوتھائی سر کا مسح مذکور ہے اس مجمل نص کا بیان ہے لہذا چوتھائی سر کا مسح فرض رہے گا۔ شافعی نے اپنے دعوی کی دلیل پیش کرتے ہوئے کہا کہ: مسح کی نص مطلق ہے، مجمل نہیں، لہذا جتنے حصے پر مسح کا اطلاق ہوا تنے حصے پر مسح کر لینے سے مسح کا فرض ادا ہو جائے گا۔ ان دونوں فریق کی دلیل سن کر اسے کسی کے دعوی کا یقین اس وقت تک حاصل نہ ہو گا جب تک کہ دونوں دلیلوں میں سے کسی ایک میں جرح و قدح نہ کرے۔

اسی طرح وحدت وجود اور وحدت شہود کے قائل حضرات ائمۂ کرام کا کلام جب تیسرا شخص سنے گا تو اسے ان دونوں فریقوں میں سے کسی کی بات کا جزم و یقین حاصل نہ ہو گا، اگر ایک فریق شہود و الہام کے ذریعہ اپنے دعوی کی تائید پیش کرے گا تو دوسرا فریق بھی کشف و الہام کے ذریعہ اپنے دعوی کی تقویت کرے گا تو اس تیسرے شخص کو کسی کی بات کا یقین حاصل نہ ہو گا جس طرح نظر فقہی میں گزرا۔ فقہا اور متکلمین کا شرعی اصولوں کی روشنی میں استدلال ان حضرات کرام پر حجت ہے جو شہود و الہام کے قائل ہیں بر خلاف حضرات ائمۂ کشف و شہود کے استدلال کے کہ کشف و شہود سے ان کا استدلال دوسروں پر حجت نہیں، کشف و الہام سے صرف انبیائے کرام کو علم و یقین حاصل ہوتا ہے؛ اس لیے کہ حضرات انبیائے کرام کا شہود و الہام وحی کی قسموں میں سے ایک قسم ہے جو ساری مخلوق پر حجت ہے۔ یہ تو اصل اور مبنی کا حال ہے لیکن فرع اور مبنی کا حال تو اس وقت تک پوشیدہ و مشکوک رہے گا جب تک کہ اس کا حال واضح نہ کر دیا جائے۔

اقول: اس قائل کی حماقت و کم عقلی میں ہر آن اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ اس کی زندگی کے ہر لمحہ میں اس کی حماقت کے گونا گوں جلوے نمایاں ہو رہے ہیں، اس لیے کہ ظاہر ہے کہ حضرات ائمۂ کشف و شہود سے استاذ قدس سرہ کی مراد حضرات جمہور ائمۂ کشف و شہود ہیں۔ جمہور ائمۂ کشف و شہود کا وحدۃ الوجود پر اجماع ہے۔ حضرت علاء الدولہ سمنانی قدس سرہ کا حضرات جمہور کے اس اجماع کے بر خلاف قول فرمانا حجت نہیں جیسا کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت پر صحابۂ کرام کے اجماع کے بر خلاف حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا قول معتبر نہیں۔ اور اس مسئلہ میں حضرت شیخ احمد سرہندی کا ارشاد اس شیخ نبیل کے ان دوسرے اقوال کے قبیل سے ہے جن کی تاویل متعذر و دشوار ہے۔ یہ قائل سب سے پہلے ان کے دوسرے اقوال کی چارہ جوئی کرے اس کے بعد درمیان میں شیخ موصوف کا ذکر کرے۔ مسئلۂ وحدۃ الوجود حضرات ائمۂ کشف و شہود کے درمیان مختلف فیہ نہیں ہے اس باب میں حضرت علاء الدولہ سمنانی کا قول از بابِ خلاف ہے۔ از بابِ اختلاف نہیں (اصطلاحاً دونوں میں بہت فرق ہے)

حضرت استاذ کے کلام میں لفظ "مختار" سے اختلاف سمجھنا غباوت و حماقت ہے۔ استاذ کے کلام کا معنی یہی

ہے کہ: مسئلۂ وحدۃ الوجود حضرات ائمۂ کشف وشہود کا مختار ہے، اشاعرہ متکلّمین معتزلہ وغیرہ اسلامی فرقوں کا مختار نہیں۔ مثلاً اگر کوئی شخص یہ کہے کہ: امامت وخلافت کے مسئلہ میں اہل سنت کا مختار یہ ہے کہ: "خلیفۂ اول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں" تو اس سے یہ نہیں سمجھا جاسکتا کہ اس مسئلہ میں اہل سنت کے درمیان باہم اختلاف ہے بلکہ اس کلام کا مدلول یہ ہے کہ: شیعہ کا مذہب یہ نہیں۔ یہ شخص "المرء يقيس على نفسه" کے مطابق اپنے فہم پر دوسرے کے فہم کو قیاس کرتا ہے۔ اس مسئلہ میں دو فریق نہیں ہیں۔ صرف علاء الدولہ سمنانی قدس سرہ نے اس بارے میں ائمۂ کشف وشہود کے خلاف قول فرمایا ہے۔ تمام حضرات ائمۂ کشف وشہود کے مقابلہ میں آپ کی مخالفت کا اعتبار نہیں خود اس قائل کے شیوخ شاہ ولی اللہ اور شاہ عبد العزیز توحید وجودی پر قائم ہیں۔ جو حجت، اس کے ان شیوخ کے مذہب پر مبنی ہے وہ اس قائل کے لیے ضرور مُسکِت ہے۔ اور اگر اس اعتقادی مسئلہ میں اختلاف مان بھی لیں تو اس سے اس کی قطعیت باطل نہیں ہوتی۔ شاید یہ قائل اسلامی عقائد پر جزم ویقین نہیں رکھتا؛ اس لیے کہ اکثر اسلامی عقائد مختلف فیہ ہیں۔ سر کے مسح پر اس مسئلہ کا قیاس حماقت بالائے حماقت ہے فروع عملیہ میں مجتہد کے لیے اس کا ظن اور مقلد کے لیے مجتہد کا قول کافی ہے۔ جزم ویقین کی ضرورت نہیں۔ اور اعتقادی مسائل میں ظن لغو ہے اس شخص کے دل میں اس کی کم عقلی کے سبب جو کچھ آتا ہے بیہودہ سرائی کرتا رہتا ہے اور اولیائے کرام کے الہامات بھی محققین کے نزدیک قطعیات سے ہیں۔ توحید وجودی کی بنیاد جس اصل پر قائم ہے اس سلسلہ میں اس قائل نے جو کچھ کہا اس سے اس کی کم عقلی ظاہر ہوگئی۔ اور اس اصل پر جو فرع متفرع ہے اس پر اس کے کلام کی جہالت کے جلوے عنقریب نمایاں ہوں گے اور اس کے عیب کا پردہ مزید کشا ہوگا۔

استاذ نے فرمایا:

توحید وجودی جس اصل پر قائم ہے وہ برہان عقلی اور دلائل نقلی سے ثابت ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں: توحید وجودی جس اصل پر قائم ہے وہ مختلف فیہ ہے۔ اور اصل کا مختلف فیہ ہونا اس اصل میں اور اس پر مبنی فرع میں جزم ویقین سے مانع اور اس اصل کے برہان قطعی ویقینی ہونے کے منافی ہے۔ معترض اس کی تلافی اور اس کا تدارک اپنے اس کلام سے کررہا ہے۔ اسے نہیں معلوم کہ وحدت شہود میں بھی ایسا دعوی ممکن ہے تو اس کی تلافی وتدارک عبث اور لغو ہوگئی اور اسے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوا۔ واضح رہے کہ: ان دونوں قولوں کا مدار در اصل کشف وشہود پر ہے۔ صوفیۂ کرام میں سے ہر فریق نے اپنا مقصود ومطلوب شہود والہام کے موافق بتایا ہے اور جو لوگ برہان ودلیل کے ذریعہ مقاصد کو واضح وثابت کرنے کی طاقت وقوت رکھتے ہیں اور یہ مطلب علوم ظاہری کی کتاب سے دستیاب ہوتا ہے ان میں سے بعض حضرات یا ان کے متبعین دوسروں، بالخصوص اپنے مریدین ومعتقدین کے افادہ کے لیے دوسرے مسائل کی طرح دلیلوں کو منظم ومرتب کرکے اس اہم مطلب کے اثبات کی طرف متوجہ ہوئے لیکن یہ تصوف ومعرفت کی راہ سے ہٹ کر ایک الگ راہ

ہے، اس لیے کہ مطالب ومقاصد تک پہنچنے کی چار راہیں مقرر ہیں: (۱) شہود ووجدان (۲) قیاس وبرہان سے استدلال۔ پھر اگر شہود ووجدان میں شریعت کی اتباع شرط ہے تو یہ ارباب تصوف کا منصب ومشرب ہے ورنہ اشراقیین کا وظیفہ وطریقہ۔ اور قیاس وبرہان سے استدلال میں اگر شریعت کی اتباع لازم ہو تو وہ متکلّمین کا مذہب ہے ورنہ مشائین کا مسلک، تو اگر حضرات صوفیۂ کرام کشف وشہود کے سوا دوسرے دلائل کے ذریعہ اپنے مطلوب ومقصود کو ثابت ومستحکم کرنے پر متوجہ ہوں تو بحث ومناظرہ کا میدان ودائرہ پھیلتا جائے گا؛ اسی لیے توحید وجودی کو ثابت کرنے والوں نے جب اپنے اعلی منصب سے ہٹ کر عقلی یا نقلی دلیلوں پر مشتمل رسائل تالیف کیے تو اس کے مقابلے میں توحید شہودی کو ثابت کرنے والوں نے بھی گراں قدر اوراق ورسائل قلم بند کیے جو فریق اول کے جوابات اور ایسے دلائل پر مشتمل ہیں جن سے ان کے کشف وشہود کا ثبوت فراہم ہوتا ہے لہذا ایسے مقصود کے لائق کشف وشہود ہے، نہ کہ اس سے ہٹ کر دیگر وجوہِ استدلال۔ جیسا کہ عرفا کے کلام میں اس کی طرف اشارہ ہے۔ عارف رومی قدس سرہ فرماتے ہیں:

پائے استدلالیاں چوبیں بود　　　پائے چوبیں سخت بے تمکین بود

اہل استدلال کا پایہ لکڑی کا ہوتا ہے۔ لکڑی کا پایہ نہایت غیر مستحکم ہوتا ہے۔

اس شعر میں استدلال سے انہیں مقاصد کا استدلال مراد ہے ورنہ شریعت کے احکام ومسائل میں یہی طریقۂ استدلال متعین ہے جیسا کہ صحیح حدیث میں وارد ہے:

"إنَّمَا الْعِلْمُ با لتَّعَلُّمِ" علم پڑھنے اور سیکھنے ہی سے حاصل ہوتا ہے۔

صاحب "الافق المبین" نے مذکورہ شعر کے جواب میں یہ کہا:

پائے استدلالیاں شد آہنیں　　　سخن ثبّتّناہ فی الأفق المبیں

(استدلالیوں کا پایہ لوہے کا ہے۔ اس بات کو ہم نے "افق مبین" میں ثابت کیا ہے)

حضرت استاذ علیہ الاعتماد کے سامنے کسی نے یہ شعر پڑھا تو آپ نے فرمایا کہ:

چلنے میں لوہے کا پیر لکڑی کے پیر سے زیادہ بے ثبات اور بے اختیار ہوتا ہے۔

اقول: یہ شخص حماقت وسن رسیدگی کے سوا مالیخولیا کا بھی شکار ہے یہ بیہودہ گوئیاں اور یاوہ سرائیاں فساد عقل اور مالیخولیا کا اثر ہیں استاذ نے یہی فرمایا ہے کہ: توحید وجودی برہان عقلی اور دلیل نقلی سے ثابت ہے۔ اس کے جواب میں اسے برہان عقلی اور دلیل نقلی طلب کرنا تھا۔ اور اگر اس برہان عقلی اور دلیل نقلی میں کلام کرنے کی سکت تھی تو کلام کرتا۔ استاذ کے کلام سے ان بیہودہ سرائیوں کا ذرا بھی تعلق نہیں۔ ہم اس سے پہلے یہ بیان کر چکے ہیں کہ: یہ مسئلہ مختلف فیہ نہیں ہے۔ اس بارے میں حضرت علاء الدولہ سمنانی قدس سرہ کا قول باب "خلاف" سے ہے، باب "اختلاف" سے نہیں۔ اور اگر بالفرض یہ مسئلہ مختلف فیہ بھی ہو تو اس سے دلیل وبرہان کی قطعیت پر کوئی اثر نہیں پڑتا ورنہ مختلف فیہ مسائل میں سے کوئی مسئلہ اور ان

کے دلائل وبراہین میں سے کوئی برہان ودلیل قطعی نہ ہوگی۔اسی سے یہ بات روشن ہوگئی کہ مختلف فیہ اعتقادی مسائل میں سے کسی مسئلہ میں یہ قائل جزم ویقین نہیں رکھتا۔اور اعتقادی مسائل میں ظن لغو اور بے کار ہے؛لہذا اس کا دعوی ایمان بے جا ہے۔ہاں ایسے مالیخولیا میں مبتلا دماغی خلل والے سن رسیدہ کو کسی مسئلہ میں تصدیق یقینی حاصل نہیں ہو سکتی۔اور یہ حقیقت روشن بدیہیات سے ہے کہ:عقائد یقینیہ یا تو بدیہی ہیں یا ایسے نظری ہیں جن کے براہین کے مقدمات ونتائج بدیہی ہیں۔اگر بدیہی ہیں تو ان میں اختلاف نادر الوقوع ہے۔اور اگر بالفرض ان میں اختلاف رونما ہو تو بدیہیات کا منکر و مخالف مکابر ہے،اس کی مخالفت لائق اعتنا نہیں۔اور دوسری صورت میں جب وہ نظری عقائد کسی بدیہی پر منتہی ہوتے ہیں،تو وہ نظریات اور ان کے براہین بھی قطعی ہیں؛اگرچہ ان میں اختلاف واقع ہو۔ان میں اختلاف کا وقوع ان نظریات اور ان کے براہین کے قطعی ہونے کے منافی نہیں۔یہ قائل بے سوچے سمجھے جو کچھ اس کے دل میں آتا ہے بیہودہ بکتا ہے اور اپنی رسوائی میں اضافہ کرتا ہے۔اگر کوئی شخص وحدت شہود میں ایسا دعوی کرتا ہے تو اس کی زبان نہیں پکڑی جاسکتی اور نہ ہی اس کا منہ بند کیا جاسکتا ہے؛مگر اس سے دلائل وبراہین کا مطالبہ تو ہوگا تاکہ اس کے دعوی کی حقیقت رونما ہوجائے۔

اس شخص نے یہ کہا کہ:

"جو لوگ دلیل کے ذریعہ مقاصد کو واضح وثابت کرنے کی طاقت وقوت رکھتے ہیں "اس کلام تک:"تصوف و معرفت کی راہ سے ہٹ کر ایک الگ راہ ہے۔"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ:جن حضرات نے اس مسئلہ کی دلیلوں کو منظم ومرتب کیا انھوں نے بیہودہ حرکت کی ہے اور مقاصد ومطالب تک پہنچنے کے جو چار طریقے رسمی مولویان،مبتدی طلبہ کو سکھاتے ہیں اس قائل نے یہاں انھیں ذکر کیا ہے۔اس سے وہ بزعم خویش اپنی علمی غزارت اور مہارت ظاہر کرنا چاہتا ہے۔

اور اس نے یہ کہا:

"تو اگر حضرات صوفیۂ کرام "اس کلام تک:"مرتب فرمایا"

اس کا سبب وہی حماقت ہے جس کا ذکر اس سے پہلے ہوا۔کسی مسئلہ کی تحقیق اور اس کا اثبات دلائل وبراہین کے مقدمات میں نظر وفکر پر موقوف ہے۔اگر دلائل وبراہین کی رسائی بدیہیات تک ہوتی ہے تو ان میں بحث ومناظرہ سوفسطائیت اور مکابرہ ہے،اور اگر قضایا کاذبہ تک ہو تو ان دلائل اور ان کے مقدمات کو ذکر کر کے ان کے بطلان کی وجہیں ظاہر کر دینا چاہیے۔توحید شہودی کے قائل حضرات کا توحید وجودی کے مقابلے میں محض اوراق ورسائل مرتب کرنا،ان دلائل توحید وجودی کو باطل نہیں کر دیتا۔اس کی یہ ساری گفتگو بے کار وبے معنی ہے۔اسے حضرت مولانا رومی قدس سرہ کا کلام بطور سند نہیں پیش کرنا چاہیے؛اس لیے کہ اس کے شیخ نجدی نے مولانا کے کافر وملحد ہونے کی تصریح کی ہے۔شیخ نجدی کی بیعت توڑے بغیر مولانا کو عارف رومی کہنا اسے لائق وزیبا نہیں۔

علاوہ ازیں مولانا کی مراد وہ نہیں جو اس قائل نے سمجھی؛ اس لیے کہ مولانا نے اس بیت کے بعد یہ فرمایا ہے کہ:

پائے چوبیں را اگر تمکیں بُدے فخر رازی را ز داردیں بُدے

لکڑی کی پہیا کے لیے اگر قرار و ثبات اور استحکام ہوتا تو امام رازی اس فن کے رازداں ہوتے

ظاہر ہے کہ فخر رازی نے حقائق تصوف پر دلائل قائم نہ کیے (مسائل کلامیہ پر دلائل قائم کیے ہیں) بلکہ مولانا کے کلام کا معنی یہ ہے کہ: ان حضرات کو متکلّمین کا طریقہ پسند نہیں۔ ان میں سے اکثر حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ: علمِ کلام حاصل کرنا مباح نہیں۔ انہیں صوفیہ صافیہ کا طریقہ پسند ہے، یہ حضرات متکلّمین کی گفتگو کو عبث اور بے معنی کہتے ہیں۔ اور حدیث شریف میں تحصیل علم سے متکلّمین کے طور پر سیکھنا مراد نہیں۔ اور اگر اس کی یہ بات مان لی جائے کہ: ایسے مقصود کے لائق کشف و شہود ہے، دوسرا طریقۂ استدلال نہیں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ: حضرت علاء الدولہ سمنانی قدس سرہ کا ایک کشف و شہود، وحدت وجود کے قائل جمہور حضرات اولیائے کرام و صوفیۂ عظام کے کشف و شہود کے معارض نہیں ہو سکتا۔ بہر حال توحید وجودی کی حقیقت قطعی و یقینی دلیلوں سے ثابت ہے۔

اور جب اس قائل کے شیوخ مثلاً مولوی عبد العزیز و مولوی شاہ ولی اللہ دہلوی علیہما الرحمہ کا محکم عقیدہ توحید وجودی ہے تو توحید وجودی کی بنیاد پر جو دلیل قائم ہے اس قائل کے شیوخ کے مسلمات کی رو سے تام اور اس ناکام کے لیے مفید الزام ہے۔

شاہ ولی اللہ "تفہیمات الٰہیہ" میں فرماتے ہیں کہ:

"مجھے کشف والقا ہوا کہ: لوگوں تک یہ پہنچا دیں کہ یہ فقیر مختلف زبانوں کا حامل ہے، ایک زبان میں "ولی اللہ ابن عبد الرحیم ہے۔ اور "دوسری زبان میں "انسان "تیسری میں "نامی" چوتھی میں "جسم "اور پانچویں میں "جوہر" ہے اور ان زبانوں کے سوا ایک اور زبان ہے جس میں وہ "ہست "(وجود) ہے۔ ان مختلف زبانوں کے اعتبار سے میں پتھر، درخت، گھوڑا، ہاتھی، اونٹ اور بکری ہوں۔ آدم علیہ السلام کو جو تعلیم اسما ہوئی وہ میں تھا۔ نوح پر جو طوفان آیا اور ان کی نصرت کا سامان فراہم ہوا وہ میں تھا۔ حضرت ابراہیم پر جو آتش نمرود گلزار ہوئی وہ میں تھا۔ موسیٰ کی توریت، میں تھا، عیسٰی کا احیائے موتٰی میں تھا۔ مصطفی کا قرآن میں تھا، "و الحمد للہ رب العالمین۔"

اس قائل نے مولانا قدس سرہ کے شعر کے جواب میں صاحب "الافق المبین" کا شعر ذکر کیا یہ اس کی سخت حماقت ہے صاحب "الافق المبین" نے حکمت و فلسفہ کے مسائل میں حد درجہ ضعیف و بے معنی، باطل و بیہودہ اور احمقانہ گفتگو کی ہے۔ جو شخص فہم صحیح رکھتا ہے "الافق المبین" پر حضرت الاستاذ کے حاشیہ کا مطالعہ کرے حقیقت واضح ہو جائے گی۔ مولانا کا شعر سن کر اس کے استاذ نے جو کچھ کہا وہ اس سے زیادہ ضعیف و بے معنی اور بیہودہ و احمقانہ ہے؛ اس لیے کہ پایۂ استدلال چلنے کے لیے نہیں بلکہ دعوی کی بنیاد رکھنے کے لیے ہوتا ہے۔ لکڑی کا پایہ بنیاد کا بوجھ برداشت نہیں کر پاتا بلکہ بوجھ سے ٹوٹ

جاتا ہے ، بر خلاف لوہے کے پایے کے کہ وہ بنیاد کا بار اٹھا سکتا ہے اسی لیے صاحب "الافق المبین" نے یہ کہا: سخن "ثبّتناہ"۔ "تثبیت" (ٹکانا، جمانا) پایۂ بنیاد کے لیے درکار ہے، پائے رفتار کے لیے نہیں۔ اسی سے یہ حقیقت معلوم ہو گئی کہ اس قائل کا استاد بھی حد درجہ سطحی فکر رکھتا ہے کہ وہ شعر کے صحیح معنی بھی نہیں سمجھ پاتا چہ جائے کہ علوم وفنون کے اہم مطالب و مقاصد تک اس کی رسائی ہو۔

استاذ نے فرمایا:

لیکن چوں کہ وہ مسلک دشوار گزار ہے اور عام لوگوں کے لیے اس کا سمجھنا سخت مشکل ہے تو یہاں اس کا ذکر مقام کے مناسب اور ذوقِ افہام کے لائق نہ تھا۔

مخالف نے کہا:

چوں کہ یہ جرح وقدح (قیل وقال) توضیح وتشریح کے بعد ہوئی ہے اور مدعی نے اپنا مقصود بیان نہ کیا اس لیے اس کی مزین رائے اور فضول دعوی کا قمع متصور نہ ہوا۔ اور جب مسئلۂ وحدۃ الوجود کے ذکر کی مناسبت سے علم تصوف اور اہل تصوف "أَذَاقَنَا اللّٰہُ مَا أَذَاقَھُمْ" (اللہ ہمیں اس چیز سے بہرہ ور فرمائے جس سے انھیں بہرہ ور فرمایا ہے) کی طرف ذہن منتقل ہو گیا تو اصحاب معرفت اور ان بے کراں فضائل کے حامل حضرات کے کلام سے اس قائل کا دنداں شکن جواب اور اس کی ان بے فائدہ باتوں کا بیخ کن خطاب مجھے یاد آیا۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہوگا کہ اصحاب معرفت کے کلمات ان ملحدوں کے زعم کے بر خلاف ہیں یہ بات بھی روشن ہو جائے گی کہ اس قائل کا اپنے کلام میں خود کو خواص اور دوسروں کو عوام قرار دے کر دشوار گزار مسلک ذکر نہ کرنا تصوف و معرفت میں محض اس کا تصنع و تکلف ہے۔ صوفیۂ کرام نے "حقیقت محمدی" کے بیان میں جو کچھ ذکر فرمایا ہے وہ بیانِ واقع ہے، نہ یہ کہ اللہ تعالی اس کے علاوہ پر قادر نہیں ہے۔

اقول: جب اس قائل کا ذہن جو سخت پتھر سے عبارت ہے علم تصوف کی طرف منتقل ہو گیا وہ اپنی کج فہمی کے سبب مزید الحاد کی طرف مائل ہو گیا۔ تصوف در حقیقت نجدیوں کے لیے گردن شکن اور نجدیت کا بیخ کن ہے۔ "ان ملحدوں" سے شیخ نجدی اور اس کے بے ایمان پیرو کاروں کی طرف اشارہ ہے؛ اس لیے کہ تمام عرفا کے کلمات ان ملحدوں کے زعم کے بر خلاف ہیں۔ یہ ملحدین، حضرات اولیاے کرام کو مشرک و مبتدع گمان کرتے ہیں اور ان میں سے کسی ولی سے حسن عقیدت نہیں رکھتے۔ اس نجدی نے اپنے کلام میں جو یہ دعا کی ہے:

"أَذَاقَنَا اللّٰہُ مَا أَذَاقَھُمْ" (اللہ ہمیں اس چیز سے بہرہ ور فرمائے جس سے انھیں بہرہ ور فرمایا ہے)

اس دعا کی قبولیت کی سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ: وہ نجدیت سے توبہ کر کے ایمان لائے۔ یہ قائل استاذ کے نزدیک عام انسانوں کے شمار میں بھی داخل نہیں؛ اس لیے کہ عام انسان جہل بسیط میں ہیں اور عقل وفہم سے بے بہرہ یہ قائل جہل مرکب اور جہل بسیط کا دوآتشہ معجون مرکب ہے۔ حضرت شیخ شرف الدین احمد ابن یحیی منیری قدس سرہ کے کلام سے اس نے

جو کچھ سمجھا ہے وہ اس کی غلط فہمی ہے جیسا کہ عنقریب واضح ہو گا۔

اس قائل کے اس کلام سے اس کی نجدیت کی خوب خوب بیخ کنی ہو جاتی ہے:

"صوفیۂ کرام نے "حقیقت محمدی" کے بیان میں جو کچھ ذکر فرمایا ہے وہ بیانِ واقع ہے"

پھر اس شخص کا یہ کہنا:

"نہ یہ کہ حق تعالی اس کے علاوہ پر قادر نہیں"

اس بنیاد پر ہے کہ وہ "حقیقت محمدی" کے معنی ہی نہیں سمجھتا۔ صوفیۂ کرام قدس اللہ اسرارھم نے فرمایا:

"لما تجلّى الحقُّ ذاته بذاته لذاته و شاهد فيها أسماءه وصفاته مجملة و مفصلة وليس المراد بالصفات التسعة والتسعون بل الأمور الكلية والجزئية التى هى نفس العالم بل الممكنات بتمامها وذلك لأنه تعالى منبعها ومنشأها فمشاهدته ذاته يوجب مشاهدة إجمالية لها فأوجد حقيقة جامعة لجميع المراتب الإمكانية العلوية والسفلية وهى المسمّاةُ بالحقيقة المحمّدية التى هى حقيقة هذا النوع الانسانى فى الحضرة العلميّة ولكونها صورة جامعة للحقائق كلها يسمّى بالانسان الكبير فوجدت حقائق العالم إجمالا مضاهيا للمرتبة الإلٰهية الجامعة للأسماء فأوجدهم فى تلك الحضرة العلميّة تفصيلاً أيضا فصارت أعيانا ثابتة وهى مناط العلم التفصيلى له تعالى قبل الوجود العينى وجميع الحقائق التى تضمنها الأعيان الثابتة فى الحضرة الأحدية عين الذات ثم جعلها فى العين مطابقًا للوجود العلمى بإيجاد العقل الأول وهو ما أشار إليه ﷺ بقوله: "أولُ ماخلق الله نورى" وهذه التعينات المنتزعة بما هى حاضرة عنده تعالى مرأة لمشاهدة عالم الإمكان و ليست سوى اعتبارات التعينات مع الوجود المطلق وهى المسمّاة بالأعيان الثابتة و ليست فى الحقيقة غيره تعالى لأنها الوجود مع اعتبار تلك التعينات فى العلم وهى المسمّاةُ بالحقيقة المحمّدية لجامعيتها لجميع المراتب العلوية والسفليّة".

"جب ذات حق کی تجلی اس پر بذاتہ ہوئی اور اس نے اپنی ذات میں اپنے اسما و صفات کا اجمالاً و تفصیلاً مشاہدہ فرمایا۔ صفات سے ننانوے صفتیں مراد نہیں، بلکہ تمام کلیات و جزئیات یعنی خود عالم بلکہ سارے ممکنات مراد ہیں۔ اور ایسا اس لیے ہوا کہ وہی ان سب کا منبع و منشا ہے۔ تو اس کا مشاہدۂ ذات ان تمام چیزوں کے اجمالی مشاہدہ کو مستلزم ہے۔ تو اللہ تعالی نے ایک ایسی حقیقت کو وجود بخشا جو امکان کے تمام درجات بالا و زیریں کی جامع ہے اسی حقیقتِ جامعہ کا نام "حقیقتِ محمدی" ہے جو علم الٰہی میں اس نوع انسانی کی حقیقت ہے۔ اور یہ حقیقت ایک ایسی صورت ہے جو ساری حقیقتوں کی جامع ہے

اس لیے اس کا نام "انسان کبیر" بھی رکھا جاتا ہے تو حقیقت محمدیہ کے وجود سے حقائق عالم وجود میں آگئے۔ ایسے اجمال کے طور پر جو جامع اسما مرتبۂ الٰھیہ کے مشابہ ہے۔ تو اللہ تعالی نے ان حقائق عالم کو حضرتِ علمیہ میں تفصیلاً وجود بخشا تو وہ حقائق عالم "اعیان ثابتہ" ہو گئے اور ان کے وجود خارجی سے پہلے اللہ عزوجل کے علم تفصیلی کا مدار یہی اعیان ثابتہ ہیں اور وہ تمام حقائق جو اعیان ثابتہ کے ضمن میں ہیں، حضرت احدیہ میں عین ذات ہیں پھر انھیں خارج میں اس وجود علمی کے مطابق بنایا جو "عقل اول" کی ایجاد سے تھا۔ اسی کی طرف حضور اقدس ﷺ نے اپنے اس ارشاد سے اشارہ فرمایا ہے: "اللہ عزوجل نے سب سے پہلے میرا نور پیدا فرمایا" اور یہ حاصل شدہ تعینات وتشخصات اپنی حقیقت وماہیت کے ساتھ اللہ تعالی کی بارگاہ میں حاضر، عالم امکان کے مشاہدہ کا آئینہ ہیں۔ یہ حقائق عالم صرف وہی تعینات وتشخصات ہیں جو وجود مطلق کے ساتھ ملحوظ ومعتبر ہیں اور وجود مطلق کے ساتھ معتبر تعینات وتشخصات ہی کا نام "اعیان ثابتہ" ہے جو در حقیقت اللہ تعالی کا غیر نہیں؛ اس لیے کہ وہ حضرت علم میں وجود مع اعتبار تعینات سے عبارت ہیں اور اسی کا نام "حقیقت محمدیہ" ہے اس لیے کہ وہ تمام مراتب علوی وسفلی کی جامع ہے۔"

اس سے واضح ہے کہ: صوفیہ کے نزدیک "حقیقت محمدیہ" امکان کے تمام درجات بالا وزیریں کی جامع حقیقت کا نام ہے جس کا متعدّد ہونا محال بالذات ہے؛ اس لیے کہ اگر دو حقیقتیں تمام مراتب امکانیہ علویہ وسفلیہ کی جامع ہوں تو ان دونوں میں سے ہر ایک یا تو دوسرے کی حقیقت کی جامع ہو گی یا نہیں؟ اگر جامع نہ ہو تو تمام مراتب امکانیہ علویہ وسفلیہ کی جامع نہ ہو گی؛ تو حقیقت محمدیہ نہ ہو گی اور یہ مفروض کے خلاف ہے۔ اور اگر دوسری حقیقت کی جامع ہو تو وہ دوسری حقیقت اس حقیقت کی جامع نہ ہو گی تو تمام مراتب امکانیہ کی جامع نہ ہو گی تو حقیقت محمدیہ نہ ہو گی؛ تو متعدّد حقیقت محمدیہ فرض کرنا اس بات کو مستلزم ہے کہ: ان دو یا چند حقیقتوں میں سے کوئی بھی حقیقت محمدیہ نہ ہو۔ یہ قائل یہ مانتا ہے کہ: "صوفیۂ کرام نے "حقیقت محمدیہ" کے بیان میں جو کچھ ذکر فرمایا ہے وہ بیانِ واقع ہے" یہ مان لینے کے بعد حقیقت محمدیہ کا تعدد فرض کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ حقیقت محمدیہ ہی کو نہیں سمجھتا۔ نیز ان حضرات صوفیۂ کرام نے یہ تصریح فرمائی ہے کہ: حقیقت محمدیہ علم الٰہی میں حقیقت نوع انسانی ہے تو اگر نوع انسانی کی دو حقیقتیں ممکن ہوں تو نوع انسانی کی متعدّد حقیقت فرض کرنا خود انسانیت ہی کا سلب کرنا ہے۔ نیز حقیقت محمدیہ تنزّلِ اول اور غیبِ اول کا نام ہے اور "اول" میں تعدد کی صلاحیت نہیں اور اس کا کثیر ومتعدّد ہونا ممکن نہیں۔ یہ مخالف اپنی بے وقوفی کے سبب ہر فن میں دخل اندازی کر کے خود کو ذلیل وخوار کرتا ہے اور اپنی حماقت کے سبب اپنی ذلت وخواری پر آگاہ نہیں ہوتا۔

مخالف نے کہا:

"اب غور وفکر کرنا چاہیے کہ سر دفتر عرفا، سر حلقۂ اولیا، جامع علوم باطنی، حاوی فنون ظاہری، حضرت شرف الدین احمد ابن یحیی منیری قدس سرہ نے اپنے سو مکتوبات میں سے ۵۳ ویں مکتوب میں جو متعلق بعض حقائق ومعارف کے بیان

میں یہ فرمایا ہے کہ:

"خانۂ کعبہ کے حج سے طالبوں کا مطلوب و مقصود خانہ کعبہ نہیں بلکہ رب کعبہ ہے، خانۂ کعبہ درمیان میں ایک حیلہ و بہانہ ہے"۔

یعنی خانۂ کعبہ کی زیارت کا مقصد صاحب خانہ کی زیارت و ملاقات ہے۔ اور طالبان حق، اللہ تعالی کے فضل سے زیارت و مشاہدہ سے سرشار ہوتے ہیں جیساکہ مکتوب میں مندرج ہے چوں کہ مکتوب کی عبارت طویل ہے؛ اس لیے اس کا آخری اقتباس نقل کردینا کافی ہے جس سے باطل کے عقائد کا ابطال اور عقیدۂ حق کا اثبات ہوجاتا ہے۔ جسے ان مشہور و معروف مکاتیب کے مطالعہ کا شوق ہے وہ ان کا مطالعہ کرے اس کا آخری اقتباس یہ ہے:

"از خود واز طاقت خود منکر باش، ایمان خود را بنظر، زنّار ببیں، عبادت خود را بت پرستی شمر، خود را نمرودے و فرعونے تصور کن واز دعوی دور باش کہ بساط عزّت ربوبیت بساطے است کہ ہر کہ بحاشیۂ آں بساط رسد ہمہ دعوتہایش برہند وہمہ سرمایہائش فروریخت وہمہ حسناتش رنگ زلّات گرفت وہمہ طاعتش با معاصی برابر آمد۔ اگر فصیح جہاں است گنگ گردد۔ واگر عالم عالم است جاہل گردد۔ چوں در عظمت عزّت بے نیازی او نظر کنی ہمہ موجودات عالم را بینی و چوں بسلطنت و قدرت او نگری ہمہ معدومات را موجود یابی۔ **"اگر خواہد در ہر لحظہ صد ہزار ہم چوں محمد ﷺ بیافریند وہر نفسے از انفاس ایشاں را مقام قاب قوسین دہد در جلال اوذرہ زیادت نہ گردد"** و اگر خواہد در ہر نفسے صد ہزار چوں فرعون بیافریند تا دعوی "أَنَا رَبُّكُمُ الأَعْلَىٰ" کند در جمال و کمال او ذرہ کم نہ گردد۔ واگر خواہد ہر کافری را کہ بر روئے زمین است غرق دریائے رحمت خود کند از صفت قہر او ذرہ کم نہ گردد۔ واگر خواہد کہ ہر ولی و نبی کہ در عالم است در یک سلسلۂ قہر کشد و خالداً مخلداً در عذاب الیم بدارد از صفت رحمت او ذرہ کم نہ گردد۔ اے برادر! آں جا کہ قدرت و عظمت و علم زند مکوّنات و مقدورات و مخلوقات را چہ خطر؟ مردے کودک خود را بدبیرستان فرستادہ بود چوں شبانہ گاہ بخانہ باز آمد اورا پرسید کہ امروز استادت چہ آموخت؟ گفت: "ہمیں کہ الف ہیچ نہ دارد" والسلام۔

یعنی اپنی ذات اور طاقت کا منکر بن، اپنے ایمان کو نظر میں زنّار دیکھ، اور اپنی عبادت کو بت پرستی شمار کر خود کو ایک نمرود اور فرعون تصور کر، دعوی سے دور رہ؛ اس لیے کہ اس کی عزت ربوبیت کی بساط ایسی بساط ہے کہ اس کے کنارے جس شخص کی رسائی ہوتی ہے اس کے سارے دعوے چھوٹ جاتے ہیں اس کے سارے سرمایے ساقط ہوجاتے ہیں، اس کی ساری نیکیاں لغزشوں کے رنگ میں ہوجاتی ہیں اور اس کی ساری اطاعت معاصی کے برابر نظر آتی ہیں۔ اگر کوئی عالم کا فصیح و خوش بیاں ہے تو گونگا ہوجاتا ہے اور اگر دنیا کا عالم ہے تو جاہل ہوجاتا ہے۔ جب اس کی غالب بے نیازی کی عظمت پر نظر کرے گا تو دنیا کے تمام موجودات کو دیکھ لے گا۔ اور جب اس کی قدرت و سلطنت کی طرف نظر کرے گا تو تمام معدومات کو موجود پائے گا۔ **"اگر وہ چاہے ہر لمحے میں محمد ﷺ کی طرح لاکھوں کو پیدا فرمائے اور ان کے انفاس میں**

سے ہر نفس کو "قاب قوسین" کا مقام قرب عطا فرمائے اس کے جلال میں ایک ذرہ زیادتی نہ ہوگی۔ "اور اگر چاہے ہر سانس میں فرعون کی طرح لاکھوں کو پیدا فرمائے جو "أَنَا رَبُّكُمُ الأَعْلَىٰ" کا دعوی کریں اس سے اس کے جمال وکمال میں ایک ذرّے کی بھی کمی نہ ہوگی۔ اور اگر چاہے روئے زمین کے تمام کافروں کو اپنے دریائے رحمت میں غرقاب فرمائے اس کی صفت قہر میں ذرا بھی کمی نہ ہوگی۔ اور اگر چاہے دنیا کے تمام انبیا واولیا کو غلبہ وقہر کی ایک زنجیر میں کھینچے اور ہمیشہ ہمیش دردناک عذاب میں رکھے اس کی صفت رحمت میں یک ذرہ کمی نہ ہوگی۔ اے برادر! جہاں اس کے علم اور اس کی عظمت وقدرت کا احاطہ ہے موجودات ومخلوقات ومقدورات کے لیے کیا خطرہ؟ ایک شخص نے اپنے چھوٹے بچے کو مکتب بھیجا جب وہ شام کو گھر آیا تو اس نے اس سے پوچھا کہ آج تیرے استاذ نے کیا سکھایا؟ اس نے کہا: "یہی کہ الف کچھ نہیں رکھتا" والسلام۔

اس کلامِ حق وحقیقت نظام میں کامل غور وفکر کرنا چاہیے تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ: حضرت خاتم النبیین ﷺ کی نظیر کا محال وممتنع بالذات ہونا ثابت ہوتا ہے یا ممکن بالذات ہونا؟ صرف ایک ہی نہیں بلکہ ہزاروں، لاکھوں اور بے شمار اور نیز مکتوب صدق اسلوب کی منقولہ روایت حضرت ملک علام جل شانہ کے کلام کے مطابق ہے؛ اس لیے کہ حضرت سید انام علیہ التحیۃ والسلام نے حضرت رب الارباب عز اسمہ سے حدیث قدسی میں روایت کیا ہے اور صحیح مسلم اور حدیث کی دوسری کتابوں میں بھی مذکور ہے جس کا ذکر ان شاء اللہ تعالی آئے گا اس حدیث قدسی میں ان ملحدوں کے دوسرے الحاد کا بھی رد موجود ہے۔ ان حقائق نگار مکتوبات کی تحریر پر پانچ سو سال سے زیادہ کا عرصہ گزر گیا، پورے ہندوستان میں اس کی خوب خوب اشاعت ہوئی، سالکان طریقت اولیائے کرام اور عالمان شریعت علمائے عظام کے ہاتھوں میں پہنچی اور اس عرصۂ دراز میں حق کے دونوں گروہوں کے ہزاروں ہزار لاتعداد بے شمار افراد نے اس تحریر کا مطالعہ کیا لیکن کسی نے اس پر نہ گرفت فرمائی اور نہ ہی نکتہ چینی کی نہ اس کے خلاف سانس لیا اور نہ آواز بلند کیا تو گویا ان دونوں اعلی جماعتوں کا اس پر اجماع سکوتی ہو گیا۔ اور جب خبر صادق کے مطابق کھلا دشمن "ابلیس لعین" انسانوں کی رگوں میں ہر لمحہ خون کی طرح گردش کرتا رہتا ہے اور اس کی نظر ہمیشہ ایذا رسانی میں "هَلْ مِنْ مَّزِيْد" سے بھی بڑھ کر ہے یہاں تک کہ اس کا مطمح نظر تمام انسانوں کا ایمان سلب کر کے ہمیشہ کے لیے انہیں دوزخ کے عذاب میں ڈال دینا ہے۔ العیاذ باللہ تعالی۔

مکتوب معرفت اسلوب کی منقولہ عبارت کا معنی عالم ربانی کے ان اقوال کے موافق وہم آہنگ ہے جنھیں شیطان کے متبعین نے نشانۂ طعن بنایا ہے۔ اس بات کا اندیشہ ہے کہ انھوں نے جس طرح عالم عامل مجاہد کامل رحمۃ اللہ علیہ کی شان میں بے ادبی کی ہے ہوسکتا ہے کہ عارف کامل کی بارگاہ میں مکمل زبان درازی کر کے اللہ کے غضب میں گرفتار ہوں اور اپنے اعتقاد کی آبرو برباد کر کے ذلت وخواری کی خاک اپنے سر پر ڈال کر دوزخ کے دردناک عذاب کے مستحق ہو کر شیطان کے ہمسایہ ہوں۔

از خدا جوئیم توفیق ادب بے ادب محروم ماند از لطف رب
بے ادب خود را نہ تنہا داشت بد بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد

"الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ" (مسلم ،ج:۱ ص:٥٤ باب بیان أن الدين النصيحة) (دین نصیحت و خیر خواہی ہے) کے موافق صاحب مکتوب محبوب، پیرِ سالک و مجذوب کے برکت آمیز قدرے حالات کا ذکر کر دینا ضروری معلوم ہوا تاکہ حضرت کریم رحیم کی عظیم ہدایت اور اس کا عام فضل اس مردود و ملعون کی ہمسائیگی اور ہم خانگی سے محفوظ رکھ کر اپنے جوار رحمت "جنت الخلد" میں ہمیشہ کے لیے جگہ عطا فرمائے۔ اس عالی مقام، سر آمد اولیائے کرام کے احوال و مناقب اس فن کی بیشتر کتابوں اور صحیفوں میں مذکور و مسطور ہیں جن میں سے دو کتابیں بروقت دستیاب ہیں: "سنوات اتقیا اور اخبار الاخیار فی اسرار الابرار" تالیف شیخ عبد الحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ ثانی الذکر کتاب میں شیخ شرف الدین احمد قدس سرہ کے تفصیلی حالات مرقوم ہیں لیکن چوں کہ اس کے موجودہ نسخوں میں کافی غلطیاں ہیں اور اس کے صحیح نسخے دہلی کے اطراف میں زیادہ پائے جاتے ہیں اس لیے اول الذکر کتاب کی عبارت نقل کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

"سنوات اتقیا" کے مولف شیخ بدر الدین ابن شیخ ابراہیم سہرندی نے کتب معتبرہ سے اس کتاب کی تاریخوں کو استخراج کر کے آٹھویں صدی کے طبقۂ اولیا میں حضرت شیخ کے حالات ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"شیخ شرف الدین احمد ابن یحییٰ منیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہندوستان کے مشہور اولیا سے ہیں۔ آپ حنفی المذہب ہیں آپ کے مکتوبات دو جلدوں پر مشتمل ہیں، آپ دراصل قصبہ "منیر" کے باشندہ تھے، آپ اپنے والد بزرگوار کے وصال کے وقت کم سن تھے، آپ کی والدہ معظمہ نے آپ کی تربیت فرمائی، قلیل مدت میں قرآن کریم حفظ فرما کر تحصیل علم کے لیے قصبہ "منیر" سے باہر تشریف لے گئے، اکثر کتب متداولہ شیخ شرف الدین لوّامہ کے پاس پڑھیں جو دہلی کے عظیم ترین دانش مندوں سے تھے۔ جب آپ کی خدمت میں علم کی تحصیل مکمل فرمالی تو آپ کے باطن میں موج زن ذوق محبت آپ کو سلطان المشائخ کی خدمت میں کھینچ لایا، آپ نے خدمت میں رہنے کی درخواست کی سلطان المشائخ نے فرمایا کہ: "میں نے تجھے شیخ نجیب الدین فردوسی کے حوالے کیا" اس طرح آپ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کی صحبت میں رہ کر تھوڑی سی مدت میں سلوک کی راہوں کو طے فرمالیا۔

اور بعض کتابوں میں اس طرح منقول ہے کہ:

آپ نظام الدین اولیا کے شوق میں دہلی آئے، آپ کے دہلی پہونچنے سے پہلے حضرت نظام الدین اولیا کا وصال ہو گیا اور شیخ ریاضِ رضواں میں آرام کی نیند سو گئے، آپ نے شیخ نجیب الدین فردوسی کو وہاں دیکھا جب آپ کی خدمت میں پہونچے تو آپ نے فرمایا کہ: "اے درویش! سالہا سال سے میں تمہارے انتظار میں بیٹھا ہوں۔ میرے پاس ایک امانت ہے جو تمھیں سپرد کرنی ہے" آپ کے دست حق پرست پر آپ مرید ہو گئے اور آپ کے پاس جو نعمت آپ کے لیے رکھی ہوئی تھی

اسے حاصل کر لیا" شیخ شرف الدین نے آداب شریعت کی حفاظت میں بے پناہ کوشش فرمائی اور سنت و جماعت کے مخالف امور سے خود کو محفوظ رکھا، شیخ نجیب الدین نے راہ طریقت میں جب آپ کو کامل دیکھا تو دوسروں کی تکمیل کے لیے آپ کو خرقۂ خلافت عطا فرما کر رخصت فرما دیا۔ آپ وہاں سے بہار تشریف لے گئے اور وہاں کے اطراف و نواح کے ایک دیہات میں قیام فرما کر وہاں ایک حجرہ کے اندر یاد حق میں مشغول ہو گئے۔ لوگ بیان کرتے ہیں کہ: ان چند سالوں میں دہلی و آگرہ کے مابین واقع بیابان میں آپ نے وقوف فرمایا، آپ صحرا میں بھی مصروف عبادت رہتے، کئی سال بعد وطن پہنچے ایک دن آپ کے خلیفہ حضرت ابو المظفر بلخی (جو آپ کے مکتوبات کی ایک جلد کے مخاطب ہیں) نے آپ سے پوچھا کہ لوگ کہتے ہیں کہ: شیخ نے چالیس سال تک کوئی چیز نہیں کھائی ہے؟ آپ نے فرمایا: ایسا نہیں ہے کہ میں نے کوئی چیز نہیں کھائی ہے بلکہ کھانا نہیں کھایا ہے لیکن کبھی کبھی درخت کا پتہ، گھاس اور بیابان کا میوہ اس طرح کی چیزیں کھائی ہیں۔ لوگ بیان کرتے ہیں کہ: بارہ سال تک آپ کو پاخانہ و پیشاب کی حاجت نہ ہوئی اس عرصہ میں کھانے کی بو آپ کے دماغ تک نہ پہنچی اور بار بار آپ نے فرمایا کہ: "کسرِ نفس کے لیے جو ریاضت میں نے کی ہے اگر پہاڑ اسے کرتا تو پانی ہو جاتا لیکن شرف الدین کچھ نہ ہوا"

آپ نے شیخ مظفر کو ایک مکتوب لکھا اللہ کے لیے اس کلام کے قائل کی خوبی ہے:

ہر بلا کیں قوم را حق دادہ است زیر آں گنج کرم بنہادہ است

یعنی حق تعالیٰ نے اس قوم کی جو بھی ابتلا اور آزمائش فرمائی ہے اس کے اندر بخشش کا پوشیدہ خزانہ رکھا ہے۔

برادر عزیز ابو المظفر! مکتوب نویس کا سلام اور اس کی دعا۔ آپ پر لازم ہے کہ: اپنے کام میں جواں ہمت رہیں، راہِ سلوک میں مصائب و آلام کے ذریعہ سالک کی خوب آزمائش ہوتی ہے، گوناگوں امتحانات ہوتے ہیں، اس سے کام میں کوتاہ اور سست نہیں ہونا چاہیے۔ اے برادر! انبیا کی عصمت کے باب میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ: خدائے تعالیٰ کا کام ایک طرح سے نہیں۔ کوئی شخص یہ نہیں جان سکتا کہ حق سبحانہ تعالیٰ کے فتوحات کی آمد کس راہ سے ظاہر و آشکارا ہو گی؟ نعمت و راحت یا محنت و مشقت یا بخششوں اور نوازشوں یا ابتلا اور آزمائشوں کی راہ سے حضرت موسیٰ پیغمبر علیہ السلام کی ولادت کے بعد آپ کو تنور (انگارہ) میں ڈالا گیا، اس کے بعد تابوت میں رکھ کر آپ کو دریا میں ڈال کر دشمن کے ہاتھ میں پہونچایا گیا، اس کے بعد آپ کے ہاتھ ایک قبطی کی موت ہوئی جس کے خوف سے سفر کی راہ اختیار فرمائی اور اس راہ میں بارہ سال تک بکریاں چرائیں، سخت تاریک رات میں بادل برآمد ہوا، بجلی چمکنے لگی، بھیڑیے آ گئے اور بکریاں اچک لے گئے۔ آپ راستہ بھول گئے چوروں نے راستہ روکا، سخت ٹھنڈک کا زمانہ تھا، چقماق جتنا بھی جلاتے آگ برآمد نہ ہوتی، جب ہر طرح سے عاجز ہو گئے غیب سے فتح و نصرت نمودار ہوئی یہاں تک کہ آپ نے فرمایا:

"إِنِّیْ اٰنَسْتُ نَارًا" "بے شک میں نے ایک آگ دیکھی ہے۔"

جب آگ کی طلب میں وہاں پہنچے تو ایک دوسرا گل کھلا:

"إِنِّیْ أَنَا رَبُّکَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْکَ إِنَّکَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی وَأَنَا اخْتَرْتُکَ فَاسْتَمِعْ لِمَا یُوْحٰی "یعنی" بے شک میں تیرا رب ہوں تو تو اپنے جوتے اتار ڈال، بے شک تو پاک جنگل "طوی" میں ہے اور میں نے تجھے پسند کیا اب کان لگا کر سن جو تجھے وحی ہوتی ہے۔"

آپ کی بزرگی کا شہرہ و غلغلہ سلطان محمد تغلق کے زمانہ میں ہوا سلطان نے حکام سلطنت میں سے ایک بیگ کے ذریعہ فرمان بھیجا کہ بہار میں شیخ کی خانقاہ تعمیر کرے۔ شاہی فرمان کے مطابق ایک عظیم خانقاہ کی تعمیر ہوئی اور بادشاہ نے دہلی سے جو مصلی بھیجا تھا خاص حجرہ میں بچھوا دیا اور آپ کے اصحاب اور مریدوں کے ساتھ آپ کو مدعو کر کے سماع کی مجلس قائم کی اور عرض کیا کہ: یہ مقام و منزل درویشوں کے لیے ہے، ان کے ساتھ آپ اس میں گزر بسر فرمائیں۔ لوگوں کا بیان ہے کہ: سلطان فیروز شاہ کے زمانہ میں آپ دہلی تشریف لائے سلطان کو آپ سے سچی عقیدت و محبت تھی، راج گڑھ کا علاقہ آپ کے خادموں کے معاش کی خاطر دے دیا ایک مدت تک وہ علاقہ آپ کے خادموں کے زیر تصرف رہا، ایک روز آپ کے دل میں اس دیہات کو چھوڑنے کا خیال آیا اس ارادہ سے آپ نے دہلی کا رخ فرمایا، حاسدوں نے بادشاہ کو یہ خبر کر دی کہ: راج گڑھ کے علاقہ کے باوجود شیخ کو قناعت نہیں، وہ لالچ لے کر آپ کی خدمت میں آئے ہیں۔ بادشاہ نے اپنی عقیدت کے سبب اس جماعت کی سرزنش کی جب شیخ کی نظر بادشاہ پر پڑی تو شاہی فرمان آستین سے نکالا اور فرمایا کہ: میں دیہات کو چھوڑتا ہوں بادشاہ کو آپ کے حکم سے چارہ نہ رہا کہ آپ کو دوبارہ وہاں بھیجے، حاسدین اپنی حرکت کے سبب ذلیل و خوار ہو گئے۔ ۷۴۰ھ میں آپ کا وصال ہوا۔ عقل نے آپ کے وصال کی یہ تاریخ منکشف کیا "او بلبل معارف سرا بودہ"

اقول: یہ سیاہ رو، سفید ریش، مسلمان صورت، کافر خصلت جاہلوں کو گمراہ کرنے کے لیے قسم قسم کی مکر سازیاں اور طرح طرح کی عیاریاں کر رہا ہے اور اپنی ان نیرنگیوں کے سبب اصحاب فہم و دیانت کے نزدیک خود ہی اپنی ذلت و خواری میں اضافہ کر رہا ہے۔ ان نجدیوں کی جماعت حضرات صوفیہ کرام کی دشمن اور ان کے معتقدین کی سخت مخالف و معاند ہے۔ شیخ نجدی اور اس کے متبعین ان حضرات کو مشرک و بدعتی کہتے ہیں اور ان حضرات کے ارشادات عالیہ کو کسی خانہ شمار میں نہیں لاتے۔ یہ مخالف محض دھوکا اور فریب دینے کے لیے ان حضرات کی تعریف و توصیف اپنی زبان پر لا رہا ہے اور حضرت شیخ شرف الدین احمد ابن یحیی منیری قدس سرہ کے حالات عوام و جہلا کو فریب دینے کے لیے پیش کر رہا ہے تاکہ ان حضرات کی بارگاہوں میں نجدیوں کی بداعتقادی کا خیال عوام و جہلا کے اذہان سے نکل جائے اور جو بے چارے دقیق معانی نہیں سمجھ سکتے ان پر یہ واضح ہو جائے کہ شیخ نجدی کے کلمات کفران حضرات کے ارشادات حقہ کے عین مطابق ہیں اور غالباً وہ خود بھی اپنی کمال حماقت اور انتہائی گمرہی کے سبب اپنے ان کلمات کفر کو ان حضرات کے ارشادات کے عین مطابق جانتا ہے اور اپنی کج فہمی کے سبب اپنی ناقص زبان پر بے ہودہ کلام لاتا ہے۔

واضح رہے کہ: **حضور اقدس ﷺ کے اوصاف کمال دو طرح کے ہیں: ایک:** وہ جو آپ کے ساتھ

خاص نہیں جیسے کہ ایمان و نبوت و رسالت۔ دوسرے :وہ جو آپ کے ساتھ خاص ہیں، دوسرے میں موجود نہیں۔ اس دوسری قسم کی بھی دو قسمیں ہیں: ایک وہ اوصاف و کمالات جو دو یا اس سے زائد اشخاص کے درمیان صالح اشتراک ہیں، متعدّد افراد میں متعدّد افراد و اشخاص پر منقسم ہونے سے مانع نہیں مگر اللہ سبحانہ نے ان صفات سے کسی دوسرے کو مشرف نہیں فرمایا۔ دوسروں کے لیے ان کا ثبوت اس بات کو مستلزم نہیں کہ آپ ان صفتوں سے متصف نہیں اور آپ کے لیے ان صفتوں کا ثبوت اس بات کو مستلزم نہیں کہ کوئی دوسرا شخص ان صفتوں سے متّصف نہیں۔ وہ صفتیں چوں کہ قابل اشتراک ہیں اس لیے چند اشخاص ان میں آپ کے شریک ہو سکتے ہیں اور اللہ عزوجل کی قدرت ان سے متعلق ہو سکتی ہے اگرچہ واقع نہیں اسی طرح "مقام قاب قوسین أو أدنیٰ" بھی چند افراد و اشخاص کے درمیان مشترک ہونے سے مانع نہیں اس لیے کہ اللہ سبحانہ کا اس مقام قرب پر دوسروں کو فائز فرمانا ممکن ہے۔ جب اس طرح کی صفتیں متعدّد افراد و اشخاص کے درمیان قابل اشتراک ہیں جن میں آپ کے شریک و مماثل ہو سکتے ہیں تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ:

"اگر اللہ سبحانہ چاہے ہر آن میں محمد ﷺ کی طرح لاکھوں انسان پیدا فرمائے اور ان میں سے ہر ہر فرد و ہر ہر شخص کو "قاب قوسین اَواَدنیٰ" کا مقام قرب عطا فرمائے؛اس لیے کہ "مقام قاب قوسین اَواَدنیٰ" بے شمار افراد کے درمیان مشترک ہونے کے قابل ہے۔

اور قسم ثانی کی دوسری قسم وہ صفت ہے: جو دو یا اس سے زائد اشخاص کے درمیان ہرگز قابل اشتراک نہیں اور کسی کے لیے اس کا ثبوت اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ دوسرے سے اس صفت کا سلب نہ کر لیا جائے اور حضور اقدس ﷺ کا ان صفتوں سے متصف ہونا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ آپ کے سوا دوسرے تمام افراد سے اس کا سلب نہ کر لیا جائے اور آپ کے سوا کسی دوسرے شخص کا ان صفتوں سے متصف ہونا اس وقت تک عقلاً ممکن نہیں جب تک کہ آپ سے اس صفت کا سلب نہ کر لیا جائے **اس قسم کی صفتوں میں سے "خاتم النبیین" کی صفت ہے اور اس کے علاوہ یہ صفتیں بھی ہیں :**

"اللہ رب العزت کا سب سے پہلے آپ کا نور پیدا فرمانا، تمام انبیا میں آپ کو سب سے پہلی مخلوق بنانا، سب سے پہلے آپ کا قبر سے باہر تشریف لانا، قیامت کے دن جب لوگ اٹھیں گے آپ کا سب سے پہلے اٹھنا، صعقۂ قیامت سے سب سے پہلے ہوش میں آنا، سب سے پہلے آپ کو سجدہ کی اجازت عطا ہونا، سب سے پہلے شفاعت فرمانا، آپ کی شفاعت سب سے پہلے مقبول ہونا، سب سے پہلے پل صراط سے گزارنا، سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹانا، سب سے پہلے جنت آپ کے لیے کھولا جانا، سب سے پہلے جنت کی شفاعت فرمانا، ایسے مقام پر قائم ہونا جہاں آپ کے سوا کوئی دوسرا قائم نہ ہو سکے، جس پر اولین و آخرین رشک کریں اور ایسے درجہ پر فائز ہونا جو اللہ کے بندوں میں سے صرف ایک ہی بندہ (آپ ہی) کو شایاں ہے اور جسے صرف ایک ہی شخص حاصل کر سکتا ہے، شفاعت کبریٰ کے مقام پر فائز ہونا، قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار

ہونا، اس لواء الحمد کا مالک ہونا جس کے نیچے آدم اور ان کے سوا سب انبیا ہوں گے، آپ کا اللہ کے حضور تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ مکرم ہونا، سارے عالم کے لیے رحمت ہونا، ساری مخلوق کی طرف مبعوث ہونا۔"

اس طرح کی غیر قابل اشتراک صفتوں میں آپ کا شریک و مساوی محال بالذات و ممتنع عقلی ہے؛ لہذا دو شخص کا خاتم النبیین ہونا ممکن ہی نہیں ہے، چہ جائے کہ ایک ایک لمحہ میں لاکھوں پیدا ہونے والے انسانوں میں سے ہر ہر شخص تمام انبیا کی جماعت کا ایک آخری فرد ہو؛ اس لیے کہ ہر ایک لمحہ میں پیدا ہونے والے ان لاکھوں بلکہ بے شمار انسانوں میں سے ہر ہر شخص یا تو نبی ہوگا یا نہیں؟ اگر ان میں سے بعض نبی ہو اور بعض نبی نہ ہو تو ان میں سے ہر ایک کا خاتم النبیین ہونا محال ہے؛ اس لیے کہ غیر نبی، خاتم النبیین نہیں ہو سکتا۔ اور اگر ان میں سے ہر ایک نبی ہو تو ان میں سے ہر ایک تمام انبیا کا سب سے آخری نبی اور تمام انبیا کی جماعت کا ایک آخری فرد نہیں ہو سکتا تو ان میں سے ہر ایک خاتم النبیین نہیں ہو سکتا۔

حاصل یہ ہے کہ: خاتم النبیین کی صفت دو شخصوں کے درمیان مشترک نہیں ہو سکتی، چہ جائے کہ دو سے زائد افراد کے درمیان مشترک ہو۔ اسی طرح دوسرے اوصاف مذکورہ دو شخصوں کے درمیان مشترک نہیں ہو سکتے۔ کوئی عاقل بلکہ فہم سے بہرہ رکھنے والا انسان یہ فرض نہیں کر سکتا کہ: لاکھوں انسانوں میں سے ہر ہر شخص ہر ہر لمحہ میں ان غیر قابل اشتراک اوصاف سے موصوف ہو جن سے آپ سب سے پہلے موصوف ہیں جن کا ذکر بار بار گزرا۔ اگر ان لاکھوں انسانوں میں سے ہر ہر شخص ان صفات سے متصف ہو تو اس کے علاوہ تمام افراد و اشخاص "اول" کے مضاف الیہ کے عموم میں داخل ہوں گے اور مفضل علیہ ہوں گے تو ان مذکورہ صفتوں سے موصوف نہیں ہو سکتے۔ اور اس صورت میں آپ سے اس صفت کا سلب کرنا ضروری ہے تو ان صفتوں میں آپ کا شریک و نظیر ممکن نہیں۔

بار بار یہ گزر چکا کہ: "اول" چند افراد نہیں ہو سکتے۔ اور اگر لاکھوں انسان ہر ایک لمحے میں پیدا ہوں اور ان میں سے کوئی شخص ایسے مقام پر قائم نہ ہو جس پر آپ کے سوا کوئی قائم نہیں ہو سکتا جس پر اولین و آخرین رشک کریں گے تو ان لاکھوں میں سے کوئی بھی آپ کا شریک نہیں ہو سکتا۔ اور اگر ان میں سے کوئی بھی اس مقام مذکور پر قائم ہو تو آپ اس مقام پر قائم نہ ہوں گے اور آپ خود رشک کرنے والوں میں سے ہوں گے، اولین و آخرین کی جائے رشک نہ ہوں گے تو بھی اس صورت میں آپ کا کوئی شریک و مساوی نہیں ہو سکتا۔

اور اسی طرح ہر ایک آن میں پیدا ہونے والے ان لاکھوں انسانوں میں سے کوئی بھی اس درجہ پر فائز نہیں ہو سکتا جو صرف اللہ کے ایک ہی بندے کو لائق ہے اور جسے صرف اللہ کا ایک ہی بندہ پا سکتا ہے۔ اگر ان میں سے کوئی اس درجہ پر فائز ہو تو آپ اس درجہ پر فائز نہیں ہو سکتے تو اس صورت میں کوئی بھی اس درجہ کے حصول میں آپ کا شریک و مساوی نہیں ہو سکتا چہ جائے کہ ہر ہر آن میں پیدا ہونے والے لاکھوں بلکہ بے شمار انسان اس درجہ میں آپ کے برابر ہوں۔

اسی طرح ایک شخص کے سوا کوئی دوسرا شفاعت کبریٰ کے مقام پر فائز نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ یہ صفت دو شخصوں

کے درمیان قابل اشتراک نہیں اور ہر ہر آن میں پیدا ہونے والے لاکھوں انسانوں میں سے کوئی شخص ان اوصاف سے متصف نہیں ہو سکتا کہ: شفاعت کبریٰ کے مقام پر فائز، قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار، اس لواء کا مالک ہو جس کے نیچے آدم اور ان کے سوا سب انبیا ہوں گے، اللہ کے حضور تمام اولین و آخرین میں سب سے زیادہ مکرم، سارے عالم کے لیے رحمت اور ساری مخلوق کی طرف مبعوث ہو۔

یہ سارے مقدمات اگرچہ شرح و بسط کے ساتھ بار بار گزر چکے مگر اس قائل کی شدت غباوت کے سبب دوبارہ ذکر کرنا پڑا تو حضرت شیخ شرف الدین احمد ابن یحییٰ منیری قدس سرہ کے کلام کا معنی یہ ہے کہ:

"اگر اللہ سبحانہ چاہے تو مقام" قاب قوسین "اور قرب و وصال کے دوسرے قابل اشتراک مقامات و مراتب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مثل پیدا فرمائے؛ اس لیے کہ یہ صفت دو شخصوں کے درمیان قابلِ اشتراک ہے، اس سے اللہ سبحانہ کے جلال میں ایک ذرہ زیادتی نہ ہوگی۔

اور آپ کا یہ کلام صادق ہے؛ اس لیے کہ مقام "قاب قوسین" عطا فرمانے کے لیے آپ کی طرح لاکھوں انسان پیدا فرمانے سے جلالِ الٰہی میں ایک ذرہ زیادتی نہیں ہو سکتی۔ حضرت موصوف قدس سرہ نے بطور تشبیہ یہ فرمایا کہ: ان میں سے ہر ہر فرد و ہر ہر شخص کو مقام "قاب قوسین" عطا فرمائے۔ یہ تشبیہی معنیٰ آپ کے کلام: "محمد کی طرح" سے سمجھا جاتا ہے۔ آپ نے اپنے اس کلام سے یہ روشن فرمایا کہ: یہ صفت (قاب قوسین) جب قابلِ اشتراک ہے تو اس میں شریک ہونا ممکن ہے، لیکن جو صفتیں قابلِ اشتراک نہیں انھیں اپنے کلام میں قطعاً ذکر نہ فرمایا، اس لیے کہ آپ کے نزدیک ان صفتوں میں آپ کا شریک و مماثل ممکن ہی نہیں۔ اور اسی نکتہ کی بنیاد پر حضرت موصوف قدس سرہ نے یہ نہ فرمایا کہ:

"اگر چاہے ہر آن میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرح لاکھوں کو پیدا فرمائے اور ان میں سے ہر ہر فرد و ہر ہر شخص کو خاتم النبیین یا تمام انبیا میں سب سے پہلی مخلوق بنائے، یا ان کے علاوہ ان صفتوں سے موصوف فرمائے جو دو یا اس سے زائد اشخاص کے درمیان قابل اشتراک نہیں۔"

اگر حضرت موصوف قدس سرہ کا مقصود یہی بیان کرنا ہوتا کہ: "تمام صفتوں میں آپ کا شریک و مساوی ممکن ہے، خواہ وہ قابلِ اشتراک ہوں یا نہ ہوں تو الگ سے یہ ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی:"

"ان میں سے ہر ہر فرد و ہر ہر شخص کو" مقام قاب قوسین "عطا فرمائے۔"

بلکہ یہ فرمانا تھا کہ:

"تمام صفات کمال میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرح پیدا فرمائے"۔

صرف مقام "قاب قوسین" ذکر کرنے کا کوئی معنیٰ نہ ہوتا۔ اس خاص صفت کے ذکر کرنے کی وجہ صرف یہی ہے کہ: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمال کی دوسری خاص صفتیں قابلِ اشتراک نہیں۔ یہ خاص صفت: "مقام قاب قوسین" قابل

اشتراک ہے اور اس میں آپ کے شریک و مساوی ممکن ہیں، اس لیے اسے ذکر فرمایا، کمال کی دوسری خاص صفتیں جب قابلِ اشتراک نہیں، توانھیں ذکر نہ فرمایا۔ اسی سے یہ حقیقت منکشف ہوجاتی ہے کہ: یہ قائل حضرت موصوف قدس سرہ کا کلام نہیں سمجھ سکتا، اس نے اپنی جہالت و نافہمی سے آپ کے اس کلام حق کو شیخ نجدی کے کلام کا مؤید سمجھا۔

علاوہ ازیں آپ کا یہ ارشاد:

"اگر چاہے ہر آن میں محمد ﷺ کی طرح لاکھوں انسان پیدا فرمائے اور ان میں سے ہر ہر فرد وہر ہر شخص کو مقام "قاب قوسین اَو اَدنیٰ" عطافرمائے، اس کے جلال میں ایک ذرہ زیادتی نہ ہوگی۔"

قضیہ شرطیہ صادقہ ہے، جس کے صدق کے لیے اس کے مقدم و تالی کا ممکن ہونا ضروری نہیں۔ اس قضیہ شرطیہ کا صدق اس کے مقدم و تالی کے ممکن ہونے کو مستلزم نہیں۔ اللہ سبحانہ کا ارشاد ہے:

"لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ." (۱)

اگر ہم کوئی بہلاوا اختیار کرنا چاہتے تو اپنے پاس سے اختیار کرتے، اگر ہمیں کرنا ہوتا۔

اور فرمایا:

"لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا" (۲)

اگر آسمان و زمین میں اللہ کے سوا اور خدا ہوتے تو ضرور وہ تباہ ہوجاتے۔

حاصل یہ ہے کہ: قضیہ شرطیہ کے صدق سے اس کے مقدم یا تالی کے ممکن ہونے پر دلیل لانا ایک دوسری حماقت ہے۔ اس نجدی کی بکواس کا یہ اجمالی جواب تھا۔

اب اس کے بے معنی کلام میں **تفصیلی غور و فکر** کے بعد اس کے کلام کی عیب کشائی ضروری ہے، اس کا یہ کلام عجب مکر سازی ہے:

"اس کلامِ حق و حقیقت نظام میں کامل غور و فکر کرنا چاہیے تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ حضرت خاتم النبیین ﷺ کے مثل کا ممتنع بالذات ہونا ثابت ہوتا ہے یا ممکن بالذات ہونا، صرف ایک نہیں بلکہ ہزاروں، لاکھوں اور بے شمار"

حضرت شیخ شرف الدین احمد ابن یحییٰ منیری قدس سرہ کے کلام میں "خاتم النبیین" کی صفت مذکور نہیں جو قابلِ اشتراک نہیں، جس میں حضور اقدس ﷺ کا شریک و مساوی محال بالذات ہے بلکہ حضرت ممدوح نے جس مقام پر آپ کی صفت میں شریک و مساوی کا ذکر فرمایا آپ کے نام مبارک کے ساتھ مقام "قاب قوسین" کی صفت ذکر فرمائی۔ یہ قائل ایک ایسے شخص کا شاگرد ہے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا رہتا ہے، اس نے اس مبارک صفت کی جگہ "خاتم النبیین"

(۱) پ:۱۷، الأنبیا، آیت:۱۷، ع:۱

(۲) پ:۱۷، الأنبیا، آیت ۲۲

کی صفت ذکر کی تاکہ عوام اور جہلا کو یہ خیال ہو کہ حضرت موصوف کے کلام سے یہ مستنبط ہوتا ہے کہ: "صفت خاتم النبیین "میں آپ کا شریک ومثل ممکن ہے جب کہ حضرت موصوف کے کلام سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا، حضرت موصوف نے صرف "قاب قوسین" کی صفت ذکر کی جو قابلِ اشتراک صفت ہے اور اس کے باوجود حضرت موصوف کے کلام سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا: کہ صفت "قاب قوسین" میں آپ کا شریک ومثل ممکن بالذات ہے اس لیے کہ قضیہ شرطیہ کا صدق اس بات کو مستلزم نہیں کہ اس کا مقدم وتالی ممکن ہے۔

مثلاً اگر کوئی شخص یہ کہے کہ: "اگر غیر متناہی چیزیں ترتیب وار ایک ساتھ بالفعل موجود ہوں تو اللہ تعالیٰ کے جلال میں ایک ذرہ اضافہ نہ ہوگا" تو یہ قضیہ شرطیہ صادق ہے، اور اس کے صادق ہونے سے "غیر متناہی چیزوں کا ترتیب وار ایک ساتھ بالفعل موجود ہونا ثابت نہیں ہوتا (جو باتفاق متکلمین وحکما محال بالذات ہے) اور اللہ عزوجل کے جلال میں زیادتی ہونا ممکن ہے۔ اس کلام سے یہ سمجھنا انتہائی حماقت ونافہمی ہے کہ: "آپ کا شریک ومثل ممکن ہے"

اس کا یہ کہنا انتہائی جہالت ونادانی اور فریب سازی وبے ایمانی ہے کہ:

"مکتوب صدق اسلوب کی منقولہ عبارت" اس کے اس کلام تک "اور اس حدیث قدسی میں ان ملحدوں کے دوسرے الحاد کا بھی رد موجود ہے"۔

حدیث قدسی یہ ہے:

یا عِبادِیْ! لَوْ أَنَّ أَوَّلَکُمْ وَ اٰخِرَکُمْ وَ إِنْسَکُمْ وَ جِنَّکُمْ کَانُوْا علیٰ أتقی قلبِ رجلٍ مازاد ذٰلك فی ملکی شیئًا. یاعِبادِیْ! لَوْ أَنَّ أَوَّلَکُمْ وَ اٰخِرَکُمْ وَ إِنْسَکُمْ وَ جِنَّکُمْ کَانُوْا علیٰ أفجرِ قلبِ رَجُلٍ مانقَصَ ذٰلكَ فی ملکی شیئًا.[1]

اے میرے بندو! اگر از اول تا آخر تم میں سے ہر ایک اور تمام انسان وجنات سب سے زیادہ پاکیزہ قلب ہوتے تو اس سے میری بادشاہت میں کچھ بھی اضافہ نہ ہوتا۔ اور اگر از اول تا آخر تم میں سے ہر ایک اور تمام انسان وجنات سب سے زیادہ فاجر دل والے ہوتے تو اس سے میری بادشاہت میں ایک ذرہ کمی نہ واقع ہوتی۔

اہلِ عرب کی زبان میں کلمہ "لَوْ" یہ بتانے کے لیے وضع کیا گیا ہے کہ: "اس کا مابعد محال وممتنع ہے" اللہ سبحانہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

"لَوْ کَانَ فِیْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا"[2]

اگر زمین وآسمان میں اللہ کے سوا چند معبود ہوتے تو دونوں کا نظام درہم برہم ہو جاتا۔

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب البر والصلہ والادب باب تحریم الظلم ج:۲ ص:۱۹۳

(۲) پ:۱۷، الأنبیاء، آیت:۲۲

اس حدیث قدسی میں وارد قضیہ شرطیہ کا مقدم ممکن سمجھنا جہالت ہے، اس لیے کہ اس قائل کو یہ نہیں معلوم کہ: شرطیہ مقدّرہ (مفروضہ غیر محققہ) کے صدق کے لیے اس کا مقدم و تالی ممکن ہونا ضروری نہیں۔ اس قائل اور اس کے شیخ نجدی کی جہالت و نافہمی کی توضیح و تفصیل انشاء اللہ تعالی اس مقام پر آئے گی جہاں یہ قائل اس حدیث قدسی کو نقل کرے گا۔

اس کا یہ کہنا نافہمی اور کمال حماقت کی بنا پر ہے کہ:

"اس حقیقت آمیز اسلوب پر مشتمل تحریر" اس کے اس کلام تک "تو گویا دونوں جماعتوں کا اس پر اجماع سکوتی ہو گیا۔

اس لیے کہ حضرت صاحب مکتوب قدس سرہ کے قول سے یہ وہم و خیال نہیں ہوتا کہ: "تمام اوصاف میں حضور اقدس ﷺ کا شریک و مثل ممکن ہے" بلکہ اس قول کے قضیۂ شرطیہ ہونے سے مقام "قاب قوسین" کے حصول میں بھی آپ کا شریک و مثل ممکن ہونا مستنبط نہیں ہوتا؛ اس لیے کہ قضیہ شرطیہ کا صدق اس کے مقدم و تالی کے ممکن ہونے کو مستلزم نہیں، جیسا کہ گزر چکا اور شرطیہ مذکورہ کا صدق جب محل کلام نہیں ہے تو اولیائے کرام و علمائے عظام اس پر کیوں کلام فرماتے۔

مکتوب میں مذکور شرطیہ مذکورہ کے بالا جماع صادق ہونے سے یہ سمجھنا حماقت و نافہمی ہے کہ: "تمام اوصاف و کمالات میں حضور اقدس ﷺ کا شریک و مثل ممکن ہے" اس شرطیہ کے بالاجماع صادق ہونے سے شیخ نجدی اور اس کے پیروکاروں کا مقصد حاصل نہیں ہوتا، جب ساری امت، مجتہدین و مقلدین اور اہلِ بدعات و اہوا اور صوفیۂ کاملین کا اس بات پر اجماع ہے کہ:

"حضور اقدس ﷺ ایسے اوصاف و کمالات سے موصوف ہیں جو دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں ہو سکتے اور آپ اللہ کے سوا تمام موجودات و ممکنات سے افضل ہیں"

تو یہ اجماعِ امت اس اجماعِ قطعی کو مستلزم ہے کہ:

"تمام اوصاف و کمالات میں آپ کا شریک و مثل محال بالذات ہے" جیسا کہ بار بار گزر چکا۔ شیخ نجدی اور یہ قائل اس اجماعِ قطعی کی مخالفت کے سبب "مَنْ شَذَّ شُذَّ فِی النَّارِ" کی وعید میں داخل ہو کر ایمان کے دائرے سے خارج ہو گئے۔

اور اس کا یہ کہنا درست ہے کہ:

"خبر صادق کے مطابق کھلا دشمن "ابلیس لعین" اس کے اس کلام تک "العیاذ باللہ۔

اس لیے کہ اس کلام کے مصداق، بدانجام شیخ نجدی اور یہ سرگروہ جہال ہیں جن کی رگ و پے میں ایک شیطان نے گھس کر ان کا سارا ایمان غارت کر دیا ہے۔ اور انھیں "الأخسرین أعمالا الذین ضلّ سعیهم فی الحیوٰة الدنیا وهم یحسبون أنهم یحسنون صنعا" کے زمرے میں داخل کر کے ہمیشہ ہمیش کے لیے جہنم کا مستحق بنا دیا ہے۔

اور اس کا یہ کہنا سراسر جہالت و بے ایمانی ہے:

"مکتوب معرفت اسلوب کی منقولہ عبارت کے معنی عالم ربانی کے ان اقوال کے موافق و ہم آہنگ ہیں جنھیں شیطان کے متبعین نے نشانہ طعن بنایا ہے۔"

اس لیے کہ مکتوب کی عبارت سے تمام کمالات بلکہ صرف مقام "قاب قوسین" کے حصول میں بھی آپ کے شریک و مثل کا ممکن بالذات ہونا مستنبط نہیں ہوتا اور سرکردۂ شیاطین الانس شیخ نجدی نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ:

"تمام کمالات میں آں حضرت ﷺ کے برابر کروڑوں انسان ہو سکتے ہیں" جیسا کہ عن قریب آئے گا۔ اور مکتوب کی عبارت کو سراپا گم رہی، گمراہ گری اور بد انجام شخص کے اقوال کے موافق و ہم آہنگ جاننا حد درجہ جہالت و گم راہی ہے۔

اور اس کا یہ کہنا اس کی کمال حماقت کی دلیل ہے کہ:

"تو اس بات کا اندیشہ ہوا" اس کلام تک: "دین نصیحت و خیر خواہی ہے"۔

شیخ نجدی جو ایک گمراہ اور گمراہ گر شیطان تھا حضرت شیخ شرف الدین احمد بن یحیی منیری کے ذکر کے درمیان اس کا ذکر دو متضاد چیزوں کو ایک ساتھ ذکر کرنے جیسا ہے۔ شیخ نجدی ایک جاہل شخص تھا جو الفاظ کے صحیح معنی بھی نہیں جانتا تھا، اس کے اعمال کا حال یہ ہے کہ وہ جہالت و حماقت کے سبب اپنی کھوٹی اور ناقص رائے کی بنا پر ائمہ مجتہدین کی اقتدا چھوڑ کر مسائل کلام، اصول فقہ اور مسائل فقہ و فنون عربیہ میں دست اندازی کرتا، قرآن کریم کی آیتوں اور احادیث نبویہ کے غلط معنی اختراع کرتا، خود کو محدث و مفسر ظاہر کر کے عوام و جہلا کو دام تزویر میں گرفتار کرتا، محض لغو اور بے فائدہ کام کرتا، نوافل کو لغو گمان کرتا، اس کی فرض نمازیں بھی فاسد ہوا کرتی تھیں اس لیے کہ وہ نماز میں عمل کثیر کرتا، مزید بر آں وہ ملحد و بے ایمان تھا، اعمال کے مقبول ہونے کے لیے مؤمن ہونا شرط ہے۔ اس نے حضرت افضل الممکنات علیه افضل الصلوات کے استخفاف شان اور ائمہ مجتہدین اور حضرات صوفیہ کی اہانت کے سبب اپنی گردن میں لعنت کا طوق ڈال رکھا تھا اور خار ارتداد سے اپنا دامن الجھا رکھا تھا، جاہ طلبی کی حرص کے سبب بندگانِ خدا کو گمراہ اور ایک خلقت کا دین تباہ کرنا چاہتا تھا۔ جس طرح اسماعیل صفوی نے رفض کی اشاعت کے سبب ایران کی سرزمین پر قبضہ جما لیا تھا یہ بھی نجدیت کی اشاعت کے سبب پنجاب و افغانستان کے اطراف و نواح میں قبضہ جمانا چاہتا تھا۔ اس سودائے ناتمام اور خیال خام نے اسے اس کے انجام مقام "غرام" تک پہنچا دیا" أعاذنا الله تعالى من سوء الختام بحرمة حبيبه و أله الكرام"۔

استاذ نے فرمایا: "اس قائل کی ظاہر بیں نظر اور خطا آگیں عقل کسی دقیقہ رسی اور باریک بینی کی طرف مائل نہ تھی بلکہ وہ حق اور راہِ صواب کا طالب ہی نہ تھا بلکہ وہ ان چند وسوسوں کا اسیر تھا جو اس کے فہم و ادراک اور رگ و پے میں سرایت کیے ہوئے تھے اس لیے اس کا علاج اور اس کے مزاج کی اصلاح ضروری ہوئی۔

مخالف نے کہا:

چوں کہ یہ لایعنی کلمات علوم کے مطالب و مقاصد سے متعلق نہیں تو ان کے جواب میں یہ شعر کافی ہے:

أَتَهْجُوْ عَالِمًا بَرًّا تَـقِيًّا وَعِنْدَ اللهِ فِى ذَاكَ انْتِقَامُ

کیاایک عالم نیکوکار پرہیز گار کی ہجوو مذمت کرتے ہو حالاں کہ اللہ کے حضور اس کا انتقام لیا جائے گا۔

اقول: شیخ نجدی کی جہالت وگمرہی اور غباوت و بے راہ روی پر تنبیہ کرنے کے لیے ان کلمات کا ذکر ضروری تھا اس لیے کہ اس کی گمرہی کے فریب میں ایک عالم، اس کی گمراہ گری میں ایک عالم بے نظیر پھنس کر ایمان کے دائرہ سے خارج ہو گیا۔ یہ فرومایہ درایت پر نظر رکھنے کے سبب شاید ان میں سے نہ ہو، پڑھ لکھ کر اپنے سر پر بلا مسلط کی۔ استاذ علام نے جب یہ شعر سنا تو اس کے جواب میں مسائل و دلائل، شیخ نجدی اور اس قائل کے انجامِ بد کے بیان پر مشتمل فی البدیہ ایک قصیدہ نظم کیا اور شعر مذکور کے جواب میں یہ خاص شعر کہا:

أَ تَمْدَحُ جَاهِلًا شَرًّا شَقِيًّا تَدَارَكَهُ مِنَ اللهِ انْـتِقَامُ

کیاایک بدبخت شرانگیز جاہل کی تعریف کرتے ہو جس سے اللہ ربّ العزت انتقام لے گا؟

اگر چہ یہ مخالف اور اس کا شیخ نجدی ایسا فہم اور علمی استعداد نہیں رکھتا جس سے قصیدہ میں ودیعت کردہ دقائق و حقائق اور صنائع و بدائع پر مطلع ہو مگر عربی زبان و ادب اور دیگر فنون سے شغف رکھنے والے ناظرین کے نشاط طبع کے لیے مکمل قصیدہ اس مقام پر تحریر کیا جارہا ہے:

قصیدہ میمیہ

بسم الرحمن الرحیم

كَلَامِىْ فِىْ حَشَا العَادِىْ كِلَامُ نَوَافِذُ مَالَهُ منها الْتِيَامُ

میرا کلام دشمن کے قلب وجگر میں ایسا کاری زخم لگاتا ہے جو پُر نہیں ہوتا۔

جَوَارِحُ قُطِّعَتْ منها قُلُوبُ الْ أَعَادِىْ لَاجَوَارِحُهُمْ وهَامُ

وہ ایسے زخم ہیں جن سے ان دشمنوں کے دل پارہ پارہ ہوتے ہیں نہ کہ سر اور ظاہری اعضاو جوارح۔

كَلَامِىْ حَاسِمٌ لِلرَّيْبِ قَطْعًا بِهِ لَوتِينِ مَنْ رَابَ انْحِسَامُ

میرا کلام شکوک وشبہات کی ایسی بیخ کنی کرتا ہے جس سے شک انگیز کی رگِ دل کٹ جاتی ہے۔

بَرَاهِيْنِىْ قَضَايَاهَا قَوَاضٍ قِلَامِىْ فِى إِصَابَتِهَا سِهَامُ

میرے دلائل وبراہین کے قضایا کام تمام کرنے والی شمشیریں ہیں اور میرے قلم راست نشانہ لگانے میں کارگر تیر ہیں۔

تَزِيْدُ قلوبَ نَجْدِيِّيْنَ نَجْدًا وتَنْكِى فَوْقَ مَايَنْكِىْ الحُسَامُ

وہ نجدیوں کے دلوں کے رنج وغم میں اضافہ کرتے ہیں اور شمشیرِ بُرّاں سے بھی زیادہ کاری زخم لگاتے ہیں۔

فَكَمْ سَيْفٍ لَهٗ ثَلمٌ وَّنَبْوٌ وما للحق نبْوٌ وَانْثِلَامٌ

بہت ساری تلواریں ہیں جو شکستہ و ناکام ہو جاتی ہیں مگر حق کی تلوار کے لیے نہ شکستگی ہے نہ ناکامی۔

وَقَمْتُ الْجَاحِدِيْنَ أَشَدَّ وَقْمٍ كَأَنَّ لِوَقْمِهِمْ قَلَمِىْ وِقَامٌ

میں نے منکروں کو خوب مقلوب و مقہور، ذلیل و خوار اور سخت رنج و غم میں مبتلا کیا گویا میرا قلم ان کی ذلت و خواری اور شدت رنج و غم کے لیے تیغ و تازیانہ ہے۔

يُنَاجِدُنِىْ لأجْلِ نُجُوْدِ حَقِّىْ بِمَا نَاجَدتُّ نَجْدِىٌّ طَغَامٌ

میرے معارضہ سے حق آشکارا ہو گیا اس لیے ایک فرومایہ نجدی مجھ سے آمادۂ پیکار ہے۔

جَهُوْلٌ يدَّعِىْ عِلْمًا وَّتبدُوْ عليه من جَهَالَتِهٖ عِلَامٌ

وہ نرا جاہل ہے جو علم کا دعویٰ کرتا ہے۔ جب کہ اس پر اس کی جہالت کے آثار و علامات واضح و نمایاں ہیں۔

يُضَادِيْنِى كما ضَادَى الرَّشَادَ الْ مُبِيْنَ الْغَىُّ وَالنُّورَ الظَّلَامُ

وہ میری مخالفت کرتا ہے جیسے گمرہی، روشن ہدایت کی اور تاریکی، روشنی کی مخالف ہے۔

فقد يعوى كما تعوى كلاب وقد يثغُوْ كما تثْغُوْ بِهامٌ

تو کبھی کتوں کی طرح بھونکتا ہے اور کبھی بھیڑ کے بچوں کی طرح کراہتا ہے۔

حمارٌ صاتَ حين أراحَ لَيثًا وكلْبٌ هرَّإذ مرَّ الكرامُ

ایک گدھا ہے جو شیر کی بو پاتے ہی چلائے اور ایک کتا ہے جو شریفوں کے گزرنے پر بھونکے۔

ومن إمْرِ الزَّمانِ وَنُكْرِهٖ أن يعارِضَنِى عَيَايَاءُ عَبامٌ

یہ زمانے کی ایک بری اور عجیب ہی چیز ہے کہ میرے مقابلہ میں ایک ایسا شخص آئے جو بولنے میں درماندہ اور ہر کام سے عاجز ہے۔

يُسَاجِلُ باقلٌ سحبانَ نُطقًا يساهِم فى النُّهٰى سُهمًا فِدامٌ

ایک باقل سا بے زبان، گویائی میں سحبان جیسے زبان آور سے مفاخرت پر آمادہ ہے۔ اور کچھ بے عقل دانائی میں حکما کے حصہ دار اور حریف بن رہے ہیں۔

يُجارِىْ ضَالِعٌ قَزِمٌ ضليعًا قُزامًا لا يُغالِبُه قِزامٌ

ایک کج خلقت فرومایہ ایک ایسے زور آور زبردست سے زور آزمائی کر رہا ہے جس کے مقابلے میں کمینے کبھی نہیں آتے۔

يُوازِن سافِلٌ دُونٌ نزِيْلٌ لِقُدَّامٍ له مجْدٌ قُدامٌ

ایک پست حقیر فرومایہ شخص ایک ایسے سربرآوردہ عظیم شخص کی ہمسری کر رہا ہے جو قدیم آبائی بزرگی کا بھی حامل ہے۔

تُریغُ ثُعالَۃٌ لیثًا ھَصُوْرًا یُجادِلُ أجْدلًا طیرٌ طغامُ

ایک مادہ لومڑی، ایک شیر نر کا شکار کرنا چاہتی ہے اور ایک ذلیل وفرومایہ پرندہ، شکرہ سے محاذ آرائی کرتا ہے۔

رَواغُ ثُعالۃٍ لِتَصِیْدَ لَیثًا لَھا حَتْفٌ وَفی الھُلْكِ اقْتِحامُ

شیر کا شکار کرنے کے لیے لومڑی کی چالبازی (کیا ہے؟) اپنی ہلاکت کی جگہ کود پڑنا اور اپنی موت کا سامان کرنا

إذا مَاھَمّ أنْ یّصْطَادَ بَازًا حمامٌ طَارَ حَانَ لَہُ الْحِمَامُ

جب کوئی اڑتا کبوتر کسی باز کا شکار کرنا چاہے تو (سمجھ لو) خود کبوتر کی موت کا وقت آگیا۔

یُرَوّعُنی وکیفَ تھابُ شاۃً لیوثٌ أَوْ عصافیرًا عُلامُ

وہ مجھے خوف زدہ کرنا چاہتا ہے۔ شیر کہیں بکری سے اور شکرے کہیں گوریوں سے خوف زدہ ہوتے ہیں؟

لقدْغمَرَ الجَھُولَ الغُمْرَ غِمرٌ فَغَامَرَ فِیْ مِحَالٍ لَایُرَامُ

اس انتہائی نادان وناتجربہ کار پر ایسا کینہ چھا گیا کہ بے باکانہ اپنے کو ایک سخت عذاب میں ڈال لیا جسے کوئی نہیں چاہتا۔

ھَوٰی ذا الْوَ غْمُ فِیْ وَغمٍ وَغَمٍّ وھَمَّ فؤادَ ذَا الھِمِّ اھْتِمَامُ

وہ احمق ایک بڑے کینہ اور رنج وغم میں پڑا اور اس پیر فانی کے دل کو ایک بڑے غم نے غمزدہ کردیا۔

بما عقّمتُ شیْخَ النّجْدِ قِیْلًا یُعاقِمُنِیْ عَیَایَاءٌ عَقَامُ

چوں کہ میں نے بحث میں شیخ نجدی کو لاجواب کردیا اس لیے ایک عاجز، بدخصلت میرے ساتھ آمادۂ جدال ہے۔

عَقَامٌ حَثّہٗ فِکْرٌ عَقِیْمٌ عَلٰی جَھْلٍ ھُوَ الدّاءُ الْعُقَامُ

وہ ایسا بدخو ہے جسے اس کی بانجھ اور بے نفع فکر نے اس جہالت پر آمادہ کیا جو ایک لاعلاج بیماری ہے۔

وأورَثَہ أبٌ تمْھیدَ فرْشٍ وصوغَ الکذبِ أخوالٌ دِمامُ

ایک باپ نے وراثت میں اسے جھوٹا بنانا عطا کیا اور کچھ کوتاہ قد بدنما ماموؤں نے دروغ بافی عطا کی۔

فکان أبُوہ نجّاداً نَجِیْدًا تَعَنّاہ فُرُوشٌ أو خِیامُ

تو اس کا باپ ایک مصیبت زدہ فرش دوز تھا جسے فرشوں اور خیموں نے مشقت میں ڈال رکھا تھا۔

تَرَدّدَ حافِیًا حتّٰی تَرَدّی ولم یَحْمِلْہ ظَھْرٌ أوْ سَھامُ

وہ برہنہ پا آتا جاتا رہا یہاں تک کہ اس کی موت آگئی اور کسی جانور کی پشت یا کوہان پر سواری کی نوبت نہ آئی۔

فشَغْلُ أَبِیہِ فَرْشٌ أوْ خِیامٌ وشَغْلُ الْإِبنِ فَرْشٌ أو خِیَامُ

اس کے باپ کا کام فرش گستری یا خیمہ سازی اور بیٹے کا کام دروغ بافی یا حیلہ سازی ہے۔

وفُسْلٌ صَائِغُونَ لہ خُؤوْلٌ لہ فی صَوْغِہ بِھِمُ اھْتِمَامُ

کچھ بے مروت سُنار اس کے ماموں ہیں۔ یہ اپنی دروغ بافی میں انہی (کی مشابہت) کا اہتمام رکھتا ہے۔

صُغارُ القَدْرِ أصْغرَهُ خُوولٌ وأعْمامٌ وَكَبَّرَهُ عِمامٌ

وہ قدر میں چھوٹا ہے، ماموؤں اور چچاؤں نے تو اسے حقیر اور چھوٹا بنایا مگر بھاری عماموں نے اسے بڑا بنایا ہے۔

رَضِيْعٌ أرْضَعَتْهُ الأُمُّ جهْلًا فليس له من الجَهْل انْفِطامٌ

وہ ایسا شیر خوار ہے جسے اس کی ماں نے جہالت کا دودھ پلایا ہے تو جہالت اس سے کبھی چھوٹنے والی نہیں

أصمٌّ أصمّه وُقر وَ وَقْرٌ فذانِ على صِماخَيْه صِمامٌ

وہ بہرا ہے جسے اس کے کان کی گرانی اور کینہ نے بہرا کر رکھا ہے تو یہی دونوں اس کے کان کے سوراخوں کے لیے ڈاٹ ہیں۔

وَخِيمٌ خِيمُه خَيْمٌ شَتِيْمٌ وَشِيمتُه الْوَشِيْمَةُ والشِّتَامُ

وہ ایسا موٹا گراں جثّہ ہے جس کی سرشت بزدلی ہے، وہ ایک بدخو و بدمنظر ہے جس کی عادت شرارت وعداوت اور گالی گلوج ہے۔

لَئِيْمٌ مالَهٗ فى اللُّؤم لِئْمٌ وليْس له إذا مالِيْمَ لامٌ

وہ ایسا کمینہ ہے کہ کمینگی میں اس کی کوئی نظیر نہیں اور جب اسے ملامت کی جائے تو اسے کوئی خوف نہیں۔

زنيْمٌ ليْسَ دَاهِيةً ولٰكِنْ نَهٗ فى الدَّهْيِ داهيةٌ زُنَامٌ

وہ مشہور بدخو ہے کوئی ماہر وچالاک نہیں لیکن مکاری وحیلہ گری میں وہ ایک بڑی آفت ومصیبت ہے۔

نَشِى غِلًّا بِخَمْرٍ لا بِخَمْرٍ وَأَسْكَرَهُ السَّخِيْمَةُ لا سُخامٌ

وہ چھپے کینہ سے نشے میں ہے، شراب سے نہیں، وہ بغض وعداوت کا مست کردہ ہے، شراب خوش گوار کا نہیں۔

نَفَى الحُمُقُ التَّحَلُّمَ عَنْهُ قِدْمًا ولمْ يسْلُبْهُ حُمْقٌ أى مُدامٌ

اس کی قدیمی حماقت نے اس سے بردباری دور کر رکھی ہے، نہ کہ کسی کہنہ شراب نے۔

ولمْ يَعْقِلْ مُدامٌ عَقْلَهٗ بَلْ حَمَاقَتُه لَهٗ خُلُقٌ مُدامٌ

کسی انگوری شراب نے اس کی عقل پر بندش نہیں لگائی بلکہ خود اس کی حماقت اس کی دائمی عادت وخصلت ہے۔

أَرَكُّ أَسَكُّ أَبْهَمُ مُسْتَرَكٌ و مُرْتَكٌ وأَيْهَمُ مُسْتَهامٌ

وہ کم عقل، بہرا، بے زبان، ضعیف الرای ہے دیکھنے میں صاحب زبان، بولنے کے وقت عاجز ایک نافہم اور سرگشتہ و آشفتہ انسان ہے۔

يُحَمِّرُهٗ سَوَادُ الْبِيْضِ لٰكِنْ يُسَوِّدُه اللِّئامُ لَهُ اللِّثَامُ

مسلمانوں کا سواد اعظم اسے گدھا کہتا ہے لیکن اس جیسے کمینے اسے رئیس و سردار بناتے ہیں۔

حوٰی مع خِسّہ جھلًا و وھلًا وشانتہ الشّراسۃ والعُرام

وہ اپنی خِسّت کے ساتھ وہم و جہالت کا بھی جامع ہے اور تند خوئی و بد مزاجی نے بھی اسے عیب دار کر رکھا ہے۔

کذاک الدُّونُ ینخُو حِینَ یُثرِیْ ویعنُو إذْ یقِلُّ و یُستضامُ

کمینے کا یہی حال ہوتا ہے، جب صاحب ثروت ہوتا ہے تو نخوت میں پڑ جاتا ہے اور جب اس کا مال کم ہوتا ہے یا اس کا حق دبایا جاتا ہے تو عاجزی کرنے لگتا ہے۔

فیَھزءُ منْ شرافتِہ شُھُومٌ ویضحکُ مِنْ خرافتِہٖ شِھامُ

سرداران دلاور اس کی اس شرافت سے استہزا کرتے ہیں اور عقل مندوں کو اس کی بدعقلی کی باتوں سے ہنسی آتی ہے۔

ھذٰی ھذیانَ مجنُونِینَ حنُوًّا وصِبیانٍ تکلُّمُھمْ بُغامُ

اس نے بے معنی بکواس کی جیسے مرگی والے یا دیوانے آواز نکالیں یا وہ بچے جن کی گفتگو ہرنوں کی نرم آواز کی طرح (بے معنی) ہوتی ہے۔

طغٰی فلغٰی وأنحٰی وھوَ ألحٰی کعَیرٍ لیسَ یَکبَحُہٗ لِجامُ

وہ حد سے بڑھا تو لغو بولا اور انتہائی بیہودہ گو ہونے کے باوجود اس کی نخوت بڑھتی گئی جیسے گورخر جسے روکنے والی کوئی لگام نہیں ہوتی۔

أتُنْشِدُ یا کَھامُ علیّ بیْتًا أفادکَہٗ مشایخُکَ الکَھامُ

اے کند زبان! کیا تو میرے خلاف وہ شعر سناتا ہے جسے تیرے کند زبان مشائخ نے تجھے سکھایا۔

أتمدحُ جاھِلًا شرًّا شقیًّا تدارکَہٗ مِنَ اللہِ انتقامُ

کیا تو اس بدبخت، بُرے جاہل انسان کی تعریف کرتا ہے جسے اللہ رب العزت کی طرف سے انتقام پہنچے گا۔

وأنکرَ جاھِدًا غیًّا وجھْلًا شَفاعۃَ منْ یّلُوْذُ بہ الأنامُ

اور جس نے جہالت و گمرہی کے سبب اس ذات پاک کی شفاعت کا اپنی کوشش بھر انکار کیا جو ساری مخلوق کی جائے پناہ اور فریادرس ہیں۔

وحرّمَ أنْ یُّؤمَّ بِشدِّ رحْلٍ مزارٌ دُوْنَہُ الْبیْتُ الْحَرامُ

اور جس نے اس مزار اقدس کی جانب رخت سفر باندھ کر قصد کرنا حرام قرار دیا جس کا رتبہ بیت الحرام سے بھی ارفع و اعلیٰ ہے۔

وجوّزَ أنْ یقُوْلَ اللہُ کِذْبًا وقوْلُ الکذْبِ منْقصۃٌ وذامُ

اور جس نے یہ کہا کہ: "اللہ جھوٹ بول سکتا ہے" جب کہ جھوٹ بولنا نقص وعیب ہے۔

وتجویزُ انتقاصِ اللهِ کفرٌ وَکَانَ لَه بِذَا الْکفرِ الْتِزَامٌ

اور اللہ کے لیے نقص وعیب ممکن ماننا کفر ہے اور اسے اس کا التزام تھا۔

وَقَدجَوَّزْتَ یامقْبُوْحُ وَصْفَ الْ إِلٰه بکُلِّ مَنْقَصَةٍ تُذَامُ

اے خیر سے دور! تو نے اللہ سبحانہ کو ہر ایسے عیب و نقص سے متصف کرنا جائز قرار دیا جو قابل مذمّت ہے۔

فیُمْکِنُ فِیْ اعْتِقَادِكَ أَنْ یَّکُوْنَ الْ إِلٰهُ بِحَیْثُ یُقْعَدُ أَوْ یُقَامُ

تو تیرے عقیدے میں یہ ممکن ہے کہ خدا ایسا ہو کہ اُسے بٹھایا، اٹھایا جائے

و یقْتَرِفُ الْفَوَاحِشَ وَالْخَطَایَا و یرْتکبُ الْمَظَالِمَ أَوْ یُضَامُ

اور وہ بے حیائیوں اور خطاؤں کا ارتکاب کرے اور ظلم ڈھائے یا اس پر ظلم کیا جائے۔

وَ یَنْقُصُ شَانَهٗ شَیْنٌ وَمَیْنٌ و یُغْفِلُه وَ یُنْسِیْهُ النِّیَامُ

اور کوئی عیب اور جھوٹ اس کی شان گھٹائے اور نیند اسے غفلت اور نسیان میں ڈالے۔

وَ یقْبَلُ کُلَّمَا قَبِلَ الْبَرَایَا کَأَنْ یَّنْتَابَه سَأْمٌ و سَامٌ

اور ان سب امور کے قابل ہو جن کے قابل مخلوقات ہیں، مثلاً یہ کہ اسے پے بہ پے اکتاہٹ عارض ہو یا موت آئے۔

وَ یَلْحقُهُ التَّجسُّمُ والتَّجزِّیْ وَذٰلِكَ کُلُّهٗ کُفْرٌ جُسَامٌ

اور اسے جسم ہونے اور اجزا میں بٹنے کا وصف لاحق ہو جب کہ یہ ساری چیزیں کفر عظیم ہیں۔

تَجَوِّزُ یَا عدِیْمُ طُرُوَّ عَدَمٍ عَلٰی حَقٍّ لَه حُقّ الدَّوَامُ

اے دیوانہ و بے عقل! تو اس ذات حق پر عدم کا طاری ہونا جائز و ممکن مانتا ہے جس کی ذات قدیم ازلی وابدی ہے۔

وَذَاكَ وَبَالُ أَخذِغوٍ إِمَامًا فَبُرْتَ بِه کَمَا بَارَ الإِمَامُ

اور یہ سب ایک گمراہ کو امام بنانے کا وبال ہے اس کے سبب تو بھی ہلاک ہوا جیسے امام ہلاک ہوا۔

غَوٰی فاخْتَارَ کُفْرَ النَّجدِ دِیْنًا فَدَانَ لَه مِنَ الْحَمْقٰی فِئَامٌ

گمراہ ہو کر اس نے نجدیوں کے کفر کو دین بنالیا۔ پھر بے وقوفوں کی کچھ ٹولیاں اس کی تابع دار ہو گئیں۔

وَسُوْقُ نِفَاقِه نَفَقَتْ فَبَاعُوْاالْ هُدٰی خسْرًا وَ بَائِعُهٗ طغَامٌ

اور اس کے نفاق کا بازار گرم ہوا تو انھوں نے ہدایت کو گھاٹے میں بیچ دیا اور ہدایت کو بیچنے والا بڑا ہی گھٹیا انسان ہے۔

وَشَایَعَه إِلٰی أَرْضٍ وَخَامٍ وِخَامٌ سِفْلَةٌ نکِصُوْا وَ خَامُوْا

کچھ نااہل فرومایہ لوگوں نے ایک ایسی زمین کی جانب اس کی مشایعت اور متابعت کی جس کا سبزہ بے کار و ناگوار ہے تو

سب پلٹ آئے، بزدل ہو گئے اور کوئی خیر نہ پائی۔

وَسَمّی الْجَهْدَ فِیْ الطَّغْوٰی جِهَادًا فَصَارَ إلیه مِن جِمٍّ جِمَامٌ

اور طغیان و سرکشی کی مشقت جھیلنے کو اس نے جہاد کا نام دیا تو ساقط قسم کے لوگوں میں سے بہت سارے اس کی جانب آ گئے۔

بِذَا الْكَیْدِ اقْتَنٰی مَالًا كَثِیْرًا فَكَانَ لَهٗ بِذَا الْكَیْدِ اغْتِنَامٌ

اس دجل وفریب کے ذریعہ اس نے بہت سارا مال اکٹھا کیا اور مکر وحیلہ کے ذریعہ اس ذخیرہ اندوزی کو مال غنیمت شمار کیا

أرٰی عَطْشٰی سَرَابًامِّنْ بَعِیْدٍ فَحَفُّوا حوْله هَیْمًا وَّحَامُوْا

اس نے کچھ پیاسے لوگوں کو دور سے سراب دکھائی تو وہ سرگردانی میں اس کے گرد جمع ہو گئے اور چکّر لگانے لگے۔

أَضَاعَ الْعُمْرَ فِیْ عَوْمٍ وَنَوْمٍ وَلَم یَكُ منهُ بالْعِلْمِ اهْتِمَامٌ

اس نے خواب اور تیراکی میں عمر برباد کی، اسے علم وآگہی کی ذرا بھی فکر نہ تھی۔

فلم یحصُلْ له صرْفٌ وَّنحْوٌ ولا علمُ الْأصول ولاالْكلامٌ

تو اسے نہ علم صرف حاصل ہوا نہ نحو، نہ علم اصول اور نہ علم کلام۔

وَكَانَ لَه مَعَ الْجَهْلِ اجْتِهَادٌ وإنكَارٌ لِمَا اجْتَهَدَ الْإمَامُ

اور اس کامل جہالت کے باوجود اسے دعوائے اجتہاد اور امام اعظم کے اجتہاد کا انکار بھی تھا۔

وَقدأبْدٰی لآثَارٍ وآيٍ مَعَانِیَ غَیْرَمَا ذَكَرَ الإمَامُ

اور اس نے کچھ آیات وآثار کے معانی اس کے خلاف ظاہر کیے جو امام اعظم نے بیان کیے۔

وَكَانَ بِحَیْثُ یَجْهَلُ وَضْعَ لَفْظٍ فَصِیْحٍ ما لِمَعْنَاهُ اكْتِتَامٌ

حالاں کہ وہ جہالت کی اس حد پر تھا کہ ایسے رائج اور فصیح لفظ کی وضع سے بھی ناآشنا تھا جس کے معنی بالکل ظاہر تھے۔

فَلَم یَحْصُلْ بِمَعْنٰی "أوّلٍ" أوْ بِمَعْنٰی الْخَتْمِ قطّ لهُ اعْتِلَامٌ

تو اسے "اول" و "خاتم" کے معنی کبھی نہ معلوم ہوئے۔

عَلٰی قَلْبٍ تَخَتَّمَ عنْ خِتَامِ النْ نُبُوَّةِ فاعْتَدٰی وَعَدَا خِتَامٌ

اس دل پر مہر لگی ہوئی ہے جو ختم نبوت سے غفلت برتتے پھر زیادتی کرے اور حد سے بڑھے۔

فَجوّزَ أنْ یَّكُوْنَ نَظَائِرٌ فِی الْ كَمَالِ لِمَنْ لهُ الْفَضْلُ الْعُظَامُ

اس لیے جنھیں بڑی عظیم برتری حاصل ہے وصف کمال میں ان کی نظیریں ممکن مانیں۔

لِمَنْ هُوَ أوّلُ الْأنَامِ خَلْقًا وَمَنْ هُوَ للنَّبِیینَ الْخِتَامُ

ان کے لیے جو تمام مخلوقات میں سب سے اول اور تمام انبیا میں سب سے آخر ہیں۔

فَهَلْ قَبْلَ ابْتِدَائِهِمُ ابْتِدَاءٌ وَهَلْ بَعْدَ اخْتِتَامِهِمُ اخْتِتَامُ

توکیا مخلوقات کی ابتدا سے پہلے بھی کوئی ابتدا ہے؟ اور کیا انبیا کے اختتام کے بعد بھی کوئی اختتام ہے؟

مُحمّدُ ِالشّفیعُ لکُلّ إثْمٍ یُعاقِبُهُ الْعُقُوْبَةُ والأثامُ

سیدنا محمد ﷺ ان تمام گناہوں کی شفاعت فرمانے والے ہیں جن کا انجام عقوبت و سزا ہے۔

ملاذ مُفزِعٌ هُوَ مَفْزَعٌ لِلْوَرٰی إذ هَالَ أَفْزَاعٌ عِظَامُ

آپ ایسی جائے پناہ، فریادرس ہیں جو عظیم ترین دہشت انگیز ہولناکیوں کے وقت ساری مخلوق کی پناہ گاہ ہوں گے۔

حَبَاهُ اللهُ أوصافًا أَبَتْ أَنْ یَّكُوْنَ لَهَا اشْتِرَاكٌ وَّانْقِسَامُ

اللہ عزوجل نے آپ کو ایسے عظیم اوصاف عطا کیے جو اس قابل ہی نہیں کہ ان میں کوئی اشتراک وانقسام ہو۔

رِسَالَتُهُ الّتی عَمّتْ وَتَمّتْ كَمَالٌ لِلرّسُولِ بِهٖ انْصِرَامُ

آپ کی رسالت ساری مخلوق کے لیے عام و تام ہے وہ آپ کا ایسا وصف کمال ہے جس پر سارے کمالات ختم ہو جاتے ہیں۔

به تَمّ الْمَكَارِمُ وَالْمَعَالِیْ وَهَلْ بَعْدَ التّمَامِ لَهَا تَمَامُ

بزرگ اور بلند خصلتیں حضور پر تمام ہوگئیں تو کیا تمام ہونے کے بعد پھر تمامیت ہوگی؟۔

قَسِیْمٌ لَایَجُوْزُ لَه قَسِیْمٌ به تَمّ الْمَحَاسِنُ وانْقِسَامُ

آپ ایسے صاحب جمال ہیں جن کا کوئی شریک ونظیر ممکن نہیں، تمام محاسن اور ان کا انقسام آپ پر تمام ہوگیا۔

أَلَیْسَ مقَامُه الْمحْمُوْدُ أعْلٰی مقَامٍ لَایُقَاسُ بِهٖ مقَامُ

کیا آپ کا مقام محمود وہ بلند ترین مقام نہیں جس کے مقابل و مماثل کوئی مقام نہیں؟

یَظُنّ الْوَاجِبُ النّجْدِیّ أَنّ السّ سِفَارَ لزَوْرِهِ زُوْرٌ حَرَامُ

مقتول نجدی کا خیال ہے کہ: "حضور کی زیارت کے لیے سفر باطل و حرام ہے۔"

یَظُنّ نِدَاءَهُ لِلْمَهْجِ شِرْكًا وَأَنّ رَجَا شَفَاعَتِه اجْتِرَامُ

"صحت و شفایابی کے لیے آپ کی ذات اقدس کی دہائی کو شرک اور آپ سے امید شفاعت کو گناہ سمجھتا ہے۔

بِوَضْعِ الأَنْبِیَاءِ لَهُ غَرَامُ أَشَدُّ جَزَاءِهٖ أَجْرٌ غَرَامُ

انبیا علیہم السلام کی قدر گھٹانے کا اسے بڑا شوق ہے اس کی سخت ترین سزا ایسا عذاب ہے جو لپٹ جانے والا ہے۔

بِفِتْنَتِهٖ بَدَا فِی النّاسِ بَغْیٌ وَبَیْنَ الْمُسْلِمِیْنَ فَشَا اخْتِصَامُ

اسی کے فتنہ سے لوگوں میں سرکشی ظاہر ہوئی اور مسلمانوں کے درمیان جھگڑا پھیلا۔

بَلَا جُمْهُوْرَ جُهّالٍ غُرُوْرًا بِأَوْهَامٍ بِهَا وَهَمُوْا وَهَامُوْا

اس نے فریب دیتے ہوئے بہت سے جاہل عوام کو ایسے اوہام میں مبتلا کیا جن پر وہ شیفتہ اور وہم زدہ ہو گئے۔

فَأَغْدَرَ غَدْرَهٗ فِي النّاسِ غَدْرًا وَإِنْ أَوْدٰى بِهٖ مَوْتٌ زُؤَامٌ

تو غداری کی وجہ سے وہ اپنا فریب لوگوں میں چھوڑ گیا، اگر چہ مرگِ عاجل نے اسے ہلاک کر دیا۔

وَخَلَّفَ خَلْفَه فِيْهِمْ خِلَافًا تَعَذَّرَ مِنْهُ بَيْنَهُمُ الْوِئَامُ

اور اپنے پیچھے ان میں ایسا نزاع چھوڑ گیا جس کے سبب ان کے درمیان موافقت مشکل و محال ہو گئی۔

حَمٰى حَنَفِيّةٌ حُنَفَاءُ دِيْنًا قَوِيْمًا هُمْ بِأَمْرِ الدِّيْنِ قَامُوا

کچھ حق پرست حنفیوں نے دین راست کی حمایت کی۔ امر دین کو انھوں نے ہی سنبھالا۔

فَرَدُّوْا رِدَّةَ النَّجْدِيِّ رَدًّا أَرَدَّ بِكُلِّ بُرْهَانٍ أَقَامُوْا

توانھوں نے روشن دلیلیں قائم کر کے اس نجدی کے کفر وارتداد کا بہت ہی مفید رد فرمایا۔

أَقَامَ فَقَوَّمَ الْقَيّامُ قَوْمًا عَلٰى دِيْنٍ قَوِيْمٍ فَاسْتَقَامُوْا

خدائے قیوم نے دین قویم پر کچھ لوگوں کو قائم کیا پھر سیدھا کیا تو وہ ثابت قدم ہو گئے۔

أَتَقْدِرُ يَا جَهُوْلُ الدّونُ قَدْرًا عَلَى التَّقْدِيْرِ فِيْ حُجَجٍ تُقَامُ

اے نادان، قدر میں پست! کیا تو اس پر قادر ہے کہ قائم کی جانے والی دلیلوں میں اندازہ لگائے اور ان کی حیثیت جانے؟

حَشِمْتَ بِشَيْخِكَ النَّجْدِيِّ حَتّٰى لَغَوْتَ لَغًا وَلَيْسَ لَكَ احْتِشَامُ

تو اپنے شیخ نجدی کے سبب غضبناک ہو گیا یہاں تک کہ لغو وبیہودہ بات بول گیا اور تجھے شرم نہ آئی؟

لَئِنْ كُنْتَ احْتَدَمْتَ عَلَيَّ غَيْظًا فَإِنَّ عَلَيْكَ لِلنَّارِ احْتِدَامُ

اگر تو میرے اوپر غصے سے بھڑک اٹھا ہے تو جہنم کی آگ تیرے اوپر بھڑکنے والی ہے۔

يَمَامُكَ أَنْ تُعَارِضَنِيْ سَفَاهٌ وَهَلْ يَسْطُوْ عَلَى الْبَازِيْ يَمَامُ

تیرا میرے مقابلے کا قصد کرنا بے وقوفی ہے کیا کبوتر، باز کو زیر کر سکتا ہے؟

لَئِنْ كُنْتَ اعْتَلَقْتَ بِهُدْبِ وَهْمٍ فَلِيْ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى اعْتِصَامُ

اگر تو کنارۂ وہم سے چمٹ گیا ہے تو میں نے "عُروۂ وُثقٰی" (دین کا محکم ترین دستہ) مضبوطی سے تھام رکھا ہے۔

وهُدْبُ الْوَهْمِ مُنْفَصِمٌ سَخِيْفٌ وَمَا لِلْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى انْفِصَامُ

وہم کا کنارہ، کمزور، پارہ پارہ ہونے والا ہے۔ اور "عُروۂ وُثقٰی" کبھی ٹکڑے ہونے والا نہیں۔

تَشَبَّثُ بِالْحَشَايِشِ فِيْ وِرَاطٍ لِشَيْخِكَ فِيْ مَهَالِكِهَا انْقِحَامُ

تو اُس بھنور میں سوار پکڑ رہا ہے جس کی ہلاکت گاہوں میں تیرا شیخ بے سوچے سمجھے گُھس پڑا۔

فَهَلْ يُنْجِيْ حَشِيْشُكَ شَيْخَ نَجْدٍ هَوٰى فِيْ غَوْرِهَا مَعَهُ التَّلَامُ

تو کیا تیری سوار اس شیخ نجدی کو بچالے گی جو اس مہلک بھنور کی گہرائیوں میں اپنے چیلوں کے ساتھ گر چکا ہے؟

فَشِيْعَةُ شَيْخِكَ النَّجْدِيِّ طُرًّا زَنَادِقَةٌ وَإِنْ صَلَّوْا وَصَامُوْا

تو تیرے شیخ نجدی کے سارے دُم چھلے اپنے روزہ ونماز کے باوجود زندیق ہیں۔

إذا مَا الْمَرْءُ لَمْ يُؤْمِنْ بِصِدْقٍ فَلَا يُجْدِيْ الصَّلَاةُ وَلَا الصِّيَامُ

جب آدمی کا سچائی پر ایمان نہ ہو تو اسے روزہ ونماز نفع نہ دے گا۔

تَنَقَّصَ مَنْ تنقُّصُهُ ارْتِدَادٌ مُبَوَّأُ مَنْ يُقَارِفُه أثَامُ

تو ان کی شان گھٹاتا ہے جن کی شان گھٹانا کفر وارتداد ہے اور اس جرم کے مرتکب کا ٹھکانا جہنم (کی وادی اَثام) ہے۔

يُخَاصِمُ فِيْ حَبِيْبِ اللهِ قَفْوًا لِشَيْخِكَ جُهَّلٌ لُدٌّ خِصَامُ

تیرے شیخ کی پیروی میں کچھ نرے جاہل سخت جھگڑالو قسم کے لوگ اللہ کے حبیب کی شان میں مجادلہ اور جھگڑا کر رہے ہیں۔

أخالفُ أنتَ بعد الشّيخ خلفٌ فَبَعْدُ بِكَ اقْتَدٰى خَلْفٌ وِ خَامُ

اے احمق! تو اپنے شیخ کے بعد اس کا خلف (براجانشین) ہے پھر بعد میں کچھ بُرے پس رَوں نے تیری اقتدا کی۔

وَإنّكَ وَاحِدٌ مِّنْ سَيِّئاتٍ جناهَا شَيْخُكَ الْأَتْقَى الكِرَامُ

یقیناً تو اُن گناہوں میں سے ایک ہے جن کا ارتکاب تیرے "بڑے پرہیزگار بہت معزز" شیخ نے کیا ہے۔

فَأَنْتَ عَمٍ كَقَائِدِكَ الْعَمِيْ عَنْ سَنا شَمْسٍ أَظَلَّتْهَا الْغَمَامُ

تو اپنے اندھے قائد کی طرح اس آفتاب کی روشنی سے اندھا ہے جس پر بادل کا سایہ چھا گیا۔

أَلُوْمُكَ نَاصِحًايَا كَلْبُ فَاخْسَأْ فَمَا تَلْغُو نُبَاحٌ لَاكَلَامُ

اے سگ! میں تجھے نصیحت کے ساتھ ملامت کر رہا ہوں، تو دور رہ، کیوں کہ تیری بیہودہ سرائی کوئی انسانی کلام نہیں، سگ کی آواز ہے۔

فُؤادُكَ كَالصُّخُوْرِ أصمُّ صَلْدٌ فَلَا يُجْدِيْكَ نُصْحٌ أَوْ مَلَامُ

تیرا دل تو چٹانوں کی طرح ٹھوس اور سخت ہے اس لیے کوئی نصیحت یا ملامت تیرے لیے بے سود اور بے اثر ہے۔

وَلَا يُخْزِيْكَ هَجْوِيْ إنَّ هَجْوِيْ فَخَارٌ فَاخِرٌلَكَ مُسْتَدَامُ

میں نے جو تیری ہجو کی ہے یہ تیرے لیے رسوائی کا باعث نہیں بلکہ بڑے فخر کا باعث ہے جو تیرے لیے ہمیشہ رہے گا۔

فَأَنْتَ أَخَسُّ مِنْ هَجْوِى فَلَمَّا ۔۔۔ هَجَوْتُك حُقَّ مِنْهُ لَكَ الْوِئَا مُ

تو میری ہجو سے فروتر ہے اس لیے میری ہجو پر تیرا فخر کرنا بجا ہے۔

ألا اغْضُضْ یَاغَضِیضَ الطَّرْفِ وَانْظُرْ ۔۔۔ مُنُونَ جُدُوْدِكَ النُبلِ الْهِمَامُ

اے ذلت و خواری کے سبب پست نگاہ! تو اپنی نگاہ پست رکھ اور اپنے شریف و بزرگ ہمت، جواں مرد اجداد کے احسانات پر نظر کر۔

لحَاكَ إِلٰهُنَا إِنْ لَمْ تُجَاوِبْ ۔۔۔ إِذَا مَا هَدَّ سَمْعَك ذَاالنِّظَامُ

خدا تیرا مجرا کرے گا اگر تو ہم کلام نہ ہو جب یہ نظم تیرے کانوں سے ٹکرائے۔

فُدِيْتُ مُحَمَّدًا خَيْرَ الْبَرَايَا ۔۔۔ عَلَيْهِ صَلَاةُ رَبِّى وَالسَّلَامُ

میری جان، جانِ ایماں، محمد مصطفیٰ ﷺ پر قربان جو ساری مخلوق سے برتر و بالا اور افضل و اعلیٰ ہیں۔ آپ کی ذات پاک پر میرے رب کا درود اور سلام نازل ہو۔

☆☆☆☆☆☆☆

استاذ نے فرمایا کہ:

یہ بات واضح رہے کہ اس قائل نے بعض رسالوں میں تین و سو سے بنام تین دلائل اس سلسلے میں ذکر کیے کہ تمام کمالات میں حضور اقدس ﷺ کے برابر شخص ممکن ہے۔

مخالف نے کہا:

میں کہتا ہوں کہ: مختلف طریقوں سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ حضور ﷺ کے برابر شخص ممکن ہے اور اس بے دین ملحد نے رب العالمین کی قدرت کے عموم و شمول کی نفی یعنی حضور کے مساوی کے ممتنع بالذات ہونے کے سلسلے میں دو وجہیں ذکر کیں جن سے وہ خود روسیاہ ہو جاتا ہے؛ اس لیے کہ حضور کی نظیر ممکن ہونا ایک یقینی شئی ہے۔ اور اس پر جو بھی جرح و قدح کی گئی اس کی ایسی بیخ کنی ہو گئی جس کے بعد اگر اس نے اپنے الحاد اور فاسد اعتقاد سے توبہ نہ کی اور ننگ و عار پر عذاب نار کو ترجیح دی تو دنیا و آخرت کے نقصان اور حرماں نصیبی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو گا۔

اقول: یہ مرتد بد خو، بے ایمان کسی بھی طرح سے حضور اقدس ﷺ کی نظیر کا ممکن ہونا ثابت نہ کر سکا بلکہ اپنے خبث باطنی کے سبب چند باطل احتمالات ذکر کیے جنھیں جہالت و گمرہی کے سبب مساوی کے ممکن ہونے کی دلیل گمان کیا اور دین و ایمان سے دست بردار ہو کر قائم مقام رئیس الشیاطین اور ارتداد کے سبب مردود باسفل السافلین ہو گیا۔ گزشتہ سطور میں اس کی جہالت و گمرہی اور ارتداد و بے راہ روی کامل تفصیل کے ساتھ گزر چکی ہے۔ اب پھر اجمالاً اس پر تنبیہ

کرتا ہوں ممکن ہے کہ یہ مرتد اپنے ارتداد سے باز آئے۔

اس قائل نے اولاً وصفِ "خاتم النبیین" کے معنی میں تحریف کی اور یہ احتمال ظاہر کر کے ایمان واسلام سے خارج ہو گیا کہ:

"اگر ایک زمانہ میں دو نبی ہوں تو: ایسے دو شخص خاتم النبیین ہو سکتے ہیں"

اسے خود اس بات کا اعتراف ہے کہ: "النبیین" پر "استغراق" کا لام داخل ہے۔ اس اعتراف کے باوجود اس نے یہ نہ جانا کہ: خاتم النبیین: وہی نبی ہوتا ہے جس کی نبوت تمام انبیا کی نبوت کے بعد ہو" تو اگر یہ مان لیا جائے کہ: "ایک زمانہ میں دو شخص نبی ہوں اور ان کے بعد نبوت کا زمانہ منقطع ہو" تو ان دونوں شخصوں میں سے کوئی بھی آخری نبی نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ ان دونوں میں سے کسی کی نبوت تمام انبیا کی نبوت کے بعد نہیں ہے بلکہ ان دونوں میں سے ہر ایک کی نبوت بعض کے بعد نہیں ہے۔

ایک زمانے میں دو نبیوں کے خاتم النبیین ہونے کا جواز نکال کر یہ قائل خود ایمان سے نکل گیا۔ اور اس فرضی جواز کو تمام کمالات میں آپ کے مساوی کے امکان کے اثبات کی وجہ قرار دینا انتہائی حماقت وگمراہی ہے۔ اس قائل نے دو شخص کا خاتم النبیین ہونا اس طرح فرض کیا کہ: "ایک زمانہ میں دو نبی ہوں اور ان دونوں کے بعد نبوت منقطع ہو جائے" اگر جان بوجھ مکر سازی کے لیے اس نے خاتم النبیین کے معنی میں تحریف کی ہے تو کافر متعنِّد ہے۔ اور اگر "خاتم النبیین" کا معنی نہ جاننے کے سبب ایسی تحریف کی ہے تو کافر جاہل ہے اور جہالت کفر کی راہ میں عذر نہیں ہو سکتی۔ اس صورت میں ظاہر ہے کہ: یہ شخص آپ کے خاتم النبیین ہونے پر ایمان نہیں رکھتا؛ اس لیے کہ: جسے محمول (خاتم النبیین) کا معنی معلوم نہیں اس سے عقدِ قضیہ کی تصدیق حاصل نہیں ہو سکتی۔

ثانیاً: یہ شخص اس بات کا قائل ہے کہ: "خاتم النبیین" میں "النبیین" (تمام انبیا) کے عموم سے حضور اقدس ﷺ خارج و مستثنیٰ ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ تمام انبیا کے عموم سے خارج و مستثنیٰ انسان خاتم النبیین نہیں ہو سکتا، اس کا یہ قول حضور اقدس ﷺ سے صفت خاتم النبیین کی نفی تک لے جانے والا ہے اور یہ کفر ہے۔ اور اس کفر کو حضور اقدس ﷺ کے مساوی کے ممکن ہونے کی وجہ قرار دینا مزید برآں ہے؛ اس لیے کہ وہ مساوی اپنے موجود ہونے کی صورت میں اگر "تمام انبیا" کے عموم میں داخل ہو تو اس قائل کے علم کے مطابق خاتم النبیین نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ اس کے علم کے مطابق جو ذات خاتم النبیین کی صفت سے متصف ہے تمام انبیا کے عموم سے مستثنیٰ ہے تو وہ حضور اقدس ﷺ کا مساوی نہیں ہو سکتا؛ س لیے کہ حضور اقدس ﷺ خاتم النبیین ہیں۔

اور اگر تمام انبیا کے عموم میں داخل نہ ہو تو خاتم النبیین نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ جو شخص تمام انبیا کے عموم میں داخل نہیں وہ خاتم النبیین نہیں ہو سکتا تو اس قائل کے قول کے مطابق وصف خاتم النبیین میں آپ کا مساوی ممکن ماننے سے غیر نبی کا خاتم النبیین ہونا لازم آتا ہے اور یہ قول کفر و سوفسطائیت ہے تو بہر حال اس قائل پر کفر و سوفسطائیت لازم ہے اور جہالت کفر

کی راہ میں عذر نہیں ہو سکتی۔

پھر اس قائل نے اس بات کا اعتراف کیا کہ:

"شیخ نجدی نے یہ تصریح نہیں کی ہے کہ: تمام کمالات میں برابر و مساوی ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے"

یہ خود اس بات کا اعتراف ہے کہ: تمام کمالات میں نظیر و مثل ممکن نہیں تو اسے تمام کمالات میں مساوی نہ ہونے کی وجہ قرار دینا کس قدر حماقت ہے۔

اس کے بعد اس نے یہ احتمال ظاہر کیا کہ:

"مساوی مفروض میں خاتم النبیین کی صفت نہ ہو مگر اس کے معادل و مماثل کوئی دوسری صفت صرف اس مساوی میں موجود ہو"

اگر یہ قائل اپنے اس پیش کردہ احتمال کو حضور اقدس ﷺ کے مساوی کے ممکن ہونے کی وجہ گمان کرتا ہے تو سب سے پہلے اسے یہ ثابت کرے۔ ان ساری چیزوں کے ثابت ہوجانے کے بعد ہی اسے آپ کے مساوی کے ممکن ہونے کی وجہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ جب تک یہ ساری چیزیں ثابت نہ ہوجائیں اسے آپ کے مساوی کے ممکن ہونے کی وجہ قرار دینا جہل مرکب ہے جس کا سبب یہ جہل بسیط ہے کہ مدّعی اور مثبت کا محض احتمال ظاہر کر دینا کار آمد نہیں۔ احتمال ظاہر کرنا مانع کا کام ہے۔ گزشتہ صفحات میں متعدّد وجوہ سے ہم یہ ثابت کر چکے کہ یہ احتمال باطل ہے اس لیے یہ احتمال ظاہر کرنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ اور جب ختم نبوت و رسالت کا مقام و منصب مخلوق کے تمام کمالات سے اعلیٰ مقام و منصب ہے تو مخلوق کا کوئی بھی کمال ختم نبوت و رسالت کے مقام و منصب کے برابر یا اس سے اعلیٰ نہیں ہو سکتا۔ یہ احتمال ظاہر کرنا اس اعلیٰ مقام و منصب کی تحقیر و توہین ہے اور اس اعلیٰ مقام و منصب کی تحقیر و توہین کفر ہے۔

اس شخص نے اس احتمال کے ذکر کے دوران خاتم المرسلین ﷺ اور اپنے مساوی مفروض کی نظیر میں زید و عمرو اور عربی و ترکی گھوڑے کو ذکر کیا اور وصف خاتم النبیین اور اس مساوی مفروض میں موجود وصف مقابل و مماثل کی نظیر میں صفت تیر اندازی، بندوق بازی اور عربی و ترکی گھوڑوں کے فوائد و منافع کو اپنی زبان الحاد ترجمان سے ذکر کیا یہ کفر بالائے کفر ہے "فھو زیادۃُ خبالٍ علی خبالٍ واقترافُ وَبالٍ عَلٰی وَبالٍ" (یہ جنون بالائے جنون اور وبال بالائے وبال ہے)۔

اور اس گمراہ کن احتمال کے ذکر کرنے بعد اس بدانجام نے یہ کہا کہ:

"یہ احتمال ہے کہ عزت و شرافت میں ان دونوں کا برابر ہونا مراد ہو اگر چہ عزت و شرافت میں برابری کی جہتیں الگ الگ ہوں"۔

اس کے اس قول کا مآل اسی احتمال کا ظاہر کرنا اور عزت و شرافت میں آپ کے برابر شخص کا امکان اس طرح ثابت کرنا

ہے کہ: حضور اقدس ﷺ کی عزت وشرافت کا سبب منصب ختم نبوت و رسالت ہو اور مساوی مفروض کی عزت و شرافت کا سبب خاتم النبیین کی صفت کے مقابل و مماثل کوئی دوسرا وصف ہو، یہ اس وقت تک ثابت نہیں ہو سکتا جب تک کہ یہ ثابت نہ ہو جائے کہ خاتم النبیین کی صفت کے مقابل و مماثل فلاں وصف، عزت و شرافت کا سبب ہے اور حضور اقدس ﷺ میں یہ وصف موجود نہیں اور کسی دوسرے میں اس وصف کا وجود ممکن ہے۔ یہ ثابت کیے بغیر محض احتمال نکال دینے سے اس کے دعوے کا ثبوت متصور نہیں۔ اس قائل نے اس وصف کی نشان دہی نہ کی جو عزت وشرافت میں خاتم النبیین کی ذات کے ساتھ اپنے موصوف کے مساوی ہونے کا سبب ہے اور نہ ہی اس بات کا ثبوت پیش کیا کہ وصف خاتم النبیین جس عزت وشرافت کا سبب ہے اسی عزت و شرافت کا سبب یہ وصف بھی ہے۔ اور نہ یہ ثابت کیا کہ وہ وصف دوسرے میں موجود ہونا ممکن ہے اور آپ میں موجود ہونا ممکن نہیں۔ صرف اس باطل احتمال کا ظاہر کر دینا آپ کے مساوی کے ممکن ہونے کی دلیل گمان کیا اور جہالت کے سبب یہ نہ جانا کہ مقدمات کا ثابت کرنا مستدل کے ذمہ لازم ہے۔ محض احتمال ظاہر کر دینا مستدِل کے لیے کافی نہیں۔ اور ان سب کے باوجود اس احتمال کا بطلان روشن بدیہیات سے ہے؛ اس لیے کہ اللہ سبحانہ نے اپنے عظیم فضل سے صرف حضور اقدس ﷺ ہی کو ایسے خاص شرف سے نوازا ہے جس کے وجوہ و اسباب دو شخصوں کے درمیان قابل اشتراک نہیں کسی دوسرے میں ان وجوہ واسباب کا فرض کرنا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ یہ نہ مان لیا جائے کہ حضور اقدس ﷺ اس صفت سے متّصف نہیں۔ مثلاً اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس ﷺ کو خاص فضیلت بخشی کہ آپ تمام انبیا میں سب سے پہلی مخلوق، سب سے آخر میں مبعوث، اولین و آخرین کی جائے پناہ اور اللہ کے حضور ان سب سے زیادہ مکرم اور اس کے علاوہ دوسری خاص صفتوں سے متّصف ہیں جو اس سے پہلے مذکور ہوئیں۔

اس قائل نے یہ احتمال ظاہر کرنے کے بعد یہ بیان کیا کہ:

"افضل یا برابر ہونے میں اس بات کا اعتبار ہے کہ کثرت ثواب اور قرب رب الارباب میں افضل و مساوی ہو اور قدرت کاملہ کی وسعت کے پیش نظر یہ ممکن اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل ہے کہ: کثرت ثواب کے سوا دوسرے کمالات میں ہر کم رتبہ شخص کو افضل کے برابر بلکہ اس افضل سے بھی افضل بنا دے اور تمام مؤمنین اس میں برابر ہو سکتے ہیں"۔

ہم نے اس سے پہلے متعدّد طریقوں سے اس کا یہ کلام باطل کر کے یہ روشن کر دیا ہے کہ: اس کا یہ قول متعدّد وجہوں سے اس کے کفر کو مستلزم ہے جسے دوبارہ ذکر کرنے کی حاجت نہیں۔ یہ ان کثیر وجہوں کا حال ہے جنھیں اس قائل نے اپنے اس کلام میں ذکر کیا ہے کہ: "شخص مذکور کا ممکن ہونا اس سے پہلے کثیر وجہوں سے ثابت ہو گیا"

ان خرافات آمیز باتوں کو تمام کمالات میں آپ کے مثل کے ممکن ہونے کی دلیل گمان کرنا حد درجہ جہل مرکب ہے۔ اس شخص نے ان خرافات کو ذکر کر کے صرف اپنا ایمان برباد کیا اور جہنم میں ٹھکانا بنایا اور اس کے سوا کوئی فائدہ حاصل نہ ہوا

"خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃَ ذٰلِکَ ھُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ"

اور اس قائل نے جو یہ کہا کہ:

"اور اس بے دین ملحد نے رب العالمین کی قدرت کے عموم و شمول کی نفی إلی آخرہ"

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ: یہ مخالف عمر کی آخری حد تک پہونچنے کے باوجود یہ نہیں سمجھتا کہ: اللہ سبحانہ کی قدرت کے عموم و شمول کے انکار کا کیا معنی ہے۔ محققین کے نزدیک اللہ عزوجل کی قدرت کے عام و شامل ہونے کا معنی یہ ہے کہ: تمام ممکن بالذات اشیا اللہ عزوجل کی قدرت کے تحت داخل ہیں اور مقدور اور ممکن ہونے میں باہم تلازم ہے۔ اور عامۂ متکلّمین کے نزدیک یہ معنی ہے کہ: جو ممکن بالذات واجب تعالی کی طرف بالایجاب منسوب نہ ہو وہ اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل ہے اور واجب بالذات اور ممتنع بالذات اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں ورنہ واجب بالذات، واجب بالذات اور ممتنع بالذات، ممتنع بالذات نہ رہے گا۔

اور اسی طرح عامۂ متکلّمین کے نزدیک جو چیز بالایجاب واجب بالغیر اور ممتنع بالغیر ہے اللہ تعالی کی قدرت کے تحت داخل نہیں۔ اور اس قائل نے اپنے گزشتہ کلام میں اس بات کا اعتراف بھی کیا ہے اگرچہ آغاز خرافات میں یہ کہا ہے کہ:

"یہ کلیہ محل کلام ہے کہ: "جو چیز ممتنع بالذات ہے اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں"

اور اس کے بعد اپنی اس حماقت وجہالت پر آگاہ ہو کر اس سے رجوع کر لیا لہذا کسی مفہوم کا مصداق ممتنع بالذات ثابت کرنا، اللہ سبحانہ کی قدرت کے عموم و شمول کا انکار کرنا نہیں، ورنہ تمام متکلّمین، بلکہ جملہ اہل اسلام جو بے شمار مفہومات کا مصداق ممتنع بالذات جانتے ہیں اللہ کی قدرت کے عموم و شمول کے منکر ہوں گے۔ مثلاً تمام متکلّمین یہ کہتے ہیں کہ: غیر متناہی چیزوں کا بالفعل موجود ہونا محال بالذات ہے۔ اور اسے دلیلوں سے بھی ثابت کرتے ہیں تو اس قائل کے کلام کے مطابق یہ لازم ہے کہ: تمام متکلّمین اللہ سبحانہ کی قدرت کے عموم و شمول کے منکر ہیں۔ اسی طرح جو شخص کسی مفہوم کا مصداق ممتنع بالذات جانتا ہے وہ بھی اللہ سبحانہ کی قدرت کے عموم و شمول کا منکر ہے۔

حاصل یہ ہے کہ: سیاہ و غیر سیاہ، سفید و غیر سفید، اور کاتب و غیر کاتب وغیرہ بے شمار متناقض مفہوموں کے مصداق محال بالذات ہیں، جو اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں۔ اسی طرح تمام کمالات میں آپ کے برابر کا مصداق (جس کے بارے میں متعدّد دلیلوں سے یہ روشن ہو چکا کہ: وہ برابر و غیر برابر کا مصداق ہے اور اس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہے) ممتنع بالذات ہے اور اللہ عزوجل کی قدرت کے تحت داخل نہیں ہے۔

ممتنع بالذات کو اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہ ماننے سے اللہ عزوجل کی قدرت کے عموم کا انکار لازم نہیں آتا۔ اگر کوئی نافہم اسے ممکن بالذات جان کر اللہ عزوجل کی قدرت کے تحت داخل نہ مانے تو اس پر اللہ عزوجل کی قدرت کے عموم کا انکار لازم آتا ہے مگر حد درجہ احمق و نافہم انسان ہی اسے ممکن بالذات کہے گا۔

مقام حیرت یہ ہے کہ: بے شمار متناقض مفہوموں کے مصداق ان جہلا کے نزدیک بھی محال بالذات ہیں اور اللہ سبحانہ کے زیر قدرت داخل نہیں تو برابر وغیر برابر ان دو متناقض مفہوموں کا مصداق) جو انہیں محالات ذاتیہ سے ہے (اللہ سبحانہ کی قدرت کے تحت داخل نہ ہونے سے ان کا جگر کیوں پارہ پارہ ہوتا ہے؟ ان کی آنکھوں میں کیوں کانٹا چبھتا ہے؟ اور ان کی رگ جاں میں کیوں نشتر لگتا ہے؟ جب ان بے شمار متناقض مفہوموں کا مصداق زیر قدرت داخل نہ ہونا اللہ سبحانہ کی قدرت کے عموم وشمول میں خلل انداز نہیں تو برابر وغیر برابر کا مصداق زیر قدرت داخل نہ ہونے سے اللہ سبحانہ کی قدرت کے عموم میں کیوں کر خلل انداز ہوسکتا ہے؟ تو ثابت ہوا کہ اجتماع نقیضین کے مصداق کو ممتنع بالذات ثابت کرنے یا جس کا وجود اس کے عدم کو مستلزم ہو اس کا مصداق محال بالذات ثابت کرنے سے اللہ عزوجل کی قدرت کے عموم کا انکار لازم نہیں آتا۔

ہاں یہ قائل اس قباحت وشناعت میں گرفتار ہے کہ: اس کے نزدیک بے شمار ممکنات کو اللہ کی قدرت عام وشامل نہیں؛ اس لیے کہ اس کا اعتقاد یہ ہے کہ: اللہ سبحانہ (تعالی عما یقول الظالمون) بے شمار عیب ونقص اور بے حیائی و برائی کی باتوں سے متّصف ہوسکتا ہے اور ان تمام چیزوں کا سلب اس کی ذات کا معلول بالایجاب ہے تو یہ بے شمار سلب ممکن ہیں اور اللہ کی قدرت کے تحت داخل نہیں۔ اور جو متکلّمین اللہ عزوجل کی ذات پر اس کی صفتوں کو زائد مانتے ہیں ان پر یہ خرابی لازم نہیں آتی؛ اس لیے کہ وہ حضرات نقص وعیب وغیرہ بے حیائی وبرائی کی باتوں سے اللہ سبحانہ کا اتصاف ممکن نہیں مانتے۔ ان لوگوں پر جو چیز لازم ہے وہ یہ ہے کہ: کمال کی صفتیں ممکن، اللہ سبحانہ کی طرف بالایجاب منسوب ہیں اور اس کے زیر قدرت داخل نہیں اور جب اس قائل کے نزدیک اللہ سبحانہ کا نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی کسی چیز سے متّصف نہ ہونا ممکن بالذات اور اس کا معلول بالایجاب ہیں تو اس کے علم واعتقاد میں یہ لازم ہے کہ مرتبۂ نفس ذات حقہ میں اللہ سبحانہ کے لیے نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی تمام باتوں کا ثابت ہونا واجب بالذات ہو؛ اس لیے کہ ان معلول سلبوں پر مقدم مرتبۂ نفس ذات حقہ، مرتبۂ نفس الامری سے ہے تو جب اس قائل کے اعتقاد میں سوالب بسیطہ (نقص وعیب اور بے حیائی و برائی کی چیزوں میں سے ہر ایک کا سلب) مرتبۂ ذات حقہ میں صادق نہیں؛ اس لیے کہ معلول کا علت موجبہ سے مؤخر ہونا ضروری ہے تو اس کے اعتقاد میں ان سوالب بسیطہ کی نقیض (ان سوالب کے موجبات یعنی نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی باتوں کا ثبوت) مرتبۂ ذات حقہ میں صادق ہونا لازم ہے یعنی یہ صادق ہے کہ: اللہ تعالی مرتبۂ ذات حقہ میں بے شمار نقص و عیب اور بے حیائی وبرائی کی باتوں سے متّصف ہے؛ اس لیے کہ دو نقیضوں میں سے کسی نقیض کا نفس الامر میں ثابت نہ ہونا بدیہی طور پر محال ہے۔ اور مرتبۂ ذات حقہ میں اللہ سبحانہ کے لیے بے شمار نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی چیزیں صادق ماننا جو اس قائل پر اس کے اعتقاد کے اعتبار سے لازم ہے بے شمار وجوہ سے کفر ہے؛ اس لیے کہ ان بے شمار موجبات) نقص وعیب اور برائی کی چیزوں کے ثبوت (میں کسی ایک کا اعتقاد مستقل کفر ہے۔ اور اس کے باوجود اس پر ایسا کفر لازم ہے جو کفر کی

سب سے بدترین قسم ہے اور وہ یہ ہے کہ: جب اس کے اعتقاد میں اللہ سبحانہ کی ذات حقہ مقدسہ سے بے شمار نقص وعیب اور برائی کی چیزوں کا سلب ممکن، اس کی ذات حقہ کا معلول اور اس کی ذات اقدس کے بعد ہے تو اس پر مرتبۂ نفس ذات حقہ میں اللہ سبحانہ کی ذات پاک لیے بے شمار نقص وعیب اور برائی کی چیزوں کا ثابت ہونا لازم ہے؛ اس لیے کہ دو نقیضیوں میں سے کسی نقیض کا صادق نہ ہونا بدیہی طور پر محال ہے تو مرتبۂ ذات حقہ میں اللہ سبحانہ کی ذات پاک لیے نقص وعیب اور بے حیائی و برائی کی چیزوں کی جن باتوں کے ثبوت کا اعتقاد اس پر لازم ہے ان میں سے کوئی بھی نقص وعیب ممکن نہیں ہو سکتا؛ اس لیے کہ مرتبۂ ذات حقہ میں) جو تمام ممکن بالذات سے پہلے ہے (ذات حقہ واجبہ کے لیے ممکن بالذات کا ثبوت متصور نہیں، تو اس کے اعتقاد میں نقص وعیب اور برائی کی ہر ہر چیز کا واجب بالذات ہونا لازم ہے، تو اس قائل پر اس کے اعتقاد کے مطابق بے شمار نقص وعیب اور بے حیائی و برائی کی چیزوں میں سے جن چیزوں کے واجب بالذات ہونے کا اعتقاد لازم ہے یا تو باہم متغایر اور ذات حقہ مقدسہ کے مغایر ہیں تو اس قائل پر یہ لازم ہے کہ: وہ بے شمار واجب بالذات ہونے کا قائل ہے اور یہ شرک کی سب سے بدترین قسم ہے، یا باہم متغایر اور ذات حقہ مقدسہ کے مغایر نہیں بلکہ عین ہیں تو یہ اعتقاد لازم ہے کہ: ذات حقہ واجبہ نقص وعیب اور برائی کی چیزوں کے ساتھ بالذات متحد ہے۔ اور نقص وعیب اور بے حیائی و برائی کی جو چیزیں مقولات متبائنہ سے ہیں باہم متحد ہیں یہ کفر کی بدترین قسم اور سوفسطائیت ہے۔

اور اس قائل نے اس سے پہلے یہ کہا کہ:

"جب علم و قدرت کی صفت ممکن بالذات ہے تو ان دونوں کا موجود و معدوم ہونا ممکن ہوگا اور یہ ظاہر ہے۔ اور جب حضرت الموصوف جل شانہ کے لیے ان دونوں کا وجود واجب ہو گیا تو حضرت موصوف تعالی شانہ سے ان دونوں کا عدم محال و ممتنع ہوگا اور جس ذات کی شان عالم و قادر ہونا ہے اس سے ان مذکورہ دونوں صفتوں کا عدم بعینہ اس کا جاہل و عاجز ہونا ہے جیسا کہ ظاہر ہے، تو یہ بات ثابت ہو گئی کہ: جہل و عجز ذات حضرت الموصوف تعالی شانہ کے لیے محال ہیں اور اس کا ان دونوں سے متّصف ہونا محال ہے تو یہ حقیقت روشن ہو گئی کہ: نقص وعیب کی باتوں سے متّصف ہونا ذات واجب تعالی کے لیے محال ہے اگرچہ وہ فی نفسہ ممکن بالذات ہے جس طرح کمال کی صفتیں واجب لذات حضرت الموصوف جل شانہ و عز اسمہ ہیں "اگرچہ فی نفسہ ممکن بالذات ہیں۔"

اس مخالف کے اس کلام سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ: اس کے نزدیک اللہ سبحانہ (تعالی عمایقولون الظالمون علوا کبیرا) مرتبۂ ذات حقہ مقدسہ میں جاہل و عاجز ہے؛ اس لیے کہ اس کا اور متکلّمین کا مذہب یہ ہے کہ: علم و قدرت اللہ کی زائد صفت ہے تو اس کے اعتقاد میں اللہ سبحانہ کا علم و قدرت اس کی ذات حقہ مقدسہ کے بعد ہے تو اللہ سبحانہ اپنے نفس مرتبۂ ذات کے اعتبار سے عالم و قادر نہیں۔ اور اس کے اعتقاد کے مطابق جس ذات کی شان قادر و عالم ہونا ہے اس کا عالم و قادر نہ ہونا جاہل و عاجز ہونا ہے، تو اس کا یہ اعتقاد لازم ہے کہ: اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات حقہ میں جاہل و عاجز ہے اور مرتبۂ ذات

حقہ میں اللہ سبحانہ کو جاہل وعاجز اعتقاد کرنا اس سے علم وقدرت کی نفی ہے جو کفر کی سب سے بدترین قسم ہے اور یہ خرابی عامۂ متکلّمین پر لازم نہیں آتی؛ اس لیے کہ ان حضرات کے نزدیک صفات کمال سے اللہ سبحانہ کا متصف ہونا اور نقص وعیب اور بے حیائی وبرائی کی باتوں سے متصف نہ ہونا اپنی ذات کے اعتبار سے دونوں ایک ساتھ نہیں۔ نقص وعیب سے متصف نہ ہونے کا مصداق اللہ سبحانہ کی نفس ذات حقہ ہے اور صفات کمال سے اللہ سبحانہ کے متصف ہونے کا مصداق (اس کی ذات پاک کے ساتھ صفات کمال کا قائم ہونا) اس کے بعد ہے۔ اور عجز یہ ہے کہ: جو شئی مقدور بننے کی صلاحیت رکھے اس پر قادر نہ ہونا۔ اور جہل یہ ہے کہ: جو شئی معلوم بننے کی صلاحیت رکھے اسے نہ جاننا۔ اور اللہ سبحانہ کی ذات پاک استعداد وصلاحیت اور قوت وقابلیت سے پاک ہے۔

نیز جب یہ شخص اس بات کا قائل ہے کہ: اللہ سبحانہ کے کمال کی صفتیں ممکن اس کی ذات پر زائد ہیں تو اس کا یہ اعتقاد لازم ہے کہ: اللہ سبحانہ مرتبۂ نفس ذات حقہ میں عالم وقادر اور کمال کی دوسری صفتوں کا جامع نہیں جب کہ اس سے پہلے اس نے یہ کہا ہے کہ:

"حضرت الموصوف جل شانہ کا عالم نہ ہونا اس کے جاہل ہونے کو مستلزم ہے؛ اس لیے کہ موضوع کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط (اللہ کا عالم نہ ہونا) سلب عدولی (اللہ کے بے علم ہونے) کو مستلزم ہے جیسا کہ منطق سے بہرہ رکھنے والے شخص پر پوشیدہ نہیں"

توجب اس قائل کے اعتقاد میں یہ صادق ہے کہ: جو ذات حقہ موجود علی الاطلاق ہے اور کبھی معدوم نہیں ہو سکتی وہ علم و قدرت اور کمال کی دوسری صفتوں کی جامع نہیں تو اس پر یہ اعتقاد لازم ہے کہ: مرتبۂ ذات حقہ میں اس سے علم وقدرت وغیرہ صفات کمال کا سلب عدولی صادق ہے یعنی اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات حقہ میں بے علم وبے بس ہے؛ اس لیے کہ خود اسے اس بات کا اعتراف ہے کہ: موضوع کے موجود ہونے کے وقت سلب بسیط، سلب عدولی کو مستلزم ہے اور اس کے اعتقاد میں جہل، علم کا سلب عدولی (بے علم ہونا) ہے اور عجز قدرت کا سلب عدولی (بے بس ہونا) ہے۔ اور اسی طرح دیگر صفات کمال کی ضد اور مقابل چیزیں ہیں تو اس قائل پر یہ اعتقاد لازم ہے کہ: اللہ سبحانہ مرتبۂ ذات حقہ مقدسہ میں جاہل وعاجز ہے۔ اور یہ اس کی قدرت کے انکار کی بدترین قسم ہے۔ تو دلیل سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ: اس کے اقوال کی بنا پر اللہ سبحانہ کے جاہل وعاجز ہونے کا اعتقاد لازم ہے اور مرتبۂ ذات حقہ میں اللہ سبحانہ کی ذات سے اس کی قدرت کی نفی، اور اس کی ذات کے لیے عجز وجہل اور صفات کمال کی مقابل چیزوں کے ثابت کرنے کے سبب یہ شخص یقیناً ملحد وبے دین، شیطان لعین کا نائب اور کافر ومرتد ہے۔ اگر یہ بے دین ننگ وعار کے سبب توبہ سے اعراض وانکار کرے اور ننگ وعار پر عذاب نار کو ترجیح دے تو اس کا ٹھکانا اسفل السافلین ہے اور وہ "خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃَ ذٰلِکَ ھُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ " کا مصداق ہے۔ حضرت رسول الثقلین، شفیع دارین علیہ ازکی صلوات اللہ علی مَرّ الملوین کے برابر شخص کے محال بالذات ہونے کی جو دو جہیں مذکور ہوئیں دنیا وآخرت میں اس دورخے شخص کے چہرہ کے دونوں جانب کو

سیاہ کرنے کے لیے کافی ہیں۔ اور اس سفید ریش نے اس کی جرح میں جو کچھ ذکر کیا ہے وہ کفر والحاد کا ارتکاب ہے جس کے سبب وہ آخر کار جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں رہے گا اور اپنے اعتقاد کے فساد اور عوام کے عقائد کو خراب و برباد کرنے کے سبب اس کا ٹھکانا جہنم ہے "وَ بِئْسَ الْمِهَادُ"۔

گزشتہ سطور میں یہ مقاصد تفصیل کے ساتھ مذکور ہیں مگر چوں کہ ایک بے عقل سے سابقہ پڑا ہے اس لیے اس کے ضرر سے مؤمنوں کو بچانے کے لیے انھیں دوبارہ ذکر کرنے کی ضرورت پیش آئی۔

مخالف نے کہا:

"مدعی نے کہا کہ: "اس مقام پر دو دلیلیں ہیں ایک عقلی اور دو نقلی، ہم دونوں کو ذکر کر کے ان تمام شبہات کی بیخ کنی کریں گے لیکن عقلی دلیل یہ ہے الخ" اور عقلی دلیل کی مکمل بحث ذکر کر کے کہا: "اور لیکن دلیل نقلی"

میں کہتا ہوں: عقلی کے مقابلے میں دو نقلی کا لفظ دو جگہ مکرر ذکر کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دونوں دلیلیں نقلی ہیں عقلی نہیں جب کہ دونوں دلیلیں جنھیں نقلی کہا ہے وہ بھی عقلی ہی ہیں اگر چہ قرآن پاک میں مذکور ہیں۔ حق تعالیٰ نے اپنی قدرت پر ایسے دو عقلی مقدموں سے استدلال فرمایا جو عقلاً صحیح ہیں:

پہلا استدلال: جو ذات اعلیٰ شئ پر قادر ہے وہ ادنیٰ پر بھی قادر ہے۔

دوسرا استدلال: جو صانع اپنے مصنوع کو قصد و اختیار سے جیسا بنانا چاہے بنا سکے اپنے قصد و اختیار سے اس کا اسے بنانا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اس کا مثل بنانے پر قادر ہے۔

عقل اس بات کا فیصلہ دیتی ہے کہ یہ دونوں عقلی مقدمے صحیح ہیں مگر یہ مکابر (حق کا منکر) خطاب و جواب کے لائق نہیں جیسا کہ تفصیل سے گزر چکا۔ اور بالفرض اگر قرآن مجید میں یہ دونوں دلیلیں نہ ہوتیں اور اس وقت اگر کوئی شخص ان پر عقل سے استدلال کرتا تو یہ استدلال صحیح اور عقلی ہوتا تو یہ دونوں دلیلیں اگر چہ قرآن میں مذکور ہیں عقلی ہی ہیں۔ حق تعالیٰ نے قرآن مجید کے منکرین کے مقابلے میں جہاں کہیں اپنی ذات و صفات پر استدلال فرمایا ہے عقلی استدلال ہے؛ اس لیے کہ اس نے ان مقامات پر اپنے افعال و آثار سے استدلال فرمایا ہے۔ اور تمام عقلا کا اس پر اتفاق ہے کہ: موثر پر اثر کی دلالت عقلی ہے لہذا افعال و آثار سے استدلال عقلی ہوگا نہ کہ نقلی جیسا کہ اس قائل کا خیال ہے شرح عقائد عضدیہ میں ہے کہ:

"قَالَ الأعرابِيُّ: البَعْرَةُ تَدُلُّ عَلَى الْبَعِيْرِ وَ أَثَرُ الْأَقْدَامِ عَلَى الْمَسِيْرِ فَسَمَاءٌ ذَاتُ أَبْرَاجٍ وَ أَرْضٌ ذَاتُ فِجَاجٍ كَيْفَ لَا يَدُلَّانِ عَلَى اللَّطِيْفِ الْخَبِيْرِ." (۱)

"یعنی اعرابی نے کہا کہ: مینگنی سے اونٹ اور قدموں کے نشانات سے کسی کے گزرنے کا علم ہوتا ہے تو ان عظیم برجوں والے آسمان اور وسیع و عریض فرش زمین کو دیکھ کر خدائے لطیف و خبیر کا علم کیوں کر حاصل نہ ہوگا۔"

---

(۱) الدوانی علی العقائد العضدیہ ص: ۲۶ مکتبہ رحیمیہ

